بیض ۔ع۔ یاے معروف سے۔ عورتین جنکا رنگ سفید ہو۔ ہر چیز مؤنث سفید رنگ در ایام لبیض تیرھوین چودھوین پندرھوین تاریخ ہر مہینے کی۔

بیضہ افگندن ۔ن۔ انتہا سے ڈرنا۔

بیضہ آفتاب ۔ن۔ آفتاب۔

بیضہ در سر کسے شکستن ۔ن۔ کسی کو بیضہ در کلاہ شکستن ۔ن۔ مغلوب اور عاجز کرنا۔ کسی کو رسوا کرنا۔

بیضہای زرین ۔ن۔ ستارے۔

بیضہ زر ۔ن۔ بیضہ زرین ۔ن۔ آفتاب۔

بیطار ۔ع۔ جو چارپایون اور گھوڑون وغیرہ کا علاج کرے۔

بیع ۔ع۔ بیچنا۔ مول لینا۔ یہ لفظ اضداد سے ہو دونون معنون مین مستعمل۔

بیعانہ ۔ع۔ سائی جو خریدفروخت کے لیے پہلے کسی قدر دین۔

بیعت ۔ع۔ فرمان برداری کرنا۔ مرید ہونا کسی پیر کا۔ اور کبھی مراد عقد نکاح سے بھی ہوا کرتی ہو۔

بیغار ۔ن۔ بیغاره ۔ن۔ سرزنش۔ طعنہ۔

بے غل وغش ۔ن۔ بے کھوٹ۔ بے طونی مرادی معنی بیشک۔ بے شبہہ۔

بیقرین ۔ن۔ بے مثل۔ بے مانند۔

بے قیل ۔ن۔ بے شک بے گفتگو۔

بیکران ۔ن۔ بے انتہا۔

بیکوئی ۔ن۔ بیکس بے رفیق۔

بیگ ۔ت۔ خداوند۔ امیر۔

بیگه ۔ن۔ بیگاه ۔ن۔ بیوقت۔ شام کا وقت۔ بیگاهان ۔ن۔

بیگانگی ۔ن۔ دشمنی۔

بیگلربیگ ۔ت۔ سپہ سالار۔ امیرالامرا۔

بیگم ۔ت۔ امیر کی زوجہ۔ لیڈی۔ بی بی

بیل ۔ن۔ کدال۔ پھاوڑا۔

بیلدار ۔ن۔ کسان۔ دہقان۔

بیلقان ۔ن۔ نام شہر کا ایران مین۔

بینک ۔ن۔ ایک قسم تیر کی جسکی پھال

چوڑی ہوتی ہی۔
بیل کش ۔ن۔ کسان۔ دہقان۔
بیلہ ور ۔ن۔ دوا بیچنے والا شیشے کے نگ بیچنے والا۔ یہ لفظ بائے فارسی سے بھی ہی۔
بیم ۔ن۔ خوف۔ ڈر۔
بیمار ۔ن۔ ردگی۔ آزاری۔
بیماری رشتہ ۔ن۔ ہندی نارو۔
بیمہ ۔ن۔ بخوف رہزنی جو کسی ساہوکار کو محصول کسی نقد یا مال کے پہونچانے کا دین اور وہ اُسکی حفاظت کا ذمہ دار ہو۔
بینیناتِ ۔ع۔ جمع بَیِّنہ کی روشن کرنیوالیان گواہان صادق۔ دلیلین۔
بینش ۔ن۔ دید۔ بینائی۔
بین ۔ع۔ درمیان۔
بیّن ۔ع۔ ظاہر۔ آشکار۔ گواہ۔
بے نمازی ۔ن۔ کنایہ حیض سے۔
بینوا ۔ن۔ بے توشہ۔ فقیر۔ بیسامان۔
بینونت ۔ع۔ جدائی۔
بیّنہ ۔ع۔ حجتِ روشن۔ گواہ۔
بینی ۔ن۔ ناک۔
بینی زدن ۔ن۔ انکار کرنا۔
بے ریا ۔ن۔ بے پروا۔
بیوت ۔ع۔ جمع بیت بمعنی گھر کی۔
بیوتات ۔ع۔ مکانات جمع بیوت کی اور بیوت جمع بیت کی۔

بیوتات ۔ن۔ محل بادشاہی جنمین بیگمین شہزادیان امیرزادیان رہتی ہون۔
بیور ۔ن۔ بروزن زیور۔ دس ہزار اور نام ضحاک بادشاہ کا۔
بیوگانی ۔ن۔ شادی۔ کنخدائی۔
بیوہ ۔ن۔ رانڈ جسکا شوہر مر گیا ہو۔
یہ لفظ بائے موحدہ کے کسرہ اور فتحہ سے دونون طرح آیا ہی۔
بیہش ۔ن۔ مخفف بیہوش کا۔
بیہودہ ۔ن۔ بیفائدہ۔ ناحق۔ باطل۔
بیہدہ ۔ن۔ مخفف بیہودہ کا۔

باب بائے فارسی
فصل بائے فارسی مع الف

پا ۔ن۔ ٹانگ۔ ٹنگڑی۔ بنچ۔ بنیاد طاب وطاقت۔ تحت۔ نیچا۔
پا افزار ۔ن۔ جوتی۔ کفش۔
پا انداز ۔ن۔ وہ بچھونا جو آمد ورفت کی جگہ دروازے کے مقام پر بچھاوین۔
پا بالا نہادن ۔ن۔ دوڑ کر چلنا۔
پا بلند کردن ۔ن۔ بھاگنا۔ دوڑ جانا۔
پا برجا ۔ن۔ ثابت۔ قائم۔ ہمیشہ۔
پا برکاب ۔ن۔ جانے پر مستعد ہونا۔
پا برہنہ ۔ن۔ مراد کمنہ سے اور اُس چیز سے جسپر تمام سال گذر گیا ہو۔

پا برہنہ ۔ن۔ پیرونکا گہنا جسکو گوجری اور پازیب وغیرہ کہتے ہین۔
پا بست ۔ن۔ عمارت کی بنیاد اور معنی محکم اور گرفتار کے بھی آیا ہی۔
پا بند ۔ن۔ رسّی جال۔
پا بوس ۔ن۔ پیر چومنے والا۔ پیر چومنا۔
پا بوسی ۔ن۔ پیر چومنا۔
پا پوش ۔ن۔ جوتا۔ پیزار۔
پا تابہ ۔ن۔ منھ کھلی ہوئی دیگ۔ پتیلہ۔
پا جامہ ۔ن۔ ستھنا۔ ازار۔
پا جُستن کردن ۔ن۔ کسی کام کی تلاش مین حد سے زیادہ کوشش کرنا۔
پا جی ۔ن۔ نالائق۔ کمینہ۔ نیچ۔
پا چالی ۔ن۔ وہ گڑھا جسمین جولاہہ بوقت بُننے کے دونون پانون اپنے لٹکاوے ہندی مین کر گھسہ کہتے ہین۔
پا چاک ۔ن۔ اُپلہ۔ گوہا۔ کنڈا۔
پا چلہ ۔ن۔ جوتی۔ جُراب۔
پا چاہہ ۔ن۔ جولاہے کے پیر لٹکانیکا گڑھا۔ کھڈی۔
پا چایہ ۔ن۔ گوہ۔ موت۔
پا چناری ۔ن۔ خدمتگار۔ کمینہ۔
پاد ۔ن۔ نگہبان۔ پاسبان۔
پاداش ۔ن۔ بنکی خواہ بدیکا بدلہ مگر استعمال اسکا بدی مین زیادہ ہی۔

پاونگ ۔ن۔ دھان کوٹنے کی ڈھیکلی
پاوراز کشیدن ۔ن۔ لیٹنا۔ کسی چیز کا دعویٰ کرنا۔
پادشاہِ نیمروز ۔ف۔ آفتاب۔ آدمی مبارک قدم۔ اور کنایہ حضرت آدم علیہ السلام سے کہ وہ حضرت آدمے دن تک بہشت مین رہے تھے۔ اور کنایہ جناب عالیجناب سے کہ وہ حضرت بھی نصف روز تک اپنی امت کی شفاعت فرمائینگے۔ واضح ہو کہ دنیا کے ہزار برس اور دہنا کا ایک دن۔
پار ۔ف۔ سالگذشتہ۔ پچھلا برس۔
پارار ۔ف۔ سال ہیوستہ۔ تیسرا برس جو گذر گیا۔
پاردم ۔ف۔ گھوڑے کے زین کی دمچی۔
پارس ۔ن۔ ملک فارس۔
پارسا ۔ف۔ پرہیزگار۔ گناہ سے اپنے نفس کو بچانیوالا۔
پارگین ۔ن۔ چھوٹا حوض جسمین حمام اور
پارگی ۔ف۔ } باورچیخانہ وغیرہ کا پانی جمع ہوا کرے۔
پارہ ۔ف۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ تحفہ۔ تبرک۔ اور ہندی مین نام ایک مشہور دھات کا اور پرانی فارسی مین بمعنی رشوت۔ لوہے کا گرز ایک مٹھائی کی قسم جسکو شکر پارہ کہتے ہین۔ عورت جو کنواری نہو۔
پارہ دوز ۔ف۔ وہ شخص جو خیمہ وغیرہ کو سیتا ہو اور پیوند لگاتا ہو۔
پارہ کار ۔ف۔ شوخ۔ گچا۔
پاریدن ۔ف۔ ٹکڑے ہونا۔ پھٹ جانا۔
پاریینہ ۔ف۔ پرانا۔ قدیم۔
پازہر ۔ف۔ مخفف پادزہر کا۔ زہرمہرہ۔
پاس ۔ف۔ واسطے۔ تین گھنٹہ کا عرصہ۔ ایک پہر۔ محافظت۔ پہرا۔
پاسبز ۔ف۔ منحوس قدم۔ دلال۔
پاسبان ۔ف۔ چوکیدار۔ پہروا۔
پاستان ۔ف۔ اگلا گذرا ہوا۔
پاسخ ۔ف۔ جواب۔
پاس خاطر ۔ف۔ لیے۔ واسطے کسی شخص کی خاطر رکھنا۔
پاسداری ۔ف۔ طرفداری۔ نگہبانی
پاسدار ۔ف۔ طرفدار۔ نگہبان۔
پاسنگ ۔ف۔ وہ پتھر جو ترازو کے پلڑون کو برابر کرنیکو رکھتے ہین۔
پاسنگ ۔ف۔ } انگڑائی جماہی۔
پاشنگ ۔ف۔ }
پاش ۔ف۔ پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ اور پراگندہ کرنا۔
پاشنہ ۔ف۔ پیر کی ایڑی۔ لکڑی۔ خرپزہ۔ تربوز۔
پاشنہ کوب ۔ف۔ بھاگے ہوے شخص کے پیچھے برابر فوراً دوڑنا۔
پاشیدن ۔ف۔ چھڑکنا۔ بکھرنا۔
پاغوش ۔ف۔ غوطہ جو پانی مین لگائین۔
پاغندہ ۔ف۔ دھنکی ہوئی روئی کا گالا۔
پاک ۔ف۔ پاک۔ بیگناہ۔ تمام و کمال۔
پاک پیوند ۔ف۔ سکندرنامہ مین مراد نوشابہ زوجۂ سکندر ہے۔
پاکار ۔ف۔ تحصیلی کا پیادہ۔ خدمتگار۔ مزدور۔ خاکروب۔ بھنگی۔
پاکباز ۔ف۔ نیک آدمی۔
پاکوفتن ۔ف۔ ناچنا۔ گت بھرنا۔
پاکی ۔ف۔ صفائی۔ استرہ بال مونڈنیکا۔
پاکیزہ ۔ف۔ پاک۔ صاف۔
پاگرفتن ۔ف۔ کسی جگہ قیام پکڑنا۔
پالا ۔ف۔ کوتل گھوڑا۔
پالایش ۔ف۔ صاف کرنا۔ صفائی۔
پالائیدن ۔ف۔ صاف کرنا۔
پالان ۔ف۔ گدھے کے اوپر کی کاٹھی۔ چھت۔ گون۔
پالائے ۔ف۔ صاف کرنیوالا۔ چھاننے والا۔
پالانی ۔ف۔ پرتل کا ٹوٹا بار بردار۔
پالغر ۔ف۔ پیر پھسلنے کی جگہ اور کبھی مراد خرابی۔ جرم۔ خطا سے بھی ہوتی ہے۔
پالگانہ ۔ف۔ بلند کوٹھا۔ مکانکی کھڑکی ترازو کے پلڑے برابر کرنیکا پتھر۔

پا نودن - ف - پاک کرنا - صاف کرنا -
پا نودہ - ف - پاک - صاف - صاف کیا ہوا - اور ایک قسم کی تیغ چادلون کی جمی ہوئی جسکو فالودہ کہتے ہین -
پا نوش - ف - کھوٹا کافور -
پا نہنگ - ف - شکار بند - وہ رسّی جو گھوڑے کی لگام مین باندھتے ہین ہندی مین اُسکو باگ ڈور کہتے ہین -
پا لیدن - ف - پاک کرنا - ملنا -
پا لیز - ف - خربزہ - تربوز - ککڑی کا کھیت تباہ - اوجڑ -
پام - ف - رنگ - مبدل فام کا -
پامال - ف - مصیبت زدہ -
پانزدہ - ف - پندرہ - ع -
پایاب - ف - تھوڑا پانی دریا کا جس سے آدمی پیدل نکل جائے -
پائے از جا بردن - ف - کسی کی قدر و منزلت مٹا دینی -
پائے اُفشُردن - ف - ثابت اور قائم ہو جانا کسی بات کے کرنے پر -
پایان - ف - انتہا - آخر - انجام -
پایان ماہی - ف - پاتال تحت الثرٰی -
پائے بند - ف - کسی کام مین پھنسا ہوا اور بمعنی بیڑی -
پائے پُست - ف - پائمال -

پائے تابہ - ف - جُراب - موزہ چمڑیکا -
پائے تخت - ف - وہ شہر جہان پر بادشاہ رہتا ہو - راجدھانی -
پائے ترسا - ف - شراب پینے کا پیالہ -
پائے توغ - ف - علم برادری لشکر کا منصب
پائے خاکی کردن - ف - پیادہ جانا -
پائیدن - ف - ٹھہرنا - پائدار ہونا -
پائیدان - ف - مجلس کی آخری صف جہان جوتے اُتارے جاتے ہین - ضامن کفیل نگہبان - اور بمعنی رہن اور گرو اور ایلچی گری کے بھی آیا ہے -
پائے در گل - ف - گرفتار - حیران -
پائدار - ف - مضبوط - ہمیشہ -
پائے رنج - ف - وہ روپیہ جو بطور انعام کے قاصد یا مہمان کو دیا جائے -
پائے کاشت - ف - وہ کسان جو دوسرے کا کونسے جوتنے کو آیا ہو -
پائے کار - ف - وہ مقام جہان مصالح واسطے بنانے عمارت کے انبار کرین -
پائے کلاغ - ف - وہ خراب خط جو کسی سے پڑھا نہ جاے - اور مراد قلم سے بھی -
پائے کوب - ف - ناچنے والا -
پایک - ف - بمعنی پیادہ -
پایگاہ - ف - رتبہ - درجہ -
پائمال - ف - پامال - خراب -

پائمرد - ف - مدد گار - مدد دینے والا -
پائمردی - ف - مدد گاری - طاقت -
پائمزد - ف - مزدوری جو قاصد وغیرہ کو ملتی ہے -
پائندہ - ف - قائم - استوار -
پائے نہادن بر سر چیزے - ف - کنایہ ہو اُس چیز کے ترک کر دینے سے -
پایہ - ف - پانون - رتبہ - درجہ - اور بمعنی زبون اور خوار کے بھی آیا ہے -
پائیز - ف - یاے معروف سے بروزن تابیز بمعنی فصل خزان -
پائین - ف - نیچے - زیر -
پائین پرستی - ف - خدمتگاری -

فصل بائے فارسی مع تاے فوقانی

پتک - ف - ہتوڑا -
پتیارہ - ف - آفت - بلا - زشت - مہیب نازیبا - شرمندگی - شدت سختی - مکر حیلہ فریب - شور - غوغا -
پتیرہ - ف - جو چیز دلکو بُری معلوم ہو -
پتیل - ف - بتی چراغ کی -

فصل بائے فارسی مع جیم

پج - ف - کوہ - پہاڑ -
پجار - ف - کوہ - پہاڑ -
پجول - ف - پانونکے گٹے کی ہڈی -
پچیو - ف - مکاری - دغابازی -

فصل بائے فارسی مع خائے معجمہ

پَخ ۔ ف ۔ براز ۔ گوہ خواہ آدمی کا ہو خواہ کسی اور حیوان کا ۔

پَخ پَخ ۔ ف ۔ بمعنی خوش خوش و مرحبا ۔

پُخت ۔ ف ۔ ماضی پختن کا ۔ لات خواہ گھوڑا لات مارے خواہ اور جانور خواہ آدمی ۔

پَخت ۔ ف ۔ کسی چیز کا کسی چیز کے نیچے دب کر پس جانا ۔

پُختہ ۔ ف ۔ پکا ہوا ۔ مرد ہوشیار ۔

پُختہ ۔ ف ۔ روئی ہوئے سے الگ کی ہوئی ۔

پُختہ جُوش ۔ ف ۔ بادام کی شراب ۔

پُختہ خوار ۔ ف ۔ آدمی آرام طلب فقیر اور بمعنی داماد کے بھی مستعمل ہے ۔

پَخج ۔ ف ۔ پسا ہوا ۔ پست ۔ پژمردہ ۔

پَخس ۔ ف ۔ غم اور غصہ سے بدن کا گھلنا ۔ موم اور چربی کا پگھلنا ۔

پُخسیدہ ۔ ف ۔ مرجھایا ہوا ۔ غمزدہ ۔

پخش ۔ ف ۔ کسی چیز کا دب کر پس جانا ۔

پُخلو چہ ۔ ف ۔ کسی کی بغل میں گدگدی کرنا ۔

فصل بائے فارسی مع دال مہملہ

پَدر ۔ ف ۔ وہ درخت جسمیں پھل نہ لگتا ہو ۔

پدر ۔ ف ۔ باپ ۔

پدر آسا ۔ ف ۔ مانند باپ کے ۔

پَدرام ۔ ف ۔ خوش و خرم ۔ آراستہ سونے اور آرام کرنیکی جگہ ۔

پدر وار ۔ ف ۔ موافق باپ کے ۔

پدرود ۔ ف ۔ وداع ۔ رخصت ۔

پدر مدر ۔ ف ۔ بروزن سکندر ۔ پدر سببی یعنی ماں کا دوسرا شوہر ۔

پدید ۔ ف ۔ ظاہر ۔ نمودار ۔

پدیدار ۔ ف ۔

فصل بائے فارسی مع ذال معجمہ

پذیر ۔ ف ۔ قبول کرنا ن ۔ ماننے والا ۔

پذیرائی ۔ ف ۔ قبولیت ۔

پذیرا ۔ ف ۔ مقبول ۔ استقبال کرنا ۔ بات سننے والا ۔ قبول کرنیوالا ۔

پذیرش ۔ ف ۔ قبول ۔ فرمانبرداری ۔

پذیرفتگار ۔ ف ۔ فرمانبردار ۔ قبول کرنیوالا ۔ اقرار کرنیوالا ۔

پذیرفتن ۔ ف ۔ قبول کرنا ۔ منظور کرنا ۔

پذیرہ ۔ ف ۔ کسی کی پیشوائی کرنا کسی کے آگے جانا ۔ اور بمعنی مقبول کے بھی آیا ہے ۔

فصل بائے فارسی مع رائے مہملہ

پُر ۔ ف ۔ بھرا ہوا ۔ بہت ۔

پَر ۔ ف ۔ جانور کا پر ۔ ہر برگ کاہ ۔ گوشہ ہر چیز کا کنارہ ۔

پَرافشانی ۔ ف ۔ ترک علائق دینا کرنا ۔

پَرافگندن ۔ ف ۔ ضعیف ہونا ۔

پراگندگی ۔ ف ۔ تتر بتر ہونا ۔

پراگندن ۔ ف ۔ تتر بتر کرنا ۔

پراگندہ ۔ ف ۔ پریشان ۔ بکھرا ہونا ۔

پرانیدن ۔ ف ۔ اڑانا ۔ کسی کی تعریف

پراندن ۔ ف ۔ مین مبالغہ کرنا ۔ تعریف بیجا کرنا کسی کی جسمین وہ خوش ہو ۔

پُرباد شدن ۔ ف ۔

پُرباد گشتن ۔ ف ۔ تکبر اور غرور کرنا ۔

پَرپا ۔ ف ۔ کبوتر پاموز ۔

پَرپہن ۔ ف ۔ خرفہ کا ساگ ۔

پُرتاب ۔ ف ۔ پُرزور طاقتدار ۔

پَرتاب ۔ ف ۔ تیر جو دور جا سکتا ہو ۔ ڈالنا وہ مسافت جو درمیان تیرانداز اور نشانہ تیر کے واقع ہو ۔

پرتابیان ۔ ف ۔ تیراندازان ۔

پُرتگال ۔ ف ۔ نام ملک کا ۔ نام قوم کا فرنگ سے ۔ ایک قسم کی شراب جو بعد سات مرتبہ کی کشید کے حاصل ہو ۔

پرتو ۔ ف ۔ شعاع ۔ روشنی ۔ کرن ۔

پرخاش ۔ ف ۔ لڑائی ۔ جھگڑا ۔

پُرچم ۔ ف ۔ کپڑا جو نیزے پر باندھتے ہین ہندی پھریرا ۔ پہاڑی گائے کی دم کے بال اور مجازاً بمعنی زلف و کاکل ۔

پرچین ۔ ف ۔ باڑ کھیت کی ۔ باغ کی آڑ جو خاردار درختونکی شاخون سے بناتے ہین ۔

پرچین شدن ۔ ف ۔ مضبوط پوست ہونا ۔

ایک چیز کا دوسری چیز مین جیسے لوہے کی کیل تختے مین ٹھوکنا۔
پَرداختن۔ ف۔ آراستہ کرنا۔ سنوارنا۔ خالی کرنا۔ مشغول ہونا۔ ساز کا بجانا۔ فارغ ہونا۔ ترک کرنا۔ تمام ہونا۔
پَردَاز۔ ف۔ آرایش۔ تصویر کے گرد بیل بوٹے بنانا۔ نقاشی کرنا۔
پَردَگی۔ ف۔ دربان۔ پوشیدگی۔ ہر چیز پوشیدہ عموماً اور زن پردہ نشین خصوصاً
پَردِل۔ ف۔ بہادر۔ شجاع۔
پَردہ۔ ف۔ چلمن۔ چک۔ کپڑے کا پردہ اوٹ۔ مقامات موسیقی۔ جیسے پردۂ عشاق وغیرہ۔ گوشۂ تنہائی۔ فال نیک۔
پَردہ پوش۔ ف۔ بھید پوشیدہ کرنیوالا
پَردہ دار۔ ف۔ دربان۔
پَردہ دریدن۔ ف۔ بھید ظاہر کردینا۔
پَردۂ دیر سال۔ ف۔ آسمان۔
پَردۂ زنبور۔ ف۔ برقع جالی دار۔
پَردۂ کج۔ ف۔ مراد فال بد سے۔
پَردہ نشین۔ ف۔ جو عورت پردے مین رہے
پُرزہ۔ ف۔ ٹکڑا۔ چیتھڑا۔
پُرس۔ ف۔ پوچھ۔ دریافت کر۔
پَرستار۔ ف۔ غلام۔ کنیز۔ خدمتگار۔
پَرستش۔ ف۔ پوجا۔ عبادت۔
پُرسش۔ ف۔ پوچھنا۔ دریافت کرنا۔

پَرستاک۔ ف۔ م ابابیل۔ دیودلائی۔
پَرستو۔ ف۔ } ایک پرند مشہور ہے
پَرستن۔ ف۔ پوجنا۔
پَرست زدن۔ ف۔ دور کی سیر کرنا۔
پَرستیدن۔ ف۔ پوجنا۔
پُرسیدن۔ ف۔ پوچھنا۔
پُرسان۔ ف۔ پوچھنے والا۔
پُرسہ۔ ف۔ ماتم پرسی۔
پُرسیدنی۔ ف۔ لائق پوچھنے کے۔
پَرش۔ ف۔ اُڑنا۔
پَرشکستن مُرغ۔ ف۔ طائر کا اُڑنیکے واسطے پر تولنا۔
پَرطاس۔ ف۔ نام ایک پہلوان کا۔
پَرطُوطی۔ ف۔ کنایہ ہے آسمان سادہ سے جسپر ستارے نہین ہین اور دہ نوان آسمان ہے
پَرقازہ۔ ف۔ مصور دنکا موقلم۔
پُرکار۔ ف۔ موٹا غفص۔ دانا۔ عیار
پَرکانہ۔ ف۔ ٹکڑا۔ حصہ۔
پَرکار۔ ف۔ لوہے کا قلم دو شاخہ جس سے دائرہ کھینچتے ہین۔ اور کبھی بمعنی دائرہ اور حلقہ۔ اور طوق کے بھی آتا ہے۔ اور کبھی مراد روزگار یعنی زمانہ سے بھی ہوتی ہے۔
پَرکارجنبش پذیر۔ ف۔ آسمان۔
پَرکَنہ۔ ف۔ ایک حصہ ضلع کا۔
پَرگندہ۔ ف۔ مخفف پراگندہ کا۔

پَرَن۔ ف۔ پَردین۔ ثُریّا۔ جھمکہ۔
پَرنیان۔ ف۔ دیبا۔ ایک قسم کا کپڑا ریشمی پھولدار ہوتا ہے۔
پَرنیانی بنفش۔ ف۔ جامنی کبود رنگ
پَرنُمد۔ ف۔ اُڑنیوالی چڑیا۔ سادہ کپڑا ریشمی۔ تلوار۔ تلوار کا جوہر۔ پَردین۔ جھمکہ
پَروا۔ ف۔ طاقت۔ آرام۔ توجہ۔ رغبت فراغت۔ فرصت۔ خوف۔ دہشت۔ احتیاج التفات۔ پرورش۔
پَروار۔ ف۔ گرمی کا ٹھنڈا مکان جس مین موٹے ہونیکے لیے جانور چوپائے پرورش پائین اور مجازاً بمعنی فربہ کے بھی آتا ہے۔
پَرواری۔ ف۔ جانور موٹا۔ چربی دار
پَرواز۔ ف۔ اُڑنا۔ نثار کرنا۔ نثار کرنا زر کا۔
پَرواز برداشتن شب۔ ف۔ کنایہ ہے رات کے آخر ہوجانے اور گذر جانے سے۔
پَروانگی۔ ف۔ اجازت۔ آگیا۔
پَروانہ۔ ف۔ تتلی۔ کیڑا اُڑنیوالا۔ پتنگا۔ چراغ کا۔ حکمنامہ۔ حکم۔
پَروبال۔ ف۔ قوت۔ پرند جانور کے پر اُڑنے کے اسلیے کہ بال بمعنی پر فارسی مین آتا ہے جیسے بال گس وبال پروانہ۔
پَروَر۔ ف۔ پالنے والا۔
پَروَردگار۔ ف۔ خدا تعالیٰ۔ پالنے والا۔
پَروَردہ۔ ف۔ پالا ہوا۔

پَرْوَرِش - ف - پالنا - اور کبھی حکمت اور علم سے بھی مراد ہوتی ہے -
پَرْوَزْ - ف - دامن کی سنجاف -
پَرْوِیز - ف - فتحمند - نام خسرو بادشاہ کا جو نوشیروان کا پوتا اور شیرین کا عاشق تھا اور زبان پہلوی مین مبنی مچھلی - اور چھلنی -
پَرْوِیزَن - ف - آٹا چھاننے کی چھلنی -
پَرْوِین - ف - نام چند ستارون کا جنکو عربی مین ثریا اور ہندی مین مچھلی کہتے ہین -
پَرَّہ - ف - لشکر کی صف - دامن - طرف - کنارہ ہر چیز کا - برگ کاہ - قفل کی جھڑ -
جانب راست - جانب چپ - ناک کا نتھنہ -
چکی کا ایک پاٹ - کنوین کی گراری -
پَرَہُما - ف - کلغی -
پَرَہ بینی - ف - ناک کا نتھنہ -
پَرَّہ قفل بر کلید زدن - ف - الٹا کام کرنا -
پَرْہَیز - ف - بچنا گناہ یا کسی چیز سے -
پَرْہَیزگار - ف - بچنے والا -
پَرْہَیزیدَن - ف - گناہ سے بچنا پرہیز کرنا -
پَری - ف - دیو - پرستون - گرعرف حال مین چنیّہ عورت کو جو نہایت خوبصورت ہو پری کہتے ہین اور ایک قسم کپڑے کی جو نہایت ملائم مثل مخمل کے رنگا رنگ ہوتا ہے -
پَرِی پَیکَر - ف - خوبصورت معشوق -
پَرِی خوان - ف - منتر جاننے والا -

دہ شخص جسکے حکم مین کوئی جن ہو -
پُرْیدَن - ف - بھرنا - پر کرنا -
پَرِیدَن - ف - اڑنا - فخر کرنا - تکبر و غرور کرنا - آنکھ کا اچکنا یعنی پھڑکنا -
پَرْیُرْوز - ف - پر سوز کا دن گذرا ہوا -
پَرِیرَو - ف - پریروز - پرسون کا دن -
پَرِیزاد - ف - پری کی اولاد - خوبصورت شخص -
پَرِیشان - ف - پراگندہ - مصیبت زدہ -
پَرِیشانی - ف - پراگندگی -
پَرِیشَب - ف - پرسون کی رات -
پَرِیشیدہ - ف - بمعنی پراگندہ -

فصل باے فارسی مع زاے معجمہ

پَزانیدَن - ف - پکوانا -
پَزاوہ - ف - اینٹ پکانے کا آوہ - اسی کو عوام بجاوہ بولتے ہین -
پَزِشک - ف - طبیب - جراح -
پَزِشکی - ف - طبابت - بیدرک -
پَژمان - ف - مرجھایا ہوا - بیرونق غمگین -
پَژمُردَن - ف - مرجھانا - کملانا -
پَژمُردَہ - ف - کملایا ہوا - مرجھایا ہوا -
پَژوہِش - ف - تلاش - قصد - کھوج -
پَژوہِندَہ - ف - جاسوس -
پَژوہِیدَن - ف - کھوجنا - تلاش کرنا - فکر کرنا - ڈھونڈھنا -
پَزِیدَن - ف - پکانا -

فصل باے فارسی مع سین مہملہ

پَس - ف - ب - تو - اسلیے - آخرش - پیچھے
پَس آوُرْدَہ - ف - رہیب یعنی زوجہ کا لڑکا پہلے شوہر کا یعنے مادر جلو -
پَس اَفگَندہ - ف - خرچ سے بچی ہوئی چیز جسکو دوسرے وقت کے لیے رکھ چھوڑین -
پرند جانور کی بیٹ - چوپایون کا گوبر -
پَس اَندیش - ف - کوتہ اندیش -
پَسْ آہَنگ - ف - پیچھے کی فوج جس کو ترکی مین چندول کہتے ہین -
پَست - ف - نیچا - کم رتبہ - کمینہ - دیکسر سُتُوْد -
پَستان - ف - چھاتی - چوچی -
پَستَہ دہان - ف - معشوق کا دہن -
پَستی - ف - نیچائی - کمینہ پن -
پَس خُورد - ف - جھوٹا کھانا جو بعد کھانا کھانیکے بچ رہے -
پَس خیز - ف - کشتی گیر ذکا نو مشق شاگرد -
پَس خَم گِرِفتَن - ف - کسی کی طرف سے اپنے مُنھ کو پھیر لینا - روگردانی کرنا -
پَس خَم زَدَن - ف - بھاگ جانا -
پَسَر - ف - لڑکا - بیٹا -
پَسَراک - ف - استر - ہندی خچر - یہ گدھے اور گھوڑی کی جفتی سے حاصل ہوتا ہے -
پَس رَو - ف - پیچھے چلنے والا -
پَس سَر کَردَن - ف - کسی کیطرف سے مُنھ پھیر لینا -

پس فردا ۔ ف ۔ پرسوں کا دن آنیوالا ۔
پس کار نشستن ۔ ف ۔ اپنے مطلب کا ترک کرنا
پسندیدن ۔ ف ۔ پسند کرنا ۔
پسندیدہ ۔ ف ۔ اچھا ۔ برگزیدہ ۔
پسند ۔ ف ۔ اپنی خوشی ۔ رنجھ ۔
پسندہ ۔ ف ۔ کباب کی ایک قسم ۔
پس وپیش ۔ ف ۔ سوچ ۔ بچار ۔ فکر ۔
پسیچ ۔ ف ۔ ارادہ ۔ قصد ۔
پسیچیدن ۔ ف ۔ قصد کرنا ۔
پسین ۔ ف ۔ پچھلا ۔

فصل باے فارسی مع شین معجمہ

پشت ۔ ف ۔ پیٹھ ۔ اور وہ چیز جو واسطے زیادتی نشہ کے شراب میں داخل کریں ۔ قوت ۔
پشتارہ ۔ ف ۔ یہ مخفف ہے پشتوارہ کا اسقدر بوجھ جو پیٹھ پر اٹھا سکیں ۔
پشت پناہ ۔ ف ۔ حمایت کرنیوالا ۔ حمایت ۔
پشت پازدن ۔ ف ۔ کسی چیز کا رد کر دینا ۔
پشت چشم نازک کردن ۔ ف ۔ معشوق کا ناز اور غرور سے دیکھنا ۔ تغافل کرنا ۔ ناز اور غمزہ کی آزردگی ۔
پشت دادن ۔ ف ۔ بھاگ جانا ۔
پشت دست بر زمین نہادن ۔ ف ۔ کنایہ ہے **پشت دست بر زمین گذاشتن** ۔ ف ۔ کمال عاجزی کرنے اور زاری اور منت کرنیسے
پشت دست خائیدن ۔ ف ۔ افسوس کرنا ندامت کا اظہار کرنا ۔
پشت زدن ۔ ف ۔ کسی چیز کا رد کر دینا ۔
پشت شکستن ۔ ف ۔ ہلاک ہونا ۔
پشت شیر ۔ ف ۔ کنایہ برج اسد سے ۔
پشت گرمی ۔ ف ۔ مدد گاری ۔ تقویت
پشت گرم شدن ۔ ف ۔ زور اور طاقت پانا
پشت ماہی ۔ ف ۔ کنایہ رات سے ۔
پشت نمودن ۔ ف ۔ بھاگ جانا ۔
پشتہ ۔ ف ۔ تودہ ۔ ٹیلا ۔
پشتی ۔ ف ۔ مدد ۔ تائید ۔ پرورش ۔
پشتیبان ۔ ف ۔ سہارا دینے والا ۔ مددگار معاون ۔ اڑانہ ۔ ٹیکنی ۔
پشک ۔ ف ۔ اونٹ ۔ بکری ۔ ہرن ۔ چوہے وغیرہ کا سرگین ۔ ہندی مینگنی ۔
پشنک ۔ ف ۔ گربہ ۔ بلی ۔
پشکال ۔ ف ۔ برسات ۔
پشکل ۔ ف ۔ چوہے ۔ بکری وغیرہ کی مینگنی ۔
پشم ۔ ف ۔ اون ۔
پشم در کلاہ داشتن ۔ ف ۔ دولت کا غرور کرنا ۔ عزت اور اعتبار قائم رکھنا ۔
پشم در کلاہ نداشتن ۔ ف ۔ فقیری خرابی ۔
پشم دین ۔ ف ۔ } یہ الفاظ کسی کی حقارت
پشم قلی ۔ ف ۔ } اور ذلت کے وقت کہتے ہین اور ان نامون سے پکارتے ہین ۔
پشم کشیدن ۔ ف ۔ کسیکو ہلاک کرنا ۔
پشمک ۔ ف ۔ ایک قسم کی مٹھائی ہے ۔
پشمینہ ۔ ف ۔ اون کا کپڑا ۔
پشنگ ۔ ف ۔ افراسیاب کے باپ کا نام اور نام ایک پہلوان کا ۔
پشہ ۔ ف ۔ مچھر ۔
پشیز ۔ ف ۔ } دمڑی یا ادھی ایک پیسے کا
پشیزہ ۔ ف ۔ } چوتھا یا آٹھوان حصہ ۔
پشیمان ۔ ف ۔ پچھتانیوالا ۔ شرمندہ ۔
پشیمانی ۔ ف ۔ پچھتاوہ ۔ شرمندگی ۔
پشین ۔ ف ۔ کیقباد کے بیٹے کا نام ۔

فصل باے فارسی مع فا

پف ۔ ف ۔ ہونٹھون کو سمیٹ کے زور سے ہوا نکالنا یعنی پھونکنا ۔
پفو ۔ ف ۔ پف کرنا جسکے معنے ابھی ذکر ہوے ۔

فصل باے فارسی مع کاف عربی و فارسی

پک ۔ ف ۔ بے ہنر ۔ خود رای ۔ خود پسند ۔
پکنہ ۔ ف ۔ آدمی موٹا اور چھوٹے قد کا ۔
پکوک ۔ ف ۔ ہندی ہتوڑا ۔
پگاہ ۔ ف ۔ سحر ۔ صبح ۔
پگیر ۔ ف ۔ مخفف پگاہ کا ۔

فصل باے فارسی مع لام

پل ۔ ف ۔ دریا پر جو گذرگاہ بناتے ہین ۔ اور مخفف پول کا بھی پیسہ جسکو عرب فلوس کہتے ہین ۔ اور مچھلی کی پیٹھ پر کے سفنے ۔
پلارک ۔ ف ۔ تلوار جوہر دار ۔

پلاس - ف - سن کا موٹا کپڑا - ہندی ٹاٹ
نام درخت ڈھاک کا - جا جم موٹی - اور
بمعنی مکر اور حیلہ کے بھی آیا ہے -

پلاؤ - ف - ایک قسم کا کھانا جو مشہور ہے یہ
لفظ حرف دال کے فتحہ سے ہضمہ سے غلط ہے -

پلپل - ف - سیاہ مرچ -

پلپلی - ف - کمزور بان اور پیسے بیچنے والا -

پل شکستن - ف - محروم کرنا - غرق کرنا -

پلفتہ - ف - آتشپارہ - ہندی چنگاری -

پلک - ف - پوست گرداگرد آنکھ کا یعنے
رخ چشم - اور بمعنی موے مژہ کے بھی
آیا ہے - یعنی پلکوں کے بال جو مشہور ہین -

پلکان - ف - سیڑھی - زینہ چوبین -

پلنگ - ف - ایک درندہ ہے سوائے
چیتے کے کہ وہ دشمن شیر ہے -

پلنگتوش - ف - نام ایک شخص کا جو شاہ
توران کیطرف سے وکیل ہو کر شاہ عباس
کے پاس گیا تھا -

پلنگر - ف - زنگیون کے شہزادے کا نام
جو سکندر کے ہاتھ سے مارا گیا -

پلنگینہ - ف - مشابہ پوست پلنگ سے
اور ایک قسم کا کپڑا جسکی دھاریان وغیرہ
پوست پلنگ سے مشابہ ہوتی ہین -

پلہ - ف - ترازو کا پلڑا یعنے کاڈنڈا درجہ قرب

پلہ - ف - ڈھاک کا درخت -

پلیتہ - ف - چراغ کی بتی بٹی ہوئی -

پلید - ف - ناپاک -

فصل بائے فارسی مع نون

پناہ - ف - بچاؤ - بچنے کا ٹھکانا -

پنبہ - ف - روئی -

پنبہ دہن - ف - کم گو اور کم سخن آدمی -

پنبہ کردن - ف - نرم کرنا - عاجز کرنا -

پنج - ف - پانچ - یعنی (۵) عدد -

پنجم - ف - پانچوان - (۱/۵)

پنجاہ - ف - پچاس یعنی (۵۰) عدد

پنجاہم - ف - پچاسوان - (۱/۵۰)

پنج ارکان - ف - کلمۂ طیبہ - نماز - روزہ
حج - زکوٰۃ -

پنج پا - ف - } جانور آبی خرچنگ - کیکڑہ
پنج پایہ - ف - }

پنج حس - ف - پانچ قوتین دریافت کرنیکی
سننا - دیکھنا - سونگھنا - چکھنا - چھونا -

پنج دعا - ف - پانچ وقت کی نماز
ظہر - عصر - مغرب - عشا - صبح -

پنجگشت - ف - سنبھالو کا درخت -

پنجگاہ - ف - پانچون نمازون کے پانچ
وقت اور نام ایک پردہ کا موسیقی سے -

پنج نوبت زدن - ف - مرتبہ اور دبدبہ
اور جاہ و سلطنت کا ظاہر کرنا -

پنج و چہار - ف - کنایہ نو آسمان سے -

پنجرہ - ف - جو چیز کہ مشتبک اور جالی دار ہو
درندون اور پرندونکے رہنے کا گھر -

پنجرک - ف - مخفف پنجرہ کا -

پنجشنبہ - ف - جمعرات کا دن -

پنجہ - ف - مخفف پنجاہ کا -

پنجہ الماس - ف - فولادی پنجہ جس سے
کشتی گیر کسرت کرتے ہین - الماس بمعنی
فولاد بھی آیا ہے -

پنجہ ماہ - ف - یوسف زلیخا مین کنایہ حضرت
یوسف علیہ السلام سے -

پند - ف - نصیحت - بھلائی کی بات -

پندار - ف - غرور - سمجھ - اٹکل - توقع -

پنداشتن - ف - پہچاننا - معلوم کرنا -

پنگان - ف - تانبے کا کٹورا سورا خدار
جسکو پانی مین ڈال کے گھڑیکا اندازہ کرتے ہین

پنہان - ف - پوشیدہ - چھپا ہوا -

فصل بائے فارسی مع واو

پوت - ف - بواؤ مجہول - بکری کی کلیجی -

پوچ - ف - نالائق - بیہودہ - خالی بمعنے

پوخ - ف - آدمی کا گوہ -

پود - ف - بانا بننے کا سوت -

پور - ف - بیٹا - نام ایک راجہ قنوج کا جو
لاہور پر سکندر سے لڑا تھا - اور تیمور کو بھی کہتے
ہین جو ایک بہ ند مشہور ہے - اور وہ شخص
جو اپنے کو نادان ظاہر کرے -

پُور بنجادہ رنگ - ف - کنایہ آفتاب سے
پُور سینا - ف - حکیم بوعلی - انکے باپ کا نام سینا تھا
پور سقّا - ف - شیخ صنعان جنھوں نے ایک فرنگن کے عشق مین کفر اختیار کیا تھا - مگر پھر ہدایت پائی -
پُوز - ف - ناک اور چہرہ چار پایونکا -
پُوزش - ف - عذر - معذرت -
پُوست - ف - چھلکا غیبت - بدگوئی -
پُوست تخت - ف - فقیرون کا بستر جو شیر یا ہرن کی کھال کا ہوتا ہو -
پُوست کاوِیدن - ف - بھید ظاہر کردینا -
پُوست کَنْدَن - ف - کسی کا عیب ظاہر کرنا -
پُوست کَنْدہ گفتن - ف - ظاہر ظاہر کہنا
پُوستین - ف - کھال کا کُرتا - اور بدگوئی کرنیکے معنی بھی آتے ہین -
پُوستین باز کردن - ف - کسی کو برہنہ کرنیکا
پُوستین دَرِیدن - ف - عیب جوئی کرنا -
پُوسیدَن - ف - بہت پرانا ہونا -
پُوش - ف - غلاف - زرہ - جوشن - اور ایک معنی یہ ہین کہ الگ ہوجانا چنانچہ اکثر لوگ پُوش پوش بولا کرتے ہین -
پُوشانیدن - ف - کپڑا پہنانا -
پُوشاک - ف - لباس - کپڑے پہننے کے
پُوشِش - ف - لباس -
پُوشیدن - ف - پہننا - چھپانا -

پُوشیدہ - ف - چھپا ہوا - ڈھکا ہوا - اور بمعنی خلعت اور دام صیاد کے بھی آیا ہو -
پُوشیدہ چشم - ف - اندھا -
پُوطہ دار - ف - نقد روپیہ رکھنے والا خزانچی
پُول - ف - فلوس - پیسہ - دریا کا پُل -
پُولاد - ف - ایک قسم کا لوہا نہایت سخت
پُول سیاہ - ف - تانبے کا پیسہ -
پُوے پُوے - ف - جلدی دوڑ - تیز چل
پویندہ - ف - دوڑنیوالا - تیز قدم -
پُویہ - ف - ایک قسم کی چال گھوڑے کی جو نہ تیز ہو اور نہ آہستہ ہو -
پُویِیدن - ف - تلاش کرنا - دوڑنا -

فصل بائے فارسی مع ہائے ہوز

پَہ پَہ - ف - واہ واہ - سبحان اللہ -
پَہلُو - ف - بمعنی شہر - اور زبان پہلوی اسی کی طرف منسوب ہو - مرد شجاع دلاور صاحب جاہ و مال اور نام پیغمبر سام بن نوح علیہ السلام کا - نفع - فائدہ -
پَہلُوان - ف - سورما - بہادر - طاقت ور
پَہلُو تہی کردن - ف - انکار کرنا - بات سے پھر جانا - کنارہ کرنا -
پَہلُو خوردن - ف - صدمہ اُٹھانا -
پَہلُو دادن - ف - کسی کی مدد کرنا -
پَہلُو دزدیدن - ف - کنارہ کرنا کسی چیز سے اسطرح کہ کسی کو اُسکی خبر نہو -

پَہلُو زدن - ف - برابری کرنا -
پَہلُو نہادن - ف - سو رہنا -
پَہلوِی - ف - فارسی کی سات زبانونمین سے ایک زبانکا نام - اور مراد مذہب مجوس سے
پَہن - ف - فراخ - چوڑا -
پَہنا - ف - چوڑائی - چوڑاؤ -
پَہن چشم - ف - شوخ - بیحیا -
پَہن کردن - ف - کشادہ کرنا -

فصل بائے فارسی مع یائے تحتانی

پِی - ف - پانون - کھوج - واسطے - پیٹھا - نشانِ قدم پیچھے - طاقت -
پَیاپَی - ف - پے در پے - لگاتار -
پَیام - ف - سندیسہ - کچھ بات کہلا بھیجنا -
پَیچاک - ف - پیچ و خم - طُرّہ - زُلف -
پَیچِش - ف - پیچتاب - مڑوڑا -
پَیچِیدن - ف - لپیٹنا - لپیٹنا -
پَیچِیدہ در کار - ف - فکر اور تامل کرنیوالا
پَیچِیدہ دَست - ف - مُراد کمزور -
پَیخال - ف - پرندونکی بیٹ -
پَیختہ - ف - بمعنی میدہ -
پَیدا وار - ف - فصل کی پیداوار - حاصل -
پِیر - ف - بوڑھا - بڑی عمر کا آدمی -
پِیرانہ سَری - ف - بڑھاپا -
پِیر آفشانی - بڑھاپے مین جوانون کا کام کرنا - یعنی ہوس بھانا -

پیراستن - ف - واسطے زیبایش کے کم کرنا اور کاٹنا کسی چیز کا جیسے آدمی کے ناخن تراشنا - اور بالونکی زیادتی کم کرنا اور درخت کی نامناسب شاخین چھانٹنا وغیرہ

پیرامون - ف - } گرداگرد - آس پاس -
پیرامن - ف - }

پیرایہ - ف - آرائش - لباس - زیور -

پیرزال - ف - بوڑھی عورت -

پیرزن - ف - مراد انگیٹھی سے بھی -

پیرسال - ف - بوڑھا - بوڑھی -

پیرسرانديب - ف - حضرت آدم علیہ السلام

پیرکنعان - ف - حضرت یعقوب علیہ السلام

پیرمغان - ف - آگ کا پجاری معشوق -

پیرمرید - ف - شیخ باارادت -

پیرو - ف - پچھلگو - مرید -

پیروز - ف - فتحمند -

پیروزہ - ف - فیروزہ ایک قسم کا پتھر نیلنگ

پیزمہ - ف - } چھلنی -
پیزن - ف - }

پیس - ف - مرض داغ سفید - برص -

پی سپران - ف - مسافر اور پائمال لوگ

پیسراک - ف - شتر جوان - خچر قوی -

پی سپید - ف - منحوس قدم -

پیسہ - ف - سیاہ اور سفید ملا ہوا ابلق اور بمعنی مبروص کے بھی آیا ہے -

پیش - ف - آگے - سامنے -

پیشانی - ف - ماتھا - سختی - بے شرمی - شوخی - لیاقت - شائستگی - وسعت فراخی و بمعنی قسمت اور نصیب کے بھی آیا ہے

پیش آمد - ف - سلوک - رعایت -

پیش آہنگ - ف - وہ شخص جو لشکر اور قافلہ کے آگے آگے چلے -

پیش بین - ف - دانا - عقلمند -

پیش پیرائے - ف - سکندر نامہ مین مراد ہے فردوسی طوسی سے -

پیش خورد - ف - سب کھانون مین سے تھوڑا تھوڑا چکھنا بطور چاشنی کے - اور وہ قلیل کھانا جس سے صبح کو نہار توڑین -

پیش خیز - ف - خدمتگار چالاک - اور شروع آواز راگ کی -

پیش دندان - ف - وہ چیز قلیل مقدار کی جس سے صبحکو نہار توڑین -

پیش دامن - ف - خادم - نوکر -

پیشدستی - ف - نیابت - سبقت کرنا -

پیشدست - ف - نائب - پیشکار غالب مددگار - آگے کام کرنیوالا -

پیشرس - ف - وہ میوہ جو فصل سے کسی قدر پہلے پختہ ہو جائے -

پیشرو - ف - آگے چلنے والا نوکر - لشکر کا ہراول - آواز راگ کی -

پیشطاق - ف - مکان کا صحن - بلند در دازہ یا دشاہی محل کا - دروازہ کے آگے کا میدان یعنی افتادہ زمین -

پیش عہدان - ف - سکندر نامہ مین مراد ہے بادشاہان سابق سے -

پیش قبض - ف - مشہور ہتھیار کا نام - نام ایک پیچ کا کشتی سے - ہندی کیلی -

پیشکار - ف - سامنے کام کرنیوالا -

پیشکش - ف - نذر - تحفہ دینا - بھینٹ

پیش کشیدن - ف - غصہ کرنا - معتوب کرنا

پیشگاہ - ف - مکان کا صحن - صدر مجلس وہ فرش جو امیرونکی مسند اور بادشاہون کے تخت کے آگے بچھائین -

پیش نہاد - ف - ارادہ دل کا -

پیشوا - ف - رہنما - ہادی -

پیشواز - ف - } استقبال کرنا - استقبال
پیشباز - ف - } کرنے والا - اور ایک قسم جامہ کی جو عورتین پہنتی ہین -

پیشوائی - ف - کسی کے آگے اسکے لانے کو جانا - یعنی استقبال کرنا -

پیشہ - ف - ہنر - کسب -

پیشین - ف - اگلا - نام نماز ظہر کا -

پیشینہ - ف - اگلا - پہلے والا -

پیشینیان - ف - اگلے زمانیکے لوگ -

پیغام - ف - پیام - سندیسا -

پَیغمبر۔ ف۔ سند یسا لانیوالا۔
پَیغارہ۔ ف۔ سرزنش۔ طعنہ۔
پَیغالہ۔ ف۔ شراب کا کاسہ۔
پَیغور۔ ف۔ دہن تنگ چھوٹا مرتبان۔
پَیغولہ۔ ف۔ کونہ گوشہ۔ گوشۂ چشم۔
پَیک۔ ف۔ قاصد۔
پَیکِ ملکِ سرحد۔ ف۔ حضرت جبرئیل۔
پَیکار۔ ف۔ لڑائی۔ جنگ۔
پَیکانی۔ ف۔ ایک قسم ہے لعل اور یاقوت اور نوشادر کی۔
پَیکان۔ ف۔ تیر یا برچھی کی پھال۔
پَیکر۔ ف۔ شکل۔ جسم۔
پَی کردن۔ ف۔ پانوٗں کے گٹے کے پاس سے رگ اور پٹھے کو کاٹ دینا اس سے پانوٗں قابل رفتار کے نہیں رہتا اگرچہ زخم اچھا بھی ہو جائے۔ مجازاً پانوٗں کاٹ ڈالنا اور کبھی بمعنی عاجز کرنے اور بے رفتار کرنے کے بھی مستعمل ہوتا ہے۔
پیل۔ ف۔ ہاتھی۔ اور چڑیا کا تھیلہ جو واسطے رکھنے اسباب کے گھوڑے پر رکھتے ہیں۔
پیل افگندن۔ ف۔ کسی پر غالب ہونا دوسرے کو عاجز کرنا۔
پیل بالا۔ ف۔ ہاتھی کے قد کے برابر۔
پیلبان۔ ف۔ ہاتھی کا نگہبان۔ اور ہاتھی کا ہانکنے والا۔
پیلبند۔ ف۔ بازی شطرنج میں ایک بند کا نام
پیلپا۔ ف۔ بیماری پانوٗں کی جو مشہور ہے
بڑی صراحی۔ لوہے کا گرز۔ دوا ڈالنے کا بڑا
ڈبہ۔ زنگیوں کا ایک قسم کا ہتھیار۔
پیلپایہ۔ ف۔ کھم۔ ستون۔
پیلتن۔ ف۔ قوی۔ رستم کا لقب۔
پیل را ہندوستان یاد دادن۔ ف کنایہ ہے ہاتھی کے مست کرنے سے۔
پیل مال۔ ف۔ کسی کو ہاتھی کے پیروں کے نیچے کچلوا ڈالنا۔ اور اضافت سے ہاتھی لدا ہوا مال واسباب سے۔
پیلِ محمود۔ ف۔ نام اُس ہاتھی کا جو ابرہہ بادشاہ حبش کے ہاتھیوں کا سردار تھا اور یہ بادشاہ خانہ کعبہ کی خرابی کے لیے اس ہاتھی کو بھی ساتھ لایا تھا مگر مخذول ہوا۔
پیلہ۔ ف۔ ریشم کا کیڑا جو ریشم بناتا ہے اور کو یا رشیم کا بھی۔
پیلہ ور۔ ف۔ شیشہ گر۔ عطار۔ اور ریشم بیچنے والا۔
پیمانہ۔ ف۔ پیمایش کا آلہ۔ ناپ۔
پیمانہ پُر شدن۔ ف۔ عمر کا آخر ہونا۔
پیمان۔ ف۔ وعدہ۔ عہد۔ شرط۔
پیمایش۔ ف۔ ناپنا۔ ناپ۔
پیمودن۔ ف۔ ناپنا۔
پینہ دوز۔ ف۔ کفش اور جامہ درگدڑی اور موزے وغیرہ پر پیوند سینے والا۔
پینو۔ ف۔ جمرات۔ دہی۔
پینگی۔ ف۔ غنودگی۔ اونگھنا۔
پیوستن۔ ف۔ ملنا۔ ملانا۔ مضبوط ہونا۔
پیوستہ۔ ف۔ ملا ہوا۔ پیٹھا ہوا۔
پیوند۔ ف۔ جوڑ۔ ٹکڑا۔
پیہ۔ ف۔ چربی۔
پیہ گرگ بر پیرہن مالیدن۔ ف۔ مکر اور فریب اور دغا کرنا۔
پیہم۔ ف۔ برابر لگاتار۔

باب تاے فوقانی
فصل تا مع الف

تا۔ ع۔ نرم خاک۔
تا۔ ف۔ اُس تک۔ تاکہ۔ اور بمعنی گنتی کے جیسے دو تا۔ سہ تا۔ تختہ کاغذ۔ ہر گز۔ زنہار۔ مخفف تار کا۔ حرف تنبیہ کا واسطے خبردار کرنیکے اور بمعنی اگر کے جو کلمہ شرط ہو اور واسطے ابتدا اور انتہا کے بھی آتا ہے۔ اور واسطے ربط کے قائم مقام کاف بط کا ہو اور واسطے علت کے اور قائم مقام کاف بیانیہ کا۔ اور واسطے نتیجہ کے اور بمعنی ہمان دم اور ہمین کے بھی آتا ہے۔
تاب۔ ف۔ طاقت۔ رونق۔ روشنی پیچیدگی۔ گرمی۔ اور صیغہ امر کا بمعنی دوڑ۔ لپیٹ۔ روشن کر۔ چمک۔

تابان ۔ف۔ چمکدار۔ چمکنے والا۔
تابدان ۔ف۔ روشندان جو حجرہ مین ہوتا ہے
تابخانہ ۔ف۔ حمام۔ وہ مکان جہان تنور روٹی پکانیکا گڑا ہو۔
تابستان ۔ف۔ گرمی۔ موسم گرما۔
تابش ۔ف۔ گرمی۔ چمک۔ طاقت۔
تابع ۔ع۔ ماتحت۔ نوکر۔ فرمان بردار۔
تابعدار ۔ف۔ یہ لفظ غلط ہے اسلیے کہ تابع لفظ عربی ہے اور صیغہ اسم فاعل کا ہے ترکیب لفظ (دار) کی حاجت نہین رکھتا بے معنی ہوا جاتا ہے اسکی جگہ فرمان بردار بولنا چاہیے۔
تابعین ۔ع۔ جمع تابع بمعنی فرمان بردار کی ہے اور اصطلاح محدثین مین وہ مسلمان لوگ جنھون نے اصحاب رسول اللہ صلعم سے ایک یا زیادہ سے ملاقات کی ہو۔ اور تبع تابعین وہ لوگ جنھون نے تابعین سے ملاقات کی ہو۔
تابناک ۔ف۔ روشن۔ چمکدار۔
تابندہ ۔ف۔ چمکنے والا۔
تابندہ ہور ۔ف۔ آفتاب چمکنے والا۔ اور سکندر نامہ مین ایک جگہ مراد سکندر سے۔
تابوت ۔ع۔ صندوق مردہ کا۔
تابہ ۔ف۔ ہندی توا۔
تابید ۔ف۔ ہمیشہ کرنا کسی کام کو ابد تک۔
تابین ۔ع۔ کسی چیز کے پیچھے جانا۔ پیروی کرنا اگرچہ یہ مصدر ہے مگر استعمال اسکا بمعنی اسم فاعل درست ہے یعنی پیروی کرنیوالا اسی سبب سے فارسی مین اسکی جمع تابینان آتی ہے۔
تابیدن ۔ف۔ چمکنا۔
تاتار ۔ف۔ نام ایک ولایت مشہور کا۔
تاثر ۔ع۔ آرزومند ہونا۔ بدخو ہونا۔
تاتورہ ۔ف۔ ہندی دھتورہ۔
تاثیر ۔ع۔ اثر قبول کرنا۔
تاثیر ۔ع۔ اثر کرنا۔
تاج ۔ع۔ بادشاہی ٹوپی۔
تاج خروس ۔ف۔ مرغ کی کلغی۔ کیس ایک سرخ پھول جسکو کلغہ کہتے ہین۔
تاجدار ۔ف۔ بادشاہ۔
تاجر ۔ع۔ سوداگر۔
تاج شمع ۔ع۔ شمع کی لو۔
تاجک ۔ع۔ وہ آدمی جو عرب مین پیدا ہوا
تاجیک ۔ع۔ اور فارس مین پرورش پاکر بڑا ہوا ہو۔ اسطرح کے لوگ اکثر سوداگری کرتے ہین اسلیے تاجک کے معنی سوداگر کے بھی لیا کرتے ہین۔ اور تاجیک نام اس ملک کا جو سوائے ملک عرب کے ہو۔
تاجج ۔ع۔ بروزن تعلق۔ آگ کا شعلہ مارنا۔
تاجور ۔ف۔ بادشاہ۔
تاجوری ۔ف۔ بادشاہت۔
تاجیل ۔ع۔ مہلت دینا۔
تاخت ۔ف۔ فوج کا حملہ۔
تاختن ۔ف۔ حملہ کرنا۔ دوڑنا۔ دوڑانا۔
تاخر ۔ع۔ دیر کرنا۔ پیچھے ہونا۔
تاخیر ۔ع۔ دیر کرنا۔ دیری۔
تادب ۔ع۔ زباندانی سکھانا۔ ادب اختیار کرنا۔
تادیب ۔ع۔ ادب دینا۔ علم زباندانی سکھانا
تادیہ ۔ع۔ پہونچانا۔ ادا کرنا۔
تار ۔ف۔ ڈورا۔ سوت۔ تانا۔ لوہے وغیرہ کا تار۔ اور بمعنی تاریک اور مخفف تارک کا بمعنی میان سر یعنی مانگ۔ ترکی مین بمعنی تنگ
تارات ۔ف۔ مبدل تاراج کا بمعنی لوٹ
تارات ۔ع۔ جمع تارت کی۔ کئی بار کئی قسم
تاراج ۔ف۔ لوٹ۔ غارت۔
تارت ۔ع۔ ایک بار۔ ایک مرتبہ۔
تارک ۔ع۔ چھوڑنیوالا۔
تارک ۔ف۔ درمیان سر کے بالون کے جو لکیر ہوتی ہے۔
تارکش ۔ف۔ وہ شخص جو تار کھینچتا ہے۔
تارمار ۔ف۔ کج مج۔ پریشان۔ پراگندہ۔
تارو پود ۔ف۔ تانا اور بانا۔
تاریخ ۔ع۔ کسی چیز کا وقت ظاہر کرنا۔ علم کسی واقعہ اور حادثہ کا۔ کسی امر عظیم سے مدت کا تعین کرنا۔ کوئی دن مہینے کا۔
تاریخ تازی ۔ف۔ تاریخ عرب۔
تاریخ دہقان ۔ف۔ اہل ایرانکی روایتونسے مراد ہے

تاریخ نوروزی ۔ف۔ بادشاہونکے جشن نوروزمین جو تاریخ بدستے ہین۔
تاریک ۔ف۔ سیاہ۔ کالا۔ اندھیرا۔ جسکے آرپار نظر نہ جاسکے۔
تاریکی ۔ف۔ مخفف تاریک کا۔
تاریکی ۔ف۔ اندھیرا۔
تاز ۔ف۔ مخفف تازہ کا۔ اور بمعنی حملہ۔
تازش ۔ف۔ حملہ کرنا۔ دوڑنا۔
تازگی ۔ف۔ تازہ ہونا۔ تازہ پن۔
تازہ ۔ف۔ نیا۔ تر کا۔
تازہ دماغی ۔ف۔ دانائی۔ خوشحالی۔
تازی ۔ف۔ عربی زبان۔ گھوڑا عربی۔ اور کتا شکاری۔ عرب کا آدمی۔
تازیان ۔ف۔ عرب کے لوگ۔ دوڑنیوالے۔
تازیانہ ۔ف۔ کوڑا۔ چابک۔
تازیدن ۔ف۔ دوڑنا۔
تاسا ۔ف۔ اندوہ۔ ملال۔ بیقراری۔
تاسع ۔ع۔ نوان یعنی (۹)
تاسف ۔ع۔ افسوس کرنا۔ افسوس۔
تاسہ ۔ف۔ غم۔ رنج۔ اضطراب۔
تاسی ۔ف۔ اطاعت اور پیروی کرنا
تاسیس ۔ع۔ بنیاد رکھنا۔ جڑ بنانا۔ اور مضبوط کرنا اور نام قافیہ کے ایک حرف کا۔
تاسینہ در موج خون آمدن۔ف۔ مراد ہے مصیبت سخت مین مبتلا ہونے سے۔

تاش ۔ف۔ یار۔ صاحب۔ خداوند۔ شریک
تاشگند ۔ف۔ نام شہر کا توران مین۔
تاغ ۔ت۔ پہاڑ۔ آزاد درخت کا نام۔
تاغہ ۔ت۔ خالو۔ خالہ کا شوہر۔
تافتن ۔ف۔ بٹنا۔ چمکنا۔
تافتہ ۔ف۔ بٹا ہوا۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا
تاقی ۔ف۔ کلاہ۔ ٹوپی۔
تاک ۔ف۔ انگور کا درخت۔ نام ایک قوم کا نواحی دہلی اور گجرات مین۔
تاکید ۔ف۔ بار بار کہنا۔ بات کا مضبوط کرنا۔
تالاب ۔ف۔ مشہور ہے جسکا پانی بہتا نہین ہے
تالار ۔ف۔ مچان جو کھیت مین باندھ کر کسان وغیرہ اُسپر بیٹھ کر رات کو پاسبانی اور حفاظت کھیت کی کرتے ہین۔
تالد ۔ع۔ پرانا مال۔
تالف ۔ع۔ باہم اُلفت کرنا۔ محبت دوستی
تالال ۔ف۔ پریشان۔ پراگندہ۔
تالم ۔ع۔ درد ناک ہونا۔ صاحب غم ہونا۔
تالہ ۔ع۔ حق پرستی۔ عبادت اور زاری کرنا
تالی ۔ع۔ پیچھے چلنے والا۔ قائم مقام۔
تالیف ۔ع۔ اُلفت ڈالنا۔ کتاب بنانا۔ اگلے بزرگونکے قولونکو جمع کرنا۔
تام ۔ع۔ پورا۔ تمام۔ کامل۔
تامل ۔ع۔ خیال کرنا۔ سوچنا۔
تانی ۔ع۔ تاخیر۔ درنگ۔ دیر۔

تانس ۔ع۔ خو پکڑنا۔ عادت پذیر ہونا۔
تانف ۔ع۔ ننگ و عار رکھنا۔ شرم کرنا۔
تاوان ۔ف۔ جرمانہ۔ ڈانڈ۔
تاویل ۔ع۔ بیان کرنا خواب کی تعبیر کا کسی چیز کو ظاہر سے پھیرنا اور اُسکے اور ہی معنی بیان کرنا مگر مناسبت کے ساتھ
تاہب ۔ع۔ آمادہ اور مستعد ہونا۔
تاہل ۔ع۔ شادی کرنا۔ جورو کرنا۔ اور لڑکے بالون والا ہونا۔
تاہو ۔ف۔ ایک قسم کی شراب۔
تائب ۔ع۔ توبہ کرنیوالا۔ باز آنیوالا۔
تاے تشریف ۔ف۔ ایک خلعت۔
تائق ۔ع۔ بمعنی شائق۔ صاحب شوق
تائید ۔ع۔ مدد کرنا۔

فصل تا۔ مع بائے موحدہ

تب ۔ف۔ بخار۔ تاپش۔ بیقراری۔
تباب ۔ع۔ ہلاکت۔ زیانکاری۔
تبادر ۔ع۔ باہم دوڑنا۔ اور کسی کام مین دوسرے پر پیشی اور سبقت لیجانا۔
تبادل ۔ع۔ بدل کرنا۔ باہم ایک دوسرے کی تبدیلی ہونی۔
تبار ۔ف۔ خاندان۔ نسل۔ اولاد۔
تبار ۔ع۔ ہلاکی۔
تبارک ۔ع۔ مبارک کرنا۔ بلند ہونا۔ پاک ہونا۔ زیادہ ہونا۔ بزرگ ہونا۔

تَبَارَک ع۔ صیغہ ماضی کا معنی اسکے بزرگ ہوا۔ اور نام ایک سورۂ قرآن شریف کا۔

تَبَارَکَ اللّٰہ ع۔ پاک اور بزرگ ہے اللہ اور استعمال اسکا مدح مین بوقت تعجب ہوتا ہے۔

تَبَاشِیر ف۔ ایک دوائے سفید کپڑی مائل کا نام جو زمین پیدا ہوتی ہے ہندی بنسلوچن اور طباشیر معرب اسکا ہے۔

تَبَاشِیر ع۔ اول اور شروع ہر چیز کا۔ اول صبح اور سپیدۂ صبح۔ گلدنڈی۔ جو راہ مین چلنے والونکے پیرونکے نشانون سے نبجانی ہے۔

تَبَاعُد ع۔ ایک دوسرے سے دور ہونا۔

تَبَاغُض ع۔ آپس مین بغض و عداوت رکھنا

تَبَاہِی ف۔ اجڑ جانا۔

تَبَایُن ع۔ تفاوت اور فرق ہونا۔ جدا ہونا دو چیز کا آپسمین۔

تِبَّت ع۔ نام ایک ملک کا درمیان پورب اور اُتر کشمیر کے جہانکی مشک عمدہ ہوتی ہے۔

تَبَتُّلِ یَدَاک ع۔ ہلاک ہون دونون ہاتھ تیرے

تَبَتُّل ع۔ باخدا ہونا۔ دنیا سے بیزار ہونا۔

تَبَجُّل ع۔ بزرگی کرنا۔ عزت کرنا۔

تَبَحُّر ع۔ مثل دریا کے علم مین ہونا بہت علم حاصل ہو جانا۔

تَبَخَالہ ف۔ چھوٹے چھوٹے آبلے جو تپ کی گرمی سے ہونٹ پر پڑ جاتے ہین اور یہ نشانی صحت کی ہے

تَبَخْتُر ع۔ مٹک کر چلنا۔ ناز کر کے چلنا۔

تَبَخُّر ع۔ بو کا اُٹھنا۔ بخار بنانا۔ دھوان بنا کر اُٹھانا۔

تَبَدُّل ع۔ عوض کرنا۔ تبدیل کرنا۔ بدلنا۔ بدل ڈالنا۔

تَبْذِیر ع۔ بے اندازہ خرچ کرنا۔ پراگندہ کرنا۔ زمین سے گھاس کا اُگنا۔

تَبَر ف۔ ایک قسم کی کلہاڑی۔

تِبْر ع۔ سونا۔ زر۔ طلا۔ کُندن۔

تَبَرّا ع۔ نفرت کرنا۔ بیزاری۔ بیزار ہونا۔

تَبَرِ خُون ف۔ سرخ صندل کی لکڑی اور بعضے بمعنی مجیٹھ کہتے ہین اور طبرخون طلے مہلے سے بھی آیا ہے۔

تَبَرْزَد ف۔ قند سفید۔ مصری شفاف شکر سفید براق۔ طبرزد اسکا معرب ہے۔

تَبَرْزِین ف۔ ایک قسم کا تیر ہوتا ہے کہ سوار گھوڑے کی زین مین رکھتے ہین۔

تَبَرُّع ع۔ بخشنا کسی چیز کا۔ کرنا اُس کام کا جو واجب نہو۔ مجازاً عبادت نفل۔

تَبَرُّک ع۔ برکت لینا۔ اور وہ چیز جس سے برکت لیجاوے۔ ہندی پرشاد۔

تَبَرُّکَات ع۔ برکت لینے کی چیزین۔ یہ جمع تبرک کی ہے۔

تَبَرُّم ع۔ اُستوار ہونا۔ عاجز آنا۔ رنجیدہ ہونا۔ ماندہ ہونا۔

تَبْرِید ع۔ سرد کرنا۔ ٹھنڈا کرنا۔

تَبْرِیز ف۔ نام شہر کا آذربائجان مین بسایا ہوا زبیدہ خاتون کا۔ نام ایک شعبہ کا ہے موسیقی مین۔

تَبَسُّم ع۔ مسکرانا۔ کلی کا کھلنا۔

تَبَسُّط ع۔ ماخوذ ہے بسط سے جس کے معنی کشادگی کے ہین۔

تَبْشِیر ع۔ خوشخبری دینا۔

تَبَصُّر ع۔ دیکھنا۔

تَبْصِرَہ ع۔ بینا کرنا۔ اور مراد عینک سے۔

تَبَع ع۔ پیروی کرنا۔ اور بمعنی پیروان۔ یہ لفظ واحد اور جمع دونون آیا ہے۔

تَبَعُّل ع۔ شوہر بننا۔

تَبِعَہ ع۔ انجام بد۔ نتیجۂ بد۔ عذاب۔

تَبَعَہ ع۔ جمع تابع بمعنی فرمان بردار کی۔

تَبْعِید ع۔ دور کرنا۔

تَبَعِیَّت ع۔ حکم ماننا۔ پیروی۔

تَبِعَات ع۔ کسی چیز کے لوازم۔ گنہ کے عذاب۔ دکھ سختی۔ خرابیان۔ پیرو لوگ

تَبْقِیَہ ع۔ باقی رکھنا۔

تَبَلُّد ع۔ کُندی ذہن۔

تَبْلِیغ ع۔ پہونچانا۔ کسی پاس کچھ روانہ کرنا

تِبْن ع۔ سوکھی گھاس کا ٹکڑا۔

تَبَنِّی ع۔ بیٹا بنانا۔ گود لینا۔

تَبُور ع۔ ہلاکی۔ کاہلی۔

تَبُورَاک ف۔ چھوٹا نقارہ جو کسان لوگ

کھیتون مین رکھتے ہین اور واسطے ہنکانے پرندونکے بجاتے ہین۔ اور بانس کے کھٹکھٹے کو بھی کہتے ہین جو اسی کام مین آتا ہو اور بمعنی چھلنی اور خوان اور کفچہ آہنی کے بھی یہ لفظ آتا ہے۔

تبوک ع۔ نام ایک موضع کا قریب شام کے جہان رسول مقبول در کا فرونسے جنگ ہوئی تھی۔ اور دف کو بھی کہتے ہین جو ہاتھ سے بجایا جاتا ہے

تبہ ف۔ } برباد اور اجڑا ہوا۔
تبہ کار ف۔ }

تبیارہ ف۔ } بمعنی تپ و لرزہ۔
تبیازہ ف۔ }

تبیان ع۔ خوب بیان کرنا معنی کا روشن اور آشکارا کرنا۔

تبیرہ ف۔ ڈھول۔ نقارہ۔

تبیرہ زن ف۔ نقارچی۔

تبیع ع۔ ایک برس کا بیل۔

تبیین ع۔ بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔

فصل تا مع یاے فارسی

تپ ف۔ اضطراب بے آرامی۔ بخار۔

تپاک ف۔ چالاکی۔ گرمجوشی۔

تپانچہ ف۔ تھپڑ۔ دریا کی موج۔

تپش ف۔ گرمی۔ سوزش۔

تپنچہ ف۔ مخفف تپانچہ کا۔

تپیدن ف۔ تڑپنا۔ گرم ہونا۔

فصل تا مع تاے فوقانی

تتابع ع۔ پے در پے ہونا۔

تتبع ع۔ ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ اور کسی کی پیروی کرنا۔

تتر ع۔ مخفف تاتار کا جو شہر ہے ترکستان مین

تترّی ع۔ ملک تاتار کا رہنے والا۔ یا اُس ملک کی کوئی چیز۔

تتق ع۔ چادر۔ بڑا پردہ۔ سراپردہ۔

تتماج ت۔ ایک قسم کی آش کا نام۔

تتمّہ ع۔ تمامی۔ بقیہ۔ آخر ہر شی کا۔

تتمیم ع۔ تمام کرنا۔ پورا کرنا۔ آخر کو پہونچانا

تتمین ع۔ ف۔ تنہا کو۔

فصل تا مع ثاے مثلثہ

تثاؤب ع۔ دہن درہ۔ جماہی۔

تثاقل ع۔ گرانی خاطر۔ گرانبار ہونا۔

تثریب ع۔ سرزنش کرنا۔ ملامت کرنا۔

تثقّل ع۔ گرانبار ہونا۔

تثقیل ع۔ گرانبار کرنا۔

تثلیث ع۔ تین حصونمین تقسیم کرنا۔

تثمیر ع۔ میوہ چننا۔ نفع پانا۔

تثنیہ ع۔ دوگنا۔ دو کرنا۔

فصل تا مع جیم

تجار ع۔ جمع تاجر بمعنی سوداگر کی۔

تجارب ع۔ باہم ایک دوسرے کو آزمانا۔

تجارب ع۔ جمع تجربہ کی۔ آزمائشین

تجارت ع۔ سوداگری۔ بیوپار۔ سوداگرنا۔

تجاسر ع۔ دلیری کرنا۔ شوخی و گستاخی کرنا

تجاوز ع۔ گذرنا۔ حد سے گذرنا۔ لانگھ جانا۔

تجاہد ع۔ کوشش کرنا۔

تجاہل ع۔ جان بوجھکر جاہل بننا۔ اور انجان ہوجانا۔

تجبر ع۔ گردنکشی کرنا۔

تجدید ع۔ نیا کرنا۔ نئے سرے کوئی کام کرنا۔

تجربہ ع۔ آزمانا۔ آزمایش۔

تجربہ کار ف۔ آزمودہ آزمایش کیا ہوا۔

تجرد ع۔ ننگا ہونا۔ تنہائی۔ علیحدگی دنیا سے

تجرّع ع۔ گھونٹ گھونٹ کرکے پینا۔

تجرید ع۔ تنہائی۔ مجرد کرنا۔ ننگا کرنا۔

تجزیہ ع۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا تقسیم کرنا۔

تجزّی ع۔ تقسیم و ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

تجسّس ع۔ ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔

تجشّم ع۔ برگزیدہ کرنا۔ کسی شخص کو ساری قوم مین سے۔ قصد کرنا۔ کسی چیز کا کسی بڑے کام مین پڑنا۔ موٹا تازہ فربہ ہونا۔

تجشّم ع۔ رنج و مشقت کھینچنا۔

تجفیف ع۔ خشک کرنا۔

تجلّد ع۔ مقابلہ دشمن مین جلدی کرنا اور چالاکی کرنا۔

تجلیہ ع۔ چھیلنا۔ زنگ چھڑانا۔ جلا کرنا۔ روشن اور آشکارا کرنا۔

تجلی ع۔ روشنی اور آشکارا کرنا۔ روشن ہونا روشنی۔ جلوہ کرنا۔ اور فارسیوں کے استعمال مین مراد نور الٰہی سے جو کوہ طور پر موسیٰ علیہ السلام پر ظاہر ہوا تھا۔ اور کبھی تجلی کو فارسی مین تجلا بھی لکھتے ہین جیسے تمنی کو تمنا اور تماشی کو تماشا۔

تجلید ع۔ کتاب کی جلد باندھنا۔ کھال کسی جانور کی کھینچنا۔

تجمش ع۔ بالونکا مونڈنا۔ آواز باریک نکالنا۔ کسی سے عشق کرنا۔

تجمل ع۔ زیبائش۔ شان وشکوہ اور جمال کی آرائش کرنا۔

تجنب ع۔ دور ہونا۔ ایک طرف ہونا۔ پرہیز

تجنی ع۔ کسی کو گنہگار ٹھہرانا۔

تجنیس ع۔ ہمجنس کرنا۔ یکسان کرنا۔

تجوید ع۔ نیک کرنا۔ خالص کرنا۔ اور حروف مخرج سے ادا کرنا۔

تجویز ع۔ جائز کرنا۔ رائے دینا۔ کوئی نئی بات اپنی طرف سے نکالنا۔

تجویف ع۔ خالی کرنا۔ کھوکھلا بنانا۔

تجہز ع۔ آمادہ ومستعد ہونا۔

تجہیز ع۔ سامان کرنا۔ جہیز شادی کا دینا اور اسباب مُردے کا تیار کرنا۔

فصل تا۔ مع حاے مہملہ

تحاب ع۔ باہم محبت کرنا۔ باہم پیار رکھنا

تحارب ع۔ آپسمین جنگ کرنا۔

تحاشی ع۔ ایک طرف ہو جانا۔

تحافی ع۔ نیک ہونا۔ جُدا ہونا۔

تحائف ع۔ جمع تُحفہ کی۔

تحت ع۔ زیر۔ نیچے۔

تحت الثری ع۔ مراد زیر زمین سے اِسلیے کہ ثریٰ خاک نمناک کو کہتے ہین۔

تحت الشعاع ع۔ دو یا تین روز آخر ہر مہینے کے جسمین چاند نہین دکھائی دیتا اور یہ دن منحوس کہلاتے ہین۔

تحت الحنک ع۔ زاہدون کا معمول ہو کہ عمامہ کا ایک پیچ ٹھڈی کے نیچے سے نکال کے سر مین لپیٹ لیتے ہین۔ حنک ٹھڈی کے حصہ زیرین کو کہتے ہین۔

تحتم ع۔ واجب ہونا۔

تحجر ع۔ کسی چیز کا مثل پتھر کے ہو جانا۔

تحجم ع۔ پچھنے لگانا۔ چوسنا۔ باز رکھنا پستان کا اُبھرنا اور نکلنا۔

تحدث ع۔ بات کہنا۔ قصہ پڑھنا۔

تحدید ع۔ تیز کرنا۔ کسی چیز کی حد پیدا کرنا

تحذیر ع۔ کسیکو ڈرانا۔ خوف دلانا۔

تحریر ع۔ پرہیز کرنا۔ اپنے کو نگاہ رکھنا

تحریر ع۔ لونڈی غلام کا آزاد کرنا۔ لکھنا پاکیزہ کہنا۔ نغمہ کی ایک قسم جسکو گنگری کہتے ہین۔ تصویر وغیرہ پر نقاشی کرنا۔ اور نام اقلیدس کی کتاب کا علم ہندسہ مین۔

تحریک ع۔ حرکت کرنا۔ ہلنا۔

تحریص ع۔ لالچ دلانا۔ حرص دلانا۔

تحریض ع۔ کسی کو جنگ پر رغبت دلانا

تحریک ع۔ حرکت دینا۔ ہلانا۔ اور کبھی بجاز بمعنی رغبت دلانیکے بھی آتا ہے۔

تحریمہ ع۔ نیت کے بعد نماز کی پہلی تکبیر۔

تحری ع۔ نیکی اور بہتری ڈھونڈھنا۔ اور کسی جگہ پر کرنا۔ قبلہ کی سمت معلوم کرنا۔

تحریف ع۔ بدل ڈالنا۔ حروف کا معنی بدلنا

تحزیز ع۔ تیز کرنا۔

تحزن ع۔ غمگین ہونا۔

تحسر ع۔ افسوس کرنا۔ حسرت کرنا۔

تحسین ع۔ سراہنا۔ تعریف کرنا۔

تحشم ع۔ غضب کرنا۔ خدمتگارون اور نوکرون کا مالک ہونا۔

تحشیر ع۔ اپنے اہل وعیال کے روٹی کپڑے دینے مین تنگی اور کمی کرنا۔

تحشیہ ع۔ کتاب پر حاشیہ لکھنا۔

تحصن ع۔ قلعہ بند ہونا۔

تحصین ع۔ گرد شہر کے دیوار کھچوانا۔

تحصیل ع۔ حاصل کرنا۔

تحف ع۔ جمع تحفہ کی۔ نادر اشیاء۔

تحفگی ف۔ تحفہ پن۔ خوبی۔

تحفہ ع۔ نادر۔ انوکھا۔ بہت خوب۔

فصل تا۔ مع خاے معجمہ

تَخافت ۔ع۔ پوشیدہ کہنا۔
تَخالُف ۔ع۔ باہم مخالف ہونا۔
تَخالُج ۔ع۔ دلمین شک اور وسواس آنا
تَخاوُف ۔ع۔ باہم خوف کرنا۔
تَخت ۔ف۔ بیٹھنے کی چوکی تختِ بادشاہی
داغ کا چاق ہونا۔ شراب کے نشہ سے۔
تختِ رَوَنْدَہ ۔ف۔ کنایہ گھوڑے سے۔
تَختِ سُلَیمان ۔ف۔ نام مقام کا کشمیر مین
تَختِ عاج ۔ف۔ مراد دن سے۔
تَختگاہ ۔ف۔ دار السلطنت حاکم اعلیٰ کے
رہنے کا شہر۔ گورنمنٹ کے مقام کا شہر۔
تَختہ ۔ف۔ لکڑی ترشی ہوئی۔ تختہ اور
مراد تختۂ تابوت سے۔
تختۂ اَوّل ۔ف۔ مراد لوح محفوظ سے۔
تَختۂ برسرِ شکستن ۔ف۔ خراب درسوا کرنا
تَختۂ بَند ۔ف۔ قید۔ قیدی چھوٹی چھوٹی
کھپچیان جو ٹوٹی ہوئی ہڈی پر باندھی جاتی
ہین۔ اور اُس ٹوٹے ہوے عضو کو بھی کہتے
ہین جسپر کھپچیان بندھی ہون۔
تختۂ قماش ۔ف۔ دو تختے ہوتے ہین
جنمین دو شالے اور پشمینہ اور لباس وغیرہ
رکھکر رسی سے کس دیتے ہین تاکہ کیڑا نہ کھاے
عربی مین اُسکو تخت کہتے ہین۔
تختۂ نرد ۔ف۔ شطرنج کھیلنے کا تختہ۔

تَحقیر ۔ع۔ ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔
تَحقُّق ۔ع۔ ثابت ہونا۔ موجود ہونا۔
تَحقیق ۔ع۔ دریافت کرنا۔ کھوج لگانا۔
تَحکُّم ۔ع۔ دعوی کرنا۔ زبردستی کسی پر
حکومت کرنا غلبہ کرنا اور خیابان مین ہی
کرنا خواہ نخواہ کسی کا حکم قبول کرنا۔
تَحلیل ۔ع۔ کسی چیز کے اجزا کا کھول دینا
حلال کرنا۔ کسی چیز کا کسی مقام پر فروکش
ہونا۔ کسی چیز کو گلا کر فانی کر دینا۔
تَحلیہ ۔ع۔ شیرین کرنا۔ زیور پہنانا۔ کسی
شخص کی تعریف وصفت کرنا۔
تَحمُّل ۔ع۔ اُٹھانا۔ برداشت کرنا۔
تَحمید ۔ع۔ تعریف کرنا۔ حمد کرنا۔ سراہنا۔
تَحمیل ۔ع۔ لادنا۔ بوجھ لاد دینا۔
تَحنُّن ۔ع۔ مہربانی کرنا۔
تَحوُّل ۔ع۔ حوالہ کرنا دوسرے کو۔ پھر جانا
ایک جگہ سے دوسری جگہ کو۔
تَحویل ۔ع۔ سپرد کرنا۔ کسی کو کوئی چیز
حوالے کر دینا۔ داخل ہونا۔
تَحوِیلدار ۔ف۔ خزانچی۔ روکڑیا۔
تَحیَّت ۔ع۔ سلام کرنا۔ دیر تک زندہ
رہنا۔ بادشاہی۔ ملک۔
تَحیَّہ ۔ع۔ سلام۔ دعا زندگی۔ دینا۔ ملک
بادشاہی۔ مبارکباد کہنا۔
تَحیُّر ۔ع۔ حیران ہونا۔ بھونچکا ہو جانا۔

تَخجیل ۔ع۔ شرمندہ کرنا۔
تَخدیر ۔ع۔ عورت کو پردہ مین بٹھلانا کسی
عضو کو کرخت کر دینا اور سُن کر دینا۔
تَخریب ۔ع۔ خراب کرنا۔ اُجاڑ دینا۔
تَخریج ۔ع۔ باہر نکالنا۔ ادب دینا نیکی پر
خارج کرنا کسی چیز کو کسی جگہ سے۔
تَخریق ۔ع۔ پارہ پارہ کرنا۔ چیرنا۔ پھاڑنا
تَخسیر ۔ع۔ کمی۔ اور ہلاک کرنا۔
تَخش ۔ف۔ تیر ناوک کی کمان۔ ایک قسم
تیر کی۔ مجلس کا صدر۔ تیر اندازی یعنی ہوائی
تَخشع ۔ع۔ فروتنی اور عاجزی کرنا۔
تَخشیدَن ۔ف۔ سب سے اوپر بیٹھنا۔
تَخصیص ۔ع۔ خاص کرنا۔ خصوصیت
تَخضُّع ۔ع۔ فروتنی اور عاجزی کرنا۔
تَخطیہ ۔ع۔ کسی کے کام کی خطا پکڑنا۔
تَخفیف ۔ع۔ ہلکا کرنا۔ بوجھ اُتارنا۔ کم کرنا
تَخلُّص ۔ع۔ چھٹکارا۔ بچاؤ۔ مختصر نام جو
شعرا اپنا مقرر کرکے شعرمین نظم کرتے ہین۔
تَخلُّف ۔ع۔ پیچھے رہنا۔ خلاف وعدہ کرنا۔
تَخلُّق ۔ع۔ خُلق کرنا۔ خوگر ہونا خوشخو ہونا
تَخلُّل ۔ع۔ بیچ مین آجانا خلل ڈالنا خرابی
تَخلُّل ۔ع۔ کسی چیز کے اجزا کا آپس سے
جدا ہونا۔ کھوکھلا پن۔
تَخلّی ۔ع۔ خالی ہونا۔
تَخلیص ۔ع۔ خلاص کرنا چھوڑ دینا۔

تَخلِید ع۔ ہمبستگی کرنا۔ ہاتھ مین کنگن پہننا
تَخلِیط ع۔ کلام مین باطل کا ملانا۔
تَخلِیل ع۔ سرکہ کرنا۔ انگلیون مین انگلیان ڈالنا۔ وضو کرتے وقت داڑھی مین انگلیان ڈالنا۔ خلال کرنا۔
تَخلِیہ ع۔ خالی کرنا۔ چھوڑ دینا۔
تُخم ف۔ بیج۔
تَخماق ت۔ مینج گاڑنیکا میخچو۔
تُخم بازی ف۔ نوروز اور عید غیرہ کے دنون مین لڑکے رنگین انڈے سے کھیلتے ہین
تُخمِ چیزے برافتادن ف۔ کسی چیز کا نابود اور نیست اور معدوم ہوجانا۔
تَخمِیر ع۔ برہمی۔
تُخمہ ف۔ اصل۔ پیدائش۔ اولاد۔
تَخمِیر ع۔ خمیر اٹھانا۔
تَخمِین ع۔ اندازہ کرنا۔ اٹکل کرنا۔
تَخمِینًا ع۔ اٹکل اور اندازہ سے۔
تَخوِیف ع۔ ڈرانا۔
تَخوُّف ع۔ ڈرنا۔
تَخَیُّل ع۔ کسی چیز کا خیال مین لانا۔
تَخییل ع۔ کسیکو کسی بات کا خیال دلانا

فصل تا۔ مع دال مہملہ

تَدابِیر ع۔ جمع تدبیر کی۔ تجویزین۔
تَداخُل ع۔ ایک دوسرے مین داخل ہونا اور طبیبونکی اصطلاح مین ایک غذا کا بھی اچھی طرح ہضم نہین ہوئی دوسری کا کھا لینا
تَدارُک ع۔ کوئی چیز فوت شدہ کو پانا۔ ایک کام کا دوسرے تک پہونچنا۔
تَداوُل ع۔ ہاتھون ہاتھ ایک دوسرے سے لینا۔ دست بدست پھرنا۔
تَدارِی ع۔ دوا علاج کرنا۔
تَدبِیر ع۔ انجام کام کا سوچنا۔
تَدبِیر ع۔ کسی کام کے پیچھے پڑنا۔ غور کرنا انجام کام کا سوچنا۔
تَدحِین ع۔ دھوان کرنا۔
تَدرِیج ع۔ درجہ بدرجہ ہونا۔ تھوڑا تھوڑا ہونا
تَدرِیس ع۔ سبق دینا۔ علم سکھانا۔
تَدمِیر ع۔ تباہ کرنا۔ گمراہ کرنا۔
تَدفِین ع۔ زمین مین گاڑدینا۔ دفن کرنا۔
تَدقِیق ع۔ باریک کرنا۔ خوب کوٹنا۔ باریک بات کا نکالنا۔ آٹا گوندھنا۔
تَدَلُّک ع۔ بدن کا ملنا۔
تَدلِیس ع۔ خریدار پر مال کا عیب چھپانا
تَدمِیر ع۔ کسی کو ہلاکی مین ڈالنا۔
تَدَنُّس ع۔ چرک آلود ہونا۔
تَدنِیس ع۔ چرک آلود کرنا۔
تَدوِیر ع۔ گول پھرانا کسی چیز کا۔
تَدوِین ع۔ جمع کرنا۔ تالیف کرنا۔
تَدَہُّن ع۔ تیل ملنا۔
تَدَیُّن ع۔ دیندار ہونا۔ دینداری۔

فصل تا۔ مع ذال معجمہ

تَذَبذُب ع۔ دودلا ہونا۔ تردد کرنا۔ ڈبڈبا۔ ہلنا کسی چیز کا جو ہوا مین لٹکی ہو۔
تَذرُو ف۔ سینہ۔ بازو۔ اور بمعنی مرغ صحرائی جو نہایت خوشرنگ ہوتا ہے۔ اور یہ لفظ دال مہملہ سے لکھنا اور بمعنی کبک کہنا محض غلط ہے۔
تَذرو بہاری ت۔ سکندرنامہ مین مراد ہے کنیز ک آراستہ سے۔
تَذکِرہ ع۔ یادداشت۔ یاد۔ ذکر۔ اور بمعنی نصیحت کرنیکے بھی آتا ہے۔
تَذکار ع۔ ذکر کرنا۔ بکسر اول غلط ہے۔
تَذکُّر ع۔ یاد کرنا۔ یاد آجانا۔
تَذکِیر ع۔ ذکر کرنا۔ یاد دلانا نصیحت کرنا۔
تَذکِیہ ع۔ جانور کا ذبح کرنا۔ آگ بھڑکانا
تَذَلُّل ع۔ فروتنی اور عاجزی کرنا۔ اور اپنے کو دوسرے سے ذلیل جاننا۔
تَذلِیل ع۔ دوسرے کو ذلیل اور بیعزت کرنا
تَذلِیق ع۔ تیز کرنا۔
تَذنِیب ع۔ کسی چیز کو دمدار اور دنبالہ دار کرنا
تَذہِیب ع۔ سونیکا ملمع کرنا۔
تَذَیُّل ع۔ ایک چیز کو دوسری چیز کا دامن بنانا یعنی اسکے آخر مین لگانا۔

فصل تا۔ مع راے مہملہ

تَرت ف۔ یہ کلمہ اسطے تفصیل کے آتا ہے اور بمعنی

تازہ اور آبدار اور صاف اور پاکیزہ کے اور بمعنی نادم اور شرمندہ کے بھی آیا ہی۔

تُراب ۔ع۔ مٹی۔ زمین۔ خاک۔

تَراجُع ۔ع۔ پھر جانا۔ آپس مین رجوع کرنا

تراجی ۔ع۔ باہم مُدارات رکھنا۔

تَراخِی ۔ع۔ دیر۔ کاہل۔ تقصیر کرنا۔

تَرادُف ۔ع۔ وہ چیزین جو باہم مشابہ ہون

تَرازُو ۔ف۔ تنک۔ تلا۔ ٹکری۔ اور مراد طبیب اور اصطرلاب سے۔

تَرازِی پَہلَوَان ۔ف۔ مراد لڑنے والونکے نیز ونسے۔

تَرازِی زور ۔ف۔ کنایہ مالدار سے

تَرازِی زر ۔ف۔ کنایہ مالدار بخیل اور نازک مزاج سے۔

تَرازِی سنگ زن ۔ف۔ وہ ترازو جسکا ایک پلہ زیادہ ہو اور دوسرا کم۔

تَرازُو شدن ۔ف۔ مقابل ہونا۔ برابر ہونا۔ تیر اور نیزہ کی پھال کا نشانہ کی پُشت سے گذر جانا۔

تَرازِی کاؤُر ۔ف۔ کنایہ آفتاب سے

تَراش ۔ف۔ کاٹ۔ کٹاؤ۔ افتخار۔ آرائش۔ نفع۔ سود۔

تَراشہ ۔ف۔ چھلکا تراشا ہوا۔ اور ایک لوہے کا آلہ جس سے پتھر تراشتے ہین۔

تَراشِیدن ۔ف۔ کاٹنا۔ چھیلنا۔

تَراضِی ۔ع۔ آپس مین راضی اور خوشنود ہونا

تَراض ۔ع۔ تَراضِی کا مخفف ہی۔

تَراکُم ۔ع۔ انبوہ۔ بھیڑ۔

تَراکِیب ۔ع۔ جمع ہی ترکیب کی۔

تَرانَہ ۔ف۔ راگ۔ گیت۔

تَراوِش ۔ف۔ ٹپکنا۔ ٹپکا۔

تَراوِیدَن ۔ف۔ ٹپکنا۔

تَراہِی ۔ف۔ بیاپو دھانیا میوہ۔

تَرائِب ۔ع۔ سینہ کی ہڈیان۔ اور مجازاً بمعنی سینہ کے بھی آتا ہی۔

تُرُب ۔ف۔ مُولی جو ترکاری مشہور ہی

تِرِب ۔ع۔ ہمعمر۔ ہم سن۔

تَرَب ۔ع۔ خاک آلودہ ہونا۔ فقیر ہونا۔

تُرْبَت ۔ع۔ مٹی۔ زمین۔ قبر۔

تَرْبُز ۔ف۔ تربوز۔ ہندوانہ۔

تَرَبُّص ۔ع۔ اُمید رکھنا۔ توقف کرنا اور غلّہ کو بہ اُمید گرانی رکھ چھوڑنا۔

تَرْبِیَت ۔ع۔ پرورش کرنا۔ پالنا۔

تُرُت و مُرت ۔ع۔ بمعنی زیر و زبر۔ یعنی نیچے اور اوپر۔

تَرَتُّب ۔ع۔ راست اور درست ہونا۔

تَرْتِیب ۔ع۔ ہر چیز کا درجہ قائم کرنا۔ اور اُسکو اُسکی جگہ پر رکھنا۔

تَرتِیل ۔ع۔ قرآن شریف کے حرفون کو اُنکے مخارج سے ادا کرنا اور آہستگی اور اطمینان سے ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا۔

تَرجُمان ۔ع۔ وہ شخص جو ایک زبان کو دوسری زبان مین بتلا دے۔ اور بمعنی فصیح اور تیز زبان اور خوش تقریر کے بھی آتا ہی۔

تَرجَمَہ ۔ع۔ ایک زبان کے مطلب کو دوسری زبان مین بدلنا۔ اور معنی اُسکے بیان کرنا۔

تَرجِیع ۔ع۔ رجوع کرنا۔ اور بوقت مصیبت اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلَیہِ رَاجِعُون کہنا۔

تَرجِّی ۔ع۔ اُمید اُس چیز کی رکھنا جو مل سکے

تَرجِیح ۔ع۔ غلبہ دینا۔ افزون کرنا۔

تَرَح ۔ع۔ اندوہ۔ غم۔ رنج۔

تَرحال ۔ع۔ کوچ کرنا۔ سفر کرنا۔

تَرحِیب ۔ع۔ مرحبا کہنا۔ کسیکے آنے پر خوش ہونا

تَرحُّل ۔ع۔ کوچ کرنا۔

تَرحُّم ۔ع۔ رحم کرنا۔ ترس کھانا۔ دیا کرنا۔

تَرحِیب ۔ع۔ بمعنی تعظیم۔

تَرحِیل ۔ع۔ کسیکو سفر مین بھیجنا۔

تُرخان ۔ف۔ وہ شخص جسکو بادشاہ نے مواخذۂ عدالت سے بری کر دیا ہو۔ اور ایک قسم پودینہ کی۔ اور نام قوم جتائی کا۔ اور رئیس اور سردار اور شریف کو بھی کہتے ہین اور لقب ابو نصر خاقانی کا۔ اور یہ لفظ مجازاً عرف حال مین بمعنی مسخرہ بھی مستعمل ہی۔

تَرخِیم ۔ع۔ دُم کاٹنا کسی کلمہ کے حرف آخر کو گرا دینا

تَرخِیص ۔ع۔ رخصت کرنا۔ اجازت دینا

تَرَدُّد ـ ع ـ آمد و رفت کسبکاری شک فکر۔
تَرَدُّدات ـ ع ـ جمع تَرَدُّد کی۔
تَرَدامَن ـ ع ـ بدکار ـ گنہگار۔
تَرَدامَنی ـ ث ـ بدکاری ـ گنہگاری۔
تَرَدَست ـ ث ـ چست ـ چالاک ـ مشاق کاہل ہنر ـ تیز دست۔
تَرَدَماغ ـ ث ـ عقلمند صاحب شعور ـ سرخوش نیم مست یعنی نشہ کا سرور بھی ہو اور باحواس بھی۔
تَرَدماغی ـ ث ـ حالت عقل و شعور کی فرحت ـ سرور تازگی ـ مستی معتدل۔
تَرَدید ـ ع ـ رد کرنا ـ کسی بات کا جواب دینا
تَرَدیف ـ ع ـ کسی کے پیچھے ایک ہی گھوڑے پر سوار ہونا ـ دو لفظونکے ایک معنی ہونا۔
تَرزَبان ـ ث ـ فصیح ـ خوش کلام۔
تَرس ـ ث ـ خوف ـ ڈر ـ دہشت۔
تَرسکاری ـ ث ـ خدا سے ڈرنا۔
تُرس ـ ع ـ ڈھال ـ سپر سخت تیز۔
تُرسا ـ ث ـ نصارا ـ آتش پرست۔
تَرسان ـ ث ـ ڈرنیوالا ـ ڈرتا ہوا۔
تَرسانیدن ـ ث ـ ڈرانا۔
تَرسناک ـ ث ـ خوفناک ـ ڈراہوا۔
تَرسندہ ـ ث ـ ڈرنیوالا۔
تُرسی ـ ع ـ جو چیز ڈھال کی طرح چوڑی ہو اور سپر کی صورت سے مشابہ ہو۔
تَرسیدن ـ ث ـ ڈرنا ـ خوف کرنا۔

تَرسیل ـ ع ـ روانہ کرنا بھیجنا ـ نامہ بھیجنا۔
تُرش ـ ث ـ کھٹا ـ چوکا ـ ناراض ـ خفا
تُرشرو ـ ث ـ بدخلق۔
تَرشح ـ ع ـ ٹپکنا پانیکا ـ پانی کا چھلکنا ـ مجازاً کم کم بوندیان مینھ کی پڑنا۔
تَرشدن ـ ث ـ شرمندہ اور منفعل ہونا۔
تَرشیح ـ ع ـ پانی دینا اور نام ایک صنعت کا
تَرشی ـ ث ـ کھٹائی ـ خفگی ـ ناراضی۔
تَرصُّد ـ ع ـ اُمید ـ گھات لگانا ـ اُمید رکھنا۔
تَرصیع ـ ع ـ زیور کو جواہر سے جڑاؤ کرنا شعر با قافیہ و ردیف کہنا ـ عبارت تقفی لکھنا
تَرصیص ـ ع ـ مضبوط بنانا ـ رانگہ کے ساتھ کسی چیز کو جوڑنا اور بند کرنا۔
تَرطیب ـ ع ـ تر کرنا ـ مزاج مین تری لانا
تُرغاک ـ ت ـ ہا سبانی ـ نگہبانی شب۔
تُرغاق ـ ت ـ اور بمعنی پاسبان بھی آیا ہی
تَرغیب ـ ع ـ رغبت دلانا ـ لالچ دینا۔
تَرف ـ ع ـ پنیر جو خشک دہی کا بنتا ہی۔
تَرفُّع ـ ع ـ بلندی ڈھونڈھنا ـ کنایہ غرور سے
تَرفیق ـ ع ـ مہربانی کرنا ـ نرمی کرنا۔
تَرفّہ ـ ع ـ آسودگی ـ دولتمندی۔
تَرفیہ ـ ع ـ آسودہ کرنا ـ آسودگی۔
تَرقُب ـ ع ـ اُمید رکھنا ـ اُمید ـ انتظار۔
تَرقُوہ ـ ع ـ گردنکی ہنسلی ـ جمع اسکی تراقی ہی
تَرقی ـ ع ـ بلند ہونا ـ اوپر چڑھنا۔

تَرقیق ـ ع ـ باریک کرنا۔
تَرقیدن ـ ث ـ پھٹنا ـ پھوٹنا ـ شگافتہ ہونا
تَرقیم ـ ع ـ لکھنا ـ رقم کرنا۔
تَرقین ـ ع ـ سطر و نکو پاس پاس لکھنا حرفون پر نقطے اور اعراب لگانا ـ کتاب کا زینت دینا ـ مہندی کا خضاب کرنا۔
تُرک ـ ع ـ چھوڑنا ـ چھوڑ دینا۔
تُرک ـ ث ـ نام ایک قوم کا ترکستان مین لکھا ہی کہ یہ لوگ اولاد ترک بن یافث بن نوح علیہ السلام سے ہین ـ اور مجازاً بمعنی سپاہی اور معشوق کے مستعمل ہی
تُرکِ چین ـ ث ـ آفتاب بہ اعتبار اسکے کہ وہ چین کی طرف نکلتا ہی۔
تُرکِ چھاریِ ـ ث ـ کنایہ آفتاب سے
تُرکِ فلک ـ ث ـ کنایہ ستارۂ مریخ سے اور بعضے کہتے ہین کہ مراد آفتاب سے۔
تُرکان ـ ث ـ ترکی عورتون کا خطاب جیسے ہند مین بیگم۔
تُرکتاز ـ ث ـ دوڑ ـ دھوپ ـ حملہ آور ـ اور بمعنی مرد سپاہی اور غارتگر کے بھی آیا ہی۔
تُرکُردن ـ ث ـ کنایہ دھونے سے۔
تُرکش ـ ث ـ تیر رکھنے کا خانہ۔
تُرکمان ـ ث ـ ترک کے مانند اور نام ایک قوم کا ترک مین جسکے لوگ بڑے بہادر ہوتے ہین
تَرکہ ـ ع ـ مال مردہ کا۔

تُرکی ۔ ف ۔ زبان قوم ترک کی جو ترکستان مین بولی جاتی ہو۔

تُرکی تمام شد ۔ ف ۔ عزور جاتا رہا۔

تُرکی کردن ۔ ف ۔ ظلم وستم کرنا۔

تَرکیب ۔ ع ۔ مرکب کرنا۔ کئی چیزون کا باہم آمیز کرکے کوئی چیز بنانا۔

تَرکیدن ۔ ف ۔ شق ہونا۔ پھٹ جانا۔

تُرشک ۔ ف ۔ لوہے کا خود۔

تَرحیم ۔ ع ۔ مرمّت کرنا۔

تَرَن ۔ ف ۔ گل نسرین۔

تَرکانہ ۔ ف ۔ روٹی مع دال سالن۔

تُرُنج ۔ ف ۔ مشہور میوہ ہی مثل بڑے نیبو کے

تہ میدانی ۔ف۔ آدمی بے سروپا۔ خانہ بدوش جسکا گھر دار نہو۔

تہ نشان ۔ف۔ تلوار وغیرہ کے قبضہ پر جو سونے یا چاندی کے تاروں کا کوفت کا کام بنتا ہے مثل گل بوٹے کے۔

تہ نشین ۔ف۔ تہ پر بیٹھنے والا۔ تلچھٹ

تہنیت ۔ء۔ مبارکباد دینا۔ گوارا کرنا

تہ و بالا ۔ف۔ زیر و زبر نیچے اوپر۔

تہوّد ۔ء۔ نیک کام کرنا۔ توبہ کرنا۔ مذہب یہود اختیار کرنا۔

تہوّر ۔ء۔ مردانگی۔ زیادتی۔ قوت غضبی کی

تہوّع ۔ء۔ ڈاک لگنا۔ یعنی قے کی آواز ہو اور مادہ کچھ نہ نکلے۔ ہندی اُبکائی۔

تہویل ۔ء۔ خوف دلانا۔ ڈرانا۔

تہی ۔ف۔ خالی جو بھرا ہوا نہو۔

تہی آخر ۔ف۔ وہ شخص جسپر کھانا پانی بند ہو اب دو دانہ کے قحط میں مبتلا ہو۔

تہیج ۔ء۔ آندھی اور غبار کا اُٹھنا۔

تہی کرد ۔ف۔ یعنی بھاگا۔

تہی کردن جاے ۔ف۔ مراد کوچ کرنا۔

تہی ماندن ۔ف۔ محروم رہنا۔

تہیدست ۔ف۔ خالی ہاتھ۔ مفلس۔

تہیگاہ ۔ف۔ چوتڑ سے اوپر اور پہلو سے نیچے جو مقام ہے۔ ہندی کُکھ۔ کوکھ۔

تہی مغز ۔ف۔ بیوقوف۔ جاہل۔

تہیّہ ۔ء۔ تیاری۔ سامان۔

فصل تا۔ مع یاے تحتانی

تی ۔ف۔ مخفف تہی بمعنی خالی کا۔

تی تی ۔ف۔ ولایت کے گوئے ناچنے کے وقت یہ الفاظ کہتے ہیں جیسے ہندیمن ناچ کی تعلیم دیتے وقت ہاتھ سے تال دیتے ہیں اور زبان سے مثل تاتا تھئی وغیرہ کے کہتے ہیں۔

تیار ۔ء۔ موجزن۔ جلد رفتار۔ کودنے اور اُچھلنے والا۔ مجازاً بمعنی موجود اور مہیا اور درست اور قابل کام کے اور ان مجازی معنوں میں تیار نائے فوقانی اور طیار طاے حطی سے دونوں طرح صحیح ہے۔

تیاسا ۔ء۔ دفع کرنا۔ استغفار۔ عشوہ۔ ناز۔

تیر ۔ف۔ کمان کا تیر۔ ستارۂ عطارد۔ نام چوتھے مہینے سال شمسی کا جب آفتاب برج

سرطان مین ہوتا ہو ہندی مین تقریباً ماہ ساون اور اسکو (تیرماہ) بھی کہتے ہین۔ ہر مہینے شمسی کی تیرھوین تاریخ۔ سیدھی لکڑی چھت کی۔ طاقت۔ قدرت۔ غصہ۔

تیرآور۔ ف۔ مکار۔ حیلہ گر۔ قرمساق۔

تیر بکسے دادن۔ ف۔ بادشاہ ہونکا قاعدہ تھا کہ جب کسی کو امان دینا منظور رہتا تھا تو اپنے نام کا کھدا ہوا خاص تیر اُسکو دیتے تھے گویا یہ نشانی امان دینے کی تھی۔

تیر پرتاب۔ ف۔ ایک قسم کا تیر جو بہت دور جائے اور تیز ہوائی۔

تیر تامہ۔ ف۔ تیر کامل اور بے عیب۔

تیر تظلم۔ ف۔ کنایہ مظلوم کی آہ سے۔

تیر چرخ۔ ف۔ ستارۂ عطارد۔

تیر خدنگ۔ ف۔ مراد مضراب سے جس سے ستار وغیرہ بجاتے ہین۔

تیردان۔ ف۔ ترکش جسمین تیر رکھین

تیرودکمانہ۔ ف۔ وہ تیر جو نشانہ پر لگ کے اُچٹ کر دوسری جگہ کو توڑے۔

تیردستی۔ ف۔ لاٹھی۔ عصا۔

تیرساز۔ ف۔ ساز کی مضراب۔

تیرسبک زخمہ۔ ف۔ } وہ تیر جو کبھی
تیرشکرزخمہ۔ ف۔ } خطا نہ کرے

تیرکاکل رُبا۔ ف۔ وہ تیر جو کاکل کو اُڑادے اور صاحب کاکل کو ضرر نہ پہونچے اور عیب کمال مبالغہ ہو تعریف پر اندازمین۔

تیرکش۔ ف۔ تیردان اور ترکش اسکا مخفف ہو اور وہ سوراخ جو دیوار قلعہ وغیرہ مین ہوتے ہین جس سے توپ و بندوق حریف کو مارتے ہین۔ ہندی رندہ۔ جھانکی

تیرکشیدن۔ ف۔ اصطلاحاً درد کرنا۔

تیرکش زدن۔ ف۔ اصطلاحاً زخم تیر سے خون جاری ہونا۔

تیرگی۔ ف۔ تاریکی۔ سیاہی۔ دُھندھلاپن اور معنی کدورت خاطر کے بھی آتا ہو۔

تیرگردانی۔ ف۔ جب کوئی چیز گم ہوجاتی ہو تو حاضرین کے نام دور پیالہ پر لکھکر تیر اُسمین رکھتے ہین اور افسون پڑھتے ہین تیر خود بخود حرکت کرکے چور کے نام پر ٹھہر جاتا ہو۔

تیرگان۔ ف۔ مراد مظلوم سے۔

تیرہوائی۔ ف۔ وہ تیر جو آسمان کیطرف پھینکین اور ایک قسم آتشبازی کی۔

تیرہ۔ ف۔ تاریک۔ سیاہ رنگ۔ گندلا خشمناک۔ غصہ والا۔

تیرہ روزی۔ ف۔ عیاری۔ مکاری بدقسمتی۔ مفلسی۔

تیرہ روزگار۔ ف۔ بدنصیب۔ بدقسمت

تیز۔ ف۔ چالاک۔ دھار جو خوب کاٹ کرے۔ یہ لفظ یاے مجہول سے ہو۔

تیز۔ ف۔ یاے معروف سے گوز۔ پاد۔

تیزدان۔ ف۔ یاے معروف سے مقعد۔

تیزہوش۔ ف۔ عقلمند۔ دانا۔

تَیْس۔ ع۔ بکرا۔ آہوے نر۔

تَیَسُّر۔ ع۔ آسان ہونا۔

تَیْسِیر۔ ع۔ آسان کرنا۔ آسانی۔

تَیْش۔ ت۔ یاے مجہول سے دندان اور لفظ تیشہ اسی سے ماخوذ ہو۔

تیشہ۔ ف۔ لکڑی تراشنے کا ہتھیار مراد بڑھئی کے بسولے سے۔

تیشہ بر پاندن۔ ف۔ مراد ہو معذوری رفتار سے۔

تیغ۔ ف۔ مبدل تیز کا۔ جیسے آمیز اور آمیغ تلوار۔ چھری۔ خنجر۔ اور مراد پشت یعنی پیٹھ اور روشنی ماہ یعنی چاندنی سے۔

تیغا۔ ف۔ خنجر۔ چھوٹی تلوار۔

تیغ بخاک کردن۔ ف۔ مراد ہو فساد اور خونریزی کے ترک کرنے سے۔

تیغ دُودَمہ۔ ف۔ وہ تلوار جسکے دونون طرف باڑھ یعنی دھار اور آبداری ہو۔

تیغدار۔ ف۔ مراد پہلوان سے۔

تیغ زنگارخورد۔ ف۔ مراد پرانی تلوار سے

تیغ سوزن ربا۔ ف۔ } وہ تلوار جو اپنی
تیغ سوزن دار۔ ف۔ } کمال آبداری سے سوئی کو اُٹھالے۔ مراد یہ کہ بڑی آبدار۔

تیغ شدن۔ ف۔ رد بدل ہونا۔

تیغ کشیدن مینی - ف - کنایہ ہی مریض کی ناک کے گوشت خشک ہونے اور ہڈی کے اُبھر آنے سے - اور یہ علامت بد ہی -
تیغ کوہ - ف - پہاڑ کی چوٹی -
تیغ مُہندّر - ف - ہندوستان کی بنی ہوئی تلوار اسلیے کہ عرب اور عجم مین تیغ ہندی کا بڑا اعتبار ہوتا ہی -
تیغ و ترنج بمیان آوردن - ف - کنایہ ہی امتحان لینے سے - ماخذ اس اصطلاح کا تیغ و ترنج زلیخا کا ہی جو اُسنے حضرت یوسف کے امتحان حُسن کیلیے زنان مصر کے ہاتھ مین دیا تھا -
تیغہ پُشت - ف - قطار مہرہاے پشت
ریڑھ کی ہڈی کی گریان -
تیقُّظ - ع - بیدار ہونا - بیداری -
تیقّن - ع - یقین کرنا - اعتبار کرنا -
تیقیظ - ع - بیدار کرنا - اور بمعنی بیداری مستعمل ہوتا ہی -
تیم - ع - بندہ - غلام -
تیمم - ف - یاے معروف سے کار وانسرا اور کنایہ دنیا سے -
تیماج - ف - بوداردچمڑا جسکو ادیم اور بلغار بھی کہتے ہین -
تیمار - ف - غمخواری اور خدمت کرنا اور بیمار کا علاج کرنا -
تیمم - ع - بجاے پانیکے پاک مٹی سے ہاتھ اور منہ کا مسح کرنا بموجب قاعدۂ شرع کے -
تیمّن - ع - بابرکت ہونا - مبارکبادی لینا - برکت لینا -
تیمور - ت - بمعنی فولاد - اور نام ایک بادشاہ مشہور کا - اس لفظ مین یاے تحتانی (تیمُر) اور چونکہ ترکی مین اعراب بالحروف ہوتے ہین لکھنا جائز ہی - مگر بان نظم مین بضرورت وزن شعر اگر اشباع سے پڑھا جائے تو جائز ہی -
تین - ع - انجیر مشہور میوہ ہی -
تینُاب - ف - بروزن سیماب - سوتے مین جو خواب دیکھتے ہین - ع - رؤیا -
تیول - ت - جاگیر - مدد معاش -
تیہ - ع - تکبّر اور غرور کرنا - اور وہ بیابان جسمین چلنے والا ہلاک ہو - اور ہر طرف پریشان اور سرگردان پھرتا - اور اصطلاحاً وہ جنگل جسمین حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم سمیت چالیس برس سرگردان رہے -
تیہ بنی اسرائیل - ع - وہ جنگل جسمین حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم سمیت چالیس برس تک سرگردان رہے اور اُس سے نکل سکے قوم مین بارہ سبط اور ہر سبط مین پچاس ہزار آدمی تھے
تیہو - ف - م - ایک پرند مشہور کا نام ہی
تیہوج - ف - تیہوج معرب تیہو کا ہی

باب ثاے مثلثہ

فصل ثا مع الف

ثابت - ع - قائم - مضبوط -
ثاد - ع - فم - جاڑا - سرا -
ثار - ع - بدلہ خون نکالینا - طلب خون کرنا -
ثاقب - ع - روشن - درخشان - ادنٹنی جسکے دودھ بہت ہو -
ثالث - ع - تیسرا -
ثالث ثلاثہ - ع - قوم نصاریٰ کہ تین خدا کے قائل ہین - حق تعالیٰ - عیسیٰ - مریم -
ثالثہ - ع - ساٹھوان حصہ دقیقہ کا یعنی لمحہ اور لحظہ - منٹ کا ساٹھوان حصّہ -
ثنا ئیل - ع - بروزن مفاعیل جمع ہی ثولول کی جسکی ہندی مسہ ہی اور سرپستان یعنی گھنڈی
ثامن - ع - آٹھوان حصہ یعنی (۱/۸)
ثانی - ع - دوسرا -
ثانیہ - ع - دقیقہ - انگریزی سکنڈ - یعنی ساٹھوان حصہ گھنٹہ کا - منٹ -
ثانوی - ع - دوسرے والا - دومی -
ثائر - ع - کینہ کا بدلہ لینے والا -

فصل ثا مع باے موحدہ

ثبات - ع - پائداری - قیام -
ثبت - ع - لکھنا - تحریر کرنا - قرار دینا - حجت اور بمعنی مرد معتمد - ثابت دل - سچا -

ثُبُوت ع۔ ثابت ہونا۔
ثُبُور ع۔ کسیکو ہلاک کرنا۔ ہلاکت اور ہلاک ہونا۔ نیست و نابود ہو۔

فصل ثا۔ مع جیم

ثَجّ ع۔ پانی اور خونکا جاری ہونا۔ بہنا قربانی کے خونکا۔
ثَجّاج ع۔ جاری کرنیوالا۔ جاری ہونیوالا
ثَجِیج ع۔ پانی اور خونکا بہنا۔

فصل ثا۔ مع خاے معجمہ

ثُخُن ع۔ دل۔ مُٹاپا۔ عجم۔
ثَخِین ع۔ مُحکم۔ دلدار۔ موٹا۔ سخت۔

فصل ثا۔ مع دال مہملہ

ثَدی ع۔ انسانکی چھاتی۔ چوچی۔ خواہ مرد ہو خواہ عورت۔ اور بہائم کی چھاتی کو ضرع کہتے ہین۔

فصل ثا۔ مع راے مہملہ

ثَرا ع۔ مالدار ہونا۔ تونگری۔
ثَرب ع۔ چربی کی ہلکی چادر جو معدہ اور آنتو پر محیط ہی۔
ثَرو ع۔ روٹی کے ٹکڑے شوربے مین بھگونا۔ مینھ کی بھوار پڑنا۔
ثَرط ع۔ سریش۔
ثَروت ع۔ کثرت مالکی۔ تونگری۔ نعمت
ثَری ع۔ خاک۔ نمناک۔ زیر زمین۔
ثُرَیّا ع۔ پروین چھ ستارے ہین آسمان پر باہم متصل ہندی جھمکا۔ اور کبھی مراد دانتونسے بھی ہوتی ہی۔ نام ایک عورت کا جو بڑی حسینہ تھی۔
ثَرِید ع۔ روٹی کے ٹکڑے گوشت کے شوربے مین بھیگے ہوے۔

فصل ثا۔ مع عین مہملہ

ثَعالِب ع۔ جمع ثعلب کی جس کو ہندی مین لومڑی کہتے ہین۔
ثُعبان ع۔ بڑا سانپ۔ اژدہا۔ جمع اسکی ثعابین آتی ہی۔
ثَعلَب ع۔ روباہ۔ لومڑی۔
ثَعلَبان ع۔ نر لومڑی۔ روباہ نر۔
ثَعلَبِیَّہ ع۔ نام ایک مقام کا ہی۔

فصل ثا۔ مع غین معجمہ

ثَغر ع۔ آگے کے دانت۔ سرحد ملک اسلام اور ملک کفار کے درمیان کی۔ جگہ خوف کی اور بمعنی دانت توڑنیکے بھی آیا ہی۔
ثُغرہ ع۔ گھوڑے کے سینہ کے اوپر کا گڑھا آدمی کی گردن کے نیچے ہنسلی کا گڑھا۔ اونٹ کی گردن کا گڑھا جہان قربانی کے لیے نیزہ مارتے ہین۔ آدمی کے سینہ اور شکم کے درمیان کا گڑھا جسکو ہندی مین کوڑی کہتے ہین
ثُغُور ع۔ جمع ثغر بمعنی سرحد کے۔

فصل ثا۔ مع فا

ثَفر ع۔ پاردم۔ ہندی دُچی۔
ثُفل ع۔ بھوسی۔ پاخانہ۔ پھوک۔

فصل ثا۔ مع قاف

ثِقات ع۔ جمع ثقہ کی۔ معتمد لوگ۔
ثَقالَت ع۔ گرانی۔ بوجھ۔ بھاری پن۔
ثَقابَہ ع۔ آگ کا بھڑکنا۔
ثَقافَہ ع۔ عقلمند ہونا۔ استوار ہونا چست ہونا
ثِقال ع۔ موٹی عورت۔ بڑے چوتڑوالی
ثُقبۂ عَنبِیَہ ع۔ ایک سوراخ ہی وسط مین طبقۂ عنبیہ کے درمیان آنکھ کے جسکو فارسی مین مردمک اور ہندی مین پُتلی کہتے ہین روشنی اسی مین ہوکر آنکھ کے اندر جاتی ہی۔
ثُقبہ ع۔ سوراخ۔ چھید۔
ثُقَب ع۔ جمع ثقبہ بمعنی سوراخ کی۔
ثِقَت ع۔ استواری۔ مضبوطی۔
ثِقَل ع۔ گرانی۔ بوجھ۔ زمین مین گڑا ہوا مال۔ مردہ۔ گناہ۔ جمع اسکی اثقال ہی۔
ثَقَل ع۔ بھاری ہونا۔ گرانبار ہونا۔
ثَقَل ع۔ مسافر کا مال اور نوکر چاکر حشم نفیس جو رکھ چھوڑنے اور باحتیاط رکھنے کے قابل ہو جیسا کہ حدیث شریف مین ہی۔ انی تارک فیکم الثقلین۔ ثقلین ثقل کا تثنیہ ہی۔
ثَقَلان ع۔ } دو گروہ انس اور جن کے۔
ثَقَلَین ع۔ }
ثِقہ ع۔ اعتماد کرنا۔ استواری۔ مرد معتمد جسکے قول اور فعل پر اعتبار ہو۔

ثقیل ع۔ گران۔ بھاری۔ بوجھل

فصل ثا۔ مع کاف

ثکل ع۔ مرنا۔ ہلاک ہونا۔ کسی کے دوستو کا کم ہو جانا۔ بغیر فرزند ہونا ماننکا۔

ثکلی ع۔ وہ عورت جسکا فرزند مر گیا ہو۔

فصل ثا۔ مع لام

ثلاثا ع۔ منگل کا دن۔ روز سہ شنبہ۔

ثلاث ع۔ تین۔

ثلاث ع۔ تین تین۔

ثلاثہ غسالہ ع۔ اصطلاح میں وہ تین پیالے شراب کے جو وقت صبح پیتے ہیں اور اس سے غم اور بدنکی کثافت اور چہرہ کی تیرگی جاتی ہے

ثلاثی ع۔ وہ صیغہ جسمیں اصلی تین حرف ہوں

ثلب ع۔ بوڑھا اونٹ۔ مرد پیر۔

ثلب ع۔ عیب کرنا۔ نقصان کرنا۔

ثلث ع۔ چرک۔ میل۔

ثلثہ ع۔ بوڑھی اونٹنی۔

ثلث ع۔ تیسرا حصہ یعنی (۱/۳) اور بسکون لام بھی آیا ہے۔ اور نام ایک خطا کا۔

ثلثان ع۔ تین حصوں میں سے دو حصے

ثلثون ع۔ تیس (۳۰)

ثلج ع۔ برف۔

ثلع ع۔ ثلغ ع۔ کسی کا سر توڑنا۔

ثلم ع۔ سوراخ کرنا۔

ثمالہ ع۔ آدمیو نکا غول۔

فصل ثا۔ مع میم

ثم ع۔ پس۔ پھر۔

ثم ع۔ آنجا۔ اُسجگہ۔

ثمار ع۔ جمع ثمر بمعنی میوہ کی۔

ثمال ع۔ مرد کارگزار۔ آدمیونکا فریادرس

ثمال ع۔ زہر ہلاک کرنیوالا۔

ثمان ع۔ آٹھ یعنی (۸) ملے۔

ثمانین ع۔ اسی یعنی (۸۰) ملے۔

ثمد ع۔ تھوڑا پانی۔

ثمر ع۔ پھل درخت کا۔ میوہ۔ مال۔ زر فرزند۔ سونا۔ چاندی۔ نتیجہ۔

ثمر ع۔ مال بسیار۔

ثمرات ع۔ جمع ثمرہ بمعنی میوہ کی۔

ثمرہ ع۔ نتیجہ۔ پھل۔ انجام۔ میوہ۔

ثمن ع۔ قیمت۔ مول۔ قدر۔

ثمن ع۔ آٹھوان حصہ یعنی (۱/۸)۔

ثمود ع۔ نام ایک شخص کا نسل نوح علیہ السلام سے چوتھی پشت۔ اور نام ایک قبیلہ کا جنکے لوگو نپر حق تعالیٰ نے حضرت صالح کو بھیجا تھا یہ نبی ثمود کہلاتے تھے منسوب طرف ثمود کے ان لوگون نے حضرت صالح کی اونٹنی کے پانون کاٹ ڈالے اور اس سبب سے غارت ہو گئے۔

ثمیر ع۔ میوہ دار۔

ثمین ع۔ قیمتی۔ گرانبہا۔

ثمینہ ع۔ چیز گران قیمت۔ بیش بہا۔

فصل ثا۔ مع نون

ثنی ع۔ گاؤ اور گوسفند جسکو تیسرا برس اور گھوڑا جسکو چوتھا برس اور اونٹ جسکو چھٹا برس ابھی ابھی شروع ہوا ہو۔

ثنا ع۔ تعریف۔ مدح۔ ستایش۔

ثنا ع۔ مکان کا صحن۔ وہ رسی جس سے اونٹ کے زانو باندھین۔

ثنایا ع۔ چار دانت سامنے کے دو اوپر اور دو نیچے۔ اور بضم اول پڑھنا خطا ہے

ثنائی ع۔ لفظ دو حرفی۔ اور دندان ثنائی دو دانت آگے کے۔

فصل ثا۔ مع واو

ثواب ع۔ مزد۔ بدلا۔ نیک عوض۔ مگر امور خیر اور اچھی باتونکا جو آخرت مین ملیگا۔

ثواب ع۔ بروزن صراف۔ لباس بیچنے والا اور لباس رکھنے والا۔

ثوابت ع۔ وہ ستارے جو حرکت نہین کرتے

ثواقب ع۔ روشنی دینے والی چیزین۔

ثوب ع۔ کپڑا۔ جامہ۔ لباس۔

ثوباد ع۔ خیمہ۔ خیمہ۔ جاہی۔

ثوبان ع۔ واپس آنا۔ اور نام ہر غلام جناب رسول مقبول صلعم کا۔

ثور ع۔ بیل۔ نرگاؤ۔ نام دوسرے برج کا آسمان پر جو شکل بیل ہے۔ نام پدر قبیلہ کا

سفیان ثوری منسوب طرف اسی قبیلہ کے نام ایک پہاڑ کا کہ مظہ مین۔ اور بمعنی پیوے کے قوم کا ایک جو پانی پر بجاتی ہی۔ جسکو فارسی مین جابر غوک کہتے ہین سفیدی جو ناخن کی جڑ مین ہوجاتی ہی مرد احمق۔ نادان آدمی۔ گرد و غبار کا اٹھنا خصیہ کا بڑھ جانا۔ ٹیڈیکا پھولنا خوکا نکلنا

ثوران ع۔ گرد و غبار کا اٹھنا۔ خون کا جوش مارنا فتنہ و فساد کا ہونا۔

ثولول ع۔ سرپستان۔ ہندی بھٹنی اور بمعنی مسہ۔ جمع اسکی ثآلیل بروزن مفاعیل ہی

ثوم ع۔ سیر۔ ہندی لہسن۔

فصل ثا مع یاے تحتانی

ثیاب ع۔ پہننے کے کپڑے جمع ثوب کی۔

ثیبہ ع۔ وہ عورت جو کنواری نہو خواہ اسکا شوہر زندہ ہو خواہ مردہ۔

ثیبات ع۔ زنان شوہر دیدہ۔ جمع ثیبہ کی

باب جیم عربی

فصل جیم مع الف

جا۔ ت۔ جگہ۔

جا بجا۔ ت۔ جگہ جگہ۔ ہر ایک جگہ۔

جابر ع۔ جبر کرنیوالا۔ زیادتی کرنیوالا بھروٹیوالا جوڑ بٹھانیوالا۔ شکستہ بند۔

جابلسا ع۔ بہت بڑا شہر ہی سرحد مغرب مین

جابلقا ع۔ بہت بڑا شہر ہی سرحد مشرق مین

جاثمین ع۔ اوندھے پڑے ہوے لوگ مرے ہوے لوگ بیحس و حرکت والے۔

جاثوم ع۔ کابوس ایک عارضہ کا نام ہی جس سے آدمی سوتے مین ڈرتا ہی۔

جاجم ت۔ ایک قسم ہی فرش رنگین کی۔

جاحد ع۔ باوجود جاننے کے انکار کرنیوالا

جاحظ ع۔ وہ شخص جسکی آنکھ کا ڈھیلا باہر نکلا ہو۔ اور نام ایک عالم مشہور کا۔

جادا و۔ ت۔ مرادلیت اسباب مکان سے

جادادن ت۔ جگہ دینا۔

جادل ع۔ لڑنیوالا۔ بیدلیل بحث کرنیوالا

جادو۔ ت۔ منتر۔ سحر اور اسکے معنی جادوگر کے بھی آتے ہین۔

جادوکشان ت۔ جادوگرونکے قتل کرنیوالے

جادوگر۔ ت۔ جادو کرنیوالا۔ ساحر۔

جادوی ت۔ سحر۔ ساحری۔

جادہ ع۔ راہ راست اور راہ باریک جو صحرا مین پیدل مسافرونکی آمد و رفت سے بنجاتی ہی۔ ہندی پگڈنڈی۔ مگر فارسی مین یہ لفظ بے تخفیف دال مستعمل ہی یعنی (جادہ)

جاذب ع۔ کشش کرنیوالا۔ جذب کرنیوالا

جاذبہ ع۔ جذب کرنیوالی۔ یہ ایک قوت کا نام ہی جو انسان کے جسم مین ہی اور بمعنے تاثیر اور کشش محبت کے بھی مستعمل ہی۔

جار ع۔ ہمسایہ۔ پڑوسی۔ شریک تجارت مین پناہ مانگنے والا۔ پناہ دیا گیا۔ شوہر زن

جار ت۔ جمعیت۔ ڈھنڈھوریے کی آواز

جارچی ت۔ نقیب۔ ڈھنڈھوریا۔

جارزدن ت۔ ڈھنڈھورا پٹوانا۔

جارحہ ع۔ زخم کرنیوالا۔ جانور شکاری ہاتھ اور دوسرا عضو آدمی کا۔ جوارح جمع ہی۔

جاروب ت۔ جھاڑو۔ سوینی۔

جاری ع۔ روان۔ بہتا ہوا۔

جاری مجری ع۔ قائم مقام۔

جاریہ ع۔ کشتی۔ آفتاب۔ لونڈی۔ بیٹی جاری ہونیوالی۔ نعمت جو خدا کی طرف سے ملے۔ جواری اسکی جمع آتی ہی۔

جازم ع۔ قصد مضبوط کرنیوالا۔ ساکن کرنیوالا حرف متحرک کو۔ قطع کرنیوالا۔

جاسوس ع۔ جو شخص ایکہ ایک کی خبر پوشیدہ دوسرے ملک مین بھیجے بالائے جستجو کرنیوالا احوال کا۔ جواسیس اسکی جمع ہی۔

جاعل ع۔ پھیرنیوالا۔ ظاہر کرنے والا پیدا کرنیوالا۔ بنانیوالا۔

جاغر ت۔ مرغوکا چینہ دان یعنی پوٹہ جسکو عربی مین حوصلہ کہتے ہین۔

جاف ع۔ خشک۔

جانی ع۔ ظلم کرنیوالا۔ جفا کرنیوالا۔

جاگرم کردن ت۔ کسی جگہ دیر تک بیٹھنا

جاگیر ت۔ قطعہ زمین جو سرکار سے ملے۔

جاگیردار - ت - جسکو جاگیر ملی ہو -
جالب ع - اپنی طرف کسی چیز کا کھینچ لینے والا
جالس ع - بیٹھنے والا - بٹھانیوالا -
جالوت ع - نام بادشاہ کافر کا جسکو طالوت نے بمدد ہی داؤد علیہ السلام قتل کیا تھا -
جالہ - ت - ہرزن لالہ - دریا سے پار ہونیکا آلہ جو چند لکڑیان باندھکر بطور کشتی کے بنا لیتے ہین اور چند مشک کو پھونک کر اُسکے نیچے باندھکر اُسپر بیٹھ لیتے ہین -
جالینوس مب - ایک مشہور یونانی حکیم کا نام
جالی ع - جلاکر نیوالا - صاف کرنے والا کدورت کا روشن کرنیوالا -
جام - ت - پیالہ شراب پینے کا - نام شہر کا خراسان مین جو مولد عبدالرحمن جامی کا ہی اور کبھی مراد آسمان سے بھی ہوتی ہی -
جام جہان نما - ت - } کیخسرو نے ایک بڑا
جام جہان بین - ت - } جام بنایا تھا اور اُسمین ہندسہ اور خطوط ایسے کندہ کیے تھے جس سے حوادث روزگار اور احوال عالم کے خبر شگون کا معلوم ہوجاتا تھا جسطرح اصطرلاب کے خطوط اور رقوم سے ستارہ نکا حال معلوم ہوتا ہی -
جام جم - ت - مناسبت جام کی جمشید کی طرف اسوجہ سے ہی کہ اُسی نے پہلے پہل جام بنایا تھا
جام سحر - ت - آفتاب -
جام سفالینہ - ت - مراد آدمی کے جسم سے

جام عالی - ت - پیالہ بہت بڑا - کاسہ -
جام فرعونی - ت - فرعون نے ایک جام سونیکا اتنا بڑا بنوایا تھا جسکو چار آدمی اُٹھاکر مجلس مین دورہ دیتے تھے -
جام کیخسرو - ت - جام جہان نما -
جام گیتی نما - ت - جام جہان نما - اور یوسف لیخا مین ایک مقام پر مراد دل سے -
جام یافت - ت - یعنی مراد پائی -
جامح ع - سرکشی کرنیوالا -
جامد ع - مثل پتھر کے جما ہوا - اور وہ لفظ جس سے کوئی مشتق نہو - اور نہ وہ کسی سے مشتق ہو
جامع ع - جمع کرنیوالا - شامل - اور وہ مسجد جسمین نماز جمعہ پڑھین -
جامعیت ع - سب طرح کی خوبیان جمع کرنیوالا ہونا - جامع ہونا -
جامغول - ت - حرامزادہ - شریر خرابدی -
جاگی - ت - روزینہ - وظیفہ - جامہ کہنہ -
جاگھٹ جو شراب پینے کے بعد پیالے مین باقی رہے اور بمعنی خوراک جو فوکریا غلام کو دین -
جاموس - مب - بھیدیا - ارنہ -
جامہ - ت - پہننے کے کپڑے - بچھانیکا فرش صراحی - پیالہ شراب کا یعنی جام کا مزید علیہ
جامہ درخم نیل کردن - ت - مراد ہی تغریت کرنے اور ماتمداری سے -
جامہ سُرخ پوشیدن - ت - قہر و غضب مین ہونا

جامہ صورت - ت - وہ کپڑا جسپر تصویرین ہون
جامہ غوک - ت - کائی جو پانی پر ہوتی ہی
جامہ فتح - ت - وہ کپڑا جو پردہ جنگ رکے نیچے پہنتے ہین اور اُس کپڑے پر دعائین اور آیتین مثل ایاکَ نَعبُدُ وغیرہ کے لکھی ہوتی ہین -
جامہ کُن - ت - حمام کا بیرونی درجہ جہان کپڑے اُتارتے ہین اور اسکو جامہ خانۂ حمام بھی کہتے ہین
جامہ گذاشتن - ت - کسی بادشاہ یا ولی یا کسی بزرگ کا مرنا -
جامۂ گلدوز - ت - لباس کلابتو جری دگلکاری
جان - ت - روح - طاقت - جان -
جانّ ع - نون کے تشدید سے نام ابوالجن کا جو جنون اور پریون کا باپ ہی - اور کبھی یہ لفظ بمعنی مطلق جن کے آتا ہی مگر مجازاً -
جان آزاری - ت - دُکھ دینا -
جانان - ت - جان - معشوق - پیارا - الف اور نون آمین زائد ہی جیسے جاودیان مین -
جانانہ - ت - کنایہ معشوق سے -
جان آہن - ت - بیرحم سخت جان دلاور
جانب ع - طرف -
جانباز - ت - بڑا محنتی - جان پر کھیل جانیوالا -
جان بردن - ت - زندگانی کرنا -
جان بلب - ت - جو مرتا ہوا اور اُسکی جان لبوپر آگئی ہو - قریب مرگ -
جانبین ع - دونون طرف - طرفین -

جانِ پریان - ف - کنایہ شراب انگوری سے
جانِ جان - ف - اشارہ طرف ذات تعالیٰ کے اور کنایہ روح اعظم سے اور طرز اگ سے اور ایک قسم کی روٹی چندیہ کی ہندی پتھا
جان درمیان داشتن - ف - کنایہ نہایت اُلفت اور محبت سے -
جانِ دارو - ف - تریاق - نوشدارو -
جاندار - ف - سلاحدار - ہتھیار بند
جانہ دار - ف - } اور بمعنی دوست و مددگار کے بھی آیا ہو -
جانشین - ف - قائم مقام - وہ شخص جو کسی کی جگہ پر بیٹھے -
جانفشانی - ف - محنت - سعی -
جانفزا - ف - کاہیدہ جان -
جانفزا - ف - آب حیات -
جان کندن - ف - جان اکھڑنا موت کے وقت - اور کنایہ ہو بڑی محنت کرنے سے -
جانکاہ - ف - جان کا گھٹانیوالا -
جانگزا - ف - جان پر خطرہ پہونچانیوالا -
جان من وجان شما - ف - یہ مقام قسم مین کہتے ہین یعنی تمکو قسم ہو میری جانکی اور مجکو قسم ہو تمھاری جان کی اور مقام محبت اور اتحاد مین بھی کہتے ہین یعنی میرا جان اور تمھاری جان ایک ہو - یا یہ معنی ہین کہ میری جان تمھاری جان پر فدا ہو -

جان نواز - ف - جانکا نوازش کرنیوالا -
جانور - ف - جو صاحب جان یعنی زندہ ہو مجازاً وحش وطیور سوائے انسان کے -
جان و ہوش بودن - ف - کنایہ ہو کمال محبت اور اتحاد سے -
جانی - ف - منسوب طرف جان کے جو بمعنی روح اور زندگی کے ہو - دوست پیارا
جانی - ع - گنہگار - تقصیر دار -
جاودان - ف - ہمیشہ -
جاودانی - ف - ہمیشگی -
جاورس - سب - چینہ ایک قسم کا غلہ ہو
جاوید - ف - } ہمیشہ دائم - برقرار
جاویدان - ف - }
جاہ - ع - رتبہ - قدر - مرتبہ - عزت -
جاہل - ع - اَن پڑھا - بیعلم -
جاہلیت - ع - وہ زمانہ جو مسلمانون سے پہلے تھا جبکہ لوگ بت پرستی کرتے تھے اور بمعنی جاہل ہونیکے بھی آتا ہو -
جاے - ف - جگہ - مقام -
جاے انگشت نہادن - ف - جگہ عیب اور خطا اور لغزش کی پکڑنا -
جاے تخلیہ - ف - مقام سونے اور آرام کا
جاے جو - ف - بمعنی آتشدان -
جاہ و مال - ف - اسباب - مال -
جائر - ع - جور کرنیوالا - ستمگار - راہ حق چھوڑکر جو راہ باطل پر ہو جائے -
جائز - ع - درست - مطابق شرع -
جائزہ - ع - انعام - صلہ - نیک بدلہ - اور اہل دفتر کی اصطلاح مین علامت تصحیح کی جو بعد مقابلہ کے بناتے ہین -
جائع - ع - بھوکا - گرسنہ -
جاے فلان پیداست - ف - } جب کسی
جاے فلان خالی است - ف - } غیر حاضر
جاے فلان سبز است - ف - } شخص کو یاد کرتے ہین تو یہ الفاظ کہتے ہین -
جائگاہ - ف - مقام - جگہ -
جائی - ف - نام پھول کا جسکو جاہی جوہی کہتے ہین - اور یہ لفظ یاے معروف سے ہو -

فصل جیم - مع باے موحدہ

جُبّ - ع - چاہ - کنوان -
جبا - ع - خراج باج اور اصطلاح مین اپنا پیالہ شراب یا قہوہ کا دوسرے کو تواضع کرنا -
جُبات - ع - جمع جابی کی - مال جمع کرنیوالے بخیل لوگ - جمع کرنیوالے مال خراج کے -
جبّار - ع - جبر کرنیوالا - بھرنیوالا - ظلم کرنیوالا غرور کرنیوالا - مراد گردن کش اور ایک نام خدا کے نامون مین سے معنی اس کے توڑنیوالا - کامون کا اور اس معنی کر کے یہ اسم جلالی ہو اور ٹوٹے ہوے کو جوڑنیوالا اور اس معنی کر کے یہ اسم جمالی ہو -

جَبّاری ۔ع۔ تکبّر۔ شان۔
جِبال ۔ع۔ جمع جَبَل بمعنی پہاڑ کی۔
جِبالِ راسیات ۔ع۔ بلند اور مضبوط پہاڑیہ دونون لفظ جمع کے صیغہ ہین۔
جَبا کردن ۔ف۔ اپنا پیالہ شراب یا قہوہ کا دوسرے کو تواضع کے طور پر دینا۔
جَبان ۔ع۔ نامرد۔ بد دل۔ بزدل۔
جَبانَت ۔ع۔ نامردی۔ بد دلی۔
جَبّان ۔ع۔ } صحرا۔ بیابان۔ جنگل۔
جَبّانہ ۔ع۔ }
جِباہ ۔ع۔ جمع جبہہ کی۔ پیشانیان۔
جِبایَت ۔ع۔ مال جمع کرنا۔ خراج جمع کرنا۔
جَبایَرہ ۔ع۔ جمع جیرہ کی اور وہ چھوٹی کھپاچین ہوتی ہین جو ٹوٹے ہوے عضو پر باندھتے ہین۔
جَبابِرہ ۔ع۔ جمع جَبّار کی۔ گردنکش لوگ
جِبت ۔ع۔ بُت۔ کاہن۔ نجومی۔ جادو جادوگر۔ اور جو چیز کہ سوے خدا کے پوجی جاے
جَبجَبہ ۔ع۔ شکنبہ یعنی معدہ۔
جبر ۔ع۔ بھرنا۔ پٹی باندھنا۔ پٹی۔ ٹوٹے ہوے کو باندھنا۔ اچھا کرنا کسی کے حال کا کسی کو زبردستی کسی کام پر مقرر کرنا۔
جبراً ۔ع۔ از روے بے اختیاری۔
جَبَروت ۔ع۔ عظمت۔ بزرگی۔ تکبر اور اصطلاح مین بزرگی اور جلال خدا کا اور وحدت
جَبر و مُقابلہ ۔ع۔ ایک علم کا نام ہو فنون حساب مین سے جس سے مقادیر مجہولہ کو بوسیلہ مقادیر معلومہ کے کمی بیشی کر کے معلوم کرتے ہین اسلیے کہ اس علم کی اصطلاح مین جبر بمعنی زیادہ کرنیکے ہو اور مقابلہ بمعنی کم کرنے کے۔
جَبریّہ ۔ع۔ فتحہ۔ (یا) کا بمناسبت لفظ قدریہ کے ہو۔ وہ لوگ جو کہتے ہین کہ بندہ کو اپنے کام مین اختیار نہین ہو۔
جِبرئیل ۔ع۔ }
جَبرَئیل ۔ع۔ } نام فرشتہ مقرب و مشہور کا
جِبرائیل ۔ع۔ }
جَبَل ۔ع۔ کوہ۔ پہاڑ۔
جَبَلُ القَرمَہ ۔ع۔ ایک پہاڑ کا نام عرفات مین
جِبِلّت ۔ع۔ پیدایش۔ خلقت۔ طبیعت
جُبلَہ ۔ع۔ اونٹ کا کوہان۔
جِبِلّی ۔ع۔ طبیعی۔ ذاتی۔ پیدایشی۔
جَبَلی ۔ع۔ پہاڑی۔ پہاڑ کا۔
جُبن ۔ع۔ پنیر اور سفیدی جو دودھ کو پھاڑ کر نکالتے ہین۔ اور بمعنی نامردی۔ بد دلی۔ بد دل ہونا۔
جَبہَہ ۔ع۔ پیشانی۔ ماتھا۔ وسوین منزل چاند کی منزلون مین سے اور وہ چار ستارے ہین بُرج اسد کی پیشانی پر۔
جُبّہ ۔ع۔ فقیرونکا لباس۔
جُبّۂ درویش ۔ف۔ کنایہ ہو جاڑے کے آفتاب۔ ابر۔ رات سے۔
جَبیرہ ۔ع۔ کھپاچین جو ٹوٹی ہوئی ہڈی پر واسطے درستی کے باندھین۔ اور کنگن۔
جَبین ۔ع۔ پیشانی۔ ماتھا۔
جَبین گرفتہ ۔ف۔ ترشرو آدمی۔

فصل جیم۔ مع ثاے مثلثہ

جَثّ ۔ع۔ جڑ سے اکھیڑنا۔
جُثام ۔ع۔ کابوس۔ سوتے مین ڈرنا۔
جَثم ۔ع۔ آدھی رات کا گذرنا۔ کھیت کے درختونکا زمین سے بلند ہونا۔
جُثمان ۔ع۔ تن۔ جسم۔ بدن۔
جُثو ۔ع۔ زانو کے بل بیٹھنا۔
جُثوم ۔ع۔ آدھی رات کا گذرنا۔ کھیت کے درختونکا زمین سے بلند ہونا۔
جُثّہ ۔ع۔ بدن۔ تن۔ جسم۔
جُثّی ۔ع۔ دو زانو بیٹھنا۔ پانون کی انگلیونکے بل کھڑا ہونا۔

فصل جیم۔ مع حاے مہملہ

جَحد ۔ع۔ جان بوجھکر انکار کرنا۔
جَحش ۔ع۔ گدھے کا بچہ۔ گھوڑے کا بچہ اور بمعنی جفا اور سختی و غضب۔ اور نام ایک صحابی کا
جَحرَش ۔ع۔ عورت بہت بڑھیا۔ بدشکل عورت جحامیر اسکی جمع ہو
جُحود ۔ع۔ دیدہ و دانستہ انکار کرنا۔
جُحی ۔ع۔ مخفف جوحی کا جو نام ایک مسخرہ کا ہو
جَحیش ۔ع۔ مرد خود رائے۔ اور متکبر۔

جَحِیم ۔ع۔ وہ آگ جو گڑھے مین روشن کیجائے وہ آگ جو بہت تیز ہو اور جسکا شعلہ بہت بلند جائے۔ اور نام چھٹے دوزخ کا۔

فصل جیم۔ مع دال مہملہ

جُدّ ۔ع۔ بخت۔ قوانگری۔ نصیب۔ بزرگی بے نیازی۔ دریا کا کنارہ۔ کپڑے کا قطع کرنا۔ تمام ہونا۔ دادا۔ نانا۔

جِدّ ۔ع۔ کسی کام مین کوشش کرنا۔ درستی

جُدُ ۔ع۔ وہ کنوان جو کھیت مین ہو۔

جِدّاً ۔ع۔ از روے سعی کے۔ از روے کوشش کے

جِدار ۔ع۔ دیوار۔

جِدال ۔ع۔ جنگ کرنا۔ دشمنی کرنا۔ لڑائی جنگ

جَدَاوِلُ ۔ع۔ جمع جدول بمعنی لکیر اور نہر کی

جُدائی ۔ف۔ دوری۔ جدا ہونا۔ تفرقہ

جَدَب ۔ع۔ تنگسالی۔ عیب کرنا۔

جِدَّت ۔ع۔ نیا ہونا۔ تازگی۔ نیاپن۔

جَدَث ۔ع۔ گور۔ قبر۔ اجداث جمع ہو۔

جَدَد ۔ع۔ زمین ہموار۔

جُدُد ۔ع۔ جمع جدہ۔ بمعنی راہ کی

جُدُر ۔ع۔ دیوار۔

جُدُرٌ ۔ع۔ جمع جدار بمعنی دیوار کی۔

جَدَر ۔ع۔ آبلے پڑنے کے نشان۔

جُدُران ۔ع۔ جمع جُدُر بمعنی دیوار کی۔

جُدَرِی ۔ع۔ چیچک۔ سیتلا۔

جَدَع ۔ع۔ ناک کان ہاتھ کاٹنا۔ قید خانے مین بند کرنا۔ قید کرنا۔

جَدَل ۔ع۔ لڑائی جنگ۔

جَدْوَل ۔ع۔ پانی کی نہر کھائی۔ مجازاً سُرخ لکیرین گرد کسی ورق کے۔

جُدْوار ۔ع۔ ایک جڑی ہے مخروطی شکل سیاہ رنگ دوا مین مستعمل ہے۔ ہندی نرسیہ۔

جَدَّہ ۔ع۔ دادی۔ نانی۔

جُدَّہ ۔ع۔ ایک شہر مشہور کا نام ہے دریاے مکہ کے کنارے پر مکے کے گلے کا پٹہ۔

جَدِی ۔ع۔ بکرا۔ برغالہ۔ نام ایک برج کا آسمان پر۔ نام ستارے کا جو قریب قطب شمال کے ہے۔ عرف مین اسی ستارے کو قطب کہتے ہین۔

جَدِید ۔ع۔ نیا۔ نو۔ نام ایک بحر کا انیس ۱۹ بحرون شعر سے کہ یہ نئی پیدا کی گئی ہے۔

جَدِیدَان ۔ع۔ کنایہ ہے دن اور رات سے

جَدِیر ۔ع۔ لائق۔ موافق۔ سزاوار۔

فصل جیم۔ مع ذال معجمہ

جُذَاذ ۔ع۔ ہر چیز کا ریزہ اور ٹکڑا۔

جُذام ۔ع۔ کوڑھ۔ خون کے بگڑنے کی بیماری جس سے بدن گل جاتا ہے۔

جَذْب ۔ع۔ کھینچنا۔ کشش کرنا۔

جَذْبہ ۔ع۔ ایکبار کھینچنا۔ دل کا جوش

جَذر ۔ع۔ اصل ہر چیز کی۔ جڑ سے اکھیڑنا علم حساب مین جس عدد کو کسی عدد پر ضرب کرین اُس کو جَذر اور جو اُس سے حاصل ہو اُس کو مجذور کہتے ہین۔

جَذَرہ ۔ع۔ آگ کا پتنگا جو اُڑ جاتا ہے۔

جِذْع ۔ع۔ درخت کا تنہ۔ درخت کی شاخ

جَذَع ۔ع۔ بیل اور گھوڑا جو تیسرے برس مین ہو اور اونٹ جو پانچوین برس مین ہو اور بکری اور بکرا جو دوسرے برس مین ہو۔

جَذْلان ۔ع۔ شادان۔ خوش و خرم۔

جِذْم ۔ع۔ ہر چیز کی جڑ۔ عمارت کی نیو۔

جُذُوع ۔ع۔ جمع جذع کی۔ درخت کی شاخین اور درخت کے تنے۔

جَذْوَہ ۔ع۔ آگ کی چنگاری۔

فصل جیم۔ مع رائے مہملہ

جَرّ ۔ع۔ کھینچنا۔ گناہ کرنا۔ کسی کلمہ کو زیر دینا حرکت زیر کی۔ پہاڑ کا دامن اور کوڑ مان ٹھیکریان۔ مٹی کے گھڑے۔ کشش۔

جِرّ ۔ف۔ شگاف زمین۔ مجازاً بمعنی نقب یعنی سرنگ اور سلامت کوچہ۔

جُرّ ۔ف۔ گھوڑ یکا زین۔

جِراب ۔ع۔ چمڑے کی تھیلی۔ توشہ دان بیل کی کھال۔ ادھوڑی۔ مجازاً پانو کا موزہ

جِراب ۔ع۔ خالی کشتی۔

جُرأت ۔ع۔ دلاوری۔ چالاکی۔ جوانمردی

جَرّاح ۔ع۔ زخم دینے والا۔ جرّاح جو مشہور ہے

جِرَاحَت ۔ع۔ زخم گھاؤ۔ بفتح جیم غلط ہے

جُرکرد ع۔ ملخ۔ ٹڈی
جَرّار ع۔ لشکر گران۔ بڑی فوج۔ اور ایک قسم کی مچھلی کہ زمین پر دُم کو گھسیٹ کے چلتا ہے اور یہ مچھلی جسکو ڈنک مارتا ہے اُسکے بہر بن موسے خون جاری ہو جاتا ہے۔
جَرّار ع۔ اپنی طرف کھینچنے والا۔ اور لشکر بہت انبوہ دار۔
جُرّاز ع۔ تلوار بہت تیز۔
جرائد ع۔ جمع جریدہ بمعنی دفتر کی
جَرائم ع۔ جمع جریمہ بمعنی گناہ اور خطا کی
جَرب ع۔ کھجلی اور خارش کا مرض یعنی زکام جسمین سے کچھ مواد نکلے۔
جُرب ف۔ دُراج۔ تیتر۔ پدمشہور ہے
جَرّ ثقیل ع۔ نام ایک علم کا جسمین بھاری چیزونکے کھینچنے کے قاعدے مندرج ہوتے ہین
جرجیس ع۔ نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا جنکو اُنکی اُمت کے لوگ انواع عذاب سے ہر مرتبہ قتل کرتے تھے اور ہر مرتبہ وہ خدا کے حکم سے زندہ ہو کر اپنی امت کو راہ حق کی ہدایت فرماتے تھے
جُرح ع۔ زخم۔ گھاؤ۔
جَرذہ ف۔ سیاہ رنگ۔
جُرز ع۔ بنجر زمین جسمین گھاس بھی نہوتی ہو
جَرس ف۔ گھنٹہ کی آواز۔ گھڑیال۔
جُرعہ ع۔ ایک گھونٹ۔ وہ مقدار پانی وغیرہ کی جو یکبارگی ایکدم مین پی لیجاوے
جُرُف ع۔ وہ گڑھا جسمین پانی جمع ہو رہے فارسی مین اسکو آبگیر کہتے ہین۔
جُرگ ت۔ کشتی گیر و نکا حلقہ۔
جُرگہ ت۔ انبوہ آدمیونکا۔
جرم ع۔ تن۔ جسم۔ دھڑ۔
جَرم ع۔ گزیر۔ چارہ۔ علاج۔ لاجرم بمعنی ناگزیر۔ ناچار۔ لاعلاج۔
جَرم ع۔ کسب کرنا۔ لینا۔ سزاوار ہونا گناہ کرنا۔ جلتی زمین۔ اور معرب گرم کا۔
جُرم ع۔ گناہ۔ خطا۔ قصور۔
جُرمُوز ع۔ چھوٹا حوض۔ چھوٹا مکان چھوٹا کنوان۔ آدمی کے اعضا۔
جُرمہ ف۔ گھوڑا سفید رنگ کا نقرہ۔
جُرُنفار۔ بُرُنفار۔ ت جُرُنفار وہ فوج جو وقت لڑائی کے بائین جانب بادشاہ کے ہو اور بُرُنفار وہ فوج جو برو رو جنگ داہنی طرف بادشاہ کے رہے۔
جُرّہ ف۔ دلیر۔ شجاع گھوڑا سواری کا ترکی مین ہر پرندہ جو نر ہو اور خصوصاً نام باز کے نر کا اگرچہ جُرّہ بہ نسبت باز کے کم طاقت اور چھوٹا اور کم شکار ہوتا ہو مگر یہ باز کا نر ہی اور باز اسکی مادہ ہی۔
جرّہ ع۔ نشخوار یعنی وہ گھاس وغیرہ جو اکثر چوپائے بعد کھا چکنے کے پھر معدہ سے حلق مین نکال لاتے ہین اور پھر چبا کر اُسکو نگل لیتے ہین۔ ہندی جگالی۔
جَرِی ع۔ دلیر۔ دلاور۔ دل چلا آدمی۔
جریان ع۔ روان ہونا پانی وغیرہ کا۔ اور فارسی مین رائے مہملہ کے سکون سے بھی مستعمل ہے
جریب معب۔ ایک آکہ زمین کی پیمایش کا یہ گز ٹیک کا معرب ہی۔
جَرِیح ع۔ زخمی۔ گھائل۔
جَرِیدہ ع۔ قاصد۔ جاسوس۔ نامہ بر۔
جَرِیدہ ع۔ تنہا۔ اکیلا۔ درخت کی شاخ بغیر پتونکی۔ لکھنے والونکا دفتر۔
جَرِیش ع۔ بلغور۔ ہندی۔ دلیا۔
جَرِیم ع۔ جڑسے کاٹا ہوا۔ بنیادسے نکالا ہوا
جُرمانہ ع۔ وہ روپیہ جو گنہگار سے لین اور جریمانہ جو مشہور ہو گیا ہی غلط ہی۔
جَرِیمہ ع۔ گناہ۔ خطا۔ جُرم۔
جُرین ع۔ وہ جگہ جہان تر مو کو خشک کرین

فصل جیم۔ مع زاے معجم

جُز ف۔ سوائے۔ بدون۔
جَزا ع۔ بدلا۔ عوض۔
جَزالَت ع۔ محکمی۔ استواری۔ خوبی اور بزرگی۔ اور تمام ہونا۔
جَزائر ع۔ جمع جزیرہ۔ بمعنی ٹاپو کی۔ اور نام ایک قسم کی بڑی بندوق کا۔
جَزائل ع۔ جمع جزلہ کی چیزین محکم اور بہت سخت اور بمعنی زیادہ اور بہت چیزین

جُزدِیدہ - ف - نابینا - اندھا -
جَزر و مَد - ع - گھٹاؤ اور بڑھاؤ پانیکا جو سمندر مین ہوتا ہی بسبب کشش چاند کے - اور ہندی مین اسکو جوار بھاٹا کہتے ہین -
جَزر - ع - کاٹنا - قطع کرنا - اونٹ کو قربانی کرنا - اور اُسکی کھال کھینچنا - درخت میوہ توڑنا - دریا کے پانی کا گھٹنا اور کم ہونا اور یہ خلاف مد کے ہی کہ مد پانی کے بڑھنے کو کہتے ہین - حرف کو پڑھنے مین مد نہ دینا -
جَزرُ - مب - گزر - کا - معرب - زردک گاجر -
جَزع - ع - مہرہ سلیمانی جو سفیدی اور سیاہی ملا ہوا ہوتا ہی - اور کبھی جزع سے آنکھ مراد لیجاتی ہی باعتبار اُسکی سیاہی اور سفیدی کے
جَزع - ع - بیصبری - ناشکیبائی -
جَزل - ع - خشک موٹی لکڑی کا چیرنا بات محکم اور مضبوط کہنا - کریم بسیار عطا یعنے سخی بہت بخشش کرنیوالا - عقلمند - نیک تدبیر والا - اور آواز کبوتر کی -
جَزَل - ع - اونٹ کے کوہان کا زخم جو پالان اور کجاوے سے پڑ جاوے -
جَزم - ع - قطع کرنا - حرف کا ساکن کرنا - وہ ارادہ جس سے آدمی پھر نہین اعدیہ لفظ بمعنی یقین کے بھی آتا ہی -
جُزو - ع - حصہ - ٹکڑا -
جزو لایتجزیٰ - ع - وہ چیز جو انتہائے باریکی اور چھوٹے ہونیکے سبب سے اس قابل نہو کہ دو یا تین جگہ اُسکو تقسیم کر سکین -
جُزوَرسی - ف - نجیلی - کنجوسی -
جُزوی - ع - تھوڑا - منسوب بہ جزو -
جُزوِیات - ع - افراد حصے جو کلیات نہون -
جَزیرہ - ع - وہ قطعہ زمین کا جسکے چارون طرف پانی ہو -
جَزیل - ع - بڑی محکم چیز - بزرگ -
جَزیلہ - ع - پُر - بسیار - بہت -
جِزیَہ - ع - محصول کی ایک مقدار معین جو ہر سال کافر ذمی سے لیجاوے -

فصل جیم - مع سین مہملہ

جَسارَت - ع - دلیری - مردانگی - گذرنا تجاوز کرنا -
جَسّاس - ع - بڑی جستجو کرنیوالا - اور نام دجّال کے گدھے کا -
جَسامَت - ع - جسیم ہونا - موٹا ہونا -
جُستجُو - ف - تلاش - ڈھونڈھنا -
جَستَن - ف - کودنا -
جُستَن - ف - ڈھونڈھنا - تلاش کرنا -
جَستہ رُگ - ف - خبردار - ہوشیار -
جَسَد - ع - تن - بدن - آدمی اور جن اور فرشتہ کا جسم - گوسالہ یعنی اسرائیل اور خون خشک اور زعفران -
جِسر - ع - پُل جو دریا وغیرہ پر ہوتا ہی
جَسک - ع - درد - رنج - بلا -
جسم - ع - بدن - اور جو شی کہ طول اور عرض اور عمق رکھتی ہو -
جِسم تعلیمی - ع - وہ مقدار جسکے لیے لمبائی اور چوڑائی - اور گہرائی ہو -
جُسمان - ع - تن - بدن -
جُسمانی - ع - جسم کا - جسم دار -
جَسیم - ع - فربہ - موٹا - صاحب جسم -

فصل جیم - مع شین معجمہ

جَشن - ع - کوٹنا - توڑنا -
جُشاء - ع - آروغ - ڈکار -
جَشِب - ع - طعام ناگوار یعنی بغیر دال سالن کی روکھی روٹی -
جَشن - ف - محفل خوشی کی - خوشی - عیش
جَشن سَدہ - ف - نام جشن کا جو دسوین تاریخ ماہ بہمن کو کرتے ہین -
جَشیب - ع - ہر چیز سخت - ناگوار - بدمزہ برا کھانا - روکھی روٹی -
جَشیش - ع - بلغور خواہ پکا ہوا ہو خواہ خشک ہندی دلیا -

فصل جیم - مع صاد مہملہ

جِصّ - ع - گچ کا معرب یعنی عمارت کا چونہ اور یہ لفظ جیم کے کسرہ سے بھی آیا ہی -
جَصّاص - ع - گچ گر یعنی چونہ بنانیوالا اور لقب ایک حنفی فقیہ کا -

فصل جیم۔ مع عین مہملہ

جُعبہ۔ ع۔ ہر دو زن کعبہ معنی ترکش تیراں

جَعد۔ ع۔ گھونگھر والے بال۔ گھنے ہوئے بال۔

جَعدِ زرچمیہ۔ ف۔ جھنڈے اور نشان کے سرخ رنگ کے بال۔

جعدہ۔ ع۔ زلف ابر جعدہ کنیت بھیڑیے کی

جَعدُ الیدین۔ ع۔ } مرد بخیل و کنجوس۔
جَعدُ الاصابع۔ ع۔ }

جَعفَر۔ ع۔ ندی۔ نالہ۔ پانی کا۔ بنی عامر کے پدر قبیلہ کا نام۔ نام ایک مرد کا۔ ایک در شخص کا نام جسکو جعفر برمکی کہتے ہیں نام ایک کیمیاگر کا نام رسول مقبولؐ کے چچا صاحب کا بھی جعفر طیار کہتے ہیں اور بمعنی خربزہ کے بھی آیا ہے

جَعفَر بَرمَکی۔ ع۔ ہارون رشید کے وزیر کا نام

جَعفَری۔ ث۔ ایک قسم کا گیندا جو پھول ہوتا ہے زرد رنگ کا۔ اور مجازاً مطلق زرد رنگ۔

جَعل۔ ع۔ کرنا۔ بنانا۔ پیدا کرنا۔ نقل کرنا کسی چیز کا اسطرح جو اصل کے مشابہ ہو جائے۔

جُعَل۔ ع۔ ایک جانور ہوتا ہے سیاہ رنگ پر دار مشابہ زنبور کے جو سرگین اور گوبر وغیرہ گندگی میں پیدا ہوتا ہے۔ ہندی گبرونداء

جعلی۔ ع۔ وہ نقلی چیز جو مثل اصلی کے معلوم ہو

فصل جیم مع غین معجمہ

جُغ۔ ث۔ لکڑی کا جُوا جو بیل کی گردن پر رکھ کے ہل چلاتے ہیں۔

جَغ۔ ث۔ وہ لکڑی جو دہی میں بھیر کر کھن نکالتے ہیں۔ ہندی متھنی۔ رئی۔

جُغرات۔ ث۔ وہی جو دودھ جما کر بناتے ہیں

جُغرافیہ۔ ع۔ علم ہیئت صورت زمین کا جسمیں خشکی اور تری اقلیموں کا بیان ہوتا ہے۔

جُغرافیان۔ ث۔ علم جغرافیہ جاننے والے۔

جُغلہ۔ ث۔ اُمرد۔ سادہ رو جسکے داڑھی مونچھ نہو۔ اور امرد لڑکا ناچنے والا۔

فصل جیم۔ مع فا

جُف۔ ع۔ پژمردہ۔ خراب۔ مرجھایا ہوا۔ خشک۔ بے آب۔

جَفا۔ ث۔ ظلم۔ ستم۔

جفا پیشہ۔ ث۔ } ظالم۔ ستمگار۔
جفا گستہ۔ ث۔ }

جُفاء۔ ع۔ کوڑا۔ کف۔ جھاگ۔ جو پانی سے نکلتا ہے

جَفاف۔ ع۔ خشک ہونا۔ سوکھ جانا۔

جِفان۔ ع۔ بہت بڑے کاسے۔ انگور کی شاخیں

جِفانِ کالجواب۔ ع۔ کاسے بہت بڑے مانند حوض کے۔

جُفت۔ ث۔ جوڑا ضد طاق کی اور ہر شئے جو دو ہوں۔ زن و شوہر۔ زردادہ اور ہل چلانیوالی جوڑی بیل کی۔

جُفت ران۔ ث۔ کسان جو ہل چلاوے

جُفت شدن۔ ث۔ کنایہ جماع کرنیسے

جُفت کردن نظر۔ ث۔ بغور تمام کسی چیز کیطرف گھورنا اور دیکھنا۔

جُفتاک۔ ف۔ سُرخاب کا جوڑا جسکو ہندی مین چکوا چکوی کہتے ہیں۔

جُفت نقش دیوار شدن۔ ث۔ کنایہ ہے نہایت حیران ہونے سے۔

جُفتہ۔ ث۔ سرمین۔ چیتڑ۔ گھوڑے کی پچھلے پیرون سے دولتی مارنا۔ کنوان کھودنا۔ سوراخ۔ چھید۔

جُفتہ۔ ث۔ خمیدہ۔ کج۔ اور ان معنون مین چُفتہ جیم فارسی سے بھی آیا ہے۔

جُفتہ زدن۔ ث۔ اغلام کرنا۔

جُفتہ طاق۔ ث۔ کنایہ دونون بھوؤن سے

جُفتی۔ ث۔ جفت ہونا۔ جماع کرنا۔

جَفر۔ ع۔ بکری کا بچہ چار مہینے کا۔ کہ مقدمہ مین نام ایک مقام کا۔ نام ایک علم مشہور کا جس سے احوال غیب پر آگاہی ہوتی ہے۔

جَفن۔ ع۔ آنکھ کی پلک یعنی وہ پوست جو آنکھ کے ڈھیلے پر پڑا ہوا ہے فارسی مین پردۂ چشم اور لحاف چشم اور پلک کہتے ہیں اور کبھی پلک فارسی مین بمعنی موئے مژہ کے بھی آتا ہے لیکن جفن بمعنی موئے مژہ نہیں ہے بلکہ موئے مژہ کی عربی ہدبہ اور جمع اہداب ہے اور جفن بمعنی نیام شمشیر کے بھی ہین یعنی تلوار کا میان۔

جَفنہ۔ ع۔ کاسۂ چوبین۔ گٹھری چھوٹا کنوان

جَفیر۔ ع۔ بروزن نقیر وقشر حسمین تیر رکھنے

فصل جیم - مع قاف

جق جق - ع - شور و غوغا - بک بک -

فصل جیم - مع کاف فارسی

جگر - ف - کلیجہ - اور کبھی بمعنی رنج - غم غصہ امید - انتظار - تاب - طاقت کے بھی آتا ہی -

جگر باختن - ف - بد دلی - ڈرنا -

جگر بند - ف - مجموع کلیجہ اور پھیپھڑہ اور دل وغیرہ - اور کنایہ فرزند سے -

جگر بند پیش زاغ نہادن - ف - کنایہ ہی محنت اور بلا کے اختیار کرنے سے -

جگر تاب - ف - کلیجہ کا گرم کرنیوالا -

جگر خوارہ - ف - مراد عاشق سے -

جگر داشتن - ف - تاب و طاقت رکھنا -

جگر ساے - ف - ایذا پہونچانیوالا -

جگر گوشہ - ف - کنایہ فرزند عزیز سے -

جگی جگی - ف - یہ ایک کلمہ ہی جو مغلوب اور عاجز آدمی بروقت عجز و اضطراب کہتا ہوا اور جگی جگی بمعنی غبغب کے بھی ہی جو ایک گوشت نرم ہوتا ہی ٹھوڑی کے نیچے -

فصل جیم - مع لام

جَلَ - ع - بزرگ ہوا - یہ صیغہ ماضی کا ہی -

جُل - ف - ایک جانور ہی مثل بلبل کے خوش آواز -

جُلّ - ع - برگستوان - ہندی جھول گھوڑے یا گدھے وغیرہ کی - مگر فارسی مین یہ لفظ بغیر تشدید لام کے آتا ہی اور معرب ہی گل کا یعنی پھول کسی درخت کا -

جلا ع - گھر سے نکالدینا - دیس سے پردیس نکالدینا - مگر فارسی مین یہ لفظ بغیر ہمزہ کے آتا ہی - اور یہ بھی معنی رکھتے ہین کہ آپ سے ترک وطن کردینا -

جلا ع - روشن کرنا - صاف کرنا - زنگ چھڑانا - اور بمعنی سرمہ کے بھی آتا ہی - مگر فارسی مین یہ لفظ بغیر ہمزہ کے بھی آتا ہی -

جلّاد ع - شخص جلاد کرنیوالا - صیقل گر -

جلّاب ع - کھینچنے والا - ایک چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک جگہ سے دوسری جگہ بچانے پہنچانے کے لیے -

جُلّ آب - ف - کائی جو پانی پر جمجاتی ہی -

جُلّاب - مب - معرب ہی گلاب کا - اور بمعنی شربت جو قند اور گلاب سے بناتے ہین - مجازاً بمعنی دوائے مسہل -

جَلَا جِل ع - جمع جلجل کی - وہ گھونگھرو جو چمڑے کے پٹے پر سی کے اونٹ و بیل وغیرہ کی گردن مین ڈالتے ہین - اور بمعنی جھانجھ اور منجیرہ اور زنگ کے بھی جو کہ ایک قسم مشہور کے باجے ہین -

جَلّاد ع - دُرّہ یا کوڑا مارنیوالا کہان کسی جانور کی کھینچنے والا - تلوار مارنیوالا -

جَلَافَت ع - سختی - چالاکی - جوانمردی -

جِلافت ع - پیٹ خالی ہونا - مجاز بمعنی جہالت اور حماقت اور کمینہ پن کے مستعمل ہی

جُلّال ع - وہ بیل وغیرہ جو غلیظ کھاوین اور بمعنی مہتر یعنی بھنگی کے بھی جو گوہ اٹھا کر لیجاوے

جَلَال ع - بزرگی اور صفات عمدہ باطنی -

جُلَال ع - بزرگ -

جِلال ع - جمع جُل کی جو بمعنی جھول گھوڑے ہی

جَلالہ ع - اللہ کا لفظ اور یہ اسم اعظم ہی -

جَلَالَت ع - بزرگ ہونا - بزرگی -

جَلَالِی - ف - منسوب ہی جلال الدین بادشاہ کی

جَلَا وَطَن - ف - پردیس نکالدینا - اور کسی کا اپنے آپ گھر سے بے گھر ہونا - ترک وطن کرنا -

جَلَائِل ع - بزرگیان - جمع جلیلہ کی -

جَلَب ع - لینا - کھینچنا -

جَلَب ع - بیچنا - سودا - نفع - سودا اور وہ مال سوداگری جو ایک ملک سے دوسرے ملک کو بغرض نفع کے بیچا وین -

جُلَب ع - ہلکا بادل بغیر مینھ کا -

جَلَب - ف - فارسی مین بمعنی زن فاحشہ اور بمعنی شور و غوغا -

جِلْبَاب ع - چادر -

جِلْبَاب سَمَن - ف - مراد چادر سفید سے -

جُلْبَان ع - سبز مونگ جو غلہ مشہور ہی -

جُلْجُلَان ع - کشنیز یعنی دھنیا -

جَلْد ع - تازیانہ - کوڑا مارنا - تیزی و چالاکی - شتاب - سخت ہونا - چست ہونا سانپ کا کاٹنا - عورت سے جماع کرنا -

جِلُد - ع - پوست - چمڑا - کھال کسی حیوان کی
جَلَد - ع - گاے اونٹنی وغیرہ کے بچہ کی کھال جو اُسکے مرجانے کے بعد گھاس بھر کے دودھ دوہنے کے وقت اُسکی مانکے آگے ڈالدیتے ہین کہ وہ اُسکو اپنا بچہ تصور کرکے اچھی طرح دودھ دے اور معنی زمین سخت و ہموار -

جِلدگر - ف - کتاب کی جلد بنانیوالا -

جَلدرو - ت - انعام - صلہ - بدلہ - نیک

جلدی - ف - شتابی - تیزی - چالاکی -

جُلسا - ع - مجلس کے لوگ جمع جلیس کی جو بمعنی ہمنشین ہی -

جلسہ - ع - محفل - ملاقات - نشست -

جلف - ع - ظلم کرنیوالا - خالی مشکہ ہر چیز جسکا پیٹ خالی ہو - وہ حیوان جسپر کھال نہو اور جسکا پیٹ پھٹا ہوا ہو - مجازاً بمعنی مردار ناپاک - کمینہ - خودسر -

جَلق - ع - مٹھی لگاکر انزال کرنا - رق کا مُبدل ہی

جلقی - ف - وہ شخص جو جلق لگاوے -

جُلکہ - ف - مرغزار - سبزہ زار -

جلمد - ع - }
جُلمود - ع - } سخت پتھر - سخت آدمی -

جُلنار - ع - معرب ہی گلنار کا اور گلنار ایک قسم ہی انار کی کہ اسمین سوائے پھول کے پھل نہین ہوتا - مگر پھول سُرخ اور بڑا مثل گیندے کے بھول کے صدبرگ یعنی بہت پتی والا ہوتا ہی اُسکو گلنار فارسی بھی کہتے ہین -

جِلوہ - ت - گھوڑے کی باگ - اور گھوڑا کوتل

جَلوٹ - ع - ظاہر کرنا - اپنے کو کود کھانا - اور یہ ضد خلوت کا ہی -

جُلود - ع - چمڑے حیوانات کے - جمع جلد کی -

جِلوریز - ف - سُبک عنان یعنی دھیلی باگ کیے گھوڑا دوڑاے ہوے -

جُلوس - ع - بیٹھنا -

جَلوہ - ع - اپنے کو ظاہر کرنا - بناؤ سنگار کرکے لوگونکو دکھانا - اور کبھی مجازاً بمعنی حرام معشوق کے بھی آتا ہی -

جَلوہ گاہ - ف - مراد دنیا یا سخن سے

جلی - ع - روشن - ظاہر - آشکارا - اور کاتبونکی اصطلاح مین موٹا خط -

جَلید - ع - برف - اولہ - یخ -

جَلیدی - ع - آنکھ کی تین رطوبتونمین سے ایک رطوبت کا نام -

جلیس - ع - ہمنشین -

جلیل - ع - بزرگ - بڑا -

فصل جیم - مع میم

جَم - ع - تمام - بہت -

جَم - ف - نام بادشاہ فارس کا یعنی جمشید -

جم - ع - نام شیطان کا -

جُم - ع - صدف - سیپ -

جماد - ع - جو چیز کہ حیوانات سے نہو یعنی بیجان ہو - اور وہ زمین جسپر پانی نہ برسے - وہ سال جسمین پانی نہ برسے یعنی سال قحط - وہ چیز کہ جسکو نشو و نما نہو - وہ اونٹنی جسکے دودھ نہو آدمی بخیل و کنجوس - زمین سخت -

جَمادات - ع - وہ چیزین جو بیجان ہون اور اکثر اطلاق اسکا معدنی چیزون پر آتا ہی - جیسے پتھر وغیرہ -

جَمادی - ع - منسوب طرف جماد کے یعنے بیجان شئ مثل پتھر و مٹی وغیرہ کے -

جُمادی الاُولیٰ - ع - پانچوان مہینہ قمری ہی مسلمانونکا پہلے مہینے محرم سے -

جُمادِی الاُخریٰ - ع - }
جمادی الآخرہ - ع - } چھٹا مہینہ قمری حساب مسلمانونکا

اور جمادی الثانی کہنا معتبر نہین ہی اسلیے کہ استعمال عرب مین جمادی الثانی نہین ہی اور یہ بھی وجہ ہی کہ ثانی اُس مقام پر آتا ہی جہان اُسکے بعد ثالث بھی ہو - اور یہ بھی وجہ ہی کہ جمادی کے آخر مین الف مقصورہ بصورت یاے تحتانی ہی جو کتابت مین رہتا ہی اور تلفظ مین بسبب اجتماع ساکنین کے گر جاتا ہی پس جب الف مقصورہ کے سبب سے اسکی صورت مؤنث کی ہوگئی اُسکی صفت بھی اُولیٰ اور اُخریٰ یا آخرہ سے ساتھ آنی چاہیے نا کہ صفت دو موصوف مین تطابق باقی رہے -

جمار - ع - کنکریان مارنا - اور یہ فعل حاجی لوگ منا سک حج کے ادا کرنے مین کرتے ہین -

جَمّازہ ۔ع۔ تیز رفتار اونٹ یعنی تیز چلنے والا اور فارسی مین یہ لفظ بغیر تشدید میم کے بھی آتا ہی

جَماش ۔ع۔ آدمی شوخ اور دلیر۔

جِماع ۔ع۔ مرد کا عورت سے صحبت کرنا۔

جِماعُ الاثم ۔ع۔ شراب کا پینا۔ اور یہ لفظ بمعنی شراب کے بھی آیا ہی۔

جَماعت ۔ع۔ گروہ آدمیونکا۔ اور نام ایک شکل کا سولہ شکلون رمل سے۔

جَماعہ دار ۔ت۔ وہ شخص جو چند سپاہیونکا افسر ہو۔ اور جمعدار جو مشہور ہی غلط ہی۔

جَمال ۔ع۔ خوبی صورت اور سیرت کی اور حسن اور خوبصورتی انسان کی۔

جَمّال ۔ع۔ } شتربان۔ ساربان۔
جَمّالہ ۔ع۔ }

جُمال ۔ع۔ جمع جَمَل بمعنی اونٹ کی۔

جُمان ۔ع۔ موتی۔ گوہر۔ اور چاندی کی گھنڈیان جو شکل موتی کے بناتے ہین۔

جَمام ۔ع۔ گھوڑیکا آرام پانا۔ بعد تھک جانیکے

جُمام ۔ع۔ پرا اور لبالب ہونا ظرف کا پانیسے۔

جَماہیر ۔ع۔ گروہ آدمیونکا۔ جمع جمہور کی۔

جُمجُمہ ۔ع۔ کھوپڑی سر کی۔ کاسۂ سر آدمی یا دیہ لکڑی کا۔

جَمَد ۔ع۔ برف۔ یخ۔

جُمدر ۔ت۔ ایک ہتھیار کا نام ہی جس کو جمدھر اور کٹار کہتے ہین۔

جُمّدہ ۔ع۔ بمعنی بزرگ و بلند۔

جَمر ۔ع۔ بہت سی چنگاریان آگ کی۔

جَمرہ ۔ع۔ ایک چنگاری آگ کی۔ کنکری کنکری مارنا حج مین۔ نام ایک مرض کا جسمین چند دانے چوڑے بہت سرخ نکلتے ہین اور اُنمین بڑی سوزش اور جلن ہوتی ہی۔ ہندی مین اس مرض کو آتشک کہتے ہین۔

جَمشید ۔ت۔ نام فارس کے ایک بادشاہ کا جو حکیم پیشہ تھا۔ واضح ہو کہ یہ نام خاتم و نگین و اسپ تخت و باد و صف دابہی طیور وغیرہ کے ساتھ آوے تو مراد حضرت سلیمان علیہ السلام سے ہوگی اور اگر سندو آئینہ و آبخیون وغیرہ کے ساتھ آوے تو مراد سکندر سے ہوگی۔ اور اگر جام و شراب و بزم و جشن و نوروز وغیرہ کے ساتھ آوے تو مراد جمشید بادشاہ سے ہوگی۔

جَمع ۔ع۔ اکٹھا کرنا۔ جماعت آدمیونکا گروہ اسم واحد کو جمع کرنا۔ نام ایک صنعت کا کہ شاعر چند چیز کو ایک صف مین جمع کردے۔

جمع انداز ۔ت۔ وہ تیر انداز جسکا ہر تیر نشانہ پر پڑے اور کوئی تیر خطا نہ کرے۔

جُمعہ ۔ع۔ ساتوان دن مسلمانونکی تعطیل کا ہندی سُکر۔ اور بضمتین بھی درست ہی۔

جَمعیّت ۔ع۔ جمع ہونا گروہ آدمیونکا۔

جَمّ غفیر ۔ع۔ ہجوم عام۔ جماعت کثیر۔

جَمَل ۔ع۔ اونٹ۔ شتر۔

جُمَل ۔ع۔ جملے۔ حساب اعداد ابجد کا۔

جَمل ۔ع۔ خوبی صورت اور سیرت کی۔

جُمل ۔ع۔ خوبصورت۔ خوش سیرت۔

جَمّال ۔ع۔ شتربان۔ ساربان۔

جُملگی ۔ف۔ تمام۔ سب۔ اس لفظ مین یائے مصدری ہی اور جملہ کی ہاے ہوز کاف فارسی سے بدل گئی ہی مثل پردگی اور خانگی وغیرہ کے

جُملہ ۔ع۔ فقرہ۔ حصہ کلام۔

جُمود ۔ع۔ جمنا۔ جم جانا۔

جَمود ۔ع۔ جمی ہوئی چیز۔

جُموع ۔ع۔ جماعتین۔ جمع ہی جمع کی۔

جُمہور ۔ع۔ گروہ آدمیونکا۔ یہ لفظ جیم کے فتحہ سے غلط ہی اسیطرح جو اسم اس وزن پر ہوگا وہ بضم حرف اول و سوم ہوگا مثل دستور زنبور۔ عصفور۔ صندوق وغیرہ کے۔

جَمیع ۔ع۔ تمام۔ سب۔

جَمیعاً ۔ع۔ سب کے سب۔

جَمیل ۔ع۔ خوبصورت۔ حسین۔

فصل جیم۔ مع نون

جِن ۔ع۔ بھوت۔ دیو۔ اور یہ اسم جنس ہی ایک اور ہزار وغیرہ پر بھی اطلاق کر سکتے ہین جسطرح انسان اسم جنس ہی۔

جُنّ ۔ع۔ سپر۔ ڈھال۔

جناب ۔ع۔ درگاہ۔ آستانہ۔ چوکھٹ گرداگرد گھر کا۔ بغل۔

جُناب ع - درد پہلو -
جِناب ع - اہل و عیال سے دور ہونا - وہ رسّی جو چارپائی کے گلے مین باندہ کے اُنکو کھینچین -
جَناب ف - فارسی مین معنی شرط اور جوے کے آتا ہی -
جُناب ف - فارسی مین معنی دکان ہی -
جُناہ ف - دو لڑکے جڑوان جو ایک حمل سے پیدا ہون - عربی توامان -
جَنابَت ع - دوری - مجازاً ناپاکی یعنی حالت غسل کی اسلیے کہ اسمین بھی طہارت اور نماز وغیرہ سے دوری ہو جاتی ہی -
جَنات ع - جمع جانی بمعنی گنہگار کی -
جَناخ ع - پرند جانوردن کے پر - آدمی کا بازو - لشکر کا مقدمہ یعنی ہراول -
جُناح ع - گناہ -
جَنادِل ع - جمع جُندَل بمعنی پتھری -
جَنازَہ ع - تابوت مردیکا
جَناع ف - } آپس مین شرط بدنا جسکو کہتے
جَناق ف - } ہین - مرایا و ترا فراموش
جُناغ ف - }
جُناق ف - } گھوڑیکا زین پوش -
جَنان ع - دل -
جِنان ع - جمع جنت بمعنی بہشت کی -
جَنانَت ع - جمع جنیت کی - وہ گھوڑے آراستہ جو سواری اُمرا کے آگے زینت کے لیے کوتل بجاتے ہین -
جَنایَت ع - گناہ کرنا -
جِنایات ع - بہت سے گناہ تقصیرین -
جُنُب ع - ناپاک آدمی - بے غسل آدمی -
جَنب ع - پہلو - کنارہ -
جُنبِش ف - حرکت مارنا -
جُنبِش دَر نَخ ف - کنایہ ہی مسخرہ پن کرنیسے -
جُنبَک ف - جست کرنا - کودنا -
جَنَّت ع - بہشت - اصل مین وہ باغ جسکے درخت بوجہ کثرت کے زمین کو چھپالین -
جُند ع - لشکر - فوج - اور نام ایک ولا کا جسکو جُند بید ستر بھی کہتے ہین اور وہ سنگ آہن کا خایہ ہوتا ہی یعنی بیضہ -
جُندَل ع - بروزن صندل - بڑا پتھر
جِنس ع - ہر چیز کی ایک نوع جسکے نیچے بہت سی قسمین مندرج ہون - اور منطقیون کی اصطلاح مین جنس وہ ہی جسکے نیچے چند نوع ہون اور نوع وہ ہی جسکے نیچے چند صنف ہون اور صنف وہ ہی جسکے نیچے افراد ہون - پس حیوان جنس ہی - اور انسان نوع - اور فرنگی و حبشی و ہندی صنف اور ہر صنف کے اشخاص افراد ہین
جِنسیَّت ع - ایک جنس ہونا ایک سیل ہونا
جَنَف ع - ظلم کر نیکا ارادہ کرنا -
جَنگ ف - لڑائی -
جُنگ ف - بڑی بیاض جسمین ہر قسم کے اشعار و مضامین وغیرہ مندرج ہون -
جُنگ زرگری ف - دوسرے شخص کے فریب دینے کے لیے کسی سے ظاہر مین لڑنا - لیکن باطن مین ملے رہنا -
جُنگلی بلیپا ف - ایک حیوان ہوتا ہی بصورت آدمی کہ ایک پانون رکھتا ہی اور بات نہین کر سکتا مجازاً آدمی بیوقوف اور بے سروپا کو کہتے ہین
جَنگ گاہ ف - لڑائی کا میدان -
جَنوب ع - دکھن - اور جو ہوا کہ دکھن کی طرف سے چلے -
جُنُود ع - جمع جُند بمعنی لشکر کی
جُنُودِ کِبریا ف - کنایہ فرشتون سے -
جِنَّہ ع - جمع جِنّی کی - بہت سے دیو و پری اور اَجِنّہ جو اسکی جمع مشہور ہی وہ غلط ہی اسلیے کہ اَجِنّہ جمع جَنین کی ہی اور جَنین وہ بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ مین رہے -
جِنّی ع - ایک جن - اور جن اسم جنس ہی -
جَنّی ع - میوہ جو درخت سے گرے -
جُنَیبَت ع - آراستہ گھوڑا کوتل -
جُنَید ع - نام ایک ولی ساکن بغداد کا -
جَنین ع - وہ بچہ جو ان کے پیٹ مین ہو -

فصل جیم - مع واو

جَو ع - فرق جو زمین اور آسمان کے بیچ مین ہی اور ہوا جو درمیان زمین و آسمان کے بھری ہی
جَواب ع - بمعنی مقابل و پاسخ -

جَواب ۔ ف ۔ بمعنی آش جو۔

جَوابدِہ ۔ ف جس سے مطالبہ کیا جائے

جَواد ۔ ع ۔ بہت بخشش کرنیوالا۔ نام خدا کا

گھوڑا نیز رفتار۔ تشدید واو کا غلط ہے۔

جَواذِب ۔ ع کشش کرنیوالی چیزیں۔ یہ جمع جاذبہ کی ہے۔

جَوار ۔ ع ۔ ہمسائگی۔ پڑوس۔ فتحہ جیم کا جو اس لفظ میں مشہور ہے غلط ہے۔

جَوارِح ۔ ع ۔ ہاتھ پانوں اور دیگر اعضا آدمی کے جنسے کسب معیشت انسان کرتا ہے۔ اور شکاری جانور۔

جُوارِش ۔ مب ۔ یہ معرب گوارش کا ہے فتحہ جیم کا غلط ہے۔ دوائے مرکب ہاضم خوش مزہ بخلاف معجون کے کہ اسمیں خوش مزہ ہونیکی قید نہیں ہے۔

جَوارِی ۔ ع ۔ جمع جاریہ کی۔ لونڈیاں اور بیڑیاں۔ اور کشتیاں۔ اور چیزیں جاری ہونیوالیاں۔

جَواز ۔ ع ۔ گذرنا۔ روان ہونا۔ روائی درست ہونا۔ موافق شرع۔

جُواز ۔ ف ۔ کو لھو جسمیں تیل وغیرہ کالیں

جَواسیس ۔ ع جمع جاسوس کی۔

جُوال ۔ مب ۔ اصل اسکی گوال ہے۔ گون کو کہتے ہیں جسمیں غلہ بھر کر توڑا بیل وغیرہ پر لادتے ہیں۔ فقیر دن کی گدڑی۔ بجاز آ

جسم انسان ۔ سکندر نامہ میں ہے ؎ ہم از بہر فرمی ہم از بہر مال ۔ بکوشیم تا جان بود در جوال

جَوّالہ ۔ ع ۔ تیزی کیساتھ گول پھرنیوالی چیز

جَوامع ۔ ع ۔ جمع جامعہ کی وہ کے طوق جو گھنگارو نکی گردنوں میں پہناتے ہیں مجازاً بمعنی تمام اور سب کے۔

جَوان ۔ ف ۔ گبرو۔ بالغ۔

جوان سنگدیدہ ۔ ف ۔ وہ بہادر جوڑی ریاضت کر چکا ہو۔ اور بڑی مصیبت جھیل چکا ہو۔ یعنی کارآزمودہ اور تجربہ کار۔

جَوانب ۔ ع ۔ اطراف ۔ طرفین ۔

جوانمرد ۔ ف ۔ مرد سخی۔

جَواہر ۔ ع ۔ جمع جوہر کی۔

جَواہر مُجرَّدہ ۔ ع ۔ عقول عشرہ اور حکیموں کے نزدیک دس فرشتے ہیں۔

جَوائز ۔ ع ۔ انعامات بخششیں ۔ تحفے اور یہ جمع جائزہ کی ہے۔

جوبجو ۔ ف ۔ یعنی جزو کل ۔ تمام وکمال۔

جُوہی ۔ ع ۔ نام ایک بہت بڑے سمندر کا

جُود ۔ ع ۔ بخشش ۔ سخاوت ۔

جَود ۔ ع ۔ نیک ۔ نیک چیزیں ۔ مینھ کا بڑے زور وشور سے بہت برسنا۔ جوانمردی کرنا۔

جُودت ۔ ع ۔ نیکی ۔ نیک ہونا۔ خوبی ہر چیز کی

جُودت ۔ ع ۔ گھوڑے کی تیز رفتاری۔

جُودی ۔ ع ۔ نام ایک پہاڑ کا جہاں حضرت نوح کی کشتی بعد طوفان کے ٹھہری تھی۔

جوذر ۔ ع ۔ جنگلی گائے کا بچہ۔

جور ۔ ع ۔ ظلم ۔ ستم ۔ ظلم کرنا۔

جَورَب ۔ ع ۔ موزہ ۔ جُراب ۔

جوز ۔ مب ۔ معرب گوز کا ۔ اخروٹ۔

جَوزا ۔ نام تیسرے بُرج آسمانی کا جو دو پیکر ہے۔ نام ایک عورت کا اور دہ کالی بکری جسکی پیٹھ پر سفید دھاری ہے۔

جَوزبُویا ۔ ع ۔ جائفل۔

جوز بر گنبد انداختن ۔ ف ۔ کنایہ ہے بیفائدہ کام کرنے اور بیکار کوشش کرنے سے۔

جُوزدَرُون ۔ ف ۔ آتشدان میں کوئلے ڈالنا

جوز شکستن ۔ ف ۔ ایک قسم کی فال ہے۔

جَوزَق ۔ ع ۔ روئی کا پھل قبل چٹکنے کے۔

جَوزمائل ۔ ع ۔ دھتورہ کا پھل۔

جوزن ۔ ف ۔ ساحر۔ جادوگر اسلیے کہ اکثر ساحر جو بر منتر پڑھکے مارتے ہیں۔

جَوزہندی ۔ ف ۔ مغز ناریل۔

جَوسَق ۔ ع ۔ معرب ہے کوشک بمعنی قصر محل کا اور نام مقتدر باللہ عباسی کے محل کا بغداد میں۔

جَوسنگ ۔ ف ۔ جو کے وزن کے برابر۔

جُوش ۔ اُبال ۔ سوزش دل کی۔

جُوش ۔ ع ۔ سینہ ۔ آدھی رات ۔ آدمی کی اُبلنا دیگ کا ۔ ندی کا پانی سے بھر جانا۔

جُوشاندن ۔ ف ۔ جوش دینا۔ اُبالنا۔

جُوشش - ف - جوش -
جوشن - ف - زرہ جو لڑائی مین پہنتے ہین
جوشیدن - ف - اُبلنا - جوش مارنا -
جوشیدہ مغز - ف - کنایہ اُس شخص سے
جو غصہ مین بھرا ہو - پرخشم -
جُوع - ع - بھوک - اور گرسنہ ہونا -
جُوع الکلب - ع - ایک مرض ہی کہ آدمی
چاہے کتنا ہی کھائے مگر بھوک کم نہو اور سیری
حاصل نہو اور اس مرض کو شہوت کلبی بھی کہتے ہین
جُوع البقر - ع - ایک مرض ہی کہ باوجودیکہ
معدہ کے تمام اعضا پر حالت گرسنگی کی طاری
رہتی ہی یعنی غذا جزو بدن نہین ہوتی -
جوعان - ع - بھوکا آدمی - گرسنہ -
جوف - ع - شکم - پیٹ - خول ہر چیز کا -
جوفروش گندم نما - ف - کنایہ ہی مکار
اور دغاباز آدمی سے -
جوق - مب - فوج - لشکر - آدمیون کا گروہ
جُوق - ت - } پرندون کا غول - فرشتون
اور جنون کا گروہ -
جوگندم - ف - داڑھی جسمین سفید اور
سیاہ بال ہون -
جُول - ت - داو مجھون سے بیابان -
جولان - ع - دوڑنا - دوڑانا گھوڑون کا
گرد پھرنا - گھوڑے کو کاوے پہ لگانا - مگر
فارسی مین بہ سکون لام مستعمل ہی -
جُولان - ع - لوہے کی زنجیر یا ہڑی جو گنہگار
کے پانو مین پہناتے ہین -
جولائی - ف - گھوڑا - پیالہ شراب کا -
جولاہ - ت - جولاہہ کپڑا بننے والا -
جولقی - ع - قلندر کمل پوش -
جولہ - ت - جولاہہ - مکڑی - عنکبوت
جولیدہ - ف - ژولیدہ - پریشان -
جونہ - ع - عطردان - عطرفروش کا بکس
جوہر - مب - معرب ہی گوہر ہمعنی سنگ قیمتی کا
اور اصل ہر شی کی اور خلاصہ اُس کا - اور
اصطلاح مین وہ چیز جو بذات خود قائم ہو
اور یہ جوہر ضد عرض کا ہی جو بذات خود قائم
نہین ہوتا بلکہ بوسیلہ جوہر قائم رہتا ہی
جیسے کپڑا جوہر ہی اور رنگ اُسکا عرض ہی
جوہر اوّل - ع - کنایہ جبرئیل علیہ السلام سے
اور حکیمونکے نزدیک عقل اول -
جوہر فرد - ع - جزو لایتجزی جو کسی طرح سے
تقسیم اور ٹکڑے نہین ہو سکتا - اور شاعرون
کے نزدیک مراد دہان معشوق سے -
جوہرناب - ف - جوہر خالص -
جوہری - ع - صاحب جمع ہر جوہر پہچانتا ہو -
جوہی - ف - نام ایک پھول کا -
جوے - ف - نہر پانی کی جو جاری ہو -
جوی - ع - آخر مین الف مقصورہ بصورت
یاے تحتانی - سوزش دل کی عشق سے
جویا - ف - ڈھونڈھنے والا -
جویبار - ف - جس جگہ بہت سی نہرین پانی
کی بہتی ہون -
جویان - ف - ڈھونڈھنے والا -
جویدن - ف - ڈھونڈھنا -
جویندہ - ف - ڈھونڈھنے والا -

فصل جیم مع ہاے ہوز

جہات - ع - جمع جہت کی - اطراف -
جہاد - ع - کافرون سے لڑنا -
جہاد اکبر - ع - صوفیون کی اصطلاح مین
بمعنی ریاضت - فقر - نفس کشی -
جہاد اصغر - ع - صوفیون کی اصطلاح مین
کافرون سے لڑنا -
جہار - ع - ظاہر ہونا -
جہاز - ف - بہت بڑی کشتی ایک وضع خاص
کی جو سمندرمین چلتی ہی -
جہاز - ع - اونٹ کا پالان - عورت کی شرمگاہ
جہاز - ع - دُلھن کا اسباب جہیز - مسافر
کا اسباب - مردے کا سامان دفن و کفن -
جہالت - ع - نادانی - بے علمی -
جہان - ف - دنیا - عالم -
جہان ور جہان - ف - بسیار - بہت -
جہانیان - ف - دنیا کے لوگ - خلق اللہ
جہانیدن - ف - کدانا - اُچھالنا -
جہت - ع - طرف - واسطے -

جُہد ع۔ } کوشش۔ سعی۔ طاقت۔
جُہد ع۔ } رنج۔ مشقت۔
جُہد جہید ع۔ بہت بڑی کوشش۔
جَہر ع۔ کھلا ہوا کسی چیز کا آواز بلند پڑھنا
جَہل ع۔ نادانی۔ نہ جاننا۔
جَہل مُرکّب ع۔ اعتقاد کر لینا کسی چیز کی حقیقت کا برخلاف اُسکی حقیقت کے جیسے کوئی رانگے کو چاندی جان لے۔
جَہل بَسیط ع۔ نہ جاننا کسی چیز کی حقیقت کا
جَہلہ ع۔ جمع جاہل کی۔
جِہندہ ف۔ کودنیوالا۔
جَہنّم ع۔ گہرا کنواں اور نام پہلی دوزخ کا
جَہود ف۔ قوم یہود۔
جَہودی ف۔ ایک یہودی یا سے تحتانی اسمین وحدت کی ہو۔ جَہود جمع ہو۔
جَہول ع۔ بڑا نادان۔ بڑا بیوقوف۔
جِہیدَن ف۔ کودنا۔ اُچھلنا۔
جِیر ع۔ اِلہ جہاز کا ہو معنی اسکے سامان اور اسباب جو لڑکی کو بروقت شادی کے دین مرد کا سامان دفن وکفن۔ جوے کا روپیہ۔

فصل جیم۔ مع یاے تحتانی

جِیاب ع۔ جمع جیب کی خلاف قیاس۔
جِیاد ع۔ جمع جَید بمعنی خالص کی۔ اور جمع جواد بمعنی گھوڑے تیز رفتار کی اور جمع جید بمعنی گردن کی۔
جَیب ع۔ گریبان۔ پیرہن سینہ دل مجازاً وہ تھیلی جو نیچے گریبان کے سیتے ہین۔ اب مختلف مقام پر لگائی جاتی ہو۔
جَیبہ ف۔ بفتح اول بکتر اور بکسر زیرہ۔
جَیحُون ع۔ نام ایک دریا کا نزدیک بلخ کے
جِید ع۔ گردن۔
جَید ع۔ خوب۔ کھرا۔ نیک۔
جِیران ع۔ ہمسائے۔ پڑوسی جمع جار کی
جِیرہ ع۔ طعام را تبہ جو کسی کو دیا جائے
جَیش ع۔ لشکر۔ دیگ کا اُبلنا دل کی شورش اور بیتابی۔
جِیغہ ف۔ نام ایک زیور مرصع کا جس کو پگڑی پر باندھتے ہین۔
جِیغہ جِیغہ ف۔ بھونڈل جو برق سے کسیب دیا جاتا ہو ولایت کی عورتین مزید حسن کے لیے اُسکو پیشانی اور بھوو پر لگاتی ہین۔ ہندوستان کی عورتین مقیش کو باریک کترکے لگاتی ہین اور نام اُسکا افشان رکھا ہو۔
جِیفہ ع۔ حیوان مردہ جسمین بدبو ہو گئی ہو
جِیل ع۔ گروہ آدمیون کا۔ فوج نام ایک گانو کا نزدیک بغداد کے۔
جِیلان ع۔ نام ایک ملک کا نام ایک گانو کا نزدیک بغداد کے جسکو جیل بھی کہتے ہین۔
جُیوش ع۔ جمع جَیش بمعنی لشکر کی۔
جِیوہ ع۔ سیماب۔ ہندی پارہ۔

باب جیم فارسی

فصل جیم فارسی مع الف

چَابُک ف۔ چست۔ چالاک۔ کوڑا تازیانہ
چَابُک خرام ف۔ تیز چلنے والا۔
چَابُکدست ف۔ تیز دست۔ جو شخص ہاتھ کے کام مین چالاک ہو۔
چَابُکی ف۔ چالاکی چستی۔ اور گھوڑا تیز رفتار
چَابلوس ف۔ خوشامد کرنیوالا۔
چَابلوسی ف۔ خوشامد۔
چَاچ ف۔ ایک شہر کا نام ملک توران مین جو تاشکند کے نام سے مشہور ہو۔ اس شہر کی کمان مشہور ہو جسکو کمان چاچی کہتے ہین
چَادَر کافوری ف۔ کنایہ صبح سے۔
چَادَر گُلی ف۔ سرمئی رنگ کی چادر۔ کنایہ آسمان سے۔ اور کنایہ رات سے۔
چَادَر لَاجوَرد ف۔ آسمان۔ سبزہ زار۔
چَار ف۔ تخفیف چہار کا۔ اور مخفف چارہ بمعنی علاج کا۔
چَار آئینہ ف۔ نام ایک قسم کی زرہ کا۔
چَار ارکان ف۔ چار عنصر یعنی آگ۔ پانی خاک۔ ہوا۔
چَار بالش ف۔ مسند۔ بادشاہی تخت۔
چَار پایہ ف۔ چوپایہ جانور۔
چَار برگ ف۔ نام ایک پھول کا اور بعضے

لالہ کوہی کو کہتے ہین - یعنی پہاڑی لالہ

چار بند - ف - دینا -

چار بنج - ف - چار دوائین یعنی بنج کا سی بنج را زیادہ - بنج کرنس - بنج کبر -

چار تکبیر زدن - ف - یعنی ترک کلی یعنی کسی چیز کو ترک کر دینا - اور خاص کنایہ ہی نماز جنازہ سے کہ یہ نماز چار تکبیر پر تمام ہو جاتی ہی -

چار تار - ف - اربع عناصر - یعنی آگ اور

چار جوہر - ف - پانی - اور ہوا اور خاک

دُولابہ - ع - }
دولت - ع - گردش زمانہ کی ساتھ نیکی اور فتح اور اقبال کے - مال جو ہاتھون ہاتھ پھرے - مال اور زر کو اسی وجہ سے دولت کہتے ہین کہ یہ ایک کے ہاتھ سے دوسرے کے ہاتھ مین چلا جاتا ہو۔
دُولت - ع - نوبت - غلبہ - جنگ اور لڑائی مین غلبہ - پہونچا مال کا کسیکو۔
دَولتمند - ن - } صاحب دولت اور
دَولتی - ن - } روپیہ والا آدمی۔
دُوم - ن - دُوسرا۔
دُومار - ن - کنایہ ہو ضحاک بادشاہ سے اسلیے کہ اسکے دونون شانون پر زخم ہوگئے تھے اور اُسمین دو سانپ پیدا ہوگئے تھے

دُو مُرغ - ف - کنایہ ہو روح اور نفس ناطقہ سے
اور بعض نے بمعنی صوت اور ہیولی کے لکھا ہو
دُو مست آہو - ف - کنایہ ہو معشوق کی
دونوں آنکھوں سے -
دُو مغز - ف - کنایہ ہو بادام سے -
دُو مو - ف - جسکے بال سفید اور سیاہ
ملے ہوے ہوں یعنی ادھیڑ -
دُون - ع - سوا - غیر - تھوڑا - نزدیک
تحت - نیچے - حقیر - سفلہ - کمینہ -
دُونان - ف - کمینے اور خسیس لوگ -
دُو وتُون سر نگون در مُشک سودہ - ف -
کنایہ دونوں بھوؤں سیاہ سے -
دُو یَنِم - ف - دو حصے برابر ایک شے کے
دَوِی - ع - کان کا آواز کرنا - اگر آواز نرم
اور غلیظ ہو گی تو دوی کہیں گے اور اگر آواز
باریک اور تیز ہو گی تو کنین - ہوا چلنے کی
آواز - مکھی اور مچھر کی آواز - پرند جانور کے
پر ونکی آواز -
دَوِیدَن - ف - دوڑنا -
دَوِیست - ف - دو سو -

فصل دال مع ہاے ہوز

دَہ - ف - دس - (۱۰) ع
دِہ - ف - دے - گانوں - اور کلمہ نفرین بھی
ہو جیسے ہندی مین دور ہو -
دَہا - ع - عقلمندی تیزی طبیعت کی -
دُہات - ع - جمع دَاہی بمعنی عقلمند کی -
دِہات - ف - جمع دِہ بمعنی گانوں کی -
دِہاق - ع - بھرا ہوا - مالامال -
دہاقین - ع - جمع ہو دہقان کی یعنے
کسان لوگ - دہاتی آدمی -
دَہان - ف - مُنہ -
دہان بند - ف - زبان بند یا تویز -
دَہانہ - ف - موہانہ دریا وغیرہ کا
دِہانیدن - ف - دِلوانا -
دِہ پنجی - ف - کھوٹی چاندی کھوٹا سونا
دِہ خدائے - ف - صاحب قریہ -
دَہ دِل - ف - منافق - بہادر - مترود
دَہ دِلہ - ف - } پریشان خاطر -
دَہ دِہنی - ف - زر خالص - کھرا کامل عیار
اور بمعنی روشن بھی -
دَہر - ع - رات دن - زمانہ -
دَہ روز - ف - مدت قلیل -
دَہرہ - ف - نام ایک قسم کے ہتھیار کا
مثل خنجر کے -
دَہری - ع - پرانا بوڑھا اور وہ شخص جو
عالم کو قدیم جانے اور قیامت کا قائل نہو -
دَہریہ - ع - وہ شخص جو زمانہ کو خدا تصور
کرتا ہو -
دِہ زَدہ - ف - دیوان گانوں -
دِہستان - ف - بمقابلہ شہرستان کے
دَہش - ف - انعام دینا بخشش - سخاوت
دَہشت - ف - خوف - حیرت - پریشانی
دِہقان - معرب ہو دہگان کا
گنوار - کسان - رئیس - قریہ -
دِہقان آذر پرست - ف - سکندر رومی
مین مراد شخص ایرانی تاریخ دان سے -
دَہقانیت - ع - گنوار پن -
دَہکدہ - ف - وہ مکان جو گانوں مین
واقع ہو - اسمین اضافت مقلوب ہو -
دِہ کیا - ف - رئیس قریہ - گانو کا مقدم
زمیندار -
دُہل - ف - ڈھول -
دُہل دَریدن - ف - کسی کو گانے سے
منع کرنا اور چپ کر دینا -
دُہل دَریدہ - ف - رسوا اور بمعنی خاموش
یعنی چپ کے بھی آیا ہو -
دَہلیز - ف - چوکھٹ - شروع مکان کا
دَہم - ف - دسوان حصہ - (۱/۱۰)
دُہمت - ع - سیاہی - تاریکی -
دَہ مَردہ - ف - جھوٹا - گپی - بیہودہ
بکنے والا -
دَہن - ف - مُنہ -
دُہن - ع - تیل - روغن -
دَہن تیغ - ف - تلوار کی دھار -
دَہن تلخ بودن - ف - کسی کا گلہ کرنا -

دُہن مِصری ۔ ف ۔ روغن بلسان۔
دَہنہ ۔ ف ۔ دریا کا موہانہ۔ ملک کی سرحد۔ نام ایک پتھر کا جسکو دَہنۂ فرنگ کہتے ہین۔ دہنج اسکا معرب ہو۔
دُہنیّت ۔ ع ۔ چربی۔ چکناہٹ۔
دُہور ۔ ع ۔ جمع دَہر بمعنی زمانہ کی۔
دَہ ہلال ۔ ف ۔ دسون انگلیون کے ناخنون کے سرے جو گول ہوتے ہین۔
دِہی ۔ ف ۔ زمیندار۔
دِہ یک ستان ۔ ف ۔ خراج تحصیلنے والا محصول لینے والا۔

فصل دال مع یاے تحتانی

دِی ۔ ف ۔ شب و روز گذشتہ۔
دَی ۔ ف ۔ نام ماہ شمسی کا جبکہ آفتاب برج جدی مین رہتا ہو۔ ہندی مین تقریباً اور کبھی اس لفظ سے مراد فصل جاڑے کی ہوتی ہو مجازاً۔
دِیار ۔ ع ۔ جمع دار بمعنی گھر کی مجازاً بمعنے ملک اور شہر کے مستعمل ہو۔
دَیّار ۔ ع ۔ باشندہ۔ صاحب خانہ۔
دَیّان ۔ ع ۔ بدلہ لینے والا۔ قہر کرنیوالا۔ حساب کرنے والا۔ اور یہ ایک نام ہو حقتعالی کے اسماے صفات سے۔
دِیانَت ۔ ع ۔ دینداری۔ راستی۔
دِیبا ۔ ف ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا باریک اور مُنجر کے بھی آیا ہو۔ اور اُس شخص کو بھی کہتے ہین جو کسی کا ناظر حال ہو۔
دِیدَن ۔ ف ۔ دیکھنا۔
دَیدَن ۔ ع ۔ خو۔ عادت۔
دِیدہ بر ہم نہادن ۔ ف ۔ مرجانا۔
دیدہ بر دوختن ۔ ف ۔ کنایہ ہو اغماض اور غرور کرنے سے۔
دِیدہ سُرخ کردن ۔ ف ۔ لالچ کرنا کسی پر عاشق ہونا۔
دَیر ۔ ف ۔ بتخانہ۔ مندر۔ گنبد۔
دیر شدن ۔ ف ۔ تمام ہونا۔ خراب ہونا فوت ہونا۔
دَیر کہن ۔ ف ۔ دینا۔
دَیرِ مُسدّس ۔ ف ۔ دینا۔
دَیرِ مینا ۔ ف ۔ آسمان۔
دِیرمان ۔ ف ۔ باقی۔ پائدار۔
دِیروز ۔ ف ۔ گذرا ہوا کل کا روز۔
دِیرِ باز ۔ ف ۔ زمانہ دراز۔ مدت قدیم اور اسمین لفظ باز ہاے موحدہ سے غلط ہو۔
دِیرِینہ ۔ ف ۔ پرانا۔
دِیرِینہ دوز ۔ ف ۔ پرانا کپڑا سینے والا
دِیز ۔ ف ۔ لون۔ رنگ۔
دِیس ۔ ف ۔ بمعنی شکل اور مانند۔ یہ لفظ واسطے تشبیہ کے آتا ہو۔
دِیشب ۔ ف ۔ کل کی رات جو گذر گئی۔

دِیگ ـف ـ خروس ـ مرغ ـ
دِیگہ ـع ـ
دِیگ ـف ـ ہانڈی ـ دیگچی ـ
دِیگ پُر باد کردن ـف ـ چولھے پر دیگ چڑھانا کھانا پکانیکے لیے ـ
دِیگچہ ـف ـ ہنڈیا ـ چھوٹی پتیلی ـ
دِیگدان ـف ـ چولھا ـ
دِیگدان سرد ـف ـ مرد بخیل ـ
دِیگر ـف ـ اَور ـ دوسرا ـ
دَیلَم ـع ـ نام ایک ملک کا جہانکے باشندون کے بال گھونگھر والے ہوتے ہین اور وہ شخص جسکے والدین مین سے ایک حبشی ہو اور دوسرا ترکی ـ اور بمعنی سختی اور بلا اور دُراج نر یعنی تیتر کے بھی ہی ـ
دَیلمی ـع ـ نام ایک قوم کا جنکے سر کے بال گھونگھر والے مثل زنجیر کے ہوتے ہین ـ
دِیم ـف ـ مُنھ ـ چہرہ ـ روشنی ـ
دِیمہ ـف ـ ایک قسم کا جھڑہ ـ
دِین ـع ـ مذہب ـ پتھر ـ بدلہ دینا اور بمعنی حساب کے بھی ہی ـ
دَین ـع ـ قرض ـ اُدھار ـ واضح ہو کہ اگر ادا کرنیکے لیے وقت بھی مقرر ہو جائے جیسے فلان روز یہ روپیہ ادا ہو گا تو اسکو دَین کہینگے اور اگر وقت مقرر نہو گا تو قرض ـ
دِینار ـع ـ نام ہی ایک سکہ کا جو یہانکے حساب سے اڑھائی روپیہ کا ہوتا ہی ـ
دِینارِ سُرخ ـف ـ سکہ سونیکا ـ
دِین دِہقان ـف ـ سکندر نامہ مین مراد کیڑے مشہور ہین ـ
دین زردشت سے ہی ـ
دِین وَرست ـف ـ دین اسلام ـ
دِینہ ـف ـ بمعنی دیروز یعنی کل کا روز گذرا ہوا ـ منسوب ف دی کے ـ
دِینہاے آلودہ ـف ـ مراد ہی دین باطل آتش پرستونسے ـ
دِیو ـف ـ بھوت جن اور کنایہ ابلیس سے اور بمعنی فریب کے بھی ہی ـ
دِیوارِ بلند ـف ـ کنایہ دولتمند سے ـ
دِیوان ـمب ـ یاے معروف سے اصلی معنی اسکے جگہ جمع ہونے آدمیون کی مجازاً بمعنی کچہری ـ دارالعدالت صاحب منصب اور کتاب غزلونکی ـ
دِیوان ـف ـ یاے مجہول سے جمع دیو کی ـ
دِیوانِ تن ـف ـ مخفف دیوان تنخواہ کا ـ
دِیوانگی ـف ـ پاگل پن ـ دیوانہ پن ـ
دِیوان نہادن ـف ـ عدالت کرنا ـ
دِیوانہ ـف ـ پاگل ـ سڑی ـ
دِیوانی ـف ـ کچہری عدالت کی جس مین نالش قرض اور داد و ستد کی کیجاوے ـ
دِیو باد ـف ـ آندھی کا بگولہ ـ
دَیوُث ـع ـ بےغیرت ـ بےشرم ـ بھڑوا جو اپنی جورو سے کسب کرائے ـ
دِیو چہ ـف ـ جونک ـ دیمک ـ اور یہ دونون کیڑے مشہور ہین ـ
دِیو دار ـف ـ ایک پہاڑی درخت ہی جسکا مستول جہاز کا بنایا جاتا ہی ـ
دِیوزد ـف ـ وہ شخص جسکو خلل جن وغیرہ کا ہو جاے ـ آسیب زدہ ـ
دِیوزاد ـف ـ کنایہ ہی گھوڑے قوی اور تیز چلنے والے اور تناور سے ـ
دِیو سار ـف ـ مانند دیو کے اسلیے کہ سار بمعنی مانند ہی ـ
دِیو سفید ـف ـ وہ دیو جسکو رستم نے بڑی محنت سے مازندران مین قتل کیا تھا اور نام ایک پہلوان مازندرانی کا ـ اور کنایہ دیو قوی سرکش سے ـ
دِیو لاخ ـف ـ دیونکے رہنے کا مقام ـ
دِیو مار ـف ـ اژدہا ـ
دِیو مَردُم ـف ـ ایک قسم حیوان کی جسکو بن مانس کہتے ہین اور بمعنی آدمی شریر اور مفسد کے بھی آیا ہی ـ
دِیو مَرید ـف ـ کنایہ شیطان سے جو بڑا سرکش اور بد ہی ـ
دُیُون ـف ـ جمع دَین بمعنی قرض کی ـ
دِیو ہفت سَر ـف ـ کنایہ ہی زمین کے کرہ سے بہ اعتبار سات اقلیمون کے

دِیہ ۔ ن ۔ کانون ۔
دِیہیم ۔ ن ۔ تاج بادشاہی ۔

باب ذال معجمہ

فصل ذال مع الف

ذا ۔ ء ۔ یہ مُذ ۔ اسم اشارہ ہی مفرد مُذکر قریب کے واسطے ۔
ذَاب ۔ ء ۔ بمعنی عیب ۔ اور بہت بڑا پیاسا جسکے ہونٹھ مارے پیاس کے سوکھ گئے ہون ۔ اور پچھلا ہوا ۔
ذَابِح ۔ ء ۔ ذبح کرنیوالا ۔
ذَات ۔ ء ۔ صاحب ۔ مالک ۔ اور حقیقت اور اصل ہر شی کی ۔
ذَاتِ بَحْت ۔ ء ۔ مراد حقیقای جل شانہ سے اِسلیے کہ بحت بمعنی صرف و خالص ہی ۔
ذَاتُ الشِّمَال ۔ ء ۔ جانب ست چپ اور مراد گنہگار دن اور کافرونسے اسلیے کہ قیامت کے روز انکے بائین ہاتھو نمین اُنکے نامہاے اعمال بموجب حکم خدا آئینگے ۔
ذَاتُ الصَّدْر ۔ ء ۔ صاحب سینہ کا یعنی جاننے والا دلون کے بھید دن کا مراد ہی اولیاء اللہ سے اور طبیبونکی اصطلاح مین ورم سینہ کا ۔
ذَاتُ الْیَمِین ۔ ء ۔ جانب ست راست ہاتھو نمین بروز قیامت آئینگے ۔
ذَاتُ الْیَمِین ۔ ء ۔ وہ شخص جو دو آدمیون کے درمیا نمین واسطہ ہو کسی کام مین یعنی درمیانی اور تفنیہ دلال ۔ اور معاملہ باتفاق جو درمیان دو شخصونکے ہو ۔
ذَاتُ الْبُرُوج ۔ ء ۔ آٹھوان آسمان جسکو شرع مین کرسی کہتے ہین ۔
ذَاتُ الْعِمَاد ۔ ء ۔ صاحب عمارتون بلند اور صاحب ستونون کا اس لیے کہ عماد بمعنے عمار تہاے بلند اور ستونون کے ہی ۔
ذَاک ۔ ء ۔ یہ اسم اشارہ ہی طرف بعید یعنی دور کے اسکا ترجمہ فارسی مین (اُن) اور ہندی مین (وہ) ہی ۔
ذَاکِر ۔ ء ۔ ذکر کرنیوالا ۔ یاد کرنیوالا ۔
ذَاہِل ۔ ء ۔ بھولنے والا ۔ غافل ۔
ذَارِب ۔ ء ۔ گلنے والا ۔ پگھلنے والا ۔
ذَارِع ۔ ء ۔ آشکارا ۔ ظاہر ۔ پراگندہ ۔
ذَائِق ۔ ء ۔ چکھنے والا ۔
ذَائِقَہ ۔ ء ۔ مزہ چکھنے کی قوت جو زبانمین ہی ۔ اور بمعنی مزہ غلط مشہور ہی ۔

فصل ذال مع باے موحدہ

ذُبّ ۔ ء ۔ ہنکا دینا ۔ باز رکھنا ۔ دور کرنا ۔ دُبلا ہونا ۔ جنگلی بیل ۔
ذُبَاب ۔ ء ۔ مگس ۔ مکھی ۔
سبز رنگ ہی ۔ یہ اکثر زمرد کی صفت مین آتا ہی
ذُبَال ۔ ء ۔ جمع ہی ذُبالہ کی ۔
ذُبَالَہ ۔ ء ۔ فتیلہ ۔ بتی چراغ کی ۔
ذَبْح ۔ ء ۔ گلا کاٹنا جانور کا شرعی طور پر
ذِبْحِ اَکْبَر ۔ ء ۔ وہ گوسفند جو حضرت اسمٰعیل کے فدیہ اور بدلہ مین بہشت سے آیا تھا ۔ اور بمعنی قربانی ۔ عید الضحیٰ ۔
ذَبْر ۔ ء ۔ لکھنا ۔
ذُبُول ۔ ء ۔ لاغری ۔ پژمردگی ۔
ذَبِیح ۔ ء ۔ } وہ جانور جو شرعی طریقہ سے
ذَبِیحَہ ۔ ء ۔ } ذبح کیا جائے ۔

فصل ذال مع خاے معجمہ

ذَخَائِر ۔ ء ۔ جمع ذخیرہ کی ۔ گودام ۔
ذُخْر ۔ ء ۔ کسی چیز کا رکھ چھوڑنا ۔ کوئی چیز رکھی ہوئی کسی وقت کے خیال سے ۔
ذُخْرَہ ۔ ء ۔ ذخیرہ ۔ رکھی ہوئی چیزین ۔
ذَخِیرَہ ۔ ء ۔ وہ چیز جو کسی وقت پر کام آنے کے لیے رکھ چھوڑین ۔ فارسی اسکی نخچی

فصل ذال مع رائے مہملہ

ذَرّ ۔ ء ۔ بگذر ۔ چھوڑ ۔
ذَرَّات ۔ ء ۔ جمع ہی ذرہ کی ۔
ذَرَارِی ۔ ء ۔ جمع ذُریت بمعنی نسل کی ۔
ذَرَارِیح ۔ ء ۔ جمع ذُرُوح کی اور یہ ایک کیڑا پردار ہی بقدر چھوٹے بادام کے سرخ رنگ

تمام جسم پر سیاہ نقطے اس کیڑے کا کھانا زہر قاتل ہو۔

ذِراع ۔ع۔ بازو۔ ہاتھ کا گز۔ اور مقدار اسکی کہنی سے انگلیونکے سرے تک ہو۔

ذَرائع ۔ع۔ جمع ذریعہ بمعنی وسیلہ کی۔

ذَرع ۔ع۔ طاقت۔ ہاتھ کے گز سے ناپنا۔

ذَرَع ۔ع۔ لالچ۔ جنگلی گاے کا بچہ۔

ذَرق ۔ع۔ پرند جانور کی بیٹ۔

ذُرُور ۔ع۔ سوکھی دوا جو زخم پر چھڑکین

ذُرْوَہ ۔ع۔ بلندی پہاڑ کی۔ پہاڑ کی چوٹی

ذِرْوَہ ۔ع۔ سب سے اونچی چیز۔

ذَرَّہ ۔ع۔ چھوٹی چونٹی اور وہ باریک ذرّے جو نور آفتاب مین سوراخ سے نکلتے ہوے معلوم ہوتے ہین۔ اور وہ مقدار جو ایک جو کے سو حصّونمین سے ایک حصّہ ہو۔

ذُرَّہ ۔ع۔ چینا۔ جوار۔ اور یہ دونون غلّے مشہور ہین۔

ذُرِّیَّت ۔ع۔ اولاد۔ نسل۔

ذَرِیعَہ ۔ع۔ وسیلہ۔ واسطہ۔ دست آویز اور اصل مین ذریعہ اُس اونٹنی کو کہتے ہین جسکی آڑ مین چھپ کر صیاد شکار کھیلے۔

فصل ذال مع فا

ذَرفَر ۔ع۔ تیز خوشبو۔ تیز بدبو۔ مگر اکثر تیز خوشبو کے معنونمین آتا ہو۔ جیسے مشک اذفر۔ اور یہ لغت اضداد سے ہو۔

ذَرِیف ۔ع۔ زود۔ جلد۔ سبک۔

فصل ذال مع قاف

ذَقَن ۔ع۔ زنخدان۔ ٹھوڑی۔ اسکی جمع اذقان آتی ہو۔

فصل ذال مع کاف

ذُکا ۔ع۔ آفتاب۔ سورج۔

ذَکا ۔ع۔ ذہانت۔ عقل۔ طبیعت کی تیزی۔ عقلمندی۔ شعلہ کا بھڑکنا۔

ذِکر ۔ع۔ یاد کرنا زبانسے۔

ذَکَر ۔ع۔ یاد کرنا دلمین۔

ذِکرُ اَرَّہ ۔ع۔ ایک قسم کے وظیفہ کا نام ہی فقیرون مین جو شرکت زبان اور سینہ سے ہوتا ہی مثل کشش آرے کے۔

ذَکَر ۔ع۔ مرد کا عضو تناسل۔ اور بمعنی زرجو ضد مادہ ہو۔ اور بمعنی فولاد۔

ذُکُور ۔ع۔ جمع ذکر کی بہت سے مرد۔

ذَکوٰۃ ۔ع۔ بروزن صلوٰۃ۔ گلا کاٹنا اور ذبح کرنا جانور کا بطور شرع۔

ذَکِی ۔ع۔ ذہین۔ تیز فہم عقلمند۔ اور فارسی مین اکثر بغیر تشدید یاے تحتانی کے یہ لفظ آتا ہو۔

فصل ذال مع لام

ذُل ۔ع۔ خواری۔ ذلت۔

ذِل ۔ع۔ نرمی۔ مطیع ہونا۔

ذَلاقَت ۔ع۔ تیز زبانی۔ فصاحت تیزی صفائی تقریر کی

ذِلَّت ۔ع۔ خواری۔ گناہ۔

ذَلَق ۔ع۔ تیز زبانی بے آرام ہونا۔ پرند جانور کا بیٹ کرنا۔ ہر چیز کی تیزی۔

ذَلُول ۔ع۔ نرم۔ مطیع۔ تابعدار۔

ذَلِیق ۔ع۔ تیز زبان۔ سنان تیز۔

ذَلِیل ۔ع۔ خوار۔ بے عزت۔ گنہگار۔ نرم آسان۔ مطیع۔ تابعدار۔

فصل ذال مع میم

ذَمّ ۔ع۔ ہجو کرنا۔ برائی کرنا۔ ہجو۔

ذِمّ ۔ع۔ نہایت دُبلا اور لاغر۔

ذَمائِم ۔ع۔ جمع ذمیمہ کی۔ برائیان بدیان شرارتین۔ بد چیزین۔

ذِمَّت ۔ع۔ عہد۔ پیمان۔ عہدہ ضمانت

ذِمَّہ ۔ع۔ عہد۔ امان۔ زنہار۔ پناہ۔ ضمانت۔ اور اہل ذمہ وہ لوگ جو اہل کتاب مثل یہود و نصاریٰ کے ہون اور قبول اور عہد کرکے ملک اسلام مین رہین یعنی یہ کہ اپنے فرائض مذہبی کو پوشیدہ طور سے ادا کرینگے اور مطیع اسلام رہینگے وغیرہ وغیرہ۔

ذِمّی ۔ع۔ اہل کتاب جنکو مسلمانونکے ملک مین پناہ دی گئی ہو یعنی کافر جزیہ دینے والے مطیع اسلام۔

ذَمیم ۔ع۔
ذَمیمَہ ۔ع۔ } بد اور خراب چیز۔ زشت۔

فصل ذال مع نون

ذَنَب ۔ء۔ دُم۔ پونچھ۔ نام ایک ستارۂ آسمان کا جسکو ذَنَبُ الفَرَس کہتے ہین اور نام ایک شکل کا آسمان پر جسکے ایک طرف کو راس اور دوسرے کو ذنب کہتے ہین۔

ذَنْب ۔ء۔ گناہ۔

ذُنُوب ۔ء۔ جمع ذنب بمعنی گناہ کی۔

ذَنُوب ۔ء۔ پانی کا بھرا ہوا ڈول مطلق ڈول۔ گھوڑا لمبی دُم والا۔

فصل ذال مع واو

ذُو ۔ء۔ خداوند۔ صاحب۔ جیسے لفظ ذو الفضل بمعنی صاحب فضل۔

ذَوات ۔ء۔ جمع ہو ذات کی۔

ذُوَابَہ ۔ء۔ سر کے آگے کے بال۔ گیسو۔

ذَوَائِب ۔ء۔ جمع ذُوابہ بمعنی گیسو کی۔

ذَوب ۔ء۔ پگھلنا۔ سخت ہونا آفتاب کی گرمی یعنی دھوپ کا۔

ذَوَبان ۔ء۔ گلنا۔ پگھلنا۔ بیقراری۔

ذُوجَسَدَین ۔ء۔ مراد ستارۂ عطارد سے اسلیے کہ گھر اسکا جوزا ہو اور جوزا کو دو پیکر اور ذُوجَسَدَین کہتے ہین کیونکہ جوزا بصورت دو لڑکون برہنہ ملے ہوے کے ہو۔

ذُوذُوَابَہ ۔ء۔ م ایک ستارہ منحوس کا

ذُوذُنَابَہ ۔ء۔ نام ہو جو کبھی کبھی شکل جھاڑو کے نکلتا ہو۔

ذُوالفَقار ۔ء۔ نام حضرت علی علیہ السلام کی تلوار کا۔ فَقار بمعنی ریڑھ کی ہڈی کی گرفتان چونکہ اس تلوار کی پیٹھ برابر نہ تھی بلکہ اونچی نیچی تھی اس سبب سے ذوالفقار نام رکھا گیا۔ فا کے کسرہ سے غلط ہو۔

ذوالقَعدَہ ۔ء۔ گیارھوان مہینہ قمری۔

ذوالقُربیٰ ۔ء۔ رشتہ دار لوگ۔

ذُوالقَرنَین ۔ء۔ لقب ہو سکندر کا اسلیے کہ وہ دو گیسو رکھتا تھا اور قرن گیسو کو کہتے ہین۔ یا یہ کہ وہ دنیا کی دونون سمتون یعنی مشرق و مغرب تک پہونچا تھا۔ یا یہ کہ وہ کریم الطرفین تھا مان اور باپ دونون کی طرف سے۔ یا یہ کہ وہ نور اور ظلمت دونونمین داخل ہوا تھا۔ اصلی معنی اس لفظ کے۔ صاحب دو قرن کا۔ بعض محقق کہتے ہین کہ یہ ذوالقرنین جسکا ذکر قرآن شریف مین ہی یہ دوسرا بادشاہ ہی سوائے سکندر رومی پسر فیلقوس کے اسلیے کہ ان دونون مین تفاوت زمانہ بہت ہی۔

ذُوالنُّون ۔ء۔ لقب ہو یونس علیہ السلام کا اسلیے کہ یہ سات روز مچھلی کے پیٹ مین رہے تھے آپکا قصہ بڑا ہی۔ نون بمعنی مچھلی ہو۔

ذُوالنُّون مِصری ۔ء۔ ایک فقیر کامل کا لقب ہی اسلیے کہ یہ ایک روز کشتی پر سوار تھے کسی کا موتی کھو گیا لوگون نے آپ پر چوری کا گمان کیا آپکی دعا سے مچھلیان پانی پر ابھر آئین اور ہر ایک کے منھ مین ایک موتی تھا آپنے اُس شخص کا موتی پہچنوا کر اُسکو دیدیا۔

ذُوالمِنَن ۔ء۔ صاحب احسانون کا یعنی خدا سے تعالی۔ مِنَن جمع مِنَّت بمعنی احسان کی

ذُوناب ۔ء۔ کنایہ ہو جانور درندہ سے مثل شیر اور بھیڑیے وغیرہ کے اسلیے کہ ناب دندان پیش یعنی بجلی کو کہتے ہین۔

فصل ذال مع ہاے ہوز

ذَہاب ۔ء۔ مصدر ہی بمعنی جانا اور گذرنا اور چھوڑنا۔ ذہاب و ایاب۔ معنی اسکے جانا اور واپس آنا۔

ذَہَب ۔ع۔ سونا۔ زر۔
ذُہُلت ۔ع۔ بمعنی غفلت ۔
ذِہن ۔ع۔ فہمیدگی۔ زیرکی۔ عقل ۔
ذِہن ۔ف۔ باطن۔ تہ۔
ذِہن دریا ۔ف۔ بھنور۔ دریا کی تہ۔
ذُہُول ۔ع۔ } غفلت۔ فراموشی۔
ذُہولت ۔ع۔ }
ذہین ۔ع۔ وہ شخص جسکا ذہن تیز ہو۔ عقلمند۔ حرف اول کے کسرہ سے غلط ہی۔

فصل ذال مع یاے تحتانی

ذِی ۔ع۔ خداوند۔ صاحب۔
ذِیاب ۔ع۔ جمع ذِیب بمعنی بھیڑیے کی۔
ذِیب ۔ع۔ گرگ۔ بھیڑیا۔ اور بجاے یاے تحتانی کے ہمزہ بھی آیا ہی۔
ذِی بال ۔ع۔ صاحب شان صاحب عزت اور بمعنی صاحب بازو غلط ہی اسلیے کہ بال بمعنی بازو فارسی ہی پس اسکی ترکیب لفظ ذی کے ساتھ خلاف محاورہ ہی۔
ذِی سَلَم ۔ع۔ نام ایک مقام کا۔ اور سَلَم ایک درخت ہی خاردار۔
ذَیل ۔ع۔ دامن۔
ذِی الحِجّہ ۔ع۔ بارھوان مہینہ قمری۔
ذِی القَعدَہ ۔ع۔ گیارھوان مہینہ قمری اصلی معنی اسکے صاحب بیٹھنے کا چونکہ اس مہینہ مین جنگ حرام تھی پس گویا مدت کے لوگ لڑائی سے جنگ سے اس مہینہ مین بیٹھ رہتے تھے یعنی باز رہتے تھے۔

باب رائے مہملہ

فصل را مع الف

را ۔ف۔ یہ حرف علامت مفعول کی ہی اور کبھی بمعنی برائے آتا ہی جیسے خدارا یعنے برائے خدا۔ اور کبھی بدلہ اضافت کے آتا ہی جیسے ع کسان را نشد ناوک اندر حریر۔ یعنی ناوک آن کسان۔ اور کبھی واز سببیہ کے معنی کا فائدہ دیتا ہی جیسے قضا را یعنی بسبب قضا۔ اور کبھی زائد ہوتا ہی جیسے ؎ گرچہ تن من زپی سوزد ز ہست + رحمت تو از پے این و زہست
رَاجِح ۔ع۔ سود دینے والا۔ نفع بخشنے والا فائدہ دینے والا۔
رَابِض ۔ع۔ بمعنی قلعہ دار۔
رَابِط ۔ع۔ ربط دینے والا۔ ملانیوالا۔
رَابِطَہ ۔ع۔ لگاؤ۔ علاقہ۔
رَابِع ۔ع۔ چوتھا۔
رَابِعَہ ۔ع۔ چوتھی چیز مونث اور نام ایک پارسا عورت کا ہی جو بصرہ مین ہوئی تھین اور یہ اپنے باپ کی چوتھی لڑکی تھین اسلیے رابعہ انکا نام ہو گیا تھا۔
رَابِیَہ ۔ع۔ بمعنی زمین بلند۔
رَاتِبَہ ۔ع۔ ہر روز کا معمول۔ اور وہ خوراک جو روزانہ مقرر ہو۔
رَاتِع ۔ع۔ چرنیوالا۔
رَاتِق ۔ع۔ باندھنے والا۔
رَاجِح ۔ع۔ افزون۔ غالب۔ فائق۔ بہتر اور وہ پلہ ترازو کا جو بوجھ کے سبب سے نیچا رہے۔ اور مرجوح اونچا پلہ۔
رَاجِع ۔ع۔ رجوع کرنیوالا۔ واپس ہونیوالا۔
رَاجِل ۔ع۔ پیادہ۔ پیدل چلنے والا۔
رَاجِی ۔ع۔ اُمیدوار۔
رَاح ۔ع۔ شراب۔ شادہونا۔ خوشی اور جمع راحت بمعنی ہتھیلی ہاتھ کی۔ اور بمعنی راہ اور قرار پکڑنے کے بھی آیا ہی۔
رَاحَت ۔ع۔ آرام۔ آرایش اور ہاتھ کی ہتھیلی۔
رَاح رُوح ۔ع۔ نام ایک لحن کا بار بدی کے تیس لحنونمین سے۔ آرام۔ دل۔
رَاح رَیحَانی ۔ع۔ ایک قسم کی شراب ہی جو پھولونسے بنائی جاتی ہی۔
رَاحِل ۔ع۔ کوچ کرنیوالا۔
رَاحِلَہ ۔ع۔ سواری کا جانور خواہ اُسپر سوار ہون خواہ بوجھ لادین۔ اونٹ گھوڑا وغیرہ خواہ نر ہو خواہ مادہ۔ اور تاے فوقانی اسمین واسطے مبالغہ کے ہی۔
رَاد ۔ف۔ سخی۔ بہادر۔
رَادّ ۔ع۔ رد کرنیوالا۔

رَاوِع ۔ع۔ ہٹا دینے والا۔ روکنے والا۔
رَاوِفَہ ۔ع۔ پیچھے آنیوالی۔ پھونکنا صور کا دوسری دفعہ اور یہ بروز قیامت ہوگا۔
رَاوِی ۔ ف ۔ سخاوت۔ جوانمردی حکمت شجاعت۔ عقلمندی۔
رَاز ۔ ف ۔ بھید۔ پوشیدہ بات۔
رَازدان ۔ ف ۔ بھید کا جاننے والا۔
رَازِ زمین ۔ ف ۔ مُراد سبزہ اور پھولنے
رازِق ۔ع۔ رزق دینے والا۔
رَازِی ۔ع۔ منسوب ف رَے کے جو ایک شہر ہو۔ اسمین زاے نقطہ دار زیادہ کی گئی ہو۔
رَازیانج ۔ مب ۔ بادیان ۔ سونف ۔
رَازیانہ ۔ ف ۔ سونف ۔
رَاس ۔ع۔ سربلندی کسی چیز کی۔
رَاسب ۔ع۔ تہ نشین نیچے بیٹھ جانیوالا۔
راست مزہ ۔ ف ۔ شیرین مزہ۔
رَاسُ المَال ۔ع۔ سرمایہ تجارت کا۔
راست ۔ ف ۔ درست ۔ سیج ۔ ٹھیک
دہنا ہاتھ۔ نام ایک مقام کا بارہ مقامات موسیقی سے۔
راستہ ۔ ف ۔ صف بازار کی دکانوں کی۔
راستباز ۔ ف ۔ سچا۔
راستی ۔ ف ۔ درستی ۔ سچائی۔
راسخ ۔ع۔ اُستوار ۔ مضبوط۔

رَاشُو ۔ ف ۔ بیولا۔ ایک جانور مشہور ہے جو سانپ کا دشمن ہو۔
رَاس وذَنَب ۔ع۔ ایک شکل ہو آسمان پر بصورت اژدہے کے۔ اسکو تنین فلک بھی کہتے ہین۔ اسکے ایک طرف کو راس اور دوسرے کو ذَنَب بولتے ہین۔
رَاسیہ ۔ع۔ اُستوار ۔ مضبوط۔
رَاسیات ۔ع۔ جمع راسیہ کی۔
رَاش ۔ ف ۔ تودہ اور انبار غلہ کا۔
رَاشِد ۔ع۔ ہدایت یافتہ۔ راہ راست پانیوالا۔
رَاشِی ۔ع۔ رشوت دینے والا اور رشوت لینے والے کو مُرتشی کہتے ہین۔
رَاصِد ۔ع۔ مراد نجومی سے۔ منجم۔
رَاضِی ۔ع۔ خوش ۔ شاد۔
رَاعِی ۔ع۔ نگہبان ۔ حاکم ۔ والی ۔ چرواہا۔
رَاغ ۔ع۔ جنگل ۔ پہاڑ کا دامن ۔ سبزہ زار۔
رَاغِب ۔ع۔ رغبت کرنیوالا۔
رَافَت ۔ع۔ مہربانی۔
رَافِضی ۔ع۔ منسوب طرف رافضہ کے۔
رَافِضَہ ۔ع۔ اُس گروہ کو کہتے ہین جو اپنے سردار کو چھوڑ دے۔
رَافِع ۔ع۔ بلند کرنیوالا۔ اُٹھانیوالا۔ کلمہ کو حرکت پیش کی دینے والا۔ دادخواہ اپنا قصہ آگے حاکم کے لیجانیوالا۔

رَافِف ۔ع۔ چمکنے والا۔
رَاقِب ۔ع۔ منتظر۔ انتظار کرنیوالا۔
رَاقِم ۔ع۔ لکھنے والا۔
رَاقِع ۔ع۔ کپڑے پر پیوند سینے والا۔
رَاقِی ۔ع۔ منتر باز۔ جادوگر۔ اور وہ شخص جو مریض پر دُعا دم کرے۔ افسون پڑھنے والا۔ اور بمعنی اوپر چڑھنے والے کے بھی آیا ہو۔
رَاقِص ۔ع۔ ناچنے والا۔ اور نام ایک ستارہ کا ہو آسمان پر جو تنین یعنی اژدہاے فلک کے مُنہ مین ہو۔
رَاکِب ۔ع۔ سوار۔
رَاکِد ۔ع۔ بندھا پانی جو جاری نہو۔
راکع ۔ع۔ جھکنے والا خدا کے سامنے رکوع کرنے والا۔ گھٹنون پر ہاتھ رکھ کے بطور حکم شرع جھکنے والا۔
رَام ۔ ف ۔ تابعدار ۔ فرمانبردار ۔ ہلا ہلا۔
رامح ۔ع۔ نیزہ دار ۔ نیزہ مارنیوالا۔
رَامِش ۔ ف ۔ نغمہ ۔ سرود ۔ راگ۔
رَامشگر ۔ ف ۔ / رَامشی ۔ ف ۔ مُطرب ۔ گویا۔
رَامی ۔ع۔ تیرانداز ۔ سنگ انداز یعنے پتھر مارنیوالا۔ تہمت لگانیوالا۔
رَانْدن ۔ ف ۔ ہانکنا ۔ چلانا۔
رَانین ۔ ف ۔ ازار ۔ پاجامہ

رَاوَنْد۔ ع۔ نام ایک دوائے مسہل کا۔ ریوند اسی کا ابالہ ہو۔

رَاوِغ۔ ع۔ فریبی۔ مکّار۔ دغاباز۔

رَاوُق۔ ع۔ شراب کی صافی۔ مگر فارسی کے استعمال مین مجازاً بمعنی شراب صاف ہو۔

رَاوِی۔ ع۔ روایت کرنیوالا۔ کہانی کہنے والا۔ سیراب ہونیوالا۔

رَاوِیَہ۔ ع۔ وہ اونٹ جسپر پانیکی بھری ہوئی پکھال ہو۔ پانیکی مشک۔

رَاہ۔ ف۔ رستہ۔ راہ۔ پردۂ سرود۔ انتظار۔ ہوش اور بمعنی مرتبہ جیسے صدر رہ بمعنی سرپر رہ اسکا مخفف ہو۔

رَاہِب۔ ع۔ زاہد گوشہ نشین۔ ترسا۔ ترسا بچہ پادری۔ دنیا کا ترک کرنیوالا۔

راہ برداشتن۔ ف۔ سفر کرنیوالا۔

راہ بخت۔ ف۔ عیش زندگی کی راہ۔

راہبر۔ ف۔ راہ بتانیوالا۔

رَاہِ بریدہ۔ ف۔ وہ راہ جو ڈاکو ونکے سبب سے بند ہوگئی ہو۔

رَاہ بُریدن۔ ف۔ کنایہ سفر کرنا۔

رَاہ پیش گذاشتن۔ ف۔ رہنمائی کرنا

راہ دادن۔ ف۔ اجازت دینا منظور کرنا

راہدار۔ ف۔ نگاہبان راہ کا۔ چوکیدار سڑک کا۔ اور چور کو بھی کہتے ہین۔

رَاہداری۔ ف۔ چوکیداری یا سڑک کی

رَاہِ رَخْت۔ ف۔ راہِ درست۔

رَاہِ عدم کوب شدن۔ ف۔ مرجانا۔

رَاہ کوہ رفتن۔ ف۔ مجازاً اغلام کرنا

رَاہِن۔ ع۔ گرو رکھنے والا کسی چیز کا

رَاہنما۔ ف۔ راہ دکھلانیوالا۔

رَاہوار۔ ف۔ رفتار گھوڑے کی۔ اور گھوڑے کو بھی بولتے ہین۔

رَاہی۔ ف۔ مسافر راہ چلنے والا۔

رَاے۔ ف۔ عقل۔ تجویز۔ خیال۔ دانائی۔

رَایات۔ ع۔ جمع رایت کی۔

رَایت۔ ع۔ نیزہ۔ عَلَم لشکر کا۔

رَایج۔ ع۔ جاری۔ جو شئے پھیلی ہوئی ہو۔

رَایحہ۔ ع۔ مطلق بو۔ مگر بمعنی بوے خوش یعنی خوشبو کے مستعمل ہو۔

رَاے زن۔ ف۔ عاقل۔ دانا۔ عقلمند۔

رَایش۔ ع۔ رشوت دینے والے اور لینے والے کے درمیانمین جو دلالی کرے۔

رَایض۔ ع۔ مراد چابک سوار سے۔

رَایق۔ ع۔ پانی جاری اور صاف۔ شفاف اور لطیف شی۔

رَایگان۔ ف۔ مفت۔ بے عوض منافع

رَایگان خوار۔ ف۔ مفت کا کھانیوالا۔

رَای العَین۔ ف۔ دیکھنا آنکھ سے۔

فصل را۔ مع بائے موحدہ

رَبّ۔ ع۔ خداوند۔ پروردگار۔ پالنے والا یعنی خداے تعالی جل شانہ۔

رُبّ۔ ع۔ انگور اور انار اور سیب وغیرہ کا پانی نچوڑا اور آگ پر پکایا ہوا۔

رُبّ۔ ع۔ بمعنی تھوڑا۔ اور بمعنی بہت

رُبا۔ ف۔ لیجانیوالا۔

رِبا۔ ع۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ سود۔

رَباب۔ ع۔ نام ایک باجہ کا جو مشہور ہو۔ ابر سفید۔ نام ایک خوبصورت عورت کا جسپر ایک شخص رعد نامے عاشق تھا۔ نام ایک موضع کا مکہ مین۔ نام ایک پہاڑ کا مدینہ مین

رَبّاح۔ ع۔ سود۔ اور نام آنحضرت صلعم کے غلام کا۔ نام ایک قلعہ کا اندلس مین۔

رَبَاط۔ ع۔ سرائے۔ مسافرخانہ۔

رِبَاط۔ ع۔ وہ چیز جس سے دوسری چیز کو خوب کسکے مضبوط باندھین۔

رَباعی۔ ع۔ اونٹ سات برس کا۔ گھوڑا اور بیل اور بکرا چار برس کا۔

رُباعی۔ ع۔ وہ چار مصرعے جنکا پہلا اور دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ ہو۔ اور رباعی بحر ہزج اخرب واخرم مثمن سے ہوتی ہو خاص وزن اُس کا یہ ہو۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ اور جو بحر ہزج مذکور سے ہو اُس کو قطعہ کہینگے۔

رَبّانی۔ ع۔ منسوب طرف رب کے۔

رُبائیدن۔ ف۔ اُچک کر لیجانا۔

رِبح - ع - نفع - سود - فائدہ جو تجارت مین ہوتا ہو -

رَبَض - ع - دیوار شہر پناہ کی - گرداگرد قلعہ کا - اہل خانہ مثل جورو اور مان اور بہن وغیرہ کے -

رَبط - ع - لگاؤ - علاقہ -

رُبع - ع - چوتھا حصہ کسی چیز کا (ربع)

رِبع - ع - دو تپ جو دو روز درمیان دیکر آوے -

رَبع - ع - مکان سرا - محلہ - منزل -

رَبع شدّاد - ع - مراد باغ ارم سے -

رُبعِ مسکون - ع - چوتھائی حصہ زمین کا جو آباد ہو -

رِبقہ - ع - حلقہ رسی کا -

رَبّنا - ع - اے پروردگار ہمارے -

ربُّ النّوع - ع - وہ فرشتہ جو حق تعالیٰ کی جانب سے واسطے پرورش اور حفاظت ہر نوع کے انواع نباتات اور حیوانات اور جمادات سے مقرر ہو پس واسطے پرورش ہر نوع کے ایک فرشتہ علحدہ ہو -

رُبوبیّت - ع - پروردگاری - خدائی -

رُبودن - ف - اُچک لینا - جلدی سے بر روز کسی سے کسی چیز کا لے بھاگنا -

رَبوہ - ع - تودہ - اونچی زمین ٹیلا اور مراد زمین بیت المقدس سے اسلیے کہ یہ زمین سب زمینوں سے زیادہ بلند ہو -

رَبیب - ع - وہ لڑکا جو عورت اپنے پہلے شوہر کے نطفہ سے لیکر دوسرے شوہر کے گھر مین آوے پس اس دوسرے شوہر کا وہ لڑکا ربیب کہلائیگا -

رَبیبہ - ع - وہ لڑکی جو پہلے خاوند کی ہو اور اُسکی ماں اپنے ساتھ دوسرے شوہر کے گھر مین لے آوے - شوہر ثانی کی یہ ربیبہ ہو -

رَبیع - ع - موسم بہار اور یہ ہندی مین چیت بیساکھ اور دوسری دو لاتون مین بیساکھ جیٹھ ہو - اور نام ایک مرد سخی کا جس کو ربیع بن فضل کہتے ہین -

ربیعُ الاوّل - ع - تیسرا مہینہ قمری -

رَبیعُ الآخر - ع - چوتھا مہینہ قمری -

فصل را مع تاے فوقانی

رِتاج - ع - بڑا پھاٹک جسمین چھوٹی ٹھڑکی آمد و رفت کیلیے لگی ہوتی ہو -

رَتب - ع - وہ کشادگی جو کلمہ کی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان مین ہوتی ہو -

رُتبہ - ع - درجہ - مرتبہ -

رَتق - ع - باندھنا -

رَتق و فَتق - ع - اول لفظ کے معنی باندھنا دوسرے کے معنی کھولنا -

رَتم - ع - وہ ڈورا جو واسطے کسی پارچہ کے انگلی مین باندھ لیتے ہین - فارسی مین لفظ پارآورا اسی معنی مین ہو -

فصل را - مع ثاے مثلثہ

رَثّ - ع - کہنہ - پرانا - بدحالی -

رِثاث - ع - جمع رثّ کی -

رَثیث - ع - تاج کا گوشوارہ -

فصل را - مع جیم

رجا - ف - اُمید - بھروسا - اُمید رکھنا - اور بمعنی ترسیدن یعنی ڈرنے کے بھی آیا ہو -

رَجا - ع - بفتح ہمزہ کے بمعنی جانب اور کنارہ کسی چیز کا جیسے کنارہ آسمان کا - کنوین کا کنارہ

رِجال - ع - جمع رجل بمعنی مرد کی -

رَجَب - ع - ساتوان مہینہ مسلمانونکا -

رُجحان - ع - جھک جانا ترازو کے ایک پلہ کا اور زیادہ ہونا - اور بمعنی زیادتی اور فوقیت کے بھی مستعمل ہو -

رَجز - ع - نام ایک بحر کا اُمیس بحرون شعر سے وزن اسکا چھ مرتبہ مستفعلن ہو اور آٹھ بار بھی آتا ہو - اور وہ اشعار جو عرب لوگ معرکون اور لڑائیون مین بمضامین فخر اور مردانگی اور اپنی قوم کی شرافت اور بزرگی کے اظہار کے لیے پڑھتے ہین -

رِجز - ع - پلیدی - عذاب - شرک -

رِجس - ع - پلیدی - عذاب - گناہ -

رَجَع - ع - لوٹنا - پھرنا - واپس ہونا -

رَجعت - ع - بازگشت اور بازگشت یعنے

رجوع شوہر کی طرف زوجہ طلاق دی ہوئی کے عدت عدہ کے اندر۔

رَجعَۃُ القَہقَری۔ ع۔ اپنی ایڑی کیطرف چلنا یعنے اُلٹے پانوں چلنا۔

رَجف۔ ع۔ زلزلہ۔ سخت ہلنا زمین کا۔

رَجفہ۔ ع۔ زمین وغیرہ کی سخت جنبش اور لرزہ

رِجل۔ ع۔ پا۔ پانوں۔

رَجل۔ ع۔ پیادہ ہونا۔

رَجل۔ ع۔ مرد جو حد بلوغ کو پہونچگیا ہو۔

رَجِل۔ ع۔ سر کے بال لمبے اور لٹکے ہوے جنمین گھونگھر نہو۔

رَجلہ۔ ع۔ خرفہ کا ساگ۔

رَجم۔ ع۔ پتھر مارنا۔ سنگسار کرنا۔ نفرین کرنا اٹکل اور گمان سے بات کہنا اور کسی کو گالی دینا۔

رُجولَت۔ ع۔ } مردی۔ مرد ہونا۔
رُجولِیَّت۔ ع۔ }

رُجوم۔ ع۔ پتھر مارنیوالا۔ چلا نیوالا۔

رُجوم۔ ع۔ وہ ستارے جو مثل شعلہ کے آسمان پر دوڑتے ہوے معلوم ہوتے ہین اور جن سے شیاطین بھگائے جاتے ہین۔

رَجیع۔ ع۔ جو چیز کہ رد کی جائے آدمی کا گوہ۔ چوپائے کا گوبر۔ بکری وغیرہ کی جگالی

رَجیم۔ ع۔ سنگسار کیا گیا۔ ہنکایا گیا۔ یہ لفظ اکثر شیطان کی صفت واقع ہوتا ہوا سلیے کہ وہ بھی آگ کے شعلہ سے جو مثل ستارہ کے آسمان پر دوڑتا ہوا معلوم ہوتا ہی ہنکایا جاتا ہی۔

فصل را۔ مع حاے مہملہ

رَحا۔ ع۔ } آسیا۔ چکّی۔
رَحی۔ ع۔ }

رِحال۔ ع۔ جمع رَحل کی جو بمعنی کوچ کرنے اور پالان شتر کے ہی۔

رَحاح۔ ع۔ فراخ۔ کشادہ۔

رَحل۔ ع۔ مسکن۔ منزل۔ اسباب۔ کوچ کرنا۔ سامان۔ اونٹ کا پالان۔ مجازاً لکڑی کے دو تختہ جو شکل مخصوص سے بنائے جاتے ہین اور جنپر قرآن شریف رکھکر تلاوت کرتے ہین۔

رِحلَت۔ ع۔ کوچ۔ کوچ کرنا۔

رَحیم۔ ع۔ زہران یعنی بچہ دان جسمین لڑکا اپنی ماں کے پیٹ مین رہتا ہی۔

رَحم۔ ع۔ مہربانی کرنا۔ بخشش دینا۔

رُحَمَا۔ ع۔ جمع رحیم بمعنی مہربان کی

رَحمان۔ ع۔ مشتق رحمت سے یہ صیغہ ہی صفت مشبہ کا معنی اسکے بخشنے والا اور اطلاق اس لفظ کا سوائے ذات باری تعالیٰ کے کسی اور پر جائز نہین ہی۔

رَحمَت۔ ع۔ بخشش۔ مہربانی۔

رَحیض۔ ع۔ دھوئی ہوئی اور صاف کی ہوئی چیز خواہ کپڑا ہو خواہ ہاتھ وغیرہ۔

رَحیق۔ ع۔ شراب خالص اور صاف۔

رَحیل۔ ع۔ کوچ۔

رَحیم۔ ع۔ مہربانی کرنیوالا۔

فصل را۔ مع خاے معجمہ

رُخ۔ ف۔ چہرہ۔ مُنہ۔

رُخ۔ ع۔ نام ایک بڑے زبردست مُرغ کا جو ہاتھی اور گینڈہ تک کو اُٹھا لیجاتا ہی اور نام ایک مُہرۂ شطرنج کا۔

رَخا۔ ع۔ نرمی۔ سستی۔ فراخی عیش کی

رَخاوَت۔ ع۔ سُستی۔ ڈھیلا پن۔

رُخام۔ ع۔ پتھر سفید اور نرم اور بعضے کہتے ہین سنگ مرمر۔

رَخت۔ ع۔ اسباب۔ سامان۔ جامہ۔ لباس۔ اور کبھی مراد ہوش و عقل سے۔

رَخت افگندن۔ ف۔ مقیم ہونا۔ کسی جگہ بود و باش اختیار کرنا۔

رَخت بُردن۔ ف۔ سفر کرنا۔

رَخت بَستَن۔ ف۔ کوچ کرنا۔

رَخت کَش۔ ف۔ مسافر۔

رُخسار۔ ف۔ گال۔ کلّہ۔

رَخش۔ ف۔ وہ گھوڑا جسکا رنگ سفید اور سُرخ ملا ہوا ہو اور بعضے کہتے ہین کہ یہ رنگ درمیان سیاہ اور بھورے کے ہوتا ہی رُستم کے گھوڑے کو ایسا ہی رنگ ہونیکی

دبہ سے رخش کہتے تھے۔ اور مجازاً ہر گھوڑے کو رخش کہتے ہین۔

رُخشان ۔ت۔ چمکتا ہوا۔ روشن۔

رَخشا ۔ت۔ مخفف رخشان کا۔

رَخشِ بیجادہ نعل ۔ت۔ گلاب کا درخت

رَخشِ عنان تاب ۔ت۔ گھوڑا نہایت چالاک جو محتاج چابک ماریکا نہو۔

رُخشیدن ۔ت۔ چمکنا۔

رُخص ۔ع۔ نرم۔ نازک۔

رُخص ۔ع۔ ارزانی سستا ہونا۔

رُخصت ۔ع۔ ارزانی۔ اجازت۔ چھٹی۔

رُخ کسے بُردن ۔ت۔ کنایہ ہے کسی شخص کی آبروریزی اور بیعزتی کرنے سے۔

رَخم ۔ع۔ گاڑھا دودھ۔ مہربانی۔ نرمی۔ دوستی۔ نام ایک مقام کا درمیان شام اور نجد کے۔ نام ایک پہاڑ کے درہ کا شہر مکہ معظمہ مین۔ نام ایک پرندہ دار خوار کا جس کو ہندی مین گدھ کہتے ہین۔

رَخنہ ۔ع۔ سوراخ دیوار کا مطلق سوراخ اور کنایہ عیب اور فساد سے۔

رِخو ۔ع۔ نرمی سستی ہونا۔

رِخوہ ۔ع۔ نرمی سستی۔ نام ایک درد کا جو عضو کو سست کر دیتا ہے۔

رَخیدن ۔ت۔ ہانپنا۔ سانس کا پھولنا اور جلد جلد آنا بوجہ دوڑنے وغیرہ کے۔

رَخیص ۔ع۔ ارزان سستا۔ جامۂ نازک۔

رَخیم ۔ع۔ سخن نرم اور سلیس۔ آدمی ضعیف اور نرم آواز کنایہ مرد زنا سے۔

فصل را۔ مع دال مہملہ

رَدّ ۔ع۔ پھیر دینا۔ پھیر لینا۔ واپس لانا۔ نامنا۔ اور بمعنی رَدّہ دیوار۔

رِدا ۔ع۔ اوڑھنے کی چادر۔

رِدا پوش ۔ت۔ کنایہ زاہد اور فقیر سے

رَدائت ۔ع۔ زبون ہونا۔ فاسد ہونا۔ تباہ ہونا۔ ردی ہونا۔

رِدف ۔ت۔ سُرین یعنی چوتڑ کسی کے پیچھے بیٹھنا۔ پیچھے آنا۔ سوار کے پیچھے ایک گھوڑے پر بیٹھنا۔

رَدّ کردن ۔ت۔ رد کرنا۔

رَدو بدد ۔ت۔ باتین ٹیڑھی۔ اور خراب جو بحث اور لڑائی کے وقت زبان پر آتی ہین جسکو ہندی مین تُو تُو مَین مَین کہتے ہین۔

رَدّہ ۔ت۔ صف۔ قطار۔

رَدی ۔ع۔ بگڑا ہوا۔ ناقص۔ زبون۔

رَدیف ۔ع۔ وہ شخص جو ایک گھوڑے پر کسی سوار کے پیچھے سوار ہو۔ اور وہ لفظ جو کہ ر مصرعہ کے آخر مین آوے۔

رَدیفِ سُرطان ۔ع۔ کنایہ بُرجاسد سے

فصل را۔ مع ذال معجمہ

رَذالت ۔ع۔ نالائقی۔ کمینہ پن۔

رَذالہ ۔ع۔ نالائق۔ کمینہ۔ اوران معنون مین زاے ہوز سے غلط مشہور ہے۔

رَذایا ۔ع۔ جمع رَذیہ کی۔ وہ اونٹنیان جو چلتے چلتے راہ مین تھک گئی ہون۔

رَذائل ۔ع۔ جمع رذیلت کی۔ نالائقیان کمینہ پن کی باتین۔

رَذیل ۔ع۔ نالائق۔ کمینہ۔

رَذیلت ۔ع۔ نالائقی۔ کمینہ پن۔

رَذیلہ ۔ع۔ نالائقی۔ کمینہ پن۔ عورت نالائق اور کمینہ۔

فصل را۔ مع زاے معجمہ

رز ۔ت۔ درخت انگور کا۔ انگور۔ اور امر ہے رزیدن کا جسکے معنی رنگنے کے ہین۔

رَزّاق ۔ع۔ بڑا رزق دینے والا۔ مراد ہر خدا سے تعالیٰ سے۔

رَزانت ۔ع۔ آہستگی۔ استواری اور گرانباری یعنی بھاری بھرکم ہونا مضبوطی۔

رَزایا ۔ع۔ مصیبتین۔ جمع ہے رزیہ کی۔

رِزق ۔ع۔ خوراک۔ کھانا۔ روزی۔

رَزم ۔ع۔ جنگ۔ لڑائی۔

رَزمگاہ ۔ع۔ لڑائی کا میدان اور جنگ کا مقام۔

رَزمہ ۔ت۔ کپڑونکی بڑی گٹھری۔

رَزین ۔ع۔ آہستہ۔ آرام کیا ہوا۔ گرانمایہ بھاری بھرکم۔ اور فارسی مین بمعنی استوار اور مضبوط کے مستعمل ہے۔

رَزِیدَن ۔ ف ۔ رنگنا۔
رَژدَہ ۔ ف ۔ لالچی بہت کھانیوالا۔

فصل رِا۔ مع سین مہملہ

رَس ۔ ف ۔ پہونچ ۔ پہونچنے والا۔
رَسا ۔ ف ۔ پہونچنے والا۔
رِسالَت ۔ع۔ پیام پہونچانا۔ پیامبری۔
رِسالَہ ۔ع۔ چھوٹی کتاب ۔ نامہ۔
رَسّام ۔ع۔ نقاش ۔ مُصوّر۔ اور نام ایک لوہار کا جسنے سکندر کے واسطے نہایت مدبیر سے لوہے کا آئینہ بنایا تھا۔
رَسان ۔ ف ۔ پہونچانے والا۔ پہونچنے والا۔
رَساندن ۔ ف ۔ پہونچانا۔
رَسائی ۔ ف ۔ پہونچ ۔
رَسائل ۔ع۔ جمع ہو رسالہ کی۔ بہت سے مکتوب ۔ بہت سے نامے۔
رَسْت ۔ ف ۔ رُستَن سے بمعنی رہا ہوا۔
رِسْت ۔ ف ۔ ریسیدن سے بمعنی کاتا۔
رُسْت ۔ ف ۔ اُگا ۔ درخت کا اُگنا۔
رُستاخیز ۔ ف ۔ } قیامت۔
رُستَخیز ۔ ف ۔ }
رُستگار ۔ ف ۔ خلاصی پانیوالا۔
رُستَم ۔ ف ۔ نام ایک مشہور پہلوان کا۔
رُستَمِ بَرزَف ۔ ف ۔ برزف سے صورت پہلوان کی بناتے ہین نہایت خوفناک۔
رُستَمِ نیکدَست ۔ ف ۔ نام ایک پہلوان کا ہی سوائے رستم زال کے اور یہ مان کے پیٹ سے ایک ہاتھ کا پیدا ہوا تھا۔
رُستَن ۔ ف ۔ چھوٹنا۔
رُستَن ۔ ف ۔ اُگنا۔
رُستَنی ۔ ف ۔ گھاس پات درخت وغیرہ جو زمین سے اُگے۔
رَستَہ ۔ ف ۔ صف ۔ قطار بازار کی دُکانین جو دور تک برابر برابر ہون ۔ مجازاً بمعنی راہ و بازار اور بمعنی آزاد اور رہائی پائے ہوے کے۔
رُستَہ ۔ ف ۔ اُگی ہوئی چیز ۔ اور بمعنی محکم اور مضبوط کے بھی آیا ہی۔
رِستَہ ۔ ف ۔ صیغہ اسم مفعول کا ہی ریسیدن سے جسکے معنی کاتا ہین۔
رُستی ۔ ف ۔ راحت ۔ فراغت ۔ نعمت ۔ رزق ۔ روزی۔
رَسَد ۔ ف ۔ حصہ ۔ غلہ کا قافلہ۔
رُسغ ۔ع۔ پہونچا ہاتھ کا ۔ کلائی۔
رُسغہ ۔ع۔ ہاتھ کی کلائی کا جوڑ ۔ پانوکے گٹہ کا جوڑ۔
رُسُل ۔ع۔ جمع ہو رسول بمعنی قاصد کی
رَسم ۔ع۔ قاعدہ ۔ قانون ۔ دنیا کی ریت مجازاً بمعنی وظیفہ و مشاہرہ۔
رَسمِ آباد ۔ ف ۔ سکندر نامہ مین مراد طریق حضرت ابراہیم علیہ السلام سے۔
رُسُم الخَطّ ۔ع۔ لکھنے کا قاعدہ۔
رَسمی ۔ ف ۔ ریت والی چیز ۔ دستور کی بات
چاکر ۔ خراج گذار۔
رَسمی کاؤ ۔ ف ۔ وہ بیل جو کھیتی کے کام مین آوے۔
رَسمِیّات ۔ع۔ جمع ہو رسمی کی ۔ ریت والی چیزین ۔ دستور کی باتین۔
رَسَن ۔ ف ۔ رسی۔
رَسَنِ آفتاب ۔ ف ۔ کنایہ خطوط شعاعی سے
رَسَن باز ۔ ف ۔ بازیگر ۔ نٹ۔
رَسَن در گردنِ آفتاب کردن ۔ ف ۔ مراد زلف گرداگرد چہرۂ معشوق سے۔
رُسوا ۔ ف ۔ ذلیل ۔ خوار۔
رُسوائی ۔ ف ۔ ذلت ۔ خواری۔
رُسوب ۔ع۔ وہ چیز جو پانی اور شراب اور پیشاب وغیرہ کی تہ مین بیٹھ جائے فارسی مین اِسکو دُرد اور ہندی مین مَیل بیٹھ کہتے ہین۔
رُسوخ ۔ع۔ مضبوطی ۔ محکمی۔
رَسُول ۔ع۔ قاصد ۔ پیغام پہنچانیوالا ۔ اور وہ پیغمبر جو صاحب کتاب ہو یعنے نئی کتاب لیکر خدا کی طرف سے آوے۔
رُسُوم ۔ع۔ جمع ہو رسم کی۔
رَسیدہ ۔ ف ۔ بمعنی ریسیدن بھی آیا ہی۔
رَسیدَن ۔ ف ۔ پہونچنا ۔ میوہ کا پکنا۔

مرتبہ کمال پر پہونچنا -

رَسِیدَہ - ف - بمعنی پختہ -

رَسِیدَگی - ف - پہونچ - جوان ہونا - سن بلوغ کو پہونچنا -

رَسِیل - ع - ہمراہ - قاصد - پیغام کا بھیجا نیوالا - بھیجا گیا -

رَسِیلَہ - ع - مکتوب - خط -

فصل را - مع شین معجمہ

رَشّ - ف - اٹھارھوین تاریخ ہر ماہ شمسی کی - ایک قسم ریشمی کپڑے کی اور بمعنی بازو جسکی عربی عضد ہی -

رَشْح - ع - ٹپکنا پانی کا - آنسو ڈنکا ٹپکنا آنکھوں سے - مینھ کی پھوہار پڑنا -

رِشَا - ع - رسی -

رَشَا - ع - ہرن کا بچہ -

رَشَاد - ع - راہ راست پر آنا - ہدایت پانا - رائی جو دانا مشہور ہی - ترہ تیزک جس کو ہالون کہتے ہین - حَبُّ الرَّشَاد - یعنی تخم ترہ تیزک -

رَشَادَت - ع - ہدایت - راہ راست پر رہنا نیک راہ پر چلنا -

رَشَاش - ع - پانی یا خون جو کسی جگہ پر رَشَاشَہ - ع - } ٹپکے -

رَشَاقَت - ع - خوبصورت قد ہونا -

رِشْتَن - ف - کاتنا -

رِشْتَہ - ف - دھاگا تاگا - سوّیان جسکو دودھ اور شکر کے ساتھ کھاتے ہین - رسّی نام بیماری کا جسمین پانو نمین زخم ہوجاتا ہی اور اُس سے سوت کے مانند تار نکلتا ہی ہندی مین نارو کہتے ہین -

رِشْتَہ بانگشت بستن - ف - کنایہ یاد رکھنے سے اسلیے کہ یاد داشت کے واسطے ڈورا انگلی مین باندھ لیتے ہین -

رِشْتَہ پیچان - ف - کنایہ لپٹے ہوے سانپ سے - مار پیچان -

رِشْتَہ دراز داون - ف - مہلت اور فرصت دینا -

رِشْتَہ زدن - ف - پیمایش کرنا ناپنا -

رِشْتَہ عُمر - ف - سالگرہ کا ناڑا -

رَشْح - ع - ٹپکنا پانی کا کسی جگہ پر -

رَشْحَہ - ع - جسم سے پسینہ کا ٹپکنا -

رُشْد - ع - ہدایت - نیک راہ پر چلنا - راہ راست پانا -

رَشْف - ع - چوسنا -

رَشْک - ف - حسد - ڈاہ -

رَشْکِین - ف - حسد کرنیوالا -

رَشْمِیر - ف - لکڑی کھانیوالا یکیڑا عربی مین اُرضہ اور ہندی مین دیمک کہتے ہین -

رِشْوَت - ع - وہ چیز جو کسی کو دین تاکہ وہ شخص ناحق کی کارسازی کرے -

رَشِید - ع - راہ راست دکھانیوالا - اور راہ راست پانیوالا - راست تدبیر - ہدایت کیا ہوا - ہدایت یافتہ نام خدا تعالی کا - نام خاقانی کے بیٹے کا -

رَشِیقَہ - ع - نیکوقد - زیبا اندام - خوبصورت قد اور خوبصورت جسم ہونا -

فصل را - مع صاد مہملہ

رَصَاص - ع - قلعی - رانگ -

رَصَانَت - ع - استواری - مضبوطی -

رَصَد - ع - کسی سے اُمید رکھنا - اور جمع راصد کی بمعنی نظر کرنیوالے - دیکھنے والے - سر راہ مسافرونکے خبر گیران لوگ - اونچا چوترہ جو پہاڑ کی چوٹی پر سات سو گز بلند بناتے ہین اور نجومی لوگ اُسپر بیٹھ کے ستارونکا احوال دریافت کرتے ہین -

رَصَدْ در کار بستن - ف - کام کو نہایت خوبی سے انجام کو پہونچانا -

رَصَدْ گاہ - ف - جاے اُمید -

فصل را مع ضاد معجمہ

رِضَا - ع - خوشنودی - اور اہل تصوف کی اصطلاح مین راضی رہنا بندہ کا خدا کی مرضی پر خواہ راحت ہو خواہ رنج - اور یہ مرتبہ بیچ کا ہی اس سے کم مرتبہ صبر کا ہی اور اس سے زیادہ مرتبہ تسلیم کا ہی اور لقب علی ابن موسی علیہم السلام کا

رَضَاع ع۔ بچونکا دودھ پینا دو برس کے اندر۔ شیر خوارگی۔ بکسر را بھی آیا ہی۔

رَضَاعَت ع۔ بچونکی شیر خوارگی یعنی دودھ پینا اور مُدت اُسکی دو برس تک ہی۔

رِضْوَان ع۔ خوشنودی۔ رضامندی نام فرشتہ کا جو مُوکل اور دربان بہشت ہی۔

رَضَوِی ع۔ م منسوب ط حضرت امام علی موسیٰ رضا علیہ السلام کی۔

رَضِیّ ع۔ پسندیدہ جس سے دوسرا خوش ہو۔

رَضِیع ع۔ طفل شیر خوار۔ دودھ شریک بھائی دو بچے جنھوں نے ایک دائی کا دودھ پیا ہو وہ دونوں آپس مین ایک دوسرے کے رَضِیع کہلاتے ہین۔

رَضِیَہ ع۔ راضی کی گئی۔ راضی شدہ۔

فصل را۔ مع طاے مہملہ

رَطْب ع۔ وہ چیز جو اپنی رطوبت اصلی سے تر ہو یا اپنی خاصیت اور تاثیر سے تر ہو۔

رُطَب ع۔ خرما تر و تازہ۔

رَطْبُ اللِّسَان ع۔ تر زبان۔ مراد شکر گزار سے ہی۔

رَطْل ع۔ آدھ سیر کا وزن۔ یا آدھ سیر کا پیمانہ۔ وہ پیالہ شراب کا جس مین آدھ سیر شراب سمائے اور بمعنی مطلق پیالہ شراب کے بھی آتا ہی۔

رَطْلِ گِرَان ف۔ بڑا پیالہ شراب کا اور بڑا پیمانہ۔

رُطُوبَت ع۔ تری۔ نمی۔

رُطُوبَتِ اَصْلِیَّہ ع۔ پیدائشی تری اور رطوبت جو اعضا مین ہوتی ہی۔

فصل را۔ مع عین مہملہ

رِعَا ع۔ ہری گھاس۔ چرائی کی شے بیل اور بکری کا گلہ۔ چرواہے۔ حاکم لوگ

رَعَا ع۔ چرنا۔ چرانا۔

رُعَاۃ ع۔ جمع راعی کی۔ چرواہے نگہبان لوگ۔ اور مجازاً بمعنی پادشاہون اور حاکمون کے۔

رِعَاف ع۔ گوشوارہ۔ گلوبند۔

رُعَاف ع۔ وہ خون جو دماغ سے ناک کی راہ آوے۔ نکسیر۔

رِعَایا ع۔ جمع رعیت کی۔

رِعَایَت ع۔ کسی چیز کی نگاہداشت کرنا۔ لحاظ کرنا۔ طرفداری کرنا۔ طرفداری۔

رُعْب ع۔ خوف۔ ڈر۔

رَعْد ع۔ آواز ابر کی اور بعضے کہتے ہین آواز اُس فرشتے کی جو ابر کو ہانکتا ہی نام عاشق رَباب کا۔

رَعْشَہ ع۔ کپکپی۔ وہ بیماری جس سے ہاتھ اور دوسرے اعضا بغیر قصد اور ارادہ کے لرزتے ہین۔

رَعْنَا ع۔ وہ عورت جو ناز کی کے سبب سست رہتی ہو۔ وہ عورت جو ہر وقت بناؤ سنگار کیے رہے۔ اور فارسی کے استعمال مین بغیر ہمزہ کے بمعنی زیبا۔ خوشنما۔ چالاک صاحب غرور۔ خود آرا کے مستعمل ہی اور نام ایک پھول کا جو اندر سے سرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہی۔ اور مجازاً بمعنی دورنگ کے

رَعْنَائی ف۔ خود آرائی۔ زیبائی۔

رَعُونَت ع۔ نادانی۔ نرمی۔ سست ہونا سرکشی۔ غرور۔ خود آرائی۔ زینت۔

رَعْی ع۔ چرنا۔ چرانا۔ نگہبانی۔

رَعِی ع۔ ہری گھاس چوپایون کے کھانیکے قابل۔

رَعِیب ع۔ خائف۔ ڈرنیوالا۔

رَعِیَّت ع۔ وہ شی جس کی چرواہا اور نگہبان نگہبانی کرے مجازاً پرجا۔ دنیا کے لوگ جو ماتحت کسی حاکم کے ہون۔

فصل را۔ مع غین معجمہ

رَغَام ع۔ خاک بالو ملی ہوئی۔

رَغَائِب ع۔ جمع رغیبہ کی مرغوب چیزین

رَغَاب ع۔ نرم زمین۔

رَغَب ع۔ خواہش کرنا۔ لالچ کرنا۔ اور اندازہ سے زیادہ اور بہت کھانا۔

رَغْبَت ع۔ خواہش۔ دلی توجہ۔

رَغَد ع۔ عیش۔ نعمت۔ خوشی۔

رَغْم ع۔ خاک آلودہ ہونا۔ مکروہ رکھنا

ذلیل و خوار ہونا۔ اور مجازاً کسیکے برخلاف کلام کرنا۔
رِغْو ء۔ کف۔ پھین۔ جھاگ۔
رَغِیب ء۔ رغبت کرنیوالا۔
رَغِیف ء۔ چھوٹی موٹی روٹی۔ ٹکیہ۔

فصل را۔ مع فا

رَف ء۔ بہت کھانا۔ عورت کے ہونٹھون کا بوسہ لینا۔ کسی کے ساتھ نیکی کرنا۔ کسی چیز کے رنگ کا چمکنا۔ چوسنا۔ گلے بکری کا گلہ بڑے اونٹ۔ بردارۂ خانہ یعنی مکانکے دروازہ کے دونون طرف جو طاق کے مثل بناتے ہین واسطے بیٹھنے لوگون کے
رُفَات ء۔ ٹوٹا ہوا۔ ریزہ ریزہ۔ وہ چیز جو ٹکڑے ٹکرے ہو جائے۔
رِفَادَہ ء۔ گدی جو کپڑے کی چندتہ کرکے بعد فصد کھولنے کے رگ پر رکھ کے باندھ دیتے ہین۔ پٹی زخم کی۔ رفیدہ سیکا اماہ
رِفَاق ء۔ جمع رفیق کی۔
رِفَاقَت ء۔ ہمراہی۔ رفیق ہونا۔
رِفَاہ ء۔ آرام۔ فراغی عیش کی آسانی
رَفَاہَت ء۔ } تن آسانی۔ فراغی عیش کی
رَفَاہِیَّت ء۔ }
رَفْت ۔ ف ۔ گیا۔ رفتار۔
رَفْتَار ۔ مص ۔ چال۔
رَفْتَن ۔ ف ۔ جانا۔ چلنا۔ مجازاً مرنا۔
رُفْتَن ۔ ف ۔ بہارنا۔ جھاڑو دینا۔
رَفْث ء۔ جماع۔ فحش۔ بری باتین کہنا حالت جماع مین عورت سے باتین کرنا۔
رِفْد ء۔ بڑا کاسہ۔ بخشش۔
رَفْرَف ء۔ باز دبھت پھیلانا پرندکا اسلے نیچے اترنے کے۔ عمارت کا طاق۔ جامۂ سبز۔ ٹکیہ۔ خیمہ۔ نام مقام اسرافیل علیہ السلام کا۔ نام مرکب کا جسپر سوار خدا صلعم شب معراج سوار ہوے تھے۔
رُفْرَاف ء۔ شتر مرغ۔
رَفْس ء۔ کسی چیز کو ٹھوکر مارنا۔
رَفْض ء۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔
رَفْع ء۔ بلند کرنا۔ اٹھانا۔ کسی کلمہ کو حرکت پیش کی دینا۔ غلہ کا اٹھانا۔ حاکم کے آگے قصہ لیجانا۔ موقوف کرنا۔ برطرفی
رَفْع دِیوَانِی ۔ ف ۔ کنایہ حساب دیوانی سے
رِفْعَت ء۔ بلندی مرتبہ کی۔ بلند قد ہونا
رِفْق ء۔ نرمی۔ مہربانی۔
رُفَقَاء ء۔ جمع رفیق کی۔
رُفْقَہ ء۔ اسم جمع ہے بمعنی گروہ ہمسفر
رُفُو ء۔ درست کرنا۔ پھٹے ہوے کپڑے کا جوڑ کر سوت وغیرہ سے۔
رَفِیدَہ ء۔ اماله رفاده بمعنی زخم کی پٹی کا
رَفِیف ء۔ چمکنا۔ جامۂ نرم۔
رَفِیع ء۔ بلند مرتبہ۔ بلند آواز۔ شریف
رَفِیق ء۔ ساتھی۔ ہمسفر۔ دوست۔

فصل را۔ مع قاف

رِق ء۔ بندگی۔ غلامی۔
رَق ء۔ ہرن کی جھلی۔ جسپر لکھتے ہین۔
رِقَاب ء۔ جمع رقبہ بمعنی گردن کی۔ اور بمعنی غلامان و کنیزان کے بھی ہے۔
رَقَابَت ء۔ انتظار۔ نگہبانی۔ رقیب ہونا
رُقَاد ء۔ نیند۔ سو رہنا۔
رَقَاص ء۔ ناچنے والا۔
رِقَاع ء۔ جمع رقعہ کی۔ پیوند۔ چیتھڑے ٹکڑے کاغذ و کپڑے کے۔ چھوٹے خط۔ نام ایک خط کا جو خطوط مین سے جسکو ابن مقلہ خوشنویس نے وضع کیا ہے۔
رُقَاق ء۔ باریک روٹی۔ پھلکا۔
رَقَائِق ء۔ چیزین باریک کنایہ اسرار اور رموز سے۔
رَقَائِم ء۔ جمع رقیمہ بمعنی خط کی۔
رُقَبَاء ء۔ جمع رقیب بمعنی نگہبان کی۔
رَقَبَہ ء۔ گردن۔ بندہ۔ غلام۔
رَقَبَہ ء۔ وہ زمین جو ندی کنارے ہو۔ اب مطلق زمین کاشتکی کے متعلق کو کہتے ہین۔
رِقَّت ء۔ نرمی۔ ملائمت۔ باریکی پتلاپن مجازاً بمعنی رونے کے مستعمل ہے۔ اور بمعنی اُلفت اور محبت کے بھی آتا ہے۔
رَقَص ء۔ ناچنا۔ اور کبھی مراد سیر سے

رَقصِ اُصُول - ع - ایک قسم ناچ کی جسکو ہندی مین بارہ تال کا ناچ کہتے ہین .

رَقصِ چار پارہ - ف - } ہین ناچ کی دونون قسمین

رَقص - وانی - ف - }

رَقصِ کَتھکلاہ - ف -

رَقصِ مولوی - ف - } دونون قسمین ہین

رَقصِ مُلّا - ف - } ناچ کی اور رندن کی اصطلاح مین کنایہ حرکت جماع سے -

رَقطا - ع - ہر چیز مُنقش جیسے سیاہ اور سفید نقطے ہون - اور نام ایک صنعت کا جسمین ایک حرف نقطہ دار اور ایک حرف بے نقطہ کا ہو

رُقعَہ - ع - پیوند - چیتھڑا - خط - چٹھی -

رَقَم - ع - لکھنا - مہر کرنا - حرف پر نقطہ لگانا - کپڑے کا دھاری دار بُننا -

رَقمِ - ع - خط لکھا ہوا - زمانہ کی سختی -

رَقمِ اَوّل - ع - کنایہ نور محمدی یا عرش سے -

رُقُود - ع - خواب کرنا - سونا - اور جمع راقد بمعنی سونیوالے کی -

رُقُوم - ع - جمع رقم کی -

رَقیب - ع - پاسبان - نگہبان - دربان اور وہ دو شخص جو ایک معشوق پر عاشق ہون ہر ایک دوسرے کا رقیب کہلاتا ہے اسلیے کہ ہر ایک دوسرے سے معشوق کی نگہبانی اور حفاظت اور بچاؤ کرتا ہے -

رَقیبانِ رازِ - ف - کنایہ نبیا و اولیاے

رَقیبانِ شب - ف - چوکیدار - پاسبان

رِقّیَّت - ع - بندگی کرنا - غلامی کرنا -

رَقیق - ع - پتلا - باریک -

رُقیمَہ - ع - لکھی ہوئی شئے - خط -

رُقیَہ - ع - سحر - جادو - افسون - منتر -

رُقیَّہ - ع - نام رسول خدا صلعم کی دختر کا -

فصل را - مع کاف عربی

رِکاب - ع - سواری کے اونٹ - حلقہ لوہے کا جو گھوڑے کی زین پر باندھتے ہین اور بروقت سواری کے پانون اُسمین رہتے ہین

رِکاب - ف - لمبا پیالہ ہشت پہلو اور بعضون نے لکھا ہے کہ بمعنی پیالہ دراز بطریق مجاز کے ہے در حقیقت بمعنی چھوٹی کشتی کے ہے -

رِکابدار - ف - وہ شخص جو رکاب پکڑکے اپنے آقا کو گھوڑے پر سوار کرائے اور اصطلاح مین وہ شخص جو رنگ برنگ کے کھانے پکائے اور طرح بطرح کے حلوے اور مربّے وغیرہ بنائے

رِکابی - ف - منسوب طرف رکاب کے مقامی - چھوٹا طباق - پیالہ شراب کا -

رِکاز - ع - خزانہ جو زمین مین گڑا ہو -

رِکاکَت - ع - سُستی - ضعیفی - باریکی اور بمعنی بیعزتی کے بھی ہے -

رُکبَہ - ع - زانو - گھٹنا -

رَکض - ع - گھوڑے کو سواری مین ایڑ لگانا تاکہ وہ دوڑے - تھوڑا دوڑانا -

رُکن - ع - خویش - قریب - جانب قوی اور جزو اعظم ہر شے کا - قوت - دیوار کا کونہ کنارہ پہاڑ کا - ستون - کھنبا -

رُکنا باد - ف - نام ایک سیرگاہ کا شیراز مین

رُکنِ حَطیم - ع - } کعبہ شریف کے دو

رُکنِ یَمانی - ع - } رکنہ نکا نام -

رُکنی - ف - زر خالص -

رُکُوب - ع - سوار ہونا -

رَکُوب - ع - مرد بہت سواری کرنیوالا چوپایہ جو لائق سواری کے ہو -

رُکُون - ع - آرام کرنا - کسی چیز کی طرف رغبت کرنا - چین سے بیٹھنا -

رِکوَہ - ع - چمڑے کا ڈول -

رِکیب - ع - رکاب - الہ رکاب کا -

رَکیدَن - ف - غصے مین آپ ہی آپ جھکے چھکے بڑبڑانا -

رَکیک - ع - سست - ضعیف - باریک حقیر - بیعزت - بے غیرت - بیحیا -

رَکین - ع - محکم استوار مضبوط - وہ شخص جو آہستہ اور بھاری بھرکم ہو -

رَکیَّہ - ع - کنوان - ندی -

رَکِیّ - ع - جمع رکیہ کی - کنوین - ندیان -

فصل را مع کاف فارسی

رَگ - ف - نس - ناری -

رَگ بَند - ف - عربی جیرہ - ہندی پٹی

اسکے باندھنے سے خون رُک جاتا ہی۔
رَگِ جان ۔ ن ۔ شریان اور یہ وہ رگ ہی جو دل سے تعلق رکھتی ہی اسکے کٹنے سے فوراً آدمی مرجاتا ہی۔
رَگِ رُستینی ۔ ن ۔ کنایہ قوت نامیہ سے۔
رَگ گزُن ۔ ن ۔ فصاد۔ رگ کھولنے والا۔
رَگ گفتن ۔ ن ۔ سستی کرنا۔
رَگِ گردن ۔ ن ۔ غرور۔ سرکشی۔

فصل را مع میم

رَم ۔ ع ۔ بھاگنا۔
رَمّ ۔ ع ۔ بغیر تشدید کے۔ بھاگنا اور بمعنی گھوڑوں اور کبوتروں کے گلے کے بھی ہی ظاہر ان معنوں میں مخفف (رمہ) کا۔
رَمّاح ۔ ع ۔ جمع رُمح بمعنی نیزہ کی۔
رُمّاح ۔ ع ۔ برچھی والے۔ برچھی بنانیوالے۔
رِماح ۔ ع ۔ برچھیت کامل۔
رَماد ۔ ع ۔ راکھ۔ خاکستر۔
رَمّاعَہ ۔ ع ۔ سرکا وہ مقام جو پچھپے میں نرم ہوتا اور لپکتا ہی ہندی تالو۔
رِماک ۔ ع ۔ کشتی کے بادبان۔
رِمال ۔ ع ۔ جمع رَمل بمعنی ریت اور بالو کی۔
رُمّان ۔ ع ۔ انار جو میوہ مشہور ہی۔
رَمانیدن ۔ ن ۔ بھگانا۔
رَمایَہ ۔ ع ۔ تیراندازی کرنا۔
رَمایِم ۔ ع ۔ جمع رمیمہ بمعنی بوسیدہ کہنہ کی
رُمح ۔ ع ۔ نیزہ۔ بھالا۔
رَمد ۔ ع ۔ بیماری آنکھ کی ہی۔ سرخ ہوجانا آنکھ کی سفید یکا اور اکثر اس مرض میں مبتلا بشدت آنکھ میں ہوتا ہی اور پانی بہتا ہی۔
رَمز ۔ ع ۔ اشارہ کرنا۔ کنایہ۔ پوشیدگی۔
رَمش ۔ ن ۔ بھاگنا۔
رَمس ۔ ع ۔ خاک گور۔ مردہ کا دفن کرنا۔
رَمص ۔ ع ۔ سفید کیچڑ جو آنکھ کے کونے میں جمع ہو اور جو بہنے لگے وہ غمص ہی۔
رَمضان ۔ ع ۔ نام نویں مہینے قمری کا جسمیں مسلمان روزے رکھتے ہیں۔ اور یہ لفظ ماخوذ ہی رمض سے جسکے معنے جلانے کے ہیں چونکہ یہ مہینا بسبب روزے رکھنے کے گناہوں کو جلا دیتا ہی اسلیے یہ نام ہوا۔
رَمق ۔ ع ۔ بقیہ جان۔ تھوڑی سی جان۔
رَمکہ ۔ ع ۔ گھوڑی۔ مادہ اسپ۔
رَمل ۔ ع ۔ ریگ۔ بالو۔ نام ایک علم کا جس سے احوال گذشتہ اور آیندہ بشرط کامل ہونیکے معلوم ہوجاتا ہی۔
رَمل ۔ ع ۔ نام ایک بحر کا ہی اُنیس بحروں عروض سے۔
رَمنہ ۔ ن ۔ چراگاہ۔ وہ مقام جہاں ہرن وغیرہ چرتے پھرتے ہیں۔
رُموز ۔ ع ۔ جمع ہی۔ رمز کی۔
رَمہ ۔ ن ۔ ریوڑ کبوتر کا۔
رَمی ۔ ع ۔ پھینکنا۔ تیر مارنا۔ تہمت لگانا۔ گالی دینا۔ زیادہ کرنا۔
رَمیدَن ۔ ن ۔ بھاگنا۔ وحشت کرکے بھاگ جانا۔
رَمیم ۔ ع ۔ بوسیدہ۔ کہنہ۔ پرانا۔
رَمیہ ۔ ع ۔ ایک مرتبہ تیر مارنا۔

فصل را۔ مع نون

رَن ۔ ن ۔ محنت۔ مشقت۔ ظاہر اسی لفظ مخفف رنج کا ہی۔
رَنج ۔ ن ۔ تکلیف۔ دکھ۔
رنجانیدن ۔ دکھ دینا۔ خفا کرنا۔
رنجش ۔ ن ۔ رنج۔ دکھ۔
رَنجور ۔ ن ۔ بیمار۔ روگی۔ اصل اسکی رنج ور تھی جیسے مزدور کی اصل مزدور۔
رَنجہ ۔ ن ۔ تکلیف۔ دکھ۔ رنج۔
رَنجیدن ۔ ن ۔ آزردہ ہونا۔
رِند ۔ ن ۔ وہ منکر جسکا انکار شرعی باتوں سے از روے عقلمندی کے ہو نہ بسبب جہالت کے۔
رَند ۔ ن ۔ لے بھاگنا۔ چرانا۔ گرد خاک لکڑی کی چھیلن جو رندہ سے نکلے اور بمعنی خوشبو کے بھی آیا ہی۔
رِندانہ کرد ۔ ن ۔ یعنی رندوں کی طرح کا کام کیا۔

رَندِش ۔ ث ۔ چھیلن ۔ وہ ریزے لکڑی یا تانبے وغیرہ کے جو چھیلنے سے گرتے ہین ۔

رَندہ ۔ ث ۔ ایک اوزار ہے جس سے بڑھئی تختہ وغیرہ لکڑی کے صاف کرتے ہین ۔

رَنگ ۔ ث ۔ اس لفظ کے معنی ۳۴ ہین ۱۔ لون یعنی رنگ ۔ ۲۔ حصہ و نصیب ۳۔ عیب و شرم ۴۔ رنج و محنت ۵۔ قوت و توانائی ۶۔ جان ۷۔ زبردست ڈنٹ ۸۔ مال وزر ۹۔ نفع و فائدہ ۱۰۔ فقیرونکی گدڑی ۱۱۔ طرز و روش ۱۲ پہاڑی بکرا وہیل ۱۳ مکر وحیلہ ۱۴۔ زمین سے اُگنا ۱۵۔ خوبی ۱۶۔ خوشی و تندرستی ۱۷۔ شرمندگی و شرم ۱۸۔ خون ۱۹ رونق و لطافت ۲۰۔ تھوڑی پونجی ۲۱۔ سونا چاندی ۲۲۔ چوری ۲۳ جوا اور جوے کا روپیہ ۲۴ صاحب و حاکم ۲۵۔ باپ ۲۶۔ مامون ۲۷۔ نقطہ ۲۸۔ عمدہ کام کرنیوالا ۲۹۔ جھانجھ ۳۰۔ غصہ و غضب ۳۱۔ ابریشم ۳۲۔ خیانت ۳۳۔ مال واسباب ۳۴ مثل و مانند ۔

رَنگ آمیز ۔ ف ۔ نقاش ۔ مصور ۔

رَنگ بُست ۔ ث ۔ وہ رنگ جو ہمیشہ پائدار اور مضبوط اور برقرار اور بے تغیر ہو ۔

رنگ بر رُو شکستن ۔ ث ۔ چہرے کا رنگ زرد ہو جانا غیرت اور شرم یا خوف سے ۔

رنگ بر روے کار آوردن ۔ ث ۔ کسی کام کو نہایت رونق دینا ۔

رنگ بر آب ریختن ۔ ث ۔ فکر کرکے کوئی تازہ منصوبہ کسی کام مین پیدا کرنا ۔

رنگ بر آب زدن ۔ ث ۔ متغیر ہونا ۔

رنگ دادن ۔ ث ۔ رنگنے والا ۔ اور اس معنی مین رنگریز غلط ہے ۔

رَنگرِیز ۔ ث ۔ کپڑا رنگنے والا ۔

رَنگرِیز ۔ ث ۔ بمعنی نقاش اور مصور اور معمار کے صحیح ہے نہ بمعنی کپڑا رنگنے والے کے ۔

رَنگ رِیختن ۔ ث ۔ عمارت کی نیو ڈالنا کسی کام کی بنیاد قائم کرنا ۔

رَنگ زِندہ ۔ ث ۔ کنایہ سبز رنگ سے ۔

رَنگ کَردن ۔ ث ۔ دغا کرنا ۔ فریب دینا ۔

رَنگ گرِفتن ۔ ث ۔ متغیر ہونا ۔

رَنگ نِبستن ۔ ث ۔ فائدہ نہ اُٹھانا ۔ کام کا بعوض بننے کے بگڑ جانا ۔

رَنگِین ۔ ث ۔ رنگا ہوا ۔

رُنُود ۔ ث ۔ جمع رند کی ۔ یہ جمع بطور تصرف فارسیان عربی دان کے ہے ۔

فصل را ۔ مع واو

رُو ۔ ف ۔ مُنھ ۔ رُخ ۔ چہرہ ۔ وجہ ۔ سبب ۔

رُو انداختن ۔ ف ۔ سوال کرنا ۔ عاجزی کرنا ۔ گڑگڑانا ۔

رُواز سنگ داشتن ۔ ف ۔ بیحیا ہونا ۔

رُو آوردن ۔ ف ۔ متوجہ ہونا ۔

رَوابِط ۔ ع ۔ جمع رابطہ کی ۔ باندھنے والی چیزین ۔ اسباب ۔ علاقے ۔

رُوات ۔ ع ۔ جمع راوی کی ۔ بات کے نقل کرنیوالے ۔ پانی بھرنے والے ۔ اور راوی بمعنی ساقی کے بھی آیا ہے ۔

رَواج ۔ ع ۔ مقبول بازار ۔ عام دستور ۔ اور حرف اول کے کسرہ سے تصرف فارسیون کا ہے ۔

رَواح ۔ ع ۔ عصر اور مغرب کے درمیان کا وقت ۔ قریب شام ۔

رَواحِل ۔ ع ۔ جمع راحلہ کی ۔ سواریان ۔

رَوا داشتن ۔ ف ۔ جائز رکھنا ۔

رَوازِن ۔ ع ۔ جمع روزن کی ۔ روشندان کھڑکیان ۔ سوراخ ہر چیز کے ۔

رَواشِن ۔ ع ۔ جمع روشن کی ۔ روشندان عمارت کے ۔

رَوافِض ۔ ع ۔ جمع رافضی کی اور رافضی منسوب طرف رافضہ کے اور رافضہ ۔ وہ گروہ لشکر کا جو اپنے سردار کو چھوڑ دے ۔

رِواق ۔ ع ۔ بمعنی مکان کا ۔

رِواق مسیح ۔ ع ۔ کنایہ چوتھے آسمان سے ۔

رِواقیان ۔ ع ۔ حکماے اشراقین جو اپنی صفائی دل اور مکاشفہ سے لوگونکے دلونکا حال معلوم کرلیتے تھے ۔ اور بعضے کہتے ہین کہ ان حکیمونکو رواقیان اسلیے کہتے ہین کہ اپنے کوٹھے کے برآمدے پر بیٹھکر بیمارونکا معالجہ کرتے تھے احتیاج نبض دیکھنے کی انکو نہ تھی

رَوان ۔ ت ۔ فی الحال ۔ فوراً ۔ جلد ۔ جو چیز کہ مثل پانی کے ہوا در جاری ۔ بہتا ہوا ۔ جانے والا ۔ روح ۔ جان ۔ نفس ناطقہ اور رُوان حرف اول کے ضمہ سے بمعنی روح غلط مشہور ہی ۔

رِوَایَت ۔ ع ۔ کسی کی بات نقل کرنا کسیکی بات دُہرانا ۔

رَوَائی ۔ ت ۔ رواج ۔ رونق حاجت کا برآنا ۔ مطلب کا ہو جانا ۔

رَوَائح ۔ ع ۔ جمع رایحہ بمعنی خوشبو کی ۔

رُوبان ۔ ع ۔ جھاڑو دینے والا ۔ اور جھاڑتا ہوا ۔

رُوباہ ۔ ت ۔ لومڑی مشہور جانور ہی ۔

رُوباہ بازی ۔ ت ۔ مکر و فریب ۔ دغابازی ۔

رُوباہ زرد ۔ ت ۔ کنایہ آفتاب سے ۔

رُو بچیزے انداختن ۔ ت ۔ کسی چیز کیطرف متوجہ ہونا ۔

رُوبدیوار ۔ ت ۔ کنایہ حیران سے ۔

رُوبرُو ۔ ت ۔ سامنے ۔

رُوبکار ۔ ت ۔ سامنا ۔ مجازاً وہ کاغذ جسمین فیصلہ لکھا جاوے حاکم کے روبرو ۔

رُوبہ ۔ ت ۔ لومڑی ۔

رُوبیدن ۔ ت ۔ جھاڑو دینا ۔ جھاڑنا ۔

رُوپوش ۔ ت ۔ چھپا ہوا ۔ جو شخص کہ کسی آڑ مین چھپ جائے ۔ نقاب ۔ برقع ۔

رَوث ۔ ع ۔ سرگین ۔ گوہ ۔ گوبر ۔

رُوح ۔ ع ۔ جان ۔ بولتا ۔ رحمت ۔ قرآن نام حضرت عیسیٰ کا ۔ نام حضرت جبرئیل کا ۔

رَوح ۔ ع ۔ آسایش ۔ فرحت ۔ تازگی ۔ خنکی ۔ ٹھنڈی ہوا ۔ خوشبو ۔

رُوحانی ۔ ع ۔ منسوب طرف روح کے ۔

رَوحانی ۔ ع ۔ منسوب طرف رَوح کے رُوح اور رَوح مین بحالت نسبت الف اور نون زائد آتا ہی ۔

رُوحانیان ۔ ع ۔ فرشتے اور جن ۔

رَوحات ۔ ع ۔ آسائشین ۔ خوشیان ۔ ٹھنڈی ہوائین ۔ خوشبوئین ۔

رُوحُ المُعظّم ۔ ع ۔ نام ہی حضرت جبرئیل کا

رُوحُ الاَمین ۔ ع ۔ } فرشتہ مقرب کا ۔

رُوحُ القُدُس ۔ ع ۔ وہ روح جو حضرت عیسےٰ پر نازل ہوئی تھی ۔ حضرت جبرئیل کا

رُوحُ اللہ ۔ ع ۔ حضرت عیسیٰ ۔

رُوحِ تُوتیا ۔ ت ۔ جست جو ایک دھات مشہور ہی اسکو جلاکر آنکھ مین بطور سُرمہ لگاتے ہین ۔ اور بمعنی شراب کے بھی آیا ہی ۔

رُوحِ حیوانی ۔ ت ۔ وہ روح جس سے زندگی قائم رہتی ہی اور اسکا مقام دل ہی ۔

رُوحِ طَبیعی ۔ ع ۔ وہ روح جس سے قوت قائم رہتی ہو اور اعضا بڑھتے ہین اور ہر عضو کو اُسکے سبب سے غذا پہونچتی ہی اسکا مقام جگر ہی

رُوحِ مُجَرَّد ۔ ع ۔ مطلق روح ۔ اور کنایہ حضرت عیسےٰ اور حضرت جبرئیل سے ۔

رُوحِ مُکَرَّم ۔ ع ۔ جبرئیل علیہ السلام ۔

رُوحِ نَفسانی ۔ ع ۔ وہ روح جس سے قوت حس و حرکت کی قائم رہتی ہو اور آدمی بولتا ہی

رُوحِ نَباتی ۔ ع ۔ نباتات کی روح ۔

رُوفِج ۔ ت ۔ ایک لمبی گھاس ہوتی ہی جسمین پھل اور پتا نہین ہوتا اور اُس سے بوریا بنتے ہین ۔

رُود ۔ ت ۔ جو نہر کہ جاری ہو ۔ ندی ۔ نالا ۔ نام ایک باجہ کا ۔ بکری وغیرہ کا روده ۔ کمان کا روده ۔ تانت ۔ اور رود بمعنی فرزند کے بھی آیا ہی ۔

رُوداد ۔ ت ۔ کیفیت ۔ حال ۔

رُود دادن ۔ ت ۔ توجہ کرنا ۔ حاصل ہونا ۔ واقع ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔

رُودبار ۔ ت ۔ جہا پر بہت نہرین جاری ہون ۔ آب جاری کی جلے نشیب ۔ نام ایک شہر کا درمیان گیلان اور قزوین کے ۔

رُودخانہ ۔ ت ۔ وہ زمین جسپر سیلاب پانی کا جاری ہو ۔ جاے رود ۔

رُودخیز ۔ ت ۔ سیلاب ۔ موج ۔

رُودخیزان ۔ ت ۔ جمع رودخیز بمعنی موج کی اور سکندر نامہ مین ایک مقام پر ملا و فوج نے

رُودکی ۔ ت ۔ نام ایک شاعر کا جو موجد غزل فارسی ہی یہ باشندہ رُودک کا تھا جو موضع ہی سمرقند مین

رُوزہ ۔ت۔ تانت ۔ انتڑی ۔
رُوز ۔ت۔ دن ۔
رُوزِ اُمید و بیم ۔ت۔ روز محشر ۔
رُوزِ باز خواست ۔ت۔ روز قیامت ۔
روزِ بازار ۔ت۔ رونق ۔ گرمی بازار وہ مقام جہاں ہر روز معین آدمی جمع ہو کر آپس میں خرید و فروخت کریں ۔
رُوزِ بخش ۔ت۔ روز ازل ۔
رُوزِ باران ۔ت۔ روز جمعیت ۔
رُوزور محنت گزار ۔ت۔ کنایہ مسافر سے ۔
رُوزِ دگر ۔ت۔ روز قیامت ۔
رُوزِ دیر شدن ۔ت۔ ضائع ہونا روز کا ۔
رُوزِ سیاہ ۔ت۔ روز بد ۔ روز ماتم ۔
رُوزِ عذر آوری ۔ت۔ روز قیامت ۔
رُوزگور ۔ت۔ بغیر اضافت کے بیخبر نادان ۔
رُوزگار ۔ت۔ زمانہ ۔ مجازاً بمعنی مدت ۔ فرصت ۔ شغل ۔ پیشہ ۔ نوکری ۔
رُوزگاران ۔ت۔ مزید علیہ روزگار کا ۔
رُوزمرّہ ۔ت۔ ہمیشہ ۔ ہر روز ۔
رُوزَن ۔ مب ۔ یہ معرب ہے روزن کا بمعنی سوراخ دیوار ۔ سوراخ ہر چیز کا ۔ کھڑکی ۔
رُوزنامہ ۔ت۔ وہ کتاب جسمیں ہر روز کا حال لکھا جائے ۔
رُوزنامچہ ۔ت۔
رُوزہ ۔ت۔ شرعی طور سے تمام دن بھوکا اور پیاسا رہنا ۔ برت ۔

رُوزہ مریم ۔ت۔ کنایہ خاموشی سے ۔
رُوزی ۔ت۔ رزق ۔
رُوزیچہ ۔ت۔ ہر روز کا خرچ جو روز روز کہیں سے ملتا رہے ۔
رُوس ۔ع۔ جمع راس بمعنی سر کی ۔
رُوساختن ۔ت۔ شرمندہ ہونا اور بمعنی تصویر کھینچنے کے بھی آیا ہے ۔
رُوستا ۔ت۔ قریہ ۔ گانوں اور مخفف رستاق بمعنی دہقانی کا ۔
رُوستائی ۔ت۔ دہقان ۔ گنوار ۔
رُوسپی ۔ت۔ فاحشہ اور بدکار عورت ۔
رُوسرکہ کردن ۔ت۔ ناک بھوں چڑھانا ۔ چین بجبین ہونا ۔
رُوسفید ۔ت۔ معزز ۔ ممتاز ۔ دولتمند ۔
رُوسیاہ ۔ت۔ گنہگار ۔ خطاوار ۔
رَوش ۔ت۔ رفتار ۔ طرز ۔ طریقہ ۔ طور ۔ ڈھنگ ۔ مجازاً باغ کی پٹری ۔
رَوش ۔ت۔ واؤ مجہول سے مخفف روشن کا ۔
رَوشن ۔ مب ۔ معرب ہے ۔ روشن کا ۔ چمکتا ہوا ۔ عمارت کا روشندان ۔
رَوشناس ۔ت۔ مشہور اور معروف شخص ۔ جان پہچان ۔ خوبصورت ۔ خوش قطع ۔
رَوشنان ۔ت۔ آسمان کے ستارے ۔
رَوشنی ۔ت۔ چمک ۔

رَوشنضمیر ۔ت۔ روشندل ۔
رَوشن قیاس ۔ت۔ صاحب عقل ۔
رَوشن کتاب ۔ت۔ قرآن مجید ۔
رَوض ۔ع۔ جمع روضہ بمعنی باغ کی ۔
رَوضہ ۔ع۔ باغ سبزہ زار ۔
رَوضات ۔ع۔ جمع روضہ کی ۔
رَوضہ جاوید ۔ت۔ کنایہ بہشت سے یا ذات باری تعالیٰ سے ۔
رُوعانی ۔ع۔ منسوب ب روع بمعنی عقل اور دل کے ۔
رَوعت ۔ع۔ ڈرنا ۔ ڈرانا ۔ تعجب ۔ مین
رُوع ۔ع۔ لانا ۔ خوف ۔ ڈر ۔
رُوغ ۔ع۔ عقل ۔ دل ۔
رَوغن ۔ت۔ تیل ۔
رَوغن زبانی ۔ت۔ چرب زبانی ۔
رَوغن قاز مالیدن ۔ت۔ خوشامد کرنا ۔ فریب دینا ۔ دغا کرنا ۔
رَوف ۔ع۔ بڑا مہربان ۔
رُو فکر مودن ۔ت۔ شرمندہ کرنا ۔
رُو فگندن ۔ت۔ عاجزی کرنا ۔ گڑگڑانا ۔
رُوکش ۔ت۔ شرمندہ کرنے والا ۔ اور بمعنی حریف اور مقابل کے بھی ہے ۔
سَپُوزیدن - ف - }

سپہ - ف - مخفف سپاہ کا - فوج -

سپہبُد - ف - سردار لشکر - سپہ سالار -

سپہر - ف - آسمان -

سپید - ف - یاے مجہول سے ایک رنگ مشہور ہی - نام قلعۂ توران کا - نام ایک ندی کا - نام ایک دیو کا -

سپیدار - ف - نام ایک درخت کا جو خوبصورت اور خوش قد اور سیدھا ہوتا ہی اس مین پھل نہین لگتا اور لکڑی اسکی سفید ہوتی ہی اصل مین یہ سپید دار تھا اور دار بمعنی درخت کے ہی -

سپیدبخت - ف - نیکبخت - خوش نصیب -

سپیددست - ف - مردسخی - اور لقب حضرت موسی علیہ السلام کا - اور بمعنی چور اور دغاباز اور خیانت پیشہ کے بھی ہی -

سپیدرُود - ف - نام ایک ندیکا درمیان شہر گیلان اور شروان کے -

سپیدشدن - ف - ظاہر اور آشکارا ہونا مجازاً نامور اور معزز ہونا -

سپیدکار - ف - وہ شخص جو نیک اور متقی اور پرہیزگار ہو -

سپیدہ - ف - نام ایک دولے مشہور کا اور کنایہ روشنی صبح سے -

سپیدہ دم - ف - صبح صادق اور مراد سفیدی یا روشنی بھی ہی

فصل سین - مع تاے فوقانی

ست - ع - چھ - (۶) اور چھ عورتین -

ستا - ف - تعریف کرنا - امر ہو ستودن کا بمعنی تعریف کر - شامیانہ - نام ایک لحن کا موسیقی سے - مخفف ستالکا - تین پیالے شراب کے جو نہار پیتے ہین -

ستار - ف - ایک باجہ مشہور ہی -

ستّار - ف - بڑا چھپانیوالا - نام خدا کا -

ستارہ - ف - تارہ جو آسمان پر چمکتا ہی نام ایک باجہ کا جسکو ستار کہتے ہین - نجت نصیب - طالع - کنایہ آنسو سے بھی -

ستارۂ سحر **ستارۂ صبح** - ف - ستارہ زہرہ جو صبح ہوتے طلوع کرتا ہی - اور کبھی یہ ستارہ شام کو بھی طلوع کرتا ہی - اور بمعنی آفتاب کے بھی لکھا ہی -

ستارہ شمردن - ف - تمام رات جاگنا -

ستازن - ف - ستار بجانے والا - سیخ کباب کی تین شاخ والی - پہلے معنون مین ستا مخفف ستار کا ہی -

ستاخ - ف - } نرم اور نازک ٹہنی درخت
ستاک - ف - } کی اور بمعنی مطلق شاخ درخت کے بھی آیا ہی -

ستام - ف - خاص زیور گھوڑے کا ساز گھوڑے کا مثل زین اور لگام وغیرہ کے -

ستان - ف - آستان - چوکھٹ جس جگہ بہت نبوہ کسی چیز کا ہو جیسے گلستان بمعنی باغ جہان قسم قسم کے پھول بہت سے ہوتے ہین اور کبھی بمعنی مطلق جگہ کے آتا ہی جیسے آبستان اور شبستان - اور وہ شخص جو چت لیٹا ہوا ہو

ستاندن - ف - لینا -

ستائیدن - ف - تعریف کرنا - سراہنا -

ستائش - ف - تعریف - دعا - شکر -

ستبر - ف - موٹا - دلدار - سنگین - سطبر اُسی کا معرب ہی -

ستبری - ف - موٹائی - گاڑھاپن -

ستخر - ف - بمعنی تالاب -

ستد - ف - صیغہ ماضی کا بمعنی ہو کہ دال ساکن اور قبل مفتوح مضارع کی ہی سواے اِن تین دو کے اور کسی ماضی مین نہین آیا زد - (۲) آید - (۳) ستد -

ستدن - ف - لینا - واضح ہو کہ اس مصدر سے سواے ایک صیغۂ ماضی (ستد) کے اور افعال مشتق نہین ہوے ہین -

سَتر - ف - مخفف اَستر بمعنی خچر کا -
سِتر - ع - پردہ - پوشش - خوف حیا -
سَتر - ع - بمعنی مستور - پوشیدہ چیز اور مصدر ہو بمعنی چھپانا -
سَتر - ع - ڈھال - سپر -
سُتُردن - ف - صاف کرنا - مونڈنا -
سُترگ - ف - بڑا - بزرگ - کلان -
سَترنج - ف - دو تین غلّے باہم ملے ہوئے
سَترون - ف - بانجھ عورت جسکے کبھی بچہ نہین ہوتا - ستر مخفف اَستر بمعنی خچر کا اور ون کلمہ تشبیہ کا - چونکہ خچر کے آپسمین اولاد نہین ہوتی بلکہ اسکی پیدایش گدھے اور گھوڑی سے ہوتی ہو اسلیے بانجھ عورت کو سترون کہا
سُتره - ع - پوشش - وہ مقدار کسی چیز کی جسمین آدمی پوشیدہ ہو جائے -
سِتم - ف - ظلم - بے انصافی -
سَتمدیده - ف - مظلوم جسپر ظلم ہوا ہو -
سَتمکش - ف - مظلوم -
سَتمگر - ف - ظالم - ظلم کرنیوالا -
سَتمناک - صورت مکروہ - اور خوفناک اور
سَتوا - چوکا جو خواب مین ڈراتا ہی -
ستودن - ف - تعریف کرنا -
ستودان - ف - گورخانہ یعنی مقبرہ گبرون اور آتش پرستون کا یہ لوگ مُردون کے تابوت اس مکان مین رکھتے ہین -

سُتُوده - ف - سرا بلہوا - تعریف کیا ہوا
سُتور - ف - چوپایہ مثل بیل - اونٹ خچر گھوڑے - گدھے کے -
سُتوقه - مب - یہ معرب ہو ستہ کا جسکے معنی کھوٹے روپیہ اور کھوٹی اشرفی کے ہین
سُتون - ف - پیلیا یہ - کھم مکان کا -
سُتوه - ع - عاجز - تھکا ہوا ملول -
ستون - ع - ساٹھ - (۶۰)
ستّه - ع - چھ اور چھ مرد -
ستّه - ع - کلام زشت اور عیب -
سِتّه - ف - کھوٹا سکہ اصل اسکی ستہ تھی اسلیے کہ کھوٹے روپیہ مین دو طرف دو پرت چاندی کی ہوتی ہو - اور بیچ مین تانبے کی اور ستوقہ اسیکا معرب ہو -
سِتی - ف - لوہا - فولاد - ایک قسم نیزہ یعنی برچھی کی -
ستی - ع - لقب عورتون کا ہوتا ہو جیسے خاتون - بیگم وغیرہ - اور یہ اصل مین سیّدتی تھا کثرت استعمال سے ستی ہو گیا مگر فارسی مین تاے فوقانی کے کسرہ سے آتا ہی حکیم انوری کہتے ہین ؎ گو ینده ستی زن عفیفه ست -
ستیز - ع - چھپا ہوا - پرہیزگار -
ستیز - ف - لڑائی - جنگ - جھگڑا - غصہ دشمنی - اور صیغہ امر کا بھی ہی -
ستیزه - ف - لڑائی - جنگ - جھگڑا -

ستیزیدن - ف - لڑنا -
ستیهش - ف - لڑائی - جنگ -
ستیهیدن - ف - لڑنا - جنگ کرنا -

فصل سین - مع جیم

سَجا - ع - خط کا لفافہ - کتاب کا عنوان یعنے دیباچہ - نامہ کا شروع -
سَجّاد - ع - سجدہ کرنیوالا -
سَجّاده - ع - مُصلّی - جاے نماز - نماز کے پڑھنے کا بچھونا - نشان سجدہ کا ماتھے مین
سَجاف - ع - گوٹ جو جامہ کے چاروں طرف لگائی جاتی ہی عوام اسکو سنجاف کہتے ہین
سَجال - ع - جمع سَجل بمعنی ڈول پر آب کی یعنی ڈولہا پانی سے بھرا ہوا - اور مصدر بھی ہو ف - اپس مین فخر کرنا کسی کام مین
سَجاوندی - ع - نام کتاب کا علم قرات مین
سَجاوندی کردن - ف - کنایہ تعلّی کرنیسے
سَجایا - ع - جمع سَجیّہ کی عادتین خصلتین
سَجدات - ع - جمع سجدہ کی -
سَجده - ع - سر زمین پر رکھنا خدا کے آگے - نام ایک سورۂ قرآن شریف کا -
سَجع - ع - خوش آواز پرندون کی آواز مثل بلبل اور قمری وغیرہ کے اصلی معنی اسکے قمری کی آواز - دو فقرون کے آخری الفاظ کا برابر ہونا نثر مین - نظم مین اسیکا نام قافیہ ہو -
سَجف - ع - پردہ - اور پردہ ڈالنا -

رات کا بہت اندھیرا ہونا ۔
سَجَف ۔ع ۔ کمر کی باریکی پیٹ کا دُبلا پن
سِجِلّ ۔ع ۔ قبالہ ۔ چک ۔ حکمنامہ قاضی کا
سَجِل ۔ع ۔ بڑا ڈول بھرا ہوا پانی کا ۔
سِجن ۔ع ۔ قید خانہ ۔ جیلخانہ ۔
سِجِنجل ۔ع ۔ آئینہ یہ لفظ اصل مین رومی ہو مگر کلام عرب مین مستعمل ہو گیا ہو ۔
سُجُود ۔ع ۔ سجدہ کرنا ۔
سُجُودِ صَہْمی ۔ع ۔ اصطلاح مین کشتی گیرون کی وہ سجدہ جو قبل لڑنے کشتی کے یا بعد تمامی کشتی کے کرتے ہین ۔
سِجّیل ۔ع ۔ کچا پتھر ۔ کھنگر ۔
سِجّین ۔ع ۔ وہ قید خانہ جہان گنہگارون پر بڑا عذاب ہوتا ہو ۔ وہ کتاب جسمین گنہگارون کے اعمال لکھے جاتے ہین ۔ نام ایک مقام سخت کا دوزخ مین ۔
سَجِیّن ۔ع ۔ قیدی ۔ خو ۔ خصلت ۔
سَجِیَّہ ۔ع ۔ عادت ۔ خو ۔ خصلت ۔
سَجِیّات ۔ع ۔ خصلتین ۔ عادتین ۔

فصل سین مع حائے مہملہ

سَحاب ۔ع ۔ ابر ۔ بادل ۔
سَحبان وائل ۔ع ۔ نام ایک مرد کا جو بہت بڑا فصیح و بلیغ عرب مین تھا اسکے باپ کا نام وائل تھا ۔
سَحج ۔ع ۔ چھیلنا ۔ کھال کا اُدھیڑنا ۔ اور نام بیماری شکم کا جو خراش رودہ سے پیدا ہو جاتی ہو ۔
سَحَر ۔ع ۔ وقت آخر شب کا صبح سے پہلے کا وقت ۔ اَسحار جمع ہو ۔
سِحر ۔ع ۔ افسون جادو ۔ جادو کرنا ۔ فریفتہ کر لینا ۔
سِحرِ حَلال ۔ع ۔ شعر و سخن فصیح و بلیغ جو بنرلہ جادو کے ہو ۔ نام ایک مثنوی کا اہلی شیرازی سے ۔
سَحَر گاہ ۔ت ۔ صبح کا وقت ۔
سَحَر گاہان ۔ت ۔ وقت صبح کا ۔ سین الف اور نون زائد ہی جیسے روزگاران اور بہاران مین ۔
سَحَرہ ۔ع ۔ جمع ساحر بمعنی جادوگر کی ۔
سَحق ۔ع ۔ گھسنا ۔ پیسنا ۔ جامۂ کہنہ ۔
سَحنہ ۔ع ۔ شکل اور منہ اور صورت آدمی کی نرمی اور ناز کی جلد رخسارہ کی ۔
سُحُوج ۔ع ۔ کھال کا چھل جانا ۔
سَحُور ۔ع ۔ سحری جو ماہ رمضان مین تہجلی رات کو کھاتے ہین ۔
سَحِیق ۔ع ۔ بہت باریک پسا ہوا ۔
سِجِّیل ۔ع ۔ بٹا ہوا دھاگا ۔

فصل سین مع خائے معجمہ

سَخافت ۔ع ۔ سبکی ۔ ہلکاپن ۔ بیعقلی کمظرفی ۔ نادانی ۔
سَخاوت ۔ع ۔ سخی ہونا ۔ بخشش کرنا ۔
سَخت ۔ف ۔ کڑا ۔ جو نرم نہو ۔
سَخت بُوم ۔ف ۔ کنایہ اُس زمین سے جسمین خوف ہلاکت کا ہو ۔
سَخت جان ۔ف ۔ سنگدل ۔ بے رحم ۔
سَخت خوردن ۔ف ۔ بڑی تکلیف اُٹھانا ۔
سَخت زِہ ۔ف ۔ کڑی کمان ۔
سَخت سا ۔ف ۔ نام ایک پیچ کا کشتی مین جسکو ہندی مین گھسّا کہتے ہین ۔
سَخت کمان ۔ف ۔ کنایہ پہلوان اور تیرانداز شہزور سے ۔
سَخت گِرِفتن ۔ف ۔ کسی کام مین بجد ہونا ۔
سَخت میر ۔ف ۔ وہ شخص جسکی جان بڑی مشکل سے نکلے ۔
سُخْتَن ۔ف ۔ وزن کرنا ۔ تولنا ۔
سُخْتَہ ۔ف ۔ تولا ہوا ۔ وزن کیا ہوا اور کنایہ مرد معقول اور سنجیدہ سے ۔
سُخْرَت ۔ع ۔ استہزا کرنا ۔ مسخرا ۔
سُخْرَہ ۔ع ۔ تمسخر ۔ خوش طبعہ جسپر ہنسین اور جسکو مسخرہ ۔
سُخْرَہ ۔ف ۔ بغیر مزدوری
سُخْط ۔ع ۔ غصہ ۔ غضب
سَخَط ۔ع ۔ ناخوش ہونا ۔
سَخُف ۔ع ۔ سُبک ہونا ۔ کمظرف ہونا ۔
سُخَن ۔ف ۔ بات ۔ عبارت ۔ لفظ ۔

اور کبھی اسکا اطلاق شعر پر بھی کرتے ہین۔
سُخن پَرداز۔ ف۔ کنایہ قصہ کہانی سے
سُخن چین۔ ف۔ عیب جو چغل خور
سُخن زیرِ لب۔ ف۔ آہستہ بات۔
سُخن سنج۔ ف۔ مراد شاعر سے۔
سُخنگوے پیشینہ۔ ف۔ سکندر نامہ مین
مراد فردوسی شاعر سے۔
سَخوط۔ ع۔ بمعنی کمردہ۔
سَخونت۔ ع۔ گرمی۔ گرم ہونا۔
سَخون۔ ع۔ جلتا ہوا شورہا۔
سَخون۔ ف۔ سخن۔ کلام۔
سَخی۔ ع۔ خدا کے نام پر دینے والا۔
سَخیف۔ ع۔ کم فہم۔ تنگ ظرف۔ بیہودہ
ہلکا۔ چھچھورا کپڑا۔
سَخین۔ ع۔ ہر چیز گرم خصوصاً آب گرم

فصل سین مع دال مہملہ

سَد۔ ع۔ دیوار۔ روک۔ حائل اور مانع دو
ن۔ بند کرنا۔ مضبوط ہونا۔ کسی چیز کا
ع۔ ایک گھاس ہمشل پودینہ
ہتلی کہتے ہین۔
ن۔ کنایہ سبزہ رنگ سے۔
ر۔ مضبوطی۔ رستی گھتارا اور
ی۔ راست اور درست ہونا۔
سَداد۔ ع۔ ایک مرض کا نام جس سے منفذ
ناک کا بند ہو جاتا ہو اور سینہ بھاری معلوم
ہوتا ہو اور اُسکو سُدّہ بھی کہتے ہین۔
سُدَد۔ ع۔ جمع سُدّہ کی۔
سَدَد۔ ع۔ راستی۔ درستی۔
سِدر۔ ع۔ درخت بیر کا۔
سَدَر۔ ع۔ تیرگی آنکھ کی جو گرانی اور گردش
سر کے ساتھ ہو۔
سَدَر۔ ع۔ حیران۔ سراسیمہ اور وہ شخص جسکی
آنکھ دیکھنے مین خیرگی کرے۔
سِدرہ۔ ع۔ ساتوین آسمان پر ایک درخت
بیری کا ہو اسکو سِدرۃ المنتہیٰ بھی کہتے ہین
اس جگہ سے آگے حضرت جبرئیل علیہ السلام
نہین جا سکتے ہین اور سِدرہ مطلق بیری
کے درخت کو بھی کہتے ہین۔
سُدس۔ ع۔ چھٹا حصہ۔ (۱/۶)
سَدَق۔ ت۔ ترکش۔
سَدَنہ۔ ع۔ جمع سادِن بمعنی دربان اور خادم
کعبہ اور بتخانہ کی۔
سُدوم۔ ع۔ حضرت لوط علیہ السلام کے
شہر کے قاضی کا نام جسنے اعلام کا فتویٰ
دیا تھا۔ نام ایک قریہ کا قوم لوط علیہ السلام
کے قریون مین سے۔ مجازاً ہر حاکم ظالم کو
بھی کہتے ہین۔
سُدّہ۔ ع۔ آستانہ۔ چوکھٹ۔ گروہ جو ہر تڑون
یا رگون مین مواد غلیظہ کی پڑ جائے۔ نام
بیماری کا جس سے سوراخ ناک کا بند ہو جاتا ہی
اور سانس کی آمد و رفت ناک کی راہ سے
منقطع ہو جاتی ہی۔
سَدید۔ ع۔ راست۔ درست۔ مضبوط۔
سَدیر۔ ع۔ نام محل کا جسکو نعمان بن منذر
نے بہرام گور کے لیے بنایا تھا۔
سَدیس۔ ع۔ بیل اور بکرا اور گھوڑا پانچ برس
کا۔ اور اونٹ آٹھ برس کا۔
سَدیو۔ ف۔ نام اُس دیو کا جسنے حضرت
سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی چرائی تھی
اور نام ایک برہمن کا بھی۔

فصل سین مع رائے مہملہ

سَر۔ ف۔ سر۔ فکر خیال۔ زور۔ قوت
سردار۔ مقدم۔ اوپر۔ خلاصہ۔ خواہش۔
ارادہ۔ شروع۔
سِر۔ ع۔ بھید۔ راز۔ جو چیز کہ پوشیدہ ہو عورت
کی شرمگاہ۔ جماع۔ ابر۔ بادل۔ نیا۔ اصل
نیک۔ زمین نیک۔ ہر چیز کا مغز اور درمیان
بہترین۔ عمدہ نسب۔
سُر۔ ع۔ خوشی۔ شادی۔ ناز۔ نام ہی
ایک کانکوئی کا ری مین۔
سَرّ۔ ع۔ مرد نیک۔ نیکی کرنیوالا۔ شاد
اور خوش کرنیوالا۔
سَرا۔ ف۔ مکان۔ گھر۔ اور امر سرائیدن کا
سَراو وخَراو۔ ع۔ بمعنی راحت و رنج
مگر فارسی مین بغیر ہمزہ کے بھی آتا ہی۔

سَراب ۔ع۔ الو جو مسافر کو دھوپ مین اور کبھی چاندنی مین بھی دور سے مثل بہتے ہوے پانی کے معلوم ہووے۔

سَراپا ۔ف۔ تمام و کمال اول سے آخر تک معشوق کے تمام اعضا کی تعریف خلعت

سَراپردہ ۔ف۔ بارگاہ شاہی بڑا پردہ جو بطور دیوار کے خیمہ کے آگے کھینچتے ہین

گھر کا پردہ ۔ خیمہ۔

سَراپردہ زدن ۔ف۔ خیمہ برپا کرنا۔

سَرابستان ۔ف۔ وہ باغ جو گھر مین ہو

سَرابیلی ۔ف۔ ہیز۔ خشت۔ ایجڑا۔

سِراج ۔ع۔ چراغ۔ آفتاب۔

سَراج ۔ع۔ گھوڑے کا زین بنانے والا اور بیچنے والا اسلیے کہ سَرج بمعنی زین ہی

سَراچہ ۔ف۔ چھوٹا خیمہ۔ چھوٹا مکان

سَراخ ۔ع۔ طلاق۔ عورت کی رہائی مرد کے نکاح سے۔

سُرادِق ۔ع۔ سراپردہ خیمہ۔ شامیانہ

سُرادِقات ۔ع۔ سراپردے۔ خیمے۔

سَرار ۔ع۔ ہر مہینہ کی آخری شب۔

سَرارِی ۔ع۔ جمع سُرّیہ کی وہ لونڈیان جنسے جماع کی ہو۔ حرمین۔

سَراز چیزے بیرون آوردن ۔ف۔ کسی کام کے کرنیسے فرصت پانا۔

سَرازیر ۔ف۔ ڈھالو مقام۔

سَراسَر ۔ف۔ اس سرے سے اُس سرے تک یعنی تمام و کمال۔ بالکل۔

سَراسیمہ ۔ف۔ حیران۔ پریشان۔

سَراغ ۔ع۔ جمع سَرغ کی۔ درخت انگور کی تازہ شاخین۔

سُراغ ۔ت۔ کھوج۔ تلاش۔

سَراغوش ۔ف۔ عورتونکا گیسو پوش اور وہ مثل لمبی تھیلی کے جالدار بنا ہوتا ہی اور اُسپر نقش و نگار بھی زردوجواہر کا اکثر ہوتا ہی و لایت کی عورتین اپنے بال سر کے اسمین رکھتی ہین۔ ان معنون مین سراغوج جیم سے بھی آیا ہی۔

سَرافراز ۔ف۔ سربلند۔

سَرافتادن ۔ف۔ حد سے بڑھ جانا۔

سَرافگندن ۔ف۔ گردن نیچے ڈالنا عاجزی اور فروتنی کرنا۔ شرمندہ ہونا۔

سَرافگندہ ۔ف۔ شرمندہ۔ سر نیچے ڈالے ہوے۔ خاموش۔ تابعدار۔

سَرافگندگی ۔ف۔ عاجزی۔

سَرافیل ۔ع۔ نام ایک فرشتہ مقرب خدا کا جو صور کو لیے ہوے ہین۔

سُراقہ ۔ع۔ نام ایک سردار قریش کا۔

سَرآمد ۔ف۔ سردار۔ برگزیدہ۔ غالب

سَرآمدن ۔ف۔ پورا ہونا۔ تمام ہونا۔

سَران ۔ف۔ سردار لوگ۔

سَرانجام ۔ف۔ آخر ہر کام کا۔ آخر ہر چیز کا۔ مجازاً بمعنی سامان و اسباب۔

سَراندیب ۔ف۔ ایک جزیرہ ہی دکھن طرف ہندوستان کے اسکو سیلان بھی کہتے ہین اور یہ قریب خط استوا کے ہی۔

سَرانداز ۔ف۔ ناز اور غرور سے اٹھلاکر چلنے والا۔ اور بمعنی چادر کے بھی ہی۔

سَراویل ۔ع۔ پتھنا۔ پاجامہ۔ اگرچہ یہ لفظ جمع ہی مگر بمعنی واحد مستعمل ہوتا ہی۔

سَرآوُردن ۔ف۔ آخر کو پہونچانا۔ تمام کرنا۔ کامل کرنا۔

سَرآہنگ ۔ف۔ سکندر نامہ مین مراد ہی آگے کی فوج سے۔

سَرائیدن ۔ف۔ گانا۔ الاپنا۔

سَرائندہ ۔ف۔ گانیوالا۔

سَرائے ۔ف۔ مکان۔ گھر۔ اگرچہ بمعنے مسافر خانہ کے بھی لوگون مین مستعمل ہی اس معنی مین مہانسرائے کہنا چاہیے

سَرایت ۔ع۔ تاثیر۔ اثر کی دوسری چیز مین۔ گذرجانا ایک دوسری شے سے۔

سَرآید زمان ۔ف۔ یعنی مرت اور تمام ہووے۔

سَرائر ۔ع۔ جمع سریرہ کی پوشیدگیان اور بہت سے بھید۔

سَرا بچہ۔ ن۔ چھوٹا مکان چھوٹا خیمہ۔
سَرائے نعمان۔ ن۔ خورنق کا محل جسکو نعمان منذر کے بیٹے نے نہایت عمدہ بنایا تھا
سُرب۔ ن۔ سیسہ جسکی گولیاں بندوق کے لیے ڈھالتے ہین۔
سَربابائی۔ ن۔ بزرگی کا اظہار۔
سَرباختن۔ ف۔ جنگ کرنا۔ لڑنا۔
سَربار۔ ف۔ سر کا بوجھ۔ ہمین اضافت مقلوب ہو یعنی بار سر۔
سَرباری۔ ف۔ وہ شخص جو سر پر بوجھ لیے ہو۔ سر کا بوجھ۔ تھوڑا بوجھ جو بڑے بوجھ پر رکھا ہو عربی مین اسکو علاوہ کہتے ہین۔
سَرباز۔ ف۔ بہادر شخص۔ جنگ مین بے خوف و خطر لڑنیوالا۔
سَرباز ماندن۔ ف۔ حیران رہجانا۔
سَربازی۔ ف۔ لڑائی۔ بیخوف بہادری ن در دلیری کا کام کرنا۔
ازاری۔ ف۔ آوارہ شخص۔
ہ۔ پیراہن۔ اور جو چیز کہ آدمی بن مستعمل ہو۔
ف۔ بلند سر۔
عش۔ ن۔ بڑا حصہ۔
سَربرخط نہادن۔ ن۔
سَربرخط فرمان نہادن۔ ف۔ } اطاعت کرنا
سَربراہ کردن۔ ف۔ راہ پر لانا۔ پورا کرنا کام کا۔ انتظام کرنا۔
سَربراہ۔ ف۔ منتظم۔ مہتمم۔
سَربراہی۔ ف۔ اہتمام۔ انتظام۔
سَربرآوردن۔ ف۔ ظاہر کرنا۔ ظاہر ہونا
سَربرداشتن۔ ف۔ سر بلند کرنا۔ سر اٹھانا۔ حاکم سے پھر جانا۔ یغی ہو جانا۔
سَربرزدن۔ ف۔ ایک بات کا واقع ہونا۔ اچانک ہو جانا۔
سَربرگردنکان۔ ف۔ اطاعت نہ کرنیوالے
سَربستہ۔ ف۔ بندھا ہوا پوشیدہ۔
سَربسر۔ ف۔ تمام و کمال۔ بالکل۔
سَربسوے راہ افگندن۔ ف۔ کنایہ ہو مائل کر لینے سے۔
سَربند کسے گرفتن۔ ف۔ کسی کے بھید سے واقف اور خبردار ہونا۔
سَرپای۔ ف۔ مراد جماع سے۔
سَرپازدن۔ ف۔ ٹھوکر مارنا۔
سَرپرست۔ ف۔ خانہ زاد۔ خادم گھر کا نوکر۔ اور مراد مربی سے بھی۔
سَرپرستی۔ ف۔ کسی کی خبر گیری کرنا
سَرپنجگی۔ ف۔ زور۔ شدت۔ ظلم۔
سَرپنجہ۔ ف۔ ہاتھ کا پنجہ۔ زور۔ قوت مجازاً بمعنی ظلم و تعدی اور بمعنی مردوی دست جسنے پنجہ لڑانے کی مشق خوب کی ہو اور کنایہ طاقت دار آدمی اور ظالم سے بھی۔
سَرپوش۔ ف۔ ہنڈیا وغیرہ کا ڈھکنا جو اوپر ڈھکا رہتا ہو۔
سَرپوشیدہ۔ ف۔ مراد کنواری لڑکی سے
سَرپی۔ ف۔ ٹھوکر۔
سَرپیچ۔ ف۔ نام ایک جڑاؤ عدد کا جو عمامہ یا پگڑی پر لٹکایا یا باندھا جاتا ہو۔
سَرپیچیدن۔ ف۔ نافرمانی کرنا۔
سَرتابی۔ ف۔ حکم نہ ماننا۔ سرکشی کرنا۔
سَرتافتن۔ ف۔ نافرمانی کرنا۔
سَرتاسَر۔ ف۔ تمام و کمال سب کا سب
سَرت گردم۔ ف۔ تیرے قربان ہون
سَرتنہا۔ ف۔ اکیلا۔
سَرتیز۔ ف۔ نوکدار چیز۔ مجازاً وہ شخص جو سرکش اور جنگجو ہو۔
سَرتیغ کوہ۔ ف۔ چوٹی پہاڑ کی۔
سَرج۔ ع۔ گھوڑے کا زین۔
سَرجنبانیدن۔ ف۔ تعریف کرنا کسی کو کسی کام سے منع کرنا۔
سَرجوش۔ ف۔ شوربا اور گلاب اور شراب وغیرہ جو پہلے جوش مین دیگ سے نکال لین اور وہ خلاصہ اور عمدہ ہوتا ہو۔ مجازاً ہر چیز جو خلاصہ اور صاف ہو۔
سَرچشمہ۔ ف۔ سوتا پانیکا۔
سَرچشمہ دار۔ ف۔ وہ شخص جو کسی کام کا نیا پیدا کرنیوالا ہو۔

سَرْ چُنگ - ف - کسی کے سر پر زور سے ہاتھ مارنا ہندی دھول -

سَرْ چِلّن - ف - عمدہ - خلاصہ - چُنا ہوا -

سَرْچ - ع - چرنا - چرانا - چرائی پر چھوڑ دینا جانور چرنیوالا - بڑے اور بلند درخت ہر درخت جسمین کانٹا نہو اور بمعنی آسانی بھی

سَرْحان - ع - گرگ - بھیڑیا -

سَرْحَدّ - ف - حد -

سَرْحساب - ف - آگاہ - خبردار -

سَرْحَلقہ - ف - سردار - حاکم کسی حلقہ کا پیشوا - صدر نشین -

سُرْخاب - ف - نام پرند کا جو مشہور ہی نام ایک پیچ کا کشتی سے - گلگونہ - غازہ - شراب - نام نہر کا قریب کابل کے - نام ایک کتاب کا علم رمل مین - نام رستم کے بیٹے کا جسکا نام سُہراب بھی ہو -

سَرْخاریدن - ف - تامل کرنا - بہانہ کرنا - نا اُمید ہونا - دیر کرنا -

سُرْخ اَنْوَدْ - ف - نام ایک بزرگ کامل کا

سَرْخانہ - ف - پایہ - رتبہ - انتہا کسی چیز کی اور علم موسیقی کی اصطلاح مین بمعنے آواز بلند -

سَرْخانہ رسانْدن - ف - کسی فن کو کمال کی حد تک پہونچانا اور موسیقی کی اصطلاح مین آواز بلند کو کہتے ہین -

سُرْخ بُت - ف - نام بت کا - نام معشوق کا

سُرْخ بِیدْ - ف - درخت بید کی ایک قسم ہی سترہ قسمونمین سے -

سُرْخچہ - ف - چیچک جو اکثر لڑکون کے نکلتی ہی جسکو خسرہ کہتے ہین -

سُرْخرو - ف - خوش - کامیاب -

سَرْخر - ف - کام مین خلل ڈالنے والا - کام کا بگاڑ دینے والا - بیہودہ - بدتمیز -

سَرْخس - ف - نام ایک بہت بڑے شہر کا ہی خراسان مین -

سُرْخ شدن - ف - غصہ اور غضب مین ہونا

سَرْخط - ف - کرایہ نامہ مکان کا نوکری نامہ یعنی یادداشت روز نوکری کی خوشنویس لوگ جو تعلیم لکھتے ہین -

سَرْخوش - ف - وہ شخص جو شراب کے نشہ مین خوشحال ہو یعنی زیادہ مست نہو واضح ہو کہ مستی شراب کے چار درجہ ہین (۱) سرخوش (۲) تردماغ (۳) میست (۴) خراب -

سَرْخوشی - ف - شراب کا نشہ کا سرور اعتدال کی مستی - نیم مستی -

سَرْخُود - ف - جو کسی کا مطیع نہو - وہ شخص جو خود مختار ہو -

سَرْخیل - ف - سردار - امیر -

سَرْد - ف - ٹھنڈا -

سُرْد - ع - بمعنی زرد -

سَرْدگوی - ف - سخت کہنے والا - اور طعنہ دینے والا -

سَرْداب - معب - تہخانہ جو زمین کے نیچے بناتے ہین گرمیون مین رہنے کے واسطے -

سَرْدَابہ - ف -

سرداون - ف - رہا کرنا - جانورون کا چھوڑ دینا - بندوق و توپ کا فیر کرنا -

سَرْدار - ف - امیر -

سَرْدَاشتن ترازو - ف - ترازو کے ایک پلہ کا جھک جانا -

سرور آمدن براہ - ف - روانہ ہونا -

سَرْدردی - ف - محنت - تکلیف -

سرور سر چیزے کردن - ف - کسی چیز کی طلب اور خواہش مین اپنی جان کا دینا کسی کام مین انتہا کی کوشش کرنا -

سرور کلاہ کسے نہادن - ف - کسی کا مطیع اور تابعدار ہونا -

سَرْدَرکشیدن - ف - تابع نہ ہونا - سرکشی کرنا - نافرمان ہونا -

سَرْدَرہَوا - ف - مشتاق - پرزے

سَرْدست - ف - فی الحال ابھی نیچہ - اور کنایہ زور و قوت سے -

سَرْدست افشاندن - ف - کنایہ ہی غصہ اور غضب کرنیسے -

سَرْدَست - ف - حقیر - کم رتبہ - اور

نام فقیرونکی لاٹھی کا۔
سَر دُستی ف۔ وہ چیز جو حاضر اور موجود ہو اور قلندر و نکی لاٹھی۔
سَر دستی گرفتن ف۔ مدد کرنا۔
سَر دسیر ف۔ وہ زمین جہان پانی زراعت کے لیے خود بخود جاری ہو بیسنے ترائی کا ملک۔
سَر دفتر ف۔ دفتر کا افسر۔
سَر دَم ف۔ نام ایک شخص کا جو نہایت بد آواز تھا۔
سَر دمہر ف۔ بے محبت۔ بے رحم۔
سَردی ف۔ ٹھنڈک۔
سَرَد ع۔ کچی۔ کاواکی۔
سُرَر ع۔ جمع سُرّہ بمعنی مقام ناف کی نام ایک موضع کا نزدیک مکہ معظمہ کے یہان ایک درخت ہے جسکے نیچے ستر پیغمبرون کی ناف کاٹی گئی ہے۔
سُرر ع۔ جمع سریر بمعنی تخت کی۔
سُرراہ ف۔ راہ کے سرے پر۔
سُرراہی ف۔ بھاڑا مدعا اور مقصود اور اور دفتر حسابی۔
سرزدن ف۔ اچانک کسی مجلس میں کسی شخص کا آنا۔ نہایت کوشش کرنا۔
سَرزدہ ف۔ اچانک بیخبر۔
سَرزدہ آمدن ورفتن ف۔ بیخبر اور یکایک آنا اور چلا جانا۔
سَر زُلف ف۔ زلف۔ ناز۔ غمزہ۔ نخرہ۔ معشوقانہ غصہ۔
سَر زمین ف۔ زمین۔ ملک۔
سَر زنش ف۔ ملامت۔ برا بھلا کہنا
سَرسام ف۔ ایک بیماری ہو دماغ کی جسمین آدمی بیہوش ہو جاتا ہو دماغ مین ورم پیدا ہونے سے یہ مرض ہوتا ہو اور یہ لفظ مرکب ہو سر اور سام بمعنی ورم سے اس مرض والا روشنی سے ایذا پاتا ہو۔
سَرسال ف۔ شروع سال۔
سَرسبز ف۔ لہلہانا۔ ہرا بھرا۔ اور بمعنی جوان بہتر۔ خوش۔ آباد۔
سَر سجدہ ف۔ نماز کی مُہر جس پر سجدہ کرتے ہین۔
سَر سخت خوردن ف۔ سخت صدمہ پہنچنا
سَر سخن ف۔ داستان وغیرہ کا شروع جسکو کنجف سے یا جلی قلم سے لکھتے ہین۔
سَر سَری ف۔ کمینہ۔ بدون تامل کے بغیر سوچے سمجھے کوئی کام کرنا۔
سَرشار ف۔ لبریز۔ لبالب۔
سِرشت ف۔ پیدائش خلقت طبیعت خو۔ خمیر۔
سَرشتن ف۔ گوندھنا۔ ملانا۔ خمیر کرنا۔ تر چیز کو خشک چیز مین ملانا۔
سَرشدن ف۔ ہونا۔ جاری ہونا۔ توپ اور بندوق وغیرہ کا چھوٹنا۔
سَرشستن از مرض ف۔ صحت پانا
سَرشَف ف۔ سرسون جس سے تیل نکالا جاتا ہو۔
سَرشک ف۔ آنسو آنکھ کا اور بمعنی مطلق قطرہ کے بھی آتا ہو۔
سَرشیب ف۔ سرنگون۔ اوندھا۔
سَرشیر ف۔ دودھ پر کی بالائی۔
سَرصالحان ف۔ مراد خطیب مسجد سے
سَرطان ع۔ کیکڑا۔ گنگٹہ۔ نام چوتھے برج کا آسمان پر جو شکل کیکڑے کے ہو۔ نام ایک ورم سودادی کا جو نہایت سخت ہوتا ہو اور ہر روز بڑھتا جاتا ہو اس مین سرخ اور سبز رنگین کیکڑے کے ہاتھ پانون کے مانند دکھائی دیتی ہین۔
سِرطَراط ع۔ بمعنی پالودہ۔
سَرَع ع۔ درخت انگور کی شاخ۔
سُرعَت ع۔ دوڑنا۔
سُرعَت ع۔ شتابی اور جلدی کرنا کام کا
سَرعَشر ف۔ دس آیتین قرآن مجید کی جو بوقت بسم اللہ لکھکر لڑکون کو برکت کے لیے پڑھاتے ہین۔
سَرغَلیان ف۔ حقہ کی چلم۔
سَرغنہ ف۔ بڑا۔ بے مانند۔ سردار۔

سَرف - ع - غفلت کرنا - خطا کرنا - مال کا بے اندازہ اور بیہودہ خرچ کرنا - کسی چیز کی لالچ کرنا -

سَرف - ف - نادان - خطا کار -

سَرفتیلہ چرب شدن - ف - کنایہ جماع سے ہے -

سَرفرازی - ف - سربلندی - غرور -

سَرفرود آوردن - ف - سر نیچے کرنا - بات کا ماننا - عاجزی کرنا -

سَرفرو بُردن - ف - شرمندہ ہونا -

سُرفہ - ف - ایک کیڑا سفید رنگ کا ہوتا ہے جو درخت اور لکڑی میں سوراخ کرتا ہے -

سُرفہ - ف - اسی کیڑے کی مشابہت آواز سے نام ایک مرض کا جسکو عربی میں سُعال اور ہندی میں کھانسی کہتے ہیں -

سَرقت - ع - چوری کرنا -

سَرقہ - ع - چوری -

سَرقوج - ف - نام ایک پیچ کا کشتی میں -

سِرقین - مب - سِرگین معنی گوبر و گوہ کا مُعرّب ہے -

سَرکاری - ف - وارد فعلی - سربراہ کاری مختاری - مہتمی -

سَرکردن - ف - شروع کرنا - تمامی کو پہونچا دینا - کامل کرنا -

سَرکردگی - ف - افسری - سرداری

سَرکش - ف - مغرور - باغی - پھرا ہوا -

سَرکشی - ف - نافرمانی - بغاوت -

سَرکشیدن - ف - حکم نہ ماننا - نافرمانی کرنا - بلند ہونا -

سَرکمَنَد - ف - جاے پناہ - جاے حفاظت سبب - نجات - وجہ - سبب -

سِرکنگبین - ف - سکنجبین کا شربت - اصلی ترکیب اسکی سرکہ اور انگبین یعنے شہد ہے -

سَرکَن - ف - فوج کا سردار -

سَرکُوب - ف - افسر انتظام کرنیوالا -

سَرکوچکی - ف - بیقدری - حقارت - کمینہ پن - نالائقی -

سِرکہ جبین - ف - تیز شرو - بدخلق -

سِرکہ فروختن - ف - ناک بھون سکیڑنا -

سَرگذشت - ف - واقعہ - حادثہ - ماجرا -

سَرگران - ف - خفا - غصہ ور - متکبر - مست - غرور والا - رنجیدہ -

سَرگردان - ف - پریشان -

سَرگرم - ف - چالاک - مختتی - کسی کام میں دل سے مشغول - اور معنی مست کے بھی آیا ہے -

سَرگروہ - ف - ایک قوم کا سردار -

سَرگزہ - ف - } جزیہ جو کافروں سے

سَرگزیہ - ف - } لیا جاتا ہے -

سَرگشتہ - ف - حیران - بھٹکا ہوا -

سَرگشتگی - ف - حیرانی - تردد - بیقراری

سَرگم - ف - بے ابتدا اور بے انتہا یعنی جسکے اول اور آخر کی خبر نہو -

سَرگوش گرفتن - ف - تابعدار ہونا -

سَرگوشی - ف - کسی کے کان میں بات کہنا -

سِرگین - ف - گوبر - جانوروں کا گوہ -

سِرلوح - ف - نقاشی جو کتاب کے اول ورق پر کرتے ہیں -

سُرمہ - ع - رودہ کا مُنھ جسمیں سے گوہ نکلتا ہے -

سِرمہ - ف - چھلا ہوا اور صاف چمڑا -

سَرما - ف - جاڑا -

سَرماک - ف - نام ایک کھیل مشہور کا جو لڑکے کھیلتے ہیں ہندی میں اس کھیل کو دائی مچھولا کہتے ہیں -

سَرمایہ - ف - پونجی -

سَرمائے گُل - ف - گلابی جاڑا جو گلاب کھلنے کی فصل میں ہوتا ہے -

سَرمَد - ع - جسکی ابتدا اور انتہا نہ خداے تعالیٰ - نغوتی معنی اور کنایہ شب و روز سے ہے

سَرمَدی - ع - وہ شے جو منسوخ ہمیشگی کے - ابدی - دائمی -

سَرمست - ف - متوالا - وہ شخص جو بیٹھا بین مدہوش ہو -

سَرمشق - ف - خوشنویس کا لکھا ہوا قطعہ

جسکو تعلیم بھی کہتے ہین۔
سَرمَق۔ ع۔ بتھوے کا ساگ۔
سُرمہ بگلو کشیدن۔ ف۔ کنایہ گونگا ہونے سے۔ کہتے ہین کہ سُرمہ کھانے کی کثرت سے آواز بند ہو جاتی ہے۔
سُرمہ چُوب۔ ف۔ سرمہ لگانیکی سلائی
سُرمہ چشم۔ ف۔ وہ شخص جسکی آنکھون مین سُرمہ لگا ہوا ہو۔
سُرمہ خوردن۔ ف۔ گنگ ہونا۔
سُرمۂ سُلیمانی۔ ف۔ وہ سرمہ جسکو آنکھون مین لگانے سے عالم کی پوشیدہ چیزین مثل دفینون وغیرہ کے معلوم ہوتی ہین۔
سُرنائے۔ ف۔ نفیری مشہور باجہ ہے یہ مخفف ہے سُورنائے کا۔ سُور کے معنے شادی اسکو شہنائے بھی کہتے ہین۔
سَرنامہ کشادن۔ ف۔ خط ملنا۔
نامہ۔ ف۔ خط کے لفافہ پر جو پتہ اور کتاب الیہ کا لکھتے ہین۔
ف۔ موافقت نہ کرنا۔
۔ سَر کے بل۔ اوندھے مُنھ۔ نئے سرے۔
ت۔ ف۔ تقدیر۔ نصیب۔
حلم ازلی۔ قسمت کا لکھا۔
سَرنہادن۔ ف۔ سر رہنا۔ سفر کرنا۔ اطاعت کرنا

سَرو۔ ف۔ دا دمعروف سے گل یا حیوان کی شاخ لیئے سینگ۔ پیالہ شراب پینے کا
سَرو۔ ف۔ نام ایک درخت مشہور کا جو سیدھا اُگا ہوا باغون مین ہوتا ہے۔
سَروِ آزاد۔ ف۔ وہ سرو جو ایک شاخ کا ہو بالکل سیدھا۔ اور بعضے کہتے ہین کہ آزاد اس سبب سے کہ برخلاف اور درختون کے سَرو خزان کے تغیّر سے آزاد ہے۔ اور سکندر نامہ مین ایک مقام پر سکندر کی ذات سے مراد ہے۔
سَرواد۔ ف۔ کلام منظوم اور قصہ۔
سَرواژدن۔ ف۔ مُنھ پھیر لینا۔
سِروالہ۔ ف۔ پاجامہ۔ سُتھنا۔
سَروبُن۔ ف۔ تمام۔ پورا۔
سَروبند۔ ف۔ عہد عصر زمانہ۔ جیسے فلان امر در سروبند فلان بادشاہ واقع شدہ بود۔
سَروبزرگ۔ ف۔ خیال۔ پروا۔
سَروپا۔ ف۔ تمام۔ پورا۔
سَروپیادہ۔ ف۔ چھوٹا درخت سرو کا جو آدمی کے قد کے برابر ہو۔ اور ایسا سَرو بہت خوشنما ہوتا ہے۔
سَروجویبار۔ ف۔ ندی کنارہ کا سرو۔
سُرود۔ ف۔ راگ۔ نغمہ۔ گیت۔
سُرودنوآئین۔ ف۔ وہ گیت جس مین

مبارکبادی کا مضمون ہو۔
سُرودن۔ ف۔ گانا۔
سُرور۔ ف۔ خوشی۔
سَروَر۔ ف۔ سردار۔
سَروِرغنا۔ ف۔ خوشنما اور آراستہ سرو اور کبھی مراد معشوق سے۔
سَروَری۔ ف۔ سرداری۔ صاحبی۔
سَروِسہی۔ ف۔ سرو دو شاخہ جسکی دونون شاخین سیدھی اُگی ہون۔
سَروسامان۔ ف۔ اسباب۔ سامان۔
سَروسایہ۔ ف۔ کنایہ شوکت سے۔
سُروش۔ ف۔ نام جبرئیل علیہ السلام کا ہر فرشتہ جو پیغام خوشی کا لاوے۔ ہر شمسی مہینہ کی سترھوین تاریخ۔ آواز غیب۔
سَروق۔ ع۔ بڑا چور۔ چوری کرنے والا۔
سَروکلان۔ ف۔ سکندر نامہ مین۔ مراد شاہنامۂ فردوسی سے۔
سَروکار۔ ف۔ علاقہ۔ لگاؤ۔ خواہش۔
سَروَن۔ ف۔ سینگ ہر حیوان کا۔
سُروَن۔ ف۔ سُرین۔ چوتڑ۔
سَروَنگاہ۔ ف۔ کنپٹی۔ سینگ اُگنے کی جگہ
سَروِناز۔ ف۔ وہ سرو نیا اُگا ہوا جس کی شاخین ہر طرف جھکی ہوئی ہون۔
سَرہ۔ ف۔ خالص۔ پاکیزہ۔ خلاصہ بے عیب۔ کھرا جو کھوٹا نہ ہو۔

سُترہ ع - ماف -
سَرہنگ ف - لشکر کا سردار - ہراول لشکر کا - سر بمعنی سردار اور ہنگ بمعنی فوج - اور بمعنی نقیب اور چوبدار اور پہلوان اور کوتوال اور پیادہ دستی حاکم کے بھی آیا ہے -
سَرہنگی ف - پہلوانی - اور مراد جیتی اور چالاکی سے بھی -
سَریٰ ع - رات کو چلنا -
سَریٰ ع - مرد بزرگوار -
سَرمی ف - سرداری -
سَرمی کردن ف - سپہ سالاری کرنا -
سَریان ع - مجانا ایک چیز کا دوسری چیز کے اجزا مین جیسے شکر کا پانی مین گھل جانا -
سَرپچہ ف - مُولا ایک پرند مشہور ہے -
سَریر ع - تخت ملک - بادشاہی نعمت و وسعت عیش -
سَریرت ع - بھید - جو چیز کہ پوشیدہ کیجاے مجازاً بمعنی خصلت وطبیعت -
سَری سَقطی رح ع - نام ایک بزرگ کامل کا -
سریش ف - ایک قسم کا چیپ ہے -
سَریشم ف - جو چمڑے کو پکا کر نکالتے ہین پھر اُس سے اور چیزین جوڑتے ہین -
سَریع ع - جلدی کرنیوالا - تیز - جلد - اور نام ایک بحر کا عروض سے -
سُرین ف - چوتڑ -

سُرین شکستن ف - مراد عیب دار کرنے سے -
سَریہ ع - لشکر پانچ آدمی سے زیادہ چار سو تک - اور اہل حدیث کی اصطلاح مین وہ لشکر جسمین حضرت رسالت پناہ صلعم خود بذات مقدس موجود نہ ہون اور کسی صحابی کی ماتحتی مین روانہ کرین -
سُریہ ع - وہ لونڈی جو جماع کرنے کے واسطے اُسکے مالک نے اپنے لیے مقرر کی ہو -

فصل سین مع زاے معجمہ

سزا ف - بد لا - لائق - موافق -
سزاوار ف - لائق - مناسب -
سزاول ف - حاصل کرنے والا -
سزیدن ف - لائق ہونا -
سزیدہ ف - لائق - سزاوار -

فصل سین مع سین مہملہ

سُست ف - ڈھیلا جو چالاک نہو -
سُست رائے ف - نادان - اور
سُست رِیش ف - احمق - اور ضعیف عقل اور بیوقوف -

فصل سین مع طاے مہملہ

سِطبر ع - موٹا - گندہ - بھدا -
سَطح ع - ہر مکان کی چھت اور اصطلاح علم ہندسہ مین وہ چیز جسمین فقط لمبائی اور چوڑائی ہو گہرائی نہو -

سَطر ع - لکھنا - رشتہ - صف - لکیر - کتاب کی لکیر -
سُطرلاب ع - مخفف اُسطُرلاب کا اور یہ ایک آلہ ہے جس سے آسمان اور ستارون کا حال معلوم ہوتا ہے -
سَطل ع - طشت - تسلہ -
سَطوت ع - دبدبہ - قہر سختی کرنا - اور حملہ کرنا دشمن پر -
سُطوح ع - جمع سطح کی -
سُطور ع - جمع سطر کی -
سُطوع ع - بلند ہونا -
سَطیح ع - نام ایک قلعہ کا خیبر کے قلعون سے

فصل سین مع عین مہملہ

سُعاد ع - نام ایک عورت کا عرب مین جو بڑی خوبصورت تھی -
سَعادت ع - نیکی برخلاف نحوست کے نیکبخت ہونا -
سُعال ع - کھانسی -
سِعایت ع - چغلی کھانا -
سَعتر ع - دست - فرا
سَعتر ع - ایک گھاس سر کی زلف سے تشبیہ دیتے ہین اُسکو پکا کر کھاتے ہین - اور یہ گھاس ہو کر دوا مین کام آتی ہے - اور کتب طب مین اسکو صاد سے لکھتے ہین - اسلیے کہ لفظ

شَعیر بمعنی جَو سے مشتبہ نہو۔

سَعتر باز۔ ف۔ وہ عورت جو چھڑے کے آلہ سے دوسری عورت سے جماع کرے۔

سَعتَری۔ ف۔ وہ عورت جو چھڑے کے آلہ سے دوسری عورت کے ساتھ جماع کرے اور مجازاً بمعنی شوخ و بدکار۔

سَعد۔ ع۔ نیک نیکبختی۔ بائیسوین منزل چاند کی۔ نام ایک بادشاہ کا۔

سُعد۔ ع۔ ایک گھاس کی جڑ جسکو ہندی مین ناگرموتھا کہتے ہین۔

سَعدِ اَکبَر۔ ع۔ ستارۂ مشتری۔

سَعدان۔ ع۔ نام ایک موضع کا تیروان سے

سَعدُ السُّعُود۔ ع۔ ستارۂ مشتری۔ اور چوبیسوین منزل چاند کی۔

سَعدَین۔ ع۔ ستارۂ زہرہ اور ستارۂ مشتری دونون کو ملا کر کہتے ہین۔

سَعدی۔ ع۔ تخلص بہت بڑے شاعر نوب طرف سعد بن زنگی بادشاہ کا مصلح الدین ہے۔

بچہ بھاؤ ہر شے کا جو جاتی ہے۔

سَعَف کی بیماری جو سر پر ہوتی ہے

سَعُود۔ ع۔ مبارک ہونا۔ نیک ہونا۔ اور ستارے مثل زہرہ و مشتری و چاند کے۔

سَعُوط۔ ع۔ وہ دوا جو ناک مین ڈالین۔

سُعُوط۔ ع۔ ناک مین دوا ڈالنا۔

سَعی۔ ع۔ دوڑنا درمیان صفا اور مروہ کے سات مرتبہ اور یہ بھی لوازم حج سے ہے۔ جلدی کرنا۔ کوشش کرنا۔ حاصل کرنا اور مجازاً بمعنی کوشش مستعمل ہے۔

سَعید۔ ع۔ نیک۔ مبارک۔ نیکبخت۔

سَعیر۔ ع۔ بھڑکی ہوئی آگ۔ آگ کا شعلہ نام چوتھے طبقہ کا سات طبقون دوزخ سے

فصل سین مع غین معجمہ

سَغب۔ ع۔ بھوکا ہونا۔ پیاسا ہونا۔

سَغَب۔ ع۔ بھوکا۔ پیاسا۔ بھوک۔

سَغبان۔ ع۔ گرسنہ۔ گزرا ہوا۔

سَغبہ۔ ع۔ بمعنی فریفتہ۔ چکنی چیز۔

سُغد۔ ع۔ نیچی زمین جہین مینھ کا پانی جمع ہو۔ نام ایک شہر کا نزدیک سمرقند کے۔

سُغراق۔ ت۔ بڑا پیالہ۔

سَغراق۔ ت۔ شراب کا پیالہ جس مین دستہ لگا ہو۔

سِغری۔ ف۔ سخت روئی۔ بھیایئ۔

فصل سین مع فا

سِفاح۔ ع۔ زنا کرنا۔ حرامکاری کرنا۔

سِفاد۔ ع۔ حیوانون کی جماع۔ نر کا مادہ کے ساتھ جفتی کرنا۔

سِفارَت۔ ع۔ ایلچی گری کرنا۔

سُفارِش۔ ت۔ کسی شخص کے واسطے بھلائی کا کلمہ کہنا۔ سعی کرنا۔

سَفّاک۔ ع۔ خونریز۔ قتل کرنے والا۔

سِفال۔ ع۔ ٹھیکری۔ مٹی کا برتن۔

سِفالِ زمین۔ ف۔ مراد زمین سے۔

سِفال گَر۔ ف۔ کمہار۔ برتن بنانے والا۔

سِفالِینہ۔ ف۔ مٹی کا برتن۔

سَفّان۔ ع۔ صاحب کشتی۔ نام مقام کا۔

سفاہان۔ ف۔ نام شہر کا۔ نام ایک پردہ کا موسیقی مین۔

سَفاہَت۔ ع۔ احمق پن۔ بے وقوفی۔ فرومائگی۔ کمینہ پن۔

سَفائِن۔ ع۔ جمع سَفینہ کی۔ کشتیان اشعار کی بیاضین۔

سُفتَن۔ ف۔ بیدھنا۔

سُفت۔ ف۔ سوراخ کیا۔ سوراخ۔ چھید۔ دوش یعنی آدمی کا شانہ۔

سِفت۔ ف۔ گاڑھا سنگین۔ موٹا۔

سُفتَجہ۔ ب۔ مُعَرَّب سفتہ کا جسکو ہندی مین ہنڈوی کہتے ہین۔

سُفتہ۔ ف۔ ایک قسم کا تیر پروایا ہوا۔

سَفتہ۔ ف۔ کاغذ زر جسکو ہندی مین ہنڈی کہتے ہین اور بمعنے تحفہ و ہدیہ و سوغات کے بھی ہے۔

سِفتہ۔ ف۔ ہر چیز موٹی اور محکم اور سنگین خصوصاً کپڑا۔

سُفتہ گوش - ف - غلام - لونڈی - اور جو شخص مطیع ہو -
سِفر - ع - کتاب - نامہ -
سَفر - ع - لکھنا -
سَفر - ع - مسافرت - باہر جانا شہر سے -
سَفرِ جَل - ع - بحری جو مشہور میوہ ہے -
سُفرہ - ع - مسافرت کا توشہ دان - اور مجازاً وہ دستارخوان جسپر کھانا چُنا ہوا ہو -
سُفرہ - ف - مَقعَد - پاخانہ نکلنے کا مقام چونکہ فارسی مین سفرہ سین کے ضمہ سے بمعنی مقعد ہے لہذا بمعنی دستارخوان سفرہ سین کے فتحہ سے کہنا چاہیے واسطے رفع کراہت کے -
سَفک - ع - خون کا گرانا - قتل کرنا -
سِفل - ع - پستی - نچائی -
سُفلی - ع - بہت نیچی - اور یہ مؤنث ہے -
اَسفل بمعنی پست تر کا -
سُفلی - ع - منسوب طرف سُفل بمعنی پستی کے
سِفلہ - ع - کمینہ - نالائق -
سَفَن - ع - درخت کی چھال چھیلنا - ہوا کا زمین سے خاک اُڑا دینا -
سَفَن - ع - لوہے کا سوہن - لکڑی چھیلنے اور تراشنے کا لبولہ - ہر شے جس سے کوئی چیز تراشی جائے مچھلی یا گھڑیال وغیرہ کا سخت چمڑا جو تلوار وغیرہ کے قبضہ پر منڈھ دیتے ہین تاکہ گرفت اچھی طرح ہو -
سُفُن - ع - جمع سفینہ بمعنی کشتی کی -
سَفُود - ع - کباب کی سیخ -
سُفُوف - ع - چھنا ہوا آٹا کسی دوا کا -
سُفُول - ع - پستی - نیچے اُترنا -
سَفُون - ع - ہوا خاک بہا رنیوالی -
سَفَہ - ع - عقل کی کمی - نادانی - بیوقوفی -
سُفَہا - ع - جمع ہے سَفِیہ کی - نادان لوگ -
سِفید - ف - چٹا اور مراد روشن سے -
سِفیدآب - ف - سفیدہ کا شنگرف -
سِفیدار - ف - نام ایک درخت کا جس کی لکڑی سفید ہوتی ہے اور شاخین بہت نازک کہ ذرا سی ہوا مین ہلنے لگتی ہین اور اس درخت مین پھل نہین ہوتا -
سِفید بخت - ف - خوش نصیب - نیک بخت
سِفید چشمی - ف - بیحیائی
سِفید شُدَن - ف - } نمایان اور نمودار
سِفید گردیدن - ف - } ہونا - معزز ہونا -
سِفید مُہرہ - ف - بڑی کوڑی سنکھ -
سَفِیر - ع - ایلچی - قاصد - میانجی -
سَفِینَہ - ع - کشتی - ناؤ - بیاض شعرون کی
سَفِینَہ کردن - ف - ظاہر کرنا -
سَفِیہ - ع - نادان کم عقل -

فصل سین - مع قاف

سِقا - ع - مشک جسمین پانی وغیرہ بھرین
سَقّا - وہ شخص جو پانی پلادے اور جسکا پانی پلانے کا پیشہ ہو - اور یہ صیغہ نسبت کا ہے جیسے حدّاد بمعنی لوہار اور صبّاغ بمعنی رنگریز مگر استعمال فارسی مین یہ لفظ بغیر ہمزہ کے آتا ہے - نام ایک پرند کا جو اپنے پوٹے مین پانی بھر رکھتا ہے -
سَقّائے مُرغان - ف - حاصل جو ایک پرند مشہور ہے اسکا بہت بڑا پوٹا ہوتا ہے - گویا اسکا پوٹا بمنزلہ اسکی مشک کے ہے -
سِقال - ت - آدمی کی داڑھی -
سِقام - ع - جمع سقیم کی - بیمار لوگ -
سَقام - ع - مرض - بیماری -
سِقایَت - ع - پانی دینا - سیراب کرنا -
سِقایہ - ع - پانی کی جگہ - پانی کا پیمانہ - وہ برتن جسمین پانی پیین -
سَقائے نیل - ف - کنایہ ابر سے -
سَقَر - ع - دوزخ - نام پہاڑ کا مکہ مین
سَقر - ع - جلانا - آفتاب کا مُنہ کو نام ایک مُرغ شکاری کا جسکو چُرغ کہتے ہین ہندی
سُقراط - ف - نام ایک بڑا دورِ حنی علمہ افشان
سَقرلات - ت - } بالون
سَقرلاط - ت - } باتات پکارنا -
سَقسَطہ - ع - زیادہ گوئی - بکنا -
سَقط - ع - چوپائے جانورون کا مرنا خصوصاً گھوڑے اور گدھے کا مرنا -
سِقط - ع - بچہ ناتمام جو ماں کے پیٹ سے

گر پڑے - پچگاری جو چقماق سے نکلے
بالو کا تودہ - پھسلنا - اوندھے مُنھ گر پڑنا -
سُست ہوجانا گھوڑے کا دوڑنے
سے - کچا خربوزہ جو شاخ سے زمین پر گر پڑے -
سَقَط - ع - خطا اور سہو کرنا لکھنے اور حساب
مین کسی چیز کا گرا ہوا ٹکڑا - ناقص پونجی
بیہودہ - کم قدر - مجازاً بمعنی بُرا اور بد
کہنے کے مستعمل ہے -
سَقَط چین - ف - ہر چیز کے ریزون کو
جمع کرنے والا شخص -
سَقَط شدن - ف - حمل عورت کا گر پڑنا -
کم قدر ہوجانا -
سَقَط فروشان - ف - وہ لوگ جو گرے
ہوے میوون کو اکٹھا کر کے سستا
بیچین اور کنایہ اُن شاعرون سے جو
سہل سہل معانی اور الفاظ اور ذلیل
و خراب بندش کے اشعار نظم کرین -
ع - وہ ٹکڑا جو کسی چیز مین سے
کا ٹکڑا -
پھلنا - گر پڑنا -
مکان کی چھت -
ف - نام ایک ولایت کا
رستان سے قریب روم کے - آدمی یہان
کے سُرخ رنگ ہوتے ہین - اور جو کہ عوام
مین یہ لفظ سین کے ضمہ سے مشہور ہے غلط ہے -

سِقلات - ع - بالون کا کپڑا جس کو
سِقلاط - ع - بانات کہتے ہین -
سُقم - ع - بیماری - دُکھ - بُرائی -
سَقمونیا - ع - ایک قسم کا گوند ہے کسی
درخت کا مائل بہ سبزی و زردی تلخ مزہ
فارسی مین اسکو تمودہ کہتے ہین اور یہ دوا
صفرا کی مسہل ہے -
سَقَنقور - ع - ایک جانور ہے مثل سوسمار
یعنے گوہ کے بالو مین رہتا ہے اور اسکا
گوشت کھانا نہایت مقوی باہ ہے -
سُقوط - ع - گر پڑنا - خطا کرنا - ناتمام بچہ
کا عورت کے پیٹ سے مکمل پڑنا -
سَقوطرا - ع - نام ایک جزیرہ کا جہان ایلوا
بہت خوب ہوتا ہے -
سُقوف - ع - جمع سَقف بمعنی چھت کی -
سَقیط - ع - برف - اولہ - شبنم - اور
مرد ناقص عقل -
سَقیفہ - ع - ایک مکان تھا پوشیدہ جہان
عرب لوگ باطل مشورون کے لیے
جمع ہوا کرتے تھے - مجازاً مشورۂ باطل
اور سخن بیہودہ کو کہتے ہین -
سَقیفہ بستن - ف - کنایہ ہے جھوٹ بولنے
اور افترا کرنے سے -
سَقیم - ع - بیمار - مریض - اور مجازاً بمعنے
چیز ناقص اور عیب دار کے بھی آتا ہے -

فصل سین - مع کاف عربی و فارسی

سُک - ع - سوراخ بچھو اور مکڑی اور
سانپ وغیرہ کا - نام ایک قسم کی عمدہ
خوشبو کا - بندر رستہ -
سَکّ - ع - لوہے کا حلقہ - لوہے کی
میخ تنگ کڑیون کی زرہ - کنوان تنگ
دروازہ مین کیلین جڑنا -
سِکّ - ف - بمعنی سرکہ -
سُکاچہ - ف - شکل خوفناک جس سے
آدمی سوتے مین ڈرتا ہے عربی مین اس کو
کابوس کہتے ہین -
سُکاری - ع - نشہ مین مست لوگ -
سَکّاف - ع - کفشگر - موچی -
سَکّاک - ع - لوہار - وہ شخص جو ردّ پیسہ
اور اشرفی وغیرہ پر سکّہ لگا دے -
سِکّاک - ع - لوہے کی کیلین - لوہے
کی کڑیان - یہ جمع سکّ کی ہے -
سُکّاک - ع - ہوا درمیان زمین اور
آسمان کی - فاصلہ زمین اور آسمان کا -
سِکال - ف - اندیشہ - فکر - خیال -
سِکالش - ف - فکر - اندیشہ - مشورہ -
یہ لفظ کاف عربی اور فارسی دونون
طرح سے آتا ہے -
سِکالیدن - ف - اندیشہ کرنا - مشورہ
کرنا - قصد کرنا -

سُکّان ـ ع ـ جمع ساکن کی ـ رہنے والے لوگ ـ کشتی کا دُنبالہ ـ

سِکّان ـ ع ـ چھری بنانے والا ـ

سِکاہَن ـ ف ـ ایک رنگ سیاہ ہے جسکو سرکہ اور لوہے سے ترکیب دے کر بناتے ہین اِسلیے کہ سِک بمعنی سرکہ اور آہن بمعنی لوہا ہے اِس رنگ مین لوہے کی چیزڈالتے ہین تاکہ وہ سیاہ اور عمدہ ہوجائے ـ

سِکبا ـ ف ـ ایک قسم کی آش ہے جس کو گیہون اور سرکہ اور مصری اور گوشت اور کشمش سے تیار کرتے ہین ـ

سَکباج ـ مب ـ مُعرّب سِکبا کا ـ

سَکتہ ـ ع ـ ایک بیماری ہے جسمین آدمی کی حس وحرکت جاتی رہتی ہے اور مریض مثل مُردہ کے معلوم ہوتا ہے ـ قرآن پڑھنے مین مقامات مخصوص پر ٹھہر جانا ـ اور اصطلاح شعرا مین وزن کا پورا نہونا ـ

سَکتہ ـ ع ـ وہ چیز جس سے روتے ہوے لڑکے کو چُپ کردین ـ

سَنگ جان ـ ف ـ سخت جان ـ لالچی ـ

سَنگ جانی ـ ف ـ سخت جانی ـ لالچ ـ

سُکر ـ ع ـ نشہ بیہوشی مستی ـ

شَکّر ـ مب ـ معرب شکر کا ـ

سَکرَۃ ـ ع ـ بیہوشی ـ موت کی سختی غم ورنج کی سختی ـ

سُکرَہ ـ ع ـ مٹی کا چھوٹا پیالہ جسمین پانچ مثقال پانی آسکے ـ اور اُسکو ہی آیا ہے الف کی زیادتی سے مثقال کا وزن ۴ ماشہ ہوتا ہے ـ

سَکرات ـ ع ـ جمع سَکرہ کی بیہوشیان ـ شدتین ـ اور سختیان اور تکلیفین جو موت کے وقت ہوتی ہین ـ

سُکرانہ ـ ع ـ عورت نشہ مین مست ـ

سِگزَ ـ ف ـ نام پہاڑ کا زابلستان مین

سِگزی ـ ف ـ زابلستان کا رہنے والا اور زابل ایک شہر ہے ولایت سیستان مین اِسی سے سیستان کو سگزستان بھی کہتے ہین رستم یہین پیدا ہوا تھا ـ اور سگزی ایک زبان بھی ہے منجملہ سات زبانون فارسی کے

سَگسار ـ ف ـ مثل کُتّے کے یعنے پلید ـ

سُکسُک ـ ف ـ وہ گھوڑا جو تیز نہ چلتا ہو کم رفتار نام ایک درخت کا جسکی لکڑی کی آگ دیر تک رہتی ہے ـ

سَگ عرچہ ـ ف ـ جنگلی کُتّا ـ زبون کُتّا ـ

سَکَن ـ ع ـ محبت ـ الفت ـ اور جسے آرام حاصل ہو جیسے بیوی ـ بیٹا ـ دوست ـ نام ایک مرد کا ـ رحمت ـ برکت ـ

سَکَنات ـ ع ـ جمع سَکنہ بمعنی سَکن اور سکون اور رستی اور استقامت کی

سِکّہ ـ ع ـ کوچہ ـ محلہ ـ بازار ـ رسنہ ـ درخت خرما ـ راہ ہموار ـ اور وہ لوہا جس سے

سِکجَبِین ـ ف ـ کھانسنا ـ تراشنا ـ دانتون سے کاٹنا گلے مین آواز کرنا ـ

سَکَنج ـ ف ـ گندہ دہن جسکے مُنھ سے نہایت بدبو آوے ـ

سِکَندَر ـ ف ـ نام ایک بڑے بادشاہ روم کا بعضے اسکو ذوالقرنین بھی کہتے ہین مگر تحقیق یہ ہے کہ ذوالقرنین جسکے زمانہ مین خضر علیہ السلام تھے وہ دوسرا ہے ـ

سِکَندَری ـ ف ـ گھوڑے کا

سِکَندری خوردن ـ ف ـ ٹھوکر کھاکے سر کے بل گرنا ـ اسلیے کہ سکندر رومی زبان مین راس لینے سر کو کہتے ہین ـ

سَکَنہ ـ ع ـ جمع ہے ساکن کی ـ باشندے رہنے والے لوگ ـ

سُکنیٰ ـ ع ـ سکونت ـ رہنا ـ قیام کرنا کسی جگہ ـ گھر کا رہنے والا ـ

سِکُو ـ ع ـ غلّہ کے بھوسہ الگ کرنے کا آلہ جو پانچ شاخ کا دستہ دار ہوتا ہے ہندی مین اسکو بیجانگر کہتے ہین اور بمعنی غلّہ افشان جسکو چھاج کہتے ہین ـ

سُکُوت ـ ع ـ خاموشی ـ چپکا رہنا ـ

سُکُون ـ ع ـ ٹھہرنا ـ آرام کرنا ـ

سُکُونت ـ ع ـ رہنا ـ آرام ـ

چاندی اور سونے وغیرہ پر نقش یعنے سرکاری مہر کرین۔
سِکّہ زر کردن ۔ ف ۔ کسی شخص کے کہنے پر عمل کرنا۔
سِکّہ مَردی ۔ ف ۔ غیرت ۔ حمیت ۔ آبرو ۔ داڑھی ۔ عضو تناسل۔
سِکیزہ ۔ ف ۔ اُچھل ۔ کود ۔ لات ۔
سِکیزہ مِیدن ۔ ف ۔ کودنا ۔ جست لگانا ۔ لات مارنا ۔ لوٹ جانا۔
سِکیُن ۔ ع ۔ چاقو ۔ چھری ۔
سُکَینہ ۔ ع ۔ نام حضرت امام حسین علیہ السلام کی صاحبزادی کا نام ایک صحابی کا۔
سَکِینہ ۔ ع ۔ نام دختر موصوف کا اور بمعنے آرام ۔ آرائش ۔ یہ آہستگی اور وہ چیز جس سے آرام حاصل ہو۔ نام اُس شے کا جو تابوت بنی اسرائیل مین تھی جسکا سَر پیٹی کے سر کے برابر تھا اور دونون پانون زبرجد اور یاقوت کے۔
سَکِینَت ۔ ع ۔ آرام ۔ آرائش ۔

فصل سین مع لام

سل ۔ ع ۔ تلوار یا خنجر وغیرہ کا کھینچنا طبیبون کی اصطلاح مین کاٹنا رگ کا۔
سِل ۔ نام مرض جس مین پھیپھڑے مین نرخم پڑکے مُنہ سے خون آتا ہو اور تپ بھی ہوتی ہے
سِلاب ۔ ع ۔ مامی کپڑے۔
سِلاح ۔ ع ۔ ہتھیار لڑائی کا ۔ جو چیز کہ تیز اور کاٹنے والی ہو مثل چھری کے ۔
سُلاح ۔ ع ۔ آدمی یا جانور کا گوہ ۔
سَلاح ۔ ع ۔ نام موضع کا نزدیک خیبر کے
سِلاحدست ۔ ف ۔ سپاہی ہتھیار بند۔
سَلاحِف ۔ ع ۔ جمع سلحفات بمعنی باخہ یعنے کچھوے کی۔
سِلاحی ۔ ف ۔ سپاہی ہتھیار بند۔
سَلّاخ ۔ ع ۔ کھال کھینچنے والا۔
سَلّاخی ۔ ف ۔ کھال کھینچنا۔
سُلاس ۔ ع ۔ بیہوشی ۔
سَلاست ۔ ع ۔ نرم ۔ آسان ۔ ہموار ہونا روانی ۔ ہمواری ۔ اصطلاحاً زبانی کلمون کی آسانی سے کہ اُن مین ثقیل الفاظ نہ ہون۔
سَلاسِل ۔ ع ۔ جمع ہے سِلسِلہ کی ۔ لوہے کی زنجیرین ۔
سَلاطِین ۔ ع ۔ جمع سلطان بمعنی بادشاہ کی
سُلاف ۔ ع ۔ انگور کا شیرہ جو بل نچوڑنے کے خود بخود ٹپکے ۔ اور بمعنی شراب بھی ۔
سُلاق ۔ ع ۔ نام آنکھ کے مرض کا جسمین پپوٹہ سُرخ اور غلیظ ہوجاتا ہے اور پلکین جھڑ جاتی ہین ۔ مُنہ مین آبلون کا پڑنا جسکو مُنہ آنا کہتے ہین ۔ مسوڑھون مین ورم کا ہونا ۔ اور دانون کا پڑجانا ۔ زبان کی جڑ مین دانے نکلنا ۔
سَلاک ۔ ن ۔ چاندی یا سونے کی سلاخ ۔
سُلالہ ۔ ع ۔ وہ چیز جو دوسری چیز مین سے کھینچی جائے ۔ نطفہ ۔ چھوٹا بچہ ۔ مجازاً بمعنی خلاصہ کے مستعمل ہے ۔
سَلالِم ۔ ع ۔ نام ایک قلعہ کا خیبر کے قلعون سے
سَلام ۔ ع ۔ سلام کرنا ۔ دعا دینا ۔ گردن ڈال دینا اطاعت کے لیے پاکی بے عیبی خدا کا نام نام ایک درخت کا ۔
سَلام ترازو ۔ ف ۔ ترازو کے ایک پلہ کا جھک جانا مگر غلہ کی طرف کا ۔
سُلامیات ۔ ع ۔ انسان کے ہاتھ اور پانون کی انگلیون کی ہڈیان ۔
سَلامَت ۔ بے گزند ہونا ۔ بے عیب ہونا ۔ رہائی پانا ۔ فارسی مین یہ لفظ بمعنے سلامتی کے بہت آتا ہے اور نام ایک عورت خوبصورت اور معشوقہ کا عربیون سے
سَلَب ۔ ع ۔ لیجانا ۔ نیست کرنا ۔
سَلَب ۔ ع ۔ لیجانا سامی کپڑون کا پہننا مقتول کے ہتھیار یا ملبوس وغیرہ جو بعد قتل کے لے لین ۔ پوست حیوان کا ۔ اور مراد لوازم جنگ سے مثل زرہ اور جلیتہ اور تلوار اور تیر اور ترکش وغیرہ کے ۔
سُلت ۔ ع ۔ جو ایک غلہ مشہور ہے ۔
سَلت ۔ ع ۔ کسی کو مارنا ۔ ناک کاٹ لینا

سُلُوق - ت - نام ایک بڑے بادشاہ کا۔
سَلْجَم - مب - معرب شلغم کا جو ترکاری ہی۔
سِلْحشُور - ف - وہ شخص جو درزش اور استعمال ہتھیار وں کا بہت کرے۔
سُلُحْفَات - ع - باضہ ہندی کچھوا۔
سَلخ - پوست اُتارنا۔ کھال کھینچنی۔ وہ دن جس دن نیا چاند دیکھا جاوے۔
سَلَس - ع - نرمی - ہمواری۔
سَلِیس - ع - نرم - ہموار - تابعدار۔
سَلْسَل - ع - پانی میٹھا اور خوش مزہ
سَلْسَال - ع - پانی سرد اور صاف
سَلَسُ البَوْل - ع - ایک مرض ہی جس مین پیشاب رُک نہین سکتا اور بے ارادہ قطرہ قطرہ ٹپکا کرتا ہی۔
سَلْسَبِیل - ع - نام ایک چشمہ کا ہی بہشت مین - اور بمعنی چیز نرم - اور خوش مزہ اور بمعنی شراب۔
سِلسِلہ - ع - لوہے کی زنجیر یا چاندی اور سونے وغیرہ کی - نام ایک کتاب کا مجازاً بمعنی نسل اور اولاد اور قرابت اور ترتیب اسامی بزرگان کے۔
سُلطان - ع - بادشاہ - والی - حجت - قدرت - قہر - غلبہ۔
سَلطَنَت - ع - دراز دستی - قہر غلبہ - دراز زبانی - حکومت۔

سَلعَہ - ع - ہندی مسّا جو اکثر آدمی کے جسم پر نکل آتا ہی۔
سَلَف - ع - گذشتہ - گذرنا - اگلے جو گذر گئے - باپ - دادا۔
سِلف - ع - سالی کا شوہر یہ آپس مین ہر ایک دوسرے کا سِلف ہوا فارسی مین ہمزلف کہتے ہین۔
سَلَفہ - ع - اگلے جو گذر گئے۔
سُلفَہ - ع - ناشتا شکن - نہاری۔
سِلق - ع - چقندر مشہور ترکاری ہی - گرگ نر یعنی بھیڑیا۔
سَلَق - ع - زبان سے کسی کو آزردہ کرنا تیل سے مشک اور بھڑے کو چرب کرنا انڈے کو گرم پانی مین اُبالنا۔
سَلَق - ع - دشت ہموار۔
سَلْقَل - ت - بایان ہاتھ سَل بمعنی بایان اور قل بمعنی ہاتھ۔
سِلک - ع - لڑی - ڈورا جس مین موتی وغیرہ پروئین۔
سَلک - ع - ایک چیز کو دوسری چیز مین کرنا یعنی پرونا۔
سَلم - ف - نام فریدون کے بڑے بیٹے کا۔
سِلم - ف - سَلم - ف - سَلم - ف - لڑکون کے لکھنے کی تختی۔

سَلَم - ع - نام ایک درخت کا - نام ایک قسم کی بیع کا اور وہ یہ کہ کسی چیز کی قیمت کو پہلے ہی سے چند شرطون پر مالک کو دیدینا قبل تیار ہونے اُس چیز کے جیسا کہ اکثر زمیندار بیوپاری کو غلہ کی قیمت دیدیتے ہین۔
سِلم - ع - صلح آشتی - محبت۔
سُلَّم - ع - سیڑھی - لکڑی کا زینہ۔
سَلمیٰ - ع - نام ایک معشوقہ خوبصورت کا عرب مین - مجازاً ہر معشوقہ کو کہتے ہین - اور یہ نام کبھی الف کے ساتھ بھی لکھا جاتا ہے
سَلمان - ع - نام ایک شاعر مشہور کا جنکو سلمان ساوجی کہتے ہین - اور نام ایک صحابی کا جنکو سلمانؓ فارسی کہتے ہین۔
سُلنج - ت - ہونٹ کٹا ہوا شخص۔
سَلوَی - ع - فارسی پودنہ ہندی بٹیر۔
سَلوَت - ع - بے غمی - بیفکر ہوجانا آرام خوشی - تسلی۔
سُلُوک - ع - راہ چلنا - نیک روی کرنا - کامون مین نیک چال چلنا - اور صوفیونکی اصطلاح مین خدا کی نزدیکی ڈھونڈھنا۔
سَلّہ - ت - ٹوکری - پٹارہ تھیلی۔
سَلِیب - ع - ٹوٹا ہوا - اسباب چھینا گیا
سَلِیح - ع - امالہ سلاح بمعنی ہتھیار کا۔
سَلِیس - ع - رَوان - ہموار۔
سَلِیط - ع - مرد زبان دراز فصیح۔

تیز زبان۔ زیتون۔ اور تل کا تیل۔
سَلیطَہ ع۔ عورت زبان دراز۔
سَلیقہ ع۔ شعور۔ طبیعت۔ سرشت۔
سَلینک ع۔ نمسلک۔ پردئی ہوئی چیز۔
سَلیل ع۔ ننگی تلوار۔ فرزند۔ بچہ۔
سَلیم ع۔ درست۔ سلامتی کا مالک۔ مرد سادہ دل اور احمق۔ وہ شخص جسکو سانپ نے کاٹا ہو۔

فصل سین مع میم

سَمّ ع۔ زہر۔ سوئی کا ناکہ۔
سُم ف۔ ناخن گھوڑے وغیرہ کا۔
سَما ع۔ آسمان۔ مکان کی چھت۔ سائبان ابر۔ گھوڑے کی پیٹھ۔
سَمات ع۔ جمع سمت بمعنی راہ راست۔ اچھی روش۔ ارادہ۔ صورت۔ جانب۔ کی اور جمع سمت بمعنی داغ۔ نشان کی۔
سَماجَت ع۔ زشتی۔ عیب ناکی۔ مجازاً بمعنی مست۔ خوشامد۔
سَماحَت ع۔ جوانمردی۔ بہادری۔
سَماح ع۔ جوانمرد ہونا۔ بخشنا۔
سَماخ ع۔ کانکا سوراخ۔
سَماد مگو برمٹی ملا ہوا۔
سَمار ع۔ دودھ اور پانی ملا ہوا۔
سَمارُوغ ف۔ سفید پھول مثل چمبیلی کے خوبین نمناک پر اُگتا ہو ہندی بھین چھر۔ ککرمتہ۔

سِماط ع۔ رستہ۔ صف۔ قطار۔ دستارخوان جسپر کھاتا چنا ہوا ہو۔
سَماع ع۔ سننا۔ مجازاً بمعنی وجد۔ لہو۔ راگ۔ گانا۔ سننا راگ کا۔
سَماعَت ع۔ سننا۔
سَمّاع ع۔ بڑا سننے والا۔ جاسوس۔
سَماعی ع۔ سنا ہوا۔
سُماق ع۔ نام ایک دوا کا اور یہ ایک میوہ ہوتا ہی ترش مزہ۔
سُماق ع۔ ایک قسم کا پتھر ہی۔
سِماک ع۔ جمع سمک بمعنی مچھلی کی۔ وہ چیز جس سے دوسری چیز بلند کیجائے۔ نام دو ستارون کا آسمان پر جنمین ایک کو سماکِ اعزل اور دوسرے کو سماکِ رامح کہتے ہین۔
سُمّ الخیّار ع۔ کنیر کا درخت۔ خرزہرہ۔
سُمّ الفار ع۔ سنکھیا۔
سُمّ الخیاط ع۔ سوئی کا ناکہ۔
سَمان ف۔ ستائیسوین تاریخ ہر مہینے شمسی کی۔
سِمان ع۔ جمع سمین کی۔ موٹے لوگ۔
سَمّان ع۔ گھی بیچنے والا۔ بکیری۔
سُمانی ع۔ فارسی بودنہ ہندی بٹیر۔ اسکو سلوی بھی کہتے ہین۔
سَماوات ع۔ جمع سمار بمعنی آسمان کی۔

سَماوِی ع۔ منسوب طرف سمار کے۔ آسمانی۔ آسمان کا۔
سَمت ع۔ راہ راست روش نیک۔ قصد۔ ارادہ۔ صورت شکل طرف۔
سِمت ع۔ داغ۔ نشان۔ نقش۔
سَمتُ الرّاس ع۔ جانب سر۔ اکثر اس لفظ سے آسمان کا بیچوبیچ مراد ہوتا ہی۔
سَمج ع۔ بدناخوش۔ برا۔ بدمزہ۔
سُمچ ف۔ } وہ تہ خانہ جسمین بیلون اور
سُمچہ ف۔ } بکریون وغیرہ کو واسطے آرام کے گرمیون مین رکھتے ہین۔
سَمح ع۔ جوانمرد ہونا۔ جوانمرد۔
سَمخ ع۔ پہونچنا کسی چیز کا گوش یعنی کان کے سوراخ مین۔
سَمَر ع۔ کہانی اور مجازاً بمعنی سخن کے بھی آتا ہی۔ قصہ پڑھنا۔ رات کی بات۔
سُمرت ع۔ گیہوان رنگ ہونا۔
سَمَرقَند معرب۔ معرب سمرکند کا۔ نام شہر
سَمسام ع۔ تلوار خنجر چالاک۔ ہلکا۔
سِمسار ع۔ دلال۔ میانجی۔ اور عرف مین وہ شخص جو لوگونکی مختلف چیزین لے کر اورون کے ہاتھ بیچدے۔
سِمسِم ع۔ کنجد۔ تل مشہور غلہ ہی۔ نام ایک رنگ کا۔
سَمسَم ع۔ روباہ۔ لومڑی۔

سَمسِمہ ۔ ع ۔ ایک سُرخ چونٹی ۔ سَمَاسِم اسکی جمع ہی ۔

سَمَط ۔ ع ۔ موتیون کا ڈورا اور سِلک علم ہی ۔ مرد عقلمند اور رچالاک ۔ تیز کرنا چھریکا دودھ کا مزہ بگڑ جانا ۔

سُمَط ۔ ع ۔ ایک قسم کا کپڑا اسوف کا ۔

سَمَع ۔ ع ۔ سُننا ۔ قوت سُننے کی ۔

سِمَع ۔ ع ۔ بھیڑیے کا بچہ ۔

سُمعَت ۔ ع ۔ مکاری سے اپنے نیک کامون کا لوگون کو سُنوانا تاکہ وہ لوگ اُسکو نیک اور پرہیزگار جانین ۔

سَمک ۔ ع ۔ مکان کی چھت کا اونچا کرنا بلند کرنا چیزکا ۔ بلندی کسی چیز کی ۔

سَمَک ۔ ع ۔ مچھلی ۔ مگر فارسی مین اس مچھلی کے معنی مین مستعمل ہی جو زمین کے نیچے ہی اس مچھلی کی پیٹھ پر بیل ہی اور بیل کے سینگون پر زمین ۔

سَمَکیان ۔ ن ۔ کنایہ اہل زمین سے اِس اعتبار سے کہ زمین بیل کی شاخون پر ہی اور بیل مچھلی کی پیٹھ پر ۔

سَمن ۔ ع ۔ گھی ۔ روغن زرد

سِمن ۔ ع ۔ فربہی ۔ موٹاپا ۔

سَمَن ۔ ن ۔ چمبیلی کا پھول ۔ اور سکندرنامہ مین ایک مقام پر مراد تارون سے ۔

سِمنار ۔ ن ۔ نام ایک معمار کا جس نے نعمان بن مُنذر بادشاہ کے حکم سے واسطے بہرام گور کے قصر خورنق بنایا تھا لیکن بعد تیار ہونے محل مذکور کے نعمان نے تمنا معمار کو اُسی محل کی چھت پر سے نیچے گرا کر مار ڈالا تاکہ سِمنار دوسرے شخص کے واسطے ایسا محل نہ بنا سکے عربی مین یہ نام سِنمار آیا ہی یعنے نون پہلے اور میم پیچھے ۔

سِمنان ۔ ع ۔ نام ایک شہر کا ۔

سَمَند ۔ ف ۔ وہ گھوڑا جسکا رنگ زرد ہوا اور دُم سیاہ ۔

سَمَندَر ۔ ن ۔ مخفف سام اندر کا سام بمعنی آگ اور اندر کلمۂ ظرفیت ۔ ایک جانور ہوتا ہی مثل بڑے چوہے کے یہ آتشکدہ مین پیدا ہوتا ہی اور جب آگ سے باہر نکلتا ہی تو فوراً مرجاتا ہی اور بعضون نے لکھا ہی کہ سمندر ایک جانور ہی پردار جو آگ مین جلتا نہین ہی ۔

سَمَندَل ۔ ع ۔ ایک پردار جانور ہی جو آگ مین نہین جلتا ہی ۔

سُمنہ ۔ ف ۔ چربی بھی میوہ مشہور ہی ۔

سُمُو ۔ ع ۔ بلند ہونا ۔ بلندی ۔

سَمُو ۔ ع ۔ بلند ۔

سَمُور ۔ ع ۔ نام ایک جانور کا ہی اور بڑی کی قسم سے جس کا پوست سُرخ مائل ببیاہی اور تیرگی ہوتا ہی اسکی کھال کی پوستین بناتے ہین اور اِس جانور کے پوست کو بھی سَمور کہتے ہین ۔

سَمور سِیَہ ۔ ن ۔ کنایہ رات سے ۔

سُمُوط ۔ ع ۔ جمع سَمط کی موتیون کے ڈورے

سُمُوک ۔ ع ۔ بلند ہونا ۔ اور جمع سَمَک بمعنی مچھلی کی ۔

سُمُول ۔ ع ۔ پُرانا ہونا کپڑا یکا ۔

سَمُوم ۔ ع ۔ ہوا گرم ہلاک کرنے والی یعنی لون جو دن کو چلے اور رات کی گرم ہوا کو حرور کہتے ہین ۔

سُمُوم ۔ ع ۔ جمع سم بمعنی زہر کی ۔

سَمّی ۔ ع ۔ ہمنام ۔ مانند ۔

سَمِیج ۔ ع ۔ زشت ۔ بُرا ۔ وہ دودھ جسکا مزہ بگڑ گیا ہو ۔

سَمید ۔ ع ۔ }
سَمِید ۔ ع ۔ } روٹی سفید میدہ کی ۔

سَمِیرا ۔ ع ۔ یائے معروف سے نام ایک موضع کا مکہ معظمہ کی راہ مین ۔

سَمِیر ۔ ع ۔ قصہ کہنے والا ۔ قصہ کہنے والے یہ لفظ مفرد اور جمع دونون آیا ہی ۔

سَمِیع ۔ ع ۔ سننے والا ۔ سُننوانیوالا ۔ ایک نام ہی خدا کے نامون سے ۔

سَمِیط ۔ ع ۔ لڑی موتیون کی ۔

سَمِینل ۔ ع ۔ پتلی کپڑے ۔

سَیمِین ۔ع۔ فربہ۔ موٹا۔ چربی۔
سَیمِینَہ ۔ف۔ نام ایک کپڑے کا جو نہایت باریک اور نازک ہوتا ہی۔

فصل سین۔مع نون

سِن ۔ع۔ دانت۔ سال۔ مقدار عمر۔
سَنا ۔ع۔ روشنی۔
سَنَاء ۔ع۔ بلندی۔ نام ایک دوا کا جس کی عمدہ قسم سنا رکی ہی۔
سَنَابَرق ۔ع۔ روشن بجلی۔ اور بطریق استعارہ مراد آہ سے۔
سَنَابِل ۔ع۔ جمع سُنبلہ یعنی خوشہ کی۔
سِناد ۔ع۔ مخالف۔ نام ایک عیب کا عیوب قافیہ سے جیسے کاست۔ دکاشت۔
سَنام ۔کوہان شتر اونٹ کی پشت یعنی پیٹھ کا کوبڑ۔
سِنَان ۔ع۔ نیزے اور تیر کی نوک تیزی ہر چیز کی۔ تلوار تیز کرنے کا پتھر۔
سُنبُک ۔ف۔ چھوٹی کشتی۔
سُنبُل ۔ع۔ ایک گھاس ہی خوشبو جسکو کتب طب مین سُنبُل الطیب لکھتے ہین ہندی بالچھڑ۔ گیہون اور جو کی بالی۔ اور مُراد زلف معشوق سے۔
سُنبُلَہ ۔ع۔ گیہون اور جو وغیرہ کی ایک بالی اسلیے کہ اس مین تمامے وحدت ہی۔ نام چھٹے برج کا آسمان پر۔ اور کبھی پسینے کے قطرون سے مراد لیتے ہین۔
سَنبُوسَہ ۔ف۔ تکونے جو نام ہی ایک قسم کے لذیذ کھانیکا۔
سُنبُوق ۔سب۔ معرب ہی سُنبک کا چھوٹی کشتی۔
سُنبَہ ۔ف۔ سوراخ کرنے کا آہنی آلہ ہندی مین اِس کو برما کہتے ہین۔
سُنَّت ۔ع۔ راہ۔ روش۔ عادت۔ اور فقہ کی اصطلاح مین وہ امر جسکو حضرت رسالت آب صلعم نے ہمیشہ کیا ہو مگر وہ ایک مرتبہ قصداً ترک بھی کیا ہو۔
سَنج ۔ف۔ ہندی جھانج جس کو بجاتے ہین۔ اور بمعنی وزن اور وزن کرنا۔
سَنجاب ۔ف۔ نام ایک جانور کا ہی جو چوہے سے بڑا ہوتا ہی اس کی کھال کی پوستین بناتے ہین۔ اور اس جانور کی کھال کو بھی سنجاب کہتے ہین
سِنجار ۔ع۔ نام ایک شہر کا موصل سے تین منزل کے فاصلہ پر نام ایک موضع کا جہان سلطان سنجر پیدا ہوا تھا۔
سَنجَر ۔ع۔ نام ایک میوہ کا جو شبیہ عُناب سے ہوتا ہی۔
سَنجَر ۔ع۔ نام ایک بادشاہ عادل کا۔
سَنجَق ۔ع۔ فوج کا نشان اور جھنڈا اور بمعنی کمربند کے بھی آیا ہی۔
سَنجِیدَگی ۔ف۔ بھاری بھرکم ہونا۔
سَنجِیدَن ۔ف۔ وزن کرنا۔ تولنا۔
سَنجِیدَہ ۔ع۔ وزن دار۔ لائق۔ عمدہ۔
سَنَد ۔ع۔ وہ چیز جس سے پیٹھ لگا کر بیٹھین نسبت کرنا ایک چیز کا دوسری چیز سے منسوب ہونا کسی چیز کی طرف۔ پشت بہ پشت۔ بلندی کسی چیز کی۔ مجازاً بمعنی سارٹیفکٹ۔ سفارش نامہ۔
سِند ۔ف۔ حرامزدہ۔ بد۔ شریر۔ نام ایک ملک کا ہندوستان مین نام دریا ایک کا جو ہند مین ہی۔
سَنَد ۔ف۔ گوہ آدمی کا جو نہایت گندہ اور سخت اور موٹا ہو ہندی لینڈ۔
سِندَان ۔ف۔ اہرن۔ نہائی جسپر لوہا اور چاندی وغیرہ کوٹ کر بڑھاتے ہین۔
سُندُرُوس ۔ف۔ ایک گوند ہی زرد شفاف مثل کہربا کے۔
سُندُس ۔ع۔ ایک قسم ہی دیبا کی نہایت بیش قیمت اور باریک اور نازک اور لطیف بہشتیون کا لباس اکثر اسی کا ہوگا۔
سَندِہ ۔ف۔ انسان کا گوہ جو بہت سخت اور موٹا ہو ہندی لینڈ۔
سِنسِین ۔ف۔ حرام مغز۔
سَنَع ۔ع۔ خوبصورتی۔ جمال۔
سَنَف ۔ع۔ ناگوار ہونا۔

سنگ ۔ن۔ پتھر۔ مجازاً بمعنی مقدار گرانی۔ بھاری پن۔ وزن۔ مرتبہ قیمت۔ قدر۔ جگجگی جسکو نوہہ پڑھتے وقت اُصول سے بجاتے ہین۔ لغل جسکو کشتی گیر اُٹھاتے ہین۔

سنگ انداز ۔ن۔ وہ شخص جو قلعہ کی دیوار کے رندون سے دشمن پر پتھر مارے

سنگ بست ۔ن محکم۔ مضبوط۔ وہ عمارت جو تمام پتھر کی بنی ہو۔ کچا میوہ۔

سنگ برسر کاندن ۔ن۔ فساد اور آشوب عظیم سے مراد ہے۔

سنگ بوم ۔ن۔ پتھریلی زمین۔

سنگ پا ۔ن۔ ہندی جھاڑان۔

سنگ پشت ۔ن۔ کچھوا۔

سنگ ترازو ۔ن۔ ہندی باٹ۔

سنگ جانی ۔ن۔ بیرحمی۔ سخت جانی۔

سنگچہ ۔ن۔ اولا جو آسمان سے گرتا ہے۔

سنگ در دہان انداختن ۔ن۔ کنایہ چپ رہنے سے ہے۔

سنگ در موزہ افتادن ۔ن۔ کنایہ بے آرام اور بیقرار ہونے سے۔

سنگدان ۔ن جس مین پرند جانور غذا کو رکھتا ہے۔

سنگدل ۔ن۔ بیرحم۔ سخت دل۔

سنگدلی ۔ن۔ بیرحمی۔ سخت دلی۔

سنگر ۔ن۔ چھوٹی برچھی۔

سنگ رو ۔ن۔ بیحیا۔ بے شرم۔

سنگ روی ۔ن۔ کنایہ اُس شخص سے جو کسی کا نہایت محکوم اور تابعدار ہو۔

سنگریز ۔ن۔ وینا کا حادثہ۔

سنگزن ۔ن۔ مراد ترازو سے۔

سنگ زر ۔ن کسوٹی۔

سنگسار ۔ن۔ ایک قسم سزا کی کہ آدمی کو کمر تک زمین مین گاڑ کے اِس قدر پتھر مارتے ہین کہ وہ مرجاتا ہے۔

سنگستان ۔ن۔ پہاڑ جہان پر بڑے پتھر ہون۔

سنگلاخ ۔ن۔ / **سنگلاخہ** ۔ن۔ زمین سخت کہ جب اُس کو کھودین پتھر اُس مین سے بہت نکلین۔ وہ مقام جہانپر پتھر بہت ہون۔

سنگ نشو ۔ن۔ سفید پتھر جس کو کھرل کہتے ہین۔

سنگی ۔ن۔ پتھر کی چیز۔

سنگین ۔ن۔ وزنی۔ بھاری۔

سنگین دست ۔ن۔ وہ شخص جو دیر مین اور تامل سے کام کرے۔

سنگ یمن ۔ن۔ کنایہ عقیق سے۔

سنمار ۔ع۔ وہ شخص جو رات کو نہ سوئے چور۔ نام معمار کا جسنے قصر خورنق بنایا تھا فارسی مین بہ لفظ سمنار ہے نام معمار کا اور تحقیق اِسکی لغت سمنار مین گذری۔

سنن ۔ع۔ جمع سُنت کی طریقے۔

سنوات ۔ع۔ جمع سنہ بمعنی سال کی۔

سنوح ۔ع۔ ظاہر ہونا شکار کا بائین طرف سے۔ مجازاً پیدا ہونا حادثہ کا۔

سنور ۔ع۔ گربہ بلی۔

سنوع ۔ع۔ اچھا ہونا۔ خوب ہونا۔

سنون ۔ع۔ دو اجوانتون پر لمبین۔

سنہ ۔ع۔ سال۔ برس۔

سنہ ۔ع غنودگی۔ اونگھ۔

سنہ ۔ع۔ دندانہ کسی چیز کا۔

سنہ ۔ن۔ بیٹے کی جورو۔ بہو۔

سنی ۔ع۔ / **سنیہ** ۔ع۔ } بلند۔ روشن۔ چمکتا ہوا۔

سنیع ۔ع۔ خوب۔ نیک۔

سنین ۔ع۔ جمع سنہ بمعنی سال کی قحط۔ قحط کے سال۔

فصل سین مع واؤ

سو ۔ن۔ طرف۔ جہت۔

سو ۔ن۔ پانی۔ شراب۔

سوا ۔ع۔ برابری۔ برابر۔ درمیان۔ پہاڑ کی چوٹی۔ دن دوپہر کا وقت۔

سوابق ۔ع۔ جمع سابقہ کی اگلی ملاقاتین۔

سواحل ۔ع۔ کنارے دریا کے۔

سواد ۔ع۔ سیاہی رنگ کی اطراف شہر کے ملکہ۔ ذہن۔ مسودہ۔

سَوادِ اعظم - ع - بڑا شہر -
سَواد بر گرفتن - ف - پڑھنا -
سَوادِ حَبَش - ف - کنایہ کوئلوں کے ڈھیر سے
سَواد کردن - ف - لکھنا -
سِوار - ع - نام ایک زیور کا جو ہاتھ میں
پہنتے ہیں ہندی کنگن -
سَوار - ف - گھوڑے کا سوار مجازاً دوسری
سواریوں کا چڑھنے والا بھی -
سَوارانِ آب - ف - پانی کے بُلبلے -
سَوا طِع - ع - جمع ساطِعہ بمعنی بلند کی -
سُوَاع - ع - قوم نوح علیہ السلام کے بت کا
نام جو ایک عورت کی شکل پر تھا ٹکڑا رات کا -
سَوا قِی - جمع ساقیہ کی چھوٹی ندیاں -
سَوّاک - ع - نرم رفتار ضعیف چال -
سِواک - ع - مسواک
سَواکِن - ع - جمع ساکِنہ کی رہنے والے -
سَوال - ع - پوچھنا - دریافت کرنا -
سَوالِف - ع - جمع سالِفہ کی گذرے ہوئے
سَوانِح - ع - جمع سانِحہ کی پیش آنیوالی
چیزیں مگر استعمال اس کا واردات مُتوحّش
اور ناپسندیدہ میں ہوتا ہی -
سِوائے - ف - سِوا - اِس سے الگ -
سُوچی - ت - آبدار - ساقی - شراب کا
میفروش - اِسلیے کہ ترکی میں سُو بمعنی پانی
اور شراب کے ہی -

سُوختَن - ف - جلنا - اور ایران کے
شاعروں کی اصطلاح میں معشوق کے ظلم
اُٹھانا اور اُس کے عشق میں اپنے کو مٹا دینا
اور لفظ داسوختن کے معنی بیزار ہونا اور
نفرت کرنا معشوق سے -
سُوختگی - ف - جلن -
سُوختگیِ نَفس - ف - سانس کا پھول جانا
دم - روکنے سے یا دوڑنے سے -
سُوختہ - ف - جلا ہوا - وہ جلا ہوا لکڑا جسپر
پتھر اور چقماق سے آگ نکالیں - نام ایک
خزانہ کا خسرو پرویز کے خزانوں میں سے
اور ولایت روم میں مردطالبعلم کو بھی سوختہ
کہتے ہیں -
سُود - ف - فائدہ - نفع - رواج -
سُود - ع - جمع اسود بمعنی سیاہ کی -
سَوْدا - ع - سیاہ - نام ایک خلط کا چار
خلطوں میں سے یعنی خون - صفرا
سَوْدا - بلغم -
سَوْدا - ف - بمعنی دیوانگی اور یہ مجاز ہی -
اِس لیے کہ بسبب کثرت خلط سودا کے
جنون پیدا ہو جاتا ہی - اور کبھی کبھی عشق
کے بھی آتا ہی -
سَوْدا - ت - خرید و فروخت -
سَوْدائیان - ف - سوداگر لوگ -
سوداگری - ف - تجارت - بیوپار -

سَوْدائی - ف - پاگل سڑی -
سُودت - ع - سرداری - پیشوائی -
سُودَن - ف - گھسنا - رگڑنا -
سُور - ع - قلعہ کی دیوار - شہر کی فصیل -
شہر پناہ کی دیوار - کھانے یا پانی کا پس ماندہ
یعنی جھوٹا -
سُوَر - ع - قرآن شریف کی سورتیں -
سُور - ف - جشن عروسی - شادی -
رنگ سُرخ -
سُوراخ - ف - چھید -
سَورت - ع - تیزی - تندی ظلم غصّہ
ہر چیز کی تیزی - تپ کی سختی -
سُورَة - ع - بزرگی - شرف - مرتبہ -
قرآن مجید کا ٹکڑا جو مقرر ہی -
سُورَمی - ف - نام ایک پھول سرخ رنگ
کا - ہر پھول جو سُرخ رنگ ہو -
سُوز - ف - سوزش - جلن
سُوزان - ف - جلتا ہوا -
سُوزانیدن - ف - جلانا -
سُوزِش - ف - جلن -
سُوزَن - ف - سوئی -
سُوزَنی - ف - وہ کپڑا جس پر سوئی سے
کام کیا ہوا ہو -
سُوزِیدَن - ف - جلنا -
سُوس - ع - اصل - طبیعت - وہ

کپڑا جو ریشمی کپڑے اور پشمینہ وغیرہ کو خراب اور تباہ کر دیتا ہی فارسی مین اس کو دیوچہ اور ہندی مین دیمک کہتے ہین - نام ایک درخت کا جسکی جڑ کو مَثَلُ السُّوس یعنی لہٹی کہتے ہین

سُوسَن - ف - نام ایک قسم کے پھول کا ہی اس کے پتے کو زبان سے تشبیہ دیتے ہین -

سُوسمار - ف - گوہ مشہور جانور ہی -

سُوسہ - ف - گیہون کا کیڑا -

سَوط ع کوڑا - تازیانہ - چابک - اور کوڑے سے مارنا -

سَوغات - ت - تحفہ - ہدیہ

سُوف - ی - بمعنی حکمت -

سَوف - ع - سرانجام - زود - جلد - یہ حرف فعل مستقبل پر آتا ہی -

سُوفَار - ف - تیر کا دہن -

سُوفِسطَا - ع - نام اُس حکمت کا ہی جسکی بنیاد وہم پر ہی -

سُوفِسطَائی - ع - ایک قوم حکما کی ہی جنکی بنیاد وہم پر ہی اور یہ گروہ حقائق کو نہین مانتے ہین -

سَوق - ع - روان کرنا - چلانا - روانی -

سُوق - ع - بازار - اور جمع ساق بمعنی پنڈلی کے بھی ہی -

سُوقِی - ع - بازاری - اور بمعنی دکاندار کے بھی آیا ہی -

سوگ - ف - مصیبت - ماتم - غم - اور یہ لفظ ہندی اور فارسی مین ہم معنی ہی -

سوگند - ف - قسم -

سُوگوَار - ف - مصیبت زدہ - ماتمی -

سَئُول - ع - بہت بڑا سوال کرنیوالا -

سِوُم - ف - } تیسرا حصہ - ⅓ -
سِوُمین - ف - }

سَوم - ع - گران اور مہنگا بیچنا خریدار فروخت مین وقت کرنا - رنج اُٹھانا - چوپایہ کا گھاس چرنا -

سُونش - ف - چاندی اور سونے اور لوہے وغیرہ کا بُرادہ جو سوہن سے نکلے -

سُوہان - ف - اوزار لوہے کا جس سے لوہا وغیرہ رگڑتے ہین -

سُوہان گیر - ف - کنایہ نرم اور ملائم سے

سُوء - ع - بدی - بُرائی - مزاج کا تغیر - آفت - مرض -

سَوء - ع - بد - بدکرنا - غمگین کرنا - وضع ہو کہ جب یہ لفظ مضاف ہوتا ہی تو بضم اول پڑھتے ہین جیسے سُوءُ الحساب سُوءُ الدار اور جب مضاف الیہ ہوتا ہی تو بفتح اول جیسے ظُلمُ السَّوءِ - دَائِرَۃُ السَّوءِ

سُورَۃ - ع - عورت اور مرد کی شرمگاہ بُری خصلت - بُرا کام - رُسوائی - رُسوا ہونا

سُوءُ المِزَاج - ع - مرض - بیماری -

سُوءِ دِمَاغ - ع - مرض دماغ -

سُوءِ طَرِیق - ع - راہ کی بدی - بدراہی -

سَوِی - ع - برابری - غیر - درمیان چیز کا -

سُوئے - ف - طرف - جانب -

سُوئے - ت - پانی - شراب -

سُوئے کسے گرفتن - ف - کسی کی طرف جانا -

سَوِیَّت - ع - برابری - اعتدال -

سُوَیدَا - ع - نقطہ سیاہ جو دل پر ہوتا ہی اور یہ تصغیر سَوداکی ہی جو اَسوَد کا مؤنث ہی -

سَوِیق - سَتُّو -

فصل سین مع ہاے ہوز

سہ - ف - تین - (۳) سے -

سُہَا - ع - نام ایک باریک ستارہ کا ہی جو بنات النعش مین ہی -

سُہَاد - ع - بے خوابی - بیداری -

سِہ آسپہ - ف - کنایہ اُس شخص سے جو نہایت تیز چلتا ہو -

سِہَام - ع - جمع سَہم بمعنی تیر اور حصہ کی بہت سے تیر - بہت سے حصے -

سُہَام - ع - تاریکی اور تغیر چہرہ کا - لاغر یعنی دُبلا ہونا -

سَہَام - ع - گرمی کی شدت فصل گرما مین ہوا کی نہایت گرمی -

سَہَام - ع - بڑا تیرانداز -

سِہ بُعد - ف - لمبائی - چوڑائی - گہرائی -

سَہب - ع - جنگل - لکھوڑا قدم باز -
سُہب - ع - زمین ہموار -
سہ برگہ - ف - نام ایک پھول کا -
سَہَد - ع - جاگنا - بیدار ہونا -
سُہد - ع - وہ شخص جو کم سوتا ہو -
سُہر - ع - بیداری - جاگنا -
سُہر - ع - نام ایک مرض کا جس مین بہت بیخوابی رہتی ہی اور نیند نہین آتی -
سُہراب - ع - نام رستم کے بیٹے کا جو رستم کے ہاتھ سے دھوکے مین مارا گیا -
سہ رُوح - ف - رُوحِ حیوانی اور نباتی اور جمادی اور انکو مَوالیدِ ثلاثہ بھی کہتے ہین -
سہ شنبہ - ف - منگل کا دن -
سہ طَلَاق - ع - طلاقِ پدر - شکم مادر - زہدان - یعنی بچہ دان -
سَہف - ع - بیل کا تڑپنا اور اپنے خون مین لوٹنا - جان توڑنے کی سختی -
سَہف - ع - نہایت پیاسا ہونا -
سہ قبلہ - ف - قبلہ یہود اور نصارے اور مسلمانون کا - یا خانۂ کعبہ اور بَیتُ المُقدس - اور بَیتُ المعمور جو قبلہ فرشتون کا ہی -
سَہَک - ع - گہنا - پیسنا - ہوا کا خاک کو اڑا لیجانا -
سَہَک - ع - مچھلی کی بُو - گوشت کی بُو -
سَہو - ع - بھول چوک - فراموشی اور بھول جانا - غافل ہونا -
سَہواً - ع - بھول کر -
سُہولَت - ع - آسانی -
سُہوم - ع - تُرشروئی -
سَہوم - ع - عقاب پرندۂ مشہور ہی -
سِہی - ف - راست - سیدھا - خصوصاً وہ سرو جو بالکل سیدھا ہو -
سُہَیل - ع - نام ستارۂ مشہور کا ہی - نام قلعہ کا اُندرکُش مین - نام شخص کا -
سَہیم - ع - شریک - حصہ دار -

فصلِ سین مع یاے تحتانی

سی - ف - تیس (۳۰) -
سی اَم - ف - تیسوان حصہ (۱/۳۰) -
سَیِّئ - ع - بدی - بُرائی - گناہ -
سَیِّئُ الخُلق - ع - بدخلق - بدمزاج -
سَیِّات - ع - گناہ - بُرائیان -
سَیَّاح - ع - بہت سیر کرنیوالے -
سِیاحَت - ع - سیر کرنا - سفر کرنا -
سِیادَت - ع - بزرگی - سرداری -
سَیّار - ع - سیر کرنیوالا - تیز چلنے والا -
سَیّارہ - ع - کاروان - قافلہ - وہ ستارہ جو حرکت کیا کرتا ہو - اور ایسے ستارے سات ہین - چاند - عطارد - زہرہ - سورج - مریخ - مشتری - زحل -
سِیاسَت - ع - حکومت کرنا - رعیت پر تنبیہ کرنا اور روکنا لوگون کا گناہ اور جرم کرنے سے بوسیلہ خوف سزا اور مار کے -
سِیاط - ع - جمع سَوط المعنی تازیانہ کی -
سِیاج - ع - کنگل جس سے دیوار لیپتے ہین -
سَیّاف - تلوار مارنے والا - قاتل - جلاد خونریز -
سِیاق - ع - روان کرنا - چلانا علم حساب جان توڑنا -
سِیاقَت - ع - روان کرنا - چلانا
سَیّال - ع - بہتی ہوئی چیز - جاری پتلی -
سِیامَک - ف - نام کیومرث بادشاہ کے بیٹے کا
سِیام - ف - نام پہاڑ کا نزدیک سمرقند کے -
سِیاوُش - ف - نام ہی کیکاؤس بادشاہ کے بیٹے کا
شِیاوَخش - ف -

سیاہ ف - کالا - سیاہ رنگ حبشی غلام اور کنایہ کوئلہ بیچنے والے سے بھی -

سیاہ بان - ف - کنایہ چوروں سے -

سیاہ پستان ف - وہ عورت جسکا فرزند زندہ نہ رہتا ہو -

سیاہ پیر - ف - بوڑھا غلام حبشی -

سیاہ چال - ف - اندھا کنواں جسمین گنہگار دن کو قید کرتے تھے - چال اصل مین چاہ تھا ہاے ہوز لام سے بدلی گئی ہی

سیاہ چشم - ف - شکاری پرند مثل چرغ اور شاہین وغیرہ کے - اور یہ لفظ کبھی معشوق کی صفت مین بھی واقع ہوتا ہی -

سیاہ دست ف - بخیل - کنجوس -

سیاہ سال - ف - قحط کا برس -

سیاہ قلم - ف - بغیر رنگ کی تصویر - اور کبھی سانولے رنگ کے معشوق کو بھی کہتے ہین -

سیاہ کار - ف - بدکار - گنہگار -

سیاہ گوش ف - ایک درندہ ہے کتے سے چھوٹا بلی سے بڑا گلابی رنگ مائل بسیاہی دونون کان سیاہ نوکدار نہایت تیز اور جلد چلنے والا -

سیاہ گوھید - ف - کنایہ پورب و پچھم اور رات دون اور رنگ و روم اور خیر و شر اور کفر و اسلام سے -

سیاہہ - ف - متصدیان دفتر کی اصطلاح مین وہ روزنامچہ جسمین آمدنی نقد یا جنس کی ہر روز بطریق اجمال بلا تفصیل ایک جگہ لکھ لیا کرین -

سیاہی نمودن ف - ظاہر ہونا -

سیب - ع - بخشش - عطا -

سیب - ف - ایک میوہ مشہور ہی -

سیب بگور ف - ایک قسم سیب کی جسکے چھلکے مثل عود بینے اگر کے جلائے جاتے ہین اور وہ خوشبو دیتے ہین -

سیب سیمین - ف - ایک قسم سیب کی -

سیبہ - ت - مورچہ جسکی آڑ مین فوج کے سپاہی لڑتے ہین -

سیحون - ع - نام نہر کا ماوراالنہر مین اور سی نام کا ایک دریا ہند مین بھی ہے جسکو بعضے دریاے اٹک اور بعضے گنگا کہتے ہین -

سیخ - ف - لوہے کی سلاخ جسپر پرند وغیرہ کے کباب لگاتے ہین -

سیخ پر - ف - پرند جانور کا وہ بچہ جسکی ابھی کلیان چھوٹی ہون -

سیخ جاروب ف - جھاڑو کی سینک -

سیخ شدن - ف - سیدھا ہونا -

سید - ع - پیشوا - سردار - بزرگ -

سید - ع - گرگ - بھیڑیا -

سیر - ع - عادتین - خصلتین - جمع سیرت کی علم تواریخ جسمین گذرے ہوے لوگون کا حال درج ہوتا ہے -

سیر - ع - چمڑیکا تسمہ - رفتار - چلنا

سیر - ف - یاے مجہول سے پُر - چھکا ہوا - آسودہ بزار - رنجیدہ -

سیر - ف - یاے معروف سے - لہسن -

سیر آہنگ - ف - بلند آواز -

سیر آمدن - ف - رنجیدہ ہونا - تنگ ہونا -

سیراب - ف - جو پانی سے سیر اور آسودہ ہو - جو پیاسا نہو -

سیران - ع - مصدر ہے بمعنی سیر کرنا - چلنا

سیر السوانی - ع - اُن اونٹونی پال جنپر پانی پکھالین لدی ہون اور یہ رفتار نہایت سست ہوتی ہے -

سیرت - ع - خصلت - خو - عادت -

سیر چشم - ف - آسودہ بے طمع -

سیر حاصل - ف - وہ زمین جس مین کھیتی اور پیداوار عمدہ ہو -

سیر در نوروز نیکرزن - ف - کسی کی خوشی اور شادی مین غم ڈالدینا -

سیر گم - ف - وہ منزل جسمین راہ نہو -

سیری - ف - سیر ہونا - شکم پُر ہونا -

سیستان - ف - نام ایک شہر کا جسمین رستم پہلوان رہتا تھا -

سیف - ع - شمشیر - تلوار - تلوار مارنا گھوڑے کی دم کے بال -

سیف - ء - دریا اور جنگل کا کنارہ -
سیفور ف - نام ایک قسم کے کپڑے عمدہ ریشمی سیاہ رنگ کا -
سیکی ن - شراب مثلث یعنے شیرہ انگور کا جسکو آگ پر پکاتے اور صاف کرتے جائین یہانتک کہ دو حصے جل جائین اور ایک حصہ باقی رہجائے مجازاً مطلق شراب کو بھی کہتے ہین - اور یہ اصل مین سیہ کی تھا -
سینگ ت - یاے مجہول سے ترکی مین مردون کے آلت تناسل کو کہتے ہین -
سیل ء - پانی جاری جو بہت ہو - جاری ہونا پانی یا خونکا -
سیلاب ف - پانی کی رو بہتیا -
سیلان ء - جاری ہونا پانی یا خونکا -
سیلان ن - نام جزیرہ لنکا کا -
سیل عرم ء - وہ پانی کی رو جو دیوار دنکو توڑ ڈالے اور یہ نہایت سخت اور تیز ہوتی ہے -
سیلی ن - طانچہ - تھپڑ - مکا -
سیم ف - چاندی اور سکندر نامہ مین ایک مقام پر مراد نوشابہ ہے -
سیم بر سنگ دل ف - کنایہ جماع کرنیسے
سیم سوختہ ف - چاندی نرم اور خالص اور بعضے لاجورد کو کہتے ہین -
سیم قراری ف - خراکی کے روپے
سیم کش ف - فضول خرچ -

سیم کاری ف - مراد دلفریبی سے -
سیما ء - نشان اور علامت جس سے نیکی اور بدی پہچانی جائے مجازاً بمعنی پیشانی کے مستعمل ہے اسلیے کہ علامت خیر و شر کی اکثر پیشانی سے معلوم ہوجاتی ہے - سجدہ کا گھٹہ جو ماتھے ہین پڑجاتا ہے مگر فارسی مین بمعنی مطلق پیشانی کے مستعمل ہے -
سیمآ ء - خاصۃً - خاص خاص کر -
سیماب ن - پارہ -
سیمابی شدن ہوا ف - روشن ہونا ہوا کا اور ہوا یہان بمعنی جوف آسمان کے ہے -
سیماب گوش ف - یعنے بہرا -
سیماب شدن ن - بھاگ جانا - کا پتنا - ناپدید ہونا - غائب ہوجانا -
سیمرغ ن - نام ایک پرند کا جسکو بعضے عنقا بھی کہتے ہین -
سیمیا ء - علم طلسم جس سے لیجانا اپنی روح کا دوسرے بدن مین ہوسکے اور اشیاے موہوم جن کا حقیقت مین وجود نہو فقط لوگون کو دکھلا سکین -
سیمین سیب ف - کنایہ معشوق کی
سیمین گوی ف - تھوڑی سے
سین ن - کنایہ دانتونسے -
سینہ ن - چھاتی -
سینا ء - نام بوعلی حکیم کے دادا کا

نام پہاڑ کا شام مین جسکو طور سینا - اور طور سینین بھی کہتے ہین -
سیور غال ت - واو معدولہ سے بمعنی انعام - مدد - معاش -
سیوف ء - جمع سیف بمعنی تلوار کی
سیول ء - جمع سیل بمعنی بہتیا کی -
سیہ بہار ف - بہار سبز - بڑی ہریادل -
سیہ بادام ف - معشوق کی آنکھ -
سیہ بادام افشاندن ف - ولایت مین رسم ہے کہ مردے کے تابوت پر بادامونکو سیاہ رنگ کرکے نچھاور کرتے ہین -
سیہ تاب ف - لوہے کو صیقل یعنے بالکل صاف کرکے لیمو کا عرق لگاکر آگ پر سینکتے ہین اس سے لوہے کا رنگ سیاہ چمکدار ہوجاتا ہے
سیہ چردہ ف - سیاہ رنگ اسلیے کہ چردہ بمعنی رنگ ہے اور کبھی اس لفظ سے سانولے رنگ کا شخص مراد ہوتا ہے -
سیہ خانہ ف - بدبخت خانہ ویران یعنے جسکا گھر نہو - قید خانہ عرب کے جنگلی لوگون کے رہنے کا خیمہ -
سیہ زبان ف - وہ شخص جسکی بد دعا جلد اثر کرجائے -
سیہ سوختہ ف - بالکل جلا ہوا -
سیہ کام ف - بدبخت - نامراد -
سیہ کردن چشم ف - روشن کرنا آنکھ کا -

سیہ کاسہ۔ ف۔ بخیل۔ کنجوس۔
سیہ کرداں۔ ف۔ ویران کرنا۔
سیہ گلیم۔ ف۔ بدبخت۔ بے دولت۔
سیہ مست ف۔ بدمست نشہ مین بالکل چکنا چور۔ نہایت مست۔
سیہ نامہ۔ ف۔ بدکار۔ گہنگار۔
سیئہ۔ ء۔ بدی۔ گناہ صغیرہ۔

باب شین معجمہ

فصل شین مع الف

شاب۔ ء۔ جوان۔ گبرو۔ مگر یہ لفظ استعمال فارسی مین بغیر تشدید کے آتا ہی۔
شاباش۔ ف مخفف شاد باش کا ہے کلمہ تحسین و آفرین کا۔
شاپور۔ ف۔ نام بادشاہ کا۔ نام پہلوان کا نام مصور کا جو خسرو اور شیرین کے درمیان مین پیغامبر اور سیاحی تھا۔
شاۃ۔ ء بکری۔
شاتو۔ ت۔ زنوبان۔ سیڑھی۔
شاخ۔ ف۔ ٹہنی۔ ڈالی۔ سینگ حیوان کا ٹکڑا کپڑے کا۔ پیالہ شراب کا۔ صراحی۔
شاخ آہو۔ ف۔ کنایہ کمانسے۔
شاخ بدیو۔ ف۔ گردن کش۔ مغرور۔
شاخچہ۔ ف۔ چھوٹی ٹہنی۔
شاخچہ بندی ف۔ تہت لگانا۔ بہتان کسی پر اٹھانا۔ پیوند کرنا درخت کا۔
شاخدار۔ ف۔ خودبین۔ مغرور۔ دیوث۔
شاخ سست۔ ف۔ مراد دنیا سے۔
شاخسار۔ ف۔ بہت سی ڈالیان۔ اور جہان پر بہت سے درخت ہون۔
شاخشانہ ف۔ کسی بات مین پر لگا دینی۔
شاخ شاخ ف۔ ٹکڑے ٹکڑے۔
شاخص۔ ء۔ حیران۔ بھوچکا۔
شاخ گل۔ ف۔ کنایہ معشوق سے۔
شاخول ف۔ ارہر جو غلہ مشہور ہے
شاخ نبات ف۔ مصری کے کوزے کی نیلیان۔ اور نام حافظ شیراز کی معشوقہ کا
شاد۔ ف۔ خوش۔ خرم۔
شاداب ف۔ سیراب۔ تر و تازہ۔ پرآب۔
شادان۔ ف۔ خوش حال۔
شادبہر ف۔ خوش وقت۔ خوش نصیب
شادباش ف۔ خوش رہو۔ یہ کلمہ دعا کا ہے
شادخوار۔ آسودہ خوش حال۔
شادخواری ف۔ خوش حالی۔ آسودگی۔ بغیر خوف کسی کے شراب پینا۔
شادروان ف۔ فرش۔ پردہ۔ شامیانہ سائبان بچھونا۔
شادکام۔ ف۔ خوش۔ اور نام فریدون بادشاہ کے بھائی کا۔
شادگونہ۔ ف۔ توشک بچھونا جسپر سوتے ہین۔ عورت گانیوالی۔ ڈومنی۔
شادمان۔ ف۔ خوشی و خرم آدمی۔
شادن۔ ء۔ ہرن کا بچہ۔ ہرنونا۔
شادی۔ ف۔ خوشی۔
شاذ۔ ء۔ جدا ینہا۔ اکیلا۔ کم۔ نادر۔ اور صرفیونکی اصطلاح مین وہ لفظ جو خلاف قیاس اور خلاف قاعدہ ہو۔
شار۔ ف۔ شہر بلند عمارت۔ گرانا پانی کا ملونی جو چاندی اور سونے مین ہو۔ کپڑا باریک اور رنگین جسکو ہندی مین ساڑی کہتے ہین نام پرند کا جسکو مینا کہتے ہین۔ راہ کشادہ۔
شارب۔ ء۔ پینے والا۔ اور بمعنی سوچھ۔
شارح۔ ء۔ شرح کرنیوالا۔ کھول کر بیان کرنے والا۔
شارد۔ ء۔ جانے والا۔ چلنے والا۔ مجازاً بمعنی پریشان کے مستعمل ہے۔
شارستان ف۔ شہرستان۔ شہر۔ اور بڑا قصبہ جسکے اطراف مین باغ بہت ہون۔
شارع۔ ء۔ راہ راست۔ راہ کشادہ۔ بڑا راستہ شروع کرنیوالا۔ صاحب شرع جو لوگون کو دین کی تعلیم کرے۔
شارغ ت۔ دستار پگڑی۔
شارف۔ ء۔ بوڑھی اونٹنی
شارق۔ ء۔ روشن۔ چمکنے والا۔ اور بمعنی آفتاب کے بھی۔

شَارِقَہ ۔ء۔ روشن چیز یا آفتاب کی روشنی۔
شَارِک ۔ف۔ مینا مشہور پرندہے۔
شَارَمَارَف۔ ایک قسم کا بڑا سانپ۔
شَارُوف ۔ء۔ جاروب۔ جھاڑو۔
شَارَہ ۔ف۔ منقش پگڑی جسکو ہندیہین چیرہ کہتے ہین۔ ایک قسم کا باریک اور رنگین کپڑا جسکو ساڑی کہتے ہین۔
شَارِیدَن ۔ف۔ پانی گرانا۔ شراب لنڈھانا۔ ابر کا ٹپکنا۔
شَازِب ۔ء۔ سخت۔ خشک۔ لاغر۔
شَاش ۔ف۔ بول۔ پیشاب۔
شَاشْدَان ف۔ موتنے کا برتن۔
شَاشِیدَن ۔ف۔ پیشاب کرنا۔
شَاطِر ۔ء۔ دلاور۔ چالاک۔ پیک۔ ہرکارہ شطرنج باز۔ بیباک۔ شوخ۔ اور وہ شخص جو اپنے اہل وعیال کے ساتھ بدخوئی اور برائی سے پیش آوے۔ گرہ کٹ یعنے گرہ کاٹنے والا۔ چور۔ چالاک سپاہی جو اپنی خاص وردی پہن کے بادشاہ کی سواری کے آگے دوڑے۔
شَاطِن ۔ء۔ خبیث۔ بدکار۔
شَاطِی ۔ء۔ دریا اور ندیکا کنارہ
شَاعِ ۔ء۔ آشکار۔ ظاہر۔
شَاعِر ۔ء۔ جاننے والا۔ شعور رکھنے والا۔ شعر بنانے والا۔

شَاغِل ۔ء۔ مشغول ہونیوالا کسی کام مین مصروف ہونیوالا۔ منع کرنے والا۔
شَافِع ۔ء۔ شفاعت کرنیوالا۔ کسی کو بچوا دینے والا۔ سفارش کرنے والا۔
شَافِعِی ۔ء۔ ایک امام اہل سنت کا نام جو اپنے دادا شافع کیطرف منسوب تھے۔
شَافِی ۔ء۔ شفا دینے والا۔ آرام دینے والا
شَاق ۔ء۔ مشکل مشکل کام۔
شَاقُول ۔ء۔ معماروںکا سہاول جسمین ڈورا باندھ کے دیوار کی کجی اور نکونی لکڑی مین لٹکا کے زمین کی ناہمواری معلوم کرتے ہین۔
شَاقَہ ۔ء۔ دشوار۔ سخت۔ مشکل۔
شَاک ۔ء۔ سپاہی ہتھیار بند۔ گمان لیجانے والا۔ شک کرنیوالا۔
شَاکِر ۔ء۔ شکر کرنے والا۔
شَاکِی ۔ء۔ گلہ کرنے والا۔
شَاگِرد ف۔ خادم۔ نوکر۔ خدمتگار۔ اور مجازاً بمعنی تلمیذ یعنے استاد کا شاگرد۔
شَاگِرد ِفَاسْتَقِم ف۔ مراد حضرت رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام سے۔
شَالَنگ ف۔ کوئی چیز یا کوئی شخص جو کسی امر کے بدلہ مین کسی سے لیکر اپنے قبضہ مین رکھین ہندی مین اسکو دل کہتے ہین
شَالَنگ ف۔ مکر۔ حیلہ۔ ظلم وستم گر دیدنے رہن۔

شَام ۔ء۔ نام ایک ملک مشہور کا۔
شَام ف۔ شام کا کھانا۔
شَامَاخ ف۔ سانوان غلہ مشہور ہے۔
شَامَت ۔ء۔ بدفالی۔ بدشگونی۔ شومی۔
شَامِت ۔ء۔ کسی کی خرابی پر خوش ہونیوالا۔
شَامِخ ۔ء۔ صاحب عزور۔ بلند۔ اونچا۔
شَامِخَات ۔ء۔ بلندیان۔ بلند چیزین خصوصاً بلندیان پہاڑ کی۔
شَامَہ ۔ء۔ قوت بوسونگھنے کی۔
شَامِی ۔ف۔ ملک شام کا رہنے والا۔
شَامِی ۔ء۔ شام کا وقت۔
شَان ۔ء۔ شوکت۔ عظمت۔ کام حال حق۔
شَان ۔ف۔ بھڑونجا چھتہ جس مین شہد بھی ہو۔ اور مخفف ایشان کا۔
شَانَہ ۔ء۔ کنگھی۔ نام ایک ہتھیار کا۔
شَانَہ آوِیزِی ف۔ ایک قسم گنہگار کی سزا کی کہ شانہ مین رسی باندھ کے لٹکا دیتے ہین
شَانَہ بَہَا ف۔ مراد تھوڑی قیمت سے ہے یعنے اسقدر مال ہے جو ایک کنگھی کی قیمت کیواسطے کفایت کرے۔
شَانَہ بِین ف۔ فال کھولنے والا۔
شَانَہ در آب گذاشتن ف۔ مراد ہے بناؤ سنگار کرنے پر مستعد ہونے سے۔
شَانَہ سر ف۔ ہدہد مشہور پرندہے

شانہ کاری - ن - فریب - خوشامد ظاہری
شانہ کردن - ف - آرائش کرنا -
شانہ گردانی - ن - کسی کی طرف سے منھ کو پھیر لینا - پیٹھ پھیر لینا - انکار کرنا -
شانی - ع - دشمن - بیری -
شاہ اسپرغم - ف - ریحان جسکو نازبو کہتے ہین - اور یہ لفظ کئی طرح سے آیا ہے مثل شاہ سپرغم اور شاہ شبرم اور شاہ اسفرم اور شاہ اسقرم وغیرہ کے -
شاہ بیت - ن - وہ بیت جو غزل یا قصیدہ بھر مین عمدہ ہو -
شاہ چین - ف - کنایہ آفتاب سے -
شاہد - ع - حاضر - گواہ - ایک نام رسولخدا صلعم کے نامون مین سے - روز جمعہ روز عرفہ - روز قیامت - مگر فارسی لوگ بمعنی خوب اور خوشنما - اور صاحب حسن اور خوبصورت اور معشوق کے استعمال کرتے ہین
شاہد باز - ف - فاسق - بدکار -
شاہد غیب - ف - مراد حق تعالے سے -
شاہد لامع - ف - مراد حضرت رسول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے -
شاہراہ - ف - راہ کشادہ -
شاہ عرب - ف - کنایہ حضرت رسول صلعم سے
شاہق - بلند - بلند عمارت - ایک قسم نبض کی جسکی حرکت بلندی مائل ہوتی ہے
شاہ لشکر - ف - لشکر کا سردار -
شاہ مغرب - ف - چاندرات کا چاند -
شاہ نحل - ف - شہد کی مکھیون کا سردار -
شاہین - ف - پرند شکاری جو مشہور ہے ترازو کی وہ رسی جو ڈنڈی کے بیچ مین ہوتی ہے - اور بعضون نے کہا ہے ترازو کی ڈنڈی -
شاہین دروی - ف - ہاتھ کی چالاکی سے کم تولنا اسطرح کہ خریدار کو معلوم نہو -
شایان - ف - لائق سزاوار -
شایبہ - ع - آلودگی - آمیزش - بری چیز کا اچھی چیز مین ملجانا - شوائب جمع ہے -
شایستن - ف - لائق ہونا -
شایستگی - ف - لیاقت -
شایستہ - ف - لائق - بہتر -
شایع - ع - عام - ظاہر - مشہور -
شایق - ع - مشتاق - شوقین -
شایک - ع - درخت خاردار -
شایگان - ف - فراخ - کشادہ - لائق - خوب - اصل اسکی شاہگان تھی یعنے لائق بادشاہ کے نام ایک خزانہ کا خسرو پرویز کے خزانونسے - کام بغیر مزدوری کا یعنی بیگار - نام قافیہ کے ایک عیب کا جیسے گریان - اور خندان کا قافیہ مان اور زفان کیساتھ اور سیمین کا جبین اور یاران کا کمان اور حادثات کا صفات کیساتھ کرنا وغیرہ وغیرہ
شایستن - ف - لائق ہونا -

فصل شین مع باے موحدہ

شب - ف - رات -
شبت - ع - جوانی - جوان ہونا - آگ روشن کرنا - جنگ - لڑائی - ہر چیز کی بلندی
شبث - ع - پھٹکری -
شباب - ع - جوانی - جوان لوگ جمع شاب بمعنی مرد جوان کی - ہر چیز کا شروع
شباب - ع - جمع شاب بمعنی جوان کی
شباب - ع - عیش ونشاط -
شباب - ف - نام پردہ کا موسیقی مین -
شبا روز - ف - رات اور دن - اسمین الف بمعنی واو عطف کے ہے یعنی شب و روز -
شباط - ع - نام ایک رومی مہینے کا جو ہندی مین مطابق ماہ پھاگن کے ہوتا ہے تھوڑے تفاوت سے -
شب افروز - ف - بمعنی زربفت جسکی زمین نقرئی یعنے روپہلی ہو -
شباک - ع - جمع شبکہ بمعنی جال کی -
شباک - ع - سوراخ کرنے والا -
شبان - ع - جمع شاب بمعنی جوانکی -
شبان - ف - چرواہا - گڈریا -
شبان روز - ف - مخفف شبانہ روز کا -
شبان وادی ایمن - ف - کنایہ حضرت موسی علیہ السلام سے -

شَبانگاہ۔ف۔ شام کا وقت۔
شَب آہَنگ۔ف۔ رات کو قصد کرنے والا
بلبل جو پرند مشہور ہی۔ نام ایک ستارۂ
روشن کا جو اکثر شام سے نمایان ہوتا ہی۔
شَبِ بَرات ف۔ پندھوین شبانہ شعبان
کی کہ اس رات مین فرشتے بحکم خدا بندونکا
حساب عمر اور تقسیم رزق کرتے ہین۔
شَب پُوش ف۔ رات کے کپڑے۔ ٹوپی۔
شَب پَرہ ۔ف۔ چمگاڈر مشہور پرندہی۔
شَبَت ۔ء۔ سوئے کا ساگ۔
شَبَث ۔ء۔ عنکبوت۔ مکڑی۔
شَبچراغ ف۔ ایک گوہر ہے جو رات کو
مانند چراغ کے روشن ہوجاتا ہی۔
شَب چَک ف بمعنی شب برات اسلیئے
کہ چک بمعنی برات اور برات بمعنی سند ہی۔
شَبَح ۔ء۔ شخص یعنی مجسم۔ بدن۔ کالبد۔
شَبَح ۔ء۔ دودھ دوہنے کی آواز۔
شَبخُون ف۔ رات کو پوشیدہ دھاوا کرکے
دشمن کی فوج کو قتل کرنا سکندر نامہ مین ہی
لفظ اکثر بمعنی مطلق جنگ وقتال کے آیا ہی۔
شَب خیز ف۔ رات کو اُٹھنے والا۔ رات
کو عبادت کرنے والا۔ شب بیدار۔
شَب دَیجُور ف۔ بہت اندھیری رات۔
شَبدیز۔ ف۔ خسرو پرویز کے گھوڑے کا
نام جو سیاہ رنگ یعنی مشکی تھا اسلیے کہ شب بمعنی
رات اور دیز بمعنی رنگ ہی۔ مگر بمعنی مطلق
مشکی گھوڑے کے بھی مستعمل ہے۔
شِبر ۔ء۔ بالشت جسکو فارسی بَدست
کہتے ہین اور عربی مین وَجب۔
شبر شَبّیر مُشَبّر ۔ء۔ یہ تینون نام حضرت
ہارون علیہ السلام کے بیٹونکے تھے حضرت
رسول خدا صلعم نے یہی نام اپنے نواسون
حسنؑ اور حسینؑ اور محسنؑ کے رکھے تھے۔
شَبرَنگ ف۔ سیاوش کے گھوڑیکا نام۔
شَبرُو ف۔ دُزد۔ چور۔
شَب زِندَہ دار ف۔ وہ شخص جو تمام رات
عبادت کرنے مین جاگتا ہے۔
شَبستان ف۔ رات کے رہنے کا مکان۔
شَبَع ۔ء۔ سیری۔ سیر ہونا۔ پیٹ بھرا ہونا
کھانیسے۔
شَبعَہ ۔ء۔ اُسقدر کھانا جو سیر کردے۔
شَبعان ۔ء۔ وہ شخص جو سیر ہو یعنی جسکا
پیٹ کھانے سے بھرا ہو۔
شَبَق ۔ جمع کرنیکے لیے بیقرار ہونا۔
شب قَدر۔ف۔ اسمین بہت اختلاف ہی
کہ شب قدر کونسی رات ہے مگر بموجب اکثر قول
کے شیعونکے نزدیک تیئیسوین ۲۳ اور سنیون
کے نزدیک ستائیسوین شب ماہ رمضان
کی ہو اس رات کی عبادت ہزار مہینون کی
عبادت کے برابر ہے۔
شِبک ۔ء۔ چرخہ کا تکلہ۔
شَبَک ۔ء۔ صیاد کا جال۔ دام صیاد
شَبَکہ ۔ء۔ لوہے وغیرہ کی جالی۔
شَبَکات ۔ء۔ عمارت کی جالیان۔ صیاد
کے جال۔ جمع شبکہ کی۔
شَبگَرد ف۔ رات کا پھرنے والا۔ مراد
چوکیدار اور کوتوال سے۔
شَبگیر ف۔ پچھلی رات۔ قریب صبح کا وقت
آدھی رات کے بعد اور صبح کے پہلے سفر کرنا
نام ایک پرند کا جو پچھلی رات کو نرم آواز
سے بولتا ہے۔ وہ شخص جو پچھلی رات کو
عبادت کرنے کے لیے اُٹھے۔
شِبل ۔ء۔ شیر کا بچہ جو شکار کرسکے
شِبال اور اَشبال اسکی جمع ہے۔
شِبلی ۔ء۔ نام ایک ولی کامل کا۔
شَبَم ۔ء۔ سرما۔ جاڑا۔ سرد ہونا۔
شَبَم ۔ء۔ سرد چیز۔
شب مُردَہ گان ف۔ رات بھر سونیوالے
شَبنَم ف۔ اوس جو رات کو پڑتی ہے۔
نام ایک کپڑے نہایت مہین اور سفید اور عمدہ کا۔
شَبُو ف۔ ایک قسم کا پھول ہی جس کی
خوشبو رات کو پھیلتی ہے۔
شَبُول ۔ء۔ ناز و نعمت مین پرورش پانا
اور جوان ہونا۔ شیر کے بچے جمع شبل کی۔
شَبَہ ف۔ ہندی۔ بوٹھ۔

شبہ ع۔ ہاے ملفوظ سے بمعنی برنج جسکو ہندی مین پیتل کہتے ہین۔

شبہ ع دونون ہاے ملفوظ سے

شبہہ ع تا بمعنی مثل۔ مانند۔ نظیر۔

شُبہہ ع۔ شک۔

شَبیار ف۔ ایک کڑوی دوا ے مُسہل ہی۔ ہندی مین ایلوا کہتے ہین۔

شَبیجون ف۔ بمعنی شبخون۔

شبیخ ع۔ بڑا عقلمند۔

شَبینہ ف۔ وہ چیز جسپر رات گذر جائے اور اُسکا رنگ یا مزہ بدل گیا ہو ہندی مین اُسکو باسی کہتے ہین۔ رات کا۔

شَبیہ ع۔ بروزن فصیح مانند۔ مثل۔ مشابہ۔ اصطلاح مین وہ تصویر جو مطابق شکل اور صورت کسی شخص کی کھینچی ہو۔

فصل شین مع بای فارسی

شپُش ف۔ جُون جو آدمی کے کپڑون اور سر مین پڑجاتی ہی۔

شپلق ت۔ ہندی طپانچہ۔ تھپڑ۔

شپلیدن ف۔ نچوڑنا۔ سیٹی بجانا۔

فصل شین مع تاے فوقانی

شتی ع۔ متفرق۔ الگ الگ۔ یہ جمع شَتیت کی ہی جو بمعنی پراگندہ ہی اور استعمال مین یہ لفظ بمعنی کثرت اور بنایت کسی چیز آتا ہی

شتا ع۔ موسم سرما۔ جاڑا۔

شِتاب ف۔ جلد۔ تیز۔

شتابان ف۔ دوڑتا ہوا۔ جلدی کرتا ہوا

شتابانیدن ف جلدی کرانا۔

شتابیدن ف۔ جلدی کرنا۔

شتافتن ف۔ دوڑنا۔

شتالنگ ف۔ وہ ہڈی جو پیر اور پنڈلی کے جوڑ پر ہے۔ ٹخنہ۔

شتان بینہما ع۔ بڑا فرق ہی دونون مین یہ ترجمہ ہے ان لفظونکا۔

شُتر ف۔ اونٹ۔

شُتر ف۔ کنارہ۔ گوشہ۔ نام ایک قلعہ کا ایران مین۔

شَتر ع۔ کاٹنا۔ قطع کرنا۔

شتر ع۔ کٹ جانا۔ نام ایک بحر عروض کا بحر ہزج مین جس سے مَفاعِیلُن کو مَفاعِلُن بنا لیتے ہین۔

شُتربان ف۔ اونٹ کا نگہبان۔

شُترپا ف۔ سورج مکھی ایک پھول ہی۔

شُترچرہ ف۔ کلام بے نسبت اور بے مُکا وہ دو چیزین جو آپسمین نامناسب اور ایک دوسرے کے خلاف ہون۔

شُترِدل ف۔ ڈرپوک۔ نامرد۔

شُترِدلی ف۔ نامردی۔ بددلی۔

شُترغلط ف۔ نام پیچ کا کشتی مین۔

شُترکینہ ف۔ منافق۔

شُترگربہ ف۔ وہ دو چیزین جو آپس مین مخالف ہون۔ ہر چیز نامناسب۔

شُتر مُرغ ف۔ مشہور جانور ہی اس کے بعض اعضا اونٹ سے مشابہ ہوتے ہین اور عربی مین اسکو بقامہ کہتے ہین۔

شَتَغ ع۔ مرض یا بھوکھ سے چلانا اور رونا

شَتَل ف۔ جواری جو جیت کر اُسمین سے کچھ حاضرین طبلہ کو دیدیتا ہے۔

شَتَلم ت۔ ظلم کرنا۔ زبردستی۔ ظلم۔

شَتم ع۔ گالی۔ گالی دینا۔

شَتیت ع۔ پراگندہ۔ بکھرا ہوا۔

شَتیم ع۔ زشت رو۔ ترشرو۔

فصل شین مع جیم

شَجّ ع۔ سر کا پھوٹ جانا اور ہڈی کا ٹوٹ جانا۔ شراب کا پانی مین ملجانا۔

شَجاغ ع۔ بہادر۔ جوانمرد۔ دلیر۔

شَجاع ع۔ ایک قسم کا بڑا سانپ۔ اور بہادر اور دلیر لوگ۔

شَجاعَت ع۔ بہادری۔ جوانمردی۔ اور بضم شین غلط ہے۔

شَجّہ ع۔ زخم۔ سر کا ٹوٹ جانا۔

شَجَر ع۔ وہ درخت جسکی جڑ نہو۔ اور جسکی جڑ نہو مثل بیل کے وہ نجم ہے۔

شَجَرہ ع۔ درخت اور مجازاً بمعنی نسب نامے کے بھی مستعمل ہے

شَجَرۂ کلیم - ف - وہ درخت جسپر موسیٰ علیہ السلام نے وادی ایمن مین کوہ طور کے قریب حق تعالےٰ سبحانہ کی تجلی نور شاہد کی تھی اور اس درخت کو نخل طور بھی کہتے ہین -
شَجَعہ - ء - بہادر لوگ -
شُجعان - ء - جمع شجاع کی بہت سے بہادر لوگ - بہت سے سانپ -
شَجَن - ء - اندوہ - حاجت - غم اور بمعنی سرماے سخت لینے پڑا جاڑا -
شُجُو - ء - غم - اندوہ - حاجت -
شُجُوب - ء - ہلاک ہونا - ہلاک کرنا اور بمعنی عمارت کے ستون -
شَجِیع - ء - مرد سرشکستہ - مرد سرشکستہ -

فصل شین مع حاے مہملہ

شَحّام - ء - چربی بیچنے والا -
شَحَامَت - ء - موٹا ہونا -
شَحم - ء - چربی - موٹاپا -
شَحمِ حنظل - ء - اندرائن کے پھل کا گودا اور یہ کڑوی دوا ہے مسہل بلغم -
شَحن - ء - چلانا - دور کرنا - کھودنا -
شَحنہ - ء - کوتوال - بفتح اول غلط ہے -
شَحنگی - ف - کوتوالگری -
شَحُون - ء - قوی - بزرگ -
شَحیح - ء - بخیل - حریص - لالچی -
شَحِیم - ء - موٹا - فربہ -

فصل شین مع خاے معجمہ

شَخ - ف - پہاڑ - پہاڑ کے دامن کی زمین - سخت زمین - جو چیز کہ محکم اور سخت ہو تخفف شاخ کا خواہ درخت کی ڈالی ہو خواہ حیوان کا سینگ -
شَخار - ف - ایک قسم نمک کی جسکو ہندی مین سجی کہتے ہین -
شَخَالِیدَن - ن - چھونا - چھیلنا -
شَخص - ف - جسم بدن خواہ انسان کا ہو خواہ حیوان کا -
شَخصِی - ء - منسوب شخص سے - شخص کا -
شَخ گمان - ف - وہ تیر انداز جسکی کمان بہت سخت ہو - پس وہ تیر انداز بڑا طاقتور ہوا جو سخت کمان کو کھینچے گا -
شَخُل - ف - فریاد - نعرہ -
شَخُنَاء - ء - دشمنی - عداوت -
شَخُوب - ء - لاغر ہونا - دبلا ہونا - بھوکا اور دبلاپے سے بے حیثیت ہو جانا -
شَخُول - ف - فریاد - نعرہ -
شَخُودَن - ن - ناخن سے داڑھی نوچنا -
شَخُولِیدَن - ف - کھلانا - فریاد کرنا -
شَخِیص - ء - فربہ - موٹا -
شخیل - ف - فریاد - نعرہ - ناخن سے کسی چیز کو چھیلنا -
شَخِیدَن - ف - پھسلنا -

فصل شین مع دال مہملہ

شُدّہ - ف - ہوا - گیا - گذرا -
شدہ - ء - مضبوط کرنا - قوت دینا - بلند ہونا آفتاب کا - اور فارسیونکی اصطلاح مین بلند کرنا آواز اور الفاظ کا -
شَدّاد - ء - نام ایک بادشاہ کافر کا کہ بعد مرنے اپنے بھائی شدید کے بادشاہ ہوکر دعوی خدائیکا کرنے لگا باغ ارم اسی نے بنوایا تھا - اور ضحاک تازی اسیکا بھانجا تھا -
شِدَاد - ء - زنجیرین مضبوط جمع شدید کی -
شَدَائِد - ء - تکلیفین - سختیان -
شدِ پہلوان - ف - آواز بلند جو کشتی گیر شروع کرنے کشتی مین نکالتے ہین -
شِدَّت - ء - سختی - تکلیف -
شَدَّہ - ء - یکبار حملہ کرنا -
شَدِح - ء - موٹا ہونا -
شَدخ - ء - کسی چیز کا ٹوٹ جانا - ورا زہونا چوڑا ہونا - پیشانی کی سفیدی -
شَدَخ - ء - بچہ ناتمام جو پیٹ سے نکل پڑے
شَدِ مُخالِف - ف - آواز بلند جو حریف کے ریلتے وقت زور سے نکالین -
شُدَن - ف - ہونا - جانا -
شدہ و مد - ء - فارسی مین بمعنی تکلف اور شان و شوکت کے مستعمل ہے
شدہ - ف - علم - نشان - جھنڈا

ندیار ۔ ن کھیتی کے واسطے زمین گوڈی
ن اور درست کی گئی ۔
ندید ۔ ع ۔ سخت محکم ۔ استوار ۔ دلیر
فیل ۔ شیر درندہ ۔ نام شنڈا دپادشاہ کے
جائی کا کہ یہ بھی بادشاہ تھا ۔

فصل شین معرائے مہملہ

شر ۔ ع بدی ۔ برائی ۔ ابلیس ۔ بت ۔
شرار ۔ ع ۔ مول لینا ۔ بیچنا ۔
شراب ۔ ع ۔ ہر چیز رقیق جو شل پانی
کے پی جاوے مگر اکثر اطلاق اسکا بمعنی شراب
مشہور کے ہے جسمین نشہ ہوتا ہے ۔ اور طبیبون
کی اصطلاح مین بمعنی شربت دوا ہو جیسے
شراب بنفشہ بمعنی شربت بنفشہ ۔
شراب پشت دار ۔ ن ۔ وہ شراب
جسکو مقوی باہ دوائین ڈالکر کھینچا ہو ۔
شراب زدگی ۔ ن ۔ نشہ شراب کی زیادتی
سے بہت بیہوش ہو جانا ۔
شراب طہور ۔ ع ۔ پاک شراب جو بہشت
مین مومنونکو ملیگی انشاء اللہ ۔
شراب شیراز ۔ ن ۔ ایک قسم شراب
انگوری کی جو سرخ رنگ اور ایران کی
کل شرابونسے بہتر اور عمدہ ہوتی ہے ۔
شراب گذشتہ ۔ ن ۔ بمزہ خراب جسمین
نشہ نہ رہا ہو ۔
شرار ۔ ع ۔ چنگاریان آگ کی جو اچھلتی ہین
اگر استعمال فارسی مین ایک چنگاری ۔
شرارہ ۔ ع ۔ ایک چنگاری جو اچھلے ۔
شراسیف ۔ ع ۔ جمع شرسوف کی آدمی
کے پیٹ کی پسلیان ۔
شراع ۔ ع ۔ کمان کا چلہ کشتی کا بادبان
اونٹ کی گردن ۔ باجو نکے تار ۔
شرافت ۔ ع ۔ بزرگی
شراک ۔ ع ۔ جوتی کا تسمہ جو چوڑان مین
لگا ہوتا ہے ۔ جیسے کھڑاؤن کا پٹہ ۔
شرائط ۔ ع ۔ شرطین ۔ جمع شرط کی
شرائع ۔ ع ۔ شریعت بمعنی دین کی ۔
شرائف ۔ ع ۔ بزرگیان ۔
شراکک ۔ ع ۔ وہ عورتین جو آپس مین
شریک ہون جمع شریکہ کی ۔
شرائین ۔ ع ۔ اچھلنے والی رگین ۔
شرب ۔ ع ۔ پانی کا ایک حصہ جو ملے ۔
شرب ۔ ع ۔ پینے والے جمع شارب کی
شرب ۔ ع ۔ پینا ۔
شرب ۔ ع ۔ درختون کے تھالے ۔
شرب الیہود ۔ ع ۔ کنایہ ہے چھپاکر شراب
پینے سے اس لئے کہ سابق مین مسلمانونکے
خون سے یہودی چھپاکر شراب پیتے تھے ۔
شربت ۔ ع ۔ ایکبار پینا ۔ اور طبیبونکی
اصطلاح مین ایک خوراک دوا کی جو پانی
تر ہو جاوے غلک ۔
شربت دینار ۔ ع ۔ ایک مرکب واؤنکا
شربت ہی جو مسہل اور دافع قبض ہے
چونکہ یونانی زبان مین تخم کشوث کو دینار
کہتے ہین اور یہ اس شربت کا جزو اعظم ہے
اس لیے اسکا شربت دینار نام رکھا ۔
شربتی ۔ ن ۔ نام ایک ریشمی کپڑے کا
جو نہایت باریک اور نازک اور عمدہ
ہوتا ہے نام ایک میوہ کا ۔ نام ایک میوہ کا
جو زردآلو کی قسم سے ہے ۔ ایک طرح کا سنگ
شرج ۔ ع ۔ جاری ہونا پانی کا سنگستان
سے نرم زمین پر نام ایک میدان کا بمعنی
جھوٹ بولنا ۔ اینٹونکا تلے اوپر چننا
تھیلی کا مضبوط باندھنا ۔
شرج ۔ ع ۔ ایک خصیہ کا دوسرے سے
بہت بڑا ہو جانا ۔ کہکشان ۔
شرح ۔ ع ۔ کھولنا ۔ ظاہر کرنا ۔ کھولکر
بیان کرنا مطلب کا تفسیر کسی کتاب کی ۔
شرحہ ۔ ع ۔ گوشت کا ٹکڑا لمبائی مین کٹا ہوا
شرحہ شرحہ ۔ ع ۔ ٹکڑے ٹکڑے ۔
شرح کشاف خواندن ۔ ن ۔ کنایہ ہے
زیادہ گوئی اور بیہودہ گفتگو سے ۔
شرد ۔ ع ۔ بھاگنے والے جمع شارد کی ۔
شرذمہ ۔ ع ۔ تھوڑے آدمیون کی جماعت
میوہ وغیرہ کا ایک ٹکڑا ۔
شرر ۔ ع ۔ ایک چنگاری آگ کی ۔

شَرَرہ ع۔ ایک چنگاری آگ کی جو اُچھلے اور جمع شریر بمعنی بد اور بُرے کی۔

شَرزَرہ ن۔ خوفناک۔ غصہ مین بھرا ہوا مہیب۔ اور یہ لفظ اکثر شیر اور پلنگ کی صفت مین واقع ہوتا ہے۔

شُرسُوف ع پیٹ کی ایک پسلی۔

شُرط ن۔ / **شَرط** ن۔ } ہوا جو موافق کشتی کے ہو۔

شَرط ع۔ بدنا۔ لازم کرنا۔ اور لازم ہونا کسی چیز کا خرید و فروخت وغیرہ مین جیسکی بات کا ہونا منحصر ہو۔ عہد۔ پیمان۔

شُرط ع۔ / **شُرُط** ع۔ } نشتر مارنا حجام کا۔

شَرَط ع۔ نشان۔ چھوٹا چوپایہ۔ مرد بزرگ۔ مال۔ زبون۔

شَرَط ع۔ کوتوال کے پیادے۔

شَرطہ ع۔ ہوا موافق کشتی بنشانی علامت

شَرطی ع۔ کوتوال کا پیادہ۔ سرہنگ

شَرطیّہ ع۔ وہ جملہ ہے جسمین شرط ہو۔

شَرع ع۔ راہ راست جو حق تعالیٰ نے واسطے بندونکے پیدا کی اور اُسپر چلنے کا حکم کیا۔

شِرع ع۔ کمان کا چلّہ جوتی کا تسمہ جو چوڑان مین لگا ہوتا ہے۔

شِرعہ ع۔ راہ۔ راہ ظاہر اور سیدھی

مُرغ کا پھندا۔ مذہب۔ دین۔ کمان کا چلّہ۔

شَرف ع۔ بزرگی۔ جاے بلند۔ بلندی بزرگی حسب کی جو باپ کی طرف سے ہو۔ اونٹ کا کوہڑ۔ تازیانہ۔ کوڑا۔ واضح ہو کہ شرف آفتاب کا برج حمل مین ہوتا ہے اور چاند کا برج ثور مین اور عطارد کا سُنبلہ مین اور زہرہ کا حوت مین اور مریخ کا جدی مین اور شرف شیطان مین اور زحل کا میزان مین۔

شُرف ع۔ بزرگی مین کسی پر غالب ہونا۔

شُرف ع۔ جمع شرفہ کی۔ مکانکے کنگرے عمدہ اور پسندیدہ مال۔

شُرفہ ع۔ عمارت کا کنگرہ۔ عمدہ مال۔

شَرفہ ن۔ ہر آواز خصوصاً آواز پانو نکی

شُرفا ع۔ جمع شریف بمعنی بزرگ کی۔

شَرق ع۔ آفتاب۔ روشن۔ روشن ہونا آفتاب کے نکلنے کی جگہ۔ وہ روشنی جو کسی سوراخ مین سے آئے۔

شَرق ع۔ رنجیدہ اور غمناک ہونا کچھ چیز کا گلے مین پھنس جانا۔ آفتاب کا نزدیک بہ غروب ہونا۔ سُرخ ہونا آنکھ کا خونسے۔

شَرقہ ع۔ دھوپ مین بیٹھنے کی جگہ پورب طرف جدھر سے آفتاب نکلتا ہے۔

شُرقہ ع۔ غم۔ رنج۔ غمگین۔ اور رنجیدہ کرنا کسی کو۔

شرقیہ ع۔ وہ مقام جسکا رُخ پورب کی طرف ہو مشرق رو۔

شِرک ع۔ خداے لاشریک کساتھ کسیکو شریک کرنا اور یہ کفر ہے نعوذ باللہ۔

شَرک ع۔ صیّاد کا جال۔ راہ کشادہ اور ظاہر جو کسی پر پوشیدہ نہو۔ نام ایک موضع کا حجاز مین۔

شُرکا ع۔ جمع شریک کی۔

شِرکت ع۔ شریک ہونا۔

شَرکہ ع۔ دام صیاد کا۔

شَرمَہ ن۔ شرمندہ۔ خجل

شَرمسار ن۔ بہت شرمندہ۔

شَرنگ ن۔ جنگلی خربزہ جو دیکھنے مین خوشرنگ اور خوبصورت ہوتا ہے اور مزہ مین نہایت کڑوا ہندی اندرائن۔

شُرُور ع۔ بھاگنے والا۔

شُرور ع۔ جمع شر کی بدیان شرارتین۔

شُرّوف ن۔ انگیٹھی۔

شُروق ع۔ آفتاب کا نکلنا بکری وغیرہ کا کان چیرنا۔ مجازاً روشنی

شَرہ ع۔ غالب ہونا حرص کا۔ لالچ

شَرہ ع۔ حریص۔ لالچی۔

شِرّہ ع۔ حرص۔ لالچ۔ عیش۔ نشاط۔ تیزی۔ جوانی۔ بدہونا۔

شری ع۔ صحرا جنگل جسمین درخت بہت ہون سُرخ سُرخ چھٹے جو جسم پر پڑجاتے ہین اور کہین کہین کھلی بھی ہوتی ہے۔ ہندی مین

اسکوپی کہتے ہین۔

شُرْیان ۔ع۔ ہر رگ اُچھلنے والی اور اسمین روح بہ نسبت خون کے زیادہ ہوتی ہے اور یہ رگین دلسے اُگی ہین۔

شُرَیْح ۔ع۔ گوشت کا ٹکڑا کٹا ہوا۔

شُرَیح ۔ع۔ نام ایک قاضی مشہور کا۔

شَرِیر ۔ع۔ بد۔ بُرا۔ دریا کا کنارہ۔

شَرِیر ۔ع۔ بہت بڑا بد اور بُرا۔

شَرِیط ۔ع۔ منحصر کرنا اور متعلق کرنا ایک کام کا دوسرے کام پر۔ عہد۔ پیمان۔

شَرِیعَت ۔ع۔ نہر بڑی اور جاری پانی کا کنارہ جہانسے لوگ پانی پیین ہندی نگھٹ راہ راست خدا کی پیدا کی ہوئی بندون کے لیے بابت معاملات اور عبادات کے۔

شریف ۔ع۔ مرد بزرگ اور بڑے مرتبہ کا ہر شی بزرگ قدر۔ آدمی اصل اور نجیب حاکم مکہ معظمہ کا۔

فصل شین مع سین مہملہ

شُست ۔ن۔ حجام کا نشتر۔ باجہ کا تار۔ زلف کا حلقہ۔ زنار جنیو۔ مخفف ہر۔

نشست کا سوفار تیر کی گرفت۔ مچھلی شکار کرنیکا کانٹا۔ ستارہ وغیرہ بجانے کی مضراب۔ کمند کا حلقہ۔ ہاتھ کا انگوٹھا عدد ساٹھ کا مگر اب بمعنی عدد ساٹھ کے صادسے شصت لکھتے ہین تا معانی مذکورہ سے التباس نہو

شُستَری ۔ع۔ شہر شُستر کا رہنے والا ایک قسم کی دیبائے نفیس شہر مذکورہ کی۔

شُستَک ۔ن۔ آلت چڑیکا جس سے مرد یا عورت اپنی خواہش کو دفع کرلین اور بمعنی کیر اور قضیب کے بھی آیا ہے۔

شُست گیر ۔ن۔ بمعنی تیر انداز۔

شُست میر ۔ن۔ تیر انداز بڑا کامل۔

شُستَن ۔ن۔ دھونا۔

فصل شین مع شین معجمہ

شُش ۔ن۔ ہندی پھیپھڑا۔

شش اَرکان ۔ن۔ ستہ ضروریہ یعنی وہ چھ چیزین جن کا انسان زندگی بھر محتاج ہے (۱) ہوا (۲) کھانا اور پینا (۳) حرکت وسکون بدنیہ (۴) حرکت وسکون نفسانیہ (۵) سونا اور جاگنا (۶) استفراغ اور احتباس۔

شُشپَر ۔ن۔ لوہے کے گولکی ایک قسم جسکا سرا چھ پہلو کا ہوتا ہے۔

شش پُستان ۔ن۔ وہ عورت جسکی چھاتیان نرم اور لٹکی ہوئی ہون۔

شش جِہت ۔ن۔ اطراف عالم یعنی پورب پچھم۔ اتر۔ دکھن۔ نیچے۔ اوپر۔

شش خاتُون ۔ن۔ چھ ستارے سیر کرنے والے سوائے آفتاب کے یعنی زحل۔ چاند۔ مریخ۔ عطارد۔ مشتری۔ زہرہ

شش دَر ۔ن۔ کنایہ عاجز اور حیران سے اور کبھی یہ لفظ بمعنی شش جہت بھی آتا ہے جس کا بیان ابھی گذرا۔

شش دانگ ۔ن۔ بمعنی شش جہت بھی آتا ہے اور بمعنی شے تمام و کمال اور پورے کے بھی اسلیے کہ چھ دانگ کا پورا دینار ہوتا ہے۔

شش دَرہ ۔ن۔ بمعنی شش جہت۔ ہلاکی اور تباہی کا مقام۔ عاجزی۔ حیرانی۔

شش رُوز ۔ن۔ پیدائش کے چھ روز جنمین حق تعالیٰ نے کل مخلوقات کو پیدا فرمایا۔

شش رُوزہ ۔ن۔ کنایہ عالم سے اسلیے کہ عرش سے فرش تک چھ روز مین پیدا ہوا ہے۔

شش سَری ۔ن۔ سونا خالص اور عمدہ کہتے ہین کہ خراسان مین خالص سونے کا ایک بت تھا جسکے چھ سر تھے مسلمانون نے اس کو توڑا۔ اب خالص سونے کو لفظ شش سری سے تعبیر کرنے لگے۔

شُشم زَمین ۔ن۔ کنایہ ولایت روم سے۔

فصل شین مع طاے مہملہ

شط ۔ع۔ ندی۔ نہر۔ دریا کا کنارہ۔

شطّاح ۔ع۔ بیغیرت۔ بیحیا۔ اور صوفیون کی اصطلاح مین وہ شخص جو مخالف ظاہر شرع کے بات کہے۔

شطّاحی ۔ع۔ شوخی۔ بیحیائی۔

شطح ۔ع۔ بیحیائی کرنا۔ اور صوفیون کی اصطلاح مین باتین خلاف شرع کرنا۔

شَطْحِیات ۔ع۔ بیہودہ باتین۔ کلمات خلاف ظاہر شریعت کے زبان پر لانا۔

شَطر ۔ع۔ ہر چیز کا نصف یعنی آدھا۔ اور ہر شی کا ٹکڑا۔ جانب۔ طرف۔ جہت۔

شَطرنجی ۔ن۔ شطرنج کھیلنے والا۔ اور نام ایک قسم کے فرش کا۔

شَطَط ۔ع۔ اندازہ سے گذرنا۔ ظلم کرنا۔

شَطَن ۔ع۔ بڑی رسّی۔

شَطِیر ۔ع۔ دور۔ نزدیک۔

فصل شین مع ظاے معجمہ

شَظَایا ۔ع۔ ہر چیز کے دندانے۔ ہر شی کے ٹکڑے۔ ہر چیز کے ریشے۔ اور لغات طب مین لکھا ہے حرام مغز کے ریشے۔

شَظِیَّہ ۔ع۔ یہ مفرد ہے اور شظایا جمع۔

فصل شین مع عین مہملہ

شَعَب ۔ع۔ شگاف۔ درّہ۔ غار۔

شِعْب ۔ع۔ پہاڑ کا درہ۔ وہ رستہ جو پہاڑ مین ہو۔

شُعَب ۔ع۔ جمع شعبہ کی۔

شِعَاب ۔ع۔ پہاڑ کی راہین۔ درزین شگافین۔ جمع شعب کی۔

شِعَار ۔ع۔ انگرکھے کے نیچے جو کپڑا پہنتے ہین یعنی وہ کپڑا جو بدن سے لگا ہوا ہو۔ اور اوپر کے کپڑے کو مثل رضائی اور چادر کے دثار کہتے ہین۔

شُعَاع ۔ع۔ روشنی آفتاب کی

شِعَاف ۔ع۔ دیوانگی۔ سڑی پن

شَعَاف ۔ع۔ سر کے بال جو سُرخ ہون

شَعَائِر ۔ع۔ عبادتین۔ قربانیان حج کی۔ وہ چیزین جو نشان ہون۔

شَعبَان ۔ع۔ آٹھوان مہینہ قمری مسلمانون کا چونکہ جمیع امور مقدرہ خلائق اس مہینے مین حسب اعتقاد اہل اسلام منشعب یعنی علاحدہ علاحدہ ہوتے ہین اسلئے اس کو شعبان کہتے ہین۔

شَعبَدَہ ۔ع۔ بازی جو کسی فن اور سحر یعنی جادو سے کرین۔

شَعبَدَہ باز ۔ن۔ بازیگر۔ نٹ۔

شُعبَہ ۔ع۔ ٹکڑا ہر شی کا۔ شاخ درخت کی۔ نغمہ جو کسی اور نغمہ سے نکلا ہو۔

شَعر ۔ع۔ آدمی وغیرہ کے بال۔ ایک قسم کا کپڑا باریک ریشمی بعضے کہتے ہین کہ یہ کپڑا سیاہ رنگ ہوتا ہے۔

شِعر ۔ع۔ جاننا۔ دریافت کرنا۔ اور اصطلاح مین سخن موزون باقافیہ جو کہنے والے نے اپنے قصد سے موزون کیا ہو۔

شُعَرا ۔ع۔ جمع شاعر کی۔ شعر کہنے والے

شَعرَاء ۔ع۔ ایک قسم میوہ شفتالو کی۔ وہ زمین جسپر درخت بہت ہون۔ سرخ۔ اونٹنی کمسن جو اونٹ اور گدھے اور کتے کے بڑھ جاتی ہے بد اور بری چیز سختی۔ بلاے سخت اور عظیم۔

شِعرَی ۔ع۔ نام ایک ستارہ کا جو بڑا اور بہت روشن ہوتا ہے۔ اور استعمال فارسی مین یہ لفظ شعری بروزن دہلی ہی آتا ہے۔

شِعرَی شامی ۔ع۔ ایک ستارہ ہے کم روشن جو بطرف شمال یعنی اُتر کے طلوع کرتا ہے اور اسکو شعریٰ غمیصا بھی کہتے ہین۔

شِعرَی یَمَانی ۔ع۔ ایک ستارہ ہے بڑا اور بہت روشن جو دکھن کی طرف طلوع کرتا ہے اور اسکو شعریٰ عبور بھی کہتے ہین۔

شَعشَعَہ ۔ع۔ روشنی آفتاب کی۔ شراب پانی ملانا شراب مین شعشعہ غلط ہے۔

شُعلَہ ۔ع۔ روشنی۔ لپٹ آگ کی۔

شُعلَہ جوالہ ۔ع۔ شعلہ گرداگرد بہت جلد پھرنیوالا جیسے بنیٹی مین دونون طرف لکڑی مین دو مشعلین روشن بندھی ہوتی ہین۔

شُعلَہ بَیانی ۔ن۔ چرب زبانی۔ تیز زبانی

شُعلَہ زَادَہ ۔ن۔ کنایہ شیطان سے اور مراد ابلیس سے۔

شُعُور ۔ع۔ جاننا۔ دریافت کرنا۔

شَعِیر ۔ع۔ جو مشہور غلہ ہے۔

شَعِیرَہ ۔ع۔ ایک دانہ۔ دستہ چھری کا قبضہ تلوار کا۔ ہر چیز کا رستہ۔ عبادت قربانی حج کی۔ ہر چیز جس پر نشان ہو

فصل شین مع غین معجمہ

شَغ ۔ن ۔ حیوان کا سینگ جو کھوکھلا ہو ۔

شَغاد ۔ن ۔ رستم پہلوان کا بھائی جسنے رستم کو فریب سے کنوین مین گرا دیا تھا ۔

شَغاف ۔ع ۔ غلاف دل کا پردہ دل کا سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے ۔ درد دل ۔

شَغال ۔ن ۔ گیدڑ ۔ شہور جانور ہے ۔

شَغَب ۔ع ۔ شور ۔ خروش ۔ فتنہ ۔ فساد ۔

شَغبہ ۔ع ۔ بدن کی کھال جو کام کرنے کی کثرت سے سخت اور سیاہ ہو جاتی ہے

شَغِف ۔ع ۔ مجازاً بمعنی ذلیل ۔ خوار ۔ فریفتہ ۔

شَغَف ۔ع ۔ محبت کی شدت پردہ دل مین محبت کا اثر کرنا ۔

شَغَف ۔ع ۔ غلاف دل مین محبت کا اثر کر جانا ۔ حیران ہونا ایک چیز کا دوسری چیز سے عاشق کر لینا ۔ دلسے محبت کرنا ۔

شُغل علہ ۔ع ۔ کام بے فرصتی ۔ روکنا ۔

شُغور ۔ع ۔ پانون اُٹھانا کتے کا موتنے کے وقت ۔ خالی رہنا شہر کا آدمیون سے کیکو کسی جگہ سے باہر نکال دینا ۔

فصل شین مع فا

شِفا ۔ع ۔ صحت اور تندرستی بعد مرض کے نام کتاب کا بوعلی سینا سے ۔

شَفا ۔ع ۔ عمر کا آخر ۔ ہر چیز کا کنارہ ۔

شَفاجُرُف ۔ع ۔ کنارہ ندیکا اور جنگل کا اسلیے کہ شفا بمعنی کنارہ اور جرف بمعنی ندی وتالاب وجنگل کے ہے ۔

شَفاعَت ۔ع ۔ خواہش کرنا سفارش کرنا ۔

شَفّاف ۔ع ۔ وہ صاف شے جس کے آرپار نظر گذر سکے مثل شیشہ ۔ بلور ۔ پانی وغیرہ کے

شِفاہ ۔ع ۔ جمع شفت بمعنی ہونٹھ کی ۔

شَفَت ۔ع ۔ لب ۔ ہونٹھ ۔

شَفتالو ۔ن ۔ شہور میوہ ہے اور بمعنی بوسۂ معشوق کے بھی آیا ہے ۔

شَفَتَین ۔ع ۔ دونون ہونٹھ ۔

شَفرہ ۔ع ۔ موچیون کی رانپی جس سے چمڑے کو کاٹتے ہین ۔

شَفرہ ۔ع ۔ آنکھونکی بڑی جسمین پلکین اُگتی ہین ۔

شفشاہنگ ۔ن ۔ سنارون کی جھنجری جسمین چاندی وغیرہ کے تار کھینچتے ہین ۔

شَفع ۔ع ۔ دو کا عدد قربانی کا دن ۔ جوڑا کرنا ۔ کسی چیز کی خواہش کرنا ۔

شُفعَہ ۔ع ۔ زمین یا مکان کی ہمسائگی ۔

شُفَعاء ۔ع ۔ بخشانے والے آدمیون کے گناہ کے ۔ سفارش کرنے والے ۔

شَفَق ۔ع ۔ سرخی جو صبح اور شام کو آسمان کے کنارون پر دکھائی دیتی ہے اور سکندر نامہ مین مراد روشنک کی مان سے ہے ۔

شَفقَت ۔ع ۔ مہربانی اصل لغت مین اسکے معنی ترش اور خوف کے ہین چونکہ دوست اپنے دوست کو آفتون اور بلاؤنسے خوف دلاتا اور بچاتا رہتا ہے پس مجازاً بمعنی مہربانی لفظ شفقت مستعمل ہے اور فا کے جزم سے بھی نظم مین آیا ہے ۔

شَفِن ۔ع ۔ دانا عقلمند ۔

شُغُوف ۔ع ۔ وُبلا ہونا ۔

شَفُون ۔ع ۔ آنکھ کی کنکھیونسے دیکھنا ۔

شَفُون ۔ع ۔ آدمی کنکھیونسے دیکھنے والا ۔

شَفَوِی ۔ع ۔ وے حرون جو ہونٹھ سے نکلتے ہین جیسا ۔ م ۔ ب وغیرہ ۔

شَفِیع ۔ع ۔ سفارش کرنیوالا ۔

شَفِیق ۔ع ۔ مہربان ۔

فصل شین مع قاف

شَق ۔ع ۔ سخت ہونا کام کا کسی پر ۔ نام ایک قلعہ کا خیبر کے قلعون سے ۔ شگاف ۔ دراڑ ۔ شگاف کرنا ۔ نکلنا دانت کا بچہ مین ڈالنا کسیکو ۔ جدا ہونا قوم سے ۔

شِق ۔ع ۔ کسی چیز کا ٹکڑا ۔ ہر شے کا آدھا دوست بھائی ۔ سختی ۔ شدت ۔

شِقا ۔ع ۔ بدبخت ہونا ۔

شِقاق ۔ع ۔ دشمنی کرنا ۔ مخالفت کرنا ۔

شَقاقُل ۔ع ۔ جنگلی گاجر ہے مگر شقاقل مصری بہت عمدہ ہوتی ہے ۔

شِقُّ الْاَنفس ۔ع ۔ مشقت نفسہا ۔

شَقاوَت ع۔ بدبختی۔ سنگدلی۔
شَقائِق ع۔ لال کے پھول اس کا مفرد بھی اور جمع بھی یہی ہے۔ اور کبھی مجازاً بمعنی مطلق پھولون کے بھی آتا ہے۔
شَقائِقُ النُّعمان ع۔ ایک قسم کا لالہ جو نہایت سُرخ ہوتا ہے نعمان بادشاہ کو یہ بہت پسند تھا۔
شِقدار ن۔ حاکم دیہات کا پرگنہ کا عامل
شَقَر ع۔ لالہ کوہی۔ پہاڑی لالہ۔
شُقرت ع۔ ایک رنگ ہے زردی مائل جسمین تھوڑی سُرخی ہوتی ہے یا سُرخ رنگ ہے سیاہی مائل۔
شَقشَقہ ع۔ اونٹ کے بلبلانیکی آواز
شَقل ع۔ جمع کرنا۔ تولنا دینار و درم کا۔
شَقو ع۔ بدبخت ہونا۔
شَقوت ع۔ بدبختی۔
شُقّہ ع۔ کھوکھلا کپڑے اور کاغذ وغیرہ کا وہ کپڑا جو علم اور جھنڈے کے سرے پر باندھین۔ سفر دور و دراز مشقت۔ محنت
شِقہ ع۔ بمشقت۔ محنت۔
شَقی ع۔ بدبخت۔ سنگدل۔
شَقیح ع۔ زشت۔ بڑا۔ قبیح۔
شَقیض ع۔ شریک۔ گھوڑا نیک نژاد

شَقیق ع۔ ہر چیز کا آدھا تہائی۔
شَقیقہ ع۔ کنپٹی۔ اور آدھے سر کا درد

فصل شین مع کاف عربی

شک ع۔ گمان۔ گمان کرنا
شَکّ ع۔ موش۔ چوہا۔
شِکار ن۔ قصد کرنا کسی حیوان کے قتل کرنیکا۔ وہ حیوان جو قتل ہوگیا ہو۔
شِکارِ فیل ن۔ اُسکو کہتے ہین کہ سب شکاری جانور دنکو واسطے پکڑنے شکار اور صید کے یکبارگی چھوڑ دین۔
شَکاسَت ع۔ بدخو ہونا۔
شِکال ع۔ وہ رسی جس سے گھوڑے اور اونٹ کے ہاتھ پانون باندھین اور بمعنی مکر حیلہ۔
شَکّال ع۔ بہت بڑا شکل بنانے والا۔ ظریف خوش طبع۔
شِکایَت ع۔ گلہ کرنا۔ گلہ۔
شُکر ع۔ دینے والے کی تعریف کرنا۔
شَکر ع۔ عورت کی شرمگاہ۔
شَکر ع۔ چھاتیون مین دودھ کا بھرنا۔ درخت کی جڑسے شاخ کا اگنا۔
شَکّر ن۔ مشہور مٹھائی ہے اور کبھی مجازاً بمعنی لب معشوق اور بوسہ کے بھی آتا ہے۔ نام ایک عورت خوبصورت کا جسکے ساتھ خسرو بادشاہ نے شیرین اپنی معشوقہ

مرنیکے غم مین بکلاح کیا تھا۔ اور یہ لفظ کاف کی تشدید سے بھی آتا ہے۔
شِکَر ن۔ شکستہ۔ شکار کرنیوالا۔
شَکَر ن۔ زنبور سیاہ۔ بھونرا۔
شَکَرآب ن۔ تھوڑی سی ظاہری رنجش اور کدورت جو عاشق اور معشوق کے درمیان مین ہوجاتی ہے۔
شَکَرانگیختن ن۔ کسیکو ہنسانا۔
شَکَرپا ن۔ لنگڑا۔
شَکَرپارہ ن۔ معشوق شیرین حرکات۔
شَکَرپورہ معنبوسہ جس مین قند اور مغز بادام بھرا ہو۔
شَکَرتَری ن۔ سفید شکر۔ بورہ اور یہ ہند کے فارسی دانو نکالا بجا دہے۔
شَکَرخواب ن۔ خواب خوش صبح کی نیند
شَکَرخوردن ن۔ لذت پانا۔
شَکَرخند ن۔ تبسم مُسکراہٹ۔
شَکَرخَش ن۔ کسی چیز کا نمونہ۔
شَکَرزَن ن۔ توڑنا شکار کرنا۔
شَکَررَنگی ن۔ کدورت اور آزردگی
شَکَررَنجی ن۔ تھوڑی سی جو دوستون کے درمیان مین کبھی واقع ہوجاتی ہے۔
شَکَرریز ن۔ وہ چیز جو برات کی رات دولھا اور دلھن پر سے نچھاور کرتے ہین اور کنایہ ہے سخن شیرین اور گریہ شادی سے بھی

رونا جو نہایت خوشی مین آتا ہے۔
شکر رنگ ۔ن۔ ناخوش۔ بیزار۔
شکر لب ۔ن۔ معشوق۔ وہ شخص جس کا اوپر لا ہونٹھ چرا ہوا ہو۔ خوش آواز۔
شکر لنگ ۔ن۔ کسیقدر لنگڑا آدمی۔
شکرہ ۔ن۔ شکاری پرند مشہور ہے۔
شکستن ۔ن۔ توڑنا۔ لوٹنا۔ دشمنی کرنا جدا ہونا۔
شکس ۔ع۔ بخیل۔ کنجوس۔
شکستہ رنگ ۔ن۔ مرجھایا ہوا۔ اور زرد رنگ۔
شکستہ ناخن ۔ن۔ بے قوت۔ نبل۔
شکم بندہ ۔ن۔ بہت کھانیوالا۔ لالچی۔
شکم خاریدن ۔ن۔ بہانہ کرنا۔ عذر کرنا۔
شکم درخویش دزدیدن ۔ن۔ ڈرنا۔
شکن ۔ن۔ ہر چیز کا خم۔ اور کنایہ ہے معشوق کی زلفون کے پیچ سے۔
شکنبہ ۔ن۔ حیوانون کا معدہ۔
شکنج ۔ن۔ پیچ۔ شکن۔
شکنج ۔ن۔ وہ انگلیون کے ناخنون سے کسی عضو کو اسطرح پکڑنا کہ وہ عضو درد کرنے لگے۔ ہندی چٹکی۔
شکنجیدن ۔ن۔ چٹکی لینا۔
شکنجہ ۔ن۔ عذاب۔ ایک قسم سزا دینے کی۔ نام ایک آلہ جس سے گنہگار کو دکھ اور عذاب پہونچایا جاتا ہے۔
شکنجہ کردن ۔ن۔ رنج دینا اور ستانا اور تنگ کرنا کسی کو۔
شکوی ۔ع۔ گلہ کرنا۔ گلہ شکایت۔ اور شکوہ ہائے ہوز سے لکھنا خطا ہے۔
شکوہیدن ۔ن۔ ڈرنا۔ خوف کرنا۔ اپنی عظمت اور بڑائی کا اظہار کرنا۔ غرور کرنا۔
شکوہیدن ۔ن۔ گر پڑنا۔ ٹھوکر کھانا۔
شکور ۔ع۔ شکر کرنا۔ اور جمع شاکر بمعنی شکر کرنیوالے کی۔
شکور ۔ع۔ بہت شکر کرنیوالا۔ نام خدا کا۔
شکوک ۔ع۔ جمع شک بمعنی گمان کی۔
شکوک ۔ع۔ بڑا شک کرنیوالا۔
شکولیدن ۔ن۔ پراگندہ کرنا۔
شکوہ ۔ن۔ بزرگی۔ شان۔ شوکت۔
شکوہ ۔ن۔ خوف۔ ڈر۔
شکوفہ ۔ن۔ کان عربی سے۔ میوہ دار درخت کا پھول۔ کل درختون کی کلی اور پھول۔ قے جو معدہ سے منہ کی راہ آتی ہے۔
شکیب ۔ن۔ یا بمعنی صبر و آرام۔ اور شین کے فتحہ سے غلط ہے۔
شکیبا ۔ن۔ صبر کرنیوالا۔
شکیبیدن ۔ن۔ صبر کرنا۔
شکیل ۔ع۔ گھوڑا باندھنے کی رسی اور بمعنی کبوتر فرہ۔
شکیل ۔ع۔ شکل دار۔ وضعدار۔ خوبصورت
شکیمہ ۔ع۔ گھوڑے کا دہانہ۔ طبیعت سرشت۔ خصلت۔
شکیفتن ۔ن۔ صبر کرنا۔

فصل شین مع کاف فارسی

شگال ۔ن۔ شغال۔ گیدڑ۔
شگر ۔ن۔ زنبور سیاہ۔ بھونرا۔
شگرف ۔ن۔ زیبا۔ نیک عجیب۔ بزرگ نادر۔
شگفت ۔ن۔ تعجب۔ عجیب و غریب۔
شگفتن ۔ن۔ کلیوں کا کھلنا۔ اور یہ لفظ کان عربی سے بھی آیا ہے۔
شگون ۔ن۔ شگون۔ فال۔

فصل شین مع لام

شل ۔ع۔ چلانا۔ ہانکنا۔ سینا۔ خطک کرنا کپڑے کا۔ وہ شخص جسکے ہاتھ اور پانون حرکت نہ کرسکین اور کام کرنیسے معذور ہون
شل ۔ن۔ ہر چیز سست اور نرم۔
شل ۔ن۔ چھوٹی برچھی۔
شل ۔ن۔ نام میوہ کا ہندی بیل۔
شلاق ۔ت۔ تھپڑ مارنا مکے اور گھونسے مارنا۔ لکڑی سے مارنا۔ مجازاً بمعنی شوخ اور فتنہ انگیز کے بھی ستعمل ہے۔
شلائین ۔ن۔ شوخ۔ ناخوش۔ محکم۔ آرام طلب۔ مجازاً بمعنی عاشق۔

شَلَامَنِی ۔ن شوخی ۔کام مین مشغولی ۔
شَلتاق ۔ن ۔جنگ ۔فساد ۔
شَلتُوک ۔ن ۔شالی ۔دھان ۔
شَلجَم ۔سب ۔معرب شلغم کا ۔
شَلخ ۔ع ۔اہل ۔نسل ۔نطفہ ۔اندام نہانی یعنی شرمگاہ عورت کی ۔
شَلف ۔ن ۔فاحشہ عورت ۔
شَلَک ۔ت ۔آواز چنہ ۔بندوق کی بجوکلی سر ہووین ۔
شَلَل ۔ع ۔سیاہ داغ جو کپڑے پر پڑجاوے اور وہ دھونے سے بھی نہ چھوٹے ۔ہاتکنا ۔ہاتھ اور پانو کا خشک ہوجانا ۔
شلم ۔ع ۔بیت المقدس ۔
شَلنگ ۔ن ۔ایک جگھ سے دوسری جگھ کودکر جانا ۔پھلانگ مارنا ۔
شَلوار ۔ن ۔ازار ۔پاجامہ ۔
شُلَہ ۔ن ۔نام ۔ایک قسم کے کھانیکا جسکو عوام شولہ کہتے ہین ۔اور شلہ لام کے تشدید سے کہنا نہایت مکروہ ہے ۔
شُلَہ ۔ن ۔عورت کی شرمگاہ ۔فرج حیض کا لتہ ۔بت ۔بت پرست ۔
شلہ ۔ن ۔وہ مقام جہان پر کوڑا کرکٹ اور غلیظ ڈالا جاوے ۔
شُلَہ ۔ن ۔قصاص ۔خون کے عوض مین قاتل کو قتل کرنا ۔

شَلَیل ۔ن ۔ایک قسم کا شفتالو ۔
شَلِیل ۔ع ۔وہ کپڑا جو برروز جنگ زرہ کے نیچے پہنتے ہین ۔بلاس جو اونٹ کی پیٹھ پر ڈال کے اُسپر پالان ڈالتے ہین ۔

فصل شین مع میم

شَم ۔ع ۔سونگھنا ۔
شُمّ ۔ن ۔چمڑے کی نعلین جو شل پٹے دار کھڑاؤن کے ہوتی ہ ہندی مین اس کو تلیان کہتے ہین ۔
شَم ۔ن ۔نفرت ۔بیہوشی ۔ناخن ۔فریب پریشانی ۔فریاد ۔نوحہ ۔دُم ۔
شِم ۔ن ۔نیلے نقطے جو اکثر عورتین اپنے ہاتھ پانو پر نقش کرتی ہین ۔ہندی گدنا ۔
شَمّات ۔ع ۔خوش ہونیوالے لوگ کسی کی خرابی اور بُرائی پر جمع شامت کی ۔
شَمَاتَت ۔ع ۔خوش ہونا کسی کی خرابی پر
شَمّاس ۔ع ۔پادری جو سرنڈا کر عبادت خانہ مین بیٹھ رہے ۔نام ایک شخص کا جس نے دین آتش پرستی نکالا تھا ۔آفتاب پرست یعنی جو آفتاب کو پوجے ۔
شَمَاسِیان ۔ن ۔آتش پرست لوگ ۔آفتاب پرست لوگ ۔
شَمّاع ۔ع ۔شمع ڈھانے والا ۔
شَمّال ۔ع ۔وہ ہوا جو قطب شمالی کی طرف سے چلتی ہے ۔

شِمَال ۔ع ۔بایان ہاتھ ۔عادت ۔وہ تھیلی جو درخت کے پھلون اور بکری کے تھنون پر واسطے حفاظت کے چڑھاتے ہین ۔قطب شمالی کی سمت ۔چونکہ عرب لوگ کعبہ کو ایک شخص قرار دیکر یہ تصور کرتے ہین کہ مُنھ اس کا جانب مشرق کے ہے اور پشت اسکی مغرب کی طرف تو اسی سبب سے چونکہ قطب شمالی اسکے بائین ہاتھ پر واقع ہوا اور شمال کے معنی بائین ہاتھ کے ہین اسلیے اسکا نام شمال رکھدیا ۔اور دور اس ہوا کو کہنے لگے جو کعبہ کی پشت پر سے آوے ۔
شَمَامَہ ۔ع ۔خوشبو جو کسی چیز سے سونگھی جاوے مثل عطر وغیرہ کے ۔
شَمَامَہ ۔ع ۔دستنبو اور یہ ایک گلولہ ہوتا ہے جسکو عطر وغیرہ خوشبودار چیزون سے ترکیب دیکر گول بناتے ہین اور ہاتھ مین رکھکر سونگھا کرتے ہین ۔ایک قسم کا جنگلی خربزہ جو چھوٹا اور دھاری دار خوشبو ہوتا ہے اسکو بھی فارسی مین دستنبو کہتے ہین ۔
شَمَامَچَہ ۔ن ۔خوشبودار چیز جو سونگھی جاوے
شَمَائِل ۔ع ۔خصلتین عادتین ۔بائین ہاتھ شکلین صورتین ۔درختون کی کوپلین ۔مگر فارسی مین بمعنی صورت اور قطع اور وضع کے مستعمل ہوتا ہے ۔
شَمَائِم ۔ع ۔جمع شمیمہ کی وہ خوشبوئین جو سونگھی

سونگھی جائین۔
شَمبلیت ۔ن ۔ نام ایک پھول کا جو بہت
شَمبلید ۔ن ۔ خوشنما زرد رنگ ہوتا ہی
اور بمعنی تخم حلبہ ہندی مقیمی کے بیج ۔
شَمر ۔ن ۔ تالاب ۔ حوض ۔ سرشیر جسکو ہندی
مین بالائی کہتے ہین ۔
شَمر ۔ع ۔ اٹھلا کر چلنا ۔
شِمر ۔ع ۔ نام قاتل امام حسین علیہ السلام کا ۔
شَمس ۔ع ۔ سورج ۔ آفتاب ۔
شَمسہ ۔ن ۔ تابدان وہ موکھا جس سے
روشنی آوے ۔ قرص سونیکا ملمع کیا ہوا
جو قبہ اور کلس پر ہوتا ہے ۔
شَمسیہ ۔ نام رسالہ کا منطق مین ۔
شَمشاد ۔ن ۔ نام ایک درخت کا جو نہایت
خوشنما اور بلند ہوتا ہے اسکی لکڑی بہت
مضبوط ہوتی چونکہ یہ درخت نہایت
خوبصورت اور سیدھا ہوتا ہے اس سبب
سے معشوقون کے قد کو اس سے تشبیہ دیتے ہین
شَمشیر ۔ن ۔ شم بمعنی ناخن اور دم اور شیر
درندہ مشہور ہی چونکہ تلوار کبھی شیر کے
ناخن یا دم سے مشابہ ہوتی ہے ۔ اسلئے
شمشیر نام ہوا ۔
شَمع ۔ع ۔ کھیلنا ۔ بازی کرنا ۔
شَمع ۔ع ۔ موم ۔ مگر فارسی مین میم کے جزم
سے بمعنی اس چیز کے جو موم خواہ چربی سے
ڈھال روشن کرتے ہین مستعمل ہے ۔
شَمعِ ایمَن ۔ن ۔ کنایہ اس نور خدا کی تجلی
سے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک
درخت پر وادی ایمن مین دیکھا تھا ۔
شَمعُون ۔ع ۔ نام ایک شخص کا اصحاب
حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے نام حضرت
یوسف کے ایک بھائی کا جو دوسری ماں سے
تھے اور جنھون نے حضرت یوسف علیہ السلام
کے قتل مین اپنے اور بھائیون سے مشورہ کیا تھا
شَمل ۔ع ۔ پراگندہ ۔ پریشانی ۔ پراگندہ ہونا
جمع ہونا ۔ اکٹھا ہونا ۔ الگ الگ ہونا ۔ واضح
ہو کہ یہ لغت اضداد سے ہے ۔
شَمَلید ۔ن ۔ وہی شمبلید جسکا بیان گذرا ۔
شَمَن ۔ن ۔ بت پرست ۔
شَمُوخ ۔ع ۔ بلند ہونا ۔ غرور کرنا ۔
شَمُوس ۔ع ۔ جمع شمس بمعنی آفتاب کی ۔
شَمُوس ۔ع ۔ سرکش ۔ بدخو ۔ گھوڑا سرکش
اور بمعنی شراب کے بھی ہے ۔
شَمُوع ۔ع ۔ جمع شمع کی ۔
شَمُول ۔ع کسی چیز پر محیط ہو جانا ۔ کسی
چیز کو بالکل قبضہ مین کر لینا ۔
شَمُول ۔ع ۔ شراب وہ شراب جو
شمالی ہوا سے سرد ہو گئی ہو ۔
شَمہ ۔ع ۔ تھوڑی بو ۔ ایک مرتبہ کسی چیز کا
سونگھنا ۔ فارسی مین مجازاً بمعنی اندک اور
کم کے مستعمل ہے ۔
شَمہ ۔ن ۔ بغیر تشدید کے بمعنی سر شیر یعنی
دودھ پر کی بالائی ۔
شَمیدَن ۔ن ۔ بھاگنا ۔ بیہوش ہونا ۔
پریشان ہونا ۔ ڈرنا ۔ اور بمعنی سونگھنے کے
جو مشہور ہے یہ تحریف نون کی میم سے ہو گئی
ہے کیونکہ کلام فصحا مین نہین آیا ہے بلکہ
بمعنی سونگھنے کے شنیدن نون سے ہی
یا یون کہین کہ یہ فارسی والون کا تصرف
ہی کہ لفظ عربی شَم سے جو بمعنی سونگھنے کے
ہے شمیدن بنا لیا جیسے طلب سے طلبیدن
اور فہم سے فہمیدن ۔
شَمیدَہ ۔ن ۔ بیہوش ۔ پریشان ۔
شَمیر ۔ع ۔ تیز چلنے والا ۔
شَمیم ۔ع ۔ سونگھنا ۔ وہ ہوا جس سے
خوشبو آوے ۔ خوشبو ۔ بلند چیز ۔
شَمیمہ ۔ع ۔ وہ خوشبو جو سونگھی جائے ۔

فصل شین مع نون

شَن ۔ع ۔ پانی مشک جو پرانی اور جابجا
سے پھٹ گئی ہو پانی چھڑکنا ۔
شَنا ۔ن ۔ بمعنی شناوری یعنی پانی مین تیرنا
نام ایک ورزش کا جس کو ہندی مین
ڈنڈ کہتے ہین ۔
شَنات ۔ع ۔ دشمن لوگ جمع شانی کی ۔
شِنار ۔ن ۔ تیرنے والا ۔ شناور ۔

شُوم - منحوس - نامبارک -
شَنار - ع - خرابی - ننگ - عار - عیب
بُرا کام - روشن -
شَنارت - ع - دشمنی -
شناسانڈ - ن متعدی شناسد کا یعنی
پہچنوا دے -
شَناعت - ع - زشتی - بدی - طعنہ - بہ ہونا
بُرا ہونا -
شَنان - ع - دشمنی -
شَنآن - ع - دشمن رکھنا -
شِناوَری - ن - پانی مین تیرنا -
شِناہ - ن - شناوری - تیرنا -
شَنائع - ع - ہدیان - بُرائیان -
شَنبلیلہ - ن - نام ایک پھول زرد رنگ کا
تخم ملّہ یعنی یتھی کے بیج -
شَنجرف - ن - مبدل شنگرف کا - اور
شنجرف شین سے مُعرّب اسکا ہے عربی
مین زنجفر اور ہندی مین اینگر کہتے ہین -
شَنزبہ - ن - نام ایک تیل کا جو دنبہ
گیدڑ کے دم مین آکر شیر سے لڑا تھا اور
قصہ اُسکا کلیلہ دمنہ مین مرقوم ہے -
شِنشِنہ - ع - عادت - طبیعت - خو -
خصلت - مگر استعمال اسکا بمعنے خوے بد ہی
شَنعَت - ع - بدی بُرائی - زشتی -
شَنفتن - ن سننا -

شُنقار - ت - نام ایک پرند شکاری کا جو سفید
رنگ برابر عُقاب کے مگر قوت مین عقاب
سے زیادہ ہوتا ہے -
شَنگ - ن چور - ڈاکو - راہزن - مجازاً
بمعنی طرح دار اور شوخ اور ظریف دل لگی
کے مستعمل ہے اور اطلاق اس کا معشوق
پر ہوتا ہے -
شِنگرف - ن - ایک معدنی چیز جو سُرخ
رنگ جسکو ہندی مین انیگر کہتے ہین -
شِنگرف سودن برلاجورد - ن - نمودار
ہونا - سُرخی صبح کا آسمان پر -
شَنگُل - ن - شوخ - عیار - راہزن
شَنگُول - ن - بروزن مقبول - شوخ
زیبا - خوبصورت -
شِنو - ن - نام ورزش کا ہندی ڈنڈ -
شَنوا - ن - سننے والا -
شِنوسہ - ن - عطسہ - چھینک -
شَنوع - ع - قباحت - بُرائی -
شَنون - ع - موٹا اور دبلا -
شَنیدن - ن سُننا - سونگھنا -
شَنیع - ن - بد - زشت - بُرا -

فصل شین مع واو

شِوا - ع - بُھنا ہوا - بُھنا ہوا گوشت
شِوا - ن - ہاتھ اور پاؤن کے پوست
کی سختی - بہت کام کرنیسے -

شُوات - ت - سُرخاب - چرز - اور بعضے
کہتے ہین نیل مُرغ -
شُوار - ع - گھر کا اسباب - عورت کی شرمگاہ
مرد کے پاخانہ کا مقام - صورت - لباس -
شُوارِیدہ - ع - پریشانیان - بھاگنے والا -
شَوارِع - ع - بڑے رستے - سیدھی راہین
شَوارِق - ع - روشنیان - روشن چیزین
شُوَاظ - ع - آگ کا شعلہ -
شَوَاغِل - ع - جمع شغل کی -
شَوَاکِل - ع - جمع شاکلہ بمعنی طرز و روش کی
شَوّال - ع - دسوان مہینہ مسلمانون کا -
شَوَامِخ - ع - بلندیان - بلند چیزین -
شَوَاہِد - ع - جمع شاہد بمعنی گواہ کی -
شَوَاہِق - ع - بلندچیزین - بلندیان
شَوَائِب - ع - آمیزشین - آلودگیان -
شُوب - ع - ملنا - آمیزش - شوربا -
شُوخ - ن واو معروف سے بروزن
نُور - بدکا چرک یعنی مَیل -
شُوخ - ن - واؤ مجہول سے بمعنی بیباک
دلیر - جلد - چالاک -
شُوخ تَراز - ن - زبان دراز - کم تولنے والا -
شُوخگن - ن - مَیلا بدن - میلا کپڑا -
شُور - ن - غُل - شُہرت - آواز بلند -
عشق - جنون - نمکین - نمک -
شُور - ع - مشورہ کرنا -

شُوریٰ ۔ع۔ بمعنی مشورہ۔
شُوراندن ۔ن۔ پریشان کرنا۔
شُورَابہ ۔ن۔ آب شور۔
شُورَبَخت ۔ن بدبخت۔
شُورچشم ۔ن۔ جسکی نظر سے لوگون کو اور چیزون کو ضرر ہو پہنچے۔ اور آدمی بیمار ہوجاے
شُورشکدہ ۔ن۔ فساد کا گھر۔
شُورمُور ۔ن۔ ایک قسم کی چونٹی ہے جو نہایت چھوٹی ہوتی ہے۔
شُورَہ ۔ن۔ ایک چیز ہے مشہور مثل نمک کے۔ نام ایک گھاس کا۔ زمین نمناک کھاری زمین۔ ایک قسم جھاؤ کے درخت کی۔
شُورَہ پُشتی ۔ن۔ شوخی۔ کج ادائی۔
شُورَہ بُوم ۔ن۔ زمین ناقص و نمکین
شُوریدَہ ۔ن۔ کڑوا مزہ۔ پریشان حال مجازاً بمعنی دیوانہ۔ ستانہ۔ عاشق۔
شُوریدہ رَاہ ۔ن۔ مراد گمراہ سے۔
شُوشتَر ۔ن بروزن خوبتر نام ایک شہر کا ایران سے یہان کی دیبا خوبی مین مشہور ہے
شُوشہ ۔ن تلوہ پشتہ ہر چیز کا چاندی سونے لوہے وغیرہ کی سلاخ۔
شَوط ۔ع۔ دوڑ۔ گشت۔ سبعہ اشواط یعنی سات گشتین۔
شَوطہ ۔ع۔ ایک گشت۔
شَوق ۔ع۔ آرزومند کرنا۔ خواہش دل کی کسی چیز کی طرف۔ مشتاق ہونا۔
شُوق ۔ع۔ عاشق لوگ۔ مشتاق لوگ۔
شَوک ۔ع۔ خار کانٹا۔ قوت اور تیزی کرنا۔ کانٹے کا چبھنا۔ کانٹے کا چبھو دینا کانٹون مین گرنا۔ کمسن لڑکی کی چھاتیون کا اُبھرنا۔ اونٹ کی کچلیون کا نکلنا۔ پرند کے پر و بال نکلنا۔ بالون کا بعد منڈانے کے نکلنا۔
شَوکَت ۔ع۔ خار کانٹا۔ قوت تیزی شدت ہیبت۔
شُوم ۔ع۔ مصدر ہے بمعنی بدفالی۔ مگر فارسی مین بمعنی منحوس مستعمل ہے۔
شُومی ۔ن نحوست۔ اگرچہ شوم مصدر ہے اس مین یاے مصدری کی ضرورت تھی لیکن یہ تصرف فارسیون کا ہے مثل خلاص اور خلاصی اور سلامت اور سلامتی کے۔
شُونیز ۔ن۔ کلونجی مشہور دوا ہے۔
شُوہَرہ ۔ن۔ پھولون کا سہرہ جو دولہا اور دلہن کے سر پر باندھتے ہین۔
شُوے ۔ن۔ شوہر۔ اور کبھی مراد طالب شراب سے بھی ہوتی ہے۔

فصل شین مع ہاے ہوز

شَہ ۔ن۔ مخفف شاہ کا۔
شَہ ۔ن۔ ایک کلمہ ہے جو نفرت اور کراہت کے مقام مین استعمال کرتے ہین۔
شِہاب ۔ن۔ نام ایک رنگ سرخ کا جو مشہور ہے اور یہ اصل مین شاہ آب تھا اور بمعنی کُتّے کے پلّہ کے بھی آیا ہے۔
شِہاب ۔ع۔ وہ دودھ جسمین دو حصہ پانی ملا ہوا ہو۔
شِہاب ۔ع۔ آگ کا شعلہ جو بلند ہو۔ ستارہ روشن۔ وہ چیز جو مانند ستارہ کے بشکل انار آتشبازی کے چھوٹتی ہوئی آسمان کو دوڑتی ہے۔ اور یہ مار شیطانوں کی ہے۔
شَہادَت ۔ع۔ خبر درست۔ گواہی دینا۔ سچی گواہی۔ قتل ہونا خدا کی راہ مین بیگناہ شہید ہونا۔ ناحق مارا جانا۔ ظاہر ہونا۔ گواہی دینا خدا کی وحدانیت اور رسول صلعم کی رسالت پر اور کبھی مراد کلمۂ شہادت سے بھی ہوتی ہے۔
شَہادَت مَشرَب ۔ن۔ مراد شہید سے
شَہامَت ۔ع۔ بزرگی۔ توانائی جسمی شادمانی۔ دلیری۔
شَہب ۔ع۔ ستارے روشن۔ اور ہر مہینہ کی اخیر تین راتین۔
شَہبار ۔ع۔ وہ گھوڑی یا اونٹنی جسکا رنگ سفید اور سیاہ ہو مگر سفیدی غالب ہو سیاہی پر یہ مونث اشہب کا ہے۔
شَہبَرہ ۔ن بوڑھی عورت
شُہدا ۔ع۔ جمع شہید کی۔

شَہر۔ ع۔ ظاہر کرنا۔ تلوار کا کاٹھی سے کھینچنا
چاند۔ بارھوان حصہ سال کا یعنی ایک مہینہ
جو مدت مشہور ہے۔
شَہر۔ ن۔ ترجمہ مدینہ کا مشہور لفظ ہے۔
شَہربانُو۔ ن۔ یزدجرد بادشاہ کی بیٹی جو
بعد فتح ایران کے عرب مین آکر حضرت
امام حسین علیہ السلام کے نکاح مین آئین
اور آپ کے بطن سے امام زین العابدین
علیہ السلام پیدا ہوے۔
شَہربَند۔ ن۔ قلعہ۔ قید خانہ۔ قیدی۔
حجرہ شہر کی آرائش۔ اور وہ شخص جو
حاکم کے حکم سے شہر کے باہر نہ جانے پاوے
شُہرت۔ ع۔ ظاہر کرنا۔ تلوار کھینچنا۔
شَہرتاش۔ ن۔ ایک شہر کا باشندہ۔
ہم شہر۔ اور بمعنی ہمسایہ کے بھی۔
شَہرخُدا۔ ن۔ رجب کا مہینہ۔ ساتوان
مہینہ قمری مسلمانونکا۔
شَہرسبز۔ ن۔ نام ایک شہر کا توران سے
نزدیک سمرقند کے۔
شَہرنبی۔ ن۔ مدینہ منورہ۔
شَہروا۔ ن۔ کھوٹا روپیہ اور کھوٹی اشرفی
جو خاص ایک شہر مین رائج ہو اور یہ اصل
مین شہر روا تھا ایک (را) موافق قاعدہ
کے حذف ہوگئی۔ ایک قسم کا کھوٹا روپیہ اور
کھوٹی اشرفی جو ایک بادشاہ ظالم نے زبردستی
اپنے ملک مین رائج کیا تھا اور ملکون مین
وہ سکہ بوجہ کھوٹے ہونے کے چلتا نہ تھا اس
صورت مین اسکی اصل شہ روا ہے یعنی بادشاہ کا
جاری کیا ہوا سکہ۔ اور بمعنی کوڑی کے بھی آیا ہے
شہرود۔ ن۔ نام ایک نہر کا عراق مین۔
نام ایک ساز یعنی باجہ کا۔
شُہرہ۔ ن۔ پھولونکا سہرہ جو دولھا اور
دلھن کے سر پر باندھتے ہین۔
شَہری۔ ن۔ شہر کا باشندہ نام راگ کا۔
شَہریار۔ ن۔ بادشاہ بزرگ عادل۔ اور
سکندرنامہ مین انتظامی کے ممدوح شاہ نصرالدین سے
شہریور۔ ن۔ یاے مجہول سے ایک نام
شمسی مہینہ کا جسمین آفتاب برج سنبلہ مین ہتا
ہو تھوڑے فرق سے ماہ کنوار کے مطابق ہے۔
شَہقہ۔ ع۔ نعرہ مارنا۔
شَہلا۔ ع۔ زن بیش چشم یعنی وہ عورت جسکی
آنکھین شل بھیڑی کی آنکھ کے سیاہ ہون
ایک قسم نرگس کی جسکے پھول مین بجاے
زردی کے سیاہی ہوتی ہے۔ مشابہ انسانکی
آنکھ کے یہی نرگس ہوتا ہے۔ اور جو نرگس کہ زرد
ہوتا ہے اسکو عبہر کہتے ہین۔ اور بعضے کہتے ہین
کہ شہلا وہ سیاہ آنکھ ہے جسمین سُرخی کے ڈورے بھی ہون
شَہلاب۔ ن۔ ایک ملک ہے جہان کی
بلیون کے بال بڑے بڑے ہوتے ہین۔
شَہلہ۔ ن۔ بوڑھی عورت۔
شَہناز۔ ن۔ دلھن۔ نام جمشید کی بہن کا
جسکو ضحاک اپنے نکاح مین لایا تھا۔ نام
ایک راگ کا موسیقی مین۔
شَہنائی۔ ن۔ نام مشہور باجہ کا ہے
اسکو سرنا بھی کہتے ہین۔
شَہنشاہ۔ ن۔ بادشاہ عظیم الشان یعنی
بادشاہ ہو بنکا بادشاہ یہ مخفف ہے شاہان شاہ کا۔
شَہنیمروز۔ ن۔ بادشاہ شہر نیمروز کا کنایہ
رستم پہلوان سے اور کنایہ حضرت آدم علیہ السلام
سے واضح ہو کہ دنیا کے ہزار برس کے
برابر اُس عالم کا ایک روز ہوتا ہے
چونکہ دنیا کے حساب سے حضرت آدم بہشت
مین پانچ سو برس رہے تھے تو وہان کے حساب سے
کل دوپہر ہوے اسلئے شہ نیمروز کہا۔
شَہوانی۔ ع۔ منسوب طرف شہوت کے
شَہوی۔ ع۔ } جو بمعنی خواہش نفس
اور آرزو کے ہے۔
شَہوار۔ ن۔ چیز عمدہ لائق بادشاہ کے
شَہوت۔ ع۔ آرزو۔ شوق خواہش دل
کی طرف حصول لذت اور نفع کے۔ بھوک
خواہش جماع کی۔
شَہوت پرست۔ ن۔ بدکار۔ زناکنوالا۔
شَہوتِ کلبی۔ ع۔ نام ایک مرض کا جسکا
مریض کتا ہی کھاے سیر نہ ہوگا اور اس
مرض کو جوع الکلب بھی کہتے ہین۔

شُہُود ع۔ حاضر ہونا۔ حاضر ہونیوالے اور جمع شاہد بمعنی گواہ کی۔
شُہُور ع۔ جمع شہر بمعنی مہینہ کی۔
شُہُوق ع۔ بلند ہونا۔ بلند کرنا۔ اونچا ہونا۔ اُبھرنا۔
شَہی ن۔ پادشاہی۔ دامادی۔ ہر چیز جو میٹھی ہو۔ حلوا۔ مرغوب شی۔
شَہِید ع۔ گواہ۔ وہ شخص جو راہ خدا مین بیگناہ قتل ہوا ہو۔ وہ شخص جسکے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو۔ نام حقتعالی کا۔
شَہِیدِی ن۔ وہ تر بز جو اندر سے سرخ ہو۔
شَہِیر ع۔ مشہور۔
شَہِیق ع۔ کچلی آواز گدھے کی جو بھاری ہوتی ہے اور پہلی آواز کو جو باریک ہوتی ہے اسکو زفیر کہتے ہین۔

فصل شین مع یاے تحتانی

شَیَّاد ن۔ مکار۔ فریب دینے والا۔
شِیَار ع۔ ہفتہ کا دن۔ سنیچر۔
شِیَاف ع۔ چند دوائین جنکو ترکیب دیکر مثل بتی کے بناتے ہین اور مرض چشم یا مقعد وغیرہ مین استعمال کرتے ہین۔
شِیَافِ اَبْیَض ع۔ خاص دوا آنکھ کی ہے جو چند دواؤن کو جنکا جزو اعظم سفیدہ کاشغری ہے ترکیب دیتے ہین یہ سوزش اور سرخی آنکھ کو بہت فائدہ مند ہوتی ہے
شَیب ع۔ بڑھاپا۔ سفید بال ہونا۔
شِیب ن۔ یاے مجہول سے مخفف ہے نشیب بمعنی پستی کا۔
شِیب وتیب ن۔ سرگشتہ مدہوش
شَیبان ع۔ نام ایک ولی کا۔ نام قبیلہ کا
شَیبَتْ ع۔ بڑھاپا۔
شَیْبِیدَن ن۔ کانپنا۔ آٹا گوندھنا۔ مجازاً بمعنی فریفتہ اور عاشق ہونا
شَیْپُور ن۔ ایک نام باجہ کا جو لڑائی کے وقت بجاتے ہین اسکو نفیری اور ناے رومی بھی کہتے ہین۔
شِیث ع۔ نام حضرت آدم کے بیٹے کا اور یہ بھی پیغمبر تھے۔
شَیخ ع۔ خواجہ۔ بوڑھا جو پچاس برس سے زیادہ ہو۔ بزرگ۔
شَیخ الرئیس ع۔ لقب بوعلی سینا حکیم کا۔
شَیخَکان ن۔ کان عربی سے جمع شَیخ کی جو تصغیر مع التحقیر شَیخ کی ہے۔
شَیخُوخَت ع۔ بڑھاپا پچاس برس سے آخر عمر تک سن شَیخُوخَت کہلاتا ہے۔
شَیخ نَجدِی ع۔ لقب ہے شیطان کا۔ اسلیے کہ جب قریش آنحضرت صلعم کے قتل مین مشورہ کرنے لگے تو شیطان بصورت مرد پیر آکر اس مشورہ مین شریک ہوا اور کہا کہ مین شیخ ہون ملک نجد کا رہنے والا۔
شَیدَ ن۔ برون قید بمعنی مکر و فریب۔
شِیدَ ن۔ یاے مجہول سے روشنی آفتاب۔
شِیدَ ع۔ یاے معروف سے دیوار کی کہگل خواہ مٹی کی ہو خواہ چونے وغیرہ کی۔
شَیدَ ع۔ دیوار کا لیپنا خواہ کہگل سے خواہ چونے وغیرہ سے۔
شَیدَا ع۔ مدہوش دیوانہ۔
شَیدِی ن۔ لقب حبشیون کا ہے۔ اسی سبب سے ہر حبشی کو شیدی کہتے ہین۔
شَیدُمَان ع۔ گرگ۔ بھیڑیا۔ یا ایک قسم گرگ درندہ کی۔
شِیر ن۔ یاے مجہول سے جانور درندہ جو مشہور ہے اور سکندر نامہ مین ایک مقام پر مراد سکندر بادشاہ سے ہے۔
شِیر ن۔ یاے معروف سے دودھ۔
شِیراز ن۔ نام شہر کا ایران مین جسکو شِیراز بن طہمورث نے بنایا تھا۔
شِیراز ع۔ وہ دہی جسکا پانی نکال ڈالا گیا ہو۔ شوایز اس کی جمع ہے۔
شِیر اَندام ن۔ وہ شخص جسکے بازو سخت اور تیار ہون اور سینہ چوڑا اور کمر پتلی ہو۔
شِیران پُولادخاے پہلوان لوگ۔
شِیر بَرفی ن۔ سرد ملکون مین لڑکے برف کے شیر بناکے رستون پر کھڑا کردیتے ہین اور جانور انکو دیکھ کے بھاگتے ہین۔

شیر بہا ن۔ یاے معروف سے وہ جیز جو داماد لڑکی کی طرف سے دلھن کو جاتا ہے ترکی مین اُسکو ساچق اور ہندی مین منہ دکھائی کہتے ہین

شیر خدا ن۔ ترجمہ اسد اللہ کا یہ لقب ہے حضرت مرتضیٰ علی علیہ السلام کا۔

شیر خشت ن۔ یاے معروف سے نام ایک دوائے مسہل کا جو سفید مثل گوند کے نرم ہوتی ہے

شیر خانہ ن۔ یاے معروف سے بمعنی شیر خانہ

شیر ژیان ن۔ غصہ مین بھرا ہوا شیر۔

شیر شاذروان ن۔ تصویر شیر کی جو فرش اور پردہ وغیرہ پر کھینچتے ہین۔

شیر علم ن۔ تصویر شیر کی جو نشان کے پھریرے پر بناتے ہین واسطے اظہار و شوکت اور شکون غلبہ کے

شیر غلط ن۔ پہلوان کا کشتی مین زمین پکڑنا کہ پھر وہ کسی طرح چت نہین ہوسکتا اس نام کی وجہ یہ ہے کہ شیر کبھی اپنی پیٹھ زمین پر نہین لگاتا ہے اور نہ کبھی چت سوتا ہے۔

شیر قلاب ع۔ غلندر دنکی کر کے تسمہ کمسوا جو اکثر بصورت شیر ہوتا ہے۔

شیر قالین ن۔ تصویر شیر کی جو اکثر قالیچہ وغیرہ پر بنی ہوتی ہے

شیر ک شدن ن۔ دلیر ہونا۔ غالب ہونا

شیر گردون ن۔ آفتاب۔ برج اسد

شیر گیر ن۔ شخص جسکو شراب کا نشہ زیادہ نہ ہو معزز۔ صاحب مرتبہ۔ بہادر۔ نیم مست جسکو ہوش بھی ہو۔

شیر ماہی ن۔ یاے مجہول سے ایک بہت بڑی مچھلی ہوتی ہے جسکے دانت کے دستے بنتے ہین

شیر مرغ ن۔ یاے معروف سے مراد جیز عجیب اور کیاب اور نادر سے۔

شیر مست ن۔ یاے معروف سے ہرن اور بکری وغیرہ کا بچہ جسکا دودھ سے پیٹ بھرا ہوا اور اس سبب سے وہ مست یعنی کلانچین مارتا پھرے۔

شیر و شکر ن۔ ایک قسم کا نفیس ریشمی کپڑا

شیر وان ن۔ یاے مجہول سے نام شہر کا

شیر وی ن۔ یاے مجہول سے بمعنی شجاع مرد دلیر۔ اور نام خسرو پرویز کے بیٹے کا۔

شیر ہشتن ن۔ یاے معروف سے حسرت اور افسوس کرنا۔ موجودہ نعمت کا چھوڑ دینا یعنی دودھ بھری تھالی مین لات مارنا۔

شیرین ن۔ میٹھا عزیز۔ مرغوب۔ نایاب اور نام معشوقۂ فرہاد کا۔

شیرین باف ن۔ وہ کپڑا جو نہ بہت موٹا ہو نہ بہت باریک۔

شیرین کاری ن۔ کام کا اچھے طور سے انجام دینا۔

شیزر ع۔ آبنوس کی لکڑی

شیشاک ت۔ یاے معروف سے بکریکا بچہ جو ایک برس کا ہو۔

شیشہ ن۔ کانچ۔ اور بمعنی آئینہ بھی۔

شیشہ بندی ن سیٹی بجانا۔

شیشہ باز ن۔ مکار۔ دغاباز۔ ایک فرقہ بازیگر دنکا جو شیشہ پانی کا بھرا ہوا سر پر رکھکے ناچتا اور کرتب دکھاتا ہے۔

شیشہ بازی مکاری۔ دغابازی اور نام ایک ناچ کا جسکی صفت ابھی ذکر ہوئی

شیشہ بر سر بازار شکستن ن۔ کنایہ بھید کے ظاہر کر دینے سے۔

شیشہ بر سنگ ن۔ کنایہ اُس شخص سے جو شکستہ حال اور خراب کیفیت ہو۔

شیشہ جان ن۔ نازک دل۔ نازک مزاج

شیشہ حجام ن۔ جیسے ہندوستان مین دستور ہے کہ بعد پچھنہ لگانے کے سینگی سے خون کو کھینچتے ہین ولایت مین شیشہ لگاکر خون کھینچتے ہین۔

شیشہ دل ن۔ نامرد۔ ڈرپوک۔

شیشہ ساعت ن ہالو کی گھڑی۔

شیطان ع خدا کا دشمن۔ دیو۔ سانپ اور ہر سرکش اور نافرمان کو بھی کہتے ہین۔ خواہ انسان ہو خواہ جن۔ خواہ چوپایہ۔

شیطانی شدن ن خواب مین محتلم ہونا یعنی سوتے مین جو منی خارج ہوجاتے ہین۔

شیعہ ع۔ مطیع۔ تابعدار۔ مدد کرنیوالے لوگ گروہ علحدہ سرخود اور غالب۔

عرف مین وہ لوگ جو مذہب امامیہ رکھتے ہین - یہ لفظ واحد اور جمع دونون طرح مستعمل ہے -

شِیعی - ن - منسوب طرف شیعہ کے -

شِیفتہ - ن - عاشق - مدہوش -

شِیفتگی - ن - بیہوشی - حیرانی -

شِیلان - ت - یاے معروف سے کھانے کا دسترخوان - کھانے کا خوان - مجازاً بمعنی کھانے یعنی طعام کے بھی آیا ہے

عُناب جو ایک میوہ مشہور ہے -

شِیلانجی - ت - باورچیخانہ کا داروغہ اور بمعنی بُرقصاب کے بھی -

شِیم - ع - عادتین خصلتین - یہ جمع شیمہ کی ہے -

شِیمَہ - ع - وہ زمین جو کبھی گوڑی نگی ہو -

شِیم - ا م - ایک قسم کی مچھلی چملکون والی -

شِیمَہ - ع - طبیعت خصلت - عادت -

شِین - ع - زشتی - بُرائی - عیب -

شِیئن - ن - مخفف نشین کا بمعنی بیٹھ -

شِیوا - ن - یاے مجہول سے فصیح و بلیغ

شِیوا زبان - ن - فصیح بلیغ - تیز زبان

شِیوہ - ن - یاے مجہول سے ناز و کرشمہ طرز - روش - طریقہ - ہنر -

شِیوہ بَزّاز - ن - پہلے بُری چیز خریدار کو دکھانا پھر اچھی اور عمدہ دکھانا اور یہی بزاز دنکا دستور ہے -

شُیُوع - ع - ظاہر ہونا - رواج پانا -

شِیُون - ع - یاے مجہول سے نوحہ ماتم نالہ فریاد - رونا -

شُیُون - ع - جمع شان کی - اور جمع شین بمعنی زشتی اور عیب کی -

شِیہہ - ن - آواز گھوڑے کی اور اسکو عربی مین صَہیل کہتے ہین -

باب صاد مہملہ

فصل صاد مع الف

صَابِر - ع - صبر کرنے والا - اور لقب حضرت اَیُّوب علیہ السلام کا -

صَابُون - ع - جس سے کپڑے دھوتے ہین -

صَابِی - ع - پھرنے والا ایک دین سے دوسرے دین کی طرف -

صَاحِب - ع - مالک - یار - وزیر خداوند - اسپر کسرہ اضافت کا نہین آتا ہے جیسے صاحبدل صاحبقرآن - صاحب غرض - مگر کبھی بطور شاذ آبھی جاتا ہے -

صَاحِبُ الزَّمَان - ع - لقب ہے حضرت امام محمد مہدی علیہ السلام کا - از غیاث

صَاحِبُ جَوزَہ - ن - ستارہ عطارد اسلیے کہ جوز اغانۂ عطارد ہے

صَاحِبِ خَبَر - ن - کنایہ ایلچی سے

صَاحِبِ فِراش - ع - کنایہ ایسے مریض اور بیمار سے جو چل پھر نہ سکتا ہو -

صَاحِبِ قِران - ن - وہ شخص جسکے نطفہ کے قرار پاتے وقت یا جسکی ولادت کے وقت زحل اور مشتری یا زہرہ اور مشتری کو قران ہو یعنی یہ دونون ستارے ایک ہی برج مین ہون اور یہ بات سالہاے دراز کے بعد ہوتی ہے اور ایسا مولود ضرور بادشاہ ہوتا ہے اور اس کی بادشاہی دیر تک رہتی ہے امیر تیمور کا بھی لقب صاحبقران ہے اور یہ بادشاہ چھ اقلیم کا تھا -

صَاحِبَہ - ع - سہیلی - جورو - عورت ہم صحبت

صَاحِبِی - ن - ایک قسم انگور کی - نام ایک قسم کے کپڑے ریشمی دھاری دار کا -

صَاحِی - ن - ہوشیار - بغیر ابر کا دن -

صَاخَّہ - ع - سخت اور کڑی آواز جو کانکو بہرا کردے - قیامت -

صَادِر - ع - نکلنے والا - ایک جگہ سے بس صادر و وارد بمعنی جانے والے اور آنے والے کے مستعمل ہے -

صَادِق - ع - سچّا - درست آجانا معنی کا کسی شے پر -

صَارِخ - ع - چیخنے والا - چلّانیوالا -

صَارِم - ع - تیز تلوار خوب کاٹنے والی اور بمعنی مرد دلیر اور بہادر کے -

صَارُوج ۔ع۔ داد معروں سے چونا خاکستر وغیرہ مین ملا ہوا۔

صَاع ۔ع۔ زمین پست۔ ایک وزن ہے جو بموجب تحقیق کے دوسو چونتیس (۲۳۴) تولہ کا ہوتا ہے۔

صَاع سِتَان ۔ن۔ زکوٰۃ فطر لینے والا یعنی وہ فقیر و محتاج جو گیہون اور جو وغیرہ صدقہ عید الفطر کا لیتا ہے۔

صَاعِد ۔ع۔ پستی سے طرف بلندی کے جانے والا۔ اوپر چڑھنے والا۔

صَاعِقَہ ۔ع۔ بجلی جو ابر سے زمین پر گرے۔ موت۔ عذاب ہلاک کرنیوالا۔ عذاب کی چیخ۔ کوڑا جو فرشتہ ابر کے ہاتھ مین ہے جس سے وہ بھکم الٰہی ابر کو ہنکاتا ہے۔

صَاف ۔ع۔ بے ملاؤ۔ خالص۔ صفا۔ اور فارسی مین یہ لفظ بمعنی شراب صاف کے مستعمل ہوتا ہے۔

صَافّ ۔ع۔ صف باندھنے والا۔

صَافَّات ۔ع۔ صف باندھنے والے اور قرآن شریف مین مراد فرشتے ہین جو درگاہ الٰہی مین صف باندھے ہوئے منتظر حکم خدا کے کھڑے رہتے ہین۔

صَافِن ۔ع۔ ایک رگ کا نام ہے جو پنڈلی مین ہوتی ہے۔ وہ گھوڑا جو تین پیرون پر کھڑا ہو اور چوتھے پیر کا ناخن زمین پر ٹیکے رہے اور اس طرح کا گھوڑا تیز رفتار ہوتا ہے۔

صَافِنَات ۔ع۔ وہ گھوڑے جنکی صفت ابھی مذکور ہوئی۔

صَافِی ۔ع۔ صاف یکجھوٹ۔ یہ اسم فاعل ہے ماخوذ صفا سے جیسے قاضی قضا سے اور راضی رضا سے اور استعمال فارسی مین وہ کپڑا جسمین دوا یا شراب وغیرہ چھانین۔

صَاقُور ۔ع۔ کُلہاڑی۔ تبر۔ کلہاڑی۔

صَاقُورَہ ۔ن۔ کاسۂ سر کے اندر کا مغز تیسرا آسمان۔

صَالِب ۔ع۔ تپ گرم بغیر لرزہ کی خلاف ناقص کے کہ وہ مع لرزہ ہوتی ہے۔

صَالِح ۔ع۔ نیک جو گنہگار نہ ہو۔ نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا جنکی دعا سے اونٹنی پتھر سے پیدا ہوئی تھی۔

صَالِحَہ ۔ع۔ نیک عورت۔ نیکی۔ اعمال اچھے اور نیک۔ نام ایک پہاڑ کا دمشق مین جسپر شیخ محی الدین ابن العربی کی قبر ہے۔

صَائِغ ۔ع۔ بیل اور بکری چھ برس کی۔

صَامِت ۔ع۔ خاموش۔ چپکا۔ چاندی سونا۔ اس لیے کہ مال صامت کنایہ ہے زیور اور نقد وغیرہ سے اور مال ناطق مراد ہے لونڈی اور غلام اور چوپایہ سے

صَانِع ۔ع۔ کاریگر۔ بنانیوالا۔

صَائِل ۔اونٹ جو ہاتھ پاؤن مارے

صَائِب ۔ع۔ رسا۔ پہونچنے والا۔ درست اور تخلص ایک شاعر کا جسکا محمد علی نام تھا۔

صَائِغ ۔ع۔ زرگر سُنار۔

صَائِل ۔ حملہ کرنیوالا۔

صَائِمُ الدَّہر ۔ع۔ وہ شخص جو ہمیشہ روزہ رکھے۔

صَائِم ۔ع۔ روزہ دار۔ روزہ رکھنے والا۔ روزے رکھنے والے یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آیا ہے۔ اور صائم نام ہے دوسری انتڑی کا منجملہ چھ انتڑیون پیٹ کے۔

فصل صاد مع بائے موحدہ

صَبّ ۔ع۔ پانی کا گرانا۔ پانی کا گرنا اور بمعنی عاشق کے بھی۔

صَبَا ۔ع۔ وہ ہوا جو مشرق سے چلتی ہو یعنی پُروا ہوا۔ اور کبھی مراد صبح کی ہوا سے نام ایک لغہ کا موسیقی سے۔

صِبَا ۔ع۔ کودی۔ لڑکپن۔

صَبَاد ۔ع۔ خواہش کرنا دل کا کسی چیز کی طرف لڑکون کے ساتھ کھیلنا۔ عاشقی۔

صَبَاح ۔ع۔ صاحب حسن۔ گوری رنگت والا بہت خوبصورت۔ شعلہ قندیل کا۔

صَبَاح ۔ع۔ صبح تڑکا۔ خوب۔ خوبصورت۔

صَبَاحُ الخَیر ۔ع۔ یہ ایک کلمہ ہے کہ جو صبح کو آپسمین کہتے ہین۔

صَبَاحَت ۔ع۔ خوبصورتی گوری رنگت کے ساتھ برخلاف ملاحت کے کہ وہ سبزہ رنگ کے

صَبّار - ع - بڑا صبر کرنے والا -
صَبّاغ - ع - رنگریز - رنگنے والا -
صَبّاغ الارض - ع - مراد آفتاب سے اسلیے کہ تمام جمادات اور نباتات اور حیوانات کو رنگ اسی آفتاب کے اثر سے پہونچتا ہے -
صَبّاغ فلک - ع - کنایہ چاند سے -
صَبَب - ع - پست زمین نشیب زمین کسی پر عاشق ہوجانا -
صُبح - ع - فجر - تڑکا -
صُبح آخرین - ف - }
صُبح دوم - ف - } صبح صادق -
صُبح راستین - ف - }
صُبح نخستین - ف - صبح کاذب -
صِبر - ع - ایلوا - ایک تلخ گوند مشہور ہے واضح ہو کہ اسکے حرف دوم کو سکون جائز نہین ہے مگر بضرورت شعری - اور بعضے کہتے ہین کہ بمعنی ایلوا حرف اول کے کسرہ اور حرف دوم کے سکون سے بھی جائز ہے -
صَبغ - ع - رنگنا - رنگ کرنا -
صِبغ - ع - رنگ -
صِبغۃ اللہ - ع - کنایہ دین محمدی سے -
صَبُوح - ع - وہ شراب جو صبح کو پی جاتی ہے برخلاف غبوق کے کہ یہ وہ شراب ہے جو شام کو پی جاتی ہے -
صُبُوح - ع - وقت صبح -
صَبُوحی - ع - صبح کی شراب اور وقت صبح شراب پینا -
صَبُور - ع - وہ شخص جو صبر کرے اور وہ شخص جو بدلہ لینے مین جلدی نہ کرے -
صَبُوری - ع - کام مین جلدی نہ کرنا -
صَبِی - ع - وہ لڑکا جسکا دودھ چھوٹ گیا ہو - یعنی دودھ نہ پیتا ہو -
صِبی - ع - طفل - کودکی - لڑکپن -
صِبیان - ع - جمع صبی کی - لڑکے - واضح ہو کہ یہ لفظ صاد کے ضمہ سے بھی آیا ہے -
صَبیح - ع - خوبصورت سفید رنگ یعنی گوری رنگت والا - برخلاف ملیح کے کہ وہ سبزہ رنگ اور نمکین ہوتا ہے -
صَبیّہ - ع - لڑکی - دختر -

فصل صاد مع حاے مہملہ

صِحاب - ع - جمع صاحب کی یار لوگ -
صَحابت - ع - یار ہونا - یاری کرنا - صحبت مین رہنا -
صَحابہ - ع - یار لوگ - ہم صحبت -
صَحاح - ع - تندرستی عیب سے پاک ہونا - مرض سے صحت پانا - تندرست عیب سے پاک صحیح - نام کتاب لغت کا -
صِحاح - ع - جمع صحیح کی تندرست لوگ -
صحاری - ع - جمع صحرا بمعنی جنگل کی -
صِحاف - ع - بڑے بڑے پیالے اور کاسے
صَحّاف - ع - کتاب کی جلد بنانے والا کتاب بیچنے والا -
صَحائف - ع - جمع صحیفہ کی کتابین -
صَحب - ع - اسم جمع صاحب بمعنی یار کا ہے اور اصحاب جمع الجمع ہے -
صُحبت - ع - یاری - پاس رہنا -
صِحّت - ع - تندرستی -
صَحرا - ع - وہ جنگل جسمین گھاس اور درخت نہون - میدان - ریگستان -
صحرائے جان - ف - عالم ارواح -
صحرا نیوش - ف - صحرا نورد - جنگل کا پھرنے والا -
صُحُف - ع - جمع صحیفہ بمعنی کتاب کی اور استعمال فارسی مین حروف دوم کے سکون سے بھی یہ لفظ آتا ہے -
صَحن - ع - بڑا طشت - بڑا طباق - گھر کا آنگن - ہموار زمین -
صَحن پاکودہ - ف - مراد کنواری عورت کے اندام نہانی یعنی شرمگاہ سے -
صَحنک - ع - تصغیر صحن کی چھوٹا طباق اور رکابی -
صَحو - ع - ہوشیاری - ہوشیار ہونا مستی سے ہوش مین آنا - آسمان کا صاف ہونا ابر و غبار سے اور اصطلاح صوفیہ میں گم اور نابود کرنا اپنے اوصاف کو اور

عادت کا بینی اوصاف بشری کا مسا دینا۔
صَحِیح ۔ع۔ تندرست ۔عیب سے پاک۔
صَحِیفَہ ۔ع۔ کتاب ۔ رسالہ۔

فصل صاد مع خاے معجمہ

صَخّاب ۔ع۔ فریاد کرنے والا۔
صَخَب ۔ع۔ فریاد اور زاری کرنا۔
صَخر ۔ع۔ بڑا پتھر۔
صَخرَہ ۔ع۔ بڑا پتھر۔ نام ایک پتھر کا ہے جو بیت المقدس مین ہوا پر معلق ہے اور اُسکو صَخرَہ صما بھی کہتے ہین۔ نام ایک بد صورت دیو کا جو سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی لیگیا تھا
صَخرِیَہ ۔ع۔ سنگستان۔

فصل صاد مع دال مہملہ

صَد ۔ ف۔ سو ایک سو۔ جو عدد مشہور ہے اصل اسکی سد سین سے بھی ہے چونکہ سد بمعنی حائل اور مانع ہے اسلیے اسکو صاد سے لکھتے ہین
صَد ۔ع۔ باز رکھنا۔ پھیر دینا۔
صَدا ۔ع۔ آواز گونج۔ وہ آواز جو گنبد اور کنوین اور پہاڑ وغیرہ سے واپس آتی ہے
صَدارَت ۔ع۔ بالانشینی۔ نام ایک منصب کا جو قریب وزارت کے ہوتا ہے پیش رسانی ابتدا کرنا۔ شروع۔
صُدَاع ۔ع۔ دردسر۔
صِداق ۔ع۔ عورت کا مہر۔
صَداقَت ۔ع۔ دوستی سچاپن۔
صَدپا ۔ع۔ف۔ کھنکھجورا
صدبرگ ۔ف۔ گیندا مشہور درخت کا پھول ہے ہر پھول جسمین بہ نسبت اسکے اقسام کے پنکھڑیان بہت ہون۔
صَدَد ۔ع۔ مقابلہ۔ نزدیکی۔ برابری کسی چیز کی مجازاً بمعنی قصد کرنا۔ درپے ہونا۔
صَدر ۔ع۔ سینہ۔ اول ہر چیز کا۔ اوپر۔ ابتدا۔ بالانشین۔ امیر۔
صَدرِ مجمّد ۔ف۔ نام ایک بزرگ کا ہے جو شہر مجمند کے رہنے والے تھے۔
صُدرَہ ۔ع۔ سینہ پوش۔ چھوٹا کرتہ پیرہن نیم تنہ۔ صدری۔
صُدغ ۔ع۔ / **صُدغَہ** ۔ع۔ شقیقہ کنپٹی۔
صُدغَین ۔ع۔ دونون کنپٹیان۔
صَدف ۔ع۔ سیپی۔ چھوٹا پیالہ شراب پینے کا۔ نام تین ستارون کا جو قطب کے گرد ہین اور انکو صدفِ قطب کہتے ہین۔
صِدق ۔ع۔ سچائی۔ سچ تعریف اور بمعنی نام نیک۔ اور بعضون نے کہا ہے کہ بفتح اول سچ بولنا۔ اور بکسر اول سچ۔
صَدَق ۔ع۔ خیزہ سیدھا اور سخت مرد راست اور کامل۔ ہر چیز کامل۔
صُدُق ۔ع۔ سچ بولنے والے۔
صُدُق ۔ع۔ جمع صدق بمعنی سچ کی۔
صَدَقہ ۔ع۔ خدا کے نام پر جو فقیر ونکو دین۔
صَدَقہ جارِیَہ ۔ع۔ نہر۔ کنوان۔ پل مسجد وغیرہ
صَدمَہ ۔ع۔ دو چیزون کو ایک مرتبہ آپسمین رگڑنا۔ اور ضرر پہونچانا۔
صُدُور ۔ع۔ سینے۔ چھاتیان۔ بالانشین لوگ۔ امیر لوگ۔ جمع صدر کی۔ اور مصدر بھی ہے بمعنی باہر نکلنا کسی جگہ سے۔
صَدُوق ۔ع۔ بہت بڑا سچ بولنے والا۔
صَدِید ۔ع۔ پیپ جو زخم سے نکلتی ہے کھولتا ہوا پانی جو بہت جوش دینے سے گاڑھا ہو جائے۔
صِدّیق ۔ع۔ بڑا سچا۔ کسی کی بات کو بڑا سچ جاننے والا۔ لقب خلیفۂ اول کا۔
صِدِّیق ۔ع۔ دوست۔ بہت سے دوست مفرد اور جمع دونون آیا ہے اور مذکر اور مونث اسکا یکسان ہے۔

فصل صاد مع رائے مہملہ

صُرّاح ۔ع۔ خلاصہ ہر چیز کا خالص نام ایک کتاب لغت کا۔ اور بمعنی روشنائی۔ وہ شراب جس مین پانی نہ ملا ہو۔
صِراح ۔ع۔ روبرو ہونا۔
صَراحَت ۔ع۔ آشکارا ہونا ظہور۔
صُراحی ۔ع۔ شراب یا پانی رکھنے کا برتن جو اکثر بشکل کدو ہوتا ہے۔
صُراخ ۔ع۔ چیخ۔ چنگھاڑ۔ آواز سخت۔

صُرَاخ ع۔ مور۔ طاؤس۔
صِرَاط ع۔ راہ راست۔ سیدھا رستہ۔ نام ایک پل کا جو دوزخ پر ہوگا بال سے زیادہ باریک اور تلوار کی دھار سے زیادہ تیز۔
صِرَاع ع۔ آپسمین کشتی لڑنا۔
صَرَّاف ع۔ روپیہ اور اشرفی کا پرکھنے والا اور علم صرف جاننے والے کو بھی کہتے ہین۔
صَرَافَت ع۔ روپیہ اشرفی کا پرکھنا خاص ہونا۔ خرچ کرنا۔
صُرَام ع۔ سختی۔ بلا۔ جنگ۔
صِرَام ع۔ کٹے ہوئے درخت کے ٹکڑے۔
صَرَّام ع۔ چرم گر۔ چمڑا بنانے والا۔
صَرَامَت ع۔ دلاوری۔ چالاکی۔ کاٹنا قطع کرنا۔ اور بمعنی بزرگی بھی۔
صَرح ع۔ محل۔ قصر۔ عمارت عالی۔ اور بمعنی ظاہر کرنا۔
صَرخ ع۔ ہر چیز خالص۔
صرح مُمَرَّد ع۔ قصر درخشان اور سادہ اور ہموار۔ اور کنایہ آسمان سے۔
صُرخہ ع۔ چیخ۔ فریاد۔ عذاب۔
صَرَد ع۔ ایک پرند ہے بڑے سر کا جو چڑیا کو شکار کرتا ہے فارسی کاگ۔ ہندی لٹوا۔
صَرصَر ع۔ باد تند۔ آندھی۔
صَرَع ع۔ پچھاڑ نا زمین پر۔ نام مرض جو زمین پر گرا دیتا ہے۔ ہندی مرگی۔

صِرف ع۔ ہر شے خالص۔ شراب خالص جسمین پانی نہ ملا ہو۔
صَرف ع۔ روپیہ اور اشرفی کا پرکھنا خرچ کرنا۔ لوبتہ۔ سونا چاندی گلانیکی گھریا۔ حیلہ۔ حادثہ۔ گردش زمانہ کی۔ اوندھا کرنا کسی چیز کا۔ نام علم مشہور کا۔
صَرفہ ع۔ بخیلی اور تنگی خرچ مین کرنا۔ فائدہ افزونی۔ نفع۔ حیلہ۔ مکر۔
صَرفی ع۔ علم صرف جاننے والا۔
صَرم ع۔ معرب چرم بمعنی چمڑے کا قطع کرنا۔ کاٹنا۔ درخت اور بات کا کاٹنا۔
صُرم ع۔ بربدگی۔ کوتاہی۔
صِرم ع۔ لوگونکی جماعت۔ مکان۔ اکھٹے اور مجتمع۔ موزہ بغل دار۔
صُرُوف ع۔ حادثے۔ زمانہ کی گردشین۔
صُرّہ ع۔ تھیلی۔ ہمیان۔
صِرّہ ع۔ جاڑا۔ جاڑے کی شدت آواز۔ فریاد۔ غل۔ شور۔
صَرّہ ع۔ غل۔ فریاد۔ چیخ۔ لوگونکی جماعت سختی۔ اندوہ۔ گرمی کی شدت۔
صَرِیح ع۔ ظاہر۔ آشکارا۔
صَرِیخ ع۔ فریاد کرنے والا۔ دادخواہ اور بمعنی آواز سخت کے بھی۔
صَرِیر ع۔ آواز قلم کی جو لکھتے وقت نکلتی ہے ٹڈی کا شور۔ غل آواز جوتے کی وقت چلنے کے۔ دروازہ کی آواز کھولتے اور بند کرتے وقت۔
صَرِیف ع۔ دروازہ اور گراری کی آواز خالص چاندی۔ دودھ تازہ دوہا ہوا۔
صَرِیمَہ ع۔ قصد۔ ترک کرنا کسی کام کا۔ رات کا ایک ٹکڑا اور حصّہ۔

فصل صاد مع عین مہملہ

صِعَاب ع۔ جمع صعب کی دشواریان
صَعب ع۔ دشوار۔ سرکش شیر درندہ۔
صَعدہ ع۔ ایک گوجر جہت سے گوجر۔ مفرد اور جمع دونون آتا ہے۔
صَعق ع۔ بیہوش ہونا۔ مرجانا۔ آسمان کا گرمانا بجلی کو۔ بجلی کا کسی کو بیہوش کر دینا۔
صَعَق ع۔ سختی آواز کی۔
صَعِق ع۔ مرد سخت آواز۔
صَعقہ ع۔ بیہوشی۔ بیہوش ہونا۔
صُعلُوک ع۔ فقیر۔ درویش۔
صُعُوبَت ع۔ سختی۔ دشواری۔
صُعُود ع۔ بلندی پر چڑھنا۔ اوپر چڑھنا
صَعُود ع۔ اوپر چڑھنے والا۔ بلندی۔ سختی عذاب۔ نام پہاڑ کا دوزخ مین۔
صَعوَہ ع۔ مولا پرند مشہور ہے
صَعِید ع۔ خاک۔ روے زمین۔ مٹی۔

فصل صاد مع غین معجمہ

صِغَار ع۔ جمع صغیر کی چھوٹے۔ خرد۔ کوچک۔ خوار لوگ۔

صَغَارَت - ع - چھوٹائی - خردی -
صَعْب - ع - وہ آدمی یا جانور جسکا سر بہ نسبت ڈیل کے چھوٹا ہو -
صِغَر - ع - خردی - چھوٹائی - چھوٹا پن -
صِغَرِ سِن - ع - خرد سالی - لڑکپن -
صُغْرَیٰ - ع - چھوٹی عورت ہر شے مؤنث جو چھوٹی ہو - اور اصطلاح اہل منطق مین پہلا قضیہ شکل کا -
صَغِیر - ع - خرد - چھوٹا -

فصل صاد مع فا

صَف - ع - قطار - پرا - آدمیون کا رستہ لین - گوشت کو سیخ پر چڑھانا - پرندجانور کا اپنے پرونکو پھیلانا - اور یہ لفظ فارسی مین بغیر تشدید کے بھی آتا ہے -
صَفا - ع - پاک بے کھوٹ - بے کدورت صفائی - دوستی خالص - نام ایک پہاڑی کا مکہ معظمہ مین - پاکیزگی -
صِفَات - ع - جمع ہے صفت کی -
صَفَاد - ع - بیڑی اور زنجیر وغیرہ جس سے قیدی کو باندھین -
صِفَار - ع - جمع صفر کی جسکے معنی آگے مذکور ہوتے ہین -
صَفَّار - ع - کانسہ کے برتن ڈھالنے والا
صِفَاق - ع - جھلی یعنے باریک پوست جو کھال کے نیچے اگتا ہے اور اُسی پر بال اُگتے ہین اور وہ پوست جو آنتون وغیرہ پر ہوتا ہے -
صِفَاہَان - سب نام شہر کا جسکو اصفہان بھی کہتے ہین اور یہ معرب سپاہان کا ہے اس شہر مین کان سرمہ کی ہے اور یہ سرمہ نہایت خوب اور مشہور ہے - نام ایک راگ کا موسیقی مین جو پچھلی رات کو گایا جاتا ہے -
صَفَالِح - ع - جمع صفحہ کی تختے چوڑے پتھر ہر چیز کے چوڑے ٹکڑے مثل کاغذ کے -
صِفَت - ع - بیان کرنا کسی کے حال کا - گُن - تعریف - علامت - نشان کسی شے کا واضح ہو کہ صفت اور وصف مین بموجب اصطلاح کے فرق یہ ہے کہ جو کوئی کسی کی تعریف کرے وہ وصف ہے اور جو اُس شخص کی ذات مین نیک خصلتین ہون وہ صفت ہے اور علم صرف کی اصطلاح مین اسم فاعل اسم مفعول صفت مشبہہ افعل التفضیل کو صفت کہتے ہین
صَفح - ع - معاف کرنا کسی کے گناہ کا -
صَفحَہ - ع - ایک رخ ورق کا -
صفدر - ع - لشکر کی صف کو پھاڑنیوالا -
صفر - ع - تہی - خالی - مجازاً بمعنی خالی ہونا کھوکھلا ہونا چھوٹا دائرہ اس شکل کا (٥) جو علم حساب مین کسی عدد کے وہ چند کرنیکے لیے دہنی طرف لکھتے ہین - ہندی مین تو یہی شکل باقی رہی اور عربی اور فارسی مین اس کے عوض نقطہ (٠) دیتے ہین اور اہل تقویم کی اصطلاح مین صفر علامت ستارۂ زہرہ اور بُرج حمل کی ہے -
صُفْر - ع - زردی - روئین جسکو ہندی مین کانسی کہتے ہین -
صَفَر - ع - نام دوسرے مہینے قمری کا -
صَفْرَا - ع - نام ایک خلط زرد رنگ کا چار خلطون مین سے جسکو فارسی مین تلخہ اور ہندی مین پت کہتے ہین اور یہ بہت کڑوا ہوتا ہے اور کبھی لفظ صفرا بمعنی تمحی بھی آتا ہے اور بمعنی ہر شے جو زرد رنگ ہو - اور بمعنی کمان کے بھی آیا ہے جس سے تیر لگاتے ہین -
صَفْرَاءِ فَاقِع - ع - رنگ زرد - ڈھڈ ہا -
صَفْرَاوِی - ع - منسوب طرف صفرا کے
صُفْرَت - ع - زردی -
صَفَرَت - ع - بھوک - بھوکا -
صَفْصَاف - ع - بید کا درخت -
صَفْصَف - ع - ہموار زمین -
صَفْع - ع - گردن پر گھونسا مارنا -
صَفْعَہ - ع - کسی کے ہاتھ پر ہاتھ مارنا دا سلے بیعت یا بیچنے وغیرہ کے -
صَفِ نِعَال - ع - آخری صف جہان اہل مجلس جوتیان اتارتے ہین - نِعَال جمع نعل کی اور نعل بمعنی پاپوش اور کفش کے -
صَفْوَان - ع - ہموار پتھر نام ایک مرد کا جسکے ساتھ منافقون نے ام المومنین عایشہ رض کو

ع
ایک بار اور ایک بار سے زیادہ کا فرق ہے
کہ جس پر ایک بار کا لفظ بولا جاتا ہے
اُس پر بار بار کا لفظ نہین بولا جاتا
سرزنش کرنا ہو تو ایک بار کہنا
بہتر ہے

تہمت لگائی تھی - از منتخب -

صِفُوۃ - ع - صاد کی تینوں حرکتوں سے بمعنی خلاصہ - صاف - برگزیدہ -

صَفُورَا - ع - بیٹی حضرت شعیب علیہ السلام کی جو حضرت موسیٰ کے نکاح میں تھیں -

صُفُوف - ع - جمع صف کی قطاریں -

صَفَوِی - ع - منسوب طرف شاہ صفی کے جو درویش صاحب کمال تھے - تیمور بادشاہ کو انکے کمال باطنی پر بڑا اعتقاد تھا پوتا انکا شاہ اسمٰعیل بادشاہ ایران ہوا اسکے بعد سب بادشاہ ایران کے انھیں کی اولاد سے ہوے -

صُفّہ - ع - ایوان خانہ - دالان جس کی چھت پٹی ہوئی ہو - اہل صفہ وہ غریب مسلمان جنکو گھر نصیب نہ تھا اور مسجد کے کونے میں اپنی بسر کرتے تھے زمانۂ رسول میں -

صَفِی - ع - برگزیدہ - دوست خالص - ہر چیز صاف اور خالص - وہ اونٹنی جو بہت دودھ دے - لقب آدم علیہ السلام کا -

صَفِیّہ - ع - عورت برگزیدہ - نام ایک زوجۂ حضرت رسول صلعم کا -

صَفِیحہ - ع - چوڑی تلوار - چوڑی ہر چیز -

صَفِیر - ع - آواز پرندجانوروں کی - وہ آواز جو پرندجانوروں کے بلانے کے واسطے کرتے ہیں اور یہ معرب سپیل کا ہے -

صَفِیق - ع - سخت چمڑا - سنگین کپڑا -

صِفِّین - ع - نام ایک مقام کا نزدیک موضع رقہ کنارے آب فرات کے -

فصل صاد مع قاف

صَقّار - ع - سخن چین - لترا - کافر شراب بیچنے والا -

صِقالَت - ع - صیقل کرنا -

صَقّال - ع - صیقل کرنے والا -

صِقال - ع - آئینہ خواہ تلوار کی صفائی -

صَقَر - ع - چرخ جو پرندہ شکاری ہے - ہر پرند جو شکار کرے مثل باز اور شاہین وغیرہ کے - کھٹا دودھ - کھٹی شراب - کلھاڑی سے لکڑی چیرنا کسی لوہے کے آلہ سے پتھر وغیرہ کا توڑنا - دھوپ کا تیز ہونا -

صُقَر - ع - دیوث -

صَقِیع - ع - اوس - شبنم -

صَقِیل - ع - روشن - چمکتا ہوا -

فصل صاد مع کاف

صَکّ - ع - ٹھونکنا - کوٹنا - سخت مارنا - دروازہ کا زور سے بند کرنا - نامہ - قبالہ - یہ چک سے عربی بنایا گیا ہے -

صِکاک - ع - قبالے - نامے -

صُکاک - ع - ہوا -

صَکّاک - ع - قبالہ دستاویز لکھنے والا -

صُکُوک - ع - جمع صک بمعنی قبالہ کی -

صَکِیک - ع - ضعیف - ناتوان -

فصل صاد مع لام

صَلّ - ع - صاف کرنا شراب کا -

صِلّ - ع - ایک قسم کا سانپ چھوٹا اور زرد جسکے کاٹے کا منتر نہیں ہے - بلا سختی -

صَلا - ع - دعوت عام کرنا - آواز دینا - واسطے کھانا کھلانے یا کچھ دینے کے -

صِلا - ع - بریان - بھنا ہوا -

صلابت - ع - سختی - سخت ہونا -

صِلات - ع - جمع صلہ بمعنی انعام کی -

صَلاح - ع - نیکی - ضد فساد -

صِلاح - ع - آپسمیں صلح کرلینا - دوستی -

صَلاحِیَت - ع - نیکی - نیک ہونا -

صَلاصِل - ع - جمع صلصل بمعنی فاختہ کی اور بڑے پیالے -

صَلاصِلہ - ع - بقا اور سل دونوں کو کہتے ہیں -

صَلب - ع - سولی پر چڑھانا -

صُلب - ع - ڈیڑھ کی ہڈی کی گریاں - سخت - قوت - چست - سخت زمین -

صَلَب - ع - سخت یا ہڈی کی چربی -

صُلّب - ع - سخت باڑھ رکھنے کا پتھر -

صُلبی - ع - پشت کا - نسل کا -

صُلبیّہ - ع - نام ساتویں پردہ چشم کا جو تمام پردوں کے بعد ہے -

صُلت - ع - کشادہ پیشانی - آشکارا اور ظاہر چیز - سخاوت -

صُلح ۔ع۔ آشتی ضد فساد کی۔ میل۔

صُلح کل ۔ع۔ ہر مذہب کے آدمی سے دشمنی نہ رکھنا۔ دوست و دشمن سب کے ساتھ محبت سے پیش آنا۔

صُلحا ۔ع۔ جمع صالح کی نیک آدمی۔

صَلد ۔ع۔ سخت اور صاف۔

صِلدِم ۔ع۔ شیر درندہ مشہور ہے۔ ہر چیز سخت اور کڑی۔

صَلصال ۔ع۔ مٹی بالوملی ہوئی۔ گندھی ہوئی۔ مٹی خام اور خشک کہ جب اُسکو انگلی سے بجائیں انتہائے خشکی کی وجہ سے آواز دے۔ خمیر آدم علیہ السلام کا ایسی ہی مٹی سے تھا اور جب ایسی مٹی کو پکا لیتے ہیں تو فخار کہتے ہیں۔

صُلصُل ۔ع۔ بروزن بلبل یعنی فاختہ کہ پرند مشہور ہے۔ گھوڑے کی پیشانی کے بال۔

صَلصَلہ ۔ع۔ زنجیر اور لوہے اور گھنٹہ کی آواز۔

صَلع ۔ع۔ نام ایک مرض کا جسکو ہندی میں گنج کہتے ہیں۔ اور گنجے کو عربی میں۔ اصلع۔

صَلَف ۔ع۔ گپ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔ اندازہ سے باہر ہو جانا۔ ایسا کلمہ کہنا جو سننے والے کو ناگوار گذرے۔ اپنی جھوٹی تعریف کرنا۔ کم برکت ہونا طعام یعنی کھانے کا۔

صَلِف ۔ع۔ بے مزہ کھانا۔ وہ ابر جسمیں گرج یعنے گڑگڑاہٹ زیادہ اور مینھ کم ہو۔ گپ مارنیوالا۔ اپنی تعریف جھوٹی کرنیوالا۔

صَلَم ۔ع۔ جڑ سے کان کاٹ لینا۔

صَلوٰۃ ۔ع۔ نماز۔ درود۔ دعا۔ آمرزش۔ رحمت۔ واضح ہو کہ بمعنی نماز و دعا بندہ کی طرف سے اور بمعنی رحمت و آمرزش خدا کی طرف سے اور بمعنی درود رسول صلعم پر۔

صَلَوات ۔ع۔ جمع ہے صلوٰۃ کی۔ فارسی میں اکثر لام کے جزم سے بھی آتا ہے۔

صَلوخ ۔ع۔ سختی اور بلا ہلاک کرنیوالی۔

صُلول ۔ع۔ گوشت کا سڑ جانا۔ پانی کا بیزہ ہونا

صِلہ رحم ۔ع۔ محبت رکھنی اور سلوک کرنا اپنے عزیزوں اور رشتہ داروں سے۔

صِلہ ۔ع۔ بخشش۔ عطا۔ انعام ملنا۔ پیوند۔ خویشی۔

صَلیب ۔ع۔ سخت۔ کڑا۔ سولی پر جو آدمی چڑھایا گیا ہو۔ سولی۔ چلیپا صلیب معرب چلیپ کا ہے اسکی شکل یہ ہے +

صَلیبی ۔ع۔ مراد قوم نصارے سے

صَلیبی خط ۔ف۔ وہ خط جسکے چار کونے ہوں۔ اور سکندر نامہ میں مراد پیمائش کی جریب سے

صَلیل ۔ع۔ زنجیر اور لوہے کی آواز۔ آواز ضرب شمشیر کی۔ دریا کے پانی بہنے کی آواز۔

فصل صاد مع میم

صَمّ ۔ع۔ نہ سننا۔ بہرا ہونا۔

صُمّ ۔ع۔ بہرے لوگ یہ سے سخت پتھر۔

صِمّ ۔ع۔ مرد دلیر۔ شیر درندہ۔

صَمّا ۔ع۔ بہری عورت۔ زمانکی سختی۔ سخت پتھر

صَمات ۔ع۔ خاموش رہنا چپ رہنا۔

صُماح ۔ع۔ بدبو پسینہ یعنی بغل کی بدبو۔ داغ

صِماخ ۔ع۔ کان کا سوراخ۔

صِماد ۔ع۔ بلندیان۔ سخت زمینین۔ یہ جمع صمد کی ہے۔

صَماد ۔ع۔ ٹھوس چیز۔

صِمام ۔ع۔ شیشہ کی ڈانٹ۔ بوتل کا گاگ

صَمت ۔ع۔ خاموشی۔ چپ چاپ۔

صَمَد ۔ع۔ بہتر۔ بزرگ۔ بے نیاز۔ بلند دائم۔ وہ شخص جسکی طرف خلق کی رجوع ہو۔ وہ شخص جو بھوکا اور پیاسا نہ ہو۔

صَمد ۔ع۔ کسی کام کا ارادہ کرنا شیشہ کے سر کو مضبوط باندھنا۔ بلند جگہ۔ سخت زمین۔ دھوپ کی تیزی سے چہرہ کا پوست جل جانا۔

صَمدیت ۔ع۔ بزرگی بے نیازی۔ انسانی عادتوں سے پاک ہونا۔

صَمصام ۔ع۔ شمشیر بران۔ تیز تلوار۔

صَمصَم ۔ع۔ مرد بخیل۔

صَمغ ۔ع۔ گوند۔ فارسی میں ژد کہتے ہیں۔

صَمَم ۔ع۔ بہرا پن۔ گرانی کان کی۔

صِمَم ۔ع۔ جمع صمہ کی دلیر لوگ بہت سے شیر درندے۔ نر سانپ۔

صُمُوت ۔ع۔ خاموش اور چپ رہنا۔

صُمّ بُکم ۔ع۔ جمع اصم و ابکم کی بہرے

اور گونگے لوگ۔ فارسی مین بجاے مغز و آتا ہے جیسے حور جمع حوراء کی۔
صِمَّہ ۔ع۔ شیر۔ مرد دلیر۔ نرسانپ۔
صَمِیم ۔ع۔ ہر چیز کا درمیان۔ ہر چیز کا خلاصہ۔ خلوص۔ خالص۔ دل کا بیچ۔ بہرا آدمی۔ ہر چیز کا مغز۔ ہڈی کا گودا۔ گرمی اور سردی کی شدت۔ مرد خالص۔ یہ لفظ جمع اور مفرد دونون طرح آیا ہے۔
صَمِیل ع۔ خشک۔

فصل صاد مع نون

صَنَادِید ۔ع۔ جمع صنید کی بزرگ لوگ۔
صَنَادِیق ۔ع۔ جمع صندوق کی۔
صَنَاع ۔ع۔ بڑا کاریگر۔
صُنَّاع ۔ع۔ جمع صانع یعنی کاریگر کی۔
صِنَاعت ۔ع۔ کاریگری۔ پیشہ۔ ہنر۔
صُنان ۔ع۔ بدبو بغل کی۔
صَنَائع ۔ع۔ جمع صنعت کی۔ کاریگریان۔
صَنج ۔مب۔ چنگ ایک باجہ مشہور ہے اور پیتل وغیرہ کی دور کا بیان جنکو آپس مین لڑا کر بجاتے ہین۔ ہندی جھانجھ۔
صَندَل ۔ع۔ مشہور خوشبودار لکڑی ہے۔
صَندَلی ۔ف۔ چھوٹا تخت چوکی۔
صُندُوق ۔ع۔ مشہور چیز ہے۔ فارسی مین اکثر بفتح اول آتا ہے۔
صَندُوقچہ ۔ف۔ چھوٹا صندوق۔

صِنْدِید ۔ع۔ بزرگ۔ بہادر شریف جوانمرد۔
صُنْدُر ۔ع۔ بڑی بڑی بوٹدون والا۔
صُنْع ۔ع۔ کاریگری۔ کام بنانا۔ پیدا کرنا۔ کسی پر نیکی کرنا۔
صَنْعَاء ۔ع۔ نام ایک قصبہ کا یمن مین مگر حالت نسبت مین اسکے آخر مین خلاف قیاس نون زائد کر کے صنعانی کہتے ہین۔
صَنْعَان ۔ع۔ نام ایک بزرگ کا جنکے ساتھ سو مرید تھے شیخ فریدالدین عطار بھی انکے مرید تھے۔
صُنْعت ۔ع۔ پیشہ۔ ہنر۔ کاریگری۔
صِنْف ۔ع۔ ایک قسم اقسام ہر نوع سے جیسے نوع انسان کی صنفین یعنی قسمین چینی اور ترکی اور حبشی وغیرہ ہین۔
صَنَق ۔ع۔ بدبوے بغل کی شدت۔
صَنَق ۔ع۔ بڑی بدبودار سڑی ہوئی چیز۔
صَنَم ۔ع۔ بت مجازاً یعنی معشوق۔ اور بمعنے بدبو کے بھی ہے۔
صنم ۔ مرد گندہ بو۔
صنوان ۔ع۔ خرمے کے کئی درخت جو ایک جڑ سے نکلے ہون وہ ندیان جو ایک چشمہ سے نکلی ہون۔ بھائی جو ایک ماں باپ سے ہون۔
صنوبر ۔ع۔ درخت چلغوزہ کا جسکو ہندی مین چیڑ کہتے ہین۔ اور درخت سرو ناز کو بھی صنوبر کہتے ہین۔
صُنُوف ۔ع۔ جمع ہے صنف کی۔

صِنْیَع ۔ع۔ تلوار تیز اور چمکتی ہوئی۔ خدا کی پیدا کی ہوئی چیز یعنے مخلوق۔
صَنِیعَہ ۔ع۔ نکوئی۔ ہنر۔

فصل صاد مع واو

صَوَاب ۔ع۔ راست۔ درست۔ برخلاف خطا کے۔ راستی۔ درستی۔
صَوَابدید ۔ف۔ صلاح۔ تجویز۔ درست۔
صوارف ۔ع۔ جمع صارفہ کی حادثے زمانہ کی گردشین۔
صَوَارِم ۔ع۔ تلوارین تیز اور کاٹنے والیان۔
صُوَاع ۔ع۔ بڑا پیالہ شراب پینے کا نام ایک پیمانہ کا علاوہ صاع کے۔
صَوَاعِق ۔ع۔ جمع صاعقہ کی بجلیان۔
صَوَانع ۔ع۔ قالب مین کسی چیز کا ڈھالنا۔
صَوَّاغ ۔ع۔ ڈھالنے والا۔ ڈھلیا۔ سنار اصطلاحاً جھوٹ بات بنانے والا۔
صَوَامِع ۔ع۔ جمع ہے صومعہ کی تجانے عبادت خانے۔
صَوْب ۔ع۔ طرف۔ جانب۔ راستی جو ضد خطا کی ہے سیدھا چلنا۔
صُوبہ ۔ف۔ بادشاہت کا ایک حصہ۔
صُوبہ دار ۔ف۔ حاکم صوبہ کا۔
صَوت ۔ع۔ آواز۔ آواز کرنا۔
صُور ۔ع۔ جانور کی سینگ جسکو بجاتے ہین وہ چیز جسکو اسرافیل علیہ السلام محشر کے

روز پھونکینگے ایک مرتبہ کل مخلوق کے مار ڈالنے کے لیے اور دوسری دفعہ واسطے زندہ کرنے کے اور ان دونون نفخون کے بیچ مین چالیس برس کا فاصلہ ہوگا۔

صُوَر - ع - جمع صورت کی صورتین -

صُوَر - ع - کجی -

صُورَت - ع - تصویر - شکل - نمونہ -

صورت بازی - ف - اپنی صورت کو دوسرے کی وضع اور شکل پر بنانا ہندیمین اسکو بہروپ کہتے ہین -

صُورَت کشا - ف - مُصوّر - نقاش -

صُور نگری - ف - صورت بنانا - مصوّری نقاشی - تصویر بنانا -

صُوَرِ مرئیات - ع - وہ صورتین جو نظر سے دکھلائی دیتی ہین -

صُوری - ع - ظاہری منسوب طرف صورت کے

صُوف - ع - پشم - اُون - ایک قسم کا موٹا کپڑا بھیڑ کے بالون کا -

صُوفی - ع - پشم پوش - بالون کا کپڑا پہننے والا اسلیے کہ صوف بمعنی پشم یعنی بال کے ہے اور فقیرونکی اصطلاح مین صوفی وہ شخص ہے جو اپنے دل مین خدا کے سوا کسی کا خیال آنے نہ دے اور اپنی خاطر کو آلائش دنیا سے پاک وصاف رکھے - اور صوفی بمعنی مخلص بھی آیا ہے

صَوْل - ع - زیادتی کرنا - حملہ کرنا - کسی پر غصہ مین بھبک کر جانا -

صَولَت - ع - دبدبہ - رعب - ہیبت -

صَولجان - ع - چوگان - ڈنڈا جسکا سر کج یعنے خم ہو -

صَوم - ع - روزہ - ایک روزہ دار -

بہت سے روزہ دار - یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آیا ہے - مگر استعمال اسکا اکثر بمعنی روزہ آیا ہے -

صَومُ العَذرا - ع - } روزہ حضرت مریمؑ
صَومِ مریم - ع - } یعنے رات کو نیت کرنا اور دن بھر کسی سے بات نہ کرنا -

صَومَعہ - ع - نصاریٰ کا عبادت خانہ جسکی عمارت کا سر بلند اور باریک بناتے ہین مجازًا اہل اسلام کا عبادت خانہ بھی -

صِیَون - ع - نگہبانی - حفاظت -

فصل صاد مع ہاے ہوز

صَہ - ع - اسم فعل ہے بمعنی امر معنی اسکے خاموش رہ چپ رہ -

صَہّال - ع - گھوڑا بہت آواز کرنے والا

صَہَال - ع - گھوڑے کی آواز -

صَہَب - ع - سرخی - یا رنگ تیرہ مائل بہ سرخی جیسے رنگ کمیت گھوڑے کا -

صَہبا - ع - سفید انگور کی شراب - نام ایک موضع کا خیبر مین -

صِہر - ع - سسرا - داماد عزیز قریب جاہے شوہر کا ہو چاہے زوجہ کا - بہن کا شوہر یعنی بہنوئی - اصہار جمع ہے بمعنی اہلخانہ زن اور اہل خانہ مرد -

صَہُوبَت - ع - رنگ سرخ مائل بزردی وسفیدی - صراح مین لکھا ہے رنگ سفید مائل بہ سرخی جسے گلابی کہتے ہین منتخب مین لکھا ہے رنگ تیرہ مائل بسرخی - مفرح القلوب مین لکھا ہے رنگ متوسط درمیان سرخی اور زردی کے جو مائل تر بہ سفیدی ہو -

صَہو د - ع - جسیم - تنا ور - موٹا -

صَہیل - ع - گھوڑے کی آواز -

فصل صاد مع یاے تحتانی

صِیاح - ع - آواز بلند - نوحہ - فغان -

صَیّاد - ع - شکاری - شکار کرنے والا -

صَیّاغ - ع - ڈھالنے والا - ڈھلیا - سنار -

صِیاغَت - ع - زرگری -

صِیام - ع - جمع صوم بمعنی روزہ کی -

صِیانَت - ع - بچانا - حفاظت نگہبانی -

صَیّب - ع - ابر برسنے والا -

صِیت - ع - آوازہ - شہرت - ذکر خیر -

صَیحَہ - ع - سخت آواز - فغان - عذاب -

صَید - ع - وہ جانور جسکو شکار کرین - اور بمعنی مصدر بھی ہے یعنے شکار کرنا -

صَیدِ حَرَم - ع - جو وحشی زمین حرم مین ہو اُسکا قتل کرنا اور شکار کرنا حرام ہے

اور اطلاق سرم کا زمین گرداگرد خانہ کعبہ پر اس تفصیل سے ہے۔ پورب طرف چھ کوس۔ پچھم طرف تیرہ کوس۔ اتر طرف بارہ کوس۔ دکھن کی طرف چوبیس کوس

صَیرَفی۔ ع۔ صراف جو روپیہ اور اشرفی کو پرکھتا ہے۔ کاموں مین دخل و تصرف کرنے والا۔ لقب ایک خوشنویس کا۔ لقب ایک شاعر کا۔

صَیرُورَت۔ ع۔ جانا ایک جگہ سے دوسری جگہ کو۔ چلنا پھرنا۔

صِیغَہ۔ ع۔ چاندی سونے وغیرہ کا قالب مین ڈھالنا۔ ضلت۔ طریقہ۔ اصل بنا ہوا لفظ۔ اور اصطلاح خاص مین بمعنی نکاح کے بھی آیا ہے۔

صَیف۔ ع۔ موسم گرمی کا۔ گرما۔

صَیقَل۔ ع۔ آئینہ اور تلوار وغیرہ کا چمکانے والا یعنی روشن اور صاف کرنے والا۔ تلوار کا تیز کرنے والا۔ صاف کرنے کا اوزار۔ اور بمعنی صیقل کرنے کے بھی آیا ہے۔ زنگ دور کرنا۔ صاف کرنا۔

صَیقَلی۔ ع۔ صیقل کرنے والا۔ صاف کرنے والا۔ صیاقلہ اسکی جمع ہے اوزار صاف کرنیکا۔ پتھر باڑھ رکھنے کا۔

صین۔ ع۔ مب۔ عرب چین شہر مشہور کا۔

صَیُود۔ ع۔ شکاری۔ شکار کرنے والا۔

باب ضاد معجمہ

فصل ضاد مع الف

ضَاب۔ ع۔ ایک درخت ہے کڑوا مثل تھوہڑ اور اندرائن کے۔

ضَابِط۔ ع۔ انتظام کرنے والا۔

ضَابِطَہ۔ ع۔ قاعدہ۔ دستور۔

ضَاجِر۔ ع۔ دل تنگ۔ بے آرام۔ غمگین۔ مضطرب۔ بیقرار۔

ضَاحِک۔ ع۔ ہنسنے والا ہنستا ہوا۔

ضَار۔ ع۔ مضر۔ ضرر پہونچانیوالا۔

ضَارِب۔ ع۔ مارنیوالا۔ اندھیری رات۔

ضَارِی۔ ع۔ شکار کے پیچھے دوڑنے والا جیسے کتا وغیرہ۔

ضَاغِط۔ ع۔ نام ایک درد کا جسمین معلوم ہوتا ہے کہ کوئی اس عضو کو نچوڑے ڈالتا ہے اور اُمیٹھے دیتا ہے۔

ضَاغُوط۔ ع۔ ایک حالت ہے جسمین آدمی کو سونے مین معلوم ہوتا ہے کوئی اُس کا گلا گھونٹے دیتا ہے۔

ضَال۔ ع۔ گمراہ۔ راہ بھٹکا ہوا۔

ضَالَّہ۔ ع۔ وہ چیز جو کھو گئی ہو۔

ضَالِّین۔ ع۔ گمراہ لوگ۔

ضَامِن۔ ع۔ خاطر جمع کرنے والا کفیل وہ شخص جو کسی کا طرفدار ہو۔

ضَان۔ ع۔ آدمی کے بدن کی بدبو۔ اور بمعنی میش یعنی بھیڑی۔

ضَائِع۔ ع۔ کھویا ہوا۔ بیفائدہ۔ برباد ہوا۔ کھویا گیا۔

فصل ضاد مع بائے موحدہ

ضَب۔ ع۔ سوسمار۔ ایک جانور ہے جسکو ہندی مین گوہ کہتے ہین۔ غصہ کینہ زمین پر سونا۔ ہونٹ کی ایک بیماری جسمین ہونٹ سے خون جاری ہوجاتا ہے۔ ورم

ضَبَاب۔ ع۔ جمع ضب کی۔

ضُبَاح۔ ع۔ لومڑی کی آواز

ضَبْط۔ ع۔ نگاہ رکھنا ہر شے کا اُسکی حد پر انتظام۔

ضَبُع۔ ع۔ کفتار۔ بجو۔ ہنڈار۔

ضَبَغ۔ ع۔ بازو۔ بغل۔

ضَبُور۔ ع۔ شیر درندہ۔

ضَبِیب۔ ع۔ خون اور پانی کا جاری ہونا

فصل ضاد مع جیم

ضَجَّہ۔ ع۔ غل۔ شور۔ چیخ۔

ضَجِر۔ ع۔ تنگدل۔ غمگین۔ تنگ جگہ۔

ضَجَر۔ ع۔ دل تنگی۔ بے آرامی۔ رنج۔ غم بیقراری۔ دل کا تڑپنا۔

ضَجَرَت۔ ع۔ تنگدلی۔ غم سے بے آرامی۔

ضَجِع۔ ع۔ کروٹ سے سونا۔ پہلو مین پر رکھنا۔

ضَجُوع - ع - بڑا دل - وہ عورت جو مخالف شوہر کے ہو - ضعیف عقل -
ضَجُور - ع - تنگدل - مضطرب - غمگین -
ضَجَّت - ع - نل کرنا - چیخنا -
ضَجِیع - ع - ہمخوابہ - ہمبستر -

فصل ضاد مع حاے مہملہ

ضُحیٰ - ع - پہر دن چڑھے کا وقت -
ضُحا - ع - چاشت کا کھانا -
ضَحّاک - ع - بڑا ہنسنے والا - راہ روشن اور آشکارا - نام ایک بادشاہ ظالم کا جو شداد کا بھانجا تھا - غضب خدا سے اُسکے شانہ کے درمیان مین زخم ہوگیا تھا اور اُس زخم مین سانپ پیدا ہوا تھا کہ آدمی کے سر کا بھیجا اُسکی غذا تھی آخر اُس ظالم کو فریدون نے گرفتار کیا اور مار ڈالا - ضحاک عربی بنایا گیا ہے وہ آک سے اور آک کا ف عربی سے فارسی مین بمعنی عیب کے ہے چونکہ اس بادشاہ مین دس عیب تھے اسلیے یہ نام ہوا اور وہ دس عیب یہ ہین (۱) بدچلنی (۲) بہت چھوٹا قد (۳) ظلم (۴) جھوٹ بولنا (۵) بودا پن (۶) بیدینی (۷) کھانا بہت کھانا (۸) بیشرمی (۹) بیوقوفی (۱۰) بدزبانی
ضَحّاکہ - ع - عورت بڑی ہنسنے والی -
ضَحِک - ع - آواز سے ہنسنا - قہقہہ
ضَحَک - ع - عورت کا حائض ہونا - ابر سے چمکنا بجلی کا - بندر کا چیخنا -

ضُحکہ - ع - وہ شخص جسپر لوگ ہنسین مسخرہ
ضَحُکہ - ع - ایک مرتبہ ہنسنا -
ضَحل - ع - تھوڑا پانی -
ضَحو - ع - چہار دن چڑھے کا وقت - روشن
ضَحوہ - ع - اور آشکارا - کھانا چاشت کا -
ضَحُوک - ع - بہت بڑا ہنسنے والا - راہ روشن اور آشکارا اور کشادہ -
ضَحُوکہ - ع - عورت بہت بڑی ہنسنے والی - راہ کشادہ اور ظاہر -
ضُحُوکہ - ع - وہ چیز جو لوگون کو ہنسا وے اور وہ شخص جسپر لوگ ہنسین -
ضَخیم - ع - وہ شخص جسکی گردن یا مُنھ یا ٹھوڑی مین کجی ہو -

فصل ضاد مع خاے معجمہ

ضَخّام - ع - بڑے ڈیل ڈول کا - بزرگ
ضَخمہ - ع - ہر چیز جو بزرگ اور بڑی ہو -
ضَخامت - ع - موٹا ہونا - جسامت اور فربہی - موٹاپا -
ضَخیم - ع - موٹا - موٹی چیز - بزرگ جثہ -

فصل ضاد مع دال مہملہ

ضِدّ - ع - برخلاف - برعکس - فرق - اضداد اسکی جمع ہے -
ضدید - ع - باد مخالف - ہوا نا موافق -

فصل ضاد مع راے مہملہ

ضَرر - ع - گزند - سختی - بدحالی - لاغری - دُبلا پا - زیان - نقصان -
ضِرر - ع - پہلی زوجہ کی موجودگی مین دوسری عورت کرنا -
ضَرّار - ع - سختی - گزند - ضرر -
ضِرَاب - ع - نر کا مادہ پر کودنا یعنی جفتی کھانا - کسیکو تلوار مارنا -
ضَرّاب - ع - روپیہ اشرفی پر سکہ لگانیوالا -
ضَرّارت - ع - گزند اور ایذا پہونچانا - صدمہ دینا - اندھا ہونا -
ضِرار - ع - آپسمین ایک دوسرے کو ضرر اور گزند پہونچانا - نام چند صحابی کا - مسجد ضرار ایک مسجد تھی جسکو منافقون نے بنایا تھا حضرت نے اُسکو بدم یعنی گرا دینے کا حکم فرمایا
ضُرَاط - ع - پاد - یعنی وہ ریح جو پٹ سے آواز کے ساتھ نکلے -
ضَرّاط - ع - پاد نے والا - بد ورا
ضَرَاعَت - ع - زاری - عاجزی - فروتنی
ضِرَام - ع - لکڑی کے باریک باریک ریزے یعنی چھٹیان جس سے آگ سلگائے ہین فارسی مین اُسکو فرفریہ کہتے ہین -
ضَرب - ع - مارنا - بیان کرنا - ملانا ایک چیز کا دوسری چیز مین - دوڑ کر چلنا مثل مانند - ہر چیز کی قسم - ظاہر کرنا - پانی مین تیرنا کسیکو سلا دینا - لفظ آخر شعر کا -
ضَرب - ع - شہد سفید اور گاڑھا -

ضَرْبُ الْاَزَب ۔ع۔ وہ ضرب جسکا نشان بعد اچھا ہوجانے کے بھی باقی رہے۔
ضَرْبُ الْفَتْح ۔ع۔ خوشی کا شادیانہ جو بعد فتح کے نوبت اور نقارہ بجاتے ہین۔
ضَرْبُ الْمَثَل ۔ع کہاوت۔
ضَرَبان ۔ع۔ دل کا تڑپنا۔ وہ درد جسمین شرائین بڑی شدت سے اُچھلتی ہین ہندی مین اُسکو لپک کہتے ہین۔
ضَرْب وقِسْمَت ۔ع۔ ضرب دینا ایک عدد کا دوسرے عدد مین جیسے تین کو پانچ مین ضرب دیا پندرہ ہوئے قسمت تقسیم کرنا ایک عدد کا دوسرے عدد پر جیسے اٹھارہ کو چھ پر تقسیم کیا ہر واحد کو تین تین ہوئے۔
ضَرْبہ ۔ع۔ جو مارنے سے چوٹ ہو پہنچے اسکو ضربہ کہتے ہین۔ اور جو گر پڑنے سے چوٹ ہو پہنچے اُسکو سقطہ کہتے ہین اور ضربہ پالسہ کو بھی کہتے ہین جس سے جُوا کھیلتے ہین اور پالسہ کو قرعہ بھی کہتے ہین۔
ضَرَّتان ۔ع۔ وہ دو عورتین جو ایک مرد کے نکاح مین ہون۔ ہندی سوتین۔
ضَرْح ۔ع۔ قبر کھودنا مردے کیلیے۔
ضَرَر ۔ع۔ تکلیف۔ دُکھ
ضِرْس ۔ع۔ دندان بزرگ۔ دندان آسیا جسکو ہندی مین ڈاڑھ کہتے ہین۔
ضَرْس ۔ع۔ دانت سے کاٹنا زور سے سختی زمانہ کی۔ تکلیف۔ مصیبت۔
ضَرَس ۔ع۔ کند ہوجانا دانت کا ترشی سے۔
ضَرِس ۔ع۔ بھوک کی شدت سے جو شخص بدخو اور غضبناک ہو۔
ضَرَط ۔ع۔ پادنا۔
ضَرْع ۔ع۔ گائے اور بکری وغیرہ کے تھن۔
ضَرَع ۔ع۔ زاری۔ عروتنی۔ عاجزی۔ سُست ناتوان۔ گھوڑی کا بچہ جو ابھی دوڑ نہ سکتا ہو۔
ضِرْغام ۔ع۔ شیر درندہ بفتح اول غلط ہے۔
ضُرُوب ۔ع۔ بمعنی انواع و اقسام۔
ضُرُور ۔ع۔ جس چیز کا ہونا لازم ہو۔
ضُرُورَت ۔ع۔ جسکے بغیر کام نہ چلے حاجت
ضُرُورِی ۔ع۔ منسوب طرف ضرورت کے نا ے فوقانی اسکی گرادی گئی ہے۔
ضَرَّہ ۔ع۔ وہ عورت جو پہلی عورت پر لائی جائے پس ہر عورت دوسری عورت کی ضرّہ یعنی سوت اور سوکن ہوئی۔ چھاتی۔ چھاتی کی جڑ۔ سختی۔ ایذا۔ چکی کا ایک پاٹ۔ اور دونون پاٹ کو ضَرّتان کہتے ہین۔
ضَرِیبَہ ۔ع۔ طبیعت۔ خو۔ تلوار۔ تلوار کی تیزی۔ تلوار کی ضرب کھایا ہوا۔
ضَرِیس ۔ع۔ بہت بھوکا۔
ضَرِیح ۔ع۔ قبر۔ ضرائح جمع ہے۔
ضَرِیر نابینا۔ اندھا۔ بیمار۔ دُبلا۔
ضَرِیع ۔ع۔ نام ایک گھاس کا نوندار کا جسکے زہر کے سبب کوئی چوپایہ نزدیک اُسکے نہین جا سکتا ہے۔ نام ایک چیز کا دوزخ مین جو آگ سے زیادہ تیز ہوگی اور ایلو سے زیادہ کڑوی اور سڑے ہوے مردار سے زیادہ گندی اور بدبو اور یہ اہل دوزخ کو کھلائی جائیگی نعوذ باللہ منہا۔
ضَرِیک ۔ع۔ فقیر۔ بدحال۔ محتاج۔ نابینا۔ اندھا۔ اپاہج۔ بیتوفیق کرگس نر جسکو ہندی مین گدھ کہتے ہین یہ ایک بڑا پرند مردار خوار ہے) ضَرائک اسکی جمع ہے۔
ضَرِیم ۔ع۔ سوختہ۔ جلا ہوا۔

فصل ضاد مع عین مہملہ

ضِعاف ۔ع۔ جمع ضعیف کی۔
ضَعد ۔ع۔ گلا گھوٹنا۔
ضِعْف ۔ع۔ دوچندان۔ دوگنا۔
ضَعْف ۔ع۔ بیہوشی۔ نقصان عقل۔
ضُعْف ۔ع۔ سستی۔ ناتوانی۔ کمزوری
ضُعَفا ۔ع۔ جمع ضعیف کی۔
ضُعْفُ التالیف ۔ع۔ وہ چیز نظم کرنا جو خلاف محاورہ کے ہو جیسا کہ اس مصرعہ مین بعضون نے گمان کیا ہے ؎ حکیمی سخن بر زبان آفرین۔ اسلیے کہ فاصلہ درمیان اسم کے جیسے کہ یہان سخن ہے اور امر کے جس سے سخن

فاعلیت کے پیدا ہون جیسے کہ یہان آفرین ع درست نہین سخن آفرین برابر چاہیئے تھا دوسری مثال ع ہمہ از مہر او خون دل آشام - اسمین بھی خون آشام برابر چاہیئے تھا -

ضَعِیف - ع - ناتوان - ناطاقت - بودھا

فصل ضاد مع غین معجمہ

ضَغَائِن - ع - جمع ضَغِینَہ بمعنی کینہ کی -

ضِغْث - ع - تنکون کا مٹھا - جھاڑو - اضغاث اسکی جمع ہے - اور اضغاث احلام بمعنی خوابہاے پریشان جنکی تعبیر درست نہو -

ضَغْط - ع - نچوڑنا بھینچنا - تنگ کرنا کسی چیز کا - دیوار وغیرہ پر زور سے گرنا -

ضَغْط - ع - تنگی - سختی - کراہت -

ضَغْطَہ - ع - ایک مرتبہ بھینچنا -

ضَغْطَۃُ الْقَبْر - ع - فشار قبر -

ضُغْطَہ - ع - سختی - مشقت - تنگی فشار -

ضِغْن - ع - کینہ -

ضَغِینَہ - ع - بمعنی کینہ -

ضَغِیط - ع - سست رائے ضعیف عقل -

فصل ضاد مع فا

ضَفَادِع - ع - جمع ضفدع بمعنی مینڈک کی

ضَفَائِر - ع - جمع ضَفِیرَہ کی اور ضفیرہ بمعنی گندھے ہوے بالون کا جوڑا -

ضِفْدَع - ع - مینڈک - نام ایک ورم کا جو بصورت مینڈک حلق مین پیدا ہو جاتا ہے -

ضِفَّہ - ع - ندی اور دریا کا کنارہ -

ضَفِیر - ع - گندھے ہوے سر کے بال -

ضَفِیرَہ - ع - گندھے ہوے بالون کا جوڑا جو عورتین سر پر باندھتی ہین -

فصل ضاد مع لام

ضَلّ - ع - گمراہ - بُرا -

ضَلَال - ع - گمراہی - ضایع ہونا - ہلاک ہونا - گم ہونا - مغلوب ہونا -

ضَلَالَت - ع - } گمراہی
ضِلَّت - ع - }

ضِلْع - ع - پسلی - پہلو کی ہڈی - اور سلطنت

ضَلَع - ع - } کی شاخ -

ضَلَل - ع - گمراہی - گمراہ کرنا -

ضُلُوع - ع - اور اضلاع جمع ہی ضلع کی -

ضَلُول - ع - بہت بڑا گمراہ -

ضَلِیل - ع - گمراہ - راہ بھولا ہوا -

ضِلِّیل - ع - بہت بڑا گمراہ -

فصل ضاد مع میم

ضَمّ - ع - ملنا - ملانا ایک چیز کا دوسری چیز مین - نام ایک حرکت کا جسکو پیش کہتے ہین مگر کلہ ملنی مین - واضح ہو کہ حرکت پیش کو ضم اسلیے کہتے ہین کہ یہ حرکت دونون ہونٹھون کے ملنے سے حاصل ہوتی ہے - از غیاث

ضماد - ع - دوا کسی قدر پتلی پسی ہوئی جسکو ہندی مین لیپ کہتے ہین -

ضَمَان - ع - قبول کرنا - کفالت کرنا - کفیل ہونا - ہندی محاورہ مین اسکو ضامنی کہتے ہین -

ضَمَائِر - ع - جمع ضمیر کی -

ضَمَد - ع - زخم پر مرہم لگانا - لیپ کرنا -

ضَمَر - ع - لطیف بدن - نازک اندام -

ضُمُر - ع - لاغری - دُبلا پا - پٹ کا پیٹھ سے

ضُمُر - ع - } چپک جانا -

ضِمْن - ع - اندرون اندر -

ضُمُور - ع - ضعف - لاغری - دُبلا پا -

ضَمُور - ع - لاغر - دُبلا - ضعیف -

ضَمَّہ - ع - پیش کی حرکت جیسے دُودھ کی پہلی دال پر ہے -

ضَمِیر - ع - اندیشہ - خاطر - دل کا انداز - وہ چیزین جو دلمین گذرین - پوشیدگی بھید - وہ اسم جو قائم مقام اسم ظاہر کے ہو اسم غیر مظہر -

ضُمَیرَان - ع - سرغم - ریحان - نازبو -

ضَمِیم - ع - ملا ہوا - شامل کیا گیا -

ضَمِیمَہ - ہوہ شے جو کسی اور شے پر زیادہ کر کے لگا دیوین -

ضَمِین - ع - کفیل - ضامن -

فصل ضاد مع نون

ضَنَاک - ع - موٹی عورت -

ضُنَاک - ع - زکام -

ضِنَاک - ع - استوار - خلقت - بڑا درخت

ضِنَّت - ع - بخل - بخیلی - کنجوسی -

ضَنک ع۔ تنگی ہر چیز کی۔ تنگ
ضَنی ع۔ لاغر۔ دُبلا۔
ضَنین ع۔ بخیل۔ کنجوس۔
ضَنیک ع۔ مفلس دُبلا۔ بیوقوف۔

فصل ضاد مع واو

ضَو ع۔ روشنی آفتاب کی روشنی
ضَوابِط ع۔ جمع ہی ضابطہ کی۔ قواعد
ضَوَاحِک ع۔ چار دانت ہین جو درمیان کیلیون اور ڈاڑھون کے واقع ہین اور بعضے کہتے ہین کہ چار دانت آگے کے جو ہنسنے مین کھل جاتے ہین۔
ضَور ع۔ بہت کڑی بھوک۔
ضَورَان ع۔ سپرغم۔ ریحان۔ نازبو۔

فصل ضاد مع ہاے ہوز

ضَہد ع۔ قہر کرنا غصہ کرنا۔
ضَہوَۃ ع۔ پانی کا حوض۔
ضُہُول ع۔ اونٹنی اور بکری کا کم دودھ ہونا۔ کسی کے حق کو ناقص یا باطل کرنا
ضَہُول ع۔ وہ کنواں جسمین پانی کم ہو۔ کم دودھ کی اونٹنی یا بکری۔
ضَہیا ع۔ وہ عورت جسکو حیض کا خون نہ آوے۔ وہ عورت جسکے دودھ نہو۔

فصل ضاد مع یاے تحتانی

ضِیا ع۔ روشنی۔ روشنی آفتاب کی واضح ہو کہ ضیا نور سے قوی تر ہی اور نور سے قوی تر ہے۔
ضِیاح ع۔ دودھ پانی ملا ہوا۔
ضِیاع ع۔ جمع ضائع اور ضَیعہ کی زمینین کھیتی کی۔
ضِیاعات ع۔ زمینین کھیتی کی۔
ضِیافت ع۔ مہمانی کا کھانا کھلانا۔
ضَیر ع۔ گزند۔ نقصان۔
ضَیَّع ع۔ ضائع اور ہلاک ہونا۔
ضَیعَہ ع۔ ضائع اور ہلاک ہونا۔ تجارت حرفہ۔ پیشہ۔ زمین کھیتی کی۔
ضَیغَم ع۔ گزندہ۔ شیر درندہ۔
ضَیف ع۔ مہمان اور مہمانان جمع اور مفرد دونون آیا ہی۔ کسی کو مہمان رکھنا۔ آفتاب کا نزدیک بہ غروب ہونا۔ کسی پر رنج اور غم کا نازل ہونا۔
ضِیف ع۔ پہلو۔
ضِیق ع۔ تنگی۔ مکان اور کپڑے وغیرہ کی تنگی۔ تنگ۔ تنگ ہونا۔
ضَیق ع۔ تنگ۔ تنگی۔ تنگ ہونا۔
ضَیِّق ع۔ تنگ۔ بخیل۔ کنجوس۔
ضِیقُ النَّفَس ع۔ تنگی سانس کی مشہور مرض ہی ہندی مین اسکو دمہ کہتے ہین۔
ضَیم ع۔ کسی کے حق کا نقصان کردینا کسی پر ظلم کرنا۔ ستم کرنا۔ بدلہ لینے مین حد سے اندیشہ نہ کرنا۔
ضَیمَران ع۔ سپرغم۔ ریحان۔ نازبو۔
ضُیُوف ع۔ جمع ضیف بمعنی مہمان کی۔
ضَیُون ع۔ بنی کانز۔ بلاؤ۔

باب طاے مہملہ

فصل طا مع الف

طَاب ع۔ خوشبو۔ پاک۔ لذیذ۔
طَابَق ۔ سب معرب تابہ کا ہندی توا جسپر روٹی پکاتے ہین۔
طَابَقَ النَّعلُ بِالنَّعلِ ع۔ مطابق ہو گئی جوتی ساتھ جوتی کے مراد یہ کہ فلان شے فلان شے سے مطابق ہو گئی۔
طَابِقُ النَّعلِ بِالنَّعلِ ع۔ مطابق کرنیوالا جوتی کا ساتھ جوتی کے یعنی وہ شخص جو کسی کے قدم بقدم چلتا ہو کل امور مین۔
طَابہ ع۔ شہر خرما۔ مدینہ منورہ۔
طَاجَن ع۔ کڑاہی۔ ماہی تواجسمین کوئی چیز بریان کرین۔
طَاحُون ع۔ آسیا چکی۔
طَاحُونہ ع۔
طَارِف ع۔ تازہ اور نیا اور بہترمال۔
طَارِق ع۔ حادثہ شدید۔ وہ ستارہ جو قریب صبح کے نکلتا ہے۔ ہر شے جو رات کو ظاہر ہو۔ وہ شخص جو رات کو رستہ چلے اسی سبب سے چور کو بھی طارق کہتے ہین۔

طارُم - مب - لکڑی کا مکان - بلند مکان - بالاخانہ یہ لفظ معرب ہی طارُم کا

طارِمی - ع - ظاہر ہونیوالا یکایک - وہ امر جو یکایک عارض ہو جائے - نیچے اُترنے والا کسی مقام اور کسی جگہ سے -

طاس - مب - معرب تاس کا - بڑا طشت نام ایک جامۂ زرتار کا - اور منتخب مین لکھا ہے وہ ظرف جسمین پانی یا شراب پیین -

طاس بازی - ف - ایک کھیل ہے بازیگر دغاکہ تعالی کو اُچھال کے لکڑی پر روکتے اور اُسکو نچاتے ہین - اور معنی شعبدہ بازی اور فریب اور مکاری کے بھی یا ہے -

طاسک - ف - تصغیر طاس کی چھوٹا طشت

طاط - ع - وہ شخص جو بڑا جھگڑالو ہو - دلیر - مست اونٹ -

طاطا - ع - سر نیچا کرنا جیسا رکوع مین -

طاعات - ع - جمع طاعت کی -

طاعت - ع - بندگی عبادت -

طاعِن - ع - نیزہ مارنیوالا - طعنہ دینے والا -

طاعُون - ع - شامت - مرگ عام - نام ایک مرض وبائی کا اور وہ ایک زہریلا ورم ہلاک کرنیوالا خصیہ یا چھاتی یا بغل مین یا رانکی جڑ مین ہوا کرتا ہے یا چھوٹا دانہ مانند باقلا کے سرخ یا سیاہ یا نیلا نکلتا ہی اور اُسمین بڑی جلن ہوتی ہے - اور تپ وبائی مارڈالنے والی بھی ضرور ہوتی ہی

طاغُوت - ع - نام بُت کا - نام دیو کا - کاہن شیطان - گمراہ کا سردار -

طاغِی - ع - پھرا ہوا - باغی مفسد حد سے گذر جانے والا - اطاعت اور ادب کی حد سے نکل جانیوالا - اور گلستان مین ایک مقام پر مراد فرعون سے ہے -

طاغِیہ - ع - بجلی - عذاب کی چنگھاڑ -

طاف - ع - گشت کرنیوالا - طواف کرنیوالا -

طافِح - ع - بدست شراب سے چھکا ہوا -

طافِی - ع - وہ چیز جو ہلکے پن سے پانی پر تیرے ضد راسب کی اور راسب وہ چیز جو بھاری پن سے تل تلچھٹ کے پانی کے تہ مین بیٹھ جائے -

طاق - ع - بنائے خمیدہ خمدار جھجھ بنی ہوئی محراب - روئی دار جبہ - تنہا مفرد - اکیلا -

طاقت - ع - قوت - زور - توانائی -

طاقچہ - ع - چھوٹا طاق -

طاق خرپشتہ ف - مراد عماری سے -

طاقدیس - ف - خسرو پرویز کے تخت کا نام جسکا طول یکسو ستر گز تھا اور عرض یکسو بیس گز کا اور جواہر سے کل جڑاؤ تھا -

طارِق کج ف
طاق مینا ف
طارِق نیلوفر ف
} مراد آسمان سے

طاقہ - ف - ایک عدد کپڑے کا دراصل وہ کہ جسطرح گھوڑے مین راس اور ہاتھی مین زنجیر استعمال کرتے ہین اسیطرح کپڑے کے واسطے طاقہ مستعمل ہو -

طاقی - ف - ایک قسم کی ٹوپی -

طال - ع - دراز ہوا - بڑھ گیا -

طالِب - ع - طلب کرنیوالا - ڈھونڈھنے والا -

طالِح - ع - بدکار آدمی - بدآدمی -

طالِع - ع - نصیب - طلوع کرنے والا صبح کاذب - ماہ نو -

طالِعہ - ع - طلوع کرنیوالی - روشنی -

طالِق - ع - عورت رہا شدہ قید نکاح سے اونٹنی چرائی پر چھوڑی ہوئی - رہا - آزاد -

طالِقان - ع - نام ایک شہر کا بلخ اور مرو مین

طالُوت - ع - نام ایک سردار کا بنی اسرائیل سے جسنے جالوت کافر سے جنگ کی اور حضرت داؤد علیہ السلام نے جو طالوت کے سپاہیون مین سے تھے جالوت کو مارا -

طامّات - ع - جھوٹ - گپ - شیخی - جھوٹی لوگ اپنے کمالات کے ظاہر مین کرین - باتین بے اصل اور پریشان - فارسی مین بغیر تشدید مستعمل ہی -

طامِث - ع - حیض والی عورت -

طامِح - ع - سرکش - بلند -

طامِع - ع - طمع کرنیوالا - لالچی -

طامّہ - ع - سختی - بلا - قیامت -

طامّۂ کبریٰ - ع - قیامت -

طاؤس - ع - مور مشہور پرند ہے -

طاؤس پرکندہ - ف - بے رونق - بنا -
طاؤس عرش - ف - مراد حضرت جبرئیل سے -
طاہا - ع - نام سورہ قرآن مجید کا - نام پیغمبر صلعم کا
اسلیے کہ اشارہ ہے (یا طاہر) سے -
طاہر - ع - پاک - جو ناپاک نہو -
طائحہ - ع - حادثہ ہلاک کرنے والا - اور
مرد ہلاک شدہ -
طائر - ع - اڑنیوالا پرند - کردار - دماغ -
اور وہ چیز جس سے فال نیک یا فال بد لین -
طائر سدرہ - ف - } جبرئیل علیہ السلام
طائر قدس - ف - }
طائع - ع - فرمانبردار -
طائفہ - ع - طواف کرنیوالا - خیال جو نیند
مین دکھائی دے - سپنا - نام ایک موضع کا
قریب مکہ معظمہ کے - اور معنی کوتوال بھی آیا ہے
کہ وہ تو نکو شہر مین حفاظت کے لیے پھرتا ہے -
طائفہ - ع - گروہ آدمیونکا - جماعت -
کسی چیز کا ایک ٹکڑا -
طائل - ع - فائدہ - افزونی - توانگری -
طائی - ع - منسوب طے کے جو قبیلہ عرب
مین ہے -

فصل طا مع باے موحدہ

طب - ع - علم بیدک - بیمارونکے علاج
کرنیکا علم علاج جسم وجان کا - نرمی - جادو -
طبابت - ع - حکیمی - فن طب -
طباخ - ع - باورچی پکانیوالا -
طباشیر - سب - معرب تباشیر کا ہندی مین
اسکو منسلوچن کہتے ہین -
طباشیر صبح - ف - صبح صادق کی سفیدی -
طباطبا - ع - لقب سید اسمٰعیل بن ابراہیم بن حسن
بن علی علیہم السلام کا انکی زبان مین لکنت
تھی - اور قاف کی جگہ طا بولتے تھے پس
قباکو طبا کہتے تھے اس سبب سے
انکا یہ لقب ہوگیا انکی اولاد کو سادات
طباطبائی کہتے ہین -
طبّاع - ع - صاحب طبیعت عقلمند
تیز فہم - کھارہ - تلوار بنانیوالا - ڈھلیا -
طباع - ع - سرشت اور خو آدمی کی جو کبھی
زائل نہو - اور جمع طبع اور طبیعت کی بھی -
طباق - ع - موافق کرنا دو چیز کا آپسمین
برتن جو تلے اوپر ہون -
طبّال - ع - نقارچی -
طباچہ - ف - طمانچہ - تھپڑ -
طبائع - ع - جمع ہے طبیعت کی بھی -
طبائع اربعہ - ع - (۱) سرد تر - (۲) سرد خشک
(۳) گرم تر - (۴) گرم خشک -
طبخ - ع - پکانا -
طبرخون - ف - بید سرخ - یا ایک لکڑی
ہے سرخ رنگ تلخ مزہ یا صندل سرخ اور
بمعنے غصہ اور تشنگی بھی آیا ہے -
طبرخون زدن - ف - ہلاک کرنا -
طبرزد - سب - معرب تبرزد کا - مصری -
طبع - ع - سرشت آدمی کی - پیدائشی خو -
خط وغیرہ پر مہر کرنا - نقش کرنا - چھاپنا - چاندی
سونے پر سکہ لگانا - قالب مین کوئی چیز
ڈھالنا - تلوار بنانا - مٹی کے برتن بنانا -
طبع - ع - چشمہ پانی کی نہر - ننگ - میل
عیب - زشتی - برائی -
طبع - ع - تلوار وغیرہ کا زنگ -
طبع - ع - آدمی پست ہمت -
طبیعی - ع - منسوب طرف طبیعت کے اسلیے
کہ اگر تمیز احرف یاے تحتانی ہو تو حالت
نسبت مین گرادیتے ہین جیسے مدنی منسوب
طرف مدینہ کے نام ایک فن کا فنون حکمت سے -
طبّی - ع - منسوب طرف طب کے -
طبق - ع - لاسا جس سے پرندونکو شکار کرتے
ہین - آدمی اور ٹڈی کا گروہ -
طبق - ع - تہ - پرت - طبقہ - پردہ کسی چیز کا
وہ چیز جو برابر اور موافق دوسری چیز کے
ہو - خوانچہ وغیرہ - روے زمین - آدمی یا ٹڈی
کا گروہ - عورتون کا آپس مین عضو مخصوص کو
رگڑکر خواہش بجھانا - نام گھوڑے کے
مرض کا کہ گردن ناف ورم ہوجاتا ہے -
طبق - ع - طریق - دستور -

طَبَقات - ع - جمع طبقہ کی ہے -
طَبَقَری - ع - نام ایک موضع کا -
طَبَقہ - ع - درجہ -
طَبل[1] - ع - ڈھول - بڑا نقارہ -
طَبل از زیر گلیم برآمدن - ف - کنایہ ہے کسی کے بھید ظاہر ہو جانے سے -
طَبل خوردن - ف - بھاگنا -
طَبل در زیر گلیم بودن - ف - کنایہ ہے کسی کے بھید پوشیدہ رہنے سے -
طَبلہ - ع - چھوٹا صندوقچہ - پٹاری -
طَبن - ع - آدمی بڑا عقلمند -
طِبّی - ع - طب کی شے منسوب طب سے -
طُبّی - ع - چوپایونکی پستان یعنی تھن -
طَبیب - ع - علاج کرنیوالا -
طپیدن - ف - مبدل تپیدن کا اصلی معنی گرم ہونا - مجازی معنی بیقرار ہونا -
طَبیخ - ع - کسی چیز کا پانی جوش کیا ہوا جو شاندہ کسی دوا کا - اینٹ پختہ -
طَبیخ - ع - خربزہ مرادف بطیخ کا -
طبیعت - ع - مزاج - خو - عادت پیدائش -
طبیعی - ع - منسوب طرف طبیعت کے ذاتی خلقی - پیدائشی -

فصل طا مع حاے مہملہ

طَح - ع - کسی چیز کا کوٹنا - ہڈی کا ملنا -
طِحاب - ع - نام ایک موضع کا -
طِحال - ع - تلی نام ایک مقام کا -
طُحال - ع - نام ایک بیماری کا جو تلی مین پیدا ہو جاتی ہے -
طَحش - ع - عورت سے جماع کرنا -
طَحش - ع - باریک ہونا آنکھ کا -
طَحطَح - ع - توڑنا - پریشان کرنا -
طِحطاح - ع -
طَحل - ع - بڑا ہونا اور ورم کرنا تلی کا -
طَحال - ع - غضبناک -
طُحلُب - ع - کائی جو پانی پر جم جاتی ہے -
طَحن - ع - غلہ کا آٹا کرنا -
طِحن - ع - آٹا -

فصل طا مع رائے مہملہ

طَرّ - ع - تیز کرنا پیکان کا - کاٹنا - چیرنا - تھپڑ مارنا - گر پڑنا - اُچک لیجانا -
طُرّ - ع - بمعنی ہمہ - تمام - جمیع -
طَرا بُلُس - ع - ایک شہر ہے شام مین اور ایک شہر ہے مغرب مین -
طَرانجبین - ع - نام ایک میوہ کا -
طَرّاح - ع - بمعنی نقاش - معمار -
طَرّاحی - ف - نقاشی - معماری -
طِراد - ع - باہم ایک دوسرے پر حملہ کرنا -
طَرّاد - ع - چھوٹی کشتی تیز جانیوالی -
طَرّادَہ - ع - رنگین کپڑا جو جھنڈے اور نشان کے سرے پر باندھتے ہین -
طَرّار - ع - تیز زبان چور - گرہ کاٹنے والا -
طِراز - ع - نقش و نگار ہر چیز کا - آرایش - اور بمعنی بخاف کے بھی -
طَراز - ع - نام ایک شہر کا حدود ترکستان مین ہمانکے لوگ خوبصورت ہوتے ہین -
طِراز یدن - ف - نقش کرنا -
طَراق - ف - وہ آواز جو تازیانہ یعنے کوڑا مارنے مین نکلتی ہے -
طَراکوت - ع - تازگی - نہ بمعنی تری -
طَرائف - ع - چیز ین عمدہ اور نفیس - مال تازے اور نئے اور لطیف -
طَرائق - ع - اشراف لوگ - عزیز لوگ - قوم کا گروہ -
طَرَب - ع - خوشی - شادی - شوق -
طِرِبال - ع - بلند منارہ - بلند عمارت - بلند اور لمبی دیوار - گرجا گھر بلند -
طَرح - ع - گرانا - دور کرنا - مکانکی نیو کا ڈالنا - نئی عمارت کا نونہ - کسی کام سے کنارہ کرنا نقاشی - زبردست کا اپنی کسی چیز کو گران قیمت پر زیردست کے ہاتھ بیچنا - وضع - ڈھنگ - طور -
طرح افشاندن - ف
طرح ریختن - ف
طرح کردن - ف
} کسی چیز کی بنا ڈالنا
طَرخان - ف - نام بادشاہ ترکستان کا اور

[1] طبل بفتح باجرا مشہور ہے غلط ہے طاے ظاہر اصل میں ہے

وہ شخص جسکو بادشاہ نے خدمت کرانا معاف کردی ہو۔ نام ایک ساگ کا جسکو کھاتے ہین

طرخون ع۔ نام ایک درخت کا جسکی جڑ عاقرقرحا ہے۔ یا بید سُرخ کی لکڑی۔

طَرَد ع۔ ہنکانا۔ دُور کرنا۔ مگر استعمال اسکا اکثر مکھی اور بھڑ اور مچھر اور چوہے اور سانپ وغیرہ کے ہنکانے مین ہے۔

طَرَرہ ع۔ جمع طُرّہ کی جو آگے مذکور ہے۔

طَرز ع۔ طرح ڈھنگ۔

طَرَش ع۔ بہرا پن۔

طَرطَب ع۔ بڑی چھاتی لٹکی ہوئی۔

طَرطُوس ف۔ نام ایک زبردست پہلوان کا۔ نام ایک شہر رونق دار کا۔

طَرف ع۔ کنارہ۔ جانب سمت جہت۔ کسی چیز کا ٹکڑا اور حصہ اور فارسی مین بمعنی مقابل اور حریف کے بھی آتا ہے اور کبھی بمعنی وقت کے بھی آتا ہے۔ جیسے طرف صبح و طرف شام۔

طَرف ع۔ آنکھ۔ آنکھ کا پھڑانا۔ آنکھ کے پپوٹے کا پھڑکنا۔ کنکھیون سے دیکھنا۔ پلکون کا جھپکانا۔ گوشہ۔ کنارہ۔ اور فارسی مین بمعنے ڈاب نفرئی و طلائی کے بھی آیا ہے جو زینت کے لیے کمر مین باندھتے ہین۔

طَرَف ع۔ ماں اور باپ کی طرف سے بزرگ زادہ اور اصیل یعنی کریم الطرفین خواہ انسان ہو خواہ غیر انسان۔

طَرفا ع۔ جھاؤ کا درخت۔

طَرف بستن ف۔ فائدہ حاصل کرنا۔ نفع اُٹھانا۔ اسلیے کہ طرف بمعنی ڈاب ہے اور باندھنا اُسکا موجب زینت کا ہے۔

طَرفَۃُ العین ع۔ ایک مرتبہ پلک کا جھپکانا اور مراد اس سے بہت تھوڑا زمانہ ہوتا ہے اور یہ لفظ بضم اول غلط ہے۔

طَرفدار ف۔ حامی سرحد کا۔

طَرفدار پنجم ف۔ کنایہ مریخ سے اسلیے کہ اسکا مقام پانچوان آسمان ہے۔

طَرف شُدن ف۔ مقابل اور حریف ہونا۔

طَرفگاہ ف۔ مراد دُنیا سے۔

طَرف گرفتن ف۔ گوشہ مین بیٹھنا۔ حمایت کسی کی کرنا۔ گوشہ نشینی۔

طَرفہ ف۔ ایک دفعہ پلک جھپکانا۔ آنکھ مین چوٹ کے سبب سے جو سُرخی کا نقطہ پڑجاتا ہے۔

طُرفہ ع۔ نئی چیز عمدہ۔ عجیب۔ تحفہ۔ اور مجازاً بمعنی معشوق کے بھی۔

طَرفی ف۔ یائے مجہول اسے بمعنی اندکے۔

طَرفین ع۔ دونون جانب۔

طُرُق ع۔ جمع ہے طریق کی رستے۔ راہین۔

طَرق ع۔ مارنا۔ توڑنا۔ نر کا مادہ سے جُفتی کھانا۔ رات کو آنا۔ عقل کی سُستی۔ آواز راگ اور باجون کی۔

طَرق ع۔ جربی۔ موٹاپا۔ طاقت۔

طُرقُوا ع۔ صیغہ جمع امر حاضر کا ہے بمعنے راہ دو۔ ایک طرف ہو جاؤ۔ ہٹ جاؤ۔ معمول ہو کہ چوبدار اور نقیب بادشاہون کی سواری کے آگے طرقوا طرقوا کہتے چلتے ہین۔

طَرقہ اَوَزن ف۔ چوبدار نقیب۔

طَرم ع۔ گاڑھا شہد۔

طُرمُوث ع۔ جاہل۔

طُرُوب ع۔ شادمان۔ خوش و خرم

طُرُوب ع۔ خوشیان۔ شادیان۔

طُرُوق ع۔ رات کو آنا۔ نر کا مادہ کے ساتھ جفتی کرنا۔

طُرّہ ف۔ زُلف پیشانی کے بال مکان کا چھجا۔ ہر چیز کا کنارہ مُقیش کا پھندنا۔

طَرِی ع۔ تازہ۔ نیا۔

طَرَیان ع۔ حادث ہونا۔ وارد ہونا کسی چیز کا کسی چیز مین ظاہر ہونا۔ تازہ ہونا۔

طَرید ع۔ ہنکایا گیا۔ مردود۔

طَریدہ ع۔ مجازاً بمعنے حملہ۔

طَریر ع۔ مرد خوبصورت۔ خوش لقا۔

طَریف ع۔ غریب۔ نادر۔ نوزاد۔ عجیب۔

طَریق ع۔ کوفتہ۔ مضروب۔ مار کھایا ہوا۔ چوٹ کھایا ہوا۔ رستہ۔ راہ اس لیے کہ چلنے والون کے پیرون سے راہ کوفتہ ہوتی ہے اور بمعنی شرمندہ اور خجل کے بھی آیا ہے اور اصطلاح رمل مین نام ایک شکل کا سولہ شکلون رمل

تین سے -
طَرِیقَت ع - راہ خفائی باطن کی -
طَرِیق گشتہ ع - یعنی ترسندہ ہوا -
طَرِیقہ ع - راہ طور - رستہ - ڈھنگ - روش - مذہب -
طَرِیقہ ع - سستی - ناتوانی -

فصل طا مع سین مہملہ

طَسُّوج ع ب - معرب طسّو کا - کنارہ کونا پوتھائی دانگ یعنی دو حبہ کے برابر او چوبیسوان حصہ ہر چیز کا -

فصل طا مع شین معجمہ

طشت ع ب معرب طشت کا تسلہ -
طشت کسے از بام اُفتادن - ف کسی کا رسوا ہو جانا - کسی کا بھید ظاہر ہو جانا -
طشت و خایہ - ف - نام ایک کھیل کا کہ مُرغی کے انڈے کو خالی کر کے شبنم یا پارہ سے بھر کے سوراخ اُسکا بند کر کے طشت مین رکھکر تیز دھوپ مین رکھتے ہین وہ انڈا اچھلنے لگتا ہے - اور کنایہ آسمان و زمین سے بھی -

فصل طا مع عین مہملہ

طعام ع - خورش - کھانا -
طِعَان ع - نیزہ مارنا - اور جمع طاعن یعنی نیزہ مارنے والے کی -
طَعم ع - مزہ - لذت
طُعمہ ع - کھانے کی چیز - طعام - خورش -
طُعمہ ع - خورش - روزی - کھانا -
طَعمہ ع - ایک مرتبہ چکھنا -
طَعن ع - نیزہ مارنا - عیب گیری کرنا کسی کے کام مین عیب نکالنا - اور بمعنی سیر اور رفتار کے بھی آیا ہے -
طَعنہ ع - ایک مرتبہ نیزہ مارنا - عیب جوئی یا کسی کے کام مین عیب نکالنا -

فصل طا مع غین معجمہ

طُغان ف - نام ایک بادشاہ ترک کا اور مخفف طُغیان کا بھی آیا ہے -
طُغان شاہ - ت - نام ایک بادشاہ عظیم القدر کا اولاد افراسیاب سے -
طُغرا - ف - ایک قسم کا خط ہے پیچیدہ حرفون کا جسمین نام یا القاب بادشاہون کا فرمان پر لکھا جائے - ظاہر یہ لفظ ترکی ہے -
طُغرل - ت - نام ایک بادشاہ کا اولاد سلجوق سے -
طُغرُل - ت - نام ایک پرند شکاری کا جسکو ہندی مین بحری کہتے ہین -
طُغیان ع - حد سے گذر جانا - مجازاً بمعنی زیادتی - کثرت - مگر استعمال اسکا چیز ہائے نامرغوب کی افزونی مین آتا ہے اور اسی باعث سے کبھی بمعنی ظلم اور نافرمانی کے بھی آتا ہے -
طُغیانی ف - زیادتی کثرت - لفظ طغیان کے آخر مین الف تحتانی زیادہ کی ہے اگرچہ یہ درست نہین ہے اسلیے کہ طغیان خود مصدر ہے اسکو یائے مصدری کی ضرورت نہین ہے مگر یہ فارسیون کا تصرف ہے کہ اکثر مصادر مین یائے مصدری زیادہ کر دیتے ہین مثل فضول فضولی اور خلاص و خلاصی اور سلامت و سلامتی کے -

فصل طا مع فا

طُفاوَہ ع - دائرہ جو آفتاب کے گرد واقع ہوتا ہے - اور دائرہ گرد ماہتاب کو ہالہ کہتے ہین -
طَفرہ ع - فرصت فاصلہ جو کسی کام کے کرنے مین پڑ جائے -
طِفل ع - نابالغ بچہ خواہ آدمی کا ہو خواہ حیوان کا یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آیا ہے -
طِفل چہل روزہ - ف - کنایہ حضرت آدم سے اسلیے کہ چالیس روز مین اُنکی مٹی کا خمیر ہوا تھا -
طِفل شب - ف - کنایہ چاند سے -
طِفل ہندو - ف - کنایہ آنکھ کی پتلی سے -
طُفُولیت ع - طفلی - لڑکپن - یہ مصدر جعلی ہے داؤدی زیادتی سے خلاف قیاس جیسے رجولیت
طَفِیف ع - قلیل - تھوڑا - ناتمام -
طُفَیل ع - نام ایک شاعر کوفی کا جو بغیر بلائے طعام کی محفل مین ہر ایک شخص کے مکان مین چلا جاتا تھا - مجازاً اب ہر ایسے شخص کو کہتے ہین جو بغیر بلائے لوگون کے ساتھ دعوت کھانے چلا جائے اور محاورہ فارسی مین مجازاً لفظ طفیلی

بمعنی وسیلہ اور ذریعہ کے بھی آتا ہے۔
طفیلی۔ ف۔ متاخرین لفظ طفیل مین یاے زائد کر طفیلی کہتے ہین۔ یا منسوب طرف طفیل کے۔ اور کبھی یاے طفیلی مصدری ہوتی ہے بمعنی طفیل ہونا۔

فصل طا مع لام

طَلّ۔ ع۔ شبنم۔ اوس۔
طُلّاب۔ ع۔ جمع ہے طالب کی۔
طِلا۔ ع۔ پتلی دوا جو کسی عضو پر ملین اور بمعنے زرسرخ۔ سونا۔ اور بمعنے ملمع کرنے اور ملمع کے بھی آیا ہے۔
طلاق۔ ع۔ چھوٹ جانا عورت کا قید نکاح سے اور بمعنے کشادگی اور روانی اور آزادی اور عیش و نشاط کے بھی آیا ہے۔
طلاق شکم۔ ف۔ پیٹ کی روانی۔ دستوں کا آنا۔
طلاق طبیعت۔ ع۔ کشادگی طبیعت کی۔
طلاقت۔ ع۔ زبان کی کشادگی۔ زبان کی روانی اور تیزی۔ لقلقہ۔ تیز زبانی۔
طِلاوَت۔ ع۔ تروتازگی۔ خوبصورتی۔ رونق۔ خوبی۔ جویلت۔ سحر۔ جادو۔
طِلائی۔ ع۔ سونیکی چیز منسوب طلا سے۔
طلاے دست افشار۔ ف۔ خسرو پرویز کے خزانہ مین ایک سونا بیش قیمت مانند موم کے نرم تھا اسکو دست افشار بھی کہتے ہین۔
طَلایہ۔ ع۔ فوج جو شہر اور لشکر کی رات کو محافظت کرتی ہے۔
طَلَب۔ ع۔ مانگنا۔ خواہش کرنا۔
طُلَب۔ ع۔ آدمیون کا گروہ۔
طَلَبَہ۔ ع۔ جمع ہے طالب کی۔
طِلَبہ۔ ع۔ مطلوب۔ آرزو۔ خواہش۔
طلبیدن۔ ف۔ بلانا۔ چاہنا۔ مانگنا۔ یہ ایک تصرف فارسیون کا ہے کہ طلب لفظ عربی کا مصدر اپنے طور پر بنا لیا اور مثل اسکے بھی جیسے قصیدن قصص سے اور فہمیدن فہم سے اور غارتیدن غارت سے۔
طَلح۔ ع۔ شگوفہ خرما درخت موز جس کو ہندی مین کیلہ کہتے ہین۔
طِلسم۔ ع۔ تماشا جو بشکل عجیب و غریب نظر مین دکھائی دے۔ وہمی خیالات۔ اور رہ صورت اور شکل ڈرونی اور مہیب جو خزانون کے اوپر بنا دیتے ہین۔
طِلسمات۔ ع۔ جمع ہے طلسم کی۔
طَلع۔ ع۔ شگوفہ خرما۔ اندازہ۔ مقدار۔
طِلع۔ ع۔ راز بھید۔ بھید سے واقفیت۔
طلعت۔ ع۔ دیدار۔ مُنھ دیکھنا۔ رُخ۔
طَلَق۔ ع۔ دردزہ جننے کا درد جو عورتون کو بچہ پیدا ہوتے وقت ہوتا ہے۔ ایک قسم کا پتھر سفید چمکدار تہ بر تہ جسکو ابرق کہتے ہین ہرن شکاری کتا۔ مجازاً بمعنے شراب۔
طِلق۔ ع۔ حلال۔ آزاد۔ رہا شدہ۔
طَلِق۔ ع۔ تیز زبان۔ زبان آور۔
طُلَق روان۔ ف۔ کنایہ شراب سے اس مناسبت سے کہ آبرق مثل پانی کے ہوجاے تو اکسیر اعظم ہو اور شراب کے فائدے بھی قریب اکسیر کے ہین۔
طَلق روان گوہری۔ ف۔ انگور کی شراب۔
طَلِقُ الوَجہ۔ ع۔ کشادہ رو۔ خوبصورت خندان
طَلِقُ الیدین۔ ع۔ کشادہ دست سخی۔
طَلِقُ اللِّسان۔ ع۔ کشادہ زبان۔ فصیح۔
طَلَل۔ ع۔ جسم۔ کالبد۔ تن۔ بدن۔ ڈیل ڈول ویران مکانون کے نشان۔
طَلُوب۔ ع۔ بمعنے طالب۔
طُلُوع۔ ع۔ آفتاب کا نکلنا۔ ہر ایک ستارہ کا ظاہر ہونا۔ باہر نکلنا۔ ظاہر ہونا ہر چیز کا۔
طَلیعَہ۔ ع۔ وہ لشکر جو فوج کے آگے آگے واسطے دریافت کرنے دشمن اور پانی وغیرہ اور آرنے کی جگہ کے جایا کرتا ہے۔ اور سپاہ محافظ شہر اور لشکر کی بوقت شب۔ اسکی جمع طلائع آتی ہے۔
طَلیق۔ ع۔ قید سے آزاد۔ رہا شدہ۔
طَلیقُ الوَجہ۔ ع۔ کشادہ رو۔ خندان۔
طَلیقُ اللِّسان۔ ع۔ تیز زبان۔ فصیح۔

فصل طا۔ مع میم

طَماع۔ ع۔ بڑا لالچی۔
طُمّاع۔ ع۔ جمع جامع بمعنی لالچی کی۔
طَماعیت۔ ع۔ لالچ کرنا۔ طمع کرنا۔

طُغیانہ۔ت۔ } بازاد حرہ وغیرہ کی ٹوبی۔
طُغاقہ۔ت۔ }

طُمانیت۔ع۔ اطمینان تسلی۔

طمث۔ع۔ حیض کا خون عورت کا حائض ہونا۔ عورت کی بکارت توڑنا۔ کسی چیز کا سیلا اور خراب ہو جانا۔

طُمروس۔ع۔ دروغ گو جھوٹا۔

طمس۔ع۔ ناپدید کرنا۔ کسی چیز کا نشان تک مٹا دینا۔ دور ہونا۔ ہلاک کرنا

طُمطُراق۔ع۔ کروفر شان۔ تجمل۔

طمطمہ۔ع۔ غیر فصیح جسکی زبان درست نہو۔

طمع۔ع۔ لالچ۔ حرص۔ اُمید۔

طمع۔ع۔ لالچی۔ حریص۔

طمع خام۔ف۔ تمنا اُس چیز کی جو ممکن نہو۔

طمغاج۔ت۔ نام ولایت کا ترکستان سے۔

طُمُوس۔ع۔ معدوم ہونا۔ پرانا ہونا۔ محو کر دینا۔ مٹا دینا۔

طمیس۔ع۔ نابینا۔ اندھا۔

فصل طا۔مع نون

طناب۔ع۔ رسّی۔ خیمہ کی ڈوری۔

طُنّاز۔ع۔ اشاروں مین بات کرنیوالا۔ کنایہ مین بات کرنیوالا۔ ناز کرنے والا۔ اُٹھلا کر چلنے والا۔ شوخ۔

طُنُب۔ع۔ خیمہ کی ڈور۔ اطناب جمع ہے۔

طُنبُک۔ب۔ معرب تنبک کا۔ ڈھولکی۔

طُنبُور۔ع۔ طنبورہ مشہور باجہ ہے۔

طنجیر۔ع۔ب۔ معرب تنجیر کا۔ پتیلہ۔ دیگچہ۔

طُنز۔ع۔ ناز۔ سخریہ۔ رمز کی بات کہنا۔ طعنہ۔

طُنطُنہ۔ع۔ آواز طنبورہ اور باجہ وغیرہ کی۔ کرّوفر اور بمعنی آواز نقارہ اور ڈھول کے بھی مستعمل ہے۔ واضح ہو کہ دونون نقارون مین ایک کو زیر کہتے ہین اور دوسرے کو بم پس آواز زیر کو طنطنہ کہتے ہین اور آواز بم کو دمدمہ۔

طَنَنگ۔ع۔ صدا۔ آواز۔

طنین۔ع۔ آواز مکھی اور زنبور اور مچھر وغیرہ چھوٹی مکھیون کی۔ کان کی آواز یعنے بھنبھناہٹ طشت اور لگن کی آواز۔

فصل طا۔مع واو

طوارق۔ع۔ جمع طارقہ کی۔ وہ حادثے اور زمانہ کی سختیان اور آفتین جو رات کو آسمان سے زمین پر نازل ہوتی ہین۔

طواف۔ع۔ کسی چیز کے گرد پھرنا۔ خانہ کعبہ کے گرد اگرد گھومنا۔

طوّاف۔ع۔ وہ خادم جو نرمی اور مہربانی سے اپنے مالک کی خدمت کرے۔ مردبہت طواف کرنیوالا یعنی بہت گرد پھرنے والا۔

طوالت۔ع۔ درازی۔

طوامیر۔ع۔ جمع طومار کی جسکے معنی آگے مذکور ہین

طوایح۔ع۔ حادثے اور واقعے جو ہلاک کرنیوالے ہون۔ آفتین۔

طوائف۔ع۔ جمع طائفہ بمعنی گروہ کی۔

طوبیٰ۔ع۔ مؤنث ہے اطیب کا بمعنی پاک تر اور خوشبودار تر۔ اور کبھی بمعنی عیش اور خوشی اور بشارت اور فرحت کے بھی آتا ہے۔ نام ایک درخت کا بہشت مین جسکی ایک ایک شاخ کل بہشتیون کے مکانون مین ہوگی اور اُس ایک شاخ سے طرح طرح کا میوہ اور خوشبوئین حاصل ہونگی۔

طود۔ع۔ بڑا پہاڑ۔

طور۔ع۔ بمعنی مطلق پہاڑ۔ اور اُس پہاڑ کا نام جسپر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تجلی ہوئی تھی اور اُسکو طور سینا بھی کہتے ہین اور فقط طور بھی اور یہ پہاڑ ملک شام مین ہے۔

طور۔ع۔ ایک مرتبہ اطوار اسکی جمع ہے مجازاً بمعنی وضع۔ ڈھنگ۔

طوس۔ب۔ معرب توس کا۔ نام ایک شہر کا ولایت خراسان مین۔

طوطک۔ف۔ واو معروف سے تام ساز کا

طوطی۔ب۔ معرب توتی کا ایک پرند ہے سبز رنگ جسکو طوطا کہتے ہین۔ اور توتی ایک چھوٹا پرند اور بھی ہے جو شہتوت کو بڑی رغبت سے کھاتا ہے۔ اور شہتوت کی فصل مین بہت دکھائی دیتا ہے۔ پس یہ منسوب ہے طرف توت بمعنی شہتوت کے۔

توع۔ع۔ رغبت اطاعت۔ اپنی خوشی سے

طوعًا - ع - از روے فرمانبرداری کے۔
طوعًا و کرہًا - ع - اطاعت اور فرمانبرداری اور کراہت اور دھینگا دھینگی سے۔
طُوغ - ت - نشان اور جھنڈا فوج کا۔
طَوف - ع - کسی چیز کے گرد پھرنا - اور بمعنی مطلق سیر اور گشت کے بھی آتا ہے۔
طوفان - ع - سیلاب پانی کا جو ڈبو دے سخت آندھی - ہر چیز جو بہت غالب ہو اور کل کو گھیر لیوے۔
طوق - ع - طاقت - توانائی - گردن بند گول پٹہ - حلقہ - جو چیز کہ گول ہو۔
طوق برُدن - ف - سبقت لیجانا۔
طوق و تاج - ف - مراد تخت و تاج سے۔
طَول - ع - احسان کرنا کسی پر بیشی لیجانا بزرگی اور فضل مین کسی پر غالب ہونا - قدرت - توانگری - بخشش - عطا۔
طُول - ع - درازی - لمبائی - لمبا ہونا۔
طِوَل - ع - بڑی رسی جسکے ایک سرے سے چوپایہ کا پاؤن باندھ کے چرنیکو چھوڑ دین۔
طُوِل - ع - لمبی اور دراز چیز ہن۔
طُول امل - ع - کنایہ حرص دُنیا سے۔
طُومار - ع - نامہ خط - کتاب - بڑا مکتوب۔
طُوئی - مب - واو معروف سے معرب ہے توی کا جو واو مجہول سے ہے ترکی مین شادی عروسی کو کہتے ہین۔

طُوئی - ع - نام ایک میدان کا شام مین کہ اسکو وادی ایمن بھی کہتے ہین۔
طَوی - ع - گرسنگی - بھوکھ۔
طَوِیّت - ع - پیچیدگی - نیت - اندیشہ۔
طَوِیل - ع - لمبا - دراز - نام ایک بحر کا انیس بحرون شعر سے۔
طَوِیلَہ - ع - یلے معروف سے لمبی رسّی جو گھوڑون کے پیرون مین باندھتے ہین - ہندی پھاڑی - وہ لمبی رسی جسمین چند گھوڑون کے پیر یکو باندھدین - مجازًا وہ مکان جسمین بہت سے گھوڑے باندھے جاتے ہین اور طویلہ بمعنے موتیو نکی لڑی کے بھی ہے۔
طویلہ بستن - ف - خیمہ برپا کرنا۔
طویلہ بیرون زدن - ف - کنایہ ہے ظاہر ہونے اور باہر نکلنے سے۔
طویلۂ دُر - ف - موتیون کی لڑی۔

فصل طا - مع ہاے ہوز

طٰہٰ و یٰسین - ع - دونون نام ہین دو سورتون قرآن مجید کے - اور حقیقت مین یہ دونون نام پیغمبر صلعم کے ہین طٰہٰ کنایہ ہے یا طاہر سے اور یٰس اشارہ ہے یا سید سے۔
طَہارت - ع - پاکی - پاکیزگی - پاک ہونا۔ اور بمعنی وضو اور استنجا کے مستعمل ہے۔
طُہر - ع - پاک ہونا عورت کا حیض سے اور پاکی کے دن جن مین حیض نہو۔

طہران - مب - معرب تہران کا جو ایک شہر ہے ایران کے شہرون سے۔
طَہماسپ - ف - شاہان ایران سے ایک بادشاہ کا نام جو بڑا عادل اور سخی تھا۔
طَہمورث - ف - نام ایک بادشاہ ایران کا جسنے سات سو برس بادشاہت کی ہے یہ ہوشنگ کی اولاد سے تھا کہتے ہین کہ اسنے ایک دیو کو مسخر کرکے اپنا مرکب بنایا تھا اور اُسپر سوار ہوا کرتا تھا اسی سے اسکو دیوبند کہتے ہین۔
طَہور - ع - پاک - پاک کرنیوالا - پاک ہونا - وہ چیز جس سے دوسری چیز پاک کیجائے۔
طہیر - ع - پاک کرنیوالا - پاک۔

فصل طا - مع یاے تحتانی

طَی - ع - بھوکھ - گرسنگی - لپیٹنا - فارسی مین یہ لفظ اکثر لپیٹنے کے معنے مین بغیر تشدید کے مستعمل ہوا کرتا ہے۔
طَے - ع - بروزن مے - نام ایک قبیلہ کا عرب مین سے جسکی طرف حاتم طائی منسوب ہے۔
طَیّار - ع - اُڑنے والا - پرندہ جو خوب اُڑ سکے - بہت خوب اُڑنے والا - تیز فہم لقب جعفر بن ابی طالب علیہما السّلام کا اسلیے کہ وہ بہشت مین فرشتون کے ساتھ اُڑتے پھرتے ہین - یہ چچازاد بھائی آنحضرت صلعم کے تھے - فارسی مین یہ لفظ مجازًا بمعنی مہیا اور آمادہ اور مستعد کے مستعمل ہے

طیّارہ - ع - کنایہ کشتی اور جہاز اور گھوڑے تیز رفتار سے -

طیّاش ع - سبک عقل جسکی عقل جاتی رہی ہو - ہلکا - بیہودہ آدمی -

طیّان ع - گرسنہ - بھوکا - پیچیدہ مٹی کے برتن بنانے والا - ملہار نام ایک شاعر کا جو بیہودہ گو تھا -

طیب - ع - خوشبو - خوشی - پاک ہونا خوش طبعی - مذاق -

طیب - ع - کسی چیز کا لذیذ اور پاک ہونا

طیّب - ع - پاک - حلال - لذیذ مزہ دار -

طیّب الادا - ع - کنایہ خوش آواز اور خوشگو سے

طیّبات - ع - نفرانتین - دل لگیاں -

طیبت - ع - پاک ہونا - حلال ہونا - مزاح خوش طبعی - اور مذاق -

طیبہ - ع - حضرت رسول صلعم کا مدینہ منورہ

طیر - ع - ایک پرند - بہت سے پرند - یہ لفظ مفرد اور جمع دونوں آیا ہے -

طیران - ع - اڑنا -

طیرگی - ف - بکی - خفت -

طیرہ - ع - غصہ - غضب -

طیرہ - ع - خفت - سبکی - شرمندگی - عیب اور معنی غمناک اور شرمندہ کے بھی آیا ہے -

طیرہ - ع - فال بد - برا شگون -

طیش - ع - سبکی - سبک ہونا - ہلکا پن - عقل کا زائل ہو جانا - تیر کا خطا کر نا نشانے سے - مجازاً بمعنے غصہ - بیدماغی خفگی -

طیف - ع - غضب - جوش غصہ کا - دیوانگی اور وہ خیال جو خواب میں دکھائی دے -

طے کردن - ف - لپیٹنا - فیصل کرنا -

طے کش - ف - طے کار روزہ رکھنے والا - اور صفت اس روزہ کی یہ ہے کہ بعد تین روز کے کھانا کھاتے ہیں اور درمیان میں شام کو تین چار پانی کے قطروں سے روزہ کو افطار کر لیتے ہیں -

طیلسان - سب - معرب تالسان کا ایک قسم کی چادر ہوتی ہے جو خطبہ پڑھنے والے اور قاضی لوگ اپنے کندھوں پر ڈال لیتے ہیں طیالسہ اسکی جمع ہے -

طی لسان - ع - زبان کا لپیٹ لینا - مراد اس سے خاموشی ہے - اور کبھی کنایہ استعداد کلام اور قوت گویائی سے بھی ہوتا ہے -

طین - ع - مٹی - خاک نمناک -

طینت - ع - تھوڑی مٹی - سرشت - خو - پیدائش خلقت - خصلت اصلی -

طینی - ع - گلی - مٹی کی چیز -

طیور - ع - جمع طیر بمعنے پرند کی -

طیہوج - ع - مب - معرب تیہو کا اور تیہو ایک پرند ہے مشابہ کبک سے جسکو چکور کہتے ہیں لیکن چکور سے چھوٹا ہوتا ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ ہندی میں اسکو تلور کہتے ہیں جو مشہور پرند ہے تیتر کی قسم سے -

باب ظاے معجمہ

فصل ظا مع الف

ظاعن - ع - مسافر -

ظالم - ع - ظلم کرنیوالا -

ظامی - ع - تشنہ پیاسا -

ظان - ع - مرد - بدگمان - وہ شخص جو کسی پر تہمت لگا دے -

ظاہر - ع - کھلا ہوا - اور نام خدا کا -

ظاہری - ع - منسوب طرف ظاہر کے -

فصل ظا - مع باے موحدہ

ظبا - ع - جمع ظبی بمعنی ہرن کی -

ظبی - ع - ہرن -

ظبیہ - ع - آہوے مادہ - ہرن کی مادہ - عورت اور حیوان کی فرج - یعنی شرمگاہ - بھوٹی تھیلی چمڑے کی - خم - مشکی - مٹھور -

فصل ظا مع رلے مہملہ

ظراف - ع - وہ شخص جو نہایت عقلمند ہو بڑا خوش طبع بڑا دل لگی باز -

ظرافت - ع - خوش طبعی - عقلمندی -

ظرف - ع - عقلمندی - برتن - اور محاورہ فارسی میں بمعنی حوصلہ کے بھی آتا ہے -

ظرفا - ع - جمع ظریف کی -

ظُرُوف - ع - جمع ظرف بمعنی برتن کی -
ظَرِیف - ع - زیرک عقلمند - خوش طبع -

فصل ظا - مع عین مہملہ

ظَعائن - ع - جمع ظعینہ بمعنی ہودج کی -
ظَعان - ع - وہ شتر جس سے ہودج کسین -
ظَعن - ع - کوچ کرنا - سفر کرنا - سیر کرنا -
ظَعِین - ع - کوچ کرنیوالا - جانیوالا -
ظَعِینَہ - ع - وہ عورت جو ہودج مین بیٹھی ہو -

فصل ظا - مع فا -

ظُفر - ع - فتح - فتحمندی -
ظُفُر - ع - ناخن -
ظُفرہ - ع - ناخنہ جو آنکھ مین پڑجاتا ہے اور یہ آنکھ کی بیماری ہے -

فصل ظا - مع لام

ظِل - ع - سایہ - خیال - نمونہ - رات کا ایک ٹکڑا - اول جوانی - گرمی کی شدت وہ ابر جو آفتاب کو چھپائے - رات کی اندھیری واضح ہو کہ اول روز کے سایہ کو ظل کہتے ہین اور آخر روز کے سایہ کو فے - اور ظل بمعنے بہشت کے بھی آیا ہے -
ظِلُّ اللہ - ع - سایہ خدا کا اور اصطلاح مین بادشاہ عادل کو کہتے ہین -
ظِلال - ع - سایہ ابر کا سایہ دار مقام -
ظِلال - ع - جمع ظل بمعنی سایہ کی -
ظَلام - ع - اول شب کی تاریکی -
ظِلام - ع - جمع ظلمت بمعنی اندھیری کی -
ظَلّام - ع - بڑا ظلم کرنیوالا - سخت ظالم اور بمعنی مطلق ظالم کے بھی آتا ہے -
ظِلّ زمین - ف - کنایہ رات سے -
ظلِّ ظلیل - ع - سایہ دراز اور کشیدہ اور ہمیشہ رہنے والا - سایہ تمام اور کامل -
ظِلف - ع - چرا ہوا سُم جسکو کُھر کہتے ہین جیسے گائے اور بکری وغیرہ کا سم - برخلاف گھوڑے اور گدھے وغیرہ کے سُم کے کہ اُسکو حافرہ کہتے ہین - اظلاف اسکی جمع ہے -
ظُلف - ع - سخت چیز ہین -
ظُلف - ع - روزی کی تکلیف - شدت معیشت
ظَلِف - ع - جائے بلند - بلند ٹیلہ -
ظُلّ - ع - بہت سے سائبان - بہت سے ابر -
ظُلم - ع - بی انصافی - کسی کا حق کم کرنا -
ظُلم - ع - تاریکی - تاریک ہونا رات کا -
ظُلم - ع - پانی - برف - دانت کی سفیدی -
ظُلم - ع - جمع ظلمت بمعنی اندھیری کی -
ظُلُمات - ع - جمع ظلمت کی - تاریکیان اور نظم مین بضرورت بہ سکون لام بھی جائز ہے -
ظُلُماتِ ثلٰثہ - ع - تین تاریکیان - حضرت یونس علیہ السلام کے لیے - تاریکی رات کی تاریکی مچھلی کے پیٹ کی - تاریکی تہ دریا کی - پیٹ کے بچہ کے لیے تاریکی ماں کے پیٹ کی تاریکی بچہ دان کی تاریکی اُس جھلی کی جسمین وہ ہوتا ہے - اور بعضے کہتے ہین کنایہ ہے کدورت طبعی - اور ہوائے نفسانی - اور صفات حیوانی سے -
ظُلمانی - ع - وہ شے جو شفاف نہو - تاریک واضح ہو کہ یہ منسوب ہے طرف ظلم بمعنی تاریکی کے اور الف ونون ماقبل اسے نسبت کا بفرض الفاظ مین زیادہ آتا ہے جیسے نورانی حقانی جسمانی -
ظُلمت - ع - تیرگی - اندھیرا -
ظَلَمہ - ع - جمع ظالم کی -
ظُلُول - ع - سایہ کرنا -
ظَلُوم - ع - سخت ظالم - بڑا ظلم کرنے والا -
ظُلّہ - ع - سائبان - چھجہ - ابر جو آفتاب کو چھپالے - وہ چیز جو سایہ کرے -
ظَلِیف - ع - بدحال - خراب - خوار - زمین سخت اور اونچی نیچی - کام سخت و دشوار سختی مشکل - رائگان چیز -
ظَلِیل - ع - دائمی سایہ - سایہ دار جگہ وہ چیز جو سایہ کرلے -
ظَلِیم - ع - جسپر ظلم ہوا ہو - مظلوم -

فصل ظا - مع میم

ظَمَا - ع - پیاس - پیاسا ہونا -
ظِماء - ع - جمع ظمآن بمعنی پیاسے کی -
ظَمآن - ع - تشنہ - پیاسا -

فصل ظا - مع نون

ظَن - ع - گمان - وہم - تہمت -
ظِنّت - ع - تہمت -

ظُنُون - ع - جمع ظن بمعنی گمان کی -
ظَنُوں - ع - مرد بدگمان - مرد ضعیف اور کم حوصلہ - کنوان کم پانی کا -
ظَنِین - ع - وہ شخص جسپر تہمت لگائی گئی ہو
ظَنّی - ع - منسوب طرف ظن کے -

فصل ظا - مع واو

ظَواہِر - ع - زمین کی بلندیان - زمین سے اگی ہوئی چیزین -

فصل ظا - مع ہاے ہوز

ظِہار - ع - ہم پشت ہونا - موافق ہونا کہنا مرد کا اپنی منکوحہ عورت سے کہ تو مجھپر مثل پشت مان میری کے ہی شرع مین اس کہنے سے مرد پر وہ عورت حرام ہو جاتی ہی اور جبتک مرد کفارہ ندے حلال نہین ہوتی اور کفارہ اُسکا یہ ہے کہ ایک بردہ آزاد کرے اور اگر یہ ممکن نہو تو دو مہینے روزے پیہم یعنے لگاتار رکھے اور اگر یہ بھی ممکن نہو تو ساٹھ مسکینون کو کھانا کھلاوے اور واجب ولازم ہے کہ کفارہ قبل جماع کے دے -
ظِہارَہ - ع - رضائی وغیرہ کا ابرہ یعنی اوپر والا کپڑا - اور استر کو بطانہ کہتے ہین -
ظَہارت - ع - قوی پشت ہونا -
ظَہر - ع - پشت - پیٹھ -
ظُہر - ع - درد پشت - پیٹھ کا درد -
ظُہر - ع - زوال آفتاب کا وقت -
ظُہُور - ع - ظاہر ہونا - کوٹھے پر چڑھنا -
ظَہِیر - ع - ہم پشت مددگار - پشت پناہ وہ شخص جسکی پیٹھ مین درد ہوتا ہو - یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آیا ہے -
ظَہیرہ - ع - دن دوپہر کا وقت جو بہت گرم ہو

فصل ظا - مع یاے تحتانی

ظَیَّان - ع - جنگلی چمیلی - تیہدر -
ظِئر - ع - دائی یعنی انا جو دوسرے شخص کے بچہ کو دودھ پلاوے -

باب عین مہملہ

فصل عین - مع الف

عَابِث - ع - کھیل کود کرنے والا -
عابِد - ع - عبادت کرنیوالا - پوجاری -
عَابِر - ع - راہ سے گذرنے والا - پل پر سے اُترنے والا - پار دریا کے جانیوالا -
عاتِق - ع - رہا شدہ - آزاد - پرانی شراب بڑی مشک - نوجوان عورت - وہ عورت جسنے ابھی شوہر نہ کیا ہو - ہر چیز پرانی مگر غیر جاندار -
عاتی - ع - حد سے گذر جانے والا - سرکش نافرمان - مغرور - متکبر -
عاج - ع - ہاتھی دانت - اور کبھی مراد سفیدی سے ہوتی ہے -
عاجِز - ع - ناچار جس سے کچھ نہو سکے -
عاجِل - ع - جلد باز - جلدی کرنے والا اور کبھی مراد دُنیا سے -
عاجِلہ - ع - بے مہلت - دنیا یہ جہان -
عاد - ع - ہود پیغمبر کی قوم کا نام اور یہ لوگ عاد بن سام بن نوح کی نسل سے تھے
عادات - ع - جمع ہے عادت کی -
عادَت - ع - خو - خصلت -
عادِل - ع - منصف - انصاف کرنیوالا - برابر کرنیوالا - پرہیزگار - جو فاسق نہو - وہ شخص جسکی شرع مین گواہی معتبر ہو -
عادی - ع - خوگرفتہ - جسکو کسی چیز کی عادت پڑ گئی ہو - ہر چیز کہ عادت ہو جائے منسوب طرف عادت کے - عادت کی تاے مصدری یاے نسبت کے ملنے سے گر گئی اور منسوب طرف قوم عاد کے - اور بمعنی دشمن و ظالم -
عَاذِر - ع - زخم کا نشان - خون استحاضہ آدمی کا پاخانہ - یعنی گوہ -
عَاذِل - ع - ملامت کرنے والا -
عَار - ع - شرم - عیب -
عَارِج - ع - اوپر چڑھنے والا -
عَارِض - ع - فوج کا بخشی لشکر کا شمار کرنے والا - سالار فوج - ملنے والا لاحق ہونے والا - ابر سیاہ - رخسارہ اور بمعنی مطلق ابر کے بھی -
عارِضہ - ع - حاجت - رنج - بیماری اسکی جمع عوارض ہے -
عارِضی - ع - لاحق جو اصلی نہو -

عارف - ع - پہچاننے والا - جاننے والا - صبر کرنیوالا - ولی خدا -

عارفہ - ع - عورت پہچاننے والی اور صبر کرنیوالی اور جاننے والی -

عاری - ع - ننگا - برہنہ - خالی -

عاریت - ع - مانگنا - مانگ کر کوئی چیز لینی - کوئی چیز مانگے دینی - یہ لفظ منسوب ہے طرف عار کے اس لیے کہ مانگنا شرم کی بات ہی اور یہ لفظ یاے تحتانی کی تشدید سے بھی آیا ہی -

عازم - ع - قصد اور ارادہ کرنیوالا -

عاسل - ع - شہد نکالنے والا -

عاسی - ع - بہت بوڑھا شخص -

عاشر - ع - دسوان حصہ (۱/۱۰)

عاشق - ع - عشق رکھنے - چاہنے والا -

عاشورا - ع - } دسوین تاریخ ماہ محرم کی -
عاشوراء - ع - } اسکے آخر مین بجاے الف ہاے ہوز لکھنا اسطرح (عاشورہ) غلط ہے -

عاصف - ع - تیز آندھی - اور وہ روز جس مین سخت آندھی چلے -

عاصفہ - ع - بہت تیز ہوا - سخت آندھی عواصف اسکی جمع ہے -

عاصم - ع - بازرکھنے والا - نگاہ رکھنے والا نام ایک قاری کا جنکے شاگرد حفص ہین -

عاصی - ع - گنہگار - مجرم - خطاکار نافرمان - وہ سیاہ ابر جو برسے نہین اور طبیبونکی اصطلاح مین معدۂ عاصی وہ جو مسہل کا اثر قبول نہ کرے اور رگ عاصی وہ جو فصد مین خون نہ دے -

عاطر - ع - خوشبودار -

عاطف - ع - مہربانی کرنیوالا - مہربانی -

عاطفت - ع - مہربانی کرنا - مہربانی -

عاطل - ع - برہنہ - ننگا - خالی - بیکار -

عافت - ع - خطا معاف کرنے والا -

عافیت - ع - آرام -

عافین - ع - معاف کرنیوالے خطاؤن کے یہ جمع عاف کی ہی -

عاق - ع - سرکش ماں اور باپ کے ساتھ -

عاقب - ع - پیچھے آنیوالا - وہ شخص جو کسی کا نائب ہو -

عاقبت - ع - آخر - انجام -

عاقد - ع - گرہ لگانیوالا - عہد کرنیوالا -

عاقر - ع - بانجھ جسکے لڑکا پیدا نہو مرد ہو خواہ عورت اسمین مذکر و مونث برابر ہے -

عاقل - ع - عقلمند - زیرک - دانا -

عاقلہ - ع - عقلمند عورت -

عاکف - ع - گوشہ نشین - مسجد مین ایک گوشہ کے اندر عبادت کے لیے بیٹھنے والا -

عاکفان - ع - جمع فارسی ہی عاکف کی -

عاکفین - ع - جمع عربی ہے عاکف کی -

عالم - ع - جو چیز کہ سواے خداے تعالے کے ہے وہ عالم ہے - جہان - مخلوقات - اور بمعنی انواع مخلوقات کے بھی آتا ہے اور محاورۂ فارسی مین بمعنی حالت اور صورت کے بھی -

عالِم - ع - جاننے والا - علم والا - پڑھا ہوا -

عالم آب - ف - کنایہ ہی نشۂ شراب سے -

عالم امر - ع - عالم ارواح اور عالم ملائکہ -

عالم اسباب - ع - دُنیا -

عالم برزخ - ع - موت اور قیامت کے درمیان مین روحون کے رہنے کا مقام -

عالم جبروت - ع - مرتبہ صفات خدا کا -

عالم لاہوت - ع - عالم ذات خدا کا -

عالم ملکوت - ع - مرتبہ سماے آخی کا -

عالم معنی - ع - وہ عالم جو محسوس نہو سکے -

عالم ناسوت - ع - عالم فانی - دُنیا -

عالم ہیولانی - ع - عالم اجسام کا -

عالمی - ع - عالم کا رہنے والا - دُنیا کا -

عالمیان - ف - جمع ہے عالمی کی -

عالی - ع - بلند - برتر -

عالیجناب - ع - بلند درگاہ - بلند مرتبہ -

عالی حضرت - ع - بلند مرتبہ کا آدمی -

عام - ع - برس - سال -

عام - ع - پھیلا ہوا - مشہور - کل کو گھیرے ہوے - آدمی عام ضد خاص کا -

عامر - ع - } آباد کرنیوالا - آباد اور نبی عامر
عامرہ - ع - } نام قبیلہ کا -

عامری ع۔ منسوب ف قبیلہ بنی عامر کے۔
عامِل ع۔ حاکم۔ عمل کرنیوالا۔ کاریگر۔
عامِل دریا۔ف } کنایہ آفتاب سے۔
عامِل کان۔ف }
عامّہ ع۔ مشہور۔ عام۔ ضد خاصہ۔
عامی ع۔ ناخواندہ۔ جاہل۔
عائد ع۔ دشمن۔ عناد رکھنے والا۔
عائۃ ع۔ موضع زیر ناف۔ پیڑو۔
عاہات ع۔ آفتیں۔ سختیاں۔
عاہت ع۔ آفت۔ بلا۔ سختی۔
عاہر ع۔ حرامکار۔ زناکرنیوالا۔
عاہل ع۔ وہ عورت جسکے شوہر نہو۔
عاہن ع۔ محتاج۔ مردِ سست و کاہل۔
عائب ع۔ عیب کرنیوالا۔ عیبی۔
عائد ع۔ الٹ کر آنیوالا۔ عود کرنیوالا۔
عائق ع۔ روکنے والا۔ حائل۔ مانع۔
عائل ع۔ فقیر۔ درویش۔
عائلی ع۔ فقیری۔ درویشی۔

فصل عین مع باے موحدہ

عُبّ ع۔ آستین۔
عَبّ ع۔ دمبدم پانی پینا۔
عَبا ع۔ کملی۔ نام ایک لباس خاص کا۔
عِباد ع۔ خدا کے بندے جمع عبد کی۔
عُبّاد ع۔ عبادت کرنیوالے جمع عابد کی۔
عبادت ع۔ پوجا۔ بندگی۔
عبارت ع۔ بیان۔ بات بیان کرنا۔
عَبّاس ع۔ شیر درندہ۔ نام حضرت رسول صلعم کے چچا صاحب کا انھیں کی اولاد میں خلفائے عباسیہ ہوے ہین۔ نام حضرت علی علیہ السّلام کے صاحبزادے کا جو امام الحسین کے بطن سے تھے اور جو کربلا مین شہید ہوے۔
عَبّاسی ع۔ منسوب طرف عباس کے نام ایک رنگ کا جو سرخ مائل بہ کبودی ہوتا ہے اور کنایہ رنگ سیاہ سے بھی سبب کہ خلفاے عباسیہ نے سیاہ رنگ اپنے لیے خاص کر لیا تھا۔
عبّاسیان ف۔ اولاد حضرت عباس آنحضرت صلعم کے چچا صاحب کی۔
عَبَث ع۔ بے فائدہ۔ بیہودہ۔
عَبد ع۔ بندہ۔ غلام۔
عَبدُالمُطّلِب ع۔ نام حضرت رسول صلعم کے دادا صاحب کا۔
عَبدُمَنَاف ع۔ نام حضرت رسول صلعم کے دادا صاحب کے دادا صاحب کا۔
عَبدُالجَنّہ ع۔ کابوس جس سے آدمی سوتے مین ڈرتا ہے۔
عَبدَہ ع۔ عبادت کرنیوالے۔ جمع عابد کی۔
عِبر ع۔ خواب کی تعبیر کرنا۔ انجام کی خبر دینا۔
عُبر ع۔ ہر چیز بہت۔ گردہ۔ گرمی نکھ کی۔ نام قبیلہ کا۔ وہ عورت جسکا فرزند مر گیا ہو۔
عَبر ع۔ محصول جو کشتی سے اُترتے ہوئے اور دریا سے پار جاتے ہوئے لیا جاتا ہے۔
عَبر ع } دریا کا کنارہ۔ گھاٹ۔
عُبر ع }
عِبر ع۔ عبرت پکڑنا۔ رونا۔
عِبرت ع۔ اندیشہ۔ نصیحت پکڑنا۔
عَبرہ ع۔ وہ محصول جو کشتی اور جہاز کے مسافروں سے لیا جائے۔ راہداری کا محصول اور بمعنی عبور کے بھی آیا ہے۔ اور کبھی مجازاً بمعنے خراج ٹیکس کے بھی آتا ہے۔
عَبرہ ع۔ آنکھ کا آنسو۔ رونا۔
عِبری ع } زبان اہل کنعان کی۔
عِبرانی ع }
عَبَس ع۔ ترش روئی۔ کج خلقی۔ بول پیشاب۔ سوکھا گوہ۔
عَبق ع۔ خوشبودار چیز۔
عَبقری ع۔ لباس لطیف جو عجیب و غریب ہو۔ ہر چیز جو نفیس اور عمدہ ہو۔
عُبُودیّت ع۔ بندگی۔ غلامی۔
عُبُور ع۔ راہ سے گذر جانا۔ پل کے پار جانا۔ دریا کو اُتر جانا۔
عُبُوس ع۔ ترشرو۔ بدخلق۔
عُبُوس ع۔ ترشروئی۔ نام مرض کا جس سے پیشانی پر شکنین پڑ جاتی ہین۔
عُبُوست ع۔ ترشروئی۔

عُبْهَر ع۔ زرد نرگس۔ اور جو نرگس سیاہ ہوتی ہے اُسکو شہلا کہتے ہیں۔

عَبِید ع۔ بہت سے غلام۔ یہ جمع عبد کی نہیں ہے بلکہ اسم جمع ہے جو معنی جمع کے رکھتا ہے۔

عُبَیْد ع۔ چھوٹا غلام۔ یہ تصغیر عَبْد کی ہے

عَبِیر ع۔ نام ایک خشک خوشبو کا ہے جو مشک اور صندل اور گلاب اور زعفران ملاکر بناتے ہیں اور کپڑوں پر چھڑکتے ہیں۔

فصل عین مع تائے فوقانی

عِتاب ع۔ ملامت کرنا۔ غصّہ کرنا۔ ناز کرنا خفگی۔ غصّہ۔ ناز۔

عِتاد ع۔ سفر کی تیاری۔ اسباب سفر کا۔

عِتاق ع۔ آزاد ہونا لونڈی وغلام وغیرہ کا۔

عِتاقت ع۔ آزاد ہونا۔

عَتَب ع۔ غصّہ کرنا خفگی ظاہر کرنا۔

عَتَبہ ع۔ دہلی۔ آستانہ۔ چوکھٹ۔

عَتَبات ع۔ چوکھٹیں۔ سختیاں۔ بلائیں۔

عِتْرت ع۔ اولاد۔ اپنے۔ یگانے۔ عزیز۔

عِتق ع۔ آزادی۔ آزاد ہونا۔

عَتَق ع۔ کہنہ ہونا۔ پرانا ہونا۔

عُتُل ع۔ سخت آواز۔ بہت کھانیوالا۔ ظالم۔

عُتُو ع۔ سرکشی۔

عِتی ع۔ حد سے گذر جانا۔ غرور کرنا۔ انتہا کے بوڑھاپے کو پہونچنا۔

عِتِیب ع۔ یائے مجہول سے الماعتاب کا

عَتِید ع۔ حاضر۔ مہیا۔ موجود۔

عَتِیق ع۔ پرانا۔ بزرگ۔ برگزیدہ۔ آزاد۔

عَتِیل ع۔ تشنہ۔ پیاسا۔ مزدور۔ خادم۔

فصل عین مع ثائے مثلثہ

عِثار ع۔ } سر کے بل گرنا۔
عَثارت ع۔ }

عَثْر ع۔ گر پڑنا۔

عِثْرات ع۔ لغزشیں۔ سر کے بل گرنے۔

عِثْرت ع۔ لغزش۔ سر کے بل گرنا۔

فصل عین مع جیم

عَجاب ع۔ انوکھا۔ تعجب۔

عَجاج ع۔ گرد۔ غبار۔

عَجادات ع۔ انگور کے دانے۔

عَجاف ع۔ دُبلے اور لاغر لوگ۔

عَجالت ع۔ جلدی کرنا۔

عُجالہ ع۔ جو چیز کہ بہت جلد حاضر کیگئی ہو۔

عَجائب ع۔ جمع ہے عجیب کی۔

عَجائز ع۔ جمع عجوز کی۔ بڑھیا عورتیں۔

عَجَب ع۔ تعجب۔ انوکھاپن۔

عَجُب ع۔ مرد متکبر۔ صاحب غرور۔

عُجْب ع۔ تکبر۔ غرور۔ خودبینی۔

عَجَز ع۔ } عاجز ہونا۔ ناتوانی۔ عاجزی۔
عَجْز ع۔ }

عَجُز ع۔ چوتڑ۔ ہر چیز کا پیچھا۔

عَجَزہ ع۔ جمع ہے عاجز کی۔

عَجَف ع۔ لاغری۔ دُبلاپا۔

عَجُف ع۔ لاغر۔ دُبلا۔

عَجَل ع۔ بچھڑا گائے کا بچہ۔ نام ایک قبیلہ کا۔

عَجِل ع۔ دوڑنے والا۔

عَجَلت ع۔ شتابی۔ جلدی۔

عَجَم ع۔ حرفوں پر نقطے دینا حرفوں کے اعراب۔

عُجَم ع۔ کند زبان لوگ۔ ٹُلک عجم کے باشندے۔ گونگے لوگ۔ گونگے حیوان۔

عَجَم ع۔ وہ مُلک جو سوائے عرب کے ہو خصوصًا بمعنی مُلک ایران و توران۔ اور مردم غیر عرب کو بھی عجم کہتے ہیں۔ چھوہارے اور انگور اور ہر چیز کی گٹھلی اور تخم یعنی بیج۔

عَجَمی ع۔ جو شخص باشندہ عرب کا نہو اکثر مراد ایرانی اور فارسی سے ہوتی ہے۔

عَجَن ع۔ آٹے وغیرہ کا خمیر کرنا۔

عَجُوز ع۔ بڑھیا۔ بوڑھی عورت۔ اور عجوزہ ہائے ہوز کے ساتھ غلط ہے۔

عَجُول ع۔ بہت دوڑنیوالا۔ حیران۔

عُجَّہ ع۔ } مرغی کے انڈوں کا خاگینہ
عَجَّہ ع۔ } جو تلا جاتا ہے۔

عَجِیب ع۔ انوکھا۔ وہ شے جس سے تعجب پیدا ہو۔

عَجِیز ع۔ جو جماع پر قادر نہو۔ نامرد۔

عَجِیل ع۔ باشتاب۔ جلدی کرنیوالا۔

عَجِین ع۔ خمیر۔

فصل عین مع دال مہملہ

عَدّ ۔ع۔ شمار کرنا۔ گننا۔

عِداَ ۔ع۔ جمع عدو بمعنی دشمن کی۔

عُدات ۔ع۔ جمع عادی کی۔ ظلم کرنیوالے۔ حدسے گذر جانے والے۔ دشمن۔

عِداد ۔ع شمار بخشش۔ وقت موت۔

عَدالت ۔ع۔ انصاف۔ برابری۔ عادل ہونا۔ لائق گواہی کے ہونا مجازاً بمعنی انصاف کی کچہری کے بھی۔

عَداوت ۔ع۔ دشمنی۔

عِدّت ۔ع۔ شمار۔ گنتی۔ وہ مدت کہ جس مین عورت بعد طلاق کے دوسرا شوہر نہ کرسکے۔ واضح ہو کہ یہ مدت طلاق والی کے لیے تین مہینہ یا تین حیض ہین۔ اور بیوہ کے لیے چار مہینہ اور دس روز۔ اور حاملہ عورت کے لیے جب لڑکا پیدا ہو جائے۔

عُدّت ۔ع۔ ہر چیز کی درستی اور تیاری اور موجودگی۔ جس سے حاجت رفع ہو۔

عَدَد ۔ع۔ گنتی۔ شمار۔ ہندسہ۔

عَدَس ۔ع۔ مسور۔ مشہور غلہ ہے۔

عَدْل ۔ع۔ برابر کرنا۔ انصاف۔ انصاف کرنیوالا۔ نیکرد۔ جو شرعاً گواہی کے لائق ہو اور بمعنی مثل۔ نظیر۔ مانند۔

عَدلَین ۔ع۔ دو مرد نیک لائق گواہی کے

عَدَم ۔ع۔ نہین۔ نفی۔ نہونا۔ نیستی اور فقیری۔ گم کرنا۔ منع کرنا۔

عُدِم ۔ع۔ فقیر۔ محتاج۔

عَدن ۔ع۔ جگہ ہمیشہ رہنے کی۔ کسی جگہ مین ہمیشہ رہنا۔ بہشت کے باغ جنہین بہشتی لوگ ہمیشہ رہین گے۔ عین دال کو فتحہ غلط ہی۔

عَدَن ۔ع۔ نام ایک جزیرہ کا حدود یمن مین جہان سے موتی عمدہ حاصل ہوتا ہے۔

عَدنان ۔ع۔ نام ایک شخص فصیح کا اجداد حضرت رسول صلعم سے اور عربون کا نسب انھین تک بالاتفاق ثابت ہوتا ہے۔

عَدُو ۔ع۔ دشمن۔ بیری۔

عُدوان ۔ع۔ دشمنی کرنا۔ ظلم۔ ستم اور جمع عادی بمعنی دشمن و ظالم کی۔

عُدول ۔ع۔ پھر جانا راہ سے۔ روگردانی کرنا۔ منھ پھیر لینا۔ اور جمع عادل کی بھی۔

عُدول ۔ع۔ گواہ مقبول۔ سچا آدمی پرہیزگار۔ نیکرد۔ بڑا عادل۔

عُدوہ ۔ع۔ ندی اور دریا کا کنارہ۔

عَدوَہ ۔ع۔ جانے دور۔

عَدوَہ ۔ع۔ بلند جگہ۔

عُدوی ۔ع۔ تجاوز کرنا حد سے۔ ظلم کرنا۔

عَدِید ۔ع۔ مثل۔ نظیر۔ مانند۔ گنتی گنی ہوئی چیز۔ مجازاً بمعنی فراوان یعنے بہت کے بھی آتا ہے۔

عَدِیل ۔ع۔ قدر اور مرتبہ مین برابر۔ وہ دو شخص جو ایک کجاوہ مین دونون طرف بیٹھین ہر ایک دوسرے کا عدیل ہوا۔

عدیم ۔ع۔ ناپیدا۔ گم۔ نایاب۔ درویش۔ فقیر۔ نادان۔ دیوانہ۔

فصل عین مع ذال معجمہ

عذاب ۔ع۔ دکھ۔

عَذابُ الھُون ۔ع۔ ذلت کا عذاب۔

عَذابُ الحَرِیق ۔ع۔ آگ سے جلانے کا عذاب مراد عذاب دوزخ۔

عِذار ۔ع۔ رخسارہ۔ چہرہ۔

عَذب ۔ع۔ پانی میٹھا اور خوشگوار اور بمعنی خوش مزہ اور شیرین کھانیکی چیز کے بھی۔ نام درخت کا۔

عَذَب ۔ع۔ کوڑا کرکٹ۔ بعد لڑکا پیدا ہونیکے جو کچھ کہ عورت کے بچہ دان سے مثل خون و آنول وغیرہ کے نکلے۔ ترازو کے اٹھانے کا ڈورا جو ڈنڈی کے بیچ مین ہوتا ہے۔

عَذوب ۔ع۔ پانی جسپر کائی جمی ہوئی ہو۔

عُذر ۔ع۔ بہانہ۔ معذور رکھنا۔

عَذراء ۔ع۔ لڑکی کنواری۔ بن بدھا موتی نام واسق کی معشوقہ کا۔ نام برج سنبلہ کا کہ وہ بھی لڑکی کی شکل پر ہے۔ واضح ہو کہ کنواری لڑکی کو عذراء اس لیے کہتے ہین کہ مرد کو اسکے ساتھ جماع کرنا متعذر یعنی دشوار اور مشکل ہوتا ہے۔

عُذرِی - ع معذور رکھنا۔ عذر چاہنا۔
عُذرِ زنان - ف۔ کنایہ حیض سے۔
عُذرِ لنگ - ف۔ بہانہ سست اور ضعیف جو قابل قبول کرنیکے نہو۔
عَذِرہ - ع۔ آدمی اور چوپایہ کا گوہ۔
عَذُوبَت - ع پانیکی خوش مزگی اور مٹھاس اور بمعنی شیرینی دوسری چیزونکے مجازہے۔
عِذیوط - ع وہ شخص جسکا بجز انزال کے پائخانہ بے اختیار نکل پڑے اور یہ ایک مرض سخت ہی۔ اور کبھی مجازاً مرض مذکور پر بھی اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہی۔

فصل عین مع رائے مہملہ

عَرا - ع۔ درگاہ۔ مکان کا صحن۔
عَرار - ع۔ وہ جنگل جسمین گھاس تک نہو۔
عُرات - ع۔ جمع عاری بمعنی ننگے و برہنہ کی۔
عَرادہ - ع۔ چھوٹا منجنیق جس مین پتھر رکھکر گھماکر دشمن کو مارتے ہین۔
عُراضہ - ع۔ کسی قسم کا تحفہ جو مسافر اپنے دوستونکے واسطے لاوے۔
عِراق - ع۔ واضح ہوکہ عراق دو ہین (۱) عراق عجم اسمین خراسان اور اصفہان داخل ہین (۲) عراق عرب اسمین وہ ملک داخل ہین جو آزروے دریاے دجلہ کے واقع ہین بغداد بھی اسمین شامل ہی عراق کے اصلی معنی لغت مین کنارہ دریا کے ہین چونکہ یہ دونون ملک دریا کے کنارے واقع ہین اسلئے انکو عراق کہتے ہین پس عراق عجم دریاے جیحون کے کنارے پر ہی اور عراق عرب دریاے دجلہ و فرات کے کنارے پر ہی اور عراق نام ایک مقام کا بھی ہی موسیقی مین جسکو پہر دن چڑھے گاتے ہین۔
عِراقَین - عراق کا تثنیہ ہی یعنی عراق عرب اور عراق عجم۔ اور کبھی اس لفظ سے مراد کوفہ اور بصرہ ہوتی ہی۔
عِراک - ع ابنو ہی کرنا۔
عَرّاک - ع خوب ملنے والا۔ گوشمالی دینے والا کان اُمیٹھنے والا۔ جنگ کرنیوالا۔
عَرائس - ع۔ جمع عَروس کی عورت ہویا مرد جسکی ابھی شادی ہوئی ہو۔ مگر اکثر اطلاق اسکا نئی دُلھن ہی پر کرتے ہین۔
عَرَب - ع۔ ملک مشہور ہی۔ اور اس ملک کے شہر دن کے رہنے والون کو بھی عرب کہتے ہین
عُرُب - ع۔ ملک عرب کے شہر ونکے رہنے والے۔
عَربان - ف جمع فارسی عرب کی ہی یعنی وہ لوگ جو باشندے شہر کے ہین ملک عرب سے۔
عَربَدہ - ع۔ لڑائی۔ جنگ۔ بدخوئی۔
عَربِستان - ف۔ عرب کا ملک۔
عَربی - منسوب طرف عرب کے۔
عَرج - ع۔ لنگڑا ہونا۔ پیدائشی لنگڑاپن۔
عُرجُون - ع۔ خرما وغیرہ کی شاخ خشک و کج۔
عَرعَرو - ع کتے کے بھونکنے اور بلی کے غرانیکی آواز بروقت غصہ کے۔
عِرس - ع۔ خاوند والی عورت۔ زن شوہردار۔
عُرس - ع کھانا شادی یا نکاح وغیرہ کا۔
عُرس - ع طعام عروسی۔ مجازاً اُس کھانیکو بھی کہتے ہین جو کسے بزرگ کے روز وفات سال بھر کے بعد فاتحہ دلوا کے تقسیم کرتے ہین۔
عَرش - ع۔ تخت۔ چھت۔
عَرشیان - ف۔ مراد فرشتے۔
عَرصہ - ع۔ میدان۔ بساط شطرنج کی۔ مکان کا صحن۔ مجازاً بمعنی فاصلہ۔
عَرصات - ع۔ جمع عرصہ کی اور بمعنی قیامت۔
عَرض - ع۔ ظاہر کرنا کسی چیز کا کسی شخص پر
چوڑان۔ اسباب گھر کا۔ ملامت۔ دیوانگی۔
عَرَض - ع۔ وہ چیز جو دوسری چیز کے سبب سے قائم ہو خلاف جوہر کے کہ یہ بذات خود قائم ہوتا ہی مثل رنگ اور کپڑے کے کہ رنگ عرض ہی اور کپڑا جوہر۔ وہ بیماری جو بسبب کسی مرض کے ہو جیسے دردِ سر کہ بسبب تپ کے ہو۔
عِرض - ع۔ ناموس۔ آبرو۔ عزت۔ جسم۔ بدن۔ جسد۔
عُرض - ع۔ جانب۔ طرف۔ کنارہ۔
عَرض بیگی - ف۔ وہ شخص جو لوگونکی حاجتون اور سوالون کو بادشاہ سے عرض کرے۔
عرض حیات - ع۔ اصطلاح مین زندگی کے زمانہ کو عجز و بی اور غرضی سے بسر کرنا۔

عَرَضِ عُمر-ع- کنایہ زندگی کی لذت سے-
عَرضگاہ-ف- میدان شمار فوج کا-
عَرضہ-ع- ایک مرتبہ ظاہر کرنا کسی چیز کا- کسی شخص پر ظاہر کرنا- عرض کرنا-
عُرضہ-ع- ہمت- حیلہ- بہانہ- محبت اور بمعنی ڈھال کے بھی مستعمل ہی-
عَرَعَر-ع- چیڑ کا درخت-
عَرف-ع- بوے خوش- خوشبو-
عُرف-ع- پہچان نیکی- احسان مشہور
عُرفا-ع- جمع عارف کی جسکے معنی گذرے
عَرفات- نام ایک میدان فراخ اور کشادہ کا جو مکہ سے نو کوس پر واقع ہی یہان نوین ذیحجہ کو جو روز عرفہ اور روز حج ہی حاجی لوگ کھڑے ہوکر اعمال حج ادا کرتے ہین-
عِرفان-ع- پہچاننا- لیکن بمعنی پہچاننے اور معرفت خداے تعالے کے مستعمل ہی- اور بمعنی شرم وحیا کے بھی آیا ہی-
عَرفہ-ع- نوین تاریخ ذیحجہ کی اور یہ تاریخ حاجیون کے کھڑے ہونے کی ہی مقام عرفات مین یہ لفظ حرف دوم کے سکون سے غلط ہی-
عُرفی-ف- تخلص شاعر مشہور کا-
عِرق- بدن کی رگ- نس- درخت کی باریک جڑ- زمین شور جسمین کچھ نہ اُگے-
عَرق-ع- جسم کا پسینہ- وہ پانی جو دواؤن کے جوش کے بخار سے حاصل ہو-
عَرق-ع- گوشت ہڈی سے چھڑانا- وہ ہڈی جسمین مطلق گوشت نہ لگا ہو- وہ راہ جسکو لوگ نہ پہچانین-
عِرق-ع- وہ دودھ جسکا مزہ بگڑ گیا ہو-
عِرقُ النَّسا-ع- نام ایک رگ کا جو چوتڑ سے پنڈلی تک گئی ہی- اس رگ کے درد کا بھی نام یہی ہی ہندیمین اس درد کا نام راگھن ہی-
عَرق بہار-ف- وہ عرق جو نارنج اور ترنج کے پھولونکا بطور گلاب کے کھینچین اور بمعنی شراب کے بھی آیا ہی-
عَرق چین-ف- پگڑی کے نیچے کی ٹوپی اور بمعنی رومال بھی ہے-
عَرق ریز-ف- خدمتگار- خادم- جفاکش- شرمندہ- اور بمعنی شرمندگی دینے والے کے بھی آیا ہے-
عَرق ریختن-ف- کسی کام مین بڑی کوشش کرنا شرمندہ ہونا-
عَرق کردن-ف- شرمندہ ہونا-
عِرقِ مَدَنی-ع- نام مرض جسکو فارسی مین رشتہ اور ہندی مین نارو کہتے ہین
عَرقیہ-ع- چھوٹا رومال جس سے پسینہ پونچھا کرتے ہین-
عَرگو زُنی-ف- اصل معنی اسکے پاد کے ہگنا اسلئے کہ عر بمعنی چرک اور گو زمعنی پاد ہی مگر اصطلاحاً بمعنی شور وغوغاے بے محل کے مستعمل ہی-
عَرم-ع- پانی کے روک کی مینڈ-
عَرُوب-ع- وہ عورت جسکے ساتھ اُسکا شوہر بہت محبت رکھتا ہو- وہ عورت جو اپنے شوہر کے ساتھ بڑی محبت رکھتی ہو- وہ عورت جو خندہ پیشانی اور خندہ رو ہو-
عُرُوج-ع- چڑھنا- بلند ہونا-
عَرُوس-ع- دولہا- دُلھن مگر عرف مین اکثر اطلاق اُسکا دُلھن ہی پر ہوتا ہی-
عَرُوسانِ بَہارِی-ف- کنایہ گل اور سبزہ وغیرہ سے جو فصل بہار مین ہون-
عَرُوسِ جہان-ف- کنایہ چاند سے-
عَرُوسِ عَرَب-ف- کعبہ شریف-
عَرُوسِ عَدَن-ف- کنایہ چاند ادرات سے
عَرُوسَک-ف- گڑیان جنسے لڑکیان کھیلتی ہین- نام میوہ کا زرد آلو کی قسم سے-
عَرُوسی-ع- شادی نکاح کی-
عُرُوض-ع- ظہور- عارض ہونا-
عَرُوض-ع- نام علم شعر کا-
عُرُوق-ع- جمع عرق کی- بدن کی رگین- درخت کی باریک جڑین-
عُروَہ-ع- ہر چیز کا گوشہ- ہر چیز کا دستہ جو ہاتھ سے مضبوط پکڑ سکین جیسے آفتابہ وغیرہ مین ہوتا ہی-
عُروَۃُ الوُثقیٰ-ع- گرفت- مضبوط-

عُریان - ع - ننگا - برہنہ -
عریش - ع - ہودج - ٹٹی جسپر انگور کی شاخین پڑی رہتی ہین -
عَریض - ع - چوڑا -
عَریضہ - ع - عرضی - عرض کیا گیا -
عَرَنگیہ - ع - طبیعت - اونٹ کی پٹھیکا کوبڑ -
عَرِین - ع - وہ جنگل اور صحرا جسمین درخت بہت ہون - اکثر شیر ایسے ہی جنگل مین رہتا ہی اسی لیئے شیر کی اس کے ساتھ نسبت کرکے شیر عرین کہتے ہین اور اکثر ناواقف لوگ جو اس لفظ کو غین نقطہ دار سے سمجھکر شیر غرین کہتے ہین جو غلط ہی -

فصل عین مع زاے معجمہ

عِز - ع - عزت - ارجمندی -
عُزّا - ع - غلبہ - غلبہ کرنا - باران سخت -
عَزا - ع مصیبت پر صبر کرنا - نسبت کرنا - کسی چیز سے - شکایت کرنا - مجازاً ماتم پرسی -
عُزّیٰ - ع - مؤنث اَعَزّ کا نام ایک بت کا اور یہ ایک درخت تھا جسکو عرب پوجتے تھے - بحکم رسول صلعم خالد بن ولید نے اُسکو جلادیا -
عَزازیل - ع - نام شیطان کا -
عَزائم - ع - منتر - اور افسون اور دعائین جو واسطے حاضر ہونے جنون اور پریون کے پڑھین - قرآن مجید کی آیتین جو واسطے بیمارون کی شفا کے پڑھتے ہین - فریضے خدا کے جو اُسنے اپنے بندون پر واجب کیے ہین -
عَزَب - ع - مرد مجرد جسکا جورو نہو - اور بمعنی زن بے شوہر کے بھی آیا ہی -
عِزّت - ع - حرمت -
عِزرائیل - ع - نام ایک فرشتہ مُقرب کا جو روحون کو قبض کرتے ہین -
عَزل - ع - بیکاری - بیکار کرنا - جدا کرنا - عورت سے نزدیکی کرنے مین بغیر انزال الگ ہوجانا - ان معنون مین بضم اول غلط ہی -
عَزَل - ع - بے ہتھیار کا ہونا -
عُزَل - ع - بے سلاح بے ہتھیار والا -
عُزل - ع - بے ہتھیار والے -
عُزلت - ع - گوشہ نشینی - زن و فرزند سے جدا ہوکر بیٹھنا - عبادت کے لیے -
عَزل و نَصب - ع - تغیری و بحالی -
عَزم - ع - ارادہ - قصد - ارادہ کرنا - کسی چیز پر قصد دلی کرنا - کسی شخص کو قسم دیدینا ان معنون مین یہ لفظ بضم اول بھی آیا ہی -
عَزمات - ع - جمع عزم کی -
عَزو - ع - نسبت کرنا ایک چیز کی دوسری چیز کی طرف - مصیبت پر صبر کرنا -
عَزّ و جلّ - ع - دونون صیغہ ماضی کے ہین اور یہ ماضی واسطے دوام کے ہے معنی ان کے غالب ہوا اور بزرگ ہوا -
عَزوم - ع - بوڑھی اونٹنی - اور بڑھیا عورت
عِزّہات - ع - سست جسکی قوت باہ جاتی رہی ہو -
عُزَیر - ع - نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا -
عَزیز - ع - کمیاب - آرزومند - قادر - غالب کسی پر - ارجمند - مرغوب - پیارا - اب لقب بادشاہ مصر کا ہی - اور زمانہ قدیم مین یہ لقب مصر کے وزیرون کو ملا کرتا تھا -
عَزیم - ع - دشمن قوی سخت دشمن -
عَزیمت - ع - قصد دلی - ارادہ - خدا کا فریضہ - منتر - افسون - دعا -

فصل عین مع سین مہملہ

عَس - ع - قدح بزرگ - بڑا کاسہ -
عَسیٰ - ع - قریب ہی اور نزدیک ہے (کہ ایسا ہووے) اور بمعنی یقین اور شاید کے بھی یہ لفظ آیا ہی -
عسار - ع - درویشی - فقیری - مفلسی -
عَسارت - ع - دشواری - سختی - تہیدستی -
عَساکِر - ع - جمع عسکر بمعنی لشکر کی -
عَسّالہ - ع - شہد کی مکھی - شہد کا چھتہ -
عَسجَد - ع - زر - طلا - سونا - جواہر مثل موتی اور یاقوت وغیرہ کے -
عُسر - ع - دشواری - دشوار ہونا کام کا -
عَسِر - ع - دشوار مشکل -
عُسرت - ع - تنگی - مفلسی - دشواری -
عَسس - ع - وہ شخص جو حفاظت شہر کی رات کو کرے - کوتوال - محافظ شہر -

عَسْقَلَان - ع - نام شہر کا شام مین -
عَسکر - ع - لشکر - فوج - ہر چیز جو بہت ہو -
تاریکی رات کی نام محلہ کا نیشاپور مین نام
سامرہ کا جو ایک قصبہ ہی -
عَسکَرِی - ع - عسکر کا رہنے والا - اور کنایہ
امام علی نقی عسکری اور امام حسن عسکری
علیہما السلام سے -
عَسَل - ع - شہد -
عَسَل - ع - کھانے مین شہد ملانا - کسی کی
خوب تعریف کرنا - عورت کا نکاح کرنا -
عَسَلِی - ع - زرد کپڑا جو یہود واسطے
امتیاز اور شناخت کے اپنے جامون کے
مونڈھون پر سیتے تھے -
عَسَم - ع - خشک ہو جانا بند دست اور
قدم کا اور کج ہو جانا اُنکا -
عُسُن - ع - پرانی خبرلی -
عُسن - ع - فربہی - موٹاپا -
عَسِیر - ع - دشوار - مشکل -
عُسَیلَہ - ع - لذت جماع اور آب منی -

فصل عین مع شین معجمہ

عُشّ - ع - آشیانہ یعنی گھونسلا پرندکا -
عِشَاء - ع - تاریکی رات کی جو وقت نماز کا
ہی اور اس نماز کو بھی عشا کہتے ہین -
عَشَاء - وہ کھانا جو رات کو کھاتے ہین -
عَشَا - ع - بغیر ہمزہ کے - شب کوری - تونذی

عُشَّاق - ع - جمع ہی عاشق کی - اور نام ہی ایک
راگ کا جو دو گھڑی دن رہے گاتے ہین -
عَشَائِر - ع - جمع عشیرہ کی کنبے قبیلے -
عُشُب - ع - ہری گھاس -
عَشر - ع - کسی چیز مین دسوان حصہ لینا -
عُشر - ع - دسوان حصہ (۱/۱۰) اور دس
آیتین قرآن مجید کی -
عُشَر - ع - ایک درخت ہے کڑوا قاتل جسکو
آگ اور مدار کہتے ہین - اور ہر نبات کو
بھی کہتے ہین جسمین سے دودھ نکلے -
عَشَر - ع - دس (۱۰) اور دس عورتین
عَشَرَہ - ع - دس مرد - اور دس عدد -
عَشَرَات - ع - جمع عشرہ کی دہائیان
جیسے دس بیس تیس وغیرہ -
عِشرَت - ع - خوش دلی - خوش زندگانی
کرنا باہم - عیش - یہ لفظ بفتح اول غلط ہی -
عُشَّر خوان - ف - لڑکا نوآموز جو قرآن
پڑھتا ہو اسلیے کہ لڑکے کو اول دس آیتین
قرآن شریف کی بطریق تبرک کے سبق دیتے
ہین اور یعنی قاری قرآن شریف کے بھی ہی
اصطلاحاً وہ شخص جو مردکی قبر پر قرآن پڑھے -
عُشر عُشیر - ع - سوان حصہ (۱/۱۰۰)
عَشَرَہ کاملہ - ع - دس چیز کامل - اور
کنایہ دس روز دن سے جو حاجی لوگ رکھین
تین روز ایام حج مین اور سات روز

بعد حج کے اور یہ حکم اُن لوگون پر ہے جو
قربانی کی قدرت نہین رکھتے ہون -
عِشرِین - ع - بیس (۲۰) عـ
عِشق - ع - کسی شے کو نہایت دوست
رکھنا بعض طبیب کہتے ہین کہ عشق ایک
مرض ہی قسم جنون سے جو شکل حسین دیکھنے
سے پیدا ہو جاتا ہی یہ لفظ ماخوذ ہی عشقہ سے
جسکو لبلاب اور عشق پیچان بھی کہتے ہین
اور اس نبات کا قاعدہ ہی کہ جس درخت پر
لپٹتی ہی اُسکو خشک کر دیتی ہی پس یہی حال عشق کی
بھی ہی کہ جسکو ہوتا ہی اُسکو خشک اور زرد کر دیتا ہی
عِشقبَاز - ع - ف - عاشق - چاہنے والا -
عِشق پیچان - ف - ایک نبات مشہور ہی
عِشقہ - ف - ایک درخت پر پھیلتی
ہے اُسکا پھول مُسہل ہوتا ہی -
عَشَم - ع - خشک روٹی -
عَشُوق - ع - بڑا عشق کرنیوالا -
عَشوَہ - ع - چھپا کر کام کرنا - اگ جو رات
کو دور سے دکھائی دے - تاریکی -
عِشوَہ - ف - ناز - فریب - وہ حرکت
معشوق کی جو عاشق کو فریفتہ کرلے -
عَشِی - ع - اول شام - سرشام -
عِشِی - ع - رات کا کھانا -
عَشِیَّت - ع - شام کا وقت -
عَشِیر - ع - وہ شخص جو دوسرے شخص کے ساتھ

لہ یہ نون حرکت مین اس لغت مین صحیح ہی اور مکسور بھی

ایک جگہ پر زندگی بسر کرے - کنبے کا آدمی ہمسایہ - دسواں حصہ کسی چیز کا -

عَشِیرَہ - ع - کنبہ - قبیلہ - اہل خانہ -

عَشِیقَہ - ع - بمعنی معشوقہ -

فصل عین مع صاد مہملہ

عَصَا - ع - لاٹھی -

عِصَابَہ - ع - وہ چیز جس سے سر وغیرہ کو باندھین - پٹی - دستار - پگڑی - ایک قسم بردیمانی کی - گروہ آدمیون کا -

عُصَات - ع - جمع عاصی بمعنی گنہگار کی -

عَصَّار - ع - روغنگر - تیلی -

عُصَارَہ - ع - ہر چیز نچوڑی ہوئی کا پھوک ہر چیز نچوڑی ہوئی کا روغن - رس - پانی -

عَصَافِیر - ع - جمع عصفور بمعنی گنجشک کی - ہندی چڑیان -

عِصَام - ع - وہ تسمہ جو اُٹھانے کے لیے مشک مین لگاتے ہین - ڈول کی رسّی - نام ایک مرد نیک خصلت کا جو نعمان بن منذر کے دربان تھے -

عَصَب - ع - پے - پٹھے - یہ جمع ہے عصبہ بمعنی پٹھہ کی مگر محاورہ مین اکثر بجاے مفرد کے مستعمل ہوتا ہے -

عَصَبَات - ع - خویشان اور فرزندان نرینہ جو باپ کی طرف سے ہون -

عَصَبَہ - ع - پٹھہ جس سے مضبوطی اور حس وحرکت اعضا کی رہتی ہے جمع اسکی عصب اور اعصاب آتی ہے - خویش اور فرزند نرینہ جو باپ کی طرف سے ہو -

عُصْبَہ - ع - گروہ مردون کا دس سے چالیس تک -

عَصَبِیَّت - ع - طرفداری - مضبوطی اور خویشاوندی -

عَصْر - ع - زمانہ - روزگار - آخر روز - نام نماز کا - نچوڑنا انگور وغیرہ کا -

عُصْعُص - ع - دونون چوتڑ کے درمیان کی ہڈی جو قریب مقعد کے ہے دم غزہ -

عُصْفُر - ع - گل کاجیرہ - ہندی کسنبھ اور جو پُرا کہ اسکے رنگ مین رنگا جاتا ہے اسکو معصفر کہتے ہین اور اُسکے پھول کو گل معصفر کہنا جیسا کہ عوام مین مشہور ہے خطا ہے -

عصفورہ - ع - گنجشک - چڑیا -

عِصْمَت - ع - گناہ سے اپنے کو باز رکھنا اسطرح کہ تمام عمر مین کبھی کوئی گناہ کبیرہ نہ کیا ہو -

عُصْمُو - ع - پانی بھرنے کی گراری - پانی بھرنے کا ڈول - عصامیر اسکی جمع ہے -

عَصْو - ع - لاٹھی سے کسیکو مارنا -

عُصُوف - ع - ہوا کا بہت تیز چلنا -

عَصُوف - ع - آندھی -

عَصُوم - ع - بہت کھانیوالا -

عِصْیان - ع - یہ مصدر ہے اصلی بمعنی سخت ہونا - اصطلاحی گناہ - اس لیے کہ گناہ کرنے سے آدمی سخت دل ہو جاتا ہے -

عَصِیب - ع - طرفدار - استوار - رشتہ دار -

عصیدہ - ع - ایک قسم ہے حلوا کی -

عصیر - ع - انگور وغیرہ کا نچوڑا ہوا شیرہ ہر چیز کا نچوڑا ہوا پانی وغیرہ اور کبھی بمعنی شراب انگوری کے بھی آتا ہے -

فصل عین مع ضاد معجمہ

عَضّ - ع - دانت سے کاٹنا -

عَضَاد - ع - چھوٹے قد اور موٹے ڈیل کا خواہ مرد ہو خواہ عورت -

عِضَاد - ع - کنگن عورتون کا زیور مشہور ہے -

عُضَادَہ - ع - لکڑی کے دروازہ کا بازو -

عُضَال - ع - دشوار کام سخت بیماری -

عَضْب - ع - اصلی بمعنی اسکے قطع کے ہین مگر بمعنے تلوار مستعمل ہے -

عَضْبِیَّت - ع - تیز زبانی -

عَضُد - ع - بازو - نام عضد الدولہ دیلمی بادشاہ شیراز کا -

عَضْد - ع - مدد کرنا - یاری کرنا -

عَضْل - ع - باز رکھنا بیوہ عورت کو دوسرا شوہر کرنے سے سختی اور دشوار ہونا کام کا کسی پر - سخت کام -

عِضْل - ع - بدرشت - بہت بُرا -

عُضَل ۔ع۔ سختیاں۔ بلائیں۔
عَضَل ۔ع۔ جمع عضلہ کی۔
عَضَلَہ ۔ع۔ وہ گوشت کا ٹکڑا جسکے ہر ریشہ ریشہ میں چربی ملی ہوئی ہو۔
عُضْو ۔ع۔ ٹکڑا بدن کا بفتح اول غلط ہے۔
عَضْو ۔ع۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
عُضُوب ۔ع۔ جمع عضب کی تلواریں۔
عُضُوم ۔ع۔ بسیار خوار ہیت کھانیوالا۔

فصل عین مع طاے مہملہ

عَطا ۔ع۔ بخشش۔ دینا۔
عَطّار ۔ع۔ خوشبو بیچنے والا۔ عطر بیچنے والا۔ گندھی۔ اور یہ جو عوام میں بمعنی دوا فروش مستعمل ہے خالی کراہت سے نہیں ہے۔
عُطارِد ۔ع۔ مذ۔ یہ ستارہ مشہور دوسرے آسمان پر ہے اسکو دبیر فلک بھی کہتے ہیں علم و عقل اس سے متعلق ہیں شرف اسکا سنبلہ میں اور وبال اسکا قوس میں ہوتا ہے اور کیمیا گروں کی اصطلاح میں بمعنی جست کے ہے۔
عَطّار کَرخ ۔ع۔ نام ایک محلہ کا بغداد میں۔
عُطاس ۔ع۔ چھینک۔ اور وہ عارضہ جس سے چھینکیں آئیں۔
عِطاش ۔ع۔ تشنگان۔ پیاسے۔
عُطاش ۔ع۔ پیاس کا مرض کہ جسقدر پانی پیا جاوے پیاس نہ بجھے۔
عَطایا ۔ع۔ جمع عطیہ کی بخششیں۔
عَطاے کُبریٰ ۔ع۔ کنایہ ہے عمر طبعی سے جسکی مدت ایک سو بیس برس ہے۔
عُطُب ۔ع۔ پنبہ۔ روئی۔
عَطُب ۔ع۔ نرمی۔ نازکی۔
عَطَب ۔ع۔ ہلاک ہونا۔ ہلاکی۔
عِطْر ۔ع۔ بوے خوش۔ خوشبو۔
عَطَر ۔ع۔ خوشبو کرنا۔ خوشبو ہونا۔
عِطْرسا ے ۔ف۔ عطر ملا ہوا۔
عِطْرِیات ۔ع۔ خوشبودار چیزیں۔
عَطْس ۔ع۔ چھینکنا۔
عُطْسَہ ۔ع۔ چھینک۔
عَطَش ۔ع۔ تشنگی۔ پیاس۔
عَطْشان ۔ع۔ تشنہ۔ پیاسا۔
عَطَف ۔ع۔ پھر جانا لپیٹنا۔ خواہش کرنا۔ مہربانی۔ دامن کی سنجاف۔
عَطْل ۔ع۔ عورت بدون زیبایش اور بغیر زیور کی۔ بغیر نقطہ کا حرف جیسے ح۔ د۔ س۔ ل۔ م۔ وغیرہ۔
عُطْلَت ۔ع۔ بیکاری۔
عَطُوف ۔ع۔ مہربان شفیق۔
عَطُوفَہ ۔ع۔ مہربان عورت۔
عَطُوفَت ۔ع۔ مہربانی شفقت۔
عَطِیّات ۔ع۔ جمع عطیہ کی بخششیں۔
عَطِیَّہ ۔ع۔ بخشش انعام۔ دی ہوئی چیز۔

فصل عین مع ظاے معجمہ

عِظام ۔ع۔ جمع عظیم کی۔ بزرگ لوگ اور جمع عظم کی ہڈیاں۔
عَظْم ۔ع۔ استخوان۔ ہڈی۔
عُظْم ۔ع۔ بزرگی۔ بڑائی۔
عِظَم ۔ع۔ کلانی۔ ضد صغر یعنی بڑاپن خلاف چھوٹے پن کے۔
عُظَما ۔ع۔ جمع عظیم کی۔ بزرگ لوگ۔
عُظْمیٰ ۔ع۔ بزرگ عورت۔ ہر مونث چیز جو بڑی اور بزرگ ہو۔
عَظَمَت ۔ع۔ بزرگی۔ قدر۔ یہ لفظ حرف دوم کے سکون سے غلط ہے۔
عَظِیم ۔ع۔ بزرگ۔ بڑا۔

فصل عین مع فا

عِفاریت ۔ع۔ جمع عفریت بمعنی دیو کی۔
عِفاف ۔ع۔ پارسائی۔ پرہیزگاری۔
عِفَّت ۔ع۔ پرہیزگاری۔ پارسائی۔ حرام چیزوں سے بچنا خصوصاً شہوت حرام سے۔
عِفْریت ۔ع۔ دیو خبیث نہایت بد۔
عَفَص ۔ع۔ مازو۔ مشہور دوا ہے۔
عَفِص ۔ع۔ ہر چیز جسکا مزہ کڑوا اور کسیلا ہو اور کھانے میں گلا پکڑے اور زبان اینٹھ دے۔
عَفْعَف ۔ع۔ آواز کتے کی۔
عَفَن خراب ہونا ہوا کا۔ سڑ جانا گوشت اور ہر شے کا۔

عِفْن۔ ع۔ گندہ۔ بدبو۔
عَفْو۔ ع۔ خطا کا معاف کر دینا۔ حالت قدرت مین کسی سے بدلہ اور عوض نہ لینا۔
عَفُوّ۔ ع۔ بہت بڑا خطا کا معاف کر دینے والا۔
عفوصت۔ ع۔ کسیلا پن۔
عُفُونَت۔ ع۔ بدبو۔ سڑاندھ۔
عَفِیف۔ ع۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ جو شخص حرامکاری نہ کرتا ہو۔
عَفِیفَہ۔ ع۔ عورت پارسا اور پرہیزگار۔

فصل عین مع قاف

عِقاب۔ ع۔ عذاب کرنا۔ عذاب دکھ۔
عُقاب۔ ع۔ نام ایک پرند شکاری کا۔ ہر چیز جو بلند ہو۔ چھوٹا ڈورا جو کان کے سوراخ مین ڈالین واسطے لٹکانے گوشوارہ کے کیمیاگرونکی اصطلاح مین یعنی نوشادر۔
عُقاب اَفگن۔ ف۔ کنایہ حلقہ بگوش سے اسلیئے کہ عقاب یعنی کان کے ڈورے کے ہر پس مراد اس سے غلام۔ مطیع۔ خادم۔ تابعدار۔
عُقابِ آسمان۔ ف۔ چند ستارہ ہین بصورت عقاب کے آسمان پر انکو نسر طائر بھی کہتے ہین بعض کہتے ہین عقاب کس لیئے کہ دھ کو کہتے ہین
عُقابَین۔ ع۔ دو لکڑیان لمبی زمین مین گاڑ کے اُسکے اوپر گنہگارونکو باندھ دیتے ہین۔
عُقابِین۔ ع۔ لوہے کے کانٹے جو دشمنون کی راہ مین بچھا دیتے ہین۔

عُقار۔ ع۔ شراب۔ اور ایک قسم کا کپڑا جو سُرخ ہوتا ہے۔
عَقار۔ ع۔ پانی۔ زمین کھیتی کی۔ درخت خرما گھر کا اسباب کا نوکی زمین۔
عُقار۔ ع۔ دواجو گھاس کی جڑ کی قسم سے ہو۔
عَقارِب۔ ع۔ جمع عقرب یعنی بچھو کی۔
عقاقیر۔ ع۔ جمع عُقار کی وہ دوائین کہ جو بیخ نبات کی قسم سے ہون۔
عِقال۔ ع۔ وہ رسی جس سے اونٹ اور دوسرے چوپایون کے پانون باندھین۔
عَقائد۔ ع۔ جمع عقیدہ کی وہ چیزین جنکو حق اور سچا جانکر دلمین مضبوط کر لین۔
عَقِب۔ ع۔ پاشنہ۔ ایڑی پانون کی اور بمعنے بیٹا۔ پوتا۔
عُقْب۔ ع۔ انجام عاقبت۔ کام کا اخیر۔
عَقَب۔ ع۔ پے جس سے کمان کا چلہ بناتے ہین بعض محققین کہتے ہین کہ عصب زرد پٹھہ کو کہتے ہین اور عقب سفید کو۔
عَقْب۔ ع۔ کسی چیز کے پیچھے آنا۔ یہ مصدر ہے۔
عَقَبات۔ ع۔ راہین دشوار گذار یہ جمع عقبہ کی ہے۔
عِقْبان۔ ع۔ جمع عقاب یعنی عذاب کی۔
عُقْبان۔ ع۔ جمع عقاب پرندہ مشہور کی
عُقبیٰ۔ ع۔ آخرت۔ دوسرا جہان۔
عَقَبہ۔ ع۔ وہ راہ جس سے گذرنا نہایت مشکل ہو۔ اور مراد امر سخت اور عظیم سے بھی

عَقد۔ ع۔ گرہ لگانا۔ عہد کرنا۔ نکاح کرنا۔ بیع کرنا۔ بیچنا۔
عُقد۔ ع۔ بات کرنے مین زبانکا لکنت کرنا۔
عِقد۔ ع۔ موتیون وغیرہ کا ہار۔
عُقَد۔ ع۔ جمع عقدہ یعنی گرہ کی۔
عَقدِ رَوان۔ ف۔ نکاح۔ متعہ جو مذہب امامیہ مین ہوتا ہے۔ از غیات۔
عَقدِ زِفاف۔ ع۔ کنایہ نکاح سے۔
عُقدہ۔ ع۔ گرہ۔ کنایہ مشکل بات سے۔
عَقر۔ ع۔ بانجھ ہونا عورت ہو یا مرد۔ پانون باندھ دینا چوپایہ کا جسمین وہ چل نہ سکے۔ چوپایہ کے پیر کاٹ ڈالنا۔
عُقر۔ ع۔ عورت کا زمہر۔ وہ روپیہ جو شوہر سے جماع کرنے مین واجب ہوتا ہے مرد خواہ عورت کا بانجھ ہو جانا۔
عَقر۔ ع۔ خوف سے پیرون کا کانپنا۔
عَقرَب۔ ع۔ بچھو۔ نام آٹھوین برج کا آسمان پر جو بشکل بچھو ہے اور مجازاً بمعنے منحوس کے آتا ہے۔
عَقرَبی۔ ع۔ ایک قسم ہے عمدہ لعل کی جو منجملہ جواہر کے ہے۔
عَقعَق۔ ع۔ ایک پرند ہے سیاہ رنگ اور تیز اڑنے والا۔ منتخب مین لکھا ہے کہ یہ جنگلی کوا ہے۔

عَقل -ع- حزد- دانائی- اور حکیمون کی اصطلاح مین بمعنی فرشتہ-

عَقلِ اوّل -ع- پہلا فرشتہ سنجملہ دس فرشتونکے جو حکما کے نزدیک عین ہین اور اسکو جوہر اول بھی کہتے ہین اور کنایہ حضرت جبرئیل اور نور رسول مقبول اور عرش اعظم سے-

عُقَلا -ع- جمع عقیل بمعنی عقلمند کی-

عَقلِ فعّال -ع- دسوان فرشتہ جسکو عقل عاشر بھی کہتے ہین اور حکما کے نزدیک اسی نے تمام عالمونکو پیدا کیا ہے اور حضرت جبرئیل بھی عقل فعال ہین بموجب قول فصیل کے

عَقلِ کُل -ع- کنایہ حضرت جبرئیل اور نور محمدی سے- اور کبھی کنایہ عرش اعظم سے بھی-

عُقلَہ -ع- بند- اور نام ایک شکل کا رمل کی شکلون سے اس صورت پر- ⁂

عَقلی -ع- جو بات صرف ذہن مین آوے اور خارج مین موجود نہ ہو-

عُقُوبَت -ع- عذاب- دکھ- سزا-

عَقُود -ع- جمع عقد کی جسکے معنی گذرے-

عَقُور -ع- کاٹنے والا کتا-

عُقُوق -ع- نافرمانی ماں اور باپ کی کرنا-

عُقُول -ع- جمع عقل کی ذہانیان فرشتے

عُقُولِ عَشَرَہ -ع- دس فرشتے جنھون نے بموجب مذہب حکما حکم خدا سے کل عالم کو پیدا کیا اور سارا انتظام کرلیا-

عَقُوَہ -ع- میدان- مکان کا صحن-

عِقیان -ع- زر- سونا-

عَقیب -ع- پیرو- جو چیز کہ پیچھے ہو-

عَقیدَہ -ع- بھروسا دلکا- مذہب-

عَقیدَت -ع- جسپر یقین کرنے سے اُس مذہب مین شامل ہوسکے-

عَقیر -ع- بانجھ- نا اُمید-

عَقیق -ع- نام ایک سرخ پتھر کا جو یمن کی طرف سے آتا ہے اور مراد لب یعنی ہونٹھ سے اور سکندر نامہ مین مراد روشنک دارا کی بیٹی سے-

عَقیقَہ -ع- لڑکے کے نام رکھنے کی ضیافت بچہ کے سر کے بال مونڈنا ساتوین دن روز پیدائش سے- وہ بکری وغیرہ جو پیدائش مولود کے پہلے ہفتہ مین واسطے بچہ کے قربان یعنے ذبح کرتے ہین-

عَقیل -ع- مرد بزرگ اور بڑا عقلمند نام ابی طالب علیہ السلام کے بیٹے کا جو بہ نسبت قریش کے بڑے عقلمند تھے-

عَقیلَہ -ع- عورت عقلمند اور سردار قوم کی ہر چیز جو اپنی جنس مین بہتر اور بہت مقبول ہو- بزرگ قوم- مروارید- موتی- چوپایہ کے پانوں باندھنے کی رسی-

عَقیم -ع- بانجھ خواہ مرد ہو خواہ عورت بانجھ عورت وہ جسکو حمل نہ رہے اور بانجھ مرد وہ جسکے نطفہ سے حمل نہ رہے- لفظ عقیم مین مذکر اور مونث برابر ہے-

فصل عین مع کاف

عُکّاشَہ -ع- عنکبوت- مکڑی-

عُکّاظ -ع- نام بازار کا جو درمیان نخلہ اور طائف کے ہے-

عکرمہ -ع- مادہ کبوتر- کبوتری-

عکس -ع- اُلٹا کرنا- اُلٹنا- کوٹنا- اور وہ شکل جو کسی چیز کی آئینہ یا پانی مین دکھلائی دے-

عَکّہ -ع- ایک قسم جنگلی کوے کی جو ابلق ہوتا ہے- اور بعض کہتے ہین کہ ایک پرند ہے جسکو عقعق بھی کہتے ہین- نام مقام کا-

عُکّہ -ع- گمی وغیرہ رکھنے کا برتن- بالوکا تودہ جو دھوپ سے جلنے لگے- گرمی کی سختی-

فصل عین مع لام

عُلا -ع- بلندی- بزرگی-

عَلی -ع- اوپر-

عَلّاتَ -ع- سندان جسپر لوہا پیٹا جاتا ہے ہندی مین اُسکو نہائی اور اہرن کہتے ہین-

عِلاج -ع- چارہ- تدبیر-

عَلیحِدَہ -ع- جدا- الگ-

عَلّاف -ع- گھاس کاٹنے والا-

عَلاقَہ -ع- دلکا لگاؤ کسی چیز سے تعلق مناسبت درمیان دو چیز کے- کسی کے ساتھ

دلی دبدار رکھنا خواہ دوستی ہو خواہ دشمنی خواہ نوکری۔ روزی حاصل کرنیکا وسیلہ۔

عِلاقہ ۔ع۔ جو چیز کسی دوسری چیز کے ساتھ ظاہر مین لٹکی ہو یا بندھی ہو۔

عِلاقہ دستار ۔ف۔ پگڑ کا طرّہ۔

علی الخصوص ۔ع۔ خاص کر کے خصوصًا

عَلَی الدّوام ۔ع۔ ہمیشہ۔

عَلَی الصّباح ۔ع۔ صبح تڑکے۔

عَلَی الحال ۔ع۔ بہت جلد۔ ابھی۔

عَلَی الرّغم ۔ع۔ برخلاف۔ برعکس۔ یہ معنی مجازی ہین اسلیے کہ رغم کے معنی ذلیل ہونا اور خاک آلودہ ہونا ہین پس کسی کے برخلاف کام کرنا گویا اُسکا ذلیل کرنا ہے۔

عَلَی الاطلاق ۔ع۔ بے قید۔

عَلَا لا ۔ع۔ شور۔ غوغا۔ غُل

عُلَا لہ ۔ع۔ ہر چیز کی باقی۔ تھوڑی شی۔

عَلّام ۔ع۔ بہت بڑا دانا اور جاننے والا۔

عَلامات ۔ع۔ جمع ہے علامت کی۔

علامت ۔ع۔ نشان۔ پتہ۔

علّامہ ۔ع۔ م بہت ہی بڑا دانا اور

علّامی ۔ع۔ ی جاننے والا۔ واضح ہو کہ تا ے فوقانی علامہ مین اور یاے تحتانی علامی مین واسطے تانیث اور نسبت کے نہین ہین بلکہ واسطے مبالغہ کے ہین۔ یا یہ کہ ان دونون لفظون مین دو دو علامت مبالغہ ہین۔ مگر اطلاق ان دونون لفظون کا حق تعالےٰ پر نہین کرتے ہین برخلاف علّام کے اسلیے کہ انمین شائبہ تاے تانیث اور یاے نسبت کا پایا جاتا ہے۔

علانیہ ۔ع۔ ظاہر۔ کھلم کھلا

علاوہ ۔ع۔ ایک بوجھ جو دوسرے بوجھ کے اوپر رکھین۔ ہر چیز جو دوسری چیز پر رکھی جاے

سوا۔ ماسوا۔ اسکے سوا۔ بفتح اول غلط ہے

علایق ۔ع۔ جمع علاقہ کی۔

علّت ۔ع۔ مرض۔ سبب۔ وجہ۔

علّت اُولیٰ ۔ع۔

علّت اوّل ۔ع۔ } کنایہ عقل اول سے

علّت آفتاب ۔ف کنایہ مرض یرقان سے

علّت تامہ ۔ف۔ ع سبب کامل۔

علّت صُوری ۔ع۔ صورت ظاہری جو بعد بننے کے اُس چیز کی ہو گئی ہو۔

علّت غائی ۔ع۔ فائدہ اُس شی کا یعنے جس کام کے لیے وہ چیز بنائی گئی ہو۔

علّت فاعلی ۔ع۔ جسنے کوئی شی بنائی ہو۔

علّت مادّی ۔ع۔ وہ مادہ اور اسباب جس سے وہ شی بنی ہو۔

علّت مشائخ ۔ع۔ ایک بیماری ہے کہ جو سوداوی یبوست یعنی خشکی سے بعضے پٹھون کی مقعّد مین گلٹی پیدا ہو جاتی ہے اور اس سبب سے وہ اغلام کرانے لگتے ہین۔

عَلَف ۔ع۔ چوپایون چارہ جو وہ کھاتے ہون۔ گھوڑے کی گھاس۔

علق ۔ع۔ جما ہوا خون۔ ہر چیز جو دوسری چیز مین لٹکی ہوئی یا چمٹی ہوئی ہو۔ نام ایک کیڑے سیاہ رنگ کا جسکو جونک کہتے ہین۔

عِلَل ۔ع۔ جمع علّت بمعنی سبب و مرض کی۔

عَلَم ۔ع۔ جھنڈا اور نشان فوج کا۔ کوہ پہاڑ چونکہ ان دونون مین نمود اور بلندی ہوتی ہے لہذا بمعنی مشہور و معروف مستعمل ہے اور بمعنی نام خاص جو کسی کا ہو یعنی وہ نام جس سے کوئی عورت خواہ مرد مشہور ہو۔ اور بمعنی نقش جلمہ یعنی کپڑے پر جو بیل بوٹے بنے ہوتے ہین۔

علم ۔ع۔ آگاہ ہونا۔ جاننا۔ عقل۔

علم افگندن ۔ف۔ کسی کے مقابلہ سے بسبب خوف وغیرہ کے بھاگ جانا۔ مقابلہ نہ کرنا۔

علم الیقین ۔ع۔ جاننا کسی چیز کا کمال یقین کے ساتھ سے اُسکی کیفیت اور ماہیت کے اسطور پر کہ اصلا شک اور شبہہ کی بو تک اُسمین نہو باوجود یکہ اُس چیز کو دیکھا نہو۔ اور یہ پہلی قسم ہے تین قسمون یقین سے اور وہ یہ ہین۔ علم الیقین۔ عین الیقین۔ حق الیقین۔

علم نظر ۔ع۔ علم مناظرہ جسمین بحث کرنے کے ادب مذکور ہوتے ہین۔ اور بمعنی علم عقلی جیسے منطق۔ حکمت۔

علن ۔ع۔ ظاہر۔ ظاہر ہونا

عَلَم شدن - ف - ظاہر اور مشہور ہونا -
عِلمِ کلام - ع - کنایہ اُس علم سے جسمین عقلیات نقلی کو عقلی دلیلونسے ثابت کرتے ہین اور اور اُس علم والون کو متکلمین کہتے ہین -
عِلمِ لدُنی - ع - وہ علم جو حقتعالےٰ کسی کو محض اپنے فضل وکرم سے عطا فرمائے بغیر اسکے کہ وہ شخص کسی اُستاد سے پڑھے - لدُن بمعنی نزدیک ہی -
عُلُو - ع - بلندی - اونچائی - فارسی مین کبھی بغیر تشدید واؤ کے بھی آتا ہے -
عُلُوُف - ع - لٹکنا - چمٹنا - دوست رکھنا - عورت کے رحم مین جنا خون کا مرد کے نطفہ کے ہمراہ ابتدائے ایام حمل مین -
عُلُوفہ - ع - خوردنی - جوہش - خوراک -
عُلُوم - ع - جمع ہے علم کی -
عَلَوی - ع - وہ سید جو اولاد علی علیہ السلام سے ہو سوائے البتہ اطہر حضرت فاطمہ علیہا السلام کے -
عُلوِی - ع - آسمانی جیسے فرشتہ - ستارہ -
عَلَوِیان - ف گروہ سادات -
عُلُویان - ف - فرشتے - ستارے -
عَلِی - ع - بلند نام حقتعالےٰ کا - نام حیدر کرار علیہ السلام کا -
عُلیا - ع - جو چیز بہت بلند ہو اور یہ لفظ مؤنث ہے اعلیٰ کا -
عَلِیقہ - ع - توبڑہ جسمین دانہ رکھکر گھوڑے کے سر پر باندھتے ہین کھانے کے لیے -
عَلِیل - ع - بیمار - مریض -
علیم - ع - جاننے والا - صاحب علم -
عَلِیہ - ع - بلند بلند مرتبہ -
علیین - ع - اونچی کھڑکیان بہشت کی - بلند مکان بہشت کے - نیک بندون کے اعمال کی کتاب - بعض کہتے ہین کہ علیین اسم مفرد ہے بمعنی بہشت کے

فصل عین مع میم

عَم - ع - چچا - باپ کا بھائی -
عَمَا - ع - گمراہی - اندھاپن - ابر غلیظ -
عِمَاد - ع - ستون - کھمبے - بلند عمارتین - یہ جمع عمادہ کی ہے - مگر یہ لفظ بمعنی مفرد اور جمع دونون آیا ہے -
عِمَادَات - ع - عمارت کے ستون -
عِمَارَت - ع - مکان - آبادی - آباد کرنا اور بمعنی مرمت کے بھی آیا ہے
عِمَّارِی - ع - اونٹ کی محمل - ہودج جو اونٹ کی پیٹھ پر کسا جاتا ہے - یہ منسوب ہے طرف عمّار کے جو اسکا واضع تھا - اور عماری بغیر تشدید میم کے بھی آیا ہے - اور بمعنی تابوت مردہ کے بھی آیا ہے -
عُمَّال - ع - جمع ہے عامل کی - حاکم - کارگزار جو سرکار کیطرف سے مقرر ہون -
عِمَامَہ - ع - دستار - پگڑی - اور میم کے تشدید سے بھی آیا ہے -
عُمَّان - ع - نام شہر کا یمن مین دریاے محیط کے کنارہ پر اسی لیے دریاے اعظم کو اسکی طرف نسبت کرکے دریاے عمّان کہتے ہین -
عُمّان - ع - نام شہر کا شام مین -
عَمّان - ف - جمع فارسی ہے عم بمعنی چچا کی اور جمع عربی عم کی اعمام ہے -
عَمَائِم - ع - جمع عِمَامہ بمعنی پگڑی کی -
عَمَد - ع - اپنے اختیار سے کام کرنا قصد ارادہ - ستون کھڑا کرنا - گزر مارنا -
عَمْدًا - ع - قصداً - ارادہ سے - قصد سے
عُمْدَہ - ع - وہ جس پر اعتماد کیا جاے - نفیس - تحفہ - بہتر -
عُمر - ع - زندگی -
عِمرَان - ع - آبادی نام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد ماجد کا - نام حضرت مریم علیہا السلام کے والد شریف کا - نام حضرت ابوطالب جناب رسول مقبول صلعم کے چچا صاحب کا
عِمرَانات - ع - آبادیان - جمع عمران کی -
عُمر طَبَعِی - ع - کنایہ ایکسو بیس برس کی عمر سے
عَمرو لَیث - ع - واو زائد غیر ملفوظہ سے نام ایک بادشاہ کا جسنے شیراز کو بسایا تھا -
عَمَش - ع - کمزوری مینائی کی ضعف بصر مرض کے سبب سے آنکھ سے آنسو بہنا -
عُمق - ع - کنوین اور دریا وغیرہ کی تہ - گہراؤ
عَمق - ع - گہرا ہونا -

عَمَل - ع - کار - کام عہدہ -
عَمَلخانہ - ع - کارخانہ - دیوانخانہ -
عَمل گیسو - ع - نام ایک راگ کا جسکو ہندیمین دھناسری کہتے ہین -
عَملہ - ع - کار - ام - عمل -
عَملہ - ع - نیکی -
عَملہ - ع - کام کرنے والے جو اپنے ہاتھ سے کام کرین - جمع عامل کی -
عَملی - ع - جو منسوب عمل سے ہو -
عَمُو - ع - گمراہی خرابی - عاجزی
عَمُو - ف - چچا - باپ کا بھائی - لفظ عم یعنی چچا پر داو زیادہ کرلیا ہے اسیطرح لفظ خال یعنی ماموں پر واو زیادہ کرکے خالو بنالیا مگر اب خالو عرف مین شوہر خالہ کو کہتے ہین -
عَمُود - ع - ستون - کھمبا - جنیہ کی چوب -
عَمز - ترازو کی ڈنڈی کے بیچ کی رسی یا گانٹھ سردار قوم کا - اور کنایہ آلہ تناسل سے بھی اور علم ہندسہ کی اصطلاح مین سیدھا خط جو سیدھے خط پر واقع ہو - اور زاویہ قائمہ پیدا کرے -
عُمُوز - ع - گوشت دانتونکے بیچ کا - گوشت دانتون کی جڑ دلکا - مسوڑے -
عُمُوم - ع - عام ہونا - سب جگہ ہونا - سبکو گھیر لینا - بے قید ہونا -
عَمّہ - ع - پھوپھی - باپ کی بہن -

عَمَلی - ع - آنکھ اور دلکی بینائی کا جاتا رہنا
عُمیٰ - ع - جمع اعمیٰ بمعنی اندھے کی -
عَمیا - ع - اندھی عورت - ہر چیز مونث جو اندھی ہو - پوشیدگی - چھپی ہوئی چیز -
عَمِید - ع - قوم کا پیشوا -
عَمِیق - ع - گہرا - اور بمعنی دور و دراز کے بھی آیا ہے -
عَمِیم - ع - عام - شامل سبکو گھیر لینے والا -

فصل عین مع نون

عَن - ع - بمعنی از - سے
عَنا - ع - تکلیف - دکھ - رنج - مشقت -
عَناب - ع - انگور بیچنے والا -
عُنّاب - ع - نام میوہ مشہور کا -
عُنّاب تر - ف - کنایہ اشک سرخ سے -
عِناد - ع - دشمنی - بیر - لڑائی لڑنا -
عَنادِل - ع - بلبلین جمع عندلیب کی -
عَناصر - ع - جمع عنصر کی جسکے معنی آگے مذکور ہین -
عَناق - ع - بکری کا بچہ جو زیادہ ہو مگر چار مہینے تک کا - سخی - بلا - کام سخت اور دشوار - گھوڑا خوش گردن - نام جانور جسکو یہ گوش کہتے ہین
عِناق - ع - آپسمین گلے ملنا
عِنان - ع - لگام - باگ -
عِنان بر عِنان - ف - ہمسر - برابر -
عِنان برگشیدن - ف - گھوڑا دوڑانا -
عِنان باز کشیدن - ف - ترک کرنا چھوڑ دینا -

عِنان تاب - ف - وہ گھوڑا جو فقط لگام کے اشارہ پر پھر جائے -
عِنان تاب شدن - ف - روانہ ہونا -
عِنان تافتن - ف - عاجز ہونا - مقابلہ سے پیٹھ پھیر لینا - روگردانی کرنا -
عِنان تازی - ف - جرأت کرنا -
عِنان خوش کردن - ف - جانا اور آنا -
عِنان در عِنان آوردن - ف - مقابل ہونا برابر ہونا - ہمسر ہونا -
عِنان دادن - ف - گھوڑا دوڑانا -
عِنان دزدیدن - ف - ترک کرنا چھوڑ دینا
عِنان راندن - ف - روان ہونا -
عِنان زنان رفتن - ف - کنایہ ہے سوار کے بہت جلد اور نہایت تیز جانے سے -
عِنان کشیدن - ف - اطاعت کرنا -
عِنان گران کردن - ف - بگڑ ہو جانا سوار کا
عِنان گردش - ف - گھوڑے کا وہ پلکانا
عَنا قید - ع - جمع عنقود بمعنی خوشہ انگور کی -
عِنایت - ع - مہربانی - قصد کرنا کسی چیز کا اہتمام کرنا -
عِنایت - ع - دوسرے کے کام وغیرہ کے لیے آپ رنج و تکلیف اٹھانا -
عَنَب - ع - بگور مشہور میوہ ہے -
عَنبر - ع - نام ایک عمدہ خوشبو مشہور کا ہی بعض کہتے ہین کہ ایک قسم کی دریائی گائے کا

گوبر ہے اور صحیح یہ ہے کہ یہ خوشبو موم ہے جو بعض کوہستان ہند اور چین مین شہد کی مکھیونسے حاصل ہوتا ہے اور چونکہ یہ آگ پر پگھلتا ہے اسی دلیل قوی ہے اسکے موم ہونے پر۔

عَنبر چہ۔ ن ایک قسم کا عود تون کا زیور ہے جو مثل دھونگی کے گلے مین پہنا جاتا ہے اندر اُسکے عنبر بھرا ہوتا ہے اور اوپر موتی مکے ہوتے ہین۔

عَنبرین ۔ ن عنبر کی سی خوشبو دار شے ۔ ہر چیز خوشبو سیاہ رنگ

عَنبیہ ۔ ع۔ نام تیسرے طبقہ کا آنکھ کے سات طبقون مین سے اور اسکا رنگ مختلف ہوتا ہے کسی کی آنکھ کا بھورا یا نیلا وغیرہ۔

عَنَت ۔ ع۔ گناہ۔ زنا۔ فساد۔ ہلاکی خرابی عاجزی۔ سخت کام مین پڑنا۔

عِندَ ۔ ع۔ نزدیک۔

عَندلیب ۔ بلبل۔ ہزار داستان۔

عُنصُر ۔ ع۔ اصل۔ بنیاد۔ جزو اصلی۔ اور طبیعونکی اصطلاح مین ایک ان چار دن مین سے۔ پانی۔ آگ۔ ہوا۔ خاک۔ عناصر اسکی جمع ہے۔

عُنصری ۔ ع منسوب طرف عُنصر کے اور تخلص ہے ایک شاعر کا۔

عَنصُل ۔ ع جنگلی پیاز اسکو پیاز نرگس اور پیاز موش بھی کہتے ہین۔

عَنف ۔ ع سختی۔ اور درشتی کرنا۔ لڑنا۔ تیزی تندی۔ غصہ۔

عُنفُوان ۔ ع۔ اول ہر شے کا۔ آغاز جوانی۔

عُنُق ۔ ع۔ گردن۔

عُنقا ۔ ع لمبی گردن کی عورت۔ سیمرغ۔ سختی۔ بلا۔ زمانہ کا حادثہ۔

عُنقائے مُغرب ۔ ع۔ اس طائر عظیم الجثہ کا عُنقا اسلیے نام ہوا کہ اسکی گردن بہت لمبی تھی اور مُغرب اسکی صفت اسلیے ہوئی کہ یہ بڑے بڑے جانورون اور آدمیون کے لڑکونکو نگل جاتا تھا۔ یا یہ کہ عجیب الخلقت تھا یعنی ڈیل ڈول بہت بڑا لمبی گردن چار پانون منھ مثل آدمی کے پر بہت بڑے بڑے طرح طرح رنگ کے۔ یہ طائر زمین اصحاب الرس مین پیدا ہوا تھا آخر بدعاے حضرت حنظلہ بن صفوان علیہما السلام کے جو اُسوقت مین پیغمبر تھے یہ بلا دفع ہوئی۔ اور حق تعالے نے اسکو کسی جزیرے مین ڈالدیا۔ اور بعضے مغرب کو بمعنی مخفی اور نابود کے کہتے ہین۔

عَنقریب ۔ ع۔ نزدیک۔ ابھی۔

عُنقُود ۔ ع۔ انگور کا خوشہ۔

عَنکبُوت ۔ ع۔ مکڑی مشہور جانور ہے۔

عَنکبُوتیہ ۔ ع۔ چوتھا طبقہ آنکھ کے سات طبقونمین سے اور یہ ایک جھلی باریک ہے مثل مکڑی کے جالے کے

عُنوان ۔ ع۔ سرنامہ۔ سرخی مطلب کی دیباچہ اول ہر چیز کا۔

عُنُود ۔ ع۔ ناحق اور بیجا کام کرنا۔ لڑنا۔

عَنُود ۔ ع۔ گمراہ لڑنے والا۔

عَنِید ۔ ع۔ لڑاکا سرکش۔

عَنِیف ۔ ع۔ تند سخت خو۔ لڑاکا سخت بات

عَنِیق ۔ ع۔ گردن۔ دوسرے کے گلے مین باہین ڈالنے والا۔

عِنِّین ۔ ع۔ نامرد جو مرد عورت کے کام کا نہو۔ یعنے جماع پر قادر نہو۔

فصل عین مع واؤ

عَوّا ۔ ع۔ وہ کتا جو فریاد بہت کرے۔

عُو ۔ ع۔ بھیڑیے اور کتے اور گیدڑ اور لومڑی اور ہرن کی آواز۔

عَوار ۔ ع۔ عیب۔ ننگ۔ کپڑے کا پھٹ جانا۔ ہر چیز مین جو عیب ہو۔

عُوّار ۔ ع۔ پرستو۔ ابابیل جو ایک پرند بہت مشہور ہے۔ وہ کوڑا جو آنکھ کے اندر پڑجاے۔ ناتوان کم طاقت۔ بُدل۔ عوار جمع ہے

عُوارَت ۔ ع۔ بہت سے عیب۔

عَوارِض ۔ ع۔ جمع ہے عارضہ کی۔

عَوارِض ۔ ع۔ نام ایک پہاڑ کا دیار طے مین کہ حاتم کی قبر وہانپر ہے۔

عَوَارِف -ع- پہچاننے والے صبر کرنیوالے احسان کرنے والے- خوشبو بان- اور مجازاً بمعنی بخشنے کے بھی آیا ہے-

عَوَارَہ -ع- بد دل- کم طاقت-

عَوَاصِف -ع- سخت اور تیز آندھیاں-

عَوَاطِف -ع- مہربانیاں-

عَوَاقِب -ع- پیچھے آنے والے وہ چیزیں جو کسی چیز کے پیچھے آویں- کام کے انجام-

عَوَالِم -ع- جمع عالم بمعنی جہان کی-

عَوَالِی -ع- بلند چیزیں- جمع عالیہ کی-

عَوَامّ -ع- جمع عامّہ کی- کل آدمی عام لوگ

عَوَامّ -ع- گھوڑا خوش رفتار

عَوَامِل -ع- جمع عامل کی- عمل کرنیوالے حاکم لوگ- کارندے-

عَوَان -ع- شوہر والی عورت- ادھیڑ عورت- ادھیڑ گائے- ہر شے میانہ سال-

عَوَّان -ع- ظالم- سخت گیر جھڑکنے والا بادشاہی سرہنگ-

عَوَائِد -ع- جمع عائدہ کی- واپس آنیوالے لوگ- منفعتیں- فائدے- مہربانیاں-

عَوَائِق -ع- جمع عائقہ کی روکنے والی چیزیں- حادثے- موانع-

عُوج -ع- نام ایک شخص بہت بڑے لمبے قد کا جو آدم علیہ السلام کے وقت میں پیدا ہوا اور موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ تک زندہ رہا عمر اُسکی تین ہزار پانچ سو برس کی ہوئی- اسقدر دراز قد تھا کہ حضرت نوح علیہ السلام کا طوفان جسمیں اونچے پہاڑونکے اُونچے درخت تک ڈوب گئے تھے وہ پانی اسکی کمر تک تھا آخر بحکم خدا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا اُسکو مارا اور وہ اُسکے ٹخنہ پر پڑا اور مرگیا اسکے باپ کا نام عُوق تھا اور لوگوں میں جو اُسکا نام عُوج بن عنق مشہور ہے محض غلط ہے صحیح عُوج بن عُوق ہے-

عَوَج -ع- کج ہونا- تیڑھا ہونا-

عِوَج -ع- کجی- تیڑھا پن-

عُود -ع- ہر درخت کی لکڑی- نام لکڑی خاص کا جو سیاہ رنگ ہوتی ہے اور آگ پر جلانے سے خوشبو دیتی ہے ہندی میں اسکو اگر کہتے ہیں- نام ربط مشہور باجے کا-

عَوْد -ع- لوٹنا- پھرنا- بوڑھا اونٹ-

عُودُ الصَّلِیب -ع- نام ایک درخت خاص کی لکڑی کا جسکی عیسائی صلیب بناتے ہیں

عُودُ سُوز -ف- اگیتھی

عُودِ قِمَاری -ع- وہ عود جو شہر قمار سے لایا جائے اور یہ بہت عمدہ ہوتا ہے-

عُودِی -ع- وہ رنگ جو مشابہ عود کی لکڑی سے ہو- اور یہ رنگ سیاہ ذرا مائل بہ سفیدی اور سرخی ہوتا ہے- ایک قسم کا کپڑا ریشمی سیاہ رنگ کا-

عَوْذ -ع- } پناہ مانگنا-
عَوْذَہ -ع- }

عُور -ع- ننگا- برہنہ-

عَوَر -ع- ایک آنکھ اندھی ہونا- کانا ہونا-

عَوِر -ع- بد باطن آدمی

عَوْرَت -ع- مرد و زن کی شرمگاہ- وہ چیز جسے دیکھنے اور دکھانے سے شرم آوے عورت کو مجازاً اسلیے عورت کہتے ہیں کہ سر سے پاؤں تک اسکا تمام جسم عورت ہے یعنی قابل پوشیدہ کرنے اور چھپانیکے- اور کبھی مجازاً بمعنی فحشا اور سختی کے بھی آتا ہے-

عَوْز -ع- انگور کا دانہ-

عَوَز -ع- حاجت- فقیر ہونا- گم ہونا-

عَوْص -ع- دشواری- سختی-

عِوَض -ع- بدلہ کسی چیز کا- قائم مقام

عَوْق -ع- باز رکھنا- روکرنا- پھیر دینا- قید کرنا- وہ شخص جسمیں خیر نہو- وہ شخص جو لوگوں کو خیر کرنے سے روکے-

عُوق -ع- نام عُوج کے باپ کا-

عَوِق -ع- روکنے والا- منع کرنے والا-

عَوَق -ع- گرسنگی- بھوکھ-

عَوَل -ع- کسی کا روٹی کپڑا اپنے ذمہ لینا اور اسکو اپنے عیال میں لینا- بہت عیالدار ہونا- بخشش بہت کرنا- دوسرا کیا حصہ زیادہ لگانا- غلبہ کرنا- ظلم کرنا- اپنے

عیال کو روٹی کپڑا دینا - دشوار ہونا کام کا کسی پر غالب ہونا - کسی کو بدنام کرنا - زیادہ ہونا - اوپر چڑھنا - رونیکی اواز بلند کرنا

عَوْل - ع - رونیکے ساتھ کی آواز -

عُوْل - ع - اعتماد اور بھروسہ کسی پر کرنا - یاری - مدد - مدد چاہنا -

عَوْن - ع - یاری - مددگاری - مدد کرنا -

عَوَن - ع - میانہ سال یعنی ادھیڑ ہونا -

عَوِنِص - ع - } شکل - دشوار -
عَوِيصَہ - ع - }

عَوِيل - ع - آواز رونیکے ساتھ کی -

فصل عین مع ہاے ہوز

عہد - ع - زمانہ - روزگار - پیمان - سوگند زینہار - نصیحت - وصیت - امان - نگہداشت حیا - رعایت - حرمت - پہچاننا - چھاننا قول کو وفا کرنا - خدا کو ایک جاننا -

عَہِد - ع - وہ شخص جو کسی کام کی ذمہ داری کرے

عُہدَہ - ع - منصب - رتبہ - ذمہ داری -

عَہر - ع - حرامکاری کرنا - زنا کرنا -

عِہر - ع - حرامکاری زنا -

عِہن - ع - اون رنگی ہوئی پشم رنگین -

عَہن - ع - کسی جگہ مقیم ہونا - کسی جگہ سے نکلنا - کسی کام میں کوشش کرنا - جلد بے کسی مراد برلانا - خشک ہوجانا - درخت خرمائے کا پتہ لگانا -

عُہُود - ع - جمع ہے عہد کی -

عُہُون - ع - جمع عہن بمعنی پشم رنگین کی -

عہید - ع - ہم قسم - ہم پیمان - ہم عہد - کہنہ - دیرینہ - ہم زمان - ہم عصر -

فصل عین مع باے تحتانی

عِیَادَت - ع - بیمار پرسی

عِیَاذ - ع - پناہ - پناہ لینا -

عِیَاذًا بِاللّٰہ - ع - پناہ خدا کی -

عِیَار - ع - چاشنی سونے اور چاندی کی جسکو ہندی میں باگی کہتے ہیں کسوٹی لگانا سونے اور چاندی کا اچھا برا آزمانا - تولنے کا کانٹا -

عَیَّار - ع - تولنا - چاندی سونیکی چاشنی لینا

عَیَّار - ع - مرد چالاک - بہت آمد و رفت اور بڑا حرکت کرنے والا - بہت چلنے والا -

عَیَّارِی - ف - چالاکی -

عَیَّاش - ع - بہت عیش کرنے والا - اچھی اور خوش زندگانی کرنے والا -

عِیَال - ع - زن و فرزند - جورو لڑکے اور دوسرے رشتہ دار وغیرہ جنکا روٹی کپڑا وغیرہ اس شخص نے اپنے ذمہ لیا ہو -

عِیَان - ع - آنکھ سے دیکھنا - مجازاً بمعنی ظاہر - یہ لفظ بفتح اول غلط ہے

عَیب - ع - برائی نقصان - کمی

عَیب بردن - ف - ظاہر کرنا عیب کا -

عَیبَہ - ع - چمڑے کا صندوق - جامہ دان - چمڑے کا تھیلا - ہتھیار رکھنے کا بکس -

عِید - ع - خوشی اور جشن کا روز جو چیز کہ بار بار آوے - چونکہ روز جشن ہر سال عود کرتا ہے یعنے پھر آتا ہے اسلیے عید کہا -

عَیر - ع - جنگلی خرگوش شہری گدھا -

عِیر - ع - قافلہ ہر چوپایہ جسپر غلہ لادین -

عِیس - ع - اونٹ سفید رنگ سرخی مائل اور کبھی مراد قافلہ سے بھی -

عِیسیٰ - ع - نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا -

عَیش - ع - خوش زندگانی کرنا - ناز و نعمت میں زندگی بسر کرنا -

عَیشَہ - ع - اچھی زندگانی -

عَیض - ع - درخت بہت گھنا - نام حضرت اسحٰق پیغمبر کے بیٹے کا جنکی اولاد سے رومی ہیں

عَیقَہ - ع - ندی کا کنارہ - ساحل -

عَیل - ع - فقیر ہونا - سیر کرنا - بہت پھرنا -

عَیلَہ - ع - درویشی - فقیری -

عَین - ع - آنکھ - پانی کا چشمہ - آفتاب کا چشمہ - زر سرخ - مال - مینھ - باران - وہ ابر جو قبلہ کی طرف سے اُٹھے - مہتر - سردار ہر چیز عمدہ - ہر شے کی ذات - وہ بھائی جنکی ماں اور باپ ایک ہوں - شخص - ایک آدمی نفس حقیقت ہر چیز کی - اہلخانہ قوم حاضر دیدبان - پانی جاری ہونیکی جگہ - دیدار - نظر کرنا - اہل شہر کسی چیز کو نظر لگانا - پیشوا انگور - زانو - گھٹنا - حرف - مشہور - وغیرہ

عین ۔ع۔ جمع عینار کی۔ زنان خوش چشم۔
عَیْنَا ۔ع۔ خوش چشم عورت۔
عَیْنُ الْحَیٰوۃ ۔ع۔ آبحیات کا چشمہ۔
عَیْنُ الْقِطّ ۔ع۔ چشمہ رال کا۔ چشمہ گندھک کا
چشمہ گھلے ہوے تانبے کا۔ روغن درخت
چیڑ کا۔ نام ایک روغن سیاہ اور بدبو کا جو
خارشتی اونٹوں کی جلد پر ملا جاتا ہے۔
عَیْنُ الْھِر ۔ع۔ ایک جوہر ہے قیمتی جو بلی
کی آنکھ سے مشابہ ہے ہندی لہسنیا۔
عَیْنُ الدِّیک ۔ع۔ آنکھ مرغ کی۔ ایک دانہ
سرخ رنگ کے جسکا سر سیاہ ہوتا ہے ہندی
مین اُسکو گھنگچی کہتے ہین۔
عَیْنُ الْکَمَال ۔ع۔ چشم زخم۔ وہ نظر جو
اچھی چیز و نکو ضرر پہونچائے۔
عَیْنُ الْیَقِین ۔ع۔ بعد دیکھنے کے کسی چیز
کی کیفیت اور ماہیت کو بخوبی دریافت کرلینا
نہایت یقین کیساتھ۔ واضح ہو کہ یقین کے تین
درجہ ہین (۱) علم الیقین یعنی بغیر دیکھے کسی چیز کی
کیفیت اور ماہیت کا معلوم کرلینا نہایت یقین
کیساتھ جسمین ذرا بھی شک و شبہہ نہو جیسے آدمی
جانتا ہے کہ زہر کھالینا مار ڈالتا ہے (۲) عین الیقین جسکا
بیان گذرا جیسے کسی کے روبرو کسی نے زہر کھایا
اور مرگیا (۳) حق الیقین اس یقین کا درجہ
سب سے زیادہ ہے یعنی وہ شخص اُس چیز مین
داخل ہوگیا۔ یا وہ چیز خود بن گیا۔ یا اُسمین محو
ہوگیا جیسے خود زہر کھالیا اور مرنے لگا۔
عَیْنُ اللّٰہ ۔ع۔ بمعنی حفظ خدا۔
عَیْنُ کافور ۔ع۔ مراد سینۂ محبوب سے۔
عینین ۔ع۔ دونون آنکھین۔
عُیُوب ۔ع جمع عیب کی۔
عَیُّوق ع۔ نام ایک ستارہ کا آسمان پر
جو نہایت سرخ رنگ اور بہت روشن ہے
دہنے کنارے پر کہکشان کے۔
عُیُون ۔ع۔ آنکھین۔ پانی کے چشمے جمع
عین کی۔ نام کتاب حکمت کا بوعلی سینا سے۔
عَیُّون ۔ع۔ شور چشم۔ بدنظر۔ وہ شخص
جسکی نظر اچھی چیز و نکو ضرر پہونچائے۔
عُیُول ۔ع۔ درویشی۔ فقیری۔
عَیُول ۔ع۔ سیر کرنا۔ بہت پھرنا۔

باب غین معجمہ

فصل غین مع الف

غاب ۔ع۔ جنگل صحرا خصوصاً وہ جنگل
جسمین شیر رہے۔ یہ جمع غابہ کی ہے۔
غَابَات ۔ع۔ بہت سے جنگل۔
غَابَہ ۔ع۔ جنگل۔ زمین۔ نشیب۔
غَابِر ۔ع۔ آنے والا۔ اور جانے والا۔
ہلاک ہونے والا۔ باقی ماندہ
غَابِن ۔ع۔ وہ شخص جو کام کرنمین سست ہو
غَادِر ۔ع۔ بیوفا۔ جو عہد پورا نہ کرے
غَادِیَہ ۔ع۔ صبح۔ وہ ابر جو صبح کو پیدا ہو۔
صبح کے وقت کا باران یعنی مینھ
غَاذِیَہ ۔ع۔ نام ایک قوت کا جو غذا مین
تصرف کرتی ہے اور اُسکو مشابہ جوہر بدن کے
کرتی ہے۔ اور کل اعضا کو پہونچاتی ہے۔
غَار ۔ع۔ گڑھا۔ پہاڑ کی کھو۔ جنگلی جانور جسمے
رہنے کا بل۔ زمین پست۔
غَارِ ثَرْف ۔ف۔ مراد دنیا سے۔
غَارَت ع۔ لوٹ۔ مال لوٹ لینا۔
غَارَتِیدَن ۔ف۔ لوٹنا۔ غارت کرنا۔
یہ مصدر ہے فارسیون نے غارت سے
بنالیا ہے جو لفظ عربی ہے مثل طلبیدن و فہمیدن وغیرہ کے
غَارِس ۔ع۔ درخت بونے والا۔ باغبان
غَارِق ۔ع۔ غریق۔ وہ شخص جسکے سر سے
پانی اونچا ہوجائے۔ ڈوب جانے والا۔
غَارِقُون ۔ع۔ نام دوا سے مسہل ملغم کا۔
غَازَہ ۔ف۔ گلگونہ ایک قسم کی سرخی
ہوتی ہے جو عورتین اپنے منہ پر ملتی ہین۔
غَازِی ۔ع۔ قتل کرنے والا کافرون کا
جنگ یعنی لڑائی مین۔
غَازِی ف۔ دار باز۔ ہندی نٹ۔
غَاسِق ۔ع۔ چاند۔ پروین۔ رات۔
غَاشِیَہ ۔ع۔ گھوڑے کا نیوش۔ پالان
قیامت۔ دوزخ کی آگ۔ وہ بیماری جاذر
جسم کے ہو۔ بیہوش کرنیوالی۔ اور ڈھانپ

لینے والی۔
غاشیہ بافان ریش۔ ف۔ مسخرے لوگ
غاصِبْ ۔ء۔ غیر کا حق بجبر لینے والا۔
غافِرْ۔ء۔ چھپانیوالا۔ گناہ بخشنے والا۔
غافِلْ ۔بیخبر۔ غفلت والا۔
غاق ۔ء۔ آواز کوے کی
غالِبْ ۔ء۔ زبردست غلبہ والا
غالی ۔ء۔ گران۔ مہنگا۔ حد سے گذر جانیوالا
غالیچہ ۔ف۔ اونی بچھونا۔ گلکاری کیا ہوا۔
غالیہ ۔ء۔ مشہور خوشبو ہے جو عنبر اور مشک اور کافور وغیرہ سے مرکب کے بناتے ہین۔
غامِضْ ۔ء۔ گڑھا۔ گہرا۔ زمین پست کلام پوشیدہ اور دیر فہم۔
غانِماً۔ء۔ اس حالت مین کہ مال غنیمت لینے لوٹ کا مال رکھنے والا ہو۔
غانی ۔ء۔ تونگر۔ دولتمند۔ بے نیاز راگ گانے والا۔
غانیہ ۔ء۔ وہ عورت جو حسن و جوانی کے سبب سے زیور اور زینت سے بے نیاز ہو یا وہ عورت کہ سوائے اپنے شوہر کے اور مردون کی پروا نہ کرے۔ یا وہ عورت پارسا کہ باوجود جوانی کے اسکو خواہش مرد کی نہو خواہ اسکا شوہر ہو خواہ نہو۔ غوانی اسکی جمع ہے
غاوی۔ء۔ گمراہ۔
غائِبْ ۔ء۔ جو موجود نہو۔

غائب باز۔ ف۔ بڑا کامل شطرنج کھیلنے والا کہ آپ دور بیٹھا رہے اور دوسرے کے واسطہ سے مہرے خانون مین رکھوائے اور اپنے حریف کو مات دے۔
غایَتْ ۔ء۔ کسی چیز کی انتہا۔ آخر علم نشان۔ جھنڈا۔ غرض۔ مطلب۔
غائِرْ ۔ء۔ ہر چیز جو نیچے چلی جاوے زمین پست کھس جانیوالی شے۔
غائِصْ ۔ء۔ غوطہ مارنیوالا پانی مین۔
غائِطْ ۔ء۔ آدمی کا پاخانہ یعنی گوہ۔
غائِلَہ ۔ء۔ شر۔ بدی۔ آفت۔ ناگہانی بلا
غائی ۔ء۔ منسوب طرف غایت کے جو منہ کسی چیز کی انتہا کے ہے۔

فصل غین مع بائے موحدہ

غب ۔ء۔ وہ تپ جو ایک روز درمیان دیکے آوے۔ بار بکا بخار ہفتہ مین ایک بار
کسی کی ملاقات کرنا۔ یا ایک روز آنا اور ایک روز نہ آنا۔ ہر چیز کی نہایت۔
غَبَبْ ۔ء۔ چوپایہ کا ایک دن بیچ پانی پینا
غُبْ ۔ء۔ دریا بہت موج مارنیوالا۔ جسکا پانی کنارونسے بہ نکلے۔
غُبار ۔ء۔ مٹی ملی ہوئی ہوا۔ گرد۔ اور مراد رنج و کدورت سے بھی۔
غُبار برآمدن۔ ف۔ مراد بے رونق ہونا
غَباوَت ۔ء۔ کند ذہنی۔ کم فہمی۔

غَبَبْ ۔ء۔ ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت اور اسکو طوق گلو بھی کہتے ہین اور یہ حسن مین داخل ہے۔
غَبَرا ۔ء۔ زمین گرد آلود۔ یہ مونث اغبر کا ہے اور کبھی نظم مین ہمزہ گرجاتا ہے۔
غَبَرَہ ۔ء۔ گرد و غبار۔ وہ زمین جسمین درخت بہت سے ہون۔
غَبَرَہ ۔ء۔ سیاہی۔ تیرگی۔
غَبطَہ ۔ء۔ آرزو کرنا کسی کے مال کی ہون اسکے کہ اس سے اسکے مال کا زوال چاہے برخلاف حسد کے کہ حاسد دوسرے کا زوال نعمت چاہتا ہے۔
غَبغَب ۔ء۔ گوشت لٹکا ہوا نیچے ٹھوڑی کے یہ پر گوشت اور موٹے آدمی کے حسن اور خوبصورتی مین داخل ہے۔
غَبَن ۔ء۔ خطا واقع ہونا تدبیر اور رائے مین سست عقل ہونا۔ بھول جانا۔
غَبَن ۔ء۔ خرید و فروخت مین نقصان اٹھانا۔ فراموشی۔ بھول۔
غَبَن فاحش ۔ء۔ صریح خسارہ اور بڑا نقصان جو کسی چیز کی خرید مین ہو پہنچے۔
غَبُوق ۔ء۔ آخر روز اور سر شام کی شراب
غَبی ۔کند ذہن۔ کم عقل۔
غَبَیبَہ ۔ء۔ نام مقام مدینہ اور یامہ مین
غَبین ۔ء۔ ضعیف رائے سست عقل۔

فصل غین مع ثاے مثلثہ

غُثّ ۔ء۔ لاغر۔ دبلا۔ فاسد۔ خراب۔ سڑجانا گوشت وغیرہ کا۔ مجازاً سڑا ہوا نُوشت۔ اور پیپ۔

غُثُر ۔ء۔ مرد فرومایہ۔ کمینہ۔

غَثی ۔ء۔ جی کا متلانا۔

غَثیان ۔ء۔ متلی۔

فصل غین مع جیم فارسی

غچک ۔ف۔ نام ایک باجہ کا جو بہت مشہور ہے ہندی سارنگی۔

فصل غین مع دال مہملہ

غَد ۔ء۔ کل کے دن کی صبح۔

غَدا ۔ء۔ کل کا روز جو ہوگا۔ فردا روز۔

غَداء ۔ء۔ صبح کے وقت کا کھانا۔ جیسے عشاء رات کے وقت کا کھانا۔

غُداۃ ۔ء۔ وقت صبح۔

غَدّار ۔ء۔ بہت بڑا غدر کرنے والا۔ بہت بڑا بے وفا آدمی۔

غُدُد ۔ء۔ جمع غدّہ کی جسکے معنی آگے مذکور ہیں

غَدر ۔ء۔ بیوفائی۔ بیوفائی کرنا۔

غُدر ۔ء۔ بیوفا۔

غَدَز ۔ء۔ تاریک ہونا رات کا۔

غَدَق ۔ء۔ آب بسیار۔ بہت پانی۔

غُدُو ۔ء۔ وقت صبح۔

غَدْو و مغدوا۔ کل کا روز۔

غَدْوَہ ۔ء۔ صبح صادق سے طلوع آفتاب تک

غَدُور ۔ء۔ بہت بڑا بے وفا۔

غُدّہ ۔ء۔ گرہ کے مانند ایک چیز سخت اور گول ہوتی ہے گوشت یا چربی میں۔

غَدِیر ۔ء۔ تالاب جسمیں پانی بارش اور سیل کا جمع ہوجاوے۔

غِدیر ۔ء۔ بہت بڑا بیوفا۔

فصل غین مع ذال معجمہ

غَذ ۔ء۔ زخم سے پیپ کا جاری ہونا۔

غِذاء ۔ء۔ خوراک جس سے بدن کی پرورش ہو

غَذا ۔ء۔ بغیر ہمزہ کے۔ اونٹ کا پیشاب۔

غِذی ۔ء۔ اسمِ فاعل بمعنی خوراک کا۔

فصل غین مع راے مہملہ

غِرّ ۔ء۔ مرد غافل اور ناآزمودہ کار۔

غرّہ ۔ء۔ غرور کرنا۔ وہ دانہ جو پرند اپنے بچے کو بھراتا ہے۔ تلوار کی تیزی۔

غُرّہ ۔ء۔ مشہور لوگ۔ بزرگ لوگ۔ اور پیشانیوں کی سفیدیاں۔

غَرز ۔ف۔ بدول۔ عورت فاحشہ۔ قحبہ۔

غُرز ۔ف۔ ایک مرض ہے جس سے خصیہ بڑا ہوجاتا ہے۔ یا کلے میں گھنگھا غل آتا ہے۔

غَرا ۔ء۔ سرلیش۔ چیز چپکنے والی۔

غَرّاء ۔ء۔ ہر چیز مؤنث جو سفید اور روشن ہو۔

غُراب ۔ء۔ زاغ۔ کوا۔ ایک قسم کی کشتی جو دریا میں چلتی ہے۔

غُرابُ البَین ۔ء۔ ایک قسم جنگلی کوے کی جو سیاہ رنگ اور سرخ چونچ کا ہوتا ہے عرب ایسے کوے کو منحوس جانتے ہیں اور اُنکا اعتقاد ہے کہ اگر کسی کام کو جاتے ہوئے ایسے کوے پر نظر پڑجاے تو اُس شخص میں اور اُسکے مقصد میں جدائی ہوجائے یعنی حاجت روا نہ ہو اور اگر دوستوں کے سامنے آکر بیٹھے تو آپسمیں جدائی ہوجائے اسی سبب سے اسکا غُرابُ البَین یعنی جدائی کا کوا نام ہوا۔

غُرابِ سیہ ۔ف۔ مراد رات سے۔

غِرار ۔ء۔ کمی اور نقصان ہر چیز میں۔ کم عقلی۔ نادانی۔ روش۔ طرز۔ نمونہ۔ طریقہ طور۔ تیزی تلوار کی۔ مقدار اور مدت کسی چیز کی

غَرارہ ۔ء۔ ناآزمودہ کار ہونا۔ کسی کے فریب میں آجانا۔

غِرارہ ۔ء۔ غلہ کی گون۔

غَرام ۔ء۔ حرص لالچ۔ عشق۔ محبت۔ شیفتگی۔ ہلاک۔ عذاب۔ دائمی بدی۔

غَرامَت ۔ء۔ تاوان۔ تاوان دہ ہونا۔ پشیمانی۔ عذاب۔

غَرّان ۔ف۔ شور کرنے والا غصہ سے چیخنے والا۔ سخت اور ڈرونی آواز نکالنے والا۔

غَرانِیق ۔ء۔ جمع غرنوق کی جسکے معنی آگے مذکور ہیں

غَرانِیق العلاء مراد بتوں سے۔

غَرائِب ۔ء۔ جمع غریبہ کی اشیاے عجیب

غَرائر - ع - جمع غرارہ کی - غلہ کی گونین - اور جمع غریر کی - نیک خصلتین - ضاسن لوگ - وہ جوان جو کار آزمودہ نہوں - اور جمع غرار کی جسکے معنی ابھی گذرے -

غَرب - ع - بڑا ڈول پانی بھرنیکا - پانی رکھنے کا برتن - تلوار اور زبان کی تیزی - ہر چیز کی تیزی - گھوڑا تیز رفتار - چاند اور سورج کے ڈوبنے کی جگہ - دور ہونا - فراق - جدائی - چھپ جانا - نیچے بیٹھ جانا - گوشۂ چشم کا ناسور -

غَرَب - ع - نام ایک درخت خاردار کا -

غُرب - ع - وطن سے دور ہوجانا -

غُرُب - ع - عجیب و غریب - نادر -

غُرَبا - ع - جمع غریب بمعنی مسافر کی -

غِربال - ع - آٹا چھاننے کی چھلنی - وہ مرد جو سخن چین یعنے لڑا ہو - اور بمعنی دف کے بھی آیا ہے -

غُربت - ع - مسافرت -

غَربی - ع - ایک رنگ ہے سرخ - عنّابی کی شراب - وہ چیز جو منسوب طرف غرب کے ہو -

غِربیلہ - ہ - ہندی نخرہ -

غِرث - ع - گرسنگی - بھوکہ -

غِرثان - ع - گرسنہ بھوکھا -

غَرچک - ف - احمق - نادان -

غَرچہ - ف - نادان - زبون - بیز - نامرد -

غَردِل - ف - بددل - بودا - ڈرپوک دلیے کہ غر بمعنی زن فحبہ کے ہے -

غَرر - ع - روشنی - خطر - شرط جو کسی چیز کی خرید و فروخت مین کرین -

غُرَر - ع - جمع غُرّہ کی سفیدیان پیشانی کی سفیدیان - اول ہر چیز و کی - چیزین - بہتر اور عمدہ - قوم کے سردار لوگ - اور دُرِ غُرّ موتی عمدہ اور بہتر اور اچھے -

غَرس - ع - زمین مین درخت بٹھلانا - وہ درخت جو زمین مین بٹھلایا گیا ہو - کالا کوا -

غَرش - ف - غصہ مین شور کرنا -

غَرَض - ع - نشانہ - مجازاً حاجت - مقصد -

غَرغَر - ف - رسّی کھینچنے کی چرخی -

غَرغَرہ - ع - پانی حلق مین پھرانا - وہ آواز جو گلا گھٹنے مین نکلے - آواز دیگ کی وقت جوش کے - روح کے اٹکنے کی آواز گلے مین وقت موت کے - ہندی گھڑا -

غُرَف - ع - جمع غرفہ - بمعنی کھڑکی کی -

غُرفہ - ع - بالاخانہ جو کوٹھے کے کنارے ہو - دریچہ - کھڑکی - ایک چلّو پانی -

غَرفہ - ع - ایک مرتبہ چلّو مین پانی بھر لینا -

غَرفَہ - ع - چلّوے پانی اُٹھانا -

غَرق - ع - مصدر ہے بمعنی ڈوب جانا - اور سر سے پانی کا اونچا ہوجانا - مگر مشہور اور مستعمل رائے مہملہ کے سکون سے ہے -

غَرق - ع - غرقی - ڈوبا ہوا -

غَرقاب - ع - بڑا گہرا پانی - یہ لفظ بقلب اضافت ہے -

غَرقہ - ع - اسین ہاے نسبت ہے یعنے غریق - ڈوبا ہوا -

غُرم - ع - نادان - نقصان -

غُرم - ف - پہاڑی بھیڑ -

غُرنُوق - ع - ایک پرندہ پانیکا رہنے والا

غُرنیق - ع - سیاہ رنگ و دراز گردن یعنے کہتے ہین یہ کلنگ ہے - اور وہ جوان جو گورا رنگ خوبصورت نازک بدن ہو - اور نام ایک بت کا بھی -

غَرو - ع - آخر مین واؤ - وہ نے جس کا قلم بناتے ہین -

غُروب - ع - ڈوبنا چاند سورج وغیرہ کا

غُرور - ع - گھمنڈ - فریب -

غَرور - ع - فریب دینے والا - دنیا - شیطان - دوا و کھانا پانی جس سے غرغرہ کرین -

غُرّہ - ع - گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی جو ایک درم کی مقدار سے زیادہ ہو - سردار بہتر اور عمدہ ہر چیز سے - مجازاً پہلی تاریخ چاند کی -

غِرّہ - ع - فریفتگی - غرور - غافل -

غَرّہ - ع - فریفتہ ہونا - غرور کرنا -

غَریب - ف - نادر - مسافر - مجازاً بیکس و محتاج

غَریب زادہ - ف - اصطلاحاً کسی کے پیٹ کا

غَریبی - ف - گھر بار سے جدائی -

غَرمدین ـ ف ـ ڈرونی آواز سے چلانا۔
غَرِیر ـ ع ـ خصلتِ نیک۔ ضامن ـ وہ جوان جو نا آزمودہ کار ہو۔
غَرِیز ـ ع ـ اصل طبیعت۔ سرشت۔
غَرِیزَت ـ ع ـ سرشت۔ طبیعت۔
غَرِیزِی ـ ع ـ اصلی طبیعی۔ خلقی۔
غَرِیق ـ ع ـ ڈوبا ہوا۔
غَرِیم ـ ع ـ تاوان زدہ۔ قرضدار۔ قرضخواہ۔
غَرِین ـ ف ـ یہ لفظ جو شیر کی صفت مین واقع ہوتا ہے بمعنے چیخنے والے کے محض غلط ہے صحیح عرین مہملہ سے ہے بمعنی اُس بیشہ اور جنگل کے جسمین شیر رہتا ہو۔
غَرِیو ـ ف ـ یاے مجہول سے ـ شور۔ فریاد۔ غل۔ چیخ کی آواز۔ غوغا۔
غَرِیوان ـ ع ـ شور کرنیوالا چیخنے والا۔

فصل غین مع زاے معجمہ

غُزا ـ ع ـ جہاد۔ جنگ کرنا کافر دشمنے۔
غُزات ـ ع ـ جمع غازی بمعنی قاتل کفار کی۔
غَزال ـ ع ـ ہرن کا بچہ۔ ہرنوٹا۔ آفتاب
غَزال ـ ع ـ رسّی بیچنے والا۔
غَزالہ ـ ع ـ ہرن کا بچہ جو ماہ ہو آفتاب
غَزالی ـ ع ـ منسوب طرف غزالہ کے جو نام ایک قریہ کا ہے دیہات طوس سے امام محمد غزالی رح اسی گاؤ مین پیدا ہوے تھے۔
غَزل ـ ع ـ کاتنا۔ رسّی بٹنا۔ سوت۔ رسّی

غَزل ـ ع ـ وہ کلام جسمین عورتون کے حسن و جمال کی تعریف اور عشق و عاشقی کا ذکر ہو۔
غَزل ـ ع ـ وہ شخص جو عورتونکی اور اُنکے عشق کی باتین کرے۔
غَزنہ ـ ع ـ تینون طرحسے درست ہے نام
غَزنی ـ ع ـ ایک شہر کا جسمین سلطان محمود
غَزنین ـ ع ـ غزنوی پیدا ہوا تھا۔
غَزو ـ ع ـ آخر مین واؤ۔ جہاد لڑنا۔ اور جنگ کرنا مسلمانون کا کافر دشمنے۔
غَزوات ـ ع ـ جمع غزوہ کی۔
غَزوہ ـ ع ـ جنگ مسلمانونکی کافر دشمنے دین اسلام کے لیے بشرطیکہ رسول صلعم یا امام وقت اُس جنگ مین ہمراہ ہون ورنہ اُس جنگ کو سریہ کہینگے۔

فصل غین مع زاے فارسی

غَز ـ ف ـ امر ہے غزیدن کا یعنی بیٹھے بیٹھے چوتڑونکے بل رستہ چل۔
غُزب ـ ف ـ انگور کا دانہ جو پختہ و تازہ ہو۔
غُزگاؤ ـ ف ـ ایک قسم کی گاے جسکی دم کا مورچھل بناتے ہین۔ ہندی سُرے گاے۔
غَزم ـ ف ـ انگور کا دانہ جو پختہ و تازہ ہو
غَزیدن ـ ف ـ سُل لڑکونکے چوتڑونکے بل بیٹھے بیٹھے ہاتھونکو زمین پر ٹیک کے چلنا۔

فصل غین مع سین مہملہ

غَساق ـ ع ـ گندہ اور بدبو چیز مثل پیپ کے

غَسالہ ـ ع ـ وہ پانی جس سے ہاتھ منہ دھوئین وہ پانی جو بعد دھونیکے کسی جگہ گرے دھوون
غَسَق ـ ع ـ اول شب کی تاریکی۔
غَسک ـ ف ـ ایک جانور ہے چھوٹا کاٹنے والا۔ ہندی مین اُسکو کھٹمل کہتے ہین۔
غُسل ـ ع ـ تمام بدن سے نہانا
غَسل ـ ع ـ مطلق دھونا ہر چیز کا کسیکو مارنا اس طرح کہ اُسکے درد ہونے لگے۔ عورت سے بہت جماع کرنا۔ نر کا مادہ سے بہت چھنچی کھانا۔
غُسل ـ ع ـ وہ پانی جس سے دھوئین۔ مُردہ دھونیکی چیز مثل کھلی مین وغیرہ کے۔
غُسل خانہ ـ ف ـ کہنا یہ حمام سے۔
غِسلین ـ ع ـ وہ پانی جس سے زخم وغیرہ کو دھویا ہو۔ وہ خون اور پیپ اور گندہ پانی جو اہل دوزخکے بدنون سے جاری ہوگا نام ایک درخت کا دوزخمین۔ نام ایک چشمہ کا دوزخ مین جسمین کافرونکی کشاکشین جمع ہونگی۔
غَسُول ـ ع ـ وہ پانی جس سے کوئی چیز دھوئی جائے وہ چیز جس سے سر وغیرہ دھوئین جیسے رزدمٹی اور کھلی وغیرہ۔
غَسِیل ـ ع ـ دھویا گیا۔ نہلایا گیا۔

فصل غین مع شین معجمہ

غِشاء ـ ع ـ پوشش۔ پردہ۔ غلاف جسمین ایک پوست جسکو ہندی مین جھلی کہتے ہین۔
غِش ـ ع ـ کدورت۔ عیب۔ خیانت۔ کینہ۔

بد درونی۔ بد باطنی۔ خیانت۔ کھوٹا پن۔
غش ۔ع۔ ظاہر کرنا خلاف اُس بات کے کہ جو دلمین ہو۔ منافق پن۔ خیانت کرنا۔ ملانا کم قیمت چیز کا سونے اور چاندی اور مشک اور شراب وغیرہ مین۔ اور بمعنی بیہوش مگر اس معنی مین یہ لفظ اصل مین غشی تھا فارسیون نے اسکی یاے تمنائی کو حذف کر دیا ہے۔
غُش ۔ع۔ منافق۔ خیانت کرنے والا۔ دغا باز۔ بد باطن۔ بدخواہ۔
غِشاوَہ ۔ع۔ جھلی۔ پردہ۔
غشی ۔ع۔ بیہوش ہونا۔ بیہوش کرنا۔ عورت سے جماع کرنا۔ پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ ستانا۔ بیٹے کوڑا مارنا۔ کیکے پاس آنا۔ خیانت کرنا۔
غِشیان ۔ع۔ عورت سے جماع کرنا۔
غَشیان ۔ع۔ بیہوش ہونا۔

فصل عین مع صاد مہملہ

غَصب ۔ع۔ کسیکی چیز کو ظلم سے چھین لینا۔ کسیکا حق جبر سے نہ دینا۔
غُصَص ۔ع۔ جمع ہے غصہ کی
غُصن ۔ع۔ درخت کی شاخ۔
غُصُون ۔ع۔ جمع غصن کی درخت کی شاخین
غُصّہ ۔ع۔ اندوہ گلوگیر۔ وہ رنج جس سے گلا گھٹ جائے مجازاً ابھی خفگی مگر تحقیق یہ ہے کہ مجازاً بھی غصہ اُس خفگی کو کہینگے جو کسی کے خوف سے ضبط کرے اور دل ہی دلمین گھٹ کے رہ جائے اسصورت مین معنی حقیقی سے کچھ مناسبت باقی رہتی ہے اسی سبب سے فصیح لوگ اطلاق غصہ کا حضرتعالے کی نسبت جائز نہین رکھتے ہین بلکہ ایسے مقام پر الفاظ قہر و غضب استعمال کرتے ہین۔

فصل عین مع ضاد معجمہ

غَض ۔ع۔ آنکھوں کا بھینچ کر بند کرنا۔ دھیمی آواز سے بولنا۔ تحمل اور برداشت کرنا کسی بُری اور مکروہ بات اور کسی نقصان کی۔
غَضارِیف ۔ع۔ جمع ہے غضروف کی۔
غَضَب ۔ع۔ غصہ غصہ کرنا خفگی قہر
غَضُوب ۔ع۔ بڑا غضبناک آدمی ہو یا اسپ
غَضبان ۔ع۔ وہ شخص جو غصہ اور قہر مین بھرا ہو۔ خشمناک۔ قہرناک۔ اور استعمال فارسی مین اُس پتھر کو بھی کہتے ہین جو منجنیق سے دشمن کیطرف پھینکتے ہین۔
غُضروف ۔ع۔ وہ ہڈی نرم جو چبانے کے قابل ہو ہندی مین کُرّی کہتے ہین۔
غَضنفَر ۔ع۔ شیر درندہ۔ شیر نر۔
غَضُوب ۔ع۔ بڑا غضبناک۔ بڑا خشمگین
غَضِیض ۔ع۔ نارنگ کلی درخت کی تازہ۔

فصل عین مع طاے مہملہ

غِطا ۔ع۔ پردہ۔ پوشش۔
غِطرِس ۔ع۔ } مرد ظالم۔ اور
غِطرِیس ۔ع۔ } صاحب غرور۔
غُطرِیف ۔ع۔ بزرگ۔ شریف۔ جوانمرد۔
غَطَش ۔ع۔ پانیکا گندلا ہونا۔ آہستہ آہستہ رستہ چلنا۔ بیماری یا بڑھاپے کے سبب سے۔
غَطَش ۔ع۔ ضعف بصر۔
غَطیط ۔ع۔ آواز خرخر کی جو بعض آدمیونکے گلے سے سوتے مین نکلتی ہے۔ وہ آواز جو گھونٹتے اور ذبح کرتے وقت گلے سے نکلے۔

فصل عین مع فا

غَفّار ۔ع۔ بڑا چھپانے والا۔ بڑا بخشنے والا ایک نام ہے حق تعالے کے نامونمین سے۔
غِفار ۔ع۔ نام ہے پدر قبیلہ کا اور اسی قبیلہ سے ابو ذر غفاری ہین۔
غُفار ۔ع۔ پنڈلی اور پیشانی اور گردن پر گدی اور ڈاڑھی کے دونون جانب کے بال۔
غَفر ۔ع۔ چھپانا۔ گناہ کا بخشنا۔ اسباب کا چھپا کر رکھنا۔ بالونپر خضاب لگانا۔
غُفران ۔ع۔ بخشش گناہ معاف کرنا
غَفص ۔ع۔ دلدار۔ گبرے بطور عربی بنانیکا
غَفلَت ۔ع۔ بھول چوک۔ چوک جانا۔
غَفور ۔ع۔ بڑا بخشنے والا گناہون کا۔ اور ایک نام ہے حضرتعالے کے نامونمین سے۔
غَفیر ۔ع۔ چھپانے والا۔ لوہے کا خود جو تمام سر کو چھپائے اور جمع غفیر تناہ بڑا گروہ آدمیونکا جو روے زمین کو چھپالے۔ یا اتنا بڑا گروہ جسکی انتہا دکھائی نہ دے جمع بمعنی گروہ۔

فصل غین مع لام

غُلّ ۔ع۔ لوہے کا طوق۔ بند شنگی۔
پیاس۔ پیاس کی شدت۔ سوزش قلب۔
غِلّ ۔ع۔ کینہ۔ خیانت۔ کدورت۔
کھوٹا پن۔ کسی کی طرف سے کینہ رکھنا۔
غَلَا ۔ع۔ قحط۔ گران ہونا نرخ غلہ اور ہر چیز کا
غَلّات ۔ع۔ جمع غلّہ یعنے اناج کی۔
غُلَات ۔ع۔ جمع ہے غالی کی وہ شخص
جو حد سے گذر گئے ہوں تشدد اور سختی کرنے میں
غُلَاظ ۔ع۔ موٹا۔ دلدار۔ درشت۔ سخت۔
غِلَاظ ۔ع۔ جمع غلیظ کی جسکے معنی آگے ذکر ہیں
غِلَاظَت ۔ع۔ موٹاپن۔ درشتی۔ سختی
غِلَاف ۔ع۔ اوپر کا پردہ۔ خول۔ پوشش۔
غِلَالَہ ۔ع۔ شلوکہ جو کپڑوں یا زرہ
وغیرہ کے نیچے پہنتے ہیں۔
غُلَالَہ ۔ف۔ فارسی میں بمعنی زلف معشوق ہے
غُلَام ۔ع۔ لڑکا۔ نواڑا۔ نوکر۔ بندہ۔
غَلَبَہ ۔ع۔ زبردستی۔ زور۔ غالب ہونا۔
غَلَبَاء ۔ع۔ ایسا مقام جہان پربہت سے
درخت گھنے اور آپسمین ملے ہوئے ہوں۔
غُلَبَاء غین کے ضمہ سے غلط ہے۔
غُلْبَہ ۔ع۔ یہ جمع ہے غَلَبَا بمعنی مذکور کی
غَلَبَات ۔ع۔ جمع ہے غلبہ کی۔
غَلَت ۔ع۔ سہو کرنا۔ غلط کرنا۔
غَلْتَبَان ۔ف۔ مردے حمیت۔ دیوث
بھڑوا۔ اسکو قلتبان بھی کہتے ہیں۔
غَلَس ۔ع۔ آخر شب کی اندھیری۔
غَلَط ۔ع۔ خطا کرنا سخن میں اور حساب
کتاب میں۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ غلط طاے
حطی سے خطاے سخن کو کہتے ہیں اور غلت سے خطاے حساب کو اور لفظ غلط بمعنی فاعل
یعنے غلط کرنے والے اور بمعنی مفعول یعنی غلط کیے
گئے کے بھی آتا ہے۔ اور غلطی یاے تحتانی
کی زیادتی سے ناواقفوں کا محاورہ ہے۔ واضح
ہو کہ غلط دو طرح پر ہے۔ ایک غلط عام جیسے
لفظ منصب کہ بفتح صاد مشہور ہے اور اصل
میں صاد کے کسرہ سے ہے پس یہ معیوب نہیں ہے
اسلیے کہ تمام شعرا منصب کا قافیہ لب اور
غیب کے ساتھ باندھ گئے ہیں۔ دوسرا
غلط عوام جیسے لفظ طراوت کہ اسکو عوام
النّاس تراوٹ بولتے ہیں اور یہ معیوب ہے۔
غَلَطَاق ۔ت۔ کرتہ۔
غَلْطَان ۔ف۔ لڑکھتا ہوا۔
غَلْطَک ۔ف۔ کروٹ بدلنا۔ گاڑی کا پہیہ۔
غَلَط کردن ۔ف۔ ضایع کرنا۔
غلطیدن ۔ف۔ لوٹنا۔ کروٹ سے لیٹنا۔
غِلَظ ۔ع۔ موٹاپن۔ دلدار ہونا۔
غَلَظ ۔ع۔ زمین سخت اور ناہموار
غِلَظَت ۔ع۔ موٹاپن۔ دل۔ موٹائی۔
غُلْغُل ۔ف۔ پرند جانورون خصوصاً
بلبلونکا شور کرنا مستی سے۔
غُلْغُلَہ ۔ف۔ شور۔ غل۔ غوغا۔
غِلَاف ۔ع۔ کسی چیز کا غلاف مین کرنا۔
غُلُف ۔ع۔ جمع ہے غلاف کی۔
غَلَف ۔ع۔ ختنہ نہ کرنا۔ فراغی عیش کی۔
غَلَق ۔ع۔ دروازہ کا بند کرنا۔
غَلَق ۔ع۔ وہ چیز یا وہ لکڑی جس سے
دروازہ کو بند کرین اسکو مغلاق بھی کہتے ہین
اور فارسی مین کلیدان کہتے ہین۔
غُلَق ۔ع۔ بند دروازہ۔
غَلِق ۔ع۔ سخن بستہ اور مشکل۔
غُلَک ۔ت۔ ایک برتن جیسے گھڑے وغیرہ کا
منہ اوپر سے چمڑے سے منڈھ کر ایک سوراخ
اُسمین کرکے پیسے اور روپے محصول والے
اُسمین ڈالتے رہتے ہین۔ اسکو غولک بھی
کہتے ہین۔ اور فارسی مین غلہ دان۔
غَلَل ۔ع۔ سوزش۔ جلن۔ تشنگی۔ پیاس
غُلَل ۔ع۔ جمع غلیل بمعنی پیاسے کی۔
غِلْمَان ۔ع۔ جمع ہے غلام بمعنی امرد لڑکے
کی بہشت مین بھی ایک مخلوق بصورت امرد
لڑکون کے اہل جنّت کی خدمت مین رہینگے
اگرچہ یہ جمع ہے مگر فارسی مین بمعنی مفرد مستعمل ہے
غُلْمَت ۔ع۔ تیز شہوت ہونا۔
غَلْمَت ۔ع۔ تیزی شہوت کی اور غلبہ اُسکا
غِلْمَہ ۔ع۔ جمع غلام بمعنی امرد لڑکے کی۔

غُلُوّ ۔ع۔ ہاتھ بلند کرنا۔ جہانتک بلند ہو سکے اور بمعنی ہجوم اور بمعنی حد سے گزرنے کے بھی آیا ہے۔ اور علم معانی کی اصطلاح مین ایک قسم ہے مبالغہ کی جو بحسب عقل اور عادت دونون کے محال ہو۔

غُلُو ۔ف۔ فارسی مین بمعنی شور و غوغا۔

غلول ۔ع۔ اسباب غنیمت مین خیانت کرنا۔

غلول ۔ع۔ وہ کھانا جو بوڑھے اور کمزور آدمی کے پیٹ مین جلد ہضم ہو جائے۔

غُلُولہ ۔ف۔ گولی۔

غَلّہ ۔ع۔ اناج۔

غَلَی ۔ع۔ اُبلنا دیگ وغیرہ کا۔

غَلَیان ۔ع۔ جوش مارنا۔ اُبلنا۔ جوش فارسی مین بسکون لام بھی آتا ہے۔

غَلَیان ۔ف۔ قلیان۔ حقہ۔

غَلِیظ ۔ع۔ جو اور گیہون ملا ہوا۔

غَلِیظ ۔ع۔ موٹا۔ دلدار۔ مجازاً ناپاک۔

غَلِیل ۔ع۔ پیاس۔ شدت پیاس کی دلکی سوزش۔ کینہ۔ بغض۔ تشنہ۔ پیاسا۔

غَلِیواز ۔ع۔ چیل مشہور پرندہ ہے۔

فصل عین مع میم

غَمّ ۔ع۔ رنج۔ دُکھ۔ غم فارسی مین یہ لفظ بغیر تشدید میم کے مستعمل ہے۔

غَمّاز ۔ع۔ وہ شخص جو بیہوش ہو یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آیا ہے۔

غِمّاز ۔ع۔ مکان کی چھت۔

غُمّار ۔ع۔ انبوہی۔ بسیاری۔ کثرت۔

غَمّاز ۔ع۔ آنکھ سے اشارہ کرنیوالا۔ طعنہ کرنے والا۔ سخن چین۔ چغلخور۔

غَمّاض ۔ع۔ اونگھنا۔

غَمام ۔ع۔ سحاب۔ ابر۔

غَمامہ ۔ع۔

غَمّان ۔ع۔ غمناک۔ رنجیدہ۔

غَمائِم ۔ع۔ جمع غمامہ بمعنی ابر کی۔

غَمخوار ۔ف۔ یار۔ دوست۔

غَم خوردن ۔ف۔ غم کھانا۔

غِمد ۔ع۔ چھری اور تلوار کا میان۔

غمدان ۔ف۔ کنایہ دنیا سے۔

غَمر ۔ع۔ بہت پانی۔ پانیکا کسی چیز کو چھپا لینا۔ انبوہی۔ کثرت۔ کینہ کرنا۔ پیاسا ہونا۔ جوانمرد۔ سخی آدمی۔

غِمر ۔ع۔ کینہ تشنگی۔ پیاس۔

غُمر ۔ع۔ نادان۔ ناآزمودہ کار۔ احمق۔

غُمرات ۔ع۔ سختیان۔ آدمیونکی کثرتین۔

غَمز ۔ع۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ سخت پچھڑنا تنگ بھینچنا۔ تہمت کرنا۔ سخن چینی۔ چغلخوری

غَمز ۔ع۔ مال زبون۔ مرد ضعیف۔

غَمزگی ۔ف۔ غمزدہ ہونا۔

غَمزہ ۔ع۔ف۔ آنکھ اور بھون سے معشوقہ کا اشارہ کرنا۔ سخت پچھڑنا۔ تنگ بھینچنا۔

غَمس ۔ع۔ پانی مین ڈبو دینا۔ ستارہ کا ڈوبنا۔

غَمض ۔ع۔ آنکھ کی کیچڑ۔ چرک چشم۔

غَمض ۔ع۔ پست زمین۔ گڑھا۔ سخن کا پیچیدہ اور دور از فہم ہونا۔

غُمض ۔ع۔ اونگھنا۔

غَمکدہ ۔ف۔ غم کا گھر۔ اور کنایہ دنیا سے۔

غَمگسار ۔ف۔ دُکھ دور کرنے والا۔ غمخوار اسلیے کہ گسار دن بمعنی خوردن ہے۔

غَموس ۔ع۔ جھوٹی قسم جو جان بوجھ کر کھائے اور یہ قسم قسم کھانیوالے کو گناہ مین ڈبو دیتی ہے اور دوزخ مین لیجاتی ہے اور غموس اُس جھوٹی قسم کو بھی کہتے ہین جس سے کسی کا حق یا مال وغیرہ تلف اور ضایع ہو جائے۔

غُموض ۔ع۔ نام ایک قلعہ کا خیبر کے قلعون سے اور بمعنی سوگند دروغ کے بھی۔

غُموض ۔ع۔ ہر فن کی مشکلین۔ ہر علم و ہنر کی پوشیدگیان۔

غُمُوم ۔ع۔ جمع ہے غم کی۔

غُمّہ ۔ع۔ اندوہ۔ غم۔ پوشیدہ کام دریا اور ہر چیز کی تہ۔

فصل عین مع نون

غِنا ۔ع۔ توانگری۔ بے نیازی۔ دولتمندی

غِنا ۔ع۔ ہمزہ کے ساتھ۔ گانا۔ راگ۔ نغمہ۔

غَنا ۔ع۔ سود۔ نفع۔ فائدہ۔

غَنا ۔ع۔ جا۔ انبوہ کسی چیز کی جیسے قریۂ غناء

دو گانوں جسمین لوگ بہت بسے ہون اور
روضۂ غنا وہ باغ جسمین بہت کثرت ہون
غَنَائِم ۔ع۔ جمع غنیمت کی۔ لوٹ کے مال۔
غَنج ۔ع۔ معشوق کا کرشمہ اور ناز اور
بمعنی حرکت چشم ہوا بروکے بھی۔
غَنجار ۔ ف ۔ گلگونہ۔ اور یہ ایک دوا کے
مرکب ہے جو عورتین زیادتی حسن کے لیے منہ پر ملتی ہین
غُنچہ ۔ ف ۔ جیم عربی سے اور بقول ضعیف جیم
فارسی سے بھی۔ کلی۔ بغیر کھلا ہوا پھول۔
غُنچۂ آب ۔ ف ۔ حباب۔ پانی کا بلبلہ۔
غَنَم ۔ع۔ بکری مشہور جانور ہے۔
غَنُودَن ۔ ف ۔ اونگھنا۔
غُنّہ ۔ع۔ ناک مین بولنے کی آواز۔
غَنِی ۔ع۔ بے پروا۔ دولتمند۔
غُنِیَت ۔ع۔ بے نیازی۔ دولتمندی
غَنِیم ۔ع۔ لوٹنے والا۔ لوٹیرا دشمن۔
غَنِیمَت ۔ع۔ لوٹ کا مال۔ لوٹ۔

فصل غین مع واؤ

غَوَاوِی ۔ع۔ جمع غاویہ کی وقت صبح کے ایر
غَوَاشِی ۔ع۔ جمع غاشیہ کی۔ پردے۔ جمعے
بیہوش کرنے والے۔ اندرونی بیماریان
زیارت کرنے والے زین پوش۔
غَوَاص ۔ع۔ دریا مین غوطہ لگانے والا
واسطے نکالنے موتی کے۔
غَوَامِض ۔ع۔ کلام کی پوشیدگیان اور
دقتین۔ باریک معانی۔
غَوَانِی ۔ع۔ جمع غانیہ کی۔ وہ عورتین جو
اپنے شوہرون سے خوش ہون۔ اور جو اپنے
حسن وجوانی کے سبب زیور اور آرائش سے
بے پروا ہون۔ یا وہ عورتین جنکو باوجود
جوانی کے خواہش مردون کی نہو۔
غَوَایت ۔ع۔ گمراہی۔
غَوَائِل ۔ع۔ جمع غائلہ کی۔ سختیان۔
برائیان۔ بدیان۔ بلائین
غَوث ۔ع۔ فریادرس۔ فریاد۔
غَوج ۔ت۔ منڈھا شاخدار لڑائی کا۔
غَوچی ۔ع۔ چھوٹا گڑھا۔
غَوچہ ۔ت۔ مرغ کی کلغی۔
غَور ۔ع۔ گہراؤ۔ ہر چیز کی گہرائی اور تہ
پست زمین۔ نیچے جانا۔ فائدہ پہونچانا۔
غُور ۔ف۔ واو مجہول سے نام ایک
ملک کا نزدیک قندھار کے۔
غُورَہ ۔ف۔ واو مجہول سے کچا انگور
جسکا مزہ ترش لیئے کھٹا ہوتا ہے۔
غَورَہ ۔ف۔ روئی کا پھل جو ابھی چٹکا نہو۔
غَوص ۔ع۔ پانی مین غوطہ مارنا۔
غُوطَہ ۔ع۔ پانی کے اندر جانا۔ اسمین واو
معروف ہے اسلیے کہ لفظ عربی مین واو مجہول
نہین آتا ہے۔ اور نام ایک شہر کا۔
غَوغا ۔ع۔ شور۔ مُل آدمیونکی بڑی
جماعت کثیر۔ بڑی دل۔ بڑی فریاد۔
غَوغَائیان گلبن ۔ ف ۔ کنایہ بلبلونسے
غُوک ۔ ف ۔ مینڈک۔ عربی۔ ضفدع۔
غُول ۔ع۔ واو معروف سے ایک قسم دیو اور
جن کی جو جنگلو مین رہتے ہین اور رنگ
برنگ کی شکلو مین اپنے کو ظاہر کرتے ہین۔
غُول ۔ ف ۔ واو مجہول سے۔ گوش
کان۔ فوج کا انبوہ۔ گروہ۔
غُول ۔ت ۔ وہ فوج جسمین سردار بھی ہو
غُول سِیَہ ۔ع۔ کنایہ رات سے۔
غَوِی ۔ع۔ گمراہ۔ کجرو۔

فصل غین مع یاے تحتانی

غَی ۔ع۔ گمراہی۔ گمراہ ہونا۔ نام ایک
صحرا کا جہنم مین۔
غَیابَت ۔ع۔ وہ چیز جو دوسری چیز کو چھپا
لیوے غائب ہونا۔ گہراؤ۔ کنوین اور
دریا وغیرہ کی تہ۔
غَیاث ۔ع۔ فریادرسی۔ فریاد۔ فریاد کو
پہونچنے والا۔ جسکے سبب سے خلصی پائین
غِیار ۔ع۔ وہ زرد کپڑا جو یہودی لوگ
اپنے کپڑے پر نزدیک شانہ کے سی لیتے ہین
تاکہ معلوم ہو کہ یہ یہودی ہے۔
غَیاف ۔ع۔ جسکی داڑھی بہت بڑی لمبی ہو
غَیب ۔ع۔ پوشیدگی۔ ناپدیدگی۔ ناپدید
ہونا۔ پست زمین۔ شک۔ گمان۔

غَیبَت ۔ع۔ غائب ہونا۔ پیٹھ پیچھے۔
غِیبَت ۔ع۔ کسیکے پیٹھ پیچھے اُسکو بُرا کہنا اور اُسکا عیب بیان کرنا۔
غَیبُوبَت ۔ع۔ ناپدید ہونا۔ غائب ہونا۔ مجازاً بمعنی جدائی اور مفارقت کے بھی۔
غَیبَہ ۔ف۔ تیر و نخچیر کش۔
غَیث ۔ع۔ باران۔ مینہ۔
غَیدَاق ۔ت۔ نام مقام کازکستانین۔
غَیدَاقی ف۔ ایک قسم تیر کی۔ جو نہایت آبدار اور مضبوط ہوتا ہے یہانتک کہ پتھر کو بھی توڑ جاتا ہے۔ یہ شہر غیداق سے آتا ہے
غَیر ۔ع۔ سوائے۔ علیحدہ شئے۔
غَیر مُکَرَّر ۔ف۔ کنایہ شخص اجنبی سے جس سے پہلے کی ملاقات نہو۔
غَیرَت ۔ع۔ رشک کرنا۔ شرم۔
غَیر مُتَنَاہِی ۔ع۔ جسکی انتہا نہو۔
غَیر وَاقِع ۔ع۔ جھوٹ۔ خلاف دستور۔
غَیر وَقوعِی ۔ع۔ ناشایستگی۔ نالائقی۔ وہ امر جسکا وجود نہو۔ بے اصل۔
غَیض ۔ع۔ پانی کا گھٹ جانا مراد اس سے بہت تھوڑا پانی۔ صحرا جنگل۔ مجازاً بمعنی تھوڑی بخشش کے بھی۔
غِیض ۔ع۔ شگوفہ۔ گل۔
غَیطَہ ۔ع۔ صحرا۔ جنگل۔
غَیظ ۔ع۔ سخت غصہ۔
غَیف ۔ع۔ پرند جانور دنکا گروہ۔
غِیل ۔ع۔ صحرا۔ جنگل۔ نیستان۔
غَیل ۔ع۔ وہ دودھ جو عورت جماع کرتے ہین لڑکے کو پلاوے یہ دودھ لڑکے کے حق مین بڑا نقصان رکھتا ہے۔
غِیلَان ۔ع۔ جمع غول بمعنی دیو کی۔
غَیم ۔ع۔ وہ ابر جو آسمان کو چھپالے۔
غَیم ہَاطِل ۔ع۔ ابر برسنے والا۔
غَین ۔ع۔ ابر۔ وہ ابر جو آسمان کو چھپالے تشنگی۔ پیاس۔ تیرگی۔ اندھیری۔ سیاہی نام ایک حرف کا حروف تہجی سے۔ مجازاً بمعنی بلبل اسلیے کہ بلبل کو فارسی مین ہزار کہتے ہین اور غین کے عدد ہزار ہین۔
غُیُوب ۔ع۔ جمع ہے غیب کی۔
غَیُور ۔ع۔ بڑا رشک کرنے والا۔ بڑا شرم کرنے والا۔ بڑا غیرت دار۔
غُیُوم ۔ع۔ جمع غیم بمعنی ابر کی۔

باب فا

فصل فا مع الف

فَا ف بمعنی با جیسے فاوگفت بمعنی باو گفت
فِئَہ ۔ع۔ آدمیونکا گروہ۔
فِئَتَین ۔ع۔ تثنیہ فئہ کا۔ آدمیونکے دو گروہ
فَابِع ۔ع۔ فروخ کرنیوالا۔ کھولنے والا
فَاتِحَہ ۔ع۔ نام قرآن شریف کی پہلی سورت کا
کھولنے والی عورت۔ یہ مونث ہے فاتح کا۔ مجازاً دیباچہ۔ اول اور شروع کسی چیز کا۔
فَاتِر ۔ع۔ سست۔ زبون۔ نیگرم پانی۔
فَاتِق ۔ع۔ پھاڑنے والا۔
فَاتِک ۔ع۔ دلیر۔ شجاع۔ بہادر۔
فَاتِن ۔ع۔ فریفتہ کرنیوالا۔ گمراہ کرنیوالا۔ مفتون کرنے والا۔ شیطان۔
فَاجِر ۔ع۔ مرد بدکردار۔ گنہگار۔ حرامکار زانی۔ زناکرنیوالا۔
فَاجِرَہ ۔ع۔ بدکار اور حرامکار عورت۔
فَاحِش ۔ع۔ بدی مین حد سے گذرنیوالا۔ ہر بدی جو حد سے گذر جائے۔
فَاحِشَہ ۔ع۔ بدعورت۔ زن بدکار عورت زناکرنے والی۔ بدکام۔ سخت گناہ۔ بدی۔ ہر چیز جسکا کرنا شرع مین منع ہے۔
فَاخِتَہ ۔ع۔ مشہور پرند ہے۔ فارسی گو اسکو خاے نقطہ دار کے جزم سے استعمال کرتے ہین
فَاخِتَہ ضَرب ۔ف۔ ایک نوع ہے اصول موسیقی سے جسکو اصول فاختہ ضرب بھی کہتے ہین
فَاخِر ۔ع۔ فخر کرنے والا۔ تحفہ۔ عمدہ۔ معزز
فَاخِرَہ ۔ع۔ ہر چیز عمدہ اور بیش قیمت۔
فَار ۔ع۔ بہت سے چوہے جمع فارہ کی۔ اور بمعنی نافۂ مشک کے بھی۔
فَارَاب ۔ع۔ نام ایک شہر کا اطراف ترکستان مین جہان معلم ثانی شیخ ابو نصر فارابی پیدا

ہوا تھا۔ اور یہ سوائے فاریاب کے ہے
فَارِعَہ ۔ع۔ عورت خوش طبع۔
فَارِد ۔ع۔ جدا۔ اکیلا۔ یگانۂ زمانہ۔
فَارِس ۔ع۔ گھوڑے کا سوار۔ گھوڑیکا مالک نام ایک ولایت کا ایران مین جسکے چار شہر ہین (۱) شیراز (۲) اصفہان (۳) کرمان (۴) یزد بعضے کہتے ہین کہ فارس مُعرّب ہے پارْس بہ سکون راکا۔
فَارِغ ۔ع۔ خالی۔ بے کام۔
فَارِغُ البَال ۔ع۔ فارغ دل جس کو کچھ کام نہو بے اندیشہ۔ بے فکر۔
فَارِغ خطی ۔ف۔ لاد عوئی اور آزادی نامہ
فَارِق ۔ع۔ فرق کرنے والا۔ جدا کرنیوالا۔
فَارُوق ۔ع۔ فرق کرنیوالا درمیان حق اور باطل کے۔ لقب خلیفہ دوم کا۔ نام تریاق کا جو مرض کو صحت سے جدا کر دیتی ہے۔
فَارَہ ۔ع۔ ایک چوہا۔ مشک کا نافہ۔
فَارِہ ۔ع۔ تیز رفتار۔ عقلمند۔
فَارِیاب ۔ع۔ نام ایک شہر کا خراسان مین جو وطن ہے ظہیر فاریابی شاعر مشہور کا۔
فَاتِرَہ ۔ف۔ دہن درہ ہندی جاہی اور سبنی انگڑائی کے بھی ہے۔
فَاس ۔ع۔ لکڑی چیرنے کی کلہاڑی
فَاسِخ ۔ع۔ تباہ اور فاسد کرنے والا۔ تباہ اور فاسد ہونیوالا۔ بیع وغیرہ کا فسخ کرنے والا یعنی پھیر لینے والا۔ ارادہ اور قصد کا توڑ دینے والا۔
فَاسِد ۔ع۔ بد۔ بگڑا ہوا۔ خراب۔ تباہ
فَاسِق ۔ع۔ بد کار مرد۔
فَاسِقَہ ۔ع۔ بدکار عورت۔
فَاش ۔ف۔ ظاہر۔ آشکار۔
فَاصِل ۔ع۔ جدا کرنے والا۔
فَاصِلَہ ۔ع۔ دوری۔ فرق۔
فَاضِل ۔ع۔ خوب صاحب فضل افزون۔
فَاضِلَہ ۔ع۔ بزرگ۔ افزون۔ زیادہ عطا۔ بخشش۔ عورت صاحب فضل
فَاطِر ۔ع۔ پیدا کرنیوالا۔ خالق۔
فَاطِن ۔ع۔ دانا عقلمند۔
فَاعِل ۔ع۔ کرنے والا۔ کام کرنے والا
فَاق ۔ع۔ صیغہ ماضی کا ہے۔ یعنے فوقیت لے گیا۔ فائق ہو گیا۔
فَاق ۔ت۔ تیر کا سوفار۔ باچلہ کمان مین جو ڈورا بندھا ہوتا ہے جسمین تیر کے سوفار کو پھنسا کے کھینچتے ہین۔
فَاقِد ۔ع۔ گم کرنے والا۔
فَاقِدُ البَصَر ۔ع۔ اندھا آدمی۔
فَاقِع ۔ زرد رنگ۔ ڈھڈھا۔
فَاقَہ ۔ع۔ بھوکا رہنا۔ فقیری۔ حاجت
فَاکِر ۔ع۔ کسی کام مین فکر کرنے والا۔
فَاکِہَہ ۔ع۔ میوہ مثل انگور و سیب وانار وغیرہ کے۔ فواکہ اسکی جمع ہے۔
فَال ۔ع۔ شگون۔
فَالِج ۔ع۔ نام مرض کا جسمین آدمی کا آدھا بدن چوڑان مین ڈھیلا اور سست اور بے حرکت ہو جاتا ہے۔
فَالِق ۔ع۔ پھاڑ کر نکالنے والا کسی چیز کا۔
فَالِقُ الاِصْبَاح ۔ع۔ نکالنے والا صبح کی سفیدی کا رات کی سیاہی سے یعنی خدا تعالے
فَالُودَہ ۔ع۔ چاولون کی بیچ جما کر بناتے ہین۔ مشہور شے ہے۔
فَالُوذ ۔ع۔ / فَالُوذَج ۔ع۔ فالودہ مشہور شے ہے۔
فَام ۔ف۔ رنگ۔ لون۔
فَانُوس ۔ع۔ سخن چین۔ لُترا۔ فانوس جسمین شمع جلاتے ہین اسکا یہ نام اسلیے ہوا کہ فانوس سے روشنی باہر آتی ہے تو گویا فانوس سخن چین اور لُترى ٹھہری۔
فَانُوسِ خِیَال ۔ف۔ / فَانُوسِ خِیَالی ۔ف۔ وہ فانوس جس مین شمع وغیرہ جلاکے گرد اسکے کاغذ کی تصویر کسی طرح کی کاٹکر کسی چیز پر چپکا کے وصل کرتے ہین اور اس چیز کو گردش دیتے ہین روشنی مین ان تصویرون کا گھومنا بڑا لطف دیتا ہے۔
فَانِی ۔ع۔ مرنے والا۔ فنا ہونے والا۔ وہ شخص جو بہت بوڑھا ہو۔

فَائِدَہ۔ع۔ شکر سفید۔ مصری۔
فَائِت۔ع۔ نیست ہونے والا۔
فَائِح۔ع۔ } خوشبو۔ اور وہ چیز
فَائِحَہ۔ع۔ } جسمین سے خوشبو آوے۔
فَائِدَہ۔ع۔ نفع۔ سود۔
فَائِز۔ع۔ پہونچنے والا۔ پانے والا۔ خلاصی اور رہائی اور فتح اور مراد پانے والا۔
فَائِض۔ع۔ فیض دینے والا۔
فَائِق۔ع۔ بلند ہونے والا۔ فوقیت اور بزرگی رکھنے والا۔ بہتر۔ برگزیدہ۔ افزون۔ نام کتاب کا علم حدیث مین جار اللہ زمخشری صاحب تفسیر کشاف سے۔

فصل فا مع باے موحدہ

فَبِہَا۔ع۔ لغوی معنی اسکے پس ساتھ اسکے لیکن مجازاً اپنے بہتر اور بہت خوب کے ہیں۔

فصل فا مع تاے فوقانی

فَتَا۔ع۔ مرد جوان۔ بہادر۔ سخی۔
فَتَات۔ع۔ عورت جوان۔
فَتَاتَہ۔ع۔ ہر چیز کا ریزہ۔
فَتَّاح۔ع۔ کھولنے والا۔ حکم کرنے والا۔ اور ایک نام ہے خدا کے نامون سے۔
فُتَادَن۔ن۔ گرنا۔ گر پڑنا۔ حرف اول کے کسرہ سے غلط مشہور ہے۔
فَتَّان۔ع۔ فتنہ انگیز۔ چور۔ شیطان۔ سُنار۔ پیشہ ور۔ فسادی۔
فَتح۔ع۔ کھولنا۔ مجازاً جیتنا ملک کا۔
فَتح البَاب۔ع۔ کشادگی کامون کی۔ شروع اور آغاز موسم برسات کا۔
فَتحَہ۔ع۔ زبر۔ جیسے حد کی ح پر ہے۔
فِتر۔ع۔ کشادگی درمیان انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کے۔ فرق درمیان دو چیزکے
فُتر۔ع۔ سستی۔ ناتوانی۔
فِتراک۔ع۔ تسمہ جو ہنے اور بائین زین کے لٹکاتے ہین واسطے باندھنے شکار وغیرہ کے۔
فِتَرات۔ع۔ جمع فترت کی۔
فَترت۔ع۔ ضعف۔ سستی۔ ناتوانی وہ زمانہ جو درمیان دو پیغمبرون کے ہو۔
فَتش۔ع۔ جستجو کرنا۔ کھود کرنا۔
فَتق۔ع۔ کشادگی۔ پھاڑنا۔ نام ایک بیماریکا جس سے خصیہ بڑا ہو جاتا ہے۔
فِتَن۔ع۔ جمع فتنہ کی۔
فِتنَہ۔ع۔ عذاب۔ دیوانگی۔ آزمائش۔ حیرت۔ تعجب۔ گمراہی۔ کفر۔ رسوائی گمراہ کرنا۔ دیوانہ ہونا۔ مال۔ اولاد اصطلاحاً بمعنی عاشق۔ فریفتہ۔ اور بمعنی معشوق کے بھی آیا ہے۔
فِتنَہ بر چیزے شدن۔ن۔ کسی چیز پر عاشق اور فریفتہ ہونا۔
فَتوَی۔ع۔ حکم شرع۔ شرعی فیصلہ۔
فُتُوَّت۔ع۔ جوانمردی۔ مُروّت۔
فُتُوح۔ع۔ کشائشین جمع ہے فتح کی۔ اور مصدر بھی ہے بمعنی کشائش اور شادی کے۔
فُتُوحَات۔ع۔ جمع ہے فتوح کی۔
فُتُور۔ع۔ سستی۔ سست ہونا۔ مجازاً بمعنی خرابی اور برائی کے مستعمل ہے۔
فَتَی۔ع۔ جوانمرد۔ بہادر۔ جوان ابتدا سے بلوغ سے چالیس برس تک اور بمعنی سخی کے بھی آیا ہے۔
فُتی۔ع۔ جوان لوگ۔
فِتی۔ع۔ مرد جوان۔
فِتیَان۔ع۔ جوان لوگ۔ جوانمرد لوگ۔
فَتیَان۔ع۔ دو جوان۔ بات اصلان۔
فَتِیلَہ۔ع۔ بٹی ہوئی چیز۔ بتی۔

فصل فا مع جیم

فَج۔ع۔ راہ کشادہ درمیان دو پہاڑ کے
فَجّ۔ع۔ خام۔ کچا۔ ناپختہ۔
فَجَا۔ع۔ } ناگاہ۔ یکایک پکڑنا۔
فُجَاءَۃ۔ع۔ }
فَجَاجَت۔ع۔ خامی۔ کچا پن۔ ناپختگی۔
فُجَّار۔ع۔ جمع فاجر بمعنے بدکار کی۔
فَجَّار۔ع۔ بڑا بدکاری کرنے والا۔
فَجَر۔ع۔ پانی جاری کرنا۔ سفیدی صبح کی بمعنی صبح تڑکا۔ گناہ اور زنا پر آمادہ ہونا۔
فُجَر۔ع۔ جوانمردی۔ کرم۔ بخشش۔ احسان
فُجُر۔ع۔ جمع فاجر بمعنی بدکار کی۔

فجرہ ۔ع۔ زنا کار لوگ ۔ بد کار لوگ ۔ یہ جمع فاجر کی ہے ۔

فجعت ۔ع۔ دردمندی ۔ مصیبت ۔

فجل ۔ع۔ مولی ۔ مشہور ترکاری ہے

فجل ۔ع۔ سست ہونا ۔

فجور ۔ع۔ گناہ کرنا ۔ حق سے ناحق کیطرف پھر جانا ۔ دین سے برگشتہ ہونا ۔ بیماری سے اچھا ہونا ۔ بینائی کا کم ہو جانا ۔ جھوٹ بولنا ۔ نافرمانی کرنا ۔ نماز کا ضائع کرنا ۔ زنا کرنا

فجور ۔ع۔ مرد بدکار ۔ حرامکار ۔

فجوہ ۔ع۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا شگاف زمین کشادہ ۔ گڑھا ۔

فجیعت ۔ع۔ درد سخت ۔ مصیبت ۔

فصل فا ۔ مع حاے مہملہ

فحاش ۔ع۔ بہت بڑا بدکار ۔ بڑا بدزبان ۔

فحاشی ۔ع۔ جمع فحا بمعنی مطلب کی

فحش ۔ع۔ حد سے گذرنا بیحیائی ۔

فحشا ۔ع۔ بُرا کام ۔ زنا ۔ حرامکاری ۔

فحص ۔ع۔ جستجو کرنا ۔ کسی چیز کو ڈھونڈھنا

فحل ۔ع۔ نر ۔ مادہ کا ضد ستارہ سہیل

فحم ۔ع۔ زگال ۔ ہندی کوئلہ ۔

فحوی ۔ع۔ } مضمون ۔ بمعنی مطلب

فحوا ۔ع۔ }

فحول ۔ع۔ مرد لوگ ۔ مادہ ۔ جانوروں کے نر ۔ یہ جمع فحل بمعنی نر کی ہے ۔

فصل فا مع خاے معجمہ

فخ ۔ع۔ ایک قسم کا پھندا جس سے پرند جانور وغیرہ شکار کرتے ہیں ۔

فخار ۔ع۔ مٹی کا برتن پکایا ہوا ۔

فخار ۔ع۔ ناز کرنا ۔ فخر کرنا ۔

فخار ۔ع۔ بڑا ناز کرنے والا ۔

فخامت ۔ع۔ بزرگی ۔ قدر ۔ بلندی ۔ سطبری ۔ موٹاپن ۔

فخت ۔ع۔ روشنی پھاندنی کی ۔

فخذ ۔ع۔ } ران ۔ جانگھ ۔

فخذ ۔ع۔ }

فخر ۔ع۔ گھمنڈ ۔ غرور ۔ ناز ۔

فخری ۔ف۔ ایک قسم انگور کی ۔

فخضرہ ۔ف۔ جو ایک غلہ مشہور ہے اور گیہوں کے آٹے کی بھوسی ۔

فخور ۔ع۔ بہت بڑا ناز گھمنڈ کرنے والا ۔

فخور ۔ع۔ ناز کرنا ۔ غرور کرنا ۔

فخیم ۔ع۔ بزرگ قدر ۔ ہر چیز بزرگ ۔

فصل فا مع دال مہملہ

فدا ۔ع۔ سر بہا اور سر خرید یعنی کسی قیدی کی اپنا ہو یا غیر اپنے مال کو دیکر جان بچا لینا یا اپنے کو خلاص کر لینا اور خرید لینا اپنا مال دیکر ۔ اور جو پیکر تصدق کیجائے ۔

فدامت ۔ع۔ درشتی ۔ جفاکاری ۔

فدان ۔ع۔ جوا ہل بیلوں کی گردن پر رکھ کر ہل یا گاڑی وغیرہ میں جوتتے ہیں ۔

فدفد ۔ صحرا ۔ زمین ہموار ۔

فدک ۔ع۔ نام ایک گانوں کا جسمیں حضرت رسول صلعم کا ایک باغ خرمے کا تھا ۔

فدوی ۔ع۔ قربان ہونے والا ۔ کسی کے عوض اپنی جان دینے والا ۔

فدیہ ۔ع۔ وہ مال جو عوض کسی قیدی کے دیکر اُسکو سرکار سے خرید لیں ۔ سربہا ۔ صدقہ ۔

فصل فا ۔ مع راے مہملہ

فر ۔ع۔ بھاگنے والا ۔ بھاگنے والے جمع اور مفرد دونوں آتا ہے ۔

فر ۔ف۔ شان ۔ شوکت ۔ دبدبہ ۔ نور زیبا ۔ لفظ فرخ اسی سے مرکب ہے ۔

فرا ۔ف۔ آگے ۔ نزدیک ۔ دور ۔ اوپر بلند ۔ اور یہ کلمہ کبھی زائد بھی آتا ہے ۔

فرا ۔ع۔ گورخر ۔ مشہور جانور ہے ۔

فرا ۔ع۔ پوستین سینے والا ۔ لقب ایک نحوی کا

فرابرز ۔ف۔ نام ایک پہلوان کا دارا بادشاہ کے سپہسالاروں میں سے ۔

فرات ۔ع۔ آب شیرین ۔ میٹھا پانی نام ایک ندی کا عرب میں جو نزدیک کوفہ کے جاری ہے ۔

فراتر ۔ف۔ پیشتر ۔

فراخ ۔ف۔ وسیع کشادہ ۔ چوڑا ۔ اور کبھی مجازاً بمعنی بہت کے آتا ہے ۔

فراختن ۔ف۔ بلند کرنا ۔ اونچا لیجانا ۔

فراخوری - ف - شائستگی - لیاقت - سزاواری -
فراخور - ف - شایستہ - لائق - سزاوار -
فراخی - ف - کشادگی - وسعت -
فرادی - ع - ایک ایک - الگ الگ - تنہا تنہا - یہ جمع فرد کی ہے -
فرادیس - ع - جمع فردوس کی -
فرار - ع - بھاگنا - بھاگ جانا - ڈرنا -
فرار - ع - بھاگنے والا -
فرار رسیدن - ف - پہونچنا - آگے بہونچنا -
فرار فتن - ف - جانا - آگے بڑھنا -
فراری - ف - بھاگا ہوا - بھگوڑا -
فراز - ف - کھلا ہوا - پھیلا ہوا - بند بھاہوا - کشادہ - بند - اوپر - بلند - نشیب - نیچے - پست - اور بمعنی برجیسے فراز چشم یعنی برجشم - جوڑا - چٹکلا - عقب - پیچھے - قرب - نزدیک - آگے - حضور - روشن - جمع - اکٹھا - فراہم - بلندی - پستی - سرکش - آت تناسل - اور زائد بھی آتا ہے -
فرازی - ف - بلندی -
فرازدن - ف - ظاہر کرنا کسی بات کا -
فرازندہ - ف - بلند کرنے والا -
فرازیدن - ف - بلند کرنا - کھڑا کرنا -
فراس - ع - شیر درندہ -
فراس - ع - گھوڑے کا خادم - سئیس -
فراست - ع - دانائی - عقلمندی - تیزی فہم کا - قیافہ - اور قیافہ ایک علم ہے کہ آدمی کی صورت دیکھکر اُسکی سیرت معلوم کرلین -
فراست - ع - گھوڑے کی سواری کرنا - گھوڑونکے اچھے بُرے ہونے کی شناخت -
فراست شناس - ف - قیافہ شناس
فرسنوک - ف - ابابیل پرندمشہور ہے
فراسنج - ع - جمع فرسنج کی جسکے معنی آگے ذکر ہین
فراش - ع - جامۂ خواب - شب خوابی کا پڑے - متعلق فرش - بچھونا - عورت رات کو سلانے سونے والی - بچھونا بچھانا - پرند کا جھوبجھ -
فراش - ع - پروانے جو رات کو شمع اور چراغ وغیرہ پر گر کر جل جاتے ہین - جمع فراشہ کی -
فراش - ع - فرش بچھانے والا - مکان صاف کرنے والا نوکر -
فراشہ - ع - ایک پروانہ جو شمع پر گرتا ہے -
فراشہ - ع - مجازاً بمعنی جاروب - جھاڑو -
فراغ - ع - کام سے فرصت پانا -
فراغبالی - ف - بیکاری - فرصت -
فراغت - ع - خالی ہونا - فرصت -
فراق - ع - جدائی -
فراگرفتن - ف - سیکھنا - اپنے قبضہ مین کرنا - یاد کرلینا - معلوم کرنا -
فرامرز - ف - نام رستم پہلوان کے بیٹے کا -
فراموش - ف - مخفف فراموش کا -
فراموش - ف - بھول چوک -
فراموشیدن - ف - بھولنا - بھول جانا -
فرامین - ف - جمع فرمان کی بادشاہی پروانے
فراوان - ف - بہت کثیر - زیادہ -
فراویز - ف - دامن کی سنجاف -
فراہ - ع - نام ایک شہر کا جہانکے ابوالنصر فراہی صاحب انصاب الصبیان مشہور ہین -
فراہت - ع - استادہونا کسی فن مین - عقلمندی - استادی - گھوڑے کی خوش رفتاری -
فراہم - ف - اکٹھا - جمع -
فرائج - ع - جمع فروج کی گھر کی مرغی کے جمع ہے
فرائد - ع - جمع فریدہ یعنی تنہا کی -
فرائض - ع - جمع فریضہ کی - فرمودہ خدا کا جسکا بجالانا واجب ہے مثل نماز روزہ زکوۃ وغیرہ کے - نام علم تقسیم میراث کا -
فربہ - ف - موٹا -
فربہی - ف - موٹاپا -
فرتی - ف - فربہ - کلان - انوری شاعر اپنے کلام مین لائے ہین -
فرت - ف - ستابی - جلدی -
فرتوت - ف - نہایت بوڑھا بڑی عمر کا جو کسی کام کے قابل نہ رہا ہو - یہ لفظ پیر یعنی بوڑھے کی صفت واقع ہوتا ہے -
فرث - ع - سرگین - گوبر -
فرج - ع - عورت خواہ مرد کا اندام نہانی مگر اکثر استعمال اسکا عورت ہی کی شرمگاہ کیلئے

آتا ہے۔ اور بمعنی رخنہ۔ سوراخ۔ چھید۔ شگاف۔ وا رہ کھڑکی۔ کھولنا۔ چیرنا۔ دو چیز کے درمیان کی کشادگی۔ زائل اور برطرف ہونا غم و رنج کا۔

فَرَج ـہ۔ کشایش۔ آسایش۔ آرام

فُرُج ـہ۔ جمع فرجہ بمعنی شگاف کی۔

فَرجام ـف۔ انجام۔ انتہا۔ آخر۔ اور بمعنی عاقبت اور لائق کے بھی جیسے نافرجام بمعنی بد عاقبت اور نا لائق کے۔

فَرجَد ـف۔ دادا کا باپ۔

فَرجہ ـہ۔ کشادگی۔ تھوڑا فرق جو در میان دو چیز کے ہو۔ کسی چیز کا شگاف۔

فَرجہ ـہ۔ تنگی اور دشوار یسے باہر ہونا۔

فَرجہ جُو ـف۔ فرصت ڈھونڈھنے والا۔

فَرح ـہ۔ شادی۔ خوشی۔ سُرور۔

فَرح ـہ۔ شادان۔ خوش۔ مسرور۔

فَرح آباد ـف۔ نام شہر کا ایران مین۔

فَرحت ـہ۔ شادی۔ خوشی۔ خُرمی۔

فَرخ ـہ۔ گھر کی مرغی کا چوزہ۔ ہر پرند کا بچہ۔ افراخ اسکی جمع ہے۔

فَرُّخ ـف۔ مبارک۔ ہمایون۔ خوبصورت

فَرخار ـف۔ نام شہر کا ترکستان مین جہانکے آدمی نہایت حسین اور خوبصورت ہوتے ہین اور بمعنی بتخانہ کے بھی آیا ہے۔

فَرخ ـف۔ زشت۔ بُرا۔ بدصورت۔

فَرخُندہ ـف۔ مبارک۔ ہمایون۔ زیبا رخ

فَرد ـہ۔ طاق۔ تنہا۔ یگانہ۔

فَردا ـف۔ کل کا دن جو آویگا۔

فِردَوس ـہ۔ وہ باغ جسمین کل باغونکے میوہ دار درخت وغیرہ موجود ہون نام بہشت کا اور بعضون نے کہا ہے بلقہ اعلیٰ بہشت کا۔

فِردَوسی ـف۔ نام شاعر مصنف شاہنامہ ساکن شہر طوس کا۔

فِرز ـہ۔ مخفف فرزین کا جو شطرنج مین ایک مہرہ بمنزلہ وزیر کے ہوتا ہے۔

فَرزان ـف۔ حکمت۔ علم۔ دانش۔

فَرزانگی ـف۔ دانائی عقلمندی۔

فَرزانہ ـف۔ حکیم۔ دانا عقلمند۔

فَرزجہ ـہ۔ وہ کپڑا جو دو داؤن مین تر اور آلودہ کرکے دُبر یعنی مقعد اور عورت کے قُبل یعنی آگے اندام نہانی مین رکھین۔

فَرزدق ـہ۔ لقب ایک شاعر مشہور کا ملک عرب مین۔ نام اُنکا ہمام بن غالب تھا۔

فَرزند ـہ۔ ف۔ بیٹا ہو خواہ بیٹی۔

فرزین ـف۔ نام مہرہ شطرنج کا جو بمنزلہ وزیر ہوتا ہے اور رفتار اسکی کج ہوتی ہے۔

فَرزین نہادن ف کنایہ کج نہادن یعنے خراب آدمیون سے اسلیئے کہ فرزین کی چال کج ہوتی ہے۔

فَرَس ـہ۔ گھوڑا۔

فُرس ـہ۔ فارس کے ملکون کے رہنے والے

فَرَس افگندن ـف۔ عاجز اور مغلوب کرنا۔

فَرَس طنبور ـف۔ خرک یعنی وہ لکڑی یا ہڈی جو طنبور اور ستار وغیرہ کے تونبے پر چسپان کرکے تار اُسپر سے دوڑاتے ہین۔ ہندیمین اُسکو گھڑج کہتے ہین۔

فَرَس گشتن ـف۔ کنایہ کمال کوشش اور دوڑ دھوپ کرنے سے۔

فِرِستادن ـف۔ بھیجنا۔

فِرِستند ـف۔ بمعنی بھیجین صحیح ہے اور فرسیند بجاے اسکے غلط ہے۔

فَرسَخ ـسب۔ } تین میل کی مقدار اور ہر
فَرسَنگ ـف۔ } میل چار ہزار گز کا ہوتا ہے اور ہر گز چھ مٹھی یا چوبیس اُنگل کا۔

فَرسُودن ـف۔ گھسنا۔

فَرسُودہ ـف۔ چیز پرانی اور بے کام۔

فَرسُودہ روزگار ـف۔ تجربہ کار۔ اور زمانہ کا نشیب و فراز دیکھا ہوا۔

فَرش ـہ۔ بچھونا۔ بچھانیکی چیز۔

فِرِشتہ ـف۔ اصل اسکی فرستہ تھی خدا کا بھیجا ہوا۔ خدا کا قاصد نورانی۔

فُرص ـہ۔ جمع فرصت کی۔

فَرص ـہ۔ کاٹنا چیرنا۔ پھاڑنا۔

فَرصاد ـہ۔ شہتوت مشہور میوہ ہو۔

فُرصت ۔ع۔ آرام پانا۔ مہلت دینا۔
فرض ۔ع۔ کسی چیز کا وقت معین کرنا۔ مشخص کرنا۔ بخشش کرنا۔ اندازہ کرنا۔ حکم خدا کا۔ واجب کیا ہوا خدا کا۔
فَرط ۔ زیادتی۔ بہتایت۔ غلبہ۔
فرع ۔ع۔ شاخ درخت کی ٹہنی۔
فِرعَون ۔ع۔ لقب ہے ایک بادشاہ مصر کا جو حضرت موسیٰ کے وقت مین تھا۔ مجازًا بمعنی سرکش اور مغرور۔
فَرعِی ۔ع۔ جو اصلی نہو۔ منسوب فرع سے
فَرغَر ۔ف۔ چھوٹا تالاب۔
فَرغَل ۔مب۔ معرّب ہے فرمل لفظ فارسی کا۔ روئی بھرا ہوا لبادہ۔
فَرغَند ۔ف۔ اکاس بیل جو خاردار درختون پر پھیلتی ہے۔
فَرفِتہ ۔ف۔ مخفف ہے فریفتہ کا۔
فَرفِح ۔مب۔ خرفہ کا ساگ۔ یہ معرب ہی پرہپن کا منے اسکے چوڑا پر۔
فَرفَر ۔ف۔ جلد جلد۔ شتاب۔ شتاب۔
فَرفَرہ ۔ف۔ گول چکنی چمڑے یا کاغذ کی جسمین سوراخ کرکے ڈورا ڈال کے لڑکے دونون ہاتھ سے کھینچتے ہین اور وہ گھومتی ہی ہندی مین اسکو پھرکی کہتے ہین۔
فَرق ۔ع۔ کسی چیز کو آپس سے جدا کرنا سر کے بالونکے بیچ کی کشادگی جسکو ہندی مین مانگ کہتے ہین۔ اور سبھی (سر) بھی۔
فِرق ۔ع۔ بکری یا ہرن یا گاے وغیرہ کا گلہ۔ پہاڑ۔ پشتہ۔ ٹیلہ۔ شگاف۔ دراڑ۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔
فُرق ۔ع۔ جُدائی۔ قرآن شریف۔
فَرق ۔ع۔ ڈرنا۔ صبح۔ سفیدہ صبح کا۔
فَرِق ۔ع۔ ڈرنے والا۔ ہری اور چھوٹی گھاس پھیلی ہوئی جو زمین کو چھپالے جسکو سبزہ کہتے ہین۔
فِرق ۔ع۔ آدمیونکے گروہ۔ جمع فرقہ کی
فُرقان ۔ع۔ فرق کرنیوالا ورسیان حق اور باطل کے۔ نام قرآن شریف کا۔
فُرقت ۔ع۔ جدائی۔
فَرقَد ۔ع۔ گوسالہ۔ گاے کا بچھڑا۔ ایک ستارہ اُن دو ستارون مین سے جو نزدیک قطب شمال کے ہین۔
فَرقَدان ۔ع۔ نام اُن دو ستارون کا
فَرقَدین ۔ع۔ جو قطب شمال کے پاس ہین اور گرد قطب کے گھومتے ہین اور شام سے صبح تک ظاہر رہتے ہین۔ چھپتے نہین ہین۔
فِرقَہ ۔ع۔ قوم۔ گروہ۔
فَرفِیر ۔ع۔ بنفشہ کا پھول۔
فَرکَند ۔ف۔ وہ زمین جسمین بسبب پانی سیلاب یا بہتا کے گڑھے پڑگئے ہون اور جا بجا پانی بھرا ہو۔
فَرکَندَن ۔ف۔ زمین کا خراب ہوجانا پانیکی رَو یا سیلاب سے۔
فَرمان ۔ف۔ حکم شاہی۔ بادشاہی پروانہ
فَرمانَدہ ۔ف۔ حاکم۔ بادشاہ۔
فَرمان رَسیدَن ۔ف۔ کنایہ موت کے آنے سے ہے۔
فَرمائش ۔ف۔ بطور حکم سفارش کرنا بطور حکم کچھ کام کرانا یا کچھ مانگنا۔
فَرمودَن ۔ف۔ فرمانا۔ حکم دینا۔
فَرَنجَک ۔ف۔ کابوس جس سے آدمی سوتے مین ڈرتا ہے اور چیخ اُٹھتا ہے۔
فِرِند ۔مب۔ یہ عرب ہے پرند کا۔ تلوار تلوار کا جوہر۔ ریشمی سادہ کپڑا بغیر پھول کا ریشمی سادی چادر۔
فَرنگ ۔ف۔ یورپ۔ نصاریٰ کا ملک اور کنایہ گورے اور سفید رنگ سے۔
فَرنگلیس ۔ف۔ افراسیاب بادشاہ توران کی بیٹی کا نام جو سیاوش کے نکاح مین تھی کیخسرو اسی کے پیٹ سے تھا۔
فُرو ۔ف۔ کم۔ نیچے۔ کم رتبہ۔
فُرو ۔ع۔ بروزن سروہ لوٹری کا پوستین۔
فُرُوتر ۔ف۔ بہت کم۔ بہت نیچا۔
فُرُوتَرین ۔ف۔ عاجز۔ تواضع کرنیوالا۔
فُرُوتَن ۔ف۔ بہت ہی نیچا۔
فُرُوتَنی ۔ف۔ اپنے کو حقیر جاننا۔ عاجزی

فروج - ع- جمع فرج کی جو بمعنی شگاف اور عورت کی شرمگاہ کے ہے-

فَرُّوج - ع- } گھر کی پلی ہوئی مرغی کا
فَرُّوجہ - ع- } چوزہ-

فروخت - ف - بیچنا - بیچا-

فَرُوختہ - ف - بیچا گیا- اور بمعنی روشن-

فروختن - ف - بیچنا-

فِرُوخوردن - ف - تحمل اور بردباری کرنا

فِرُود - ف - زیر نیچے - پائین-

فِرُودست - ف - زیر حکم - کم رتبہ- اور بمعنے ناطاقت اور کمزور کے بھی-

فِرُودگاہ - ف - جگہ اُترنے کی جہان پر سفر مین قیام کیا جائے-

فَرُودین - ف - مدت رہنے آفتاب کی برج حمل مین اور یہ پہلا مہینہ فارسی کا اکتیس روز کا ہوتا ہے- مطابق اسکے تقریباً ہندی مین بیساکھ اور انگریزی مین ماہ مارچ-

فروز - ف - تابش - روشنی - آفتاب کی چمک - اور بمعنی فزود بھی آیا ہے-

فرُوز - ف - مخفف فراوہز کا جسکے معنی سنجاف دامن جامہ کے ہین-

فِرُوزان - ف - روشن-

فِرُوزِینہ - ف - وہ چیز جس سے آگ سلگائین مثل تنکے وخس وغیرہ کے - اور بمعنی چقماق

فَرُوس - ع - جمع فرس بمعنی گھوڑے کی

فِرُوست - ع - گھوڑے کی سواری-

فِرُوسیت - ع - گھوڑے کی پہچان-

فِرُوش - ف - بیچنا - بیچنے والا-

فِرُوشندہ - ف - بیچنے والا-

فُرُوع - ع - شاخین - درختکی ٹہنیان جمع فرع کی - اصطلاحاً بمعنی علم فقہ-

فُرُوغ - ف - روشنی - شعاع آفتاب اور آگ کی تابش-

فُرُوق - ع - فرق کرنا - جدا کرنا-

فَرُوق - ع - فرق کرنیوالا - جدا کرنیوالا-

فِرُوکش - ف - اُترنے والا - کسی جگہ کسی مکانین رہنے والا-

فِرُوکش شُدَن - ف - اُترنا کسی جگہ - کسی مقام مین رہنا-

فِرُوگُفتن - ف - ٹھوکنا - دے مارنا-

فِرُوگذاشت - ف - چھوڑنا - بھول جانا معاف کردینا - بھول سہو-

فِرُوگذاشتن - ف - چھوڑ دینا - قصور معاف کردینا - بھول جانا-

فِرُومانَدہ - ف - عاجز-

فِرُومانَدگان - ف - عاجز لوگ

فِرُومانَدگی - ف - عاجزی - ناچاری

فِرُومانَدَن - ف - ناچار ہونا - عاجز ہونا

فِرُومایگان - ف - کمینے لوگ - نالائق

فِرُومایہ - ف - کمینہ - نالائق بد اصل

فَرّہ - ف - شان - شوکت - دبدبہ-

فَرہ - ع - زیادتی - غلبہ - سبقت - ظفر فتح - زیادہ - افزون - غالب - فتحمند-

فَرہ - ع - خوش منش-

فَرہ - ع - انتہا سے زیادہ خوش ہونا-

فَرہ - ع - انتہا سے زیادہ خوش اور شاد فرہین اور فارہین اسکی جمع ہے-

فرہاد - ف - نام ایک سنگتراش مشہور کا جو شیرین پر عاشق ہوا تھا-

فرہنگ - ف - عقل - ادب - ہر چیز کا نگاہ رکھنا - مجازاً کتاب فارسی لغتون کی جیسے فرہنگ رشیدی وغیرہ-

فَرہیختہ - ف - ادب سیکھا ہوا-

فَرہین - ع - حد سے زیادہ خوش لوگ -

فَریاد - ف - غل واسطے مدد مانگنے کے دُہائی دینا - دُہائی-

فَریادی - فریاد دہائی دینے والا-

فَریب - ف - دغا - مکر - عشوہ - ناز - اور بمعنی طلسم کے بھی-

فَریبُرز - ف - امالہ فرابرز کا جو نام ایک پہلوان مشہور کا ہے - اور نام ایک بادشاہ کا بھی ہے-

فَرید - ع - اکیلا - تنہا - بے مثل-

فریدہ - ع - } بے مانند - یکانہ-

فریدون - ف - نام ہے ایک بادشاہ

عظیم الشان فارس کا جو ضحاک کو قتل کرکے آپ بادشاہ ہوا تھا۔

فَرِیزَہ۔ ف۔ یاے معروف سے ایک گھاس خوشبودار ہے جسکو ہندی مین مرچا کہتے ہین

فَرِیسَہ۔ ع۔ وہ شکار جسکی گردن کتے یا شیر یا چیتے نے توڑ ڈالی ہو اور بمعنی بادلی کے بھی آیا ہے۔

فَرِیش۔ ع۔ یاے مجہول سے۔ لوٹ لینا تاخت و تاراج۔

فَرِیضَہ۔ ع۔ حکم خدا کا۔ واجب کیا ہوا خدا کا بندہ پر جیسے روزہ و نماز۔

فَرِیفتن۔ ف۔ یاے مجہول سے فریب کھانا۔ فریب دینا۔ مجازاً عاشق ہونا۔

فَرِیفتَہ۔ ف۔ یاے مجہول سے۔ فریب خوردہ فریب کھایا ہوا۔ مجازاً بمعنی عاشق۔

فَرِیق۔ ع۔ وہ گروہ جو کسی قوم سے جدا ہوکر دوسرے موضع مین جاوے۔ بڑا گروہ

فَرِیَہ۔ ع۔ جھوٹ۔ دروغ۔ افترا۔

فصل فا مع زاے معجمہ

فَزا۔ ف۔ افزائش۔ زیادہ کرنا۔

فَزَع۔ ع۔ خوف۔ گھبراہٹ۔ ڈر۔

فَزِع۔ ع۔ ترسان۔ ڈرنیوالا۔

فَزَعِ اکبر۔ ع۔ مراد قیامت سے۔

فُزُودَن۔ ف۔ زیادہ کرنا۔ زیادہ ہونا۔

فُزُون۔ ف۔ زیادہ۔ بڑھا ہوا۔ افزوں

فَزُونی۔ ف۔ زیادتی۔ فزونی۔

فصل فا مع سین مہملہ

فَسَاد۔ ع۔ بگاڑ تباہی۔ لینا مال کا ظلم و جبر سے۔ تباہ ہونا۔

فِسَار۔ ف۔ گھوڑے کا تکمہ جو چوتڑے کا ہوتا ہے۔ اور گھوڑے کے گلے پر رہتا ہے اور مخفف افسار کا بھی بمعنی باگ ڈور۔

فِسَان۔ ف۔ ایک قسم کا پتھر ہے جس پر چھری وغیرہ تلوار وغیرہ تیز کرتے ہین۔ اور اُس پتھر کو بھی کہتے ہین جو چوڑا اور گول بناتے ہین اور اسکو گردش دیکر چھری وغیرہ پر باڑھ رکھتے ہین ہندی سان۔

فَسَانَہ۔ ف۔ مخفف افسانہ کا بمعنی ماجرا اور سرگذشت۔ اور گذرا ہوا قصہ۔ اور بمعنی قصہ بے اصل کے مجاز ہے۔

فَسَایِیدَن۔ ف۔ افسون کرنا منتر کرنا۔

فَسَایِیدَن۔ ف۔ تابعدار کرنا۔

فَسَایِندَہ۔ ف۔ افسون گر۔ منتر کرنیوالا

فُسْتُق۔ مب۔ معرب ہے پستہ کا جو ایک مشہور میوہ ہے۔

فُسْتُقی۔ مب۔ معرب ہے پستئی کا جو ایک مشہور رنگ ہے سبز یہ زردی مائل مشابہ پستہ کے رنگ سے۔

فُسحَت۔ ع۔ فراخی جگہ کی۔ مکان کی کشادگی اور وسعت۔

فَسخ۔ ع۔ قصد کا پھیر دینا۔ راے کا توڑ دینا۔ فکر اور ارادہ کا بدل دینا۔ نکاح اور بیع کا باطل کر دینا۔

فَسَدَہ۔ ع۔ فساد کرنے والے۔

فَسر۔ ع۔ مطلب کا کھول کر بیان کرنا کسی پوشیدہ بات کا ظاہر کرنا۔ ہم معنی تفسیر کا۔ نظر کرنا طبیب کا مریض کے پیشاب کو

فُسُردَگی۔ ف۔ سردی کے سبب سے جم جانا ٹھٹھرنا۔ ٹھٹھرا پن۔

فُسُردَن۔ ف۔ سردی سے جم جانا ٹھٹھرنا

فِسق۔ ع۔ خدا کا حکم نہ ماننا۔ بد کام کرنا۔ گناہ کرنا۔

فَسَقَہ۔ ع۔ جمع فاسق کی۔ گنہگار لوگ

فُسُوس۔ ف۔ داد بھول سے۔ بازی دل لگی۔ ظرافت۔ خوش طبعی۔ مسخرا پن

دریغ۔ حسرت۔ افسوس۔

فِسُوس۔ ع۔ نام شہر دقیانوس کا۔ اور یہ داد معروف سے ہے۔

فُسُوس۔ ف۔ مخفف افسوس کا۔

فُسُوق۔ ع۔ بمعنی فسق یعنی گناہ کرنا۔

فُسُون۔ ف۔ سلفر۔ جادو۔ افسون۔

فَسِیح۔ ع۔ وسیع۔ فراخ۔ مکان

فَسِیحَہ۔ ع۔ کشادہ۔ فراخ۔

فَسِیق۔ ع۔ وہ شخص جو ہمیشہ گناہ کے کام اور خلاف شرع کام کیا کرتا ہو۔

فصل فا مع شین معجمہ

فش - ف - ہم معنی وش یعنی مانند کا۔
پگڑی کا سرا جو لٹکا ہوتا ہے - اور بمعنی گھوڑے کے یال کے بال۔
فشار - ف - کھینچنا - بھینچنا۔
فشار - ف - ہذیان - بیہودہ - گالی۔
فشاردن - ف - کھینچنا - چھوڑنا۔
فشافش - ف - آواز پے در پے تیرون کے مارنے کی لڑائی مین۔
فشان - ف - جھاڑتا ہوا - جھاڑنیوالا
فشاندن - ف - جھاڑنا۔
فشر - ف - ہذیان - بیہودہ - گالی۔
فشردن - ف - نچوڑنا۔
فشردہ - ف - نچوڑا گیا۔

فصل فا مع صاد مہملہ

فص - ع - نگینہ جو انگوٹھی وغیرہ پر جڑتے ہین - اور بکسر اول اور بضم اول بھی آیا ہی
فصاحت - ع - خوش گوئی تیز زبانی اور کشادہ سخن ہونا - اور اصطلاح علم معانی مین خالی ہونا کلام کا الفاظ ثقیل اور مشکل اور ترکیب غیر مانوس اور تعقید وغیرہ سے۔
فصاد - ع - فصد کھولنے والا۔
فصال - ع - مفارقت - جدائی - لڑکے کا دودھ چھڑا لینا - اور جمع فصیل کی۔
فصال - ع - بہت بڑا جدا کرنے والا۔

اور کبھی مجازاً بمعنی دربان کے بھی آتا ہے۔
فصد - ع - خون نکالنا رگ سے۔
فصل - ع - ایک موسم سال کے چار موسمون سے - کلام کا ایک ٹکڑا کتابکا ایک حصہ - جدا کرنا - جدا ہونا - دو چیزون کے درمیان کا پردہ یا باز رکھنا - کاٹنا۔
فصل الخطاب - ع - احادیث نبوی کہ وہ حق کو باطل سے جدا کر دیتی ہین ہر کلام فصیح اور روشن تر اور صاف صاف اور جدا کرنے والا حق کو باطل سے۔
فصوص - ع - جمع فص یعنی نگینہ کی نام ہے کتاب کا علم تصوف مین شیخ محی الدین بن عربی سے بیان اسرار حقیقت آلہیہ مین
فصول - ع - جمع ہے فصل کی۔
فصول چہارگانہ - ف - جاڑا - گرمی - اور ربیع - خریف۔
فصیح - ع - خوش گو - صحیح کلام کرنیوالا
فصید - ع - جسکی فصد کھولی گئی ہو۔
فصیل - ع - شہر پناہ - دیوار قلعہ کی چار دیواری شہر کی - اونٹنی کا بچہ جسکا دودھ پینا چھڑا دیا جائے یعنی اسکی مان سے جدا کر لیا گیا ہو۔

فصل فا مع ضاد معجمہ

فضا - ع - کشادہ زمین - زمین کی فراخی کشادگی مکانکے صحن کی - کھلا ہوا میدان بکسر اول غلط ہے۔
فضاحت - ع - رسوائی۔
فضالہ - ع - ہر چیز کی زائد اور بیکار شے - مثل پھوک اور چھلکے وغیرہ کے درخت کی ٹہنیان بے موقع قابل چھانٹ ڈالنے کے درخت کے پتے گرے ہوئے - آگے کا بچا ہوا کھانا وغیرہ - جھوٹھا - نام حضرت رسول صلعم کے ایک غلام کا جو بندیین آیا تھا۔
فضالہ چیدن - ع - کنایہ باغبان سے کہ وہ زائد شاخونکو کاٹ ڈالتا ہے۔
فضائح - ع - جمع فضیحت کی - رسوائیان
فضائل - ع - زیادتیان - افزونیان بلند درجے - عمدہ ہنر - جمع فضیلت کی - اور بعضون نے کہا ہے کہ فضائل باطنی نعمتین - اور فواضل - ظاہری نعمتین۔
فضائل اربعہ - ع - حکمت - شجاعت - عفت - عدالت۔
فضح - ع - رسوائی۔
فضل - ع - افزونی زیادتی بخشش - غلبہ کرنا - کسی پر فضیلت مین - نام شاعر کا۔
فضلا - ع - جمع فاضل کی۔
فضلات - ع - جمع فضلہ کی۔
فضل ربیع - ع - ہارون رشید کے وزیر کا نام - جو بڑا سخی اور نیک تھا۔
فضلہ - ع - آگے کا بچا ہوا کھانا وغیرہ

وہ شاخین جو بعد توڑ لینے پھل کے دوبارہ قابل پھلنے کے نہ رہین۔ ہر چیز کی زائد اور بیکار شئے۔ پھوک۔ ثفل۔ اور طبیبونکے نزدیک غذا کا وہ پھوک جو معدہ اور شاش اور مقعد اور دماغ وغیرہ سے خارج ہوتا ہی۔

فضُوح ۔ع۔ رسوائی۔

فضُول ۔ع۔ مصدر ہے بمعنی افزونی اور زیادتی کے۔ اور جمع فضل کی بھی بمعنی افزونیان۔ زیادتیان۔ بزرگیان۔

فضُول ۔ع۔ زیادہ گو۔ وہ شخص جو غیر ضروری کام اور بیکار باتین کرے۔

فضُول نفس ۔ف۔ کنایہ ہے وعظ کرنے والے اور نصیحت کرنے والے سے۔

فضُولی ۔ع۔ بیہودہ۔ زیادہ گو۔

فضّہ ۔ع۔ نقرہ۔ چاندی۔

فضیحت ۔ع۔ رسوائی۔ بدنامی۔

فضُیل ۔ع۔ نام ایک ولی کامل کا۔

فضیلت ۔ع۔ بزرگی۔ بڑائی۔

فصل فا۔ مع طاے مہملہ

فطام ۔ع۔ لڑکے کی دودھ بڑھائی بعد پورے ہونے دو برس کے۔ اور بمعنی شستگی اور مفارقت اور جدائی کے ہر چیز سے

فطانت ۔ع۔ دانائی۔ عقلمندی۔

فطر ۔ع۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔ پیدا کرنا۔ شروع کرنا کسی کام کا روزہ کھولنا روزہ دار کا۔

فطر ۔ع۔ روزہ کشائی۔ روزہ کھولنے والا۔ روزہ کھولنے والے۔ مفرد اور جمع دونون آیا ہے۔ آٹا گوندھنا۔

فطرت ۔ع۔ پیدائش۔ دانائی۔ دین اسلام صدقہ عید رمضان کا۔

فطری ۔ع۔ خلقی۔ پیدائشی۔ منسوب ہے طرف فطرت کے۔

فطس ۔ع۔ چوڑی ناک والا۔

فطن ۔ع۔ عقلمند ہونا۔ عقلمندی۔

فطِن ۔ع۔ زیرک۔ دانا۔ عقلمند۔

فطنت ۔ع۔ زیرکی۔ دانائی۔ عقلمندی۔

فطُور ۔ع۔ وہ چیز جس سے روزہ کھولین۔

فطیر ۔ع۔ تازہ گندھا ہوا آٹا خمیر کی ضد۔

فطیس ۔ع۔ بڑا ہتوڑا جس سے لوہا کوٹین ہندی مین اُسکو گھن کہتے ہین۔

فطیم ۔ع۔ وہ لڑکا جسکا دودھ چھڑا دیا گیا ہو

فصل فا مع ظاے معجمہ

فظ ۔ع۔ بدخو۔ بدخصلت۔ سخت دل درشت سخن۔ بدزبان۔

فظع ۔ع۔ کسی کام کا دشوار جاننا کسی شئے سے برتن کا بھر جانا۔ یعنے لبالب ہونا کسی کام سے تنگ آجانا۔

فظیع ۔ع۔ حد سے زیادہ قبیح اور بُری چیز۔

فصل فا۔ مع عین مہملہ

فعل ۔ع۔ کام۔ کردار۔ کام حرکت جنبش آدمی کی۔ اونٹنی اور ہر مادہ کی فرج۔

فعّال ۔ع۔ کارنیک۔ سخاوت۔ ہر کام مین مروّت خواہ نیک کام ہو خواہ بد۔

فعّال ۔ع۔ جمع فعل بمعنی کام کی آپسمین مل مل کر کام کرنا۔ تبر اور بسولے کا دستہ۔

فعّال ۔ع۔ بہت بڑا کام کرنیوالا۔ ایک نام خدا کے نامونسے۔ اور عقل فعال دسوین عقل

فعَل ۔ع۔ کرنا۔

فعل وانفعال ۔ع۔ فعل بمعنی کام جیسے حرکت بڑھئی کی لکڑی کاٹنے مین۔ اور انفعال بمعنی اثر قبول کرنا جیسے لکڑی کا کٹ جانا بڑھئی کے کاٹنے سے۔

فصل فا۔ مع غین معجمہ

فغ ۔ف۔ بُت۔

فغاک ۔ف۔ نادان۔ بیوقوف۔ اور بعضون نے بمعنی حرامزادہ اور بدذات اور شریر کے بھی لکھا ہے۔

فغان ۔ف۔ نالہ۔ فریاد۔ واضح ہو کہ فغان نالہ سے بلند تر ہے۔

فغانی ۔ف۔ تخلص ایک شاعر مشہور کا

فغفور ۔ف۔ نام ایک بادشاہ چین کا۔ فغفور اصل مین بغبور تھا۔ فغ بمعنے بت اور پور بمعنی پسر چونکہ اسکے مان اور باپ نے اسکو بُت کی نذر کر دیا تھا اسلیئے یہ نام ہوا۔

فغم ۔ع۔ خوشبو کا سونگھنا۔ عورت کا بوسہ لینا

فقعم ۔ع۔ کسی جگہ ہمیشہ کے لیے مقیم ہونا کسی چیز پر لالچ کرنا۔

فصل فا۔ مع فا

فف ۔ع۔ دونوں ہونٹھونکو زور سے بھیچ کے سانس کا نکالنا۔ہندی۔پھونک

فصل فا مع قاف

فقاح ۔ع۔ گل۔پھول۔شگوفہ۔

فقار ۔ع۔ پٹھے کی گربان گردن سے کمر تک

فقاع ۔ع۔ مرد سرخ رنگ۔

فقاع ۔ع۔ جو کی شراب۔ بوزہ۔

فقاہ ۔ع۔ دانائی عقلمندی۔

فقاہت ۔ع۔ دریافت کرنا۔جاننا عقلمندی

فقد ۔ع۔ گم کرنا۔گم ہونا۔

فقدان ۔ع۔ گم ہونا۔کھویا جانا۔گم کرنا

فقر ۔ع۔ افلاس۔فقیری۔

فقرا ۔ع۔ جمع ہے فقیر کی۔

فقرات ۔ع۔ پٹھے کی گربان گردن سے کمر تک یہ جمع ہے فقرہ کی۔

فقرہ ۔ع۔ پٹھے کی ایک گربا۔عبارت نثر کا ایک ٹکڑا بنبز اصرعۂ بیت کے۔

فقط ۔ع۔ بس۔

فقع ۔ع۔ سخت دوڑنا۔چوری کرنا نہایت زرد ہونا۔خالص ہونا۔خالص کرنا بلوغ کی حد کو پہونچنا۔

فقع ۔ع۔ مخفف نقاع یعنی بوزہ کا

فقع ۔ع۔ سمار دُنبہ اور یہ ایک سفید پھول مثل جتر کے ہوتا ہے جو نسناک زمین پر اُگتا ہے ہندی میں اسکو پھپھر اور کُکرمتہ کہتے ہیں۔

فقع کشادن ۔ف۔ اصطلاحاً فخر کرنا بڑائی کرنا۔گپ مارنا۔تعریف کرنا۔

فقوع ۔ع۔ خالص ہونا۔زرد۔ڈھٹھا ہونا

فقہ ۔ع۔ دریافت کرنا۔جاننا علم کا مگر یہ لفظ مخصوص ہوگیا ہے علم معرفت احکام شریعت سے اور یہیں ہمارے ملحوظ ہے

فقہا ۔ع۔ جمع فقیہ کی ہے یعنی جاننے والے علم شریعت کے۔

فقید ۔ع۔ نایاب۔

فقید المثل ۔ع۔ بے مانند۔بے مثل۔

فقیر ۔ع۔ مفلس۔درویش۔واضح ہو کہ فقیر وہ جسکے پاس ایک روز کا کھانا اُسکے اہل وعیال کا ہو۔اور مسکین کا درجہ اس سے بڑھا ہوا ہے وہ شخص جسکے پاس کچھ نہو

فقیع ۔ع۔ مروسرخ رنگ۔

فقیہ ۔ع۔ عالم دانا۔علم فقہ جاننے والا

فصل فا مع کاف

فک ۔ع۔ ملی ہوئی دو چیزوں کا آپس سے جدا کرنا۔خلاص کرنا۔آزاد کرنا۔جبڑا جسمیں دانت پیوست ہوتے ہیں۔

فک اسفل ۔ع۔ نیچے کا جبڑا۔

فک اعلیٰ ۔ع۔ اوپر کا جبڑا۔

فکاک ۔ع۔ جدا کرنا۔خلاص کرنا۔

فکاہت ۔ع۔ خوش طبع ہونا۔

فکاہت ۔ع۔ مزاح۔خوش طبعی۔

فکر ۔ع۔ سوچ۔اندیشہ۔اور یہ لفظ حرف اول کے فتحہ سے بھی آیا ہے۔

فکر ۔ع۔ جمع فکرت یعنی اندیشہ کی

فکرت ۔ع۔ سوچ۔اندیشہ۔

فکیف ۔ع۔ پس کیونکر۔اور اس لفظ کو استفہام کیواسطے بھی بولتے ہیں۔

فگار ۔ف۔ یعنی زخم اور زخمی دونوں کے آتا ہے اسی واسطے عاشق کو دلفگار کہتے ہیں اور جو لوگ دلفگار کے معنی معشوق تصور کرتے ہیں محض غلط ہے۔

فگانہ ۔ف۔ وہ بچہ جو ایام ولادت مقررہ کے پہلے پیٹ سے نکل پڑے۔

فگندن ۔ف۔ ڈالنا۔

فصل فا۔ مع لام

فلا ۔ع۔ } بیابان۔وہ صحرا جسمیں

فلات ۔ع۔ } پانی اور گھاس تک نہو

فلاح ۔ع۔ رستگاری۔فیروزی بقا۔خیریت۔نیکی

فلاح ۔ع۔ کشاورز کھیتی کرنے والا

فلاحت ۔ع۔ زراعت کھیتی کرنا۔

فلاخن ۔ف مخفف ہے فلاخان کا یہ آلہ ہے

پتھر مارنیکا - ہندی مین گوپھن بضم خا غلط ہے۔
فلاخان - ف - بمعنی فلاخن ہے۔
فلاّس - ع - پیسے بیچنے والا۔
فلاسفہ - ع - حکیم لوگ - دانشمند لوگ یہ جمع ہے فلسفی بمعنی حکیم کی۔
فلاسنگ - ف - بمعنی فلاخن اور بیابان
فلاطون - ی - نام ایک حکیم مشہور کا۔
فلاطوس - ف - نام ایک مقام کا جہانکے آدمی بڑے عقلمند مشہور ہین۔
فلاکت - ع - فلک زدگی - ناداری - مفلسی - گردش زمانہ کی - محتاجی۔
فلان - ع - شخص غیر معلوم - بفتح اول غلط
فلانی - ف - شخص غیر معلوم - یہ فارسیونکا تصرف ہے کہ لفظ عربی مین یاے تحتانی زیادہ کی ہے مثل قربان اور قربانی وغیرہ کے - یہ لفظ بفتح اول غلط ہے۔
فلخودن - ف - / فلخیدن - ف - روئی کا دھنکنا
فلذہ - ع - پارہ جگر یا کلیجے کا ٹکڑا۔
فلز - ع - وہ جوہر کانی جو آگ مین پگھل سکے جیسے چاندی - سونا - تانبا وغیرہ معدنیات۔
فلزات - ع - جمع فلز کی
فلزی - ع - معدنی - کانی۔
فلس - ع - تانبے کا پیسہ - مچھلی کا کھپرا
فلسطین - ع - نام ایک ملک کا شام مین۔
فلسفہ - ع - حکیم ہونا - دانشمند ہونا علم موجودات کا۔
فلسفی - ع - حکیم - دانشمند - منسوب ہے - طرف فلسفہ کے جو بمعنی حکیم اور دانشمند ہونے کے ہے۔
فلع - چیرنے والا - پھاڑنے والا - لکڑی چیرنے کی بڑی کلہاڑی - تبر۔
فلفل - سب سرخ پلپل کا - سیاہ مرچ
فلق - ع - چیرنا - پھاڑنا۔
فلق - ع - صبح صادق کا سفیدہ۔
فلک - ع - کشتی - کشتیان - یہ لفظ جمع اور مفرد دونون آیا ہے۔
فلک - ع - آسمان - افلاک جمع ہے
فلک - ع - جمع فلک بمعنی آسمانکی۔
فلک الاطلس - ع - عرش - واضح ہو کہ اطلس درم بے سکہ کو کہتے ہین پس جسطرح درم بے سکہ بغوش حروف سے سادہ ہوتا ہے یہ نو آسمان ستارون سے سادہ اور خالی ہے
فلک الافلاک - ع - عرش اعظم یعنی نوان آسمان
فلک البروج ع / فلک ثابتہ ع - فلک ثابتہ اٹھوان آسمان ہے جس پر وے ستارے ہین جنکو حرکت نہین ہے اس آسمان کو شرع مین کرسی کہتے ہین اور حکما فلک البروج
فلکہ - ع - بادرسیہ اور یہ ایک لٹو گول سا ہوتا ہے جو ستون خیمہ پر نصب کرتے ہین اور اُس چھوٹی گول لکڑی سوراخ دار کو بھی کہتے ہین جو چرخہ کے نلے مین ہوتی ہے۔
فلکی - ع - آسمانی۔
فلو - ع - لڑکے کا دودھ چھڑا دینا۔
فلو - ع - گدھے یا گھوڑے کا بچہ ایک ایک سال کا جو دودھ سے نڑالیا گیا ہو۔
فلوس - ع - جمع ہے فلس بمعنی پیسہ کی۔
فلہ - ع - بعد بچہ پیدا ہونے کے جو
فلہ - ف - حیوان کا دودھ دو تین دن تک نکلتا ہے ہند مین اُسکو پیوسی کہتے ہین
فلہذا - ع - پس اسی واسطے۔
فلیو - ف - یاے مجہول سے بمعنی بیہودہ - نالائق - بیفائدہ - احمق۔
فلیوان - ف - جمع فلیو کی ہے۔

فصل فا مع میم

فم - ع - دہان - منہ - اور یہ لفظ حرف اول کے کسرہ اور ضمہ سے اور میم کی تشدید سے بھی آیا ہے۔
فم معدہ - ع - معدہ کا منہ - کوڑی۔

فصل فا مع نون

فن - ع - حال - گونہ - طرح - نوع - قسم ہر چیز کی قسم اور نوع - مگر استعمال فارسی مین بغیر تشدید نون کے بمعنی ہنر اور کشتی کے داؤ کے مستعمل ہوتا ہے۔

فِنا ۔ع۔ حوالی ۔ نواحی ۔ گرداگرد مکان کا مکان کے دروازہ کے آگے کا کشادہ صحن ۔

فَنا ۔ع۔ نیست ہونا ۔ مرنا ۔ ہلاک ہونا ۔

فِنجان ۔ع۔ چھوٹی پیالی قہوہ وغیرہ پینے کی

فَنجَنُوش ۔ف۔ لوہے کا میل مصنوعی ۔

فَن خورْدَن ۔ف۔ کسی کی دغا مین آجانا ۔

فَنَد ۔ع۔ بڑا پہاڑ ۔ وہ زمین جسپر سنگھ کا پانی نہ برسا ہو ۔ درخت کی ٹہنی ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ نوع ۔ گونہ ۔ طرح ۔ قسم ۔

فَنْد ۔ع۔ دروغ ۔ خطا ۔ جھوٹ ۔ عقل کی کمی اور سستی خواہ مرض سے ہو خواہ بڑھاپے سے ۔ مگر استعمال فارسی مین بسکون نون بمعنی مکر اور دغا اور فریب کے مستعمل ہے ۔

فُنْدُق ۔ع۔ ایک میوہ مشہور ولایت کا جو سرخ رنگ بیر کے برابر آدمی کی انگلیونکے سرون سے مشابہ ہوتا ہے شاعر لوگ کبھی اس سے معشوق کے ہونٹھ کو مثال دیتے ہین اور کبھی مہندی سے رنگین انگلیون کے سرون کو اور اسکو بُندُق بھی عربی مین کہتے ہین ۔ کاروان سرا جو سر راہ ہو کھیلنے کا گیند ۔ نام ایک مقام کا ۔

فُنْدُق بستن ۔ف۔ انگلیونکی پورون کو مہندی سے رنگین کرنا ۔

فُنْدُق شکستن ف۔ کنایہ ہے معشوق کے بوسہ لینے سے ۔

فَنَن ۔ع۔ شاخ ۔ ٹہنی ۔ افنان اسکی جمع ہے اور افانین جمع الجمع ہے ۔

فُنُون ۔ع۔ جمع فن بمعنی ہنر کی ۔

فصل فا مع واؤ

فَوات ۔ع۔ گذر جانا ۔ مرجانا ۔ کھویا جانا ۔

فَواحِش ۔ع۔ جمع فاحشہ کی ۔ بدکار اور حرامکار عورتین ۔ بُرے کام ۔ بدیان ۔ بڑے گناہ ۔ وہ چیزین جو دیگ مین آگ پر جوش مارے ۔

فُؤاد ۔ع۔ قلب ۔ دل افئدہ جمع ہے ۔

فُوارہ ۔ع۔ وہ چیز جو دیگ مین آگ پر جوش مارے ۔

فَوّارہ ۔ع۔ بہت بڑا جوش مارنیوالا ۔

فَواصِل ۔ع۔ قرآن مجید کی آیتونکے آخری کلمات جو بمنزلہ قافیونکے ہین شعر مین ۔

فَواضِل ۔ع۔ بخشیشین ۔ بزرگ ۔ بڑے انعام ۔ جمع ہے فاضلہ کی ۔ واضح ہو کہ فواضل وہ نعمتین ہین جو دوسرونکی طرف بھی جاسکین اور شخص دوسکے مثل علم ہنر عطا وغیرہ اور فضائل وہ نعمتین ہین جو اس شخص کی ذات مین ہون نہ یہ دے سکے اور نہ دوسرا لے سکے مثل خوبصورتی ۔ عقل ۔ طاقت ۔ حیا ۔ شرم ۔ اصالت وغیرہ کے ۔

فُواق ۔ع۔ ہچکی وہ ہوا جو سینہ سے نکلتی ہے ۔ فارسی مین اسکو ہچکہ کہتے ہین اور بمعنی اُس حالت کے بھی ہے جو آدمی کو مرتے وقت نزع کے عالم مین لاحق ہوتی ہے

فَواکِہ ۔ع۔ جمع فاکہہ بمعنی میوہ کی ۔

فَوائِح ۔ع۔ جمع فائحہ کی ۔ خوشبو دینے والی چیزین ۔ خوشبوئین ۔

فَوائِد ۔ع۔ جمع ہے فائدہ کی ۔

فَوت ۔ع۔ مرنا ۔ گم ہونا ۔ گذر جانا ۔

فَوج ۔ع۔ لشکر جنگی سپاہ ۔ گروہ ۔

فَوحات ۔ع۔ خوشبوئین ۔

فَور ۔ع۔ ہنگام ۔ وقت ۔ ساعت ۔ جلد ۔ شتاب ۔ جلدی ۔ جوش مارنا ۔ جوش خواہ دیگ کا ہو خواہ چشمہ وغیرہ کا ۔

فُور ۔ف۔ واد معروف سے نام بادشاہ فوجکا

فُوران ۔ع۔ جوش ۔ اُبال ۔

فُوران ۔ف۔ نام شہر قنوج کا ۔

فَوز ۔ع۔ خلاص ہونا ۔ رہائی پانا ۔ رہائی ۔ مطلب کو بخوبی پہونچنا ۔

فُوطَہ ۔ف۔ کربند ۔ بے سیا ہوا کپڑا ۔ نہانے کی لنگی ۔ وہ روپیہ جو رعایا خزانہ سرکاری مین داخل کرے تھیلی ۔ حصیہ ۔ اور بمعنی پگڑی اور رومال کے بھی آیا ہے ۔

فُوفَل ۔ہب ۔ معرب ہے پُوپل کا ۔ ڈلی اور سپاری جو پان مین کھاتے ہین ۔

فَوق ۔ع۔ اوپر ۔

فَوقانی ۔ع۔ اوپر کا ۔ اوپر والا ۔

فولاد - سب - معرب، پولاد کا - لوہا ہے جوہردار جو بہت مشہور ہے -

فوم - ع - گیہوں جسکو ہندی میں لہسن کہتے ہیں اور بمعنی گیہوں اور چنے کے بھی ہے -

فوہ - ع - دہان - منھ - افواہ جمع ہے -

فوہ - ع - بوے خوش - خوشبو -

فوہ - ع - ہاے مخفی سے - ہندی مجلیٹھ جس سے کپڑے سرخ رنگے جاتے ہیں -

فوہات - ع - جمع فوہ بمعنی منھ کی -

فصل فا - مع ہاے ہوز

فہام - ع - بہت بڑا سمجھنے والا -

فہد - ع - یوز - چیتا - جانور شکاری ہے -

فہرس - سب - معرب ہے فہرست کا -

فہرست - ف - تفصیل نامون اشیاء مندرجہ کتاب وغیرہ کی جو اول کتاب پر یا علیحدہ ہوتی ہے بطریق اختصار کے -

فہم - ع - سمجھ - عقل - دانائی -

فہمانیدن - ف - سمجھانا -

فہمیدن - ف - سمجھنا -

فہو - ع - بھول جانا - بھول چوک -

فہوم - ع - جمع فہم کی -

فہیم - ع - بڑا سمجھنے والا -

فصل فا - مع یاے تحتانی

فی - ع - سایہ ہر چیز کا جو زمین پر پڑتا ہے بعد زوال آفتاب یعنی دوپہر دن کے بعد اور ظل اُس سایہ کو کہتے ہیں جو قبل زوال یعنے دوپہر دن کے پہلے پڑتا ہے - اور بمعنی خراج - غنیمت - لوٹ - جماع -

فی - ع - ایک حرف جارہ ہے یعنی کسر دینے والا ترجمہ اسکا فارسی میں (در) ہندی میں (بیچ)

فیاض - ع - بہت بڑا دریا -

فیاد - ع - یوم نرد - نرالو -

فیاض - ع - فیض پہونچانے والا - بہت بڑی بخشش کرنے والا -

فیافی - ع - جمع فیفا بمعنی بیابان کی -

فیال - ع - پیلبان - ہاتھی والا -

فی الجملہ - ع - ماحصل کلام - حاصل سخن -

فی الحال - ع - فورًا - ابھی -

فی المثل - ع - کہاوت میں -

فی الواقع - ع - حقیقت میں -

فیثاغورس - ع - نام حکیم مشہور کا -

فیحن - ع - سداب - تلی - دوا مشہور ہے -

فیح - ع - خوشبو کا پھیلنا - فصل بہار کی زیادتی - فراخی - ارزانی -

فید - ع - اٹھلا کر چلنا - مال کا تلف ہوجانا مرجانا - ہلا دینا - پینا - بسی ہوئی زعفران نام ایک قلعہ کا راہ مکہ معظمہ میں کہ فیدنامے ایک شخص نے اسکو بنایا تھا - نام ایک موضع کا راہ مکہ میں - نام ایک شہر کا راہ مکہ میں

فیروز - سب - یا معروف سے معرب ہے پیروز کا جو اب مجہول سے ہے بمعنی کامیاب فتحمند

فیروزمند - ف - کلمہ مند زائد ہے بمعنی کامیاب

فیروزہ - سب - یا معروف سے معرب ہے پیروزہ کا - نام ایک پتھر سبز رنگ کا جو بہت مشہور ہے - اور بفتح اول بھی آیا ہے -

فیروزہ بوسحاقی - ف - ایک قسم ہے بہت عمدہ فیروزہ کی کہ جسکی کان ابواسحاق نامے ایک شخص نے نیشاپور میں پیدا کی تھی -

فیروزہ حبابی - ف - وہ فیروزہ جو شکل حباب بیچ میں سے اُٹھا ہوا ہو -

فیروزہ خرگاہ - ف - کنایہ آسمان سے -

فیروزہ طارم - ف - کنایہ آسمان دنیا سے -

فیروزہ کاخ - ف - کنایہ آسمان سے -

فیروزی - ف - فتحمندی - فتح -

فیصل - ع - حاکم وہ نیاؤ کرنے والا جو مقدمونکے حق اور باطل کو آپس سے جدا کردے - مگر فارسی لوگ مجازًا بمعنے انفصال اور جھگڑا چکانیکے استعمال کرتے ہیں -

فیصلہ - ع - جھگڑا چکانا -

فیصلی - ف - حاکم - پنچ -

فیضان - ع - نہر کا پانی اسقدر زیادہ ہونا کہ کنارون سے بہنے لگے - پانی کا گرانا - بڑی بخشش - فائدہ کثیر - خبر کا ظاہر ہوجانا -

فیضان - ع - پانیکا چھلکنا - پانی کا جاری ہونا - خبر کا عام ہوجانا - مگر فارسی لوگ

بہ سکون حرف دوم مستعمل کرتے ہین -

فَیْف -ع- وہ صحرا جسمین پانی نہو -

فَیْفا -ع- بیابان ہموار -

فِیل -سب- معرب ہے پیل بمعنی ہاتھی کا

فُیُول اور افیال اسکی جمع ہے -

فَیَل -ع- سست رائے ضعیف العقل -

فَیلَاقُوس -ی- نام ایک حکیم کا -

فِیلبَان -ف- ہاتھی کا خادم -

فیل باران -ف- آخر برسات کا سنہ جو بڑے زور شور سے برستا ہے ہندی ساونی

فِیل تَل -ف- تودہ کسی چیز کا جو برابر ہاتھی کے قد کے ہو -

فِیلسُوف -ی- حکیم عقلمند - اور معنی ترکیبی اسکے دوستدار علم وحکمت کا اسلیئے کہ زبان یونانی مین فیل بمعنے دوست ہر اور سوف بمعنی علم وحکمت کے -

فَیلقُوس -ع- نام سکندر بادشاہ کے باپ کا - نام ایک حکیم کا -

فِیل مزع -ع- نام ایک مشہور پرند کا ہی

فَیلُولہ -ع- عقل اور تدبیر کا ضعف - وقت نماز عصر کے سو رہنا اور یہ باعث جنون ہے

فِیمابَین -ع- درمیان - بیچ مین -

فِی نَفسِہٖ -ع- اپنی اصل مین - اپنی ذات مین

فُیُوح -ع- جمع فَیح کی - خوشبوؤن کا پھیلنا - بہار کی ارزانیان - فراخیان -

فُیُوحَات -ع- یہ جمع الجمع فیح کی ہر

فُیُوض -ع- جمع ہے فیض کی -

فُیُوضَات -ع- جمع فیوض کی - اور جمع الجمع فیض کی ہے -

فِیُول -ع- جمع فیل ربمعنے ہاتھی کی

فَیْہَج -ع- شراب - پیالہ شراب کا -

باب قاف

فصل قاف مع الف

قَاآن -ت- بادشاہ جو بہت عادل اور سخی اور عاقل ہو - یہی نام چنگیز خان کے بیٹے کا بھی تھا - اب یہ لقب بادشاہ ترکستان کا ہے مجازاً ہر ایک بادشاہ جلیل القدر -

قَاب -ت- طباق - بڑا برتن بطور رکابی کے - تھال - کھانیکا خوان -

قَالَب -ف- عینک اور آئینہ کا خانہ وہ ہڈیان جنسے جوا کھیلتے ہین ہندی پانسہ کہنی کی ہڈی - پانون کے گٹے کی ہڈی -

قَاب -ع- قبضہ کمانکے بیچ کا حصہ کمان اور چلہ کے بیچ کا فاصلہ - مقدار کسی چیز کی -

قَاب خَانہ -ف- قمارخانہ جو کھیلنے کا مکان اسلیئے کہ قاب بمعنی پانسہ کے ہے -

قَابِ قَوسَین -ع- مقدار دو کمان -

قَابِض -ع- قبض کرنے والا -

قَابِل -ع- آگے آنے والا - قبول کرنیوالا سال آیندہ - سزاوار - پسندیدہ - ضامن

قَابِلہ -ع- آگے آنیوالی - قبول کرنیوالی سزاوار - پسندیدہ - مستقبل - ضامن - مگر بمعنی دائی جنائی کے جو لڑکا پیدا ہوتے وقت زچہ اور بچہ کی خدمت کرتی ہے مستعمل ہے

قَابِلِیَّت -ع- قابل ہونا - لائق ہونا - لیاقت

قَابُوت -ت- بمعنی فرصت - موقع - بوتا -

قَابُوس -سب- معرب ہے کاؤس کا جو نام ایک بادشاہ مشہور کا ہے - نام ایک حکیم کا

قَاپُو -ت- بمعنی دروازہ -

قَاپُوچی -ت- بمعنی دربان -

قَاپِی -ت- بمعنی دروازہ -

قَاتِل -ع- قتل کرنے والا -

قَادِر -ع- قدرت والا - طاقت رکھنے والا ایک نام حقتعالے کے ناموین سے -

قَادِر اَنداز -ف- تیر انداز کامل ہنر جسکا تیر نشانہ سے کبھی خطا نہ کرے اور اس کو قدر انداز بھی کہتے ہین -

قَادِر عَلَی الاِطلَاق -ع- ہر کام پر بہت بڑا صاحب قدرت - مراد حقتعالے سے

قَاذُورَہ -ع- نجاست - پلیدی -

قَاذُورَات -ع- نجاستین - پلیدیان -

قَار -ت- بمعنی برف -

قَار -ع- بمعنی تیر جو ایک روغن سیاہ اور چپکنے والا ہوتا ہے -

قارٗ - ع - صیغہ اسم فاعل کا ہے قرار سے بمعنے قرار پکڑنے والا۔

قارَن - ن - نام ایک پہلوان کا جو رستم کے زمانہ مین تھا۔ نام پسر خانخانان کا

قارِع - ع - قرعہ چینک کے فال دیکھنے والا رتال۔ وہ شخص جس کے سر کے بال کسی مرض کے سبب سے گر گئے ہون۔ شورہ کا قبول کرنے والا۔ دروازہ کا کھٹکھٹانیوالا

قارِعَہ - ع - سختی۔ زمانہ کا حادثہ۔ گذشتہ اور آیندہ بات بنانے والی۔ گنجی۔ کوٹنے والی۔ اور بمعنی قیامت۔

قارُو - ع - راج ہنس پرند مشہور ہی

قارُورَہ - ع - حُقّہ۔ باروت۔ شیشی۔ وہ گول شیشی جو بصورت مثانہ بنا کر مریض کا پیشاب اُسمین رکھکر طبیب کو دکھاتے ہین اور یہ جو پیشاب کو قارورہ بولتے ہین یہ مجاز اُسے ہے اور اسی کو تسمیہ حال بہ اسم محل کہتے ہین۔

قارُون - ع - یہ ایک شخص بڑا مالدار تھا اِسنے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ بے ادبی کی تھی اس سبب سے حقتعالیٰ نے اِسکو مع اسکے مال کے زمین مین دھنسا دیا قصہ اِسکا بڑا ہے یہ حضرت موسیٰ کا چچازاد بھائی تھا۔

قارِی - ع - خواننده - پڑھنے والا۔

قارِہ - ت - نام ایک پرند مشہور کا بری بط۔

قارغان - ت - تانبے کی دیگ - لوہے کی کڑاہی

قاسِر - ع - جبر کرنیوالا - زبردستی سے کسی کو کسی کام پر رکھنے والا۔

قاسِم - ع - بانٹنے والا تقسیم کرنیوالا۔

قاسی - ع - سخت دل - سیاہ دل۔

قاش - ت - لمبا ٹکڑا جو کسی میوہ کی لمبائی سے کٹا ہو - ہندی پھانک۔

قاشِر - ع - چھلکا اُتارنے والا۔

قاشُق - ت - چمچہ۔

قاص - ع - قصہ خوان واعظ - کذشتہ کی خبر دینے والا۔

قاصِب - ع - کاٹنے والا گوشت کا - ذبح کرنے والا جانور کا۔

قاصِد - ع - ارادہ کرنے والا - سیدھی راہ چلنے والا - قصد کرنے والا - لکڑی کا توڑنے والا - اور کبھی یہ لفظ فارسی مین بمعنی مستعد قتل کے بھی آتا ہے۔

قاصِر - ع - کوتاہی کرنے والا۔

قاصِرَاتُ الطَّرف - ع - وہ عورتین جو اپنے شوہر دنکے سوا کسی دوسرے مرد کو کنکھیونسے بھی نہ دیکھین۔

قاضی - ع - کسی چیز کی نہایت کو پہونچنے والا اور بمعنے دور اور باشندۂ راہ دور کے مستعمل ہے

قاضی - ع - جھگڑا چکانے والا حکم کرنیوالا اور اکرنے والا قرض کا۔

قاضی بَیضَا - ع - صاحب تفسیر بیضاوی اور بیضا ایک شہر ہے فارس مین۔

قاضی چَرخ - ن - ستارۂ مشتری۔ اور یہ ستارۂ سعد اکبر ہے۔

قاطِبَہ - ع - ہمہ - تمام - سب۔

قاطِر - ت - خچر۔

قاطِع - ع - قطع کرنے والا - کاٹنے والا

قاطِعُ الطَّرِیق - ع - قُطّاعُ الطَّرِیق یعنے رہزن - لٹیرا - راہ مین لوٹنے والا۔

قاطِعِین - ع - مسافر لوگ۔

قاطِن - ع - مقیم - رہنے والا - ساکن۔

قاطِنِین - ع - مقیم لوگ - باشندے۔

قاع - ع - زمین ہموار اور فراخ۔

قاعِد - ع - بیٹھنے والا - بیٹھا ہوا - وہ عورت جسکا حیض اور جنبا موقوف ہوگیا ہو

قاعِدَہ - ع - بنیاد - قانون - دستور - عورت بیٹھی ہوئی - بنیاد۔

قاف - ع - نام پہاڑ کا جو گرداگرد تمام عالم کے ہے کہتے ہین کہ یہ زمرد سبز کا ہی اور اسی کے عکس سے آسمان کا رنگ نیلگون ہے نام حرف مشہور کا۔

قاف تا قاف - ف - مراد تمام جہان

قافِلَہ - ع - میدنی - گروہ مسافرونکا۔

قافِیَہ - ع - لفظ بیت کے اخیر کا جو بدلتا جاتا ہے۔

قافِیہ تنگ شُدن - ن - عاجز ہوجانا کسی سے

گفتگو مین یا کسی کام مین
قَاق ۔ء۔ سکھایا ہوا گوشت کہ اُسکو گھی مین تل کے کھاتے ہین۔ مجازاً لاغر اور دبلا اور خشک اندام آدمی۔
قَاق ۔ء۔ بڑے لمبے قد کا آدمی۔
قَاقِلَہ ۔ء۔ بڑی الائچی۔
قَاقُلَّتَین ۔ء۔ چھوٹی بڑی الائچی۔
قَاقُم ۔ء۔ نام ایک جانور کا ہے جسکا پوست بہت سفید اور ملائم ہوتا ہے اور اُسکی پوستین بناتے ہین اور وہ بہت بیش قیمت ہوتی ہے
قَال ۔ء۔ گفتگو۔ مباحثہ۔
قَالِب ۔ لام کے کسرہ اور نصبہ سے دونون طرح درست ہے۔ اینٹ وغیرہ کا سانچہ وہ چیز جس سے چھینٹ پر نقش کرتے ہین۔ ہندی چھاپہ اور بمعنی جسم بدن۔
قَالِب ۔ء۔ پھیرنے والا۔ اُلٹا کرنے والا اوندھا کرنے والا۔
قَالِب تہی کردن ۔ف۔ بیہوش ہوجانا۔ مرجانا۔ جان دینا۔
قَال کردن ۔ف۔ گفتگو کرنا۔ گانا۔
قَال مَقَال ۔ء۔ بڑی گفتگو۔
قَالِی ۔ء۔ نام قوم کا۔ غالیچہ۔
قَالِیچَہ ۔ف۔ چھوٹا بچھونا ایک قسم کا مشہور ہے
قَالِین ۔ف۔ بڑا بچھونا ایک قسم کا جو بہت مشہور ہے۔

قَامَت ۔ء۔ قد۔
قَامِع ۔ء۔ توڑنیوالا۔ ذلیل کرنیوالا۔
قَامِعَہ ۔ء۔ توڑنیوالی۔ خوار کرنے والی۔
قَامُوس ۔ء۔ دریائے عمیق۔ نام ایک کتاب کا لغت عرب مین تصنیف مجد الدین بن یعقوب فیروزآبادی۔
قَان ۔ ت ۔ بمعنی خون۔
قَانِت ۔ء۔ فرمانبردار۔ نماز مین دعا مانگنے والا۔ خاموش۔ چپکا۔ حق تعالےٰ کا حکم ماننے والا۔
قَانِتِین ۔ء۔ جمع قانت کی۔
قَانِط ۔ء۔ مایوس۔ ناامید۔
قَانِطِین ۔ء۔ جمع قانط بمعنی ناامید کی۔
قَانِع ۔ء۔ تھوڑی چیز پر صبر کرنیوالا۔
قَانُون ۔ء۔ اصل ہر چیز کی۔ مسطر کتاب کا اندازہ ہر چیز کا۔ مجازاً بمعنی قاعدہ۔ دستور اور نام کتاب کا بوعلی سینا سے علم طب مین۔ نام مشہور باجہ کا۔
قَانِی ۔ء۔ حد سے زیادہ سُرخ۔
قَاؤُس ۔ء۔ بڑا جہاز۔
قَاہِر ۔ء۔ قہر کرنیوالا۔ زور آور۔ ایک نام خدا کے نامونمین سے۔
قَاہِرہ ۔ء۔ غالب۔ زبردست۔ نام ایک شخص کا مصر مین۔
قَاہ قَاہ ۔ف۔ زور کی ہنسی۔ ٹھٹھا۔

قَائِد ۔ء۔ اندھے کو اُسکی لاٹھی پکڑکے لیجانے والا آگے سے کھینچنے والا۔ برخلاف سائق کے کہ وہ بمعنی پیچھے سے ہنکانے والے کے ہے۔ فوج کا سردار حاکم۔
قَائِف ۔ء۔ قدم کا نشان پہچاننے والا علم قیافہ جاننے والا۔ شگونیا۔
قَائِل ۔ء۔ کہنے والا۔ قیلولہ کرنے والا یعنے دوپہر کو سونے والا۔ مجازاً وہ شخص جو اپنی خطا کا اقرار کرے۔
قَائِلَہ ۔ء۔ کہنے والی۔ دوپہر کو سونے والی
قَائِم ۔ء۔ کھڑا ہونیوالا۔ کھڑا ہوا۔ اور شطرنج باز دنکی اصطلاح مین یہ کہ دونون کھیلنے والے آپسمین برابر رہین۔
قَائِم اَنداز ۔ف۔ شطرنج باز کامل اور بےنظیر اصطلاحاً بمعنی غالب۔
قَائِم رَختین ۔ف۔ مغلوب اور عاجز ہونا
قَابِلَہ ۔ء۔ بمعنی پایہ۔ پورے درجہ کا زاویہ۔
قَائِن ۔ت۔ شوہر کا بھائی۔ یعنی دیور یا جیٹھ۔ زوجہ کا بھائی یعنے سالا۔

فصل قاف مع بائے موحدہ

قَبا ۔ء۔ پوشاک مشہور ہے۔
قُبا ۔ء۔ ایک موضع ہے نزدیک مدینہ منورہ کے کہ مسجد قبا جسکی طرف منسوب ہے۔
قُبَاب ۔ء۔ جمع ہے قُبّہ کی اور قُبّہ کو ہندی مین کلس کہتے ہین۔ بضم اول غلط مشہور ہے

قَبَاچہ ۔ ف ۔ چھوٹی قبا ۔
قَبَاحَت ۔ ع ۔ زشتی ۔ بُرائی ۔ زبونی ۔
قُبَاد ۔ ف ۔ نام ایک بادشاہ کیانی کا نام نوشیروان کے باپ کا جو آل ساسان سے تھا بہرام بادشاہ عظیم الشان کو بھی کہتے ہین ۔
قَبَا کَردن ۔ ف ۔ جامہ اور پیرہن وغیرہ کا چاک چاک کرنا ۔
قَبَالَہ ۔ ع ۔ سند مکانکی ۔ کاغذ مکان کا ضامن نامہ ۔ خط شرعی ۔ بکسر اول غلط ہے
قَبَان ۔ ع ۔ بڑی ترازو ۔
قَبَاہ ۔ ف ۔ بمعنی قبا ۔
قَبَائِح ۔ ع ۔ جمع قبیحہ کی ۔ بُرائیان ۔
قَبَائِل ۔ ع ۔ جمع قبیلہ کی ۔ آدمیون کے گروہ
قَبَب ۔ ع ۔ جمع قُبّہ کی ۔
قَبِیح ۔ مب ۔ معرب کبک کا جو بمعنی چکور ہے اور یہ ایک پرند مشہور ہے ۔
قَبچَاق ۔ ت ۔ نام ایک جنگل کا درمیان تورآن اور ترکستان کے یہان لوٹیرے رہتے ہین ۔ مجازاً قبچاق بمعنی بیباک کے بھی آتا ہے ۔
قَبح ۔ ع ۔ بُرائی ۔ بدی ۔ زشتی ۔
قَبر ۔ ع ۔ گور جسمین مردہ دفن ہوتا ہے ۔
قَبرِستَان ۔ ف ۔ جہان بہت قبرین ہون ۔
قُبرُغَہ ۔ ت ۔ پہلو ۔ استخوان پہلو ۔ پسلی ۔
قُبَّرَہ ۔ ع ۔ چکاوک ایک پرند مشہور ہے اور بعضون نے بمعنی سرخاب لکھا ہے
قَبَس ۔ ع ۔ آگ لینا ۔ بتی وغیرہ جلانا ۔
قَبَس ۔ ع ۔ آگ کا انگارہ بغیر دھوین کا
قَبض ۔ ع ۔ انگلیونکے سرے سے کوئی چیز پکڑنا ۔
قَبض ۔ ع ۔ درد شکم ۔ درد جگر ۔ شادمانی خوشی ۔ بزرگی ۔
قَبض ۔ ع ۔ شادمان ۔ خوش ۔
قَبض ۔ ع ۔ درد اور گرفتگی شکم ۔
قَبض ۔ ع ۔ پنجہ سے پکڑنا کسی شے کا پکڑ ۔ گرفتگی ۔ بندش ۔ ملک ۔
قَبضَہ ۔ ع ۔ وہ چیز جو مٹھی بھر ہو ۔ وہ مقدار کسی چیز کی جو مٹھی مین سما سکے ۔ وہ چیز جسکو مٹھی مین پکڑین ۔ دستہ تلوار وچھری وغیرہ کا ۔ گرفت کی جگہ ۔ قابو ۔ ملک ۔
قِبطِی ۔ ع ۔ اولاد قبط کی ۔ اور قبط نام ہے نوح علیہ السلام کے ایک پوتے کا مصر مین جو قبطی لوگ تابعان فرعون سے تھے وہ اسی قبط کی اولاد سے تھے ۔
قِبق ۔ ت ۔ گول کدو ترکاری مشہور ہے
قِبق اَنداز ۔ ف ۔ تیر انداز ۔ نشانہ کا جو اُڑانے والا اسلیئے کہ زمانہ قدیم مین ترک لوگ کدو کو لٹکا کے اُسپر تیر لگاتے تھے اور نشانہ اُڑانیکی مشق کرتے تھے ۔
قَبقَاب ۔ ع ۔ نعلین چوبین یعنی کھڑاؤن تہ دار ۔ دروغگوئی ۔ اونٹ مستی سے بلبلانے والا ۔ شیر ڈکارنیوالا ۔ مہرہ جس سے کپڑے اور کاغذ پر مُہر کرتے ہین ۔
قَبل ۔ ع ۔ عورت کے آگے کی شرمگاہ اندام نہانی ۔ فرج ۔
قُبُل ۔ ع ۔ بہت سے گروہ آگے سامنے برخلاف دبر کے کہ بمعنی جانب پشت کے ہے
قِبَل ۔ ع ۔ طرف ۔ جہت ۔ جانب ۔ اور مجازاً بمعنی طریق کے بھی آیا ہے ۔
قَبل ۔ ع ۔ پیش ۔ پہلے ۔ بعد کا ضد ۔
قَبل ۔ ع ۔ بلندی زمین کی ۔
قُبلَہ ۔ ع ۔ بوسہ ۔ مچھی ۔ چُما ۔
قِبلَہ ۔ ع ۔ وہ طرف جسکی سمت نماز پڑھتے وقت منہ کرتے ہین ۔ کعبہ ۔
قِبلَہ گَاہِ مَجُوس ۔ ف ۔ آتش ۔ آگ ۔
قُبُوح ۔ ع ۔ زشت ۔ زبون ۔ بُرا ۔
قُبُور ۔ ع ۔ جمع ہے قبر کی ۔
قَبُول ۔ ع ۔ ماننا ۔ قبول کرنا ۔ اور یہ وزن مصدر کا شاذ ہے ۔ اور اکثر استعمال فارسی مین بمعنی مقبول کے آتا ہے ۔
قُبُول ۔ ع ۔ آگے آنا ۔
قِبُولِیَّت ۔ ع ۔ یہ غلط مشہور ہے ۔
قَبُولِی ۔ ف ۔ ایک قسم ہے بے گوشت پلاؤ کی جو چاول اور چنے کی دال ملا کر پکاتا ہے
قُبَّہ ۔ ع ۔ گول عمارت مثل گنبد وغیرہ کے اور بمعنی عماری ۔ چنبر ۔ حصہ ۔ چھتری ۔ خیمہ ۔ کنگرہ ۔ کلس کے بھی آتا ہے ۔ اور

شرح خاقانی میں بمعنی سواد شہر کے بھی لکھا ہے۔

قُبَّۃُ الاِسْلَام ع۔ لقب شہر بصرہ کا۔

لقب شہر بخارا کا۔

قَبِیح ع۔ بد۔ زبون۔ برا۔

قَبِیصَہ ع۔ وہ چیز جو ہاتھ کی انگلیوں کے سر دونے پکڑی جائے۔

قَبِیل ع۔ پذیرفتار۔ اور بمعنی گروہ مردم۔

قَبِیلَہ ع۔ گروہ۔ وہ جماعت جسمیں سب لوگ ایک باپ کی اولاد سے ہوں۔

فصل قاف مع تاے فوقانی

قِتَال ع۔ آپسمیں جنگ کرنا۔ ہتھیاروں سے لڑائی کرنا۔ لڑائی۔ جنگ۔

قَتَّال ع۔ بہت بڑا قتل کرنے والا۔

قَتَام ع۔ گرد۔ غبار۔

قَتِق ع۔ ترشی کھٹائی۔ جو سالن میں پڑتی ہے۔ کھٹا دہی۔

قَتِیل ع۔ تلوار وغیرہ ہتھیار سے مارڈالا ہوا۔

قَتِیلی ع۔ بہت سے مقتول۔ جمع قتیل کی

قُتِّی ت۔ چھوٹا صندوق۔ صندوقچہ۔

قَتِیل ع۔ مقتول۔ کشتہ۔ قتل کیا گیا۔ خواہ عورت ہو خواہ مرد۔

فصل قاف مع ثاے مثلثہ

قِثَّاء ع۔ ککڑی۔

قُثَّد ع۔ کھیرا۔

قَثَّد ع۔ کھیرا کھانا۔ بڑا اونٹ۔

فصل قاف مع جیم فارسی

قُچ ت۔ } لڑائی کا مینڈھا شاخدار۔
قُوچ ت۔ }

فصل قاف مع حاے مہملہ

قُحّ ع۔ سادہ۔ خالص بے ملونی کا۔ نیکی۔ بدی۔ درشت اور ظالم آدمی وغیرہ سے۔ کچا خرپزہ۔

قَحَاب ع۔ سرفہ۔ کھانسی۔

قَحِیب ع۔ کھانسنا۔ وہ شخص جسکو کھانسی آتی ہو۔ بوڑھا۔ بڑا۔

قَحْبَہ ع۔ عورت بدکار اور فاحشہ۔ یہ مشتق ہے قحاب بمعنی کھانسی سے چونکہ عرب کی بدکار عورتیں مردوں کو کھنکھار کر بلاتی ہیں اسلیے یہ نام رکھا گیا۔

قَحْط ع۔ خشک سال۔ کال۔ یعنی کا ہوجانا غلہ کا بسبب نہ برسنے پانی کے۔

قَحْط سَالی ن خشک سالی۔

قَحْطَان ع۔ سام بن نوح علیہ السلام کے ایک پوتے کا نام۔

قَحْف ع۔ کاسۂ سر یعنے دماغ کے اوپر کی ہڈی۔ کھوپری۔

قَحُوط ع۔ پانیکا آسمانسے نہ برسنا۔

فصل قاف مع دال مہملہ

قُدّ ع۔ لمبائیمیں کسی کا چیرنا یا پھاڑنا۔ جڑسے کاٹ ڈالنا۔ کوتاہ کرنا سخن کا یا بگل کا کاٹنا کسی چیز کی بلندی کا کم کردینا۔ بالا قامت۔ بدن کی لمبائی۔ اور لفظ قد بغیر تشدید دال کے بھی آیا ہے۔

قُدَام ع۔ دیرینہ کہنہ۔ پرانا بادشاہ۔

قَدَام ع۔ سردار بزرگ قوم۔ ہمشگی۔

قُدَّام ع۔ آگے۔ سامنے۔ سفر یا کسی جگہ سے آنے والے لوگ۔

قَدَامَت ع۔ دیرینہ ہونا۔ کہنہ ہونا پرانا ہونا۔ ہمشگی۔ پرانا پن۔

قَدَح ع۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔ توڑنا۔ دانت یا لکڑی کو کیڑے کا کھانا۔ آگ لگا دینا۔ عیب لگانا۔ طعنہ دینا کسیکی ہجو کرنا۔

قَدَح ع۔ بڑا پیالہ۔ کاسہ تیر بے پھالکا

قَدَح خوار ف۔ مراد شراب خوار سے۔

قِدْر ع۔ تانبے کی دیگ خواہ پتیلہ ہو خواہ پتیلی مٹی کا ہنڈا خواہ ہنڈیا۔

قَدْر ع۔ عزت۔ بزرگی۔ بزرگ رکھنا اندازہ کسی چیز کا۔ اندازہ کرنا قسمت روزی۔ دولتمندی۔ بے نیازی۔ طاقت

قَدَر ع۔ قضا۔ حکم۔ نہایت۔ اندازہ کسی چیز کا۔ حکم الٰہی۔ اندازہ کیا ہوا خدا کا واسطے بندہ کے تقدیر۔ اور بمعنی برابر اور شریک اور مطلق اندازہ کے بھی آیا ہے۔

قَدَر انداز ف۔ وہ تیر انداز جسکا تیر نشانہ سے کبھی خطا نہ کرے۔

قُدرت - ع - طاقت - قوت -
قدرخان - ف - لقب بادشاہ چین کا - اور بعضے کہتے ہین لقب بادشاہ ترکستان کا
قدردان - ف - قدر جاننے والا -
قدرمایہ - ف - تھوڑی مقدار -
قدرے - ف - تھوڑا - کم - قلیل -
قدس - ع - پاکیزگی - پاک - پاک ہونا -
قدس - ع - نام ایک پہاڑ کا عرب مین -
قدسیان - ف - فرشتے - نیک بندے اولیاء اللہ - جمع قدسی کی -
قدغن - ت - تاکید - تقید -
قدغنی - ف - تاکید کرنے والا - دربان چوکیدار - سرکاری پیادہ -
قدکشیدن - ف - ظاہر اور نمایان ہونا -
قدم - ع - پرانا ہونا - دیرینہ پرانا - قدیم ہونا - کہنگی - ایک صفت خدا کی -
قدم - ع - آگے آنا -
قدم - ع - آگے جانا -
قدم - ع - پیر - پانون دونون پانو نکا فاصلہ چلنے مین - نشان - اثر -
قدم - ع - کسی کام پر بڑا اقدام کرنیوالا -
قدما - ع - جمع قدیم کی - اگلے لوگ پرانے وقت کے آدمی -
قدم بر سر چیزے نہادن - ف - کنایہ اس چیز کے ترک کر دینے سے -

قدمت - ع - دیرینہ ہونا - کہنگی -
قدم سنجی - ف - راہ چلنا -
قدم صدق - ع - نشان نیک -
قدور - ع - جمع قدر یعنی دیگ مسی یا دیگ گلی کی -
قدوس - ع - بڑا پاک - ایک نام ہے خدا کے ناموں مین سے -
قدوم - ع - کسی جگہ سے آنا - سفر سے واپس آنا - یہ مصدر ہے -
قدوم - ع - بڑھئی کا بسولہ - نام ایک مقام کا جہان حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنا ختنہ کیا تھا - بڑا اقدام کرنے والا -
قدوہ - ع - پیشوا - برگزیدہ -
قدید - ع - وہ گوشت جو دھوپ مین خشک کر کے رکھ چھوڑا ہو کھانے کے لیئے -
قدیر - ع - بڑا صاحب قدرت - طاقت ور توانا - قادر - نام خدا کا - اور وہ چیز جو دیگ مین پکائی جائے -
قدیم - ع - کہنہ - دیرینہ - پرانا - ہمیشہ جو ہمیشہ سے ہو -
قدیم - ع - بادشاہ - پیشوا - سردار -
قدیمی - ع - یہ لفظ غلط ہے -

فصل قاف مع ذال معجمہ

قذر - ع - پلیدی - نجاست -
قذر - ع - نجس - پلید -

قذعل - ع - اونٹ فربہ یعنے موٹا -
قذف - ع - پتھر مارنا - گالی دینا - زنا اور حرامکاری اور بدی سے کسی کو نسبت کرنا
استفراغ یعنے قے کرنا -
قذف - ع - بڑا جنگل -
قذف - ع - کنگرے - جمع قذفہ کی -
قذفہ - ع - ایک کنگرہ -
قذی - ع - کوڑے کرکٹ کا باہر پھینکنا
قذی - ع - کوڑا کرکٹ -
قذی - ع - خاک باریک -

فصل قاف مع رائے مہملہ

قر - ع - سردی - سردی کی فصل - جاڑا
قر - ع - وہ چیز جو سرد اور ٹھنڈی ہو -
قری - ع - جمع قریہ یعنی گانون کی -
قری - ع - مہمانی - مہمانی کرنا -
قراء - ع - مہمانی کرنا -
قراء - ع - جمع قاری کی - پڑھنے والے اور قرآن خوان لوگ -
قرا - ع - عبادت کرنے والا - پارسا - پرہیزگار - اس صورت مین یہ لفظ مفرد ہے -
قراء - ع - خوشخوان - خوش آواز پڑھنے والا
قرا - ت - رنگ سیاہ -
قرارت - ع - یہ لفظ بروزن ہدایت اور
قرئت - ع - حکمت دونون طرح آیا ہے پڑھنا - اصطلاحاً حرفونکا مخارج سے نکا

قِرَاب ـ ع ـ تلوار اور خنجر وغیرہ کا نیام آپسمین نزدیک ہونا ـ نزدیکی ـ

قَرَابَت ـ ع ـ رشتہ داری ـ قریب ہونا

قَرَابہ ـ ع ـ بڑا شیشہ عرق رکھنے کا صراحی شراب کا شیشہ ـ

قَرَاح ـ ع ـ پانی صاف ـ ہر چیز خالص ـ

قُرَاد ـ ع ـ چیچڑی مشہور جانور ہے جو اکثر کتے کے جسم مین ہوتی ہے ـ سرپستان یعنی بھٹنی ـ سر تعیب یعنی سپیاری ـ

قَرَار ـ ع ـ سکون ـ آرام ـ مجاوا اقرار ـ

قَرَارات ـ ف ـ خوراک اور روزینہ یا تنخواہ سپاہیونکی ـ

قَرَارداد ـ ف ـ اقرار ـ جوبات بعد مباحثہ کے مقرر ہو جاوے ـ

قُرَاضہ ـ ع ـ سونے یا چاندی کا ریزہ ـ اور اصلی معنی اسکے یہ ہین ـ ریزہ ہر چیز کا جو قینچی سے کٹ کر زمین پر گر پڑے ـ مگر بمعنی ریزہ زر کے مستعمل ہے ـ

قَرَاقِر ـ ع ـ جمع قرقرہ کی ـ وہ آوازین جو پیٹ کے اندر ہوا کرتی ہین یعنے پیٹ کی گڑگڑاہٹ ـ

قِرَام ـ ع ـ ہلکا اور باریک پردہ اور بمعنی پردہ نقش اور رنگین کے بھی ہے ـ

قِرَان ـ ع ـ نزدیک ہونا ـ قریب ہونا ـ ایک کی نزدیکی دوسری شے سے ـ حج اور عمرہ کو ملا کر کرنا ـ اور علم نجوم کی اصطلاح مین کیجا ہونا دو ستارون کا سات ستارون سیارہ یعنے چلنے والون مین سے ایک برج مین سوائے سورج کے ـ

قُرآن ـ ع ـ کلام اللہ یہ لفظ مصدر ہے بمعنی پڑھنے کے مگر بمعنی مفعول کے مستعمل ہو کر نام کتاب خدا کا ہو گیا ہے ـ

قَرَاوُل ـ ت ـ وہ شخص جو بندوق سے شکار کرے ـ شکاری آدمی ـ جو شخص شکار کرا دے ـ بہلیا ـ وہ سپاہی جو واسطے تعین مکان جنگ کے مقرر ہون پیشرو لشکر یعنے ہراول ـ وہ چند سپاہی جو لشکر کے آگے آگے چلین ـ تاکہ دشمنونسے خبر دیتے رہین ـ

قَرَائن ـ ع ـ جمع قرینہ کی ـ

قُرب ـ ع ـ نزدیکی ـ

قِرَب ـ ع ـ جمع قربہ کی بمعنی پانیکی مشکین

قَرب ـ ع ـ تلوار کا کاٹھی مین کرنا ـ

قُرب ـ ع ـ کمر جو عضو مشہور ہے ـ

قَرَب ـ ع ـ درد کر سے چلانا ـ

قُربَیٰ ـ ع ـ نزدیکی ـ خویشی ـ

قُربَان ـ ع ـ وہ چیز جو خدا کی راہ مین تقدیق کرین تاکہ خدا سے نزدیکی حاصل ہو ـ

قُربَان ـ ف ـ فارسیونکے محاورہ مین بمعنی کماندان کے ہے اور یہ ایک قسم چمڑے کا ترکش مین سیا ہوا ہوتا ہے جسکے ذریعہ سے ترکش کو گردنمین مثل حمائل ڈال لیتے ہین ـ اور اُسی قسمہ مین کمان کو بھی اٹکا لیتے ہین اور یہ ترکش سمع کمان پیٹھ کے پیچھے رہتا ہے ـ

قُربَان ـ ع ـ نزدیک ہونا ـ اور کنایہ جماع سے

قُربَانی ـ ف ـ اونٹ اور گاے اور بکری وغیرہ جو بقر عید کے دن ذبح کرین ـ

قُربَت ـ ع ـ نزدیکی ـ پاس ہونا ـ

قَرَبُوس ـ ع ـ گھوڑے کے زین کے آگے کی بلندی جسکو خانے زین کہتے ہین ـ

قِربہ ـ ع ـ مشک پانی سے بھری ہوئی ـ

قُرت ـ ت ـ خشک دہی ـ

قَرَح ـ ع ـ زخم کرنا ـ گھاؤ کرنا ـ وہ زخم جو فساد پیدا کرے ـ

قُرحَہ ـ ع ـ وہ زخم جسمین پیپ پڑ گئی ہو

قُرحَہ ـ ع ـ جراحت ـ زخم ـ

قِرد ـ ع ـ بوزینہ ـ کپی ـ بندر ـ

قُرُدہ ـ ع ـ کھانے کی کھرچن جو دیگ کے پیندے مین لگ جاتی ہے ـ

قَرَش ـ ع ـ ایک دریائی جانور عظیم الجثہ کا نام جو تمام دریائی جانورون پر غالب ہے اسی کی تصغیر قریش ہے جو بسبب غلبہ کے لقب قبیلۂ عرب کا ہو گیا ـ

قُرَشی ـ ع ـ وہ شخص جو منسوب طرف قبیلۂ قریش کے ہو ـ اور اس قبیلہ کے بڑا علی نضر بن کنانہ تھے ـ جو اجداد حضرت رسول صلعم سے تھے

قُرص ء۔ ٹکیا۔
قرص روئین ۔ ف۔ گھڑیال۔ گھنٹہ۔
قُرط ۔ء۔ گوشوارہ اور بربان مین لکھا ہے پانی کے گھونٹ کی آواز۔
قِرطاس ۔ ء۔ کاغذ۔
قِرطبوس ۔ء۔ بلائے عظیم سخت حادثہ۔
قرطعب ۔ء۔ قلیل شئی۔ تھوڑی چیز۔
قُرطق ۔ سب معرب کرتہ کا جو پیرہن مشہور ہی
قُرطم ۔ء۔ کرٹ۔ مشہور دوا ہے۔
قُرطہ ۔ء۔ ایک گوشوارہ۔
قُرطین ۔ء۔ دو گوشوارے۔ اور کنایہ حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین علیہما السلام سے
قرع ۔ء۔ لوکی۔ مشہور ترکاری ہی۔ اور بمعنی کوٹنا۔ مارنا۔ ٹھوکنا۔
قَرع ۔ء۔ سر کے بالونکا گرجانا مرض سے
قُرع ۔ء۔ جمع قرعہ بمعنی پالنہ کی۔
قُرعہ ۔ء۔ پالنہ تانبے یا پیتل یا جست وغیرہ کا جسکو پھینک کر رمال غیب کی بات بتلاتے ہین۔
قرعہ ۔ء۔ ہراکدو۔ لوکی۔
قَرق ۔ء۔ مرغی کی آواز۔
قُرق ۔ت۔ ونبہ۔
قُرق ۔ت۔ نگہبانی۔ منع کرنا۔ روکنا
قرقرہ ۔ء۔ کبوتر اور اونٹ کی آواز پیٹ کے اندر کی آواز۔ زمہ کی ہمنی ٹھٹھا
قُرق شدن ۔ ف۔ منع ہونا۔ بند ہونا۔
قرقف ۔ء۔ بمعنی شراب۔
قرقور ۔ء۔ بڑی کشتی۔ جہاز۔
قرم ۔ء۔ اونٹ۔ سردار قوم۔
قرمز ۔ء۔ وہ چیز جس سے ریشم کو سرخ رنگ رنگین۔ لال۔ سرخ رنگ۔
قرمزی ۔ء۔ منسوب ف قرمز کے سرخ رنگ
قرمساق ۔ت۔ وہ شخص جو اپنی جورو کو دوسرے کے پاس بھیجے اور اُسکی کمائی کھائے۔
قربل ۔ء۔ اونٹنی کا بچہ نر۔
قرن ۔ء۔ حیوان کی شاخ یعنے سینگ گیسو سو برس کی مدت۔ خواہ اسی برس کی خواہ تیس برس کی۔ اور اسی تیس برس کی مدت پر اکثرون کا اتفاق ہے۔ نام ایک مقام کا نزدیک طائف کے۔
قرن ۔ء۔ نام پدر قبیلہ کا یمن سے جسمین کے اُویس قرنی تھے۔
قرنا ۔ف۔ بڑی تُرہی۔
قرناس ۔ء۔ پہاڑ کی چوٹی۔ نام دیو کا۔
قرناق ۔ت۔ لونڈی۔ غلام۔ خدمتگار۔
قرنفل ۔ء۔ لونگ۔
قرنق ۔ت۔ لونڈی۔ غلام۔ خدمتگار۔
قرود ۔ء۔ جمع قرد کی جسکے معنی آگے ذکر ہین
قرواط ۔ء۔ سفینہ۔ کشتی۔ وہ خالی مشک جسکو پھلا کر منہ اُسکا مضبوط باندھتے ہین اور بوقت ضرورت اُسپر بیٹھکے دریا پار اُترتے ہین
قروت ۔ت۔ پنیر۔ خشک دہی۔
قروت شدن صحبت ۔ف۔ صحبت کا برہم ہوجانا
قروح ۔ء۔ جمع قرحہ بمعنی زخم کی۔
قرون ۔ء۔ جمع قرن بمعنی شاخ اور زمانہ دراز کی
قرون خالیہ ۔ء۔ زمانہائے گذشتہ۔
قرہ ۔ء۔ خنکی۔ سردی۔ اور بعضون نے بمعنی راحت اور روشنی کے بھی لکھا ہے مگر معنی اول زیادہ تر صحیح ہین۔ اور بمعنی آنکھ کی پتلی کے جو عرف مین مشہور ہے محض غلط ہی اور منتخب مین بمعنی روشنی چشم اور لطائف مین بمعنے خنکی چشم اور روشنی چشم کے لکھا ہی۔
قرء ۔ء۔ زمانہ عورت کی پاکی کا درمیان دو حیض کے اور اُس کو طُہر بھی کہتے ہین۔ اور بمعنی حیض کے بھی آیا ہے اور یہ لغات اضداد سے ہے۔ فرق اتنا ہے کہ قرء بمعنی حیض کی جمع اقراء آتی ہے اور بمعنی طُہر کی جمع قروء۔
قریات ۔ء۔ جمع قریہ بمعنی گانونکی۔
قریب ۔ء۔ نزدیک۔
قریحہ ۔ء۔ ہر چیز کا اول۔ بہتر اور عمدہ مال آدمی کی طبیعت۔
قریر ۔ء۔ خنک چشم یعنی شادمان اور خوش
قریش ۔ء۔ نام ایک قبیلہ کا درمیان عرب کے رسولخدا صلعم اسی قبیلہ سے ہین۔
قریشی ۔ء۔ منسوب طرف قبیلہ قریش کے

اوران معنونین قرشی بھی آیا ہے۔
قُرَیض ع۔ شعر یعنی کلام منظوم۔
قُرَیش ع۔ نام ایک قبیلہ کا یہود سے۔
قرین ع۔ مصاحب ہمنشین۔ یار۔ دوست۔ ہم صحبت۔ پاس والا۔ ملا ہوا۔ اور بمعنی مثل و نظیر کے بھی آیا ہے۔
قرینہ ع۔ مناسبت ظاہری درمیان دو چیز کے۔ پیوستہ ہونا ایک چیز کا دوسری چیز سے مناسبت باطنی درمیان دو امر کے۔
قرنیہ ع۔ گانون۔

فصل قاف مع زاے معجمہ

قز۔ ب۔ معرب کز کا۔ کچا ریشم۔
قزاق ت۔ راہزن۔ لوٹیرا۔
قزاگند ف۔ چلتہ اور یہ ایک قسم کا لباس ہے جو بروز جنگ پہنتے ہین اور اُسکے اندر کچا ریشم بھرتے ہین تاکہ تلوار اسپر اثر نہ کرے۔
قرفح ع۔ نام ایک پہاڑ کا مزدلفہ مین نام ایک فرشتہ کا جو موکل ابر ہے۔ نام ایک بادشاہ کا بادشاہان عجم مین سے۔
قرفح ع۔ تخم پیاز۔ سانپ کا گوہ۔ گرم مصالح جو کھانے مین پڑتے ہین۔
قرفح ع۔ گرم مصالحہ کا دیگ مین ڈالنا
کُتے کا پیشاب۔ کُتے کا موتنا۔
قرفحہ ع۔ رنگا رنگ جسپر زرد اور سرخ اور سبز لکیرین ہون۔
قرغان ت۔ بڑا پتیلہ۔ دیگ۔
قرمز ت۔ لال۔ سُرخ۔
قرنل ع۔ لنگڑاپن۔
قرنل ع۔ لنگڑا۔
قرنل ارسلان ت۔ لقب ایک بادشاہ کا جو ممدوح ظہیر فاریابی کا تھا۔ اصلی معنی اسکے شیر سرخ رنگ اسلیئے کہ قرنل ترکی مین بمعنی سرخ اور ارسلان بمعنی شیر۔ اور چونکہ یہ بادشاہ لنگڑا تھا اس صورت مین قرنل ارسلان کہنا چاہیئے اور اب یہ مرکب ہوگا ایک لفظ عربی اور ایک ترکی سے اسلیئے کہ قرنل عربی مین بمعنی لنگڑا اور ارسلان ترکی مین بمعنی شیر ہے۔
قرنباش ت۔ قرنل کے معنی سرخ اور باش کے معنی سر یعنی لال سر والا اور یہ کنایہ ہے فوج کے سپاہی سے اسلیئے کہ شاہ اسمٰعیل صفوی نے اپنی کل فوج کے سپاہیون کو لال ٹوپی کی وردی پہنائی تھی اور چونکہ یہ بادشاہ امامیہ مذہب رکھتا تھا اسلیئے ہر ٹوپی کے بارہ کونے رکھے تھے موافق شمار عدد بارہ امامون کے اُس روز سے یہ لقب ایران مین فوج کے تمام سپاہیون کا ہوگیا۔
قزوین ف۔ نام ایک شہر کا ایران مین۔

فصل قاف مع سین مہملہ

قسام ع۔ تقسیم کرنے والا حصہ دینے والا بہت قسم کھانے والا۔
قسام ع۔ } خوبی حسن۔ خوبصورتی۔
قسامت ع۔ }
قساوت ع۔ سخت دل اور سیاہ دل ہونا
قسر ع۔ زبردستی سے کسی کو کسی کام پر رکھنا۔ بزور کسی سے کوئی کام لینا۔ اور دور قسری اور حرکت قسری وہ دور اور وہ حرکت جسکا محرک دوسرا شخص ہو۔
قسط ع۔ بیداد اور ظلم کرنا۔ پراگندہ کرنا جدا کرنا۔ حق سے پھر جانا۔
قسط ع۔ داد۔ عدل۔ انصاف حصہ نصیب۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔ اندازہ۔ ترازو۔
قسط ع۔ نام دوا کا اور یہ ایک لکڑی ہوتی ہے دو قسم کی تلخ و شیرین۔ تلخ کو ہندی مین کٹ کہتے ہین۔
قسط ع۔ گردن کی خشکی اور یہ ایک مرض ہے جو یبوست سے ہوتا ہے۔ آفتابہ وضو کرنیکا جسمین نصف صاع یعنی ایک سو ستر تولہ پانی سماتا ہو۔
قسطا ن۔ نام کتاب کا جو احکام دین آتش پرستی مین ہے اور اُسکو لوقا نام ایک حکیم نے تصنیف کیا ہے۔
قسطاس ع۔ بڑی ترازو جسکو ہندی مین تک کہتے ہین۔
قسط بندی ف۔ روپیہ کی کسی مقدار کو مقرری حصے کرکے ادا کرنا۔

قسطلانی -ء- منسوب طرف قسطلہ کے۔ جو نام ایک شہر کا ہے۔ بضم اول غلط ہے۔

قسطنطین -ء- نام بادشاہ کا جو بانی شہر قسطنطنیہ کا تھا جواب استنبول کے نام سے روم مین مشہور ہے۔

قسطنطنیہ -ء- نام شہر دارالملک روم کا۔

قسم -ء- سوگند مشہور لفظ ہے۔

قسم -ء- حصہ - بہرہ - بھانت - طرح۔

قسم -ء- حصہ کرنا - تقسیم کرنا۔

قسمت -ء- حصہ کرنا۔

قسمت -ء- حصہ - نصیب۔

قسوت -ء- سخت دل اور سیاہ دل ہونا۔

قسورہ -ء- بمعنی شیر درندہ۔

قسوط -ء- ظلم کرنا - حق سے پھر جانا۔ پراگندہ کرنا - جدا کرنا - بے انصافی کرنا۔

قسوہ -ء- سخت دل ہونا۔

قسیس -ء- عالم اور دانا دین نصاریٰ کا

قسیم -ء- حصہ کرنے والا - شریک اور بمعنی خوبصورت اور حسین کے بھی ہے۔

قسیمہ -ء- مشک کا نافہ۔

فصل قاف مع شین معجمہ

قش -ء- بعد دبلاپے کے موٹا ہونا۔ آدمی خواہ چوپایہ کا۔

قشر -ء- میوہ کا چھلکا - درخت کی چھال حیوان وغیرہ کی کھال - ہر پوست کو قشر کہتے ہین۔

قشعریرہ -ء- یکایک جسم پر رونگٹو ن کا کھڑا ہوجانا کسی باعث سے کیون نہو۔

قشف -ء- دھوپ کی تیزی سے منہ کے پوست کا جل جانا - فقیری اور تنگی معاش اور تکلیف سے منہ کا مرجھا جانا۔

قشف - وہ شخص جسکے چہرہ کا رنگ بسبب تکلیف اور مصیبت کے متغیر ہوگیا ہو

قشقہ - ف - تلک - ٹیکا - صندل وغیرہ کا جو ہندو لوگ ماتھے پر لگاتے ہین۔

قشلاق -ت- گرم مکان جاڑون کے رہنے کے قابل۔

قشور -ء- جمع قشر یعنے پوست کی۔

قشور -ء- دوا چہرہ پر ملنے کی جس سے رنگ چہرہ کا صاف اور روشن ہوجائے۔

قشور -ء- وہ عورت جسکو حیض نہ آتا ہو۔

قشون -ت- فوج کا ایک گروہ۔

قشیب -ء- نیا کپڑا - نئی چیز۔

فصل قاف مع صاد مہملہ

قص -ء- کاٹنا - کترنا - استخوان سینہ۔

قصاب -ء- کاٹنے والا گوشت کا قصائی

قصابگان -ف- جمع قصاب کی بطور فارسی کے لیکن خلاف قیاس۔

قصابک -ف- ایک مرغ جنگلی پرندہ ہر نہایت تیز پر اور خوش رفتار کہ اکثر بذیونکے کنارے بیٹھتا ہے۔

قصار -ء- گازر - دھوبی۔

قصارت -ء- کپڑے دھونا - دھوبی کا پیشہ

قصاص -ء- قاتل کو قتل کرنا بعوض مقتول کے - عوض لینا زخم کا زخم سے دی ہوئی چیز کا بھیر لینا - بدلہ لینا۔

قصاص -ء- قصہ خوان - داستان گو۔

قصائد -ء- جمع قصیدہ کی۔

قصب -ء- نرکل جو چیز مثل نرکل کے ہو مثل قلم وغیرہ کے - ایک قسم کپڑے کی جو کتان اور ریشم ملا کے بنا جاتا ہے۔

قصب -ء- کاٹنا - اور لفظ قصاب کا اسی سے بنایا گیا ہے۔

قصب الجیب -ء- ایک قسم ہے خرابی کی اور ایک گھاس ہے جسمین تھوڑی سی مٹھاس ہوتی ہے اور کہتے ہین کہ یہ کالنس کی جڑ ہے جو دریا کے نزدیک اُگتی ہے۔

قصب الجب -ء- جب بمعنی کنوان پس یہ ایک قسم کی نے ہے جو جنگل مین پرانے کنو ونکے درمیان سے اُگتی ہے۔

قصب الجیب -ء- بعضون نے بفتح جیم کہا ہے اسوجہ سے کہ اکثر قاصد لوگ امیرون یا بادشاہون خطونکو لپیٹ کر حفاظت کے لیے نرکل کے چھوٹے ٹکڑے مین رکھ کر اپنی جیب کی تھیلی مین ڈال کے دور دور ملکون مین لیجاتے تھے

قَصَبُ الْجَیب ع۔ نیشکر۔ گنا۔ اس صورت مین گلستان کے فقرہ کو یون پڑھنا چاہیے (قصب الجیب حد شیش را ہمچو شکر مبخورند) یعنے مع ثقل وغیرہ مثل شکر کے۔

قَصَبُ السَّبَق ع۔ نرکل پیدسنی کا اور یہ گھوڑدوڑ کی ایک قسم ہے یعنے ایک نرکل فاصلہ دور پر زمین مین گاڑدیا اور ایک مقام مقرر سے سب سوارون نے گھوڑے دوڑائے جس سوار نے پہلے پہونچکر اُس نرکل کو جھک کے اُکھیڑ لیا۔ وہ شرط جیتا۔

قَصَبُ السَّبَق بردن ف۔ غالب آنا سبقت اور پیشدستی کرجانا۔

قَصَبُ الزَّرِیرَہ ع۔ چرائتہ مشہور دواہی

قَصَبات ع۔ جمع ہے قصبہ کی۔

قَصَبَہ ع۔ چھوٹا شہر۔ بڑا گانوان۔ نے جو چیز نرکل کے مانند خولدار ہو جیسے قلم کا نیزہ وغیرہ گلے کا نرخرہ۔ یہ لفظ صاد کے جزم سے غلط مشہور ہے۔

قَصْد ع۔ ارادہ۔ اعتدال۔ ہر چیز جو معتدل ہو۔ سیدھی راہ جانا۔ راہ کی سیدھی۔

قصد کردن ف۔ کسیکے قتل کا ارادہ کرنا۔

قَصر ع۔ کوتاہی۔ کمی۔ کپڑے کا دھونا۔ مکان عمدہ محل۔

قَصَص ع۔ جمع قصہ کی۔ کہانیان

قَصَص ع۔ مصدر ہے بمعنی حکایت کرنا اور بعضون کے نزدیک بمعنی قصہ ہا۔ اس صورت مین قصہ کا اسم جمع ہو نہ قصہ کی جمع

قَصْعَہ ع۔ بہت بڑا کاسہ۔

قُصْوٰی ع۔ انتہا۔ نہایت۔ آخر بہت دور۔ یہ صیغہ مونث اقصیٰ کا ہو۔

قُصُور ع۔ کوتاہی۔ عاجز ہونا۔ قاصر رہنا جمع قصر بمعنی محل کی۔ نام ایک شہر کا نواح لاہور سے۔

قِصّہ ع۔ کہانی۔ بیان کسی شخص کا۔

قَصِیدَہ ع۔ دلدار گودا کسی چیز کا اور شاعرونکے نزدیک وے اشعار جنمین کسی کی تعریف یا مذمت ہو اور پندرہ بیت سے کم نہون۔ زیادہ جسقدر ہون۔

قَصِیر ع۔ کوتاہ۔ کوتاہی کرنے والا نام ایک غلام کا ہے جو بڑا باوفا تھا۔

قَصِیل ع۔ غلہ جو کا نیا اُگا ہوا اور کچا فارسی مین اسکو خوید کہتے ہین۔

فصل قاف مع ضاد معجمہ

قَضا ع۔ حکم کرنا۔ ادا کرنا واجب کا۔ ادا کرنا۔ پیدا کرنا۔ تمام کرنا۔ بیان کرنا۔ وہ عبادت جسکا وقت گذر گیا ہو۔ حکم خدا کا جو مخلوقات کے حق مین واقعہ واقع ہوجائے

قَضات ع۔ جمع قاضی کی اور ضاد کی نسبت سے یہ لفظ غلط مشہور ہے۔

قَضارا ف۔ ناگہان۔ اتفاقاً۔ یکایک اس لفظ مین کلمہ را بمعنی از ہے پس اصل اسکی یون سمجھنا چاہئے (از قضا)

قُضاعہ ع۔ ایک حیوان ہے بشکل کنے کے جو دریا مین ہوتا ہے اسی کا خصیہ جندبیدستر کہلاتا ہے۔ نام ایک قبیلہ عرب کا۔

قَضا وقدر ع۔ یعنی تقدیر اور قسمت۔

قَضایا جمع ہے قضیہ کی۔ جملے۔ عبارات کے فقرے۔ جھگڑے۔ جزئین۔ احکام۔

قُضبان ع۔ شاخین درخت کی یہ جمع ہے قضیب بمعنی شاخ درخت کی۔

قَضِیب ع۔ درخت کی شاخ۔ تلوار تیز تازیانہ۔ کوڑا۔ وہ کمان جو شاخ درخت سے بنی ہو۔ مجازاً ذکر یعنے آلۂ تناسل خواہ مرد کا ہو خواہ کسی اور حیوان کا۔

قَضِیم ع۔ ارواوا جو کا جو گھوڑون وغیرہ کو دیا جاتا ہے۔

قَضِیَّہ ع۔ مقصد۔ مطلوب۔ ادا کرنا خبر حکم۔ جملہ خبریہ جسپر سچ ہونے اور جھوٹ ہونے دونون کا احتمال ہو۔ جملہ۔ فقرہ۔ اور بمعنی جھگڑے کے بھی مستعمل ہے۔

قَضِیَّہ مُنعکسہ ع۔ محاورہ مین مراد ہے اس مقدمہ مین جو خواہش کے خلاف واقع ہو۔

فصل قاف مع طاے مہملہ

قَطّ ع۔ سخت چیز کا کاٹنا۔ اور اسی بنا پر ہے قط قلم۔ نرخ غلہ کا گران ہونا۔

قِطْ۔ع۔ حصّہ۔ نصیب۔ قبالہ۔ کتاب محاسبہ کی۔ نامہ۔ ان معنون مین جمع اسکی قطوط آتی ہے۔ اور بمعنی گربہ نر یعنی بلاؤ اور اسکی جمع قطاط آتی ہے۔

قَطّ۔ قُطّ۔ قَطْ۔ قُطْ۔ع۔ چاردن طرح بمعنی ہرگز اور ہمیشہ۔

قَطْ۔ع بمعنی بس اور اسی بنا پر ہے فقط۔

قَطَا۔ع۔ ایک پرندہے جسکو فارسی مین سنگخوار کہتے ہین جنگل مین اس جانور کے بولنے سے مسافرون کو معلوم ہوجاتا ہے کہ یہان کسی جگہ پر چشمہ پانی کا ضرور ہے۔

قِطَاب۔ع۔ جیب یعنے گریبان جامہ۔

قُطَاب۔ع۔ ایک قسم سینوسہ کی اور سنبوسہ ایک غذا ہے لطیف مشہور ہے۔

قِطَار۔ع۔ کم سے کم دس اونٹ آگے پیچھے برابر برابر ایک چال چلنے والے بفتح اول غلط ہے مگر اب اطلاق اسکا ہر چیز کی جمع پر جو آگے پیچھے ہو واقع ہوتا ہے۔

قُطّاع۔ع کاٹنے والے۔

قُطّاع الطَّرِیق۔ع رہزن۔ لوٹیرے۔

قِطَاف۔ع۔ کل بیودن خصوصًا انگور کے توڑنیکا وقت۔

قَطَام۔ع۔ نام ایک عورت کا عرب مین

قَطَامَہ۔ع۔ عورت بد شہوت۔ یہ ماخوذ ہے قطم سے جو بمعنی تیزی شہوت کے ہے۔

قَطَائِف۔ع۔ ایک حلوا ہے نفیس جسمین بادام بھی پڑتے ہین۔ بادام کی لوز۔ وہ روغنی روٹی جسمین بادام پڑے ہون۔ سوہان جو سیدے کی بنتی ہین۔ اور اسکو رشتہ قطائف بھی کہتے ہین۔ اور جمع قطیفہ کی جو بمعنی چادر پیچیدہ اور جامہ مخمل کے ہے۔

قُطْب۔ع۔ لوہے کی کیل جس پر چکی گھومتی ہے۔ سردار قوم کا۔ افضل اور برتر شخص جسپر مدار کار ہو۔ ہر چیز کی اصل۔ وہ نقطہ زمین کا جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے۔ اور وہ دو ستارے جو ان دونون قطبون کے محل پر واقع ہین پس ہر ایک کو اُنمین سے بھی مجازًا قطب کہتے ہین۔ لقب اُس ولی کا جسکے قبضہ قدرت مین انتظام کسی ملک کا عالم معنوی مین خدا کی جانب سے سپرد ہو۔

قَطْر۔ع۔ باران۔ مینھ۔ ٹپکنا پانی کا

قِطْر۔ع۔ پگھلا ہوا تانبا۔

قُطْر۔ع۔ طرف کنارہ کسی چیز کا اقطار اسکی جمع ہے۔ اور علم ہندسہ کی اصطلاح مین وہ خط مستقیم جو مرکز پر دائرہ کے گذر کر اُسکے دو ٹکڑے کردے۔

قَطَرَات۔ع۔ جمع قطرہ کی بوندین۔

قَطْرَان۔ع۔ نام ایک شاعر کا۔ نام ایک شہر کا۔ نام ایک روغن کا جو نہایت سیاہ اور بدبودار ہوتا ہے اور خارشتی اونٹون کی جلد پر ملا جاتا ہے اور یہ درخت چیڑ کا تیل ہے اور یہ لفظ بمعنی روغن مذکور تین طرح پر ہے۔

قَطْرَان۔ قُطْرَان۔ قِطْرَان۔

قُطْرُب۔ع۔ ایک قسم ہے جنون کی۔ اور قُطْرُب اصل مین ایک کیڑا ہے سیاہ رنگ جو پانی پر چارون طرف دوڑتا پھرتا ہے اور کسی جگہ قرار نہین پکڑتا ہے اسی مناسبت سے اس مرض کا نام رکھا گیا کہ صاحب اس مرض کا بھی کہین قرار نہین پکڑتا ہے اور سب سے بھاگتا پھرتا ہے۔ اور بمعنی دزد۔ چور۔ چوہا۔ بھیڑیا۔ جسکے تمام بدن کے بال جھڑ گئے ہون جاہل۔ بیدل مصروع یعنی جسکو مرگی کا عارضہ ہو۔ نام ایک دانشمند نحوی شاگرد سیبویہ کا جو علم کی طلب مین ہر طرف پھرا کرتا تھا۔

قَطْرَہ۔ع۔ بوند پانیکی۔ دوڑکر چلنا۔

قَطْرَۂ آب۔ف۔ سکندر نامہ مین ایک مقام پر مراد نطفہ یعنی مرد کی منی سے۔

قَطْرَہ بَرداشتن ف۔ دوڑنا۔ سعی کرنا۔

قَطْرَۂ دزد۔ف۔ کنایہ ابر سے۔

قَطْرَہ زَن۔ف۔ دوڑکر چلنے والا۔ سعی اور کوشش حد سے زیادہ کرنے والا۔

قَطْرَہ زَدن ف جھپٹ کر چلنا۔

قَطْرَہ فِشاندن ن دوڑنا۔ تیز چلنا۔

قَطْرَہ کردن۔ف۔ سعی اور کوشش

قَطْرَہ کُشیدن ف حد سے زیادہ کرنا

قطزن - ف - اصل مین یہ لفظ یا توکاتب پر صادق آتا ہے یا چاقو پر - اور یہ جوس لکڑی وغیرہ پر اطلاق کرتے ہین جسپر قلم کو رکھ کے قط لگاتے ہین یہ بطور مجاز کے ہے عربی مین اسکو مقط کہتے ہین -

قطع - ع - کاٹنا - گلا گھوٹنا -

قطع - ع - پچھلی رات کی تاریکی - چھوٹی ٹکلی

قطع - ع - ٹکڑے - جمع قطعہ کی -

قطعاً - ع - بمعنے ہرگز -

قطعہ - ع - ہر چیز کا ٹکڑا - اور اصطلاح شاعری مین وہ نظم جو دو بیت سے کم نہو زیادہ ہو مگر مطلع نہو -

قطف - ع - چھیلنا - میوہ وغیرہ توڑنا - چوپایہ کا آہستہ راہ چلنا -

قطف - ع - میوہ - درخت کا پختہ پھل -

قطف - ع - سرمق - بتھوے کا ساگ -

قط گیر - ف - وہ چیز جسپر قلم کو قط لگائین -

قطم - ع - شہوت کی تیزی -

قطمیر - ع - باریک پوست جو خرمے کی گٹھلی پر ہوتا ہے - یا سفید نقطہ جو پشت خرما پر ہوتا ہے یا خرمے کی گٹھلی کا شگاف - یا وہ ریشہ جو درمیان خرمے کی گٹھلی کے شگاف کے ہوتا ہے غرضکہ کنایۃ قلیل شی اور حقیر اور نہایت چھوٹی چیز سے ہے نام اصحاب کہف کے کتے کا

قطن - ع - روئی - پنبہ -

قطن - ع - وہ ہڈی جو درمیان دونون چوتڑون کے ہے - ریڑھ کی ہڈی یعنی ڈھڈی مرغ کی دم کی جڑ -

قطنی - ع - روئی کا کپڑا یعنی سوتی کپڑا اور جامہ مشروع بھی جسکا تانا ریشم کا اور بانا سوت کا ہوتا ہے -

قطور - ع - وہ پتلی دواجو کان اور ناک مین ٹپکائین - بضم اول غلط ہے -

قطور - ع - دوڑ کر چلنا - تیز چلنا - روان ہونا - ٹپکنا پانی وغیرہ کا -

قطوط - ع - قلم پر قط لگانا -

قطوف - ع - میوے - جمع قطف کی -

قطیع - ع - } بکری اور گاے اور گھوڑے
قطیعہ - ع - } وغیرہ کا گلہ -

قطیعت - ع - برید کی - جدائی - دور ہونا

قطیفہ - ع - چادر پیچیدہ - جامہ مخمل مشہور ہے

فصل قاف مع عین مہملہ

قعب - ع - بات کی تہ - گہرا پن بات کا بڑا پیالہ جسمین پانی پینے سے ایک آدمی خوب سیراب ہوجائے -

قعدہ - ع - بیٹھنا -

قعدہ - ع - ایک طرح کی نشست -

قعدہ - ع - سواری کا مرکب -

قعر - ع - تہ کنوئین کی عمق یعنے گہراؤ کنوئین یا دریا وغیرہ کا -

قعقعہ - ع - کاغذ اور خشک چمڑے اور ہتھیار کی آواز یعنی کھڑکھڑاہٹ -

قعلی - ف - میر شکار -

قعود - ع - مطلق بیٹھنا - کھڑے سے بیٹھنا - سوتے سے اٹھکر بیٹھنا -

قعود - ع - جوان اونٹ جو پہلے پہل سواری یا بار برداری مین آیا ہو -

قعور - ع - نہایت گہرا کنوان -

قعید - ع - ہمنشین مرد -

قعیدہ - ع - ہمنشین عورت -

فصل قاف مع فا

قفا - ع - گدی - گردن کی پشت مجازاً بمعنی مطلق پیچھے اور پس پشت کے مستعمل ہے اور بمعنی وقت غلبت کے بھی - اور وہ گھونسا جو کسی کی گدی پر ماریں -

قفا خاریدن - ف - شرمندہ ہونا -

قفار - ع - روکھی روٹی یعنے بغیر دال سالن کے وہ زمین جو پانی اور گھاس سے خالی ہو

قفر - ع - وہ زمین جسپر گھاس اور پانی نہو - بھوکا رہنا آدمی کا غذا سے -

قفر - ع - کم سونا مال کا - کم گوشت یعنی دبلا ہونا

قفس - ف - } پرندونکا پنجرا یہ لفظ
قفص - ع - } سین اور صاد دونون سے صحیح ہے مگر اتنا فرق ہے کہ فارسی مین تو سین اور صاد دونون سے آتا ہے اور عربی مین فقط صاد سے

قُفل - ء - تالا -

قُفّہ - ء - زمین بلند - مگر بمعنی بلند اور بلند مقام کے مستعمل ہے -

قُفّہ منار - ء - وہ نشست کا مقام جو مینار کے اوپر بیٹھنے کے لئے بناتے ہین -

قفیز - ء - ایک پیمانہ ہے بارہ صاع کا اور ایک صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے اور ایک رطل آدھ سیر کا اور زمین کی پیمائش مین قفیز ایک سو چوالیس گز شرعی کو کہتے ہین -

فصل قاف مع قاف

قُقنُس - ی - یہ لفظ یونانی ہے مخفف لفظ قوقنوس کا جو یونانی ہے - یہ ایک پرند کا نام ہے جسکی رنگ برنگ آواز سے حکیمون نے علم موسیقی کو نکالا ہے - کہتے ہین کہ عمر اسکی ہزار برس کی ہوتی ہے اور جوڑا اسکا لینے مادہ اسکی نہین ہوتی ہے - اور پیدائش اسکی اسطرح بیان کرتے ہین کہ جب یہ جانور بوڑھا ہو جاتا ہے تو لکڑیان جمع کرکے اپنی چونچ سے جسمین بہت سے سوراخ ہوتے ہین اور ہر سوراخ سے ایک علحدہ راگ نکلتا ہے آواز کرنے اور بولنے لگتا ہے پس سنجارہ سب سوراخون کے ایک سوراخ سے دیپک کا راگ بھی نکلتا ہے اور اسوقت وہ اسی سوراخ پر ذبا وہ زور دیتا ہے پس دیپک کے راگ کی خاصیت سے اُن لکڑیون مین آگ لگجاتی ہے اور وہ جانور اُسی آگ مین جل بھن کر راکھ ہو جاتا ہے پس بقدرت الٰہی اس راکھ پر سنجھ برستا ہے اور اس راکھ مین انڈا پیدا ہوتا ہے اور کچھ دنون مین اس انڈے سے ویسا ہی دوسرا جانور پیدا ہوتا ہے بعضون نے لکھا ہے کہ اُسکی چونچ مین تین سو ساٹھ سوراخ ہوتے ہین اور ہر سوراخ سے ایک علحدہ راگ نکلتا ہے پس جب اسکی موت آتی ہے تو یہ جانور لکڑیان جمع کرکے اُنمین بیٹھتا ہے اور گانے یعنی بولنے لگتا ہے اور اپنی آواز سے آپ ہی مست ہوکر پرون کو جھاڑتا اور بازوون کو پھٹ پھٹاتا ہے یہانتک کہ اُسکے پرون سے آگ جھڑنے لگتی ہے اور لکڑیان بھڑک اُٹھتی ہین اور وہ اسی آگ مین جل جاتا ہے - باقی حال پیدائش پیتو اور اس مرغ کو فارسی مین آتش زن کہتے ہین -

فصل قاف مع لام

قُل - ء - صیغہ امر کا ہے - کہہ - بول -

قل - ت - غلام -

قُلّاء - ء - دشمنی - دشمن رکھنا کسیکو -

قُلّاب - ء - قُلّابہ - حلقہ -

قَلّاب - ء - بدل دینے والا خالص کو غیر خالص سے - یعنے دغاباز - فریبیا -

قُلّابہ - ء - حلقہ مچھلی پکڑنے کا کانٹہ -

قُلّابی - ت - کھوٹی چیز بیچنا - دغابازی -

قُلّاج - ت - زور سے کسی چیز کا کھینچنا جیسے کمان کا کھینچنا - مقدار درازی دونون ہاتھ کی

قِلادہ - ء - گلوبند - کُتے وغیرہ کا پٹہ -

قلّاش - ت - مفلس - بے نام و ننگ لچا - بدمعاش - مرد مجرد -

قِلاع - ء - جمع قلعہ کی -

قُلاع - ء - جوش و خروش - نُھنہ کا آنا

قلاق - ت - نام ایک ملک کا ترکستان مین - نام ایک قوم کا ترکون سے -

قلاق - ت - گوش - کان -

قلاوُز - ت - راہبر - رستہ بتانے والا جو ساتھ ساتھ چلے - سوار محافظ لشکر کے جو فوج سے آگے چلین -

قلاوُزی - ت - رہبری - پیشروی -

قلائد - ء - جمع قلادہ یعنی گلوبند وغیرہ کی

قلب - ء - اُلٹا ہوا - اوندھا - دل اور کہتے ہین کہ دل کا قلب اسلئے نام ہوا کہ دل سینہ مین الٹا لٹکا ہوا ہے - ہر چیز کا بیچ - درمیان شے کا - کھوٹی چاندی - کھوٹا سونا - فوج درمیان لشکر کی جسمین بادشاہ یا سردار رہتا ہے - حزر و عقل -

قلُب - ء - کلائی پر پہننے کی چیر مثل کنگن وغیرہ کے سفید رنگ کا سانپ -

قُلّب - ء - مرد حیلہ گر - دغاباز - کاون وغیرہ کو دوسرے رنگ پر پھیر دینے مین عقلمند

قلب - ء - برگشتگی - لب یعنی ہونٹ کی

قُلبہ ۔ع۔ زمین جوتنے کا ہل۔
قُلبہ ران ۔ف۔ ہل جوتنے والا۔
قلبی ۔ع۔ بدلا ہوا۔ الٹا کیا ہوا۔ دلی۔
قُلپاق ۔ت۔ کلاہ۔ ٹوپی۔
قِلّت ۔ع۔ کمی۔ کمیابی۔
قلّت ۔ع۔ بیماری سے صحت پانا۔ مفلسی اور فقیری سے رہائی پانا۔
قُلت ۔ف۔ کھڑے ماش۔ اُرد۔
قلتیان ۔ف۔ دیوث جسکی جورو بدکار ہو اور وہ اس امر پر راضی ہو۔
قُلتین ۔ع۔ دو مٹکے جنمیں ایکہزار اور دو سو رطل عراقی پانی سما سکے اور یہ جب مذہب شافعی اسقدر پانی ملاقات نجاست سے بجس نہیں ہوتا ہے۔ یہ تثنیہ قُلّہ کا ہے
قُلچاق ۔ت۔ لوہے کا دستانہ۔
قلح ۔ع۔ دانتوں کی زردی اور میلاپن۔
قُلزم ۔ع۔ نام ایک شہر کا ہے درمیان مصر اور مکہ کے نزدیک کوہ طور کے اُس شہر سے منسوب کرکے اُس دریا کو جسکے کنارہ پر وہ واقع ہے بحر قُلزم کہتے ہیں۔
قلس ۔ع۔ گلے سے غذا کا ایک دفعہ نکل پڑنا اور جو غذا دو تین مرتبہ کرکے حلق سے نکلے اُسکو قے کہتے ہیں۔
قلع ۔ع۔ اُکھیڑنا۔ نام ایک کان کا ہے جسمیں سے خالص رانگا نکلتا ہے۔
قلعہ ۔ع۔ ابر کا ٹکڑا۔ پتھر کا مکان اور حصار محفوظ جسمیں بادشاہ وغیرہ رہیں۔
قلعۂ بغداد ۔ف۔ لوطیوں کی اصطلاح میں شکم یعنے پیٹ کو کہتے ہیں۔
قلعی ۔ع۔ منسوب طرف قلع کے جو نام ایک کان کا ہے جسمیں سے خالص رانگا نکلتا ہے
قُلفہ ۔ع۔ سر ذکر یعنے عضو تناسل کا سر بغیر ختنہ کیا ہوا۔
قلق ۔ع۔ بیقراری۔ بے آرامی۔
قلِق ۔ع۔ بیقرار۔ بے آرام۔ ڈرپوک۔
قُلقاس ۔ع۔ اروی مشہور ترکاری ہے۔
قُلقان ۔ف۔ سپر۔ ڈھال۔
قُلقچی ۔ت۔ نوکر۔ خدمتگار۔ گرمابدشاہ کے نوکر کو قلقچی نہ کہیں گے۔
قُلقار ۔ت۔ زاک۔ ہندی پھٹکری۔
قلقل ۔ع۔ آواز پانی یا شراب کے گرنیکی شیشہ یا صراحی کے گلے سے مجازاً مہمل کلام۔
قلقلہ ۔ع۔ جوش بیقراری۔ ملا ناحرف ساکن کا اُسکے مخرج میں اور حروف قلقلہ پانچ ہیں۔ قاف۔ دال۔ طا۔ با۔ جیم۔
قُلقلہ ۔ع۔ آواز صراحی یا شیشہ کی برآمد ہونیکے پینے پانی یا شراب کے۔
قُلل ۔ع۔ پہاڑ کی چوٹیاں۔ جمع قُلّہ کی
قلم ۔ع۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ ناخن لینا۔
قلم ۔ع۔ تراشا ہوا یعنے بنا ہوا قلم۔ جو چیز کہ کٹی ہوئی اور تراشی ہوئی ہو۔ وہ تھوڑے بال جو دونوں طرف درمیان کان اور بھونکے لٹکا کر قینچی سے کاٹ دیتے ہیں۔
قلما ۔ع۔ اندک۔ تھوڑا۔
قلماش ۔ت۔ بیہودہ۔
قلم بند ۔ف۔ بنانے والا مولم کا جس سے نقاشی کرتے ہیں۔ وہ چیز جسکو لکھ لیں۔
قلم بناخن شکستن ف۔ سزا کو پہنچانا۔
قلم بہ دُشمشیر افتادن ف۔ تلوار کی باڑھ مڑجانا۔ تلوار کی دھار میں دندانے پڑجانا۔
قلم درکشیدن ۔ف۔ معاف کرنا مٹا دینا۔
قلم درسیاہی نہادن ف۔ کسی کو سزا دینا کسیکے نام پر بُرے کلمات لکھنا۔
قلم دست ف۔ بغیر اضافت کے بمعنی تحریر
قلم دست و پا ۔ف۔ ہاتھ کی کلائی اور پانوں کی پنڈلی کی ہڈی۔
قلمرو ۔ف۔ سلطنت۔ ملک۔ راجدھانی۔
قلمزن ۔ف۔ محرر۔ مصور۔
قلمکار ۔ف۔ وہ کپڑا جسپر رنگ برنگ کے نقش اور بیل بوٹے ہوں۔ چھینٹ
قلم موے ف۔ بالوں کا قلم مصوری کا۔
قلم نیست ۔ف۔ یعنی حساب و پرسش نہیں
قلمہائے شکین ت۔ مراد کولوں سے۔
قلمی ۔ف۔ لکھی ہوئی چیز۔ وہ ایک قسم چادر کی جسپر سیدھے لمبے خطوط ہوں۔

قَلَنْدَر - ف - اصل مین یہ لفظ کلندر تھا بمعنی کندۂ ناتراشیدہ - اصطلاحًا وہ فقیر جو لے پروا ہو اور پابند شرع نہو - رند بیباک -

قَلَنْدَری - ف - ایک قسم ہے خیمہ کی -

قَلَنْسَہ - ع - } کلاہ - ٹوپی - ظاہرًا قلنسوہ
قَلَنْسُوَہ - ع - } مخفف ہے قلنسوہ کا -

قَلَنْغَہ - ت - محاصرہ کرنا - گھیر لینا - خوراک پیادے کی جو گانون پر دستک جائے -

قُلُوب - ع - جمع قلب بمعنی دل کی -

قَلُوص - ع - جوان اونٹنی -

قُلَّہ - ع - پہاڑ کی چوٹی - ہر چیز کے سر کی نوک - بڑا مٹکا جسمین چھ سو رطل پانی سماتے -

قُلَہ - ف - بغیر تشدید لام کے گھوڑیکا ایک قسم کا رنگ جو مائل بزردی ہوتا ہے - مثل بادام کے اور ایال کے بالون سے دُم تک ایک سیاہ خط پیٹھ پر ہوتا ہے -

قِلی - ت - غلام -

قِلی - ع - ماہی توے مین کسی چیز کا بھونا

قِلِّی - ع - سجی مشہور کھارہے -

قَلْیان - ف - حُقہ -

قَلِیب - ع - پرانا کچا کنوان -

قَلِیج - ف - شمشیر - تلوار -

قُلَیدِس - ع - نام حکیم کا نام اسکی کتاب کا اشکال علم ہندسہ مین مخفف اُقلیدس کا ہے -

قَلِیَہ - ع - ماہی توے مین گوشت بھنا ہوا - مگر استعمال اس لفظ کا اُس گوشت پر ہے جو گھی اور مصالح وغیرہ کے ساتھ پتیلی وغیرہ مین شوربا دار پکتا ہے -

فصل قاف مع میم

قُم - ع - صیغہ امر کا ہے - اُٹھ کھڑا ہو -

قُمّ - ع - نام شہر کا نزدیک اصفہان کے -

قُمّ - ع - گھر مین جھاڑو دینا -

قُمّا - ت - کنیزک - لونڈی -

قُماج - ت - ایک قسم روٹی کی اور اسکو کماج بھی کہتے ہین -

قِمار - ع - ہر بازی جسمین شرط لگائی جائے وہ بازی جسمین روپیہ کی لین دین کی شرط ہو - ہندی جُوا -

قُمّار - ع - نام ایک موضع کا بلاد ہند سے جہان اگر بہت عمدہ پیدا ہوتا ہے اور اسی شہر کی طرف منسوب کرکے عود قماری مشہور ہے -

قِمار باختن - ف - جُوا کھیلنا -

قِمار باز - ف - جُواری -

قُماری - ع - عود کی صفت ہے منسوب طرف شہر قمار کے - اور جمع قمری پرند مشہور کی

قُماش - ع - اسباب گھر کا اسباب - کپڑے ریشمی وغیرہ - اور بمعنی جوہر اور صفت کے بھی

قِماط - ع - وہ کپڑا جسمین نے پیدا ہوے لڑکے کو خوب لپیٹ کے باندھ دیتے ہین فقط سعہ کھلا رکھتے ہین اور یہ رسم ولایت کی ہے فارسی مین اسکو غُنْدک کہتے ہین -

قُماما - ع - گھر کا کوڑا کرکٹ جو جھاڑو دیکر ایک جگہ پھینکدیا جاتا ہے - آدمی کا گروہ

قُمچی - ت - تازیانہ - کوڑا - چابک -

قَمح - ع - گیہون بجنے ہوے اناج کا آٹا جسکو ہندی مین ستو کہتے ہین -

قَمحُدُوَہ - ع - پس سر بیٹھے وہ مقام کھوپرکا جو چت لیٹنے مین زمین سے ملجاتا ہے -

قَمر - ع - جوے مین اپنے حریف پر غالب آنا

قُمر - ع - چیرین سفید اور روشن جمع اقمر کی

قَمَر - ع - چاند - واضح ہو کہ چاند رات سے تین شب تک چاند کو ہلال کہتے ہین اور پھر آخر مہینہ تک قمر - اور کیمیا گردن کی اصطلاح مین قمر چاندی کو کہتے ہین -

قَمَراء - ع - چاندنی - روشنی ماہ -

قَمَران - ع - } دونون تثنیہ قمر کا ہے
قَمَرین - ع - } اور مراد اس سے چاند اور سورج یہ تثنیہ تغلیبی کہلاتا ہے اسلیئے کہ محاورہ عرب مین قمر مذکر ہے اور شمس یعنی سورج مؤنث ہے جسطرح ماں اور باپ کو والدین کہتے ہین اسلیئے اگر مرد غالب ہو تو عورت پر والدین نہین کہتے

قُمر غَہ - ت - شکارگاہ -

قَمَرہ - ع - جوا جوے کا گھر - قمار خانہ -

قُمری - ع - نام مشہور پرند کا -

قَمری - ع - منسوب قمر سے -

قُمطُر ۔ع۔ موٹا اونٹ چھوٹے قد کا آدمی وہ صندوق جسمین کتابون کو رکھین۔ اور بمعنی کتاب کے جزو دان کے بھی لکھا ہی

قُمع ۔ع۔ توڑنا خراب کرنا۔ گزر مارنا کسی چیز پر

قُمقام ۔ع۔ بڑا چھرا۔ دریا۔ سردار قوم

قُمقُمہ ۔ع۔ نام ایک چھوٹے گول ظرف کا جسکو فارسی مین کوزہ کہتے ہین۔

قُمل ۔ع۔ سپش۔ جُون۔

قَمل ۔ع۔ جوؤن کا پڑجانا۔ شکم کلان یعنے بڑے پیٹ کا ہونا۔

قَمل ۔ع۔ گتہ۔ ہندی چھڑی۔ کلنی۔

قِمّہ ۔ع۔ جمع قمہ کی۔ ہر چیز کے سر ونکی

قُمّہ ۔ع۔ بلندی ہر چیز کی۔ ہر چیز کے سر کی ٹوک۔ بلندی۔ کلس۔

قُمّہ ۔ت۔ نام ایک ہتھیار کا۔

قُمّی ۔ع۔ منسوب طرف قم کے جو نام شہر کا ہے ایران مین۔ تخلص ایک شاعر کا۔

قمیص ۔ع۔ کرتہ۔ پیراہن۔

قمین ۔ع۔ سزاوار۔ لائق۔

فصل قاف مع نون

قنات ۔ع۔ چھوٹی نہر نیزہ آتھوان حصہ شرب

قَنات ۔ت۔ پردہ دلدار جو قائم مقام دیوار کے ہوتا ہے اور مشہور ہے۔

قَنّاد ۔ع۔ قند بنانے والا۔ حلوائی

قَنّادخانہ ۔ف۔ وہ مقام جہان حلوائی شکر اور قند وغیرہ بنا لین ہندی کھنڈسال۔

قُنّادِیل ۔ع۔ جمع قندیل کی۔

قُنّار ۔ع۔ وہ لکڑی یا لوہے کی سلاخ وغیرہ جسپر قصاب لوگ ساری بکری کو بعد ذبح کرنے کے کھال وغیرہ صاف کرکے لٹکا دیتے ہین اور ٹکڑے ٹکڑے کرکے بیچتے ہین۔

قِناع ۔ع۔ ایک پردہ دوسرا جو اوپر مقنعہ کے ڈال لیتے ہین۔ اور بعضون نے بمعنی مقنعہ کے بھی لکھا ہے۔

قَناعَت ۔ع۔ راضی ہونا تھوڑی چیز پر

قِنَب ۔ع۔ ایک درخت ہے جسکی پتی نشہ لاتی ہے۔ ہندی بھنگ۔

قَنبَر ۔ع۔ نام حضرت علیؑ کے غلام کا۔

قَنبُورہ ۔ت۔ ایک قسم کا لباس رنگین جسکے دامن چھوٹے ہوتے ہین اور بند لمبے بہت ہوتے ہین۔ وہ لتمہ جو جرّاب پر باندھ لیتے ہین تاکہ گرد اُسکے اندر نہ جائے۔

قَند ۔ع۔ سفید شکر۔

قُندَاق ت۔ وہ لکڑی جسمین بندوق کی نال چسپان کرتے ہین۔ عرف مین اسکو کندہ کہتے ہین۔

قُندُز ۔ت۔ نام ایک ولایت کا قریب ظلمات کے نام ایک جانور سیاہ رنگ کا مشابہ کتے کے جو کہ ترکستان مین ہوتا ہے اسکی کھال کا بہت عمدہ پوستین بنتا ہے مجازاً اس جانور کے پوست کو بھی قندز کہتے ہین اور بعضون کا قول ہے کہ قندز دریائی کتا ہے اُسکا پوست نہایت گرم ہوتا ہے اور اسی کا خصیہ جندبیدستر کہلاتا ہے جو نہایت مقوی باہ ہوتا ہے۔

قُندُمکرّر ۔ف۔ وہ قند جسکو دوبارہ صاف کرتے ہین اور اس مرتبہ یہ نہایت صاف اور براق ہوجاتا ہے اور اکثر قند مکرّر سے معشوق کے ہونٹ مراد ہوتے ہین۔

قِندِیل ۔ع۔ فانوس جسمین چراغ جلاتے ہین اور یہ فتح قاف غلط مشہور ہی۔

قِندِیل آب ۔ف۔ وہ شیشہ کا ظرف جسمین آدھی دور پانی بھرکے اوپر تیل ڈالتے ہین اور بتی اُسکے اندر رکھ کے روشن کرتے ہین

قَنص ۔ع۔ شکار کرنا۔ دام بچھانا۔

قِنطار ۔ع۔ ایک کھال بیل کی چاندی یا سونے سے بھری ہوئی اور بعضے کہتے ہین کہ قنطار ایک سو بیس رطل چاندی یا سونا۔

قَنطَرہ ۔ع۔ عمدہ اور مضبوط پل کا بنانا۔ بڑا پل دریا کا۔ بنائے بلند۔ اونچی عمارت۔

قُنفُذ ۔ع۔ خارپشت ایک جانور ہے جسکے تمام بدن پر کانٹے ہوتے ہین۔ ہندی ساہی۔

قُنُق ۔ت۔ مہمان۔

قِنو ۔ع۔ خوشۂ خرمائے تازہ۔

قُنوَات ۔ع۔ جمع قنات کی چھوٹی نہرین

قَلَنْدَر - ف - اصل مین یہ لفظ کلندر تھا بمعنی کندۂ ناتراشیدہ - اصطلاحًا وہ فقیر جو بے پروا ہو اور پابند شرع نہو - رند بیباک -

قَلَنْدَری - ف - ایک قسم ہے خیمہ کی -

قَلَنْسَہ - ع - کلاہ - ٹوپی - ظاہر قلنسہ
قَلَنْسُوَہ - ع - مخفف ہے قلنسوہ کا -

قَلَنْغَہ - ت - محاصرہ کرنا - گھیر لینا - خوراک پیادے کی جو گانون پر دستک جائے -

قُلُوب - ع - جمع قلب بمعنی دل کی -

قَلُوص - ع - جوان اونٹنی -

قُلَّہ - ع - پہاڑ کی چوٹی - ہر چیز کے سر کی نوک - بڑا مٹکا جسمین چھ سو رطل پانی سماتے -

قُلَہ - ع - بغیر تشدید لام کے گھوڑیکا ایک قسم کا رنگ جو مائل بہ زردی ہوتا ہے - مثل بادام کے اور ایال کے بالون سے دُم تک ایک سیاہ خط پیٹھ پر ہوتا ہے -

قُلی - ت - غلام -

قِلی - ع - ماہی توے مین کسی چیز کا بھونا

قِلّی - ع - سمجی مشہور کھار ہے -

قَلْیان - ف - حُقہ -

قَلیب - ع - پرانا کچا کنوان -

قَلیج - ف - شمشیر - تلوار -

قُلَیدِس - ع - نام حکیم کا نام اسکی کتاب کا اشکال علم ہندسہ مین مخفف اُقلیدس کا ہے -

قَلیَہ - ع - ماہی توے مین گوشت بھنا ہوا - مگر استعمال اس لفظ کا اُس گوشت پر ہے جو گھی اور مصالح وغیرہ کے ساتھ پتیلی وغیرہ مین شوربا دار پکتا ہے -

فصل قاف مع میم

قُم - ع - صیغہ امر کا ہے - اُٹھ کھڑا ہو -

قُمّ - ع - نام شہر کا نزدیک اصفہان کے -

قُمّ - ع - گھر مین جھاڑو دینا -

قُمّا - ت - کنیزک - لونڈی -

قُماج - ت - ایک قسم روٹی کی اور اسکو کماج بھی کہتے ہین -

قِمار - ع - ہر بازی جسمین شرط لگائی جائے وہ بازی جسمین روپیہ کی لین دین کی شرط ہو - ہندی جُوا -

قُمار - ع - نام ایک موضع کا بلاد ہند سے جہان اگر بہت عمدہ پیدا ہوتا ہے اور اسی شہر کی طرف منسوب کرکے عود قماری مشہور ہے -

قِمار باختن - ف - جُوا کھیلنا -

قِمار باز - ف - جُواری -

قُماری - ع - عود کی صفت ہے منسوب طرف شہر قمار کے - اور جمع قمری پرند مشہور کی

قُماش - ع - اسباب گھر کا اسباب - کپڑے ریشمی وغیرہ - اور بمعنی جوہر اور صفت کے بھی

قِماط - ع - وہ کپڑا جسمین نئے پیدا ہوے لڑکے کو خوب لپیٹ کے باندھ دیتے ہین فقط سر کھلا رکھتے ہین اور یہ رسم ولایت کی ہے فارسی مین اسکو غُنْدک کہتے ہین -

قُماما - ع - گھر کا کوڑا کرکٹ جو جھاڑو دیکر ایک جگہ پھینکدیا جاتا ہے - آدمی کا گروہ

قُمچی - ت - تازیانہ - کوڑا - چابک -

قُمح - ع - گیہون بھنے ہوے اناج کا آٹا جسکو ہندی مین ستو کہتے ہین -

قُمحُدُوَہ - ع - پس سرمیے وہ مقام کھوپرے کا جو چت لیٹنے مین زمین سے ملجاتا ہے -

قَمر - ع - جوے مین اپنے حریف پر غالب آنا

قُمر - ع - چیرین سفید اور روشن جمع اقمر کی

قَمَر - ع - چاند - واضح ہو کہ چاند رات سے تین شب تک چاند کو ہلال کہتے ہین اور پھر آخر مہینہ تک قمر - اور کیمیا گرون کی اصطلاح مین قمر چاندی کو کہتے ہین -

قَمَراء - ع - چاندنی - روشنی ماہ -

قَمَران - ع - دونون تثنیہ قمر کا ہے
قَمَرَین - ع - اور مراد اس سے چاند اور سورج یہ تثنیہ تغلیبی کہلاتا ہے اسلیئے کہ محاورہ عرب مین قمر مذکر ہے اور شمس یعنی سورج مؤنث ہے جسطرح ماں اور باپ کو والدین کہتے ہین اسلیئے اگر مرد غالب ہے یا عورت پر والدین نہین کہتے

قَمَرغَہ - ت - نگارگاہ -

قَمَرہ - ع - جوا جوے کا گھر - قمار خانہ -

قُمری - ع - نام مشہور پرند کا -

قُمری - ع - منسوب قمر سے -

قُمطُر ۔ء۔ موٹا اونٹ چھوٹے قد کا آدمی وہ صندوق جسمین کتابون کو رکھین۔ اور بمعنی کتاب کے جزدان کے بھی لکھا ہے

قَمَع ۔ء۔ توڑنا۔ جراکیدنا۔ گرز مارنا کسی چیز پر

قَمقام ۔ء۔ بڑا چھرا۔ دریا۔ سردار قوم

قمقمہ ۔ء۔ نام ایک چھوٹے گول ظرف کا جسکو فارسی مین کوزہ کہتے ہین۔

قَمَل ۔ء۔ سپش۔ جُون۔

قَمل ۔ء۔ جوؤن کا پڑجانا۔ شکم کلان یعنے بڑے پیٹ کا ہونا۔

قَمل ۔ء۔ گنہ۔ ہندی چچڑی۔ کلنی۔

قِمَم ۔ء۔ جمع قمہ کی۔ ہر چیز کے سر ونکی نوکین مجازاً بلندیان۔

قِمّہ ۔ء۔ بلندی ہر چیز کی۔ ہر چیز کے سر کی ٹک۔ بلندی۔ کلس۔

قِمہ ۔ت۔ نام ایک ہتھیار کا۔

قِمّی ۔ء۔ منسوب طرف قم کے جو نام شہر کا ہے ایران مین۔ تخلص ایک شاعر کا۔

قمیص ۔ء۔ کرتہ۔ پیراہن۔

قمین ۔ء۔ سزاوار لائق۔

فصل قاف مع نون

قَنات ۔ء۔ چھوٹی نہر نیزہ آتخوان سہ پہلو

قَنات ۔ت۔ پردہ دلدار جو قائم مقام دیوار کے ہوتا ہے اور مشہور ہے۔

قَنّاد ۔ء۔ قند بنانے والا۔ حلوائی شکر اور قند وغیرہ بنانیمین ہندی کھنڈسال۔

قَنادِیل ۔ء۔ جمع قندیل کی۔

قُنّار ۔ء۔ وہ لکڑی یا لوہے کی سلاخ وغیرہ جسپر قصاب لوگ ساری بکری کو بعد ذبح کرنے کے کھال وغیرہ صاف کرکے لٹکا دیتے ہین اور ٹکڑے ٹکڑے کرکے بیچتے ہین۔

قِناع ۔ء۔ ایک پردہ دوسرا اوپر مقنعہ کے ڈال لیتے ہین۔ اور بعضون نے بمعنی مقنعہ کے بھی لکھا ہے

قَناعَت ۔ء۔ راضی ہونا تھوڑی چیز پر

قِنَب ۔ء۔ ایک درخت ہے جسکی پتی نشہ لاتی ہے۔ ہندی بھنگ۔

قَنبَر ۔ء۔ نام حضرت علیؑ کے غلام کا۔

قَنبُورہ ۔ت۔ ایک قسم کا لباس رنگین جسکے دامن چھوٹے ہوتے ہین اور بند آستین بہت ہوتے ہین۔ وہ تسمہ جو جراب پر باندھ لیتے ہین تاکہ گرد اُسکے اندر نہ جائے۔

قَند ۔ء۔ سفید شکر۔

قُنداق ۔ت۔ وہ لکڑی جسمین بندوق کی نال چسپان کرتے ہین۔ عرف مین اسکو کندہ کہتے ہین۔

قُندُر ۔ت۔ نام ایک ولایت کا قریب ظلمات کے نام ایک جانور سیاہ رنگ کا مشابہ کتے کے جو کہ ترکستان مین ہوتا ہے اسکی کھال کا بہت عمدہ پوستین بنتا ہے مجازاً اس جانور کے پوست کو بھی قندر کہتے ہین اور بعضون کا قول ہے کہ قندر دریائی کتا ہے اُسکا پوست نہایت گرم ہوتا ہے اور اسی کا خصیہ جندبیدستر کہلاتا ہے جو نہایت مقوی باہ ہوتا ہے۔

قَندمکرّر ۔ف۔ وہ قند جسکو دوبارہ صاف کرتے ہین اور اس مرتبہ یہ نہایت صاف اور براق ہوجاتا ہے اور اکثر قند مکرر سے معشوق کے ہونٹ مراد ہوتے ہین۔

قِندیل ۔ء۔ فانوس جسمین چراغ جلاتے ہین اور یہ فتح قاف غلط مشہور ہے۔

قِندیلِ آب ۔ف۔ وہ شیشہ کا ظرف جسمین آدھی دور پانی بھر کے اوپر تیل ڈالتے ہین اور بتی اُسکے اندر رکھ کے روشن کرتے ہین

قَنص ۔ء۔ شکار کرنا۔ دام بچھانا۔

قِنطار ۔ء۔ ایک کھال بیل کی چاندی یا سونے سے بھری ہوئی اور بعضے کہتے ہین کہ قنطار ایک سو بیس رطل چاندی یا سونا۔

قَنطَرہ ۔ء۔ عمدہ اور مضبوط پل کا بنانا۔ بڑا پل دریا کا۔ بنائے بلند۔ اونچی عمارت۔

قُنفُذ ۔ء۔ خارپشت ایک جانور ہے جسکے تمام بدن پر کانٹے ہوتے ہین۔ ہندی ساہی۔

قُنُق ۔ت۔ مہمان۔

قِنو ۔ء۔ خوشۂ خرمائے تازہ۔

قُنوات ۔ء۔ جمع قنات کی چھوٹی نہرین

قُنوان - ع - جمع قنو کی - خوشے خرما
تازہ کے اور تثنیہ بھی ہے یعنے دو خوشہ خرما
قُنوت - ع - فرمانبرداری - تابعداری دعا
مانگنا - خاموشی - نام دعاے مشہور کا جو نماز
میں پڑھی جاتی ہے - چھوٹی نہرین - پیٹھ
کی ہڈی کی گریان -
قُنوط - ع - ناامیدی - ناامید ہونا -
قَنُوط - ع - ناامید -
قُنُوع - ع - قانع ہونا - راضی رہنا کم چیز پر
قَنُوع - ع - بڑا قانع - ہر حال میں راضی -
قُنینہ - ع - سرمایہ - پونجی -
قِنینہ - ع - شیشہ اور صراحی شراب کی -

فصل قاف مع واؤ

قُوّا - ع - جمع قوت کی -
قَوّاد - ع - دلال - کٹنا - قرم دلیث -
قَوارع - ع - جمع قارعہ کی سختیاں - زمانہ
کے حادثے - بلائیں -
قُوارہ - ع - گول ٹکڑا کسی چیز کا - گول کترا
جو درزی لوگ گریبان وغیرہ میں سے بطور
جھالر کے نکالتے ہیں -
قَوّاس - ع - کمان بنانے والا -
قَواعِد - ع - جمع قاعدہ کی - نام کتاب کا
قَوافِل - ع - جمع قافلہ کی -
قَوّال - ع - گویا - ڈوم - کلاونت اور
اصلی معنی اسکے مرد زبان آور اور بسیار گو -
قَوام - ع - راستی - سچائی - عدل -
قِوام - ع - نظام - اصل کسی چیز کی - اور بمعنے
آراستگی - باقی رہنا - کھڑا ہونا - کسی چیز کی
بقا - بندش کے بھی آیا ہے -
قَوانین - ع - جمع قانون کی -
قَوائم - ع - جمع قائمہ کی کسی چیز کے پائے -
جنکے سبب سے وہ چیز تھمی رہے - آدمی اور
کل جانوروں کے ہاتھ اور پانوں -
قُوبا - ع - نام مرض کا - ہندی داد -
قُوّت - ع - طاقت زور -
قُوت - ع - خوراک - کھانا -
قُوّۃ الظّہر - ع - طاقت پیٹھ کی اور کنایہ
حامی اور مددگار اور پشت پناہ سے -
قُورچ - ت - لڑائی کا میدان شاستا خار - اور
یہ لفظ قیچ بجارت داد معروف بھی آیا ہے -
قَوّاد - ع - قاتل کو قتل کرنا مقتول کے
عوض میں قصاص -
قُورُ - ت - داد (بھول) سے سلاح ہتھیار -
قُورت - ت - داد معروف سے خشک ہی -
قُورچی - ت - ہتھیار بند - سپاہی - سلاحدار
یعنے جسکے پاس ہتھیار رہیں - کمار - اہتمام
کرنے والا دربار بادشاہی کا -
قورچی باشی - ف - سردار سپاہیوں کا -
دار وغہ سلاح خانہ -
قُورخانہ - ف - وہ مکان جسمیں ہتھیار رہیں
قُورمہ - ت - مطبق بھنی ہوئی شے خصوصاً
گوشت بھنا ہوا -
قَوس - ع - کمان - ٹکڑا دائرے کا
نام ایک برج کا آسمان پر -
قَوسُ السّماء - ع - قوس قزح - دھنک
قَوسِ قُزَح - ع - دھنک جو رنگ
برنگ کی ہوتی ہے اور اکثر برسات میں بعد کھلنے
ابر کے آسمان پر دکھائی دیتی ہے اور اسکو کمان
رستم اور کمان شیطان بھی کہتے ہیں - قزح
ماخوذ ہے قرحہ سے جسکے معنی زرد اور سرخ اور
سبز کے ہیں یا ماخوذ ہے قرح سے جسکے معنی بلند
کے ہیں - یا منسوب ہے قرح سے جو نام ایک
فرشتہ موکل ابر کا ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ قزح
نام شیطان کا ہے اسی سے اسکو کمان شیطان
اور کمان رستم بمناسبت اسکے بڑے ہونے کہتے ہیں
قَوسِ مُشکِلین - ف - کنایہ معشوق کی بھوؤں سے
قُوش - ت - پرند شکاری مثل شکرہ اور
جرہ اور شاہین وغیرہ خصوصاً باز کے -
قُوشچی - ت - میر شکار -
قُوقہ - ت - گریبان وغیرہ کا ٹکمہ -
قَول - ع - گفتار - گفتگو - کہنا بات کا -
اور موسیقی کی اصطلاح میں وہ گیت
جسمیں عبارت عربی بھی شامل ہو -
قُول - ت - رومیوں کی فوج - انبوہ سپاہ کا
قُولقچی - ت - نوکر - خدمتگار -

قَوْلنامہ ف - اقرار نامہ - وہ کاغذ جسمین قول و قرار لکھا جائے -
قَوْلَنج ۔ء - وہ درد شدید جو قولون انتڑی مین پیدا ہوتا ہے - بفتح لام بھی درست ہی -
قَوم ۔ء - گروہ آدمیون کا -
قومہ ۔ء - ایک مرتبہ اُٹھنا - ایکبار کھڑا ہونا
قُوَّة ۔ء - قوت - استعداد - امکان -
قَوِی ۔ء - مضبوط - طاقت والا -
قَوِی پشت ۔ف - بہادر - دلیر -
قَوِیم ۔ء - سیدھا - راست - استوار -
قَوِیمَہ ۔ء - ہر چیز پُوست جو سیدھی اور مضبوط ہو

فصل قاف مع ہاے ہوّز

قَہّار ۔ء - بڑا قہر کرنے والا - اور صفت خدائے تعالے کی ہے -
قَہر ۔ء - زبردستی کرنا - زور کرنا -
قَہرمان ۔ سب معرب کہرمان کا - وکیل کارفرما خزانچی - حاکم - صاحب غلبہ - مجازًا وہ حکومت اور حکم جو قہر اور جلال کیساتھ ہو -
قُہستان ف - نام ملک کا خراسان مین -
قَہقاہ ۔ء - کھل کھلا کر ہنسنا - زور کی ہنسی
قَہقَہہ ۔ء - قہقاہ اور قہقہا نام ایک قلعہ کا ہے ایران مین -
قَہوَہ ۔ء - نام ایک تخم کا جو کسیلا اور سیاہ ہوتا ہے ہندی مین اُسکو بُن کہتے ہین اسکو پانی مین جوش کرکے پیتے ہین -

فصل قاف مع یاے تحتانی

قَے ۔ء - اُبکائیون کے ساتھ کھایا ہوا کھل دینا
قِیادَت ۔ء - رہبری کرنا - رستہ بتانا - اور مجازًا بمعنی قرمساقی اور دلالی کے بھی آتا ہی -
قِیاس ۔ء - اندازہ - اندازہ کرنا دو رسان دو چیز کے برابر کرنا فکر سے ایک کو ساتھ دوسرے کے کسی بات مین - اور منطق کی اصطلاح مین ایک قول ہے مرکب دو جملون سے جس سے نتیجہ نکلے اور اسکو اصطلاح منطق مین شکل بھی کہتے ہین
قِیاس مَعَ الفارِق ۔ء - قیاس کرنا ایک چیز کا دوسری چیز پر بغیر اسکے کہ ان دونون چیزون مین کچھ مناسبت اور مشارکت ہو -
قِیاسی ۔ء - وہ چیز جو موافق قیاس اور قاعدہ کے ہو منسوب قیاس سے -
قِیافہ ۔ء - صورت دیکھکر اچھی یا بُری علامت کے دریافت کرلینے کا علم -
قِیام ۔ء - کھڑا ہونا - استادہ ہونا -
قِیامَت ۔ء - مصدر ہے بمعنی قائم ہونا اور قیامت مشہور کو قیامت اسی وجہ سے کہتے ہین کہ اُس روز تمام مُردے زندہ ہوکر کھڑے ہو جائینگے اور فارسی مین لفظ قیامت بمعنی نہایت اور بہت اور کار عجیب کے بھی مستعمل ہوتا ہے جیسے (فلان طفل قیامت شوخ است)
قِیامَت کَرْدَن ف - عجیب و غریب کام کرنا - کسی کام مین طاقت سے زیادہ کوشش کرنا -

قِیان ۔ء - جمع قینہ کی گانیوالی لونڈیان -
قِیچی ۔ت - مقراض -
قَیح ۔ء - پیپ جو زخم مین پڑجاتی ہے -
قَید ۔ء - بند - بیڑی - کتاب کا شیرازہ شکنجہ جسمین کتاب دبا دیتے ہین -
قَیدُالاَسنان ۔ء - دانتونکی جڑ و لثکا گوشت جسکو ہندی مین مسوڑھا کہتے ہین -
قَیدَافہ ف - نام نوشابہ کا جو ملک بردع کی ملک تھی اسکا قصہ سکندر نامہ مین مذکور ہی -
قَیدبند ف - حصار نام ایک قلعہ کا ہی -
قَیدی ۔ف - بندھوا -
قِیر ف - ایک قسم کا سیاہ روغن ہی جو خارشتی اونٹونپر ملا جاتا ہے - اور ایک قسم کا گوند ہے سیاہ اور نہایت چپکنے والا جو جہازون اور کشتیون کی درارون مین بھر دیتے ہین تاکہ پانی اندر نہ آوے اور بعضون نے بمعنی رال لکھا ہی
قِیراط ۔ء - آدھا دانگ یعنی چار جو کی مقدار -
قیروان ۔ء - نام ملک کا نزدیک افریقہ کے
قِیرِوطی ۔ی - موم روغن -
قَیس ۔ء - عرب مین نام ہے ایک قبیلہ کا جو قیس کی اولاد سے ہے - نام مجنون عاشق لیلیٰ کا
قَیصَر ۔ء - لقب بادشاہ روم کا جو کوئی ہو - واضح ہو کہ زبان رومی مین قیصر اُس بچہ کو کہتے ہین جسکی مان اُس بچے کے جننے کے وقت مرجائے اور پھر اُس عورت کا پیٹ چاک کرکے

وہ بچہ نکال لیا جاوے - چونکہ پہلا بادشاہ روم کا اغسطوس نام اسی طرح پیدا ہوا تھا اسلیئے اُسکا خطاب قیصر ہوا - اُس روز سے اب ہر بادشاہ روم کا لقب ہو گیا -

قیصریہ - ع - نام شہر کا -

قیصور - ع - نام شہر کا جہان کا فوز نہایت عمدہ پیدا ہوتا ہے -

قیطون - ت - جو کرخ ابریشم سے تار چاندی یا سونے کے ملمع کے لگا کر بنتی ہے -

قیفال - ع - نام ایک رگ کا ہے جس سے خون نکالنا سر اور چہرے اور گلے کی اکثر بیماریون کو دور کرتا ہے اسلیئے عرف مین اُسکو سرا رگ کہتے ہین

قیل - ع - نام ایک بیابان کا - کنایہ کلام اور سخن سے اس صورت مین قیل و قال کا مخفف ہے

قیل - ع - نام ایک مرد کا - دوپہر کو خراب پینا - وہ شخص جو دوپہر کو سوتا ہو - اور بمعنی بادشاہ اور اس معنی کر کے اقبال جمع ہے -

قیل و قال - ع - گفتگو اچھی ہو خواہ بری -

قیلولہ - ع - دوپہر دن چڑھے کے وقت سونا

قیلہ - ع - ایک قسم کی بیماری جسمین خصیہ بڑا ہو جاتا ہے اور یہ فتق کی ایک قسم ہے -

قیمہ - ع - جمع ہے قیمت کی -

قیم - ع - نگاہ رکھنے والا اور قائم رکھنے والا کسی چیز کا - ایک نام خدا کے نامون سے -

قیماز - ت - لونڈی - خدمتگار -

قیماق - ت - دودھ پر کی ملائی -

قیمت - ع - مول - قدر -

قیمتی - ع - جو شے قیمت والی ہو -

قیمہ کردن - ت - ریزہ - ریزہ کرنا -

قین - ع - آہنگر - لہار -

قین - ت - زوجہ - چھری و تلوار کا میان

قینہ - ع - گانے والی لونڈی -

قیوُد - ع - جمع قید کی - قیدین -

قیوُم - ع - صیغہ مبالغہ کا ہے - بہت بڑا قائم ہونے والا - بہت بڑا نگاہ رکھنے والا - اور ایک نام خدا تعالے کے نامون مین سے -

باب کاف عربی

فصل کاف مع الف

کابک - ف - پرندون کا آشیانہ عموماً اور گھر کبوترون کا خصوصاً -

کابوس - ع - ایک حالت ہے کہ سوتے ہوئے آدمی کو لاحق ہوتی ہے اسطرح کہ آدمی کوئی شکل ڈراونی یا کوئی ہنگامہ آفت کا خواب مین دیکھکر ڈرتا ہے اور تمام جسم اُسکا بوجھل ہو جاتا ہے اور باوجودیکہ سوتے مین غل مچاتا ہے مگر آواز نہین نکلتی - اور اُسکا نام عربی مین ضاغطہ بھی ہے اور فارسی مین سکابہ کہتے ہین -

کابیشہ - ف - یاے معروف سے کل عصفر - ہندی مین کسنبھ کہتے ہین -

کابین - ف - وہ روپیہ جو شوہر بروقت نکاح زوجہ کو دینا منظور کرتا ہے عربی مین مہر کہتے ہین

کات - ف - نام ایک شہر کا خراسان سے جو نزدیک خوارزم کے واقع ہے - اور ایک درخت کی لکڑی کا عصارہ جو پان مین کھاتے ہین ہندی کتھا

کاتب - ع - لکھنے والا - محرر -

کاج - ف - اَحوَل - بھنگا - اور کلمہ تاسف افسوس کا اس معنی مین کاش کی شین جیم عربی سے بدلگئی ہے - نام درخت کا قسم خورما -

کاچیرہ - ف - یاے معروف سے کل عصفر ہندی مین کسنبھ کہتے ہین -

کاچار - ف - گھر کا اسباب -

کاچال - ف - اسباب خانہ -

کاچک - ف - سر کے اوپر کی ہڈی - مغز کے اوپر کی ہڈی - چندیا -

کاچہ - ف - زنخ - ٹھوڑی -

کاخ - ف - عمارت بلند - محل -

کاخ مُشتَری - ف - برج حوت -

کاخ مجازی - ف - کنایہ دنیا سے -

کاد - ف - حرص - لالچ -

کادی - ع - نام ایک درخت کا جسکا

کاذی - ع - پھول نہایت خوشبو ہوتا ہے ہندی مین اُسکو کیوڑہ کہتے ہین -

کاذب - ع - جھوٹا - دروغگو -

کار - ع - کام - مجازاً بمعنی پیشہ - ہنر -

کارُبند۔ ف۔ کام کرنیوالا۔ اطاعت کرنیوالا۔
کارُبستن۔ ف۔ عمل مین لانا۔
کارُبجان رسیدن ف۔ قریب ہلاکت پہونچنا۔
کارُد۔ ف۔ رائے موقوف سے چاکو چھری اور بفتح رائے مہملہ غلط ہے۔
کارُدواز۔ ف۔ عامل کارگزار۔ وزیر بادشاہ کے آگے کام کرنیوالا۔
کارُدان۔ ف۔ کام جاننے والا۔ عاقل ہنرمند۔ بادشاہ کا وزیر۔
کارُدہا شُستخوان رسیدن۔ ف۔ کنایہ نہایت تنگ آنے اور قریب ہلاکت پہونچنے سے۔
کارُدست بستہ۔ ف۔ مشکل کام جو کہ آسانی سے نہو سکے۔
کارزار۔ ف۔ جنگ۔ لڑائی۔ مقابلہ۔
کارشناس۔ ف۔ کام کو پہچاننے والا۔
کارطلب۔ ف۔ کنایہ شجاع اور بہادر سے۔
کارفرما۔ ف۔ کام بتلانیوالا۔ حاکم۔
کارکسی ساختن۔ ف۔ کسیکو مار ڈالنا۔
کارکسی شدن۔ ف۔ کسی کا مرجانا۔
کارکن۔ ف۔ کام کرنیوالا۔ کارندہ۔
کارکیا۔ ف۔ یہ مقلوب الاضافت ہے یعنے کیائے کار یعنی صاحب کار جسکے متعلق بہت سے کام ہون۔ مراد اُس سے بادشاہ وزیر
کارفرما۔ کارگزار۔ کارندہ۔
کارکیائی۔ ف۔ بادشاہی۔ کارفرمائی۔
کارگاہ۔ ف۔ ہر چیز کے بنانے کی جگہ عموماً اور کپڑا بُننے کا مقام خصوصاً۔
کارگر۔ ف۔ کام کرنیوالا۔ ہنرور۔ اور زمین مین ایک جگہ کنایہ خالق سے۔
کارگزار۔ ف۔ نوکر۔ کارندہ۔
کارمند۔ ف۔ خدمتگار۔
کارنامہ۔ ف۔ تصویر دن کا مرقع جو نقاش اپنے اظہار کمال کے لیے تیار کرتے ہین جنگنامہ کتاب تواریخ کی۔ کتاب قوانین ریاست اور عدالتکی جسکو کتاب آئین اور دستور العمل بھی کہتے ہین
کاروان۔ ف۔ قافلہ۔
کاروانسرا۔ ف۔ جسمین قافلہ اور مسافر اُترے۔
کاریدن۔ ف۔ بیج کا بونا۔
کاریز۔ ف۔ یاے مجہول سے نالی پانی دینے کی کھیت مین۔ وہ نالی جو ندی سے کھود کر کھیت مین لیجاوین تاکہ کھیت مین پانی دیا جاوے پنجابی زبان مین اسکو کول کہتے ہین۔
کاریگر و کردن۔ ف۔ قطع معاملہ کرنا۔ دوستی اور محبت کا قطع کرنا۔
کاریگر۔ ف۔ مزید علیہ کارگر کا۔ ہنرمند۔ کام کرنے والا۔
کازہ۔ ف۔ وہ گڑھا جسمین صیاد چھپکر بیٹھتے ہین شکار پکڑنے کی تاک مین اور اُس گڑھے کے منہ کو درخت کی ٹہنیون سے چھپا لیتے ہین تاکہ شکار دیکھکر بھڑکے نہین۔ کھیت والون اور غریب آدمیون کا جھونپڑا جو کھیرا اور بھوس کا ہوتا ہے جھولا جو رسی سے درخت وغیرہ پر ڈالکر جھولتے ہین
کاژ۔ ف۔ اخول بھنگا۔ ایک قسم صنوبر کی۔
کاژیرہ۔ ف۔ یاے معروف سے۔ گل عصفر ہندی مین کسنبھ کہتے ہین۔
کاس۔ ف۔ نقارہ۔ خوک۔ سُور۔
کاس۔ ع۔ پیالہ شراب سے لبالب اور بمعنی مطلق جام کے بھی آیا ہے۔
کاسات۔ ع۔ جمع کاسہ یعنی پیالہ کی
کاسب۔ ع۔ کسب کرنیوالا۔ کمانیوالا۔ پیشہ سے پیدا کرنے والا۔
کاستن۔ ف۔ گھٹنا۔ گھٹانا۔
کاسد۔ ع۔ بے رواج۔ کھوٹا۔ جس چیز مین کچھ کھوٹ ملی ہو اور اسوجہ سے کوئی اُسکے خریدنیکی رغبت نہ کرے۔
کاسر۔ ع۔ توڑنے والا۔
کاسف۔ ع۔ چھپانے والا۔ پوشیدہ کرنیوالا بدحال۔ ترشرو۔
کاس موے۔ ف۔ یعنے موے کاس یعنی اُسکے سُور کے بال اسلیئے کہ کاس بمعنی سور ہے۔
کاسہ۔ ع۔ پیالہ۔
کاسہ بازی۔ ف۔ ایک قسم کا تماشہ جو بازیگر کرتے ہین۔ مجازاً بمعنی مکاری۔
کاسہ بر سر کسی شکستن۔ ف۔ کسی کو رسوا

کرنا۔ کسی کا عیب ظاہر کرنا۔
کاسہ بند کردن ف۔ خوشامد کرنا۔ کسی سے کسی شے کی اُمید اور طمع کرنا۔
کاسۂ فغفور ف۔ چینی کا پیالہ۔
کاسہ لیسان ف۔ لالچی۔ فقیر۔ کمینے خوشامد کرنے والے پست ہمت لوگ۔
کاش ف۔ خدا کرے۔ امید یوں ہے۔ یہ کلمہ تمنا اور آرزو کا ہے اور بمعنی شیشہ بھی۔
کاشانہ ف۔ جھونپڑا۔ چھوٹا گھر۔ یہ کلمہ تحقیر کا ہے۔ جاڑوں کے رہنے کا وہ مکان کہ جسمیں چاروں طرف روشندانوں میں شیشے لگے ہوں مثل حمام کے تاکہ روشنی آوے اور ہوا نہ آسکے اسلئے کہ کاش بمعنی شیشہ ہے۔
کاشت ف۔ کھیتی کرنا۔ یہ ماضی بمعنی مصدر ہے
کاشتن ف۔ بونا۔ بیج بونا۔
کاشف ء۔ کھولنے والا۔ دور کرنے والا۔ ظاہر کرنے والا۔ برہنہ یعنی ننگا کرنیوالا۔
کاشکے ف۔ یہ کلمہ بھی تمنا اور آرزو کا ہے۔
کاظم ء۔ غصہ مارنیوالا۔ غصہ کا کھانیوالا۔ لقب حضرت امام موسیٰ بن جعفر صادق علیہما السلام کا۔
کاغ ف۔ نام ایک پرند کا۔ کوّے کی آواز۔ نالہ۔ فریاد۔ چوپایوں کی جگالی۔ آک۔
کاغذ سب۔ معرب کاغذ کا۔ مجازاً نامہ۔
کاغذ باد ف۔ ہندی کنکوّا۔
کاغذ حلوا ف۔ ہر چیز ناقص اور ناکارہ اور وجہ مناسبت کی یہ ہے کہ جس کاغذ میں حلوا رکھا اور لپیٹا جاتا ہے وہ کاغذ پھر لکھنے وغیرہ کے کام کا نہیں رہتا اور بعضوں نے کہا ہے کہ ایک قسم کاغذ نفیس کی ہے۔
کاغذ زر ف۔ تمسک۔ قبالہ۔ ہنڈوی روپیہ کی۔ نوٹ۔
کاف ء۔ بازر کھنے والا۔ بچانے والا۔ پڑھا اونٹ جسکے دانت گھس گئے ہوں۔
کافتن ف۔ کھودنا۔ چیرنا۔
کافر ء۔ پوشیدہ کرنیوالا چھپانیوالا۔ چونکہ بیدین حق کو چھپاتا ہے اور اسلام کی طرف نہیں پھرتا ہے اسلئے کافر کہا۔ فارسیوں نے اُسکو بفتح فا بھی استعمال کیا ہے اور خنجر اور خنجر کے ساتھ قافیہ باندھا ہے۔ اور کافر بمعنی بڑی تلوار اور اندھیری رات کے بھی مجازاً آیا ہے۔
کاف ران ف۔ کنایہ عورت کی شرمگاہ سے۔
کافر اجرا ف۔ وہ شخص جسکا حال مثل کافر کے حال کے ہو۔
کافر اجرائی ف۔ مجازاً بمعنی ظلم و بیداد کے۔
کافر نعمت ف۔ چھپانیوالا نعمت کا۔ ناسپاس۔ ناشکرا۔
کافل ء۔ ضامن۔
کافور ء۔ نام دوا سفید اور خوشبو کا جسکو ہندی میں پھور کہتے ہیں۔ نام بہشتی چشمہ کا۔
کافور خوار ف۔ کنایہ نامرد سے۔
کافور خوردن ف۔ نامرد ہونا۔ کنایہ ہے عدم رجولیت سے اسلئے کہ کافور کا مزاج تیسرے درجہ میں سرد و خشک ہے اور شہوت کو کہ اسکے کھانیکی کثرت کرنے سے شہوت زائل ہوجاتی ہے
کافور و عنبر ف۔ سکندر نامہ میں ایک مقام پر مراد کاغذ کی سفیدی اور روشنائی کی سیاہی سے۔
کافوری عمامہ ف۔ مراد دستار سفید سے
کاف و نون ف۔ کنایہ لفظ کن سے ہے جو حقتعالےٰ نے کل مخلوقات کے پیدا فرمانے سے پہلے ارشاد کیا تھا اور اس لفظ کے فرماتے ہی سب پیدا ہوگئے۔ کن کلمہ عربی ہے بمعنی موجود ہوجا
کافہ ء۔ کل۔ ہمہ۔ سب۔ تمام۔
کافۂ انام ء۔ سب لوگ۔ کل آدمی۔
کافی ء۔ کفایت کرنیوالا۔ ضامن۔ نام کتاب کا علم فقہ میں۔ نام کتاب کا علم نحو میں مجازاً بمعنی دانا عقلمند۔ کارگزار۔ کارندہ پیشکار۔ ہندی میں نام راگنی کا۔
گاک ف۔ روٹی کی ایک قسم جو ٹکیہ کے شکل ہوتی ہے۔ بعضے کہتے ہیں روغنی ٹکیہ۔
کاکا ف۔ بڑا بھائی۔ گھر کا بوڑھا غلام
کاکل ف۔ زلف۔ بال سر کے آگے لٹکتے ہوئے گھوڑے کی گردن کے بال۔
کاکل شمع ف۔ دھواں جو شمع کے سر پر ہوتا ہے
کاکل صبح ف۔ صبح صادق۔
کالا ف۔ گھر کا اسباب غیر جاندار۔

کالبُد۔ ف۔ لام موقوف سے۔ قالب یعنی سانچا ہر چیز کا۔ تن اور بدن اور جسم آدمی اور دوسرے حیوانوں کا۔ بفتح با بھی آیا ہے۔

کالُم۔ ف۔ وہ عورت جو کنواری نہو۔ وہ عورت جسکا شوہر مرگیا ہو۔ وہ عورت جسکے شوہر نے اُسکو طلاق دیدی ہو۔

کالُوج۔ ف۔ چھوٹی اُنگلی ہاتھ کی۔

کالیدہ۔ ف۔ یاے معروف سے پریشان۔

کالیو۔ ف۔ یاے مجہول سے سرگشتہ حیران۔ پریشان۔ اچنبھ۔ دیوانہ۔ بہرا۔

کالیوگی۔ ف۔ سرگشتگی۔ حیرانی۔ دیوانگی۔

کام۔ ف۔ مراد۔ مقصد۔ مطلب۔ حلق کی چھت جسکو ہندی مین تالو کہتے ہین۔ اور زبان ہندی مین بمعنی شہوت اور جماع۔

کام پرشکر شدن۔ ف۔ سخت میٹھا ہونا۔

کام دل۔ ف۔ مراد معشوق سے۔

کامران۔ ف۔ جسکا مطلب ہوگیا ہو۔

کامگار۔ ف۔ کامیاب۔ مقصدور۔

کامگر۔ ف۔ مخفف کامگار کا۔

کانبل ء۔ پودا نام ایک بحر کا اُنیس حرفی اشعار سے۔

کام ناکام۔ ف۔ چار ناچار۔

کامن ء۔ چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ اور پوشیدہ ہونے والا۔

کامہ۔ ف۔ مراد مقصود کام۔ اور ایک چیز ترش مزہ جسکے ساتھ روٹی کھاتے ہین۔

کامیاب۔ ف۔ کام پانے والا۔ جسکا مطلب ہوگیا ہو۔ فتحیاب۔

کان۔ ف۔ معدن۔ کھان۔

کانون ء۔ آتشدان مطلقاً خواہ لہارون کی بھٹی ہو خواہ بھاڑ وغیرہ۔ دو مہینون کا نام زبان رومی مین جسکا ذکر ہوتا ہے۔

کانون الاوّل ء۔ ہندی مین تقریباً ماہ پوس اور انگریزی مین ماہ دسمبر۔

کانون الآخر۔ ء۔ ہندی مین تقریباً ماہ ماگھ اور انگریزی مین ماہ جنوری۔

کالی۔ ف۔ کھان کی چیز۔ معدنی۔

کاؤ۔ ف۔ امر ہے کاویدن سے یعنی کھود۔

کاواک۔ ف۔ خالی۔ بیمغز۔ کھوکھلی چیز۔

کاؤس۔ ف۔ ایک بادشاہ تھا عظیم الشان اسی کے نوکرون مین سے رستم پہلوان بھی تھا اور اُسکو کیکاؤس بھی کہتے ہین۔

کاوش ف۔ کھوج لگانا۔ تلاش کرنا۔

کاوُکاوُ۔ ف۔ تلاش تجسس۔ کاوش اور بعضون نے بمعنی آواز کے بھی لکھا ہے۔

کاوہ۔ ف۔ نام ایک لُہار کا جسنے ضحاک کو خروج کرکے فریدون کو تخت پر بٹھایا تھا۔

کاوِی ء۔ کسی عضو پر آگ سے داغ دینے والا

کاویانی دُرفش۔ ف۔ فریدون کی فوج کا علم جسمین ف کاوہ لُہار کے اور یہ پلنگ کا پوست یعنے کھال تھی جسکو کاوہ کام کرتے وقت اپنی کمر پر باندھ لیتا تھا فریدون نے ضحاک سے جنگ کرتے وقت اُس چمڑے کو اپنی فوج کے علم پر باندھا تھا بعد فتح اسکو مرصع جواہر کیا۔

کاویدن۔ ف۔ کھودنا۔

کاہ۔ ف۔ سوکھی کٹی ہوئی گھاس۔

کاہ در دہان گرفتن۔ ف۔ کنایہ عاجزی کرنے اور امان چاہنے سے۔

کاہش۔ ف۔ کم ہونا۔ نقصان قبول کرنا۔

کاہکشان۔ ف۔ اُسکو کہکشان بھی کہتے ہین وہ لمبی راہ جو کبھی کبھی آسمان پر رات کو نظر آتی ہے اور یہ مہین مہین ستارون کی ہوتی ہے جو آپسمین ملے ہوے اور گھنے ہوتے ہین اور اُسکو کاہکشان اسلیئے کہتے ہین کہ یہ مثابہ ہے اُس لمبی لکیر سے جو نرم زمین پر گھاس پھوس کے کھینچنے سے پڑجاتی ہے۔

کاہ کہنہ بباد دادن ف۔ گذرے ہوے زمانہ کی باتون اور چیزون کا ذکر اپنی بڑائی کے لیئے کرنا۔ عزور کرنا۔ فخر کرنا۔ گپ مارنا۔

کاہل ء۔ سُست۔

کاہلی ء۔ سُستی۔

کاہن ء۔ فال کو۔ جادوگر۔ شگون لینے والا۔ جانورون کی آواز سے غیب کی باتون کو بتانے والا۔

کاہو ء۔ نام دوا ے مشہور کا۔

کاہیدن - ن - گھٹنا - گھٹانا -
کائد - ع - مکار - فریبیا -
کائن - ع - ہونیوالا - موجود -
کائنات - ع - دنیا - موجودات -

فصل کاف مع بائے موحدہ

کباب - ف - گوشت کو کوٹ کر گول کرکے اور کئی طرح سے آگ پر بھونتے ہین -
کباب تر - ف - کنایہ برف سے -
کباب در رسانیدن - ف - کباب پکانا -
کُبّاد - ع - درد جگر -
کَبّادہ - ع - بالکل نرم کمان - لیزم - جسکا چلہ لوہے کی کٹوریون کا ہوتا ہے اور اسکو پہلوان لوگ ہلاتے ہین -
کِبار - ع - جمع کبیر کی - بزرگ لوگ -
کَبّار - ع - بزرگ ہونا -
کُبّار - ع - بہت بڑا بزرگ -
کَبائر - ع - جمع کبیرہ کی - بڑے گناہ -
کَبت - ع - خوار کرنا - ذلیل کرنا ہلاک کرنا - منھ کے بل گرا دینا -
کَبِد - ع - } جگر کلیجہ جو عضو رئیس دہنی
کَبِد - ع - } طرف پہلو مین ہے لکبا جمع
کَبَد - ع - سختی - رنج - بلا -
کِبَر - ع - بزرگی - بڑائی - بزرگ ہونا -
کِبَر - ع - بڑھاپا - بوڑھا ہونا -
کِبر - ع - کالطواء ہے عرش مزہ اُسکا اچار
کِبر - ع - ایک پیو

پڑتا ہے اور خراسان مین بہت پیدا ہوتا ہی
کُبرا - ع - جمع کبیر کی بزرگ لوگ -
کُبرٰی - ع - ہر چیز مؤنث جو بڑی بزرگ ہو -
کِبرسن - ع - کلان سالی - بڑھاپا -
کِبریا - بزرگی - بزرگ پن - عظمت -
کِبریت - ع - گوگرد - گندھک - اور بمعنی خالص چاندی اور سونے کے بھی -
کِبریت اَحمَر - ع - سرخ گندھک - اور کنایہ اکسیر سے اسلیئے کہ سرخ گندھک سے اکسیر بنتی ہے مگر سرخ گندھک نا ناب ہی -
کَبس - ع - کنوئین کا خاک سے پاٹ دینا گریبان مین سر کا ڈال لینا - شبخون مارنا -
کَبس - ع - گڑھے مین منھ کے بل گرنا -
کِبس - ع - وہ مٹی جس سے کنوان پاٹا جاتا ہے -
کَبش - ع - مینڈھا جنگلی شاخدار -
کَبک - ف - چکور پرند مشہور ہے -
کَبوتر - ف - مشہور پرند ہے -
کَبوتر دم - ف - کنایہ بوسہ خاطر خواہ سے -
کَبود - ف - نیلگون - نیلا -
کَبیب - ع - منھ کے بل گرا ہوا -
کَبیر - ع - بزرگ - بڑا -
کَبیرہ - ع - بڑا گناہ -
کَبیسہ - ع - کنوان خاک سے پٹا ہوا - گل ہاڈی مٹی سے بھری ہوئی - اور اصطلاح مین لونڈے کے دن یعنی ۱۱ دن بحساب سال شمسی کے مقابلہ مین حساب قمری کے جو زائد آتے ہین انکو تین برس کے بعد جمع کرکے ایک مہینہ لونڈ کا جو سند و بڑھاتے ہین -
کُبَیشہ - ع - حضرت رسول صلعم کے غلام کا نام

فصل کاف مع بائے فارسی

کپان - ف - بڑی ترازو جس سے لکڑی وغیرہ تولتے ہین - ہندی مین تک کہتے ہین -
کپنگ - ف - گدڑی جو محتاج آدمی جاڑے مین اوڑھتے ہین -
کپی - ف - بوزنہ - بندر بعضے کہتے ہین کہ سیاہ بندر یعنے لنگور -

فصل کاف مع تائے فوقانی

کِتاب - ع - لکھا ہوا - لکھنا - نامہ - فرض کیا ہوا - آزاد کرنا غلام اور لونڈی کا بعوض اُنکے مال کے -
کُتّاب - ع - جمع تکسیر کاتب کی یعنی لکھنے والے مجازاً بمعنی مکتب کے جہان لڑکے پڑھین
کُتّاب - ع - مکتب -
کِتابَت - ع - لکھنا -
کُتابُون - ع - قیصر روم کی بیٹی کا نام جو گشتاسپ کے نکاح مین تھی اور اسی کے پیٹ سے اسفندیار پیدا ہوا تھا -
کِتابہ - ع - وہ عبارت جو مسجدون اور مقبرون اور سیرون کے دروازون پر لکھتے ہین یا پتھر پر کھود کے نصب کرتے ہین -

کتابی ۔ء۔ منسوب طرف کتاب کے جو بمعنی مکتب اور دبستان کے ہے۔

کتابی ۔ء۔ کافر کتابی۔ جو دین منسوخ رکھتا ہو

کتارہ ۔ف۔ یہ وہ حربہ ہے جسکو ہند کے لوگ کٹار کہتے ہین اور بعضون نے بمعنی خنجر اور تلوار کے بھی لکھا ہے۔

کتام ۔ء۔ بھید کا پوشیدہ رکھنا۔

کتان ۔ء۔ السی جس سے تیل نکلتا ہے اور ایک قسم کا کپڑا ہے نہایت باریک۔

کتائب ۔ء۔ جمع کتیبہ بمعنی لشکر کی۔

کتب ۔ء۔ جمع کتاب کی۔

کتبہ ۔ء۔ مصدر ہے بمعنے ایکبار لکھنا فارسی مین کبھی بمعنی مفعول یعنی لکھی ہوئی چیز کے بھی آتا ہے۔

کتبہ ۔ء۔ جمع کاتب بمعنی لکھنے والے کی

کتخدا۔ اسکی اصل کدخدا ہے یعنے گھر کا مالک صاحب خانہ۔ اور بمعنی لائق اور سزاوار کے بھی آیا ہے۔ گھر والا۔ گھر والی۔

کتخدائی ۔ف۔ شادی۔ بیاہ۔

کتف ۔ء۔ شانہ۔ کندھا۔ یہ اعراب اصلی ہین اور کِتف اور کَتف فرع ہے۔

کتکہ ۔ت۔ موٹا ڈنڈا۔

کتل ۔ف۔ ٹیلہ جو جنگل مین ہو۔

کتم ۔ء۔ چھپانا بھید کا پوشیدہ رکھنا مجازاً بمعنی پوشیدگی۔ پردہ۔

کتم ۔ء۔ ایک گھاس ہے جس سے خضاب کرتے ہین۔ نیل کی پتی۔

کتمان ۔ء۔ گواہی کا چھپانا۔ بھید کا پوشیدہ کرنا۔ پوشیدگی۔

کتیب ۔ء۔ یاے معروف سے لکھی ہوئی چیز۔

کتیب ۔ء۔ یاے مجہول سے امالہ کتاب کا

کتیبہ ۔ء۔ فوج۔ لشکر۔ نام ایک قلعہ کا بھی ہے خیبر کے قلعون سے۔

فصل کاف مع ثاے مثلثہ

کثافت ۔ء۔ بھدا ہونا۔ موٹا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ ضد لطافت۔

کثب ۔ء۔ بالو کے تودے بلند۔

کثبان ۔ء۔ جمع کثیب بالو کے تودے بلند

کثرات ۔ء۔ جمع کثرت کی۔

کثرت ۔ء۔ بہت ہونا۔ زیادتی۔ بہتایت مجازا انبوہ آدمیون کا۔ علاقے دنیا کے۔

کثیب ۔ء۔ بالو کا بلند تودہ۔

کثیر ۔ء۔ بہت زیادہ۔

کثیف ۔ء۔ جو لطیف نہو دلدار گندلا غلیظ موٹا۔

فصل کاف مع جیم

کج ۔ء۔ ٹیڑھا پن۔ کب۔ خم۔

کجا ف۔ کہان۔ کس جگہ۔ اور بمعنے ہرجا کے بھی آیا ہے۔

کجاوہ ۔ف۔ اونٹ پر ایک کاٹھی اسطرح باندھتے ہین جسپر دو شخص مقابل ایک دوسرے کے بیٹھتے ہین اُسکو کجاوہ بولتے ہین۔

کجدار و مریز ۔ف۔ وہ حکم جسکا بجالانا نہایت مشکل ہو بلکہ نہو سکے۔

کجک ۔ف۔ آنکس ہاتھی ہانکنے کا جو فیلبان کے ہاتھ مین ہوتا ہے۔ نقارہ بجانیکی چوب۔

کجکول ۔ف۔ وہ کاسہ جو فقیرونکے پاس ہوتا ہے جسمین بھیک کی چیزین مانگ کر رکھتے ہین۔

کجیج ۔ف۔ وہ شخص جسکی گفتگو فصیح نہو مہمل الفاظ بولنے والا۔ توتلا آدمی۔

کجراج ۔ف۔ کج۔ خم۔ اوندھا۔

کچہ ۔ف۔ انگلی مین پہننے کا چھلا چاندی وغیرہ کا جو بہت مشہور ہے۔

کچہ ۔ء۔ کپڑے کا گول گیند جسکو لڑکے بنا کر آپسمین کھیلتے ہین۔

کچی ۔ف۔ ٹیڑھا پن۔ کجڑاپن۔

کچیم ۔ت۔ برگستوان ہندی یا کھرچ گھوڑے

کچین ۔ت۔ جا پر بروز جنگ ڈالتے ہین۔

فصل کاف مع حاے مہملہ

کحال ۔ء۔ سرمہ لگا دینے والا۔ وہ حکیم جو لوگون کی فقط آنکھون کا علاج کرے۔

کحل ۔ء۔ قحط کا برس۔ سال قحط۔ آنکھ مین سرمہ لگانا۔

کحل ۔ء۔ سرمہ۔

کحل ۔ء۔ سیاہ رنگ سرمہ گون ہونا آنکھ کا

کُحل الجواہر ۔ع۔ وہ سرمہ جسمین بن بدھے موتی وغیرہ جواہر پڑتے ہین اور اسطرح کا سرمہ آنکھون کی روشنی کو بہت قوت دیتا ہے۔

کُحلی ۔ع۔ سرمئی رنگ۔ نام ایک کپڑے کا جو نفیس اور سیاہ رنگ ہوتا ہے اور اکثر ولایت کی عورتین اُسکو پہنتی ہین۔

کَحیل ۔ع۔ وہ شخص جسکی آنکھون مین سرمہ لگا ہو۔

فصل کاف مع خاے معجمہ

کُخ ۔ف۔ نام ایک گھاس کا جس سے بوریا بُنا جاتا ہے۔ وہ کیڑا جو میوہ وغیرہ مین پڑجاتا ہے۔ وہ صورت ڈرونی جس سے بچون کو ڈراتے ہین جیسے بیجہ وغیرہ۔

کُخ ۔ف۔ کڑوا مزہ۔ اور کلمہ نفرت اور منع کرنے کا بھی ہے۔

کُخ کُخ ۔ف۔ یہ وہ کلمہ ہے جو محل نفرت مین کہتے ہین۔ اور ہنسی کی آواز۔

کُخ کُخ ۔ف۔ کھانسی کی آواز

فصل کاف مع دال مہملہ

کَد ۔ف۔ خانہ۔ گھر۔ گانون۔

کَدام ۔ف۔ کون شخص۔ کون چیز یہ کلمہ استفہام کا ہے اور انسان اور غیر انسان اور کل اشیا پر بولا جاتا ہے۔

کَدبانو ۔ف۔ گھر کی مالک۔ بیوی گھر کی گھر کی بیگم۔ صاحب خانہ۔

کَدخُدا ۔ف۔ صاحب خانہ۔ مالک گھر کا اصطلاحاً وہ مرد اور عورت جنکی شادی ہوگئی ہو۔ گھر والا۔ گھر والی۔

کَدر ۔ع۔ تیرہ۔ گندلا۔ مکدر۔

کُدر ۔ع۔ گندلا پن۔ گندلا ہونا۔

کدر ۔ف۔ نام ایک درخت خوشبو کا جسکا پھول نہایت خوشبو ہوتا ہے سندی کپڑا

کُدُس ۔ع۔ خرمن ناکوفتہ۔

کدو ۔ف۔ نام ایک ترکاری مشہور کا۔

کدوے حجام ۔ف۔ چھوٹا سا کدو گول ہوتا ہے جو بعد پچھنہ مارنے کے پچھنے کے زخم پر ایک خاص تدبیر سے چپکا دیتے ہین تاکہ خون اُسمین کھنچ آوے۔ ہندوستان مین بجاے کدو کے مٹی کی کلھیا وغیرہ ہوتی ہے کہ اُسمین باندو وغیرہ جلاکے دھوان جب بھر جاتا ہے فوراً چپکا دیتے ہین اور اس ترکیب سے خون خوب کھنچ آتا ہے۔ یا سینگی کے ذریعہ سے دم کی کشش سے کھینچتے ہین۔

کَدُوخ ۔ف۔ مکان گرم۔ حمام۔ جام۔

کَدُوو ۔ف۔ کنوان۔ چاہ۔

کَدُورت ۔ف۔ گندلا پن۔ تیرگی۔

کَدہ ۔ف۔ خانہ۔ گھر۔ وہ۔ گانون۔

کَدیرہ ۔ف۔ مکدر۔ گندلا۔ پوشیدہ۔

کَدیور ۔ف۔ یاے مجہول سے۔ کسان۔ کھیتی کرنیوالا۔ باغبان۔ مالی۔ صاحب خانہ۔ گانون کا رئیس۔

فصل کاف مع ذال معجمہ

کذا ۔ع۔ ایسا۔

کِذاب ۔ع۔ جھوٹ بولنا۔

کَذّاب ۔ع۔ بہت بڑا جھوٹ بولنے والا۔

کذا وکذی ۔ف۔ بمعنی چنان وچنین اور کنایہ دشنام لینے گالی سے بھی۔

کِذب ۔ع۔ دروغ جھوٹ۔

کَذِب ۔ع۔ جھوٹ بولنے والا۔ جھوٹ بات

کَذّوب ۔ع۔ بڑا جھوٹا۔ بڑا کاذب۔

فصل کاف مع راے مہملہ

کر ۔ف۔ بہرا جسکو کم سُنائی دے۔

کرّ ۔ع۔ پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔ دشمن پر حملہ کرنا۔ وہ رسّی جسکو پکڑکے درخت پر چڑھیں۔

کِراو ۔ع۔ کرایہ دینا۔ کرایہ۔ بھاڑا۔

کِرا ۔ف۔ کسکے تئین۔ کسکو۔

کرّات ۔ع۔ بہت دفعہ۔ بہت مرتبہ یہ جمع کرت کی ہے۔

کُرّات ۔ع۔ جمع کرہ کی۔ گول چیزین۔

کُرّاث ۔ع۔ گندنا۔ ایک قسم کا ساگ ہی

کُرّاثی ۔ع۔ گندنا کی طرح کا رنگ۔

کراجیدن ۔ف۔ مرغی کا کڑکڑانا۔ انڈا دینے کیوقت۔

کرّار ۔ع۔ ہٹا دینے والا۔ دشمن پر بار بار حملہ کرنیوالا۔ لقب حضرت علی علیہ السلام کا اسوجہ سے کہ وہ حضرت لڑائی مین دشمنون کی

صف پر بیخوف وخطر برابر حملے فرماتے تھے۔
کَرَاریس۔ع۔ کتاب کے جزو۔ قرآن شریف کے پارے۔ یہ جمع کراسہ کی ہے۔
کَرَاز۔ع۔ بوتل شیشی۔ وہ کوزہ جسکا منھ تنگ ہو۔
کُرَّاسہ۔ع۔ کتاب کا ایک جزو۔ قرآن شریف کا ایک ٹکڑا یعنے ایک پارہ۔
کُرَّاسہ۔ع۔ قرآن مجید۔ مطلق کتاب۔
کُرَّاع۔ع۔ بکری یا گائے کے پائے۔
کِرَام۔ع۔ جمع کریم کی سخی اور بزرگ لوگ
کُرَام۔ع۔ کریم۔ بزرگ۔ سخی۔
کَرَّام۔ع۔ بہت بڑا کریم۔ بڑا سخی۔
کَرَامت۔ع۔ بزرگی۔
کِرَان۔ع۔ نام ساز کا۔ بربط۔
کَرَان۔ف۔ کنارہ اور انتہا کسی چیز کی۔
کَرَانہ۔ف۔ ہر چیز کا کنارہ۔
کَرَاہت۔ع۔ ناپسندی۔ ناخوشی۔
کَرَاہیت۔ع۔ ناپسند رکھنا۔
کِرَایہ۔ع۔ کسی چیز کا بھاڑا۔
کَرب۔ع۔ غم۔ رنج۔ دکھ۔ درد۔
کَرب۔ع۔ غمگین اور بے آرام ہونا۔
کَرَباس۔ب۔ معرب کرپاس کا۔
کَرپاس۔ف۔ پنبہ۔ روئی اور مجازاً بمعنی سوتی کپڑے کے مستعمل ہے۔
کَرپاسُو۔ف۔ چلپاسہ۔ چھپکلی۔

کُربَت۔ع۔ دکھ۔ رنج۔ مصیبت۔
کَربُس۔ف۔ چلپاسہ۔ چھپکلی۔
کربلا۔ نام شہر کا جہاں حضرت امام حسین علیہ السلام شہید ہوے ہین۔ اصل اس لفظ کی کرب بلا تھی باے اول حسب قاعدہ گر گئی ہے۔ کیونکہ جب دو کلمون کو ترکیب دینگے اور کلمۂ اول کا حرف اخیر اور کلمۂ دوم کا حرف اول ایک جنس کا ہوگا تو کلمۂ اول کے حرف اخیر کو حذف کر دیتے ہین۔
کَرَّت۔ع۔ نوبت باری۔ دفعہ۔
کَرَخ۔ف۔ مخفف کرخت بمعنی سخت کا۔
کَرَخ۔ع۔ نام ایک گانون کا قریب بغداد کے یا نام ایک محلہ کا بغداد مین۔
کَرخت۔ف۔ وہ عضو جو بے حس حرکت ہوجائے۔ اور بمعنی سخت کے مستعمل ہے۔
کَرد۔ف / کِرد۔ف } کار۔ عمل۔ کام۔
کُرد۔ع۔ نام ایک گروہ کا جسکے لوگ جنگل مین رہتے ہین۔ اکراد اس کی جمع ہے۔ اور وہ تعلقہ زمین کا جسکے کنارہ بلند ہون اور بیچ مین کچھ بویا ہو ہندی مین اسکو کیاری کہتے ہین اور یہ لفظ بمعنی شان کے بھی آیا ہے۔
کِردار۔ف۔ طرز۔ روش۔ کارکام عمل۔ فعل۔
کَردَر۔ف۔ سخت زمین۔ بلند پشتہ۔

کُردستان۔ف۔ نام ملک کا ایران سے
کُردک۔ف۔ قوی ہیکل پہلوان۔
کِردک۔ف۔ بیحیا۔ زبان آور۔
کَردگار۔ف۔ ترکیبی معنی اسکے خداوند گار اسلیئے کہ کرد بمعنی کار اور گار بمعنی خداوندی پس مراد حق تعالےٰ جلّ شانہ سے ہے۔
کردن۔ف۔ کرنا۔ اور کردن بمعنی شدن کے بھی آیا ہے۔
کِرس۔ع۔ گوبر۔
کُرسنہ۔ف۔ نام غلہ کا ہندی مٹر۔
کُرسی۔ع۔ چھوٹا تخت۔ چوکی۔ آٹھوان آسمان اور کرسی خط کی کنایہ ہے حرفون کے اپنے مقام پر ہونے اور دائرون کے برابر ہونے سے اور کرسی مکان کی مراد ہے بلندی زمین سے
کَرش۔ع۔ جگالی کرنے والے چوپایون
کِرش۔ع۔ شکنبہ جیسے آدمیون کا معدہ
کِرشمہ۔ف۔ ناز۔ غمزہ۔ آنکھ اور بھون کا اشارہ۔
کَرفس۔ع۔ نام دوا کا جسکی بو ناخوش اور تیز مانند اجوائن کے ہوتی ہے ہندی اجمود
کَرفس۔ف۔ چلپاسہ۔ چھپکلی۔
کُرکم۔ف۔ زعفران۔ کیسر۔
کَرکَن۔ف۔ ہر غلہ کچا جسکو آگ مین بھون کے کھائین خواہ بوٹون کی ڈالیان ہون خواہ گیہون اور جو کی بالیان

کُرکی - ء - کلنگ ایک پرند مشہور ہی۔
کَرَک - ف - مخفف کرگدن کا۔
کرگدن - ف - ایک جانور چوپایہ مشہور ہی جسکو ہندی مین گینڈا کہتے ہین یہ جانور بڑا زبردست اور ڈیل مین بھینسے سے بڑا اور ہاتھی سے چھوٹا ہوتا ہے اسکا چمڑا بڑا سخت اور پیشانی پر ایک سیدھا سینگ بڑا مضبوط ہوتا ہے جو سخت اور قوی کو پھاڑ سکتا ہی۔
کرگس - ف - ایک پرند مردار خوار جسکو ہندی مین گدھ کہتے ہین یہ جانور مین اکثر اسکے پروں کو لگاتے ہین - اور مجازاً تیر کے پروں کو بھی کرگس کہتے ہین۔
کرگسانِ گردون - وہ آسمان پر دو ستارے ہین بصورت کرگس ایک کو نسر طائر اور دوسرے کو نسر واقع کہتے ہین نسر عربی مین کرگس کو کہتے ہین جسکے معنی گدھ کے ہین۔
کَرَم - ء - مروت - سخاوت - عزیزی - مردی - بزرگواری - جوانمردی - مجازاً مہربانی۔
کَرْم - ء - درخت انگور کا۔
کُرْم - ء - بڑا جم - سخت انڈوہ۔
کِرْم - ف - کیڑا۔
کِرْمان - ف - کیڑے مجمع کرم کی۔
کِرمان - ء - نام ایک شہر کا جہان زیرہ سیاہ نہایت خوب پیدا ہوتا ہے اور مشہور بزیرہ کرمانی ہے اور فرش بھی بہانکا بہت نفیس ہوتا ہے

کرم پیلہ - ف - ریشم کا کیڑا۔
کرمک شب تاب - ف - ہندی جگنو
کرمک شب افروز - ف -
کرم کلہ - ف - ایک قسم گوبھی کی ہی۔
کرمن دارمن - ف - مکنایہ مغرب اور مشرق سے
کرنا - ف - بڑی تڑہی۔
کُرنب - ء - کرم کلہ ترکاری مشہور ہی۔
گُرنب - ء -
کُرنگ - ف - گھوڑا سرخ رنگ۔
کِرو - ف - چھوٹی کشتی دریا کی۔
کُرُوب - ء - جمع کربت بمعنی رنج کی۔
کُرُوبی - ء - فرشتۂ مقرب۔
کُرور - ء - پھرنا - ظاہر ہونا - حملہ کرنا۔
کروہ - ء - انگور کے درخت - بہت سے غم - بہت سے رنج اندوہ۔
کُروہ - ف - کوس اسکی مقدار مسافت چار ہزار گز کی ہے۔
کَرویا - ف - ایک قسم زیرہ کی جو مقوی معدہ اور ہاضم طعام ہے۔
کُرہ - ء - گیند جس سے کھیلتے ہین ہر چیز گول اور مدور - گولا۔
کُرّہ - ف - گھوڑے کا بچہ - گدھے کا بچہ اور بمعنی تازیانہ - ہندی کوڑا۔
کُرہ - ف - مخفف کروہ بمعنی کوس کا۔
کُرہ - ء - ہاے ہوز کے اظہار کے ساتھ بمعنی

رنج - غم - سختی - ناخوشی - مصیبت۔
کرہ - ء - ہاے ہوز کے اظہار کے ساتھ۔ بمعنی جبر - نارضامندی۔
کَرہ - ء - مکروہ چیز - نامرغوب۔
کُرہ ناکشادہ - ف - وہ گھوڑے کا بچہ جسپر ابھی سواری نہ کی ہو۔
کِرِی - ف - بھرا پن۔
کَرِیاس - ء - وہ طہارت خانہ جو کوٹھے پر بنا ہو - مگر مستعمل ان معنون مین ہے یعنی بالاخانہ - کوٹھے پر کا مکان - بادشاہ اور امیر و لکا دربار - عالیشان محل۔
کَرِیم - ء - سخی - بزرگ - گناہ بخشنے والا۔
کَرِیما - ء - اے کریم - اے سخی - اے خدا۔
کَرِیوَہ - ف - ٹیلہ۔
کَرِیہ - ء - ہاے ملفوظ کے ساتھ - مکروہ بھونڈا - بدشکل۔

فصل کاف مع زاے عربی فارسی

کَز - ف - کج - خم - ٹیڑھا - کچا ریشم کم قیمت جسکا معرب قز ہے۔
کُزاز - ء - نام ایک درد کا جو انتہاے سردی سے گردن اور سینہ کے جوڑون مین بسبب تشنج پٹھے کھنچنے اور اینٹھنے پٹھونکے پیدا ہوتا ہی
کَزبُرہ - ء - کشنیز سبز - ہرا دھنیا۔
کَزتَراز - ف - کنایہ بد معاملہ آدمی سے اسلئے کہ کز بمعنی کج ہے۔

کُزدُم - ف - } بچھو -
کژدُم - ف - }

کژدمچہ - ف - بدعمل - دغاباز - وہ شخص جسکی مضراب ساز کے تار پر سیدھی نہ پڑے

کژدک - ف - فیلبان کی آنکس -

کژلک - ف - چھوٹی چھری - چاقو -

کژم - ف - حوض اور نہر کے کنارہ کا سبزہ -

کژمژ زبان - ف - وہ شخص جسکی زبان سے صاف الفاظ نہ نکل سکین - وہ لڑکا جو بھی تتلا کے بولتا ہو - غیر فصیح -

کژہ - ف - وہ گوشت کا ٹکڑا جو آدمی کے حلق مین لٹکا ہوتا ہے ہندی کوّا - وہ بڑا مجھرا جو احمد آرجس سے گوشت کا قیمہ بناتے ہین -

فصل کاف مع سین مہملہ

کس - ف - یار - رفیق - ساتھی - مرد شریف لائق آدمی - اور بمعنی مطلق آدمی کے بھی ہے -

کس - ف - عورت کی شرمگاہ -

کِسا - ع - چادر - گلیم - کملی -

کَساد - ع - نارواجی متاع کی بے رواجی

کَسادی - ع - اشیا کی عدم خریداری - اسباب وغیرہ کی - کسادی بزیادت یاے تحتانی بھی کساد کے ہم معنی ہے -

کَسالَت - ع - سُستی - سُست ہونا -

کِسائی - ع - نام ایک شخص قاری اور نحوی کا جو مشہور ہین اور اس نام کی وجہ یہ ہوکہ وہ اکثر کملی اوڑھا کرتے تھے -

کَسب - ع - حاصل کرنا - پیدا کرنا - اور مجازاً بمعنی ہنر - پیشہ -

کُسب - ع - روغن کا تفل - کھلی -

کَسبی - ع - پیشہ ور - ہنروالا - مجازاً بمعنی زن فاحشۂ بازاری -

کُستن - ف - ملنا - کوٹنا -

کُستی - ف - دو شخصون کا کھڑے ہوکر آپسمین زور کرنا - کشتی -

کَس خانہ - ف - مراد صاحب خانہ -

کَسر - ع - توڑنا - شکستگی - ٹوٹا ہوا - اور حرکت زیر کی - ٹکڑا - حصہ -

کِسر - ع - جمع ہے کسرہ کی -

کَسرہ - ع - زیر جیسے دِن کی دال کے نیچے -

کِسریٰ سب معرب ہے خسرو کا لقب نوشیروان بادشاہ کا خصوصًا اور بلقب در بادشاہون فارس اور مدائن کا عمومًا اسی لئے اسکی جمع اکاسرہ آتی ہے - واضح ہوکہ خسرو بمعنی واسع الملک ہے -

کَسل - ع - کاہلی - سُستی -

کَسلان - ع - سُست - کاہل -

کُسنی - ف - مخفف کاسنی کا -

کِسوت - ع - جامۂ پوشیدنی - لباس -

کُسور - ع - جمع ہے کسر کی -

کُسوف - ع - بدحال ہونا - گہن لگنا چاند کا گہن لگنا سورج کا مگر عرف مین چاند کے گہن کو خسوف اور سورج کے گہن کو کسوف کہتے ہین -

کَس وکو - ف - متعلقین - اقربا - رفقا -

کسے - ف - کوئی شخص - کوئی آدمی - یہ لفظ فقط آدمی کے نکرہ کے لیے آتا ہے -

کَسیدہ - ع - کھوٹی چیز - متاع بے رواج -

کَسیر - ع - ٹوٹا ہوا -

کَسیف - ع - پوشیدہ - بدحال - ترشرو -

فصل کاف مع شین معجمہ

کَش - ف - بغل - سینہ - کمر - تہیگاہ - کبھی نام ایک شہر کا ماوراء النہر سے نزدیک نخشب کے - اسی شہر کش کے اطراف مین ایک کنوان تھا جسمین سے ابن مقنع حکیم ہر رات کو ایک چاند نکالا کرتا تھا اور اسکی روشنی رات بھر بارہ میل مربع مین رہا کرتی تھی -

کُشاد - ف - صیغہ ماضی کا کشادن سے اور بمعنی فراخ - خوشی - فتح - اور بمعنی تیر کمان سے چھوڑنیکے بھی آیا ہے -

کُشادگی - ف - وسعت - کشادہ ہونا -

کُشادَن - ف - کھلنا - کھولنا -

کُشادنامہ - ف - بادشاہی فرمان - معافی کا پروانہ - طلاق نامہ - خط آزادی -

کُشادن عالَم - ف - تمام عالم پر قبضہ کرنا -

کُشادہ - ف - کھلا ہوا -

کُشادہ نفس - ف - زیادہ گو -

کُشّاف ع۔ بہت کھولنے والا۔ بہت ظاہر کرنے والا۔ بڑا پردہ اُٹھانے والا۔ اور نام ایک تفسیر کا جار اللہ زمخشری سے۔

کُشّاکش ف۔ چھینا جھپٹی۔ اور کنایہ بڑے غم والم و رنج سے۔

کُشّاورز ف۔ کسان۔ دہقان۔

کُشّائش ف۔ کشادگی۔ فراخی۔

کِشت ف۔ کھیتی۔ اور شطرنج کی اصطلاح مین شاہ کا اُس گھر مین ہونا کہ اگر اس گھر مین سوے شاہ کے کوئی اور دوسرا مہرہ ہوتا تو پٹ جاتا۔

کُشت ۔ مارا۔ قتل کیا۔

کِشت زار ف۔ کھیت۔

کِشتکار ۔ ف۔ کھیتی کرنے والا۔

کُشتَن ۔ ف۔ بونا۔

کُشتَن ۔ ف۔ مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔

کِشتہ ۔ ف۔ بوئی ہوئی چیز۔ آلو بخارا یا شفتالو یا زرد آلو وغیرہ میوے جنکی گٹھلیان نکالکر اُنکو خشک کرلیا ہو۔ نام ایک خوشبو کا جو اگر اور لوبان اور صندل اور مشک اور گلاب سے ترکیب دیکر ٹکیان بنا رکھتے ہین اور آگ پر جلانے سے خوشبو دھوان نکلتا ہی۔

کُشتہ ۔ ف۔ مقتول۔ قتل کیا ہوا۔ اور بمعنی عاشق کے بھی مجازاً آتا ہے۔

کِشتی ۔ ف۔ ناؤ جو دریا مین ہوتی ہے اور ایک قسم پیالہ شراب کی۔

کُشتی ۔ ف۔ اصل اس لفظ کی سین مہملہ سے ہے منسوب طرف کست کے جو کشتن بمعنی کوٹنے سے ہے اسلیئے کہ جب دو آدمی آپسمین کشتی لڑتے ہین تو ہر شخص یہی چاہتا ہی کہ حریف کو زمین پر دے مارے مگر رواج اس لفظ کا ان معنون مین شین نقطہ دار سے ہی

کِشتیبان ف۔ ملاح۔

کُشتیخان ف۔ دبوث۔ بھڑوا۔

کَش زدن ف۔ کشتی کی اصطلاح مین اپنے حریف کی گردن مین ہاتھ ڈال کے یکبارگی زور کرکے زمین پر پچھاڑ دینا۔

کَشش ف۔ کھینچنا۔ جذب کرنا۔

کَشف ع۔ پردہ اُٹھا دینا کسی چیز پر سے کھولنا۔ برہنہ کرنا۔ ننگا کرنا۔

کَشف ف۔ کچھوا ایک جانور دریائی ہی اسکو عربی مین سلحفاۃ اور فارسی مین باحۃ اور سنگ پشت بھی کہتے ہین۔

کَشک ع۔ آش جو۔ جو مشہور۔ سوکھا دہی نام ایک کھانیکا جسکو رسیہ کہتے ہین۔

کُشک ف۔ مخفف کوشک کا بمعنی محل

کِشک ت۔ پاسبانی۔ چوکیداری۔

کُشکاب ف۔ آش جو۔ جو کی بھوسی جو الگ کرکے پانی مین پکاکے بیماروں کو پلاتے ہین۔

کِشکچی ف۔ **کِشکدار** ف۔ } پاسبان۔ چوکیدار۔

کُشکُبیر ف۔ وہ چیز جس سے قلعہ کی دیوار کو توڑین۔ مجازاً بمعنی گولہ۔ توپ۔

کُشکُول ف۔ واو معروف سے برزن مقبول ٹوپا پیالہ بھیک کا جو فقیر دنکے پاس ہوتا ہی

کُشمیر ف۔ مخفف کاشمیر کا جو نام شہر کا ہے۔

کِشمِش ف۔ ایک قسم کے سوکھے انگور اور یہ لفظ مشہور ہے۔

کُشنیز ف۔ دھنیا مشہور ہے۔

کُشوث ع۔ نام ایک دوا ہے مشہور کا جسکے بیج کو سرہانی مین دینا رکھتے ہین اور شربت دینار اسی سبب سے نام شربت کا ہوا۔

کُشودَن ف۔ کھلنا۔ کھولنا۔

کِشوَر ف۔ ملک۔ ولایت۔ واضح ہو کہ سات اقلیم مین اور سات ستارے جو چلتے ہین پس ایک اقلیم ایک ستارے سے متعلق ہے۔ چنانچہ ہند زحل سے۔ اور چین مشتری سے اور ترکستان مریخ سے اور خراسان آفتاب سے اور ماوراء النہر یعنی توران زہرہ سے۔ اور مصر عطارد سے۔ اور بلخ چاند سے۔

کَشیدہ کَمر ف۔ مراد مستعد سے۔

کَشیدَن ف۔ کھینچنا۔ مجازاً اجماع کرنا۔

کَشیش ت۔ پیشوا اور معلم اور پادری اور زاہد اور عابد نصرانیون اور بت پرستون کا یہ لفظ یا سے معروف سے برزن حریص ہی

کَشیشان ف۔ جمع کشیش کی ہے۔

فصل کاف مع عین مہملہ

کعب ء۔ شتالنگ۔ ٹخنہ۔ چوکور ہڈی کا پانسہ جس سے جُوا کھیلتے ہین۔ اور اصطلاح علم حساب مین تیسرا درجہ عدد کا اور نام پدر قبیلہ کا عرب مین۔ نام لڑکون کے ایک کھیل کا۔ نام ایک صحابی کا یعنی کعب بن زبیر جو حضرت رسول صلعم کے مداح تھے

کعب الغزال ء ایک قسم ہے شکر پارہ کی

کعب غزال ء ا کی اور بعضے کہتے ہین کہ اسکو ہندی مین بتاسہ کہتے ہین۔

کعبتین ء۔ دو پانسے ہوتے ہین چوکور ہڈی کے چھوٹے اور شش پہلو جنکے ہر پہلو پر ایک سے چھ تک کے عدد کھدے ہوتے ہین اور اُن پانسون سے جُوا کھیلا جاتا ہے

کعب گے پکان ف۔ بھیڑیے کے ٹخنہ کی ہڈی جسکو پیک یعنی قاصد لوگ اپنے پانُون مین باندھتے ہین اور اُسکی خاصیت کے سبب سے چلنے مین تھکتے نہین۔

کعب لنگری ف۔ نام ایک شخص کا جو بہت لالچی تھا خصوصًا کھانے پر۔

کعبہ ء۔ نام بیت اللہ یعنے خدا کے گھر کا جسکی طرف نماز مین سجدہ کرتے ہین۔ اصلی معنی اسکے بلند کے ہین چونکہ کعبہ زمین بلند پر ہے یا از روے مراتب کے بلند ہے اسلیے یہ نام ہوا

کعک ۔ سب معرب کاک کا۔ ایک قسم کی روٹی ہے۔ چھوٹی اور موٹی۔ اور بعضے کہتے ہین کہ میٹھی روغنی روٹی۔ اور بعضے کہتے ہین نان تنک یعنے باریک چپاتی۔

کعوبت ء۔ نخوست۔ دشواری۔

کعیت ء۔ بلبل جو پرند مشہور ہے

فصل کاف مع فا

کف ء۔ پنجہ۔ ہاتھ کی ہتھیلی۔ پوشیدہ ہونا۔ اندھا کرنا۔ حرقہ۔ لقمہ۔ گراناساتوین حرف رکن بحر کا مثل نون فاعلاتن کے۔

کف ف۔ ہاتھ کی ہتھیلی۔ پانُون کا تلوا پھین۔ پھینا۔ جھاگ۔ چقاق کا سوختہ۔

کُفات ء۔ جمع کافی کی۔ عقلمند۔ اور کارگزار اور ضامن لوگ۔

کُفار ء۔ جمع ہے کافر کی۔

کَفّار ء۔ اندھیری رات۔ کسان۔ ندی دریا۔ بڑا ناشکرا۔ بڑا کافر۔

کفارہ ء۔ چھپانیوالا گناہون کا یعنے عوض خطا یا گناہ کا شرعی طور پر۔

کفاف ء۔ اندازہ اور اسقدر معاش جو کفایت کرے روزمرہ کا خرچ۔

کفالت ء۔ ضامن ہونا۔ کفیل ہونا۔ اپنے ذمہ پر کوئی کام لینا۔ ذمہ داری۔

کف الخضیب ء۔ نام ایک ستارہ کا جو سرخ رنگ اُتر کی طرف آسمان پر ہے

کفانیدن ف۔ پھنوانا۔ شق کرانا

کفایت ء۔ ہم مثل ہونا۔ ہم مانند ہونا۔

کفایت ء۔ بس ہونا۔ کافی ہونا۔ نفع لینا ضامن ہونا۔

کف پا ف۔ پانُون کا تلوا۔

کفت ف۔ یہ صیغہ ماضی کا ہے کفتن سے۔ شق کیا۔ چیرا۔ پھاڑا۔

کفتار ف۔ نام ایک جنگلی جانور درندہ کا جسکو سندی مین ہنڈار کہتے ہین۔ اور بمعنی زن ساحرہ یعنی جادوگرنی کے بھی ہے جو فقط گھورتے سے آدمی خصوصًا بچون کا کلیجہ کالکر کھالیتی ہے ہندی مین اسکو ڈائن کہتے ہین۔

کفتن ف۔ شق کرنا۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔

کفتین ء۔ تثنیہ کفہ کا ہے یعنی ترازو کے دونون پلے۔

کفجہ ف۔ ڈولی۔ کفگیر۔ سانپ کا پھن

کف خضیب ء۔ ہتھیلی ہاتھ کی رنگین دست حنا بستہ۔

کف دست ف۔ ہاتھ کی ہتھیلی۔

کفر ء۔ ناشکری۔ خدا کو واحد نہ جاننا

کفر ء۔ چھپانا۔ بڑا کوزہ۔

کفران ء۔ ناشکری نعمت کی۔

کفرہ ء جمع ہے کافر کی۔

کف زنان ف۔ تالیان بجاتا ہوا۔

کفش ف۔ جوتی۔

کفش دوز ف ۔ موچی ۔
کفشک ۔ ف ۔ چھوٹی جوتی ۔ تنگ جوتی ۔
کف ف ۔ ہاتھ کی ہتھیلی ۔ پانی اور صابون اور دودھ وغیرہ کا پھین ۔
کف کردن ۔ ف ۔ اضطلاحاً کوئی چیز کھانا ۔
کفگیر ۔ ف ۔ ڈوئی ۔ بڑا چمچہ ۔
کفل ۔ ع ۔ سُرین چوتڑ آدمی یا حیوان کا ۔
کفل ۔ ع ۔ بہرہ کسی چیز کا حصہ ۔ ٹکڑا ۔ وہ کملی جو چوپائے کی پیٹھ پر ڈالتے ہیں ۔
کفل پوش ف ۔ لمبی عبا جو چوتڑ کو چھپائے اور عبا ایک لباس مشہور ہے ۔
کفل گردکردن ف ۔ مراد موٹے ہونے سے ۔
کفن ع ۔ مُردہ کا لباس جسمین اُس کو لپیٹ کر دفن کرتے ہین ۔ فارسی مین کبھی لفظ حرف دوم کے سکون سے بھی آتا ہے ۔
کفن پارہ کردن ۔ ف ۔ بیماری سے صحت پانا ضعف اور آفت وغیرہ سے نجات پانا ۔
کفنی ع ۔ وہ کپڑا جو ایک خاص طور کا ہوتا ہے اور مُردہ کے کفنے مین پہناتے ہین ۔ اور فقیر لوگ بھی ویسا ہی پہنتے ہین ۔
کفو ع ۔ ہم جنس ۔ ہم نسب ۔ مانند ۔ مثل اور یہ لفظ حرف دوم کے جزم سے بھی آیا ہے ۔
کفور ع ۔ ناشکری ۔ ناسپاسی ۔
کفور ع ۔ بڑا ناشکرا ۔ ناشکری کرنے والا ۔
کفہ ع ۔ پیرا ہن کا حاشیہ ۔
کفہ ع ۔ نیکوفتہ بالی جسمین دانہ موجود ہو ۔
کفہ ع ۔ ترازو کا ایک پلہ ۔ اور جو چیز کہ مثل پلہ ترازو کے گول ہو ۔
کفیت ع ۔ صیغہ ماضی مجہول کا ہے یعنے کفایت کیا گیا تو ۔ بچا یا گیا تو ۔
کفیدن ۔ ف ۔ بھٹنا ۔
کفیدہ ف ۔ بھٹا ہوا ۔ چرا ہوا ۔
کفیل ع ۔ ذمہ دار ۔ ضامن دوسرے کا کام اپنی خوشی سے اپنے ذمہ لینے والا ۔

فصل کاف مع لام

کل ت ۔ جسکے سر پر بال نہون ۔ گنجا ۔
کل ع ۔ گونگا ۔ گرانی ۔ بھاری بوجھ ۔ وہ شخص جسکا نہ باپ ہو نہ فرزند یتیم ۔ عاجز ہونا ۔ کند ہونا زبان کا ۔ آنکھ کا چوندھیا جانا ۔
کل ع ۔ تمام ۔ پورا ۔ جمیع ۔ سب ۔ واضح ہو کہ یہ لفظ مفرد ہے کہ بمعنی جمع کے آتا ہے اور اصطلاح صوفیہ مین کل واحد مطلق کو کہتے ہین یعنے حقتعالے اور فارسی مین کُل بغیر تشدید لام کے آتا ہے ۔
کلا ع ۔ یہ ایک حرف ہے جو پہلے کلام کی رد کے واسطے کہتے ہین یعنے یہ بات اسطرح ہرگز نہین ہے ۔ اور کبھی واسطے مسلم رکھنے سخن غیر کے آتا ہے ۔ اس صورت مین یہ اسم بمعنی حق ہے ۔
کلا ع ۔ ہری گھاس ۔
کلا ع ۔ یہ ایک لفظ موضوع ہے واسطے معنی تگینہ کے اور اس حالت مین یہ لفظ بغیر اضافت کے مستعمل نہین ہوتا ہے ۔
کلاب ع ۔ جمع کلب بمعنی کتے کی ۔
کلابہ ف ۔ سوت کی گلڑی ۔
کلاپیسہ ف ۔ آنکھ کا بدل جانا ۔ اپنی حالت اصلی سے اسطرح کہ سیاہی آنکھ کی چھپ جائے خواہ زیادتی لذت شہوت سے خواہ بسبب ضعف کے خواہ انتہائے غصہ وغیرہ امور سے ۔
کلات ف ۔ قریہ ۔ گاؤن ۔ پہاڑ کے اوپر جو قلعہ ہو ۔ نام ایک پیچ کاکشی سے ۔
کلاتہ ت ۔ چھوٹا گاؤن ۔ کھیت ۔
کلاسہ ع ۔ جو چیز چونے سے بنی ہو یعنی گچنہ ماخوذ کلس سے جو بمعنی چونہ اور گچ ہے ۔
کلاشکن ف ۔ ایک قسم ہے حلوا کی جو نہایت سخت ہوتا ہے جیسے حلوا سوہن کی پپڑی ۔
کلاغ ف ۔ جنگلی کوا ۔
کلاغ زدن ف / کلاغ گرفتن ف ۔ طعنہ دینا کسی کی ہجو کرنا ۔
کلافہ ف ۔ سوت کی گلڑی ۔
کلال ع ۔ سستی اعضا کی ۔ تھان تھکن
کلال ف ۔ وہ شخص جو مٹی کے برتن بناوے ہندی کمہار ۔ کسگر ۔
کلالہ ع ۔ ماندہ ہونا ۔ سست ہونا ۔ کند ہونا ۔ بے باپ اور ان کا ہونا بے فرزند کا ہونا ۔ وہ شخص جو مر جائے اور باپ اور بیٹے کو چھوڑ نہ جائے ۔
کلالہ ف ۔ گھونگھر والے بال ۔ زلف پیچدار

کَلَام - ع - بات کرنا - اور اصطلاح علم نحو مین وہ عبارت جو مرکب ہو دو کلمہ سے -
کَلَامِ مُستَدَام - کنایہ کلام الٰہی اور وحی سے -
کَلَان - ف - لمبا - بڑا -
کَلَانِی - ف - بڑائی - لمبائی -
کَلَاوَہ ف - گڑی سوت کی - کچا سوت جو چرخہ کے نلکے پر لگا ہوا ہو -
کُلَاہ ف - ٹوپی - اور بمعنی تاج بادشاہی بھی
کُلَاہ افگندن ف - مراد تعظیم کرنے سے
کلاہ انداختن ف - اسلیئے کہ بعض ملکون مین واسطے تعظیم
کلاہ برکشیدن ف - دوسرے کے اپنے سر سے ٹوپی اُتار لیتے ہین جیسا کہ رسوم اہل فرنگ کا ہے - اور بمعنی عاجزی کرنیکے بھی
کلاہ برآسمان انداختن ف - کنایہ ہے
کلاہ بہوا انداختن ف - کمال ذوق اور خوشی اور خوشحالی اور شادمانی سے -
کلاہ گوشہ شکستن ف - کنایہ ہے فخر اور غرور کرنے اور ٹیڑھی ٹوپی پہننے سے -
کِلَاءَۃ - ع - حفاظت - نگہبانی -
کَلب ع - سگ - کُتا -
کَلِب - ع - کاٹنے والا - دیوانہ -
کلب عَوَّا - ع - کُتا بہت فریاد کرنیوالا - نام ایک منزل کا چاند کی منزلون سے -
کَلبِ کَلب - ع - دیوانہ کُتا - کاٹنے والا کتا
کُلبَہ ت - چھوٹا سا گھر تنگ و تاریک اور بمعنی گوشہ و حجرۂ دوکان کے بھی آیا ہے
کُلبتَان - ع - سنڈاسی سنسی گرم لوہا
کُلبتَین - ع - پکڑنیکا اوزار - زینہار ظاہر یہ دونون لفظ کلبہ کا تثنیہ ہین کہ سنسی کے ایک پرہ کو کلبہ کہتے ہین اور بمعنی گلگیر شمع کے بھی آئے ہین -
کُلپَتَرہ - ف - نادرست - بیہودہ بمعنی
کُلبتَان ف - دیوث بے شرم - بھڑوا -
کَلتہ ف - اندک - تھوڑا - دم کٹا - تونڈا - سونٹا - گنتکہ - اصلی معنی اسکے بریدہ اور مقطوع کے ہین اسی لیئے کلتہ دم دم کٹے اور کلتہ پر پر کٹے اور کلتہ زبان کو کٹے اور توتلے کو کہتے ہین اب ہر شے ناقص کو بطور مجاز کے کلتہ کہتے ہین -
کِلس - ع - آہک سفید چونہ - وہ چونہ جس سے عمارت بنتی ہے یعنی کانپ -
کَلَف - ع - جھائیان یعنے داغ جو منہ پر پڑجاتے ہین اور بمعنی عشق کے بھی ہے -
کُلفَت - ع - کسی چیز پر عاشق ہونا -
کُلفَت - ع - تکلیف - رنج - سختی - کدورت
کُلفَت - ف - گندہ - سخت - ناہموار -
کِلک - ف - ہر ایک نے جو اندر سے خالی ہو خصوصاً قلم کا نیزہ -
کَلَک - ف - خاکستر - راکھ - بھڑ بھونجے کا بھاڑا - فصد کھولنے کا نشتر - کھپنہ - اور بمعنی شوم - نامبارک - بلا سختی - درد سر -
کَلَک - ف - بغل - آغوش -
کُلک - ف - دنبہ کے نرم بال -
کَلَکچ - ف - لڑنے جھگڑنیوالا -
کُلک خُسپ - ف - نہایت محتاج اور مفلس اور پریشان حال جو ناداری کیوجہ سے گرمی مین زمین پر اور جاڑے مین بھاڑ پر بستر کرتا ہو
کُلکُل - ف - بیہودہ گوئی -
کَلَل ف - پردنکا جیغہ اور کلغی
کَلَل - ع - گولنگا بین -
کَلم - ع - زخمی کرنا -
کَلم - ع - جمع ہے کلمہ کی -
کَلِمَات - ع -
کَلمَۃُ البرق - ع - مثل چمکنے بجلی کے یعنے نہایت جلدی اور بہت ہی جلدی -
کَلمَرُغ - ف - ایک قسم گدرخ سر کی جسکے سر پر پر نہین ہوتے -
کَلمَکَل - ف - شور - غل - غوغا -
کَلمَہ - ع - لفظ مفرد جو بامعنی ہو - اور منطقی لوگ کلمہ فعل کو کہتے ہین -
کُلمِینہ ف - ایک قسم کا کاچ جسمین حلوا اور مغز بادام بھر کے پکاتے ہین -
کَلَند - ف - بروزن سمند زمین کھودنے اور کھیت گوڑنیکا آہنی آلہ ہندی مین اسکو کسی اور پھاوڑا کہتے ہین -

کُلنگ ف - مبدل کلند کا اسلیئے کہ فارسی مین دال کاف سے بدل جاتی ہے بھاوڑا۔

کُلنگ - ف نام ایک پرند مشہور کا جو سارس سے مشابہ ہے حسکو کونج بھی کہتے ہین

کُلو - ف - واو مجہول سے - رئیس محلہ -

کُلو ا ء - صیغہ جمع امر حاضر کا - کھاؤ -

کلوب ء - سنسی گرم لوہا پکڑنے کی -

کُلوخ ف - ڈھیلا مٹی کا -

کلوخ انداز - ف - گوپھن مین رکھکر پتھر کا نا رینوالا - قلعہ کی دیوار کے رندے یعنی سوراخ جنمین سے پتھر یا بالفعل بندوق دشمن کی فوج پر مارتے ہین -

کُلوخ خشک برلب بالیدن ف - کنایہ ہر کسی بات کے مخفی اور پوشیدہ رکھنے سے -

کلوخ کوب - ف بڑے ڈھیلون کے کوٹنے کا آلہ - موگری - دُرمٹ -

کُلوم ء - جراحتہا - بہت سے زخم -

کُلہ - ف - ہاے ملفوظ سے مخفف ہے کلاہ بمعنی ٹوپی کا - اور بمعنی آلت تناسل اور حرکات جماع کے بھی آیا ہے -

کُلّہ - ء - باریک اور مہین کپڑے کا چھوٹا ٹیہ جو فقط مکھی اور مچھر کے نہ آنیکے لیئے بناتے ہین

کُلہ بر کُلہ کسے زدن - ف - کسی کے ساتھ دعوئی برابری کا کرنا -

کُلہداری ف - بادشاہی -

کُلّہ قند - ف - قند کا کوزہ -

کُلّی - ء - جسکے مفہوم مین بہت سے افراد شامل ہون جیسے حیوان -

کُلیات - ء - جمع ہے کلی کی -

کُلیچہ - ف - میدے کی خمیری روٹی -

کُلیچہ شدن ف کنایہ مجتمع ہونے سے -

کُلید - ف - کنجی - تالی -

کلیدان - ف - قفل -

کلیسا - ف - یاے مجہول سے - گرجا یہود عبادت خانہ یہود اور نصاریٰ وغیرہ کا -

کلیل - ء - تو تلی زبان - کند تلوار یا ہر چیز کند جو اپنے کام مین ناقص ہو -

کلیلہ - ف - نام ایک گیدڑ کا جسکا قصہ کتاب کلیلہ دمنہ مین لکھا ہے -

کلیم - ء - سخن گو ہم سخن - بات کرنیوالا

کلیم - ء - مجروح زخمی - لقب حضرت موسیٰ کا اسلیئے کہ آپ اکثر خدا سے کلام کرتے تھے تخلص شاعر کا

کلیہ - ء - تمام و کمال - ہمگی -

کلیہ - ء - گردہ جو ایک عضو اندرونی ہے -

کلیتین - دونون گردے تثنیہ کلیہ کا -

فصل کاف مع میم

کم - ء - چند - کتنا - بسیار - بہت -

کم - ء - ضمیر جمع مذکر مخاطب کی یعنی تم -

کم - ء - مقدار کسی چیز کی -

کم - ء - آستین - اکمام جمع ہے -

کم - ء - غلاف - شگوفہ - اکمام اسکی بھی جمع ہے

کم - ف - تھوڑا - واضح ہو کہ لفظ کم اور اندکے اگرچہ بمعنی تقلیل کے ہے لیکن اکثر استعمال ان دونون لفظون کا بمعنی نفی مطلق کے ہوتا ہے

کماۃ ء - سمار وغ - اور یہ ایک چیز ہے سفید شکل انڈے یا چترک جو اکثر موسم برسات مین زمین سے اُگتی ہے - ہندی ککرمتا -

کماۃ ء - سپاہی لوگ - ولاور لوگ یہ جمع کمی بمعنی دلاور کی ہے -

کماچ - ت - ایک قسم کی موٹی روٹی

کما حقہ ء جیسا چاہیے جیسا اُسکا حق ہے - بہت ہی ٹھیک -

کماد ء - بمعنی تکمید - ٹکور لگانا - کسی عضو کو سینکنا کسی چیز سے جسکو آگ پر گرم کرلیا ہو

کمال ء - تمام - تمام ہونا - تخلص دو شاعر مشہور ایک ساکن اصفہان اور دوسرے ساکن خجند کا -

کمالات - ء - جمع ہے کمال کی -

کمام ء - وہ چمڑا جو اونٹ کے منہ پر باندھ دیتے ہین تاکہ وہ نہ کسی کو کاٹ سکے اور نہ کسی کا کھیت وغیرہ چر سکے -

کمان - ف - اصل مین خان تھی منسوب خم سے مشہور آلہ ہے تیر پھینکنے کا -

کمان پشت - ف - کبڑا -

کمانچہ - ف - نام ایک ساز مشہور کا جس

گز یعنے بجانے کا آلہ بشکل کمان ہوتا ہے اور مراد خود مضراب سے بھی۔
کماندار۔ف۔ کمان رکھنے والا۔
کمان رستم۔ف۔ } قوس قزح دھنک
کمان شیطان۔ف۔ }
کمان کسی کشیدن۔ف۔ کسی کا ہم مقابلہ ہونا کسی پر غالب آنا۔
کمان کروہہ۔ف۔ وہ کمان جسمین مٹی وغیرہ کا گلہ رکھکر مارتے ہین سندی غلیل۔
کمانہ۔ف۔ بڑھئی کی کمان برمہ چلانیکی۔
کماہی۔ء۔ جیسا کہ وہ مقدمہ ہے۔ اور محاورۂ فارسی مین بہ سکون یا مستعمل ہے۔
کما ینبغی۔ء۔ جیسا چاہیے۔
کمبختی۔ف۔ کم نصیب۔
کمبودگی۔ف۔ ناداری۔ مفلسی۔
کمتر۔ف۔ بہت کم۔
کمتر روزگار۔ف۔ تھوڑی مدت۔
کمترین۔ف۔ بہت ہی کم۔
کمتری۔ء۔ نام میوہ کا جسکو امرود کہتے ہین
کم چیزے گرفتن۔ف۔ کسی چیز کو معدوم اور نابود اور ناشدہ جان لینا۔ واضح ہو کہ لفظ کم نفی مطلق کے مقام مین مستعمل ہوتا ہے۔
کمخاب۔ف۔ ایک قسم کا کپڑا ہے زرین تارون سے بنا ہوا۔ خاب بمعنی ریشم باریک یعنی رودان اور کم نفی مطلق کے لیے یعنے اُس کپڑے مین رودان نہین ہوتا۔ یہی وجہ تسمیہ رشیدی مین لکھی ہے۔
کم خویش گرفتن۔ف۔ اپنے کو معدوم اور نابود سمجھ لینا۔
کمر۔ف۔ میان۔ کمر۔ اور بمعنی میان بند یعنے پٹکہ کے جو کمر مین لپیٹتے ہین مجازہ۔
کمر باختن۔ف۔ ہمت ہار دینا۔ غم و رنج یا خوف و دہشت سے بے طاقت ہوجانا۔
کمر بر کمر۔ف۔ بلندی پر بلندی اسلیئے کہ کمر بمعنے بلندی کے بھی ہے۔ اور بمعنی برابر برابر کے بھی۔
کمر بستن۔ف۔ مستعد خدمت کا ہونا۔ کسی کام کے کرنے پر آمادہ ہونا۔
کمر بستہ۔ف۔ موجود مستعد۔ اور کنایہ ہے نوکر اور خادم سے بھی۔
کمربند۔ف۔ پٹکہ۔ کمر باندھنے کی شے نوکر خادم۔ چاکر۔ ازار بند۔
کمر کشادن۔ف۔ کسی کام کا ترک کردینا
کمزن۔ف۔ کم ہمت۔ اور بمعنی ذکر کم کن یعنی ذکر ترک کردے چپ رہ۔
کمک۔ت۔ اعانت اور مدد خواہ جنگ اور لڑائی مین ہو خواہ کاروبار مین۔
کمکام۔ء۔ گول ڈیل کا آدمی۔
کم گرفتن۔ف۔ کسی چیز کا نہ لینا۔ اور کنایہ ہے کسیکو بحقارت دیکھنے سے۔
کمم۔ف۔ نام ایک تالاب کا کشمیر مین
کمند۔ف۔ اصل مین خمند تھا اسلیئے کہ اسمین خم و پیچ بہت ہوتے ہین یہ ایک قسم کا پھندا بہت مشہور ہے۔
کمند حلقہ کردن۔ف۔ جنگ اور لڑائی اور شکار کرنے پر مستعد اور آمادہ ہونا۔
کمون۔ء۔ نام دوا کا ہندی زیرہ۔
کمہ۔ء۔ ہاے ملفوظ سے مادرزاد اندھا ہونا یعنے ماں کے پیٹ سے اندھا پیدا ہونا۔
کمی۔ء۔ سپاہی اور دلاور اور دلیر آدمی جو ہتھیار بند ہو۔
کمیاب۔ف۔ جو کم دستیاب ہو۔
کمیت۔ء۔ سرخ شراب انگوری جو مائل بسیاہی ہو۔ ایک قسم گھوڑے سرخ رنگ کی جو سیاہی مائل ہوتا ہے اور یال اور دم اسکی سیاہ ہوتی ہے۔ نام ایک شاعر عرب کا
کمیت۔ء۔ چندگی۔ مقدار۔ مقدار اُس چیز کی جو تولی یا ناپی یا گنی جائے۔
کمیز۔ف۔ بروزن گریز۔ پیشاب۔ بول
کمیزدان۔ف۔ پیشاب کا پھکنا۔
کمین۔ء۔ کسی جگہ پوشیدہ ہوکر بیٹھنا۔ دشمن یا شکار کیواسطے۔ کسی کی گھات مین بیٹھنا
کمین آوردن۔ف۔ بے خبر دوڑنا۔
کمینگاہ۔ف۔ وہ جگہ جہان کوئی شخص کسیکی گھات مین چھپکر بیٹھے۔
کمینہ۔ف۔ کم رتبہ۔ نیچ۔

فصل کاف مع نون

کُن - ع - صیغہ امر کا ہے بمعنی ہوجا - ہو - اور اشارہ ہے طرف حکم حق سبحانہ جل شانہ کے جو روز ازل مین موجودات کے پیدا ہونے کے باب مین ہوا تھا -

کَنْ - ع - پردہ - پوشش -

کُن ف - گرد -

کَن - ف - کھود -

کَن - ت - پس - عقب - پیچھا -

کَنار - ت - کنارہ کسی چیز کا - گوشہ - طرف -

کَنار - ف - بغل - آغوش -

کُنار - ت - نام پھل کا ہندی بیر -

کَنارَہ ف - کونا - طرف -

کَنّاس - ع - خاکروب - حلال خور - بھنگی - چوڑھا - اور بمعنی جلاد - اور گردن مارنیوالے کے بھی آیا ہے -

کِناس - ع - وہ مقام جہان ہرن اور بارہ سنگھا رہتا اور سوتا ہے -

کُناسَہ - ع - کوڑا کرکٹ - وہ چیز جو جھاڑو سے بہاری جائے -

کُنام - ع - چوپائے جانورون کی آرامگاہ جنگلی پرندونکا جھونجھ - چراگاہ -

کَنانَہ - ع - کُنہ - پُرانا -

کِنانَہ - ع - ترکش جسمین تیر رہتے ہین -

کِنایَہ - ع - سخن پوشیدہ - پوشیدہ کہنا بات کا

کُنْدَس - ع - جمع ہے کنیسہ کی - مندر - یہود اور نصاریٰ وغیرہ کے عبادت خانے -

کُنْب - ف - بھنگ کے بیج اور پتی -

کُنْب - ع - باتھ اور پانون کی چرک اور میل -

کُنْتَہ - ع - منکوحہ پسر بیٹے کی زوجہ -

کُنْتَہ - ع - دروازہ کا چھجہ - سائبان -

کُنْج - ف - کونا - گوشہ -

کُنْجارَہ - ف - تل یا السی وغیرہ کا تیل نکالنے کے بعد جو تفل باقی رہے - ہندی کھلی -

کُنْجَد - ف - تل ایک قسم کا غلّہ ہے جس سے تیل نکالا جاتا ہے -

کُنْجِشْتَک ف - چڑیا ایک پرند مشہور ہے -

کُنْج کاوی - ف - تجسس - تلاش - وقت - غور - فکر - سوچ -

کَنْد - ف - شکر سفید - قند اسی کا معرب ہے نام ایک شہر کا مخفف ہے - جراحت - زخم - اور بمعنی بھاگنے کے بھی آیا ہے - اور تیراندازون کی اصطلاح مین کمان کو خوب کھینچکر تیر چھوڑنے وقت جو کسی قدر اور کشش دیکے چھوڑتے ہین اور اسطرح کا تیر توڑا اور پلہ خوب کرتا ہے -

کُنْدا ور ف - دانا - حکیم - پہلوان -

کُنْدپِیر - ف - عورت بڑھیا پھوس -

کُنْدُر - ع - نام ایک گوند کا جو کہ مشابہ مصطگی سے ہوتا ہے -

کُنْدَن - ف - کھودنا اور بمعنی رسیدن یعنے بھاگنے کے بھی آیا ہے -

کُنْدُو ف - بڑی مٹھور جسمین غلّہ بھرتے ہین -

کُنْدُوری بمعنی ستارخوان طعام -

کُنْدَہ - ف - ہر لکڑی جو بہت موٹی اور بڑی ہو - وہ لٹھ سوراخدار جسکے سوراخ مین گنہگار کا پانون دے کے میخ سے بند کردیتے ہین

کُنْدَہ ف - خندق اسی کا معرب ہے -

کُنْدَہ شُدَن ف - بند ہونا - قید ہونا -

کَنْدَہ کاری ف - کسی چیز پر کچھ کھودنا -

کَنْدِیدَن ف - کھودنا -

کَنز - عب - معرب گنج کا - خزانہ - نام کتاب کا علم فقہ مین - نام کتاب کا لغت مین -

کَنِش - ف - کینہ - ولی بیر -

کُنِش - ف - کردار - عمل -

کُنِشت - ف - بتخانہ - آتشکدۂ یہود اور نصاریٰ وغیرہ کا عبادت خانہ -

کَنعَان - ع - حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے کا نام جو کافر تھا - نام حضرت یعقوب علیہ السلام کے شہر کا - نام سمرود کے باپ کا -

کَنَف - ع - جانب - کنارہ - پناہ -

کُن فَیَکون - ع - کنایہ عالم موجودات سے

کُنْگ - ف - مربہ - موٹا - قوی ہیکل -

کَنگ - ف - بیحیا - زبان آور -

کُنگ ف - انسانکا بادو - پرند جانور کا پر -

درخت کی ٹہنی۔

کنگاش ف۔ مشورہ۔ باہم صلاح کرنا۔

کنگرہ ف۔ مخفف کنگرہ کا۔

کنگورہ ف۔ جو عمارت کے اوپر بناتے ہین چاروں طرف اور مشہور ہے۔

کنگش ف۔ مشورہ۔ مخفف کنگاش کا۔

کن مکن ف۔ کنایہ زبردستی اور حکومت سے

کنندۂ درخیبر ف۔ کنایہ حضرت علیؑ سے

کنود ء۔ ناسپاس۔ ناشکرا۔ وہ زمین کہ جسمین گھاس نہ اُگے۔

کنودی ء۔ ناسپاسی۔ ناشکری۔

کنوز ء۔ جمع ہے کنز کی۔ خزانے۔

کنون ف۔ اب۔ اُسوقت مخفف اکنون کا

کنہ ء۔ ہاے ملفوظ سے حقیقت ہاے انتہا کسی چیز کی۔

کنہ ء۔ ف۔ ہاے غیر ملفوظ سے۔ ایک جانور ہے چھوٹا جو کتے وغیرہ کے جسم مین چپٹکر خون پیتا ہے ہندی مین اسکو چچڑی کہتے ہین

کنیت ء۔ بروزن مہلت۔ وہ نام جسکے اول مین لفظ (اب) یا (اُم) یا (ابن) یا (بنت) ہو جیسے ابو الحسن۔ ابی بکر۔ ابا ہریرہ۔ اُم الکتاب۔ ابن حاجب۔ بنت العنب بمعنی شراب انگوری۔ بنت الصدر بمعنی اندیشہ اور کبھی لفظ کنیت کا فارسی مین بمعنے مطلق لقب کے بھی مستعمل ہوتا ہے۔

کنیز ف۔ باندی۔ لونڈی۔ اور بمعنی کنواری لڑکی کے بھی آیا ہے۔

کنیزک ف۔ اس لفظ کے آخر کا کاف کلمہ کا جزو نہین ہے بلکہ واسطے تحقیر یا تصغیر کے ہے۔

کنیسہ ء۔ معبد۔ مندر۔ یہود اور نصاریٰ وغیرہ کا عبادتخانہ۔

فصل کاف مع واو

کو ف۔ گلی۔ کوچہ۔ اور بمعنی محلہ اور گھر کے بھی آیا ہے۔ اور یہ کلمہ واسطے استفہام ذوی العقول کے بھی آتا ہے جیسے مصرعہ۔ کہ دوستے کہ حال مرا پرسد سطے کند۔

کواعب ء۔ بمعنی زنان نارپستان اور یہ جمع کاعب کی ہے۔

کواعب انجم ء۔ بنات النعش۔ اور یہ سب سات ستارے ہین قریب قطب شمالی کے

کواکب ء۔ جمع کوکب کی۔ روشن ستارے

کوالیدن ف۔ کھیتی وغیرہ کا پھپھکنا۔

کوب ء۔ وہ کوزہ جسمین نہ دستہ ہو نہ ٹونٹی۔ جمع اسکی اکواب آتی ہے۔

کوبہ ف۔ موگری۔

کوبیدن ف۔ کوٹنا۔

کوپال ف۔ واو معروف سے لوہے کا گرز

کوپلہ ف۔ واو مجہول سے۔ حباب بلبلہ جو پانی اور رقیق شے مین پڑتا ہے۔ شگوفہ۔ قفل۔ کلاہ۔ ٹوپی۔

کوتاہ ف۔ چھوٹا۔

کوتاہ بین ف۔ ناعاقبت اندیش۔ اور بمعنی پست ہمت کے بھی۔

کوتاہی ف۔ چھوٹائی۔

کوتر ف۔ بمعنی کبوتر۔

کوتل ت۔ گھوڑا سواری خاص کا۔

کوتوال ف۔ سفرس یعنے فارسی بنایا گیا ہے لفظ ہندی سے۔ اصل اسکی کوٹوال تھی بمعنی صاحب قلعہ۔ محافظ قلعہ۔

کوتہ ف۔ ہاے ملفوظ سے مخفف کوتاہ کا

کوتہ نظر ف۔ ناعاقبت اندیش۔ پست ہمت

کوثر ء۔ بڑا سخی۔ بڑی بخشش کرنیوالا نام ایک نہر کا جو درمیان جنت کے ہے۔

کوچ ف۔ روانہ ہونا۔

کوچک ف۔ چھوٹا۔ نام ایک مقام کا بارہ مقامون موسیقی سے۔

کوچک ابدال ف۔ قلندرون کی اصطلاح مین اُس مرید کو کہتے ہین جو اور مریدون سے سن مین چھوٹا ہو۔

کوچک دلی ف۔ بیرحمی۔ پست ہمتی۔ اور بمعنی نازک دلی و ترحم کے بھی لکھا ہے۔

کوچہ ف۔ گلی۔

کوچہ بند ف۔ بمعنی محفوظ اور وہ گلی جسکے دونون طرف مکانات پر دروازے لگے ہون کہ بروقت اندیشہ کسی آفت کے دونون

دروازہ کو حفاظت کے لیے بند کر دین۔
کوچۂ خموشان - ف - قبرستان۔
کوچہ دادن - ف - کسی کے لیے رستہ چھوڑ دینا تاکہ وہ نکل جاوے۔
کوچۂ سلامت ف ایک رستہ مثل خندق کے بہت کچ اور ٹیڑھا بناتے ہین تاکہ فوج کے سپاہی اُس رستہ کی کجیون کی آڑ مین بچتے ہوئے نزدیک قلعہ غنیم کے پہونچ جاوین۔
کوچہ نوت - مراد کسبیون کے محلہ سے۔
کوچہ یافتن ف - رستہ پاجانا۔
کوخ - ف - واو مجہول سے۔ خانۂ بے روزن اندھیرا مکان - ایک گھاس ہوتی ہے جس سے بوریا بُنا جاتا ہے - اور بمعنی کرم یعنی کیڑا جیسا کہتے ہین کہ (در فلان چیز کوخ افتادہ یعنے فلان چیز مین کیڑے پڑ گئے۔
کود - ف - واو معروف سے غلہ کی کھلیان کا تودہ یعنے انبار۔
کودآب - ف - دلہ مجہول سے نام ایک آش کا جسکو خیرہ انگوروڑا ملکر پکاتے ہین۔
کودک - ف - لڑکا - بچہ۔
کودن - ء - مریل ٹٹو جو اچھی طرح چل نہ سکے وہ خچر اور ٹٹو وغیرہ جو بوجھ لادنے کا ہو مجازاً وہ شخص جو احمق اور بیوقوف ہو۔
کور - ء - افزونی - زبونی - فراغت - اور دستار یعنے پگڑی کا پیچ۔
کور - ف - اندھا۔
کورچشم - ف - ایک قسم ہے کپڑے کی۔
کورچشم حریر - ف - ایک قسم ریشمی کپڑے کی۔
کوردین - ف - بروزن پوستین بالون کا موٹا کپڑا - کمبل۔
کورمقری ف - اندھا مادرزاد۔
کورنش - ت - بروزن بلبل کسی کو خم ہوکر یعنے جھککر ادب سے سلام کرنا - اسمین واؤ علامت ضمہ ماقبل کی ہے ملفوظ نہین ہے
کورنشات ف - جمع ہے کورنش کی۔
کورہ - ء - آتشدان بھٹی - پزاوہ - جہان اینٹین وغیرہ پکائی جائین - شہر قصبہ آبادی - یہ لفظ واو معروف سے ہے۔
کوری - ف - اندھاپن۔
کوز - ء - واو معروف سے - کوزہ اور ہر برتن جسمین دستہ لگا ہو۔
کوزہ - ف - خمیدہ - کبڑا۔
کوزپشت - ف / **کوزہ پشت** ن } جسکی پیٹھ کبڑی ہوگئی ہو
کوزہ - ف - برتن دستہ دار۔
کوس - ف - واو مجہول سے بڑا نقارہ - اور بمعنی کوفتن یعنے کوٹنا - نقارہ کو اسی مناسبت کوفتن سے کوس کہتے ہین - اور بمعنی آسیب یعنی صدمہ - لشکر کی صف - قطار فوج کی پرا سپاہیوں کا نظام ایک قسم کی بازی کا مثل شطرنج کے
گوشہ اور کنارہ جامہ کا - ایما - اشارہ۔
کوست - ف - صدمہ۔
کوستن - ف - بروزن و معنی کوفتن۔
کوسج سب معرب کوسہ کا وہ شخص جسکے باوجود درازی سن کے ڈاڑھی کے بال نہ نکلے ہون
کوس زدن - ف - مقابلہ حریف کا کرنا - لشکر کے پرے کو آراستہ کرنا۔
کوسہ - ف - جسکی داڑھی کے بال نہ نکلین
کوشش ف - سعی۔
کوشک - ف - بلند مکان - محل - قصر۔
کوشیدن - ف - کوشش کرنا۔
کوف - ف - واو معروف سے - بوم - اُلو۔
کوفتن - ف - کوٹنا۔
کوفتہ - ف - وہ شخص جسکو صدمہ پہنچا ہو - یا بیمار ہو یا محنت سفر وغیرہ سے تھک گیا ہو قیمہ گوشت کے ایک قسم مشہور کے کباب اور فرنی اور کُٹنا پے اور دیوثی کیوجہ سے جو کچھ حاصل ہو اُسکو بھی کوفتہ اصطلاحاً کہتے ہین۔
کوک - ف - واو معروف سے - آواز جو بہت بلند اور باریک ہو تخم کا ہو جو مشہور ہے
کوک - ف - واو مجہول سے سب سازون اور باجون کا باہم سرون مین ملانا موافق کرنا باجہ کے تارون کی آوازون کا - گانیوالون کا آپسمین اپنی آوازون کو ملانا - اور بمعنی سرفہ یعنی کھانسی کے بھی ہے - اسی جہت سے پوست کے

ڈورے کو کنار کہتے ہین کہ وہ کھانسی کو مفید اور فائدہ مند ہے۔

کُوک۔ ت۔ داو معروف سے ترکی مین کبود اور نیلہ رنگ کو کہتے ہین۔

کوکب۔ ع۔ ستارہ روشن اور بڑا۔

کوکبہ۔ ع۔ ستارہ۔ انبوہ جماعت۔ گروہ مجازاً یعنی شکوہ حشمت۔ بزرگی۔ فوج۔ بادشاہ کی سواری کے آگے کا جلوس۔

کوک ستدن۔ ف۔ موافق ہونا ساز و نکا باہم سر دن مین۔

کوک کردن۔ ف۔ موافق کرنا ساز و نکا باہم سر دنین اور موافق کرنا اپنی آوازون کا۔

کوکلتاش۔ ت۔ برادر رضاعی یعنی دودھ شریکا بھائی۔ واضح ہو کہ جن دو بچون نے ایک دایہ کا دودھ پیا ہو وہ آپسمین ایک دوسرے کا کوکلتاش کہلاتا ہے۔

کوکن۔ ف۔ بروزن مومن۔ یوم۔ الّو۔

کوکنار۔ ف۔ پوست کا ڈورا یہ لفظ مرکب ہے کوک یعنی کھانسی اور نار یعنی انار سے اسلیے کہ یہ کھانسی کو مفید ہے۔

کوکو۔ ف۔ آواز فاختہ کی۔ ایک قسم کا پلاؤ جو مرغی کے انڈون سے تیار ہوتا ہے۔

کوکہ۔ ف۔ دودھ شریکا بھائی۔

کوکل۔ ف۔ داو مجہول سے۔ نالاب۔ گڑھا۔

کولاب۔ ف۔ تالاب۔

کون۔ ع۔ ہونا۔ ہو جانا۔ ہست ہونا۔ اور بمعنی دنیا اور اس جہان کے مستعمل ہے۔ واضح ہو کہ کون مصدر ہے بمعنی موجود ہو جانا کسی چیز کا جو پہلے سے نہ تھی اب پیدا ہو گئی۔

کون۔ ف۔ مقعد۔ پاخانہ کا مقام۔

کون خاریدن۔ ف۔ پشیمان ہونا۔

کون خر۔ ف۔ نادان۔ احمق۔ بیوقوف۔ بے عقل بے تمیز۔

کونشتہ۔ ف۔ بروزن گلدستہ۔ آدمی کا چوتڑ

کون و فساد۔ ف۔ موجود ہونا اور پھر تباہ ہو جانا۔ ہو کر مٹ جانا۔

کونین۔ ع۔ یہ جہان اور وہ جہان یعنے دنیا اور دین۔

کونیہ۔ ع۔ منسوب کون سے۔

کوہ۔ ف۔ پہاڑ۔

کوہان۔ ف۔ داو مجہول سے۔ اونٹ کی پیٹھ کا کوبڑ۔ بیل کے شانہ کی بلندی۔

کوہ پایہ۔ ف۔ زمین دامن کوہ اور بمعنی پہاڑ کے بھی مستعمل ہے۔

کوہچہ۔ ف۔ ٹیلہ۔

کوہ حمت۔ ف۔ نام پہاڑ کا قریب مکہ کے۔

کوہستان۔ ف۔ جہان بہت سے پہاڑ ہون۔

کوہیج۔ ف۔ بڑا جفاکش اور بردبار آدمی۔

کوہکن۔ ف۔ لقب فرہاد کا جو شیرین پر عاشق تھا اسلیے کہ خسرو پرویز بادشاہ نے جو شیرین کا شوہر تھا فرہاد سے براہ فریب شیرین کے وصل کا وعدہ کر کے بے ستون مانے پہاڑ کو کھدوا کے راہ برابر نکلوائی تھی۔

کومہ۔ ف۔ داو مجہول سے۔ برآمدگی یعنی ابھرا پن ہر چیز کا۔ اونٹ کی پیٹھ اور بیل کے کندھے کی اونچان مجازاً انسان کا کندھا اور بمعنی حملہ اور نہیب کے بھی آیا ہے۔

کوے۔ ف۔ گلی۔ کوچہ۔

فصل کاف مع ہائے ہوز

کہ۔ ف۔ مخفف کاہ کا سوکھی کٹی ہوئی گھاس

کہ۔ ف۔ مخفف کوہ کا۔ پہاڑ۔

کہ۔ ف۔ چھوٹا۔ کوچک۔ کم رتبہ۔

کہ۔ ف۔ جو۔ وہ۔ یعنی۔

کہانت۔ ع۔ غیب کی بات بتلانا۔ فال گوئی۔

کہبد۔ ف۔ زاہد اور درویش کو نشین۔

کہبد۔ ف۔ صراف۔ خزانچی۔

کہتر۔ ف۔ بہت چھوٹا۔ نہایت حقیر۔

کہر۔ ف۔ گھوڑے اور خچر کا مخصوص ایک رنگ جسکو کمیت کہتے ہین۔

کہربا۔ ف۔ گھاس اٹھانیوالا۔ یہ ایک قسم کا گوند زرد رنگ چمکدار ہوتا ہے اسکی خاصیت یہ ہے کہ اگر اسکو مچھر پر خوب لعابین دہن سے گرم ہو جائے اور اسکو گھاس کے باریک تنکے کے پاس لیجائین تو یہ اسکو کھینچ لیتا ہے

کہف۔ ع۔ غار۔ گڑھا۔ پناہ۔

کہکشان ۔ ف ۔ ایک لمبی سفیدی باریک باریک ستارون کی جو آسمان پر راتون کو مشابہ لمبی گلی کے معلوم ہوتی ہے خصوصًا اخیر موسم برسات مین ۔ اسکا نام کہکشان اسلیئے ہوا کہ یہ مشابہ اُسکے ہے جیسے کوئی گھاس کے پولے کو بالو کی زمین پر رگڑتا اور کھینچتا ہوا بجائے اور اُس سے زمین پر سیدھے خطوط اور لکیر پڑتی جائے

کہل ۔ ع ۔ مرد میانہ سال یعنے جو شخص نہ جوان ہو نہ بوڑھا ۔ ادھیڑ ۔

کہلہ ۔ ع ۔ ادھیڑ عورت ۔

کہن ۔ ف ۔ } پرانا ۔
کہنہ ۔ ف ۔ }

کہنہ ۔ ع ۔ جمع کاہن بمعنی فال دیکھنے والے اور غیب کی بات بتانے والے کی ۔

کہنہ سوار ۔ ف ۔ شہسوار ۔ بڑا ۔ پہلوان ۔ کشتی گیرون کا خلیفہ ۔

کہنہ فعلہ ۔ ف ۔ مکار حیلہ گر ۔ تجربہ کار ۔

کہول ۔ ع ۔ وہ شخص جسکی داڑھی مین سفیدی اور سیاہ بال ہون ۔ ادھیڑ ۔

کہولت ۔ ع ۔ دو مو ہونا یعنے بالون کا سیاہ اور سفید ہوجانا ۔ ادھیڑ ہونا ۔

کہی ۔ ف ۔ وہ تھوڑے سپاہی یا سوار جو لشکر سے آگے چلین اور اطراف وجوانب مین جاکر لشکر کیواسطے لکڑی اور گھاس اور دانہ وغیرہ لاوین اور دشمن کی خبر بھی لیتے رہین

کہیں ۔ ف ۔ } کوچک تر بہت چھوٹا
کہیئہ ۔ ف ۔ }

فصل کاف مع یاے تحتانی

کے ۔ ف ۔ یہ کلمہ واسطے استفہام دریافت کے آتا ہے بمعنی کب ۔ اور بمعنی شہنشاہ بلند قدر عادل ۔ لطیف ۔ اصیل کے بھی ہے ۔

کی ۔ ع ۔ بمعنی داغ کہ لوہے کو آگ مین گرم کرکے کسی عضو کو داغ دیتے ہین ۔

کیا ۔ ف ۔ پہلوان ۔ خداوند ۔ پاکیزہ ۔

کیاد ۔ ع ۔ بڑا مکار ۔ بڑا حیلہ گر ۔

کیاست ۔ ع ۔ دانائی ۔ زیرکی عقلمندی ۔ یہ لفظ کاف فارسی سے غلط ہے ۔

کیال ۔ ع ۔ ناپنے والا ۔ تولنے والا ۔ کسی چیز کو پیمانہ سے پیمایش کرنے والا ۔

کیان ۔ ف ۔ بادشاہان عظیم الشان اور یہ چار بادشاہ گذرے ہین ۔ (۱) کیکاؤس (۲) کیخسرو ۔ (۳) کیقباد ۔ (۴) کے لہراسپ

کیانی ۔ ف ۔ منسوب طرف کیان کے جو جمع ہی کے کی پس کیانی وہ چیز جو لائق عظیم الشان بادشاہون کے ہو ۔

کیت وذیت ۔ ع ۔ بمعنی چنان وچنین ۔

کید ۔ ع ۔ مکر ۔ فریب ۔ حیلہ ۔ بدسگالی ۔

کیدہ ۔ یاے مجہول سے مخفف کیدار کا نام ایک ہند کے راجہ کا جو ہمعصر سکندر کا تھا ۔ اور نام ایک ہندؤن کے دیوتا کا ۔ اور نام ایک ستارۂ منحوس کا جسکو کیت کہتے ہین ۔

کید قاطع ۔ ف ۔ ظاہرا یہ سفرس کیت کا ہی نام ایک ستارۂ منحوس دُم دار کا جو قطع کرنے والا عمرون یعنی زندگیون کا ہے ۔

کیخسرو ۔ ف ۔ نام ایک بڑے بادشاہ عجم کا

کیر ۔ ف ۔ آلت مرد کا ۔ پیشاب کرنیکا عضو

کیس ۔ ع ۔ زیرک دانا ۔ عقلمند ۔

کیس ۔ ع ۔ کیسہ ۔ تھیلی ۔

کیس فدان ۔ وہ روپے کی تھیلی جو مخالف بروقت اپنے بھاگنے کے پھینک دیتا ہی تاکہ لوگ اُس روپیہ کے لوٹنے مین مشغول ہوجائین اور اُسکا پیچھا نہ کرین ۔

کیسہ ۔ ع ۔ تھیلی ۔

کیست ۔ ف ۔ کون ہے ۔ یہ لفظ فقط واسطے ذوی العقول کے مستعمل ہوتا ہی ۔

کیش ۔ ف ۔ یاے مجہول سے ۔ خو ۔ عادت ۔ دین ۔ مذہب ۔ ترکش جسمین تیر رکھتے ہین ۔ نام شہر کا جزیرۂ بحر فارس مین ۔ نام ایک جانور کا جسکی کھال کا پوستین بناتے ہین اور بمعنی درخت شمشاد ۔ اور ایک لفظ ہے جو بوقت شطرنج کھیلنے کے ایک موقع پر کہتے ہین جسکو آج کل کے لوگ کشت کہتے ہین مگر یہ غلط ہے اسلیئے کہ کیش صیغہ امر کا ہے بمعنی (دور ہو) اور شطرنج کھیلنے مین اس موقع پر یہی معنی مراد ہوتے ہین ۔

کیف ۔ ع ۔ چگونہ ۔ کیونکر ۔ یہ لفظ واسطے

پوچھنے احوال کے آتا ہے۔ اور اصطلاح مین وہ عرض جو بذاتہ تقسیم قبول نہ کرے جیسے سیاہی۔ سفیدی۔ اور مجازاً بمعنی نشہ۔ مستی۔ وہ چیز جو نشہ اور بیہوشی لاوے۔

کیفدان ف۔ وہ ڈبہ جس مین نشہ کی سجو نین وغیرہ رکھین۔

کیفر ف۔ بدلہ بدی کا۔ سزا بُرے کام کی۔

کیف ما اتفق ء۔ جسطرح کہ اتفاق پڑا۔

کیف ما یتفق ء۔ جسطرح کہ اتفاق پڑتا ہو۔

کیف و کم ء۔ چگونہ وچند۔

کیفیت ء۔ چگونگی۔ حالت۔ اور وہ وصف جو کسی چیز مین حاصل ہوگیا ہو۔ فارسی مین یہ لفظ بغیر تشدید یاے دوم کے آتا ہے۔

کیقباد ف۔ لفظی معنی اسکے عادل برحق اسلئے کہ دکے بمعنی عادل اور (قباد) اصل مین عباد تھا غین نقطہ دار سے بمعنی برحق۔ یہ نام ہے ایک بادشاہ عظیم الشان کا عجم کے۔ یہ بادشاہ بڑا عیاش تھا اور اُسنے سو برس بادشاہت کی ہے اور لقب ہے معزالدین بادشاہ دہلی ممدوح امیر خسرو کا

کیک ف۔ پسو ایک کیڑا مشہور ہے۔ اور یہان مین لکھا ہے ایک کیڑا کاٹنے والا سرخ رنگ۔

کیک در شلوار افتادن ف۔ } بیقرار اور
کیک در زمورہ افتادن ف۔ } مضطرب ہونا

کیکاؤس ن۔ نام ایک بادشاہ عظیم الشان کا ایران کے اسی کے رفیقون مین رستم پہلوان ملازم تھا۔ اور نام معزالدین کیقباد دہلی کے بادشاہ کے بھائی کا۔

کیل ء۔ پیمایش کرنا۔ تولنا۔ ناپنا۔ آنکنا اناج وغیرہ کا کسی پیمانہ سے۔ اور یہ لفظ بمعنی پیمانہ کے بھی آیا ہے۔

کیلوس ء۔ وہ غذا جو معدہ مین پہلی مرتبہ پکتی اور مثل آش جَو کے ہوتی ہے۔

کیلہ ء۔ پیمانہ۔

کیمخت چرم ف۔ مراد سختی اور درشتی سے۔

کیموس ء۔ نام ہے اُس صورت غذا کا جو دوسرے طبخ مین درمیان جگر کے پختہ ہوتی ہے

کیمیا ء۔ مکر حیلہ۔ اصطلاح مین بسبب ملانے روح اور نفس اجساد ناقصہ کے انکو مرتبہ کمال پر پہونچانا یعنی رانگ کو چاندی اور تانبے کو سونا بنا دینا۔ اور چونکہ یہ عمل خالی مکر اور فریب سے نہین ہے اسواسطے اسکو کیمیا کہتے ہین اور فارسی کی اصطلاح مین پیر و مرشد کامل کی نظر اور عشق کو کیمیا کہتے ہین اور عشقبازی کو کیمیا گری اور ازر یز خالص کو بھی کیمیا کہتے ہین۔

کیمیاگر ف۔ فریب کرنے والا۔ مکار اور کیمیا بنانے والا۔

کین ء۔ فرج زن یعنی عورت کی شرمگاہ کے اندر کا گوشت۔

کینونت ء۔ ہونا۔ آفرینش۔ پیدایش۔

کینہ ف۔ بغض۔ دشمنی۔ عداوت۔

کینہ توز ف۔ داد مجہول سے۔ کینہ اندوز یعنے دلمین کینہ رکھنے والا۔ کینہ نکالنے والا۔

کینہ کش ف۔ جو شخص دشمنی رکھتا ہو۔

کیوان ء۔ نام ہے ستارہ زحل کا جو ساتوین آسمان پر ہے اور مجازاً ساتوین آسمان کو بھی کیوان کہتے ہین۔

کیوبت ء۔ شکستگی۔ بدحالی۔

کیوس ء۔ صبح کا سہ بمعنی پیالہ کی۔

کیومرث ء۔ سب۔ معرب ہے کیومرت کا جو کاف فارسی اور تاے فوقانی سے ہے ترکیبی معنی اسکے مالک زمین کا ہے لیے کہ کیو بمعنی زمین کے ہے اور مرث بمعنی پیشوا اور صاحب یہ نام ہے ایک بادشاہ عظیم الشان کا جس نے پہلے پہل جا ہین بادشاہی کی ہے۔

کیہان ف۔ بروزن ایشان بمعنی جہان۔ زمانہ۔ دنیا۔ اور یہ لفظ بفتح اول بھی آیا ہے اور کاف فارسی سے بھی۔

باب کاف فارسی

فصل کاف فارسی مع الف

گار ف۔ یعنی کرنے والے کے آتا ہے جیسے ستمگار۔ گنہگار۔ خدمتگار۔ اور لائق کے معنی مین بھی آتا ہے جیسے رستگار یعنی لائق رہائی پانیکے اور بمعنی سبب کے بھی جیسے روزگار بمعنی سبب روز و شب اور یادگار بمعنی سبب

کسی کے یاد آنے کا۔
گاذ۔ ف۔ قینچی۔ مقراض۔ گلگیر جس سے شمع کا گل کرتے ہین۔ اور یعنی ہری گھاس کے بھی جو خوراک گھوڑے وغیرہ کی ہے۔
گازُر۔ ف۔ دھوبی۔
گازُرُوار۔ ف۔ نام کشتی کے ایک پیچ کا جسکو ہندی مین دھوبی پاٹ کہتے ہین۔
گازرون۔ ف۔ نام ایک مقام کا۔
گازہ۔ ف۔ جھولہ جسپر لڑکے وغیرہ جھولتے ہین
گاژ۔ ف۔ جگہ۔ جا۔ مقام۔
گال۔ ف۔ نام ہے ایک بہت چھوٹے غلہ کا جسکو ہندی مین کنکنی کہتے ہین اور یعنی فریاد اور فریب اور مکر کے بھی ہے۔ اور یعنی گیدڑ کے بھی ہے جو جانور مشہور ہے۔
گام۔ ف۔ قدم۔ پیر۔ وہ فاصلہ جو رستہ چلنے مین دونون پانون کے بیچ مین ہوتا ہے اور یعنی گھوڑے کی لگام کے بھی ہے۔
گام کُشادن۔ ف۔ روانہ ہونا۔ چلنا۔
گان۔ ف۔ لائق۔ سزاوار۔
گانہ۔ ف۔ } یہ الفاظ عدد کے آخر مین دو سے
گانہ۔ ف۔ } تین تعداد کے آتے ہین جیسے دوگانہ۔ سہ گانہ۔ ہشتگانہ وغیرہ۔
گاو۔ ف۔ بیل جو جانور مشہور ہے اور ایک قسم کی صراحی جو بصورت گاے کے بنتی ہے۔
گاوآہن۔ ف۔ ایک لوہا ہوتا ہے نوکدار جو ہل مین لگا ہوتا ہے اور اُس سے کھیت کی زمین جوتی جاتی ہے۔ ہندی مین پھار کہتے ہین۔
گاوپَرواری۔ ف۔ وہ بیل جسکو گرمی کی فصل مین سرد مکان مین رکھکر عمدہ غذا دیکر موٹا اور تیار کرتے ہین۔
گاوتازی۔ ف۔ دشمن کے مقابلہ مین اپنی بڑائی کے کلمے کہنا تاکہ اُسکے دلمین اُسکی طرف سے خوف پیدا ہو۔ غلبہ کرنا۔
گاودرخرمن کردن۔ ف۔ کسی کا کام خراب کرنا۔ رسوا کرنا۔ کسیکو تباہ کرنا۔
گاودم۔ ف۔ قرناے جسکو کرنا سے بھی کہتے ہین۔ بگل۔ نفیری۔ ترہی۔
گاودوش۔ ف۔ } گاے وغیرہ کے دودھ
گاودوشہ۔ ف۔ } دوہنے کا خاص برتن
گاورس۔ ف۔ نام ایک غلہ مشہور کا جسکو ہندی مین باجرا یا چینا کہتے ہین۔ اور اسی کا معرب جاورس ہے۔
گاورس نقرہ گون۔ ف۔ مراد تلوار کے جوہر سے جو خراسانی اور اصفہانی فولادی تلوار مین ہوتا ہے۔
گاوریش۔ ف۔ احمق۔ مسخرہ۔ لالچی۔
گاوزادن۔ ف۔ میراث۔ اور ترکہ پانا۔ بڑا نفع حاصل ہونا۔
گاوزمین۔ ف۔ وہ بیل جسکی پیٹھ پر زمین ہے اور وہ بیل مچھلی کی پیٹ پر ہے۔
گاوزور۔ ف۔ کشتی لڑنے والا۔ پہلوان۔
گاوزوری۔ ف۔ کشتی لڑنے کی قوت بزور کشتی لڑنے کی خواہش کرنا۔
گاوسار۔ ف۔ } نام فریدون کے گرز کا
گاوسر۔ ف۔ } جسکا سر بصورت بیل کے بنا تھا اور اسی سے یہ نام رکھا گیا۔
گاوسفالین۔ ف۔ مراد خم شراب سے
گاوعنبر۔ ف۔ ایک جانور دریائی ہے گاے سے مشابہ کہتے ہین کہ عنبر اسی کا گوبر ہے اور اصطلاح مین گاوعنبر کنایہ ہے اُس امیر اور مالدار سے جس سے لوگون کو فائدہ پہونچے
گاوگون۔ ف۔ احمق۔ نادان۔ مسخرہ۔
گاوگردون۔ ف۔ کنایہ برج ثور سے۔
گاہ۔ ف۔ وقت۔ جگہ۔ خیمہ۔ تخت بادشاہی۔ اور جوے کا داؤ۔
گاہ گاہ۔ ف۔ کبھی کبھی۔
گاییدن۔ ف۔ عورت سے جماع کرنا۔

فصل کاف فارسی مع باے عربی و فارسی

کپ۔ ف۔ کلام۔ سخن۔ صحبت۔ اختلاط۔ اور یعنی جھوٹ بولنے۔ بڑائی کرنے۔ شیخی مارنے فضول بکنے کے بھی آیا ہے۔
گبر۔ ف۔ قوم آتش پرست۔ آتش پرست آگ کا پوجاری۔
گبر۔ ف۔ دلدار۔ موٹا۔ سخت۔ اسی کو بطور عربی کے بنا لیا ہے اور غضب کہتے ہین

فصل کاف فارسی مع جیم فارسی

گچ ۔ ف ۔ عمارت کا چونہ مرکب ۔

فصل کاف فارسی مع دال مہملہ

گد ۔ ف ۔ مخفف گدیہ کا بمعنی گدائی ۔

گدا ۔ ف ۔ فقیر بھیک مانگنے والا ۔

گداختن ۔ ف ۔ پگھلانا ۔ گھلانا ۔

گدازش ۔ ف ۔ پگلاہٹ ۔ گلنا ۔

گدائی ۔ ف ۔ بھیک مانگنا ۔

گدائے شب کوک ۔ ف ۔ وہ فقیر جو رات کو ہر شخص کے دروازے پر جاکر بھیک مانگے اور ولایت میں ایک طرح کے فقیر ہوتے ہیں کہ ہر ایک اپنے اپنے محلہ میں اسطرح بھیک مانگتا ہے کہ رات کو اس محلہ میں کسی سنار یا کسی درخت یا کسی ٹیلہ پر یا جو چیز کہ اونچی ہوئی چڑھ گیا اور اُس محلہ کے ہر شخص کو نام بنام دعائیں دیا کیا اونچی چیز پر اسلیے چڑھ جاتا ہے تاکہ سب محلہ والے اُسکی آواز سنیں پس صبح کو وہ فقیر ہر شخص کے دروازے پر جاتا ہے اور لوگ اُسکو صدقہ دیتے ہیں ۔

گدیہ ۔ ف ۔ بھیک مانگنا ۔ گدائی ۔

فصل کاف فارسی مع ذال معجمہ

گذار ۔ ف ۔ راہ ۔ ادا کرنا ۔ ادا ۔

گذار دن ف ۔ چھوڑ دینا ۔ ترک کر دینا اسلیئے کہ ازروئے تحقیق یہ بات ہے کہ گذارون ذال سے بمعنی ترک کرنا ہے اور زا سے ہونے سے بمعنی ادا کرنا ۔

گذارش ۔ ف ادا کرنا یہ لفظ زا سے ہوز سے بھی صحیح ہے ۔

گذارہ ۔ ف ۔ جو چیز کہ حد سے گذر جائے اور بمعنی بے حد بیحساب ۔ کامل ۔ بہت ۔

گذاشتن ۔ ف ۔ چھوڑ دینا ۔

گذر ۔ ف ۔ راہ ۔ رستہ ۔ اور صیغہ امر کا بھی بمعنی گذر تو ۔

گذران ۔ ف ۔ گذرتی ہوئی خرچ کرتی ہوئی

گذرانیدن ف ۔ گذرانا

گذربان ۔ ف ۔ راہدار ۔ محافظ راہ کا ۔

گذرگاہ ۔ ف ۔ جگہ گذرنیکی ۔ گھاٹ ۔

گذرنامہ ۔ ف ۔ راہداری کا پروانہ ۔

گذشت ۔ صیغہ ماضی کا ہے بمعنی گذرا اور بمعنے راہ ۔ گذر گاہ ۔ اور بمعنی پیچھے اور بعد کے بھی آیا ہے ۔

گذشتن ۔ ف ۔ گذرنا ۔

فصل کاف فارسی مع رائے مہملہ

گر ۔ ف ۔ اگر ۔ جو مرمن خارش ۔ اور ایک کلہ ہے بمعنی بنانے والا اور کرنے والا جیسے شبشہ گر ۔ حیلہ گر ۔ اور بمعنی صاحب اور رکھنے والے کے بھی جیسے خصومت گر ۔ نوا گر ۔

گرا ۔ ف ۔ حجام لینے پچھنہ مارنیوالا غلام

گراز ۔ ف ۔ خوک نر ۔ سور جو نر ہو ۔ اور نیز بمعنی اسکی دلیری اور شجاعت کے بمعنی مرد دلیر اور بہادر کے بھی آتا ہے ۔ اور مرد ظالم اور ستمگر کو بھی کہتے ہیں ۔ اور بمعنی ناز سے اٹھلا کر چلنے کے بھی ہے ۔ اور بمعنی پھاڑ دار او کدال جس سے زمین کھودی جاتی ہے ۔

گرازان ۔ ف ۔ خرامان ۔ اٹھلا کر چلتا ہوا

گرازی ۔ ف ۔ کنایہ جرأت اور دلیری سے

گرازیدن ۔ ف ۔ ناز سے اٹھلا کر چلنا ۔

گرامی ۔ ف ۔ بزرگ ۔

گران ۔ ف ۔ بھاری ۔ مہنگا ۔ بیش قیمت اور اس شخص کو بھی کہتے ہیں جسکی موجودگی لوگوں پر دشوار ہو ۔ اور یہ لفظ بمعنے اول بھی آیا ہے

گران ارزش ف
گران بہا ف } بیش قیمت

گران جان ۔ ف ۔ مرد سخت جان اور وہ شخص جو بڑا کاہل اور سست ہو ۔ اور بمعنی بوجھا

گرانجانی ف ۔ سستی ۔ کاہلی سخت جانی

گران کاب ف ۔ متحمل ۔ باتمکین ۔ بردبار ۔ صاحب وقار ۔ وہ شخص جو لڑائی اور جنگ میں ثابت قدم ہو اور دشمن کے حملہ سے پیچھے نہ ہٹے

گرانمایہ ۔ ف ۔ بلند مرتبہ ۔ عالی قدر صاحب شکوہ پر تمکین ۔

گران سر ۔ ف ۔ معزز ۔ متکبر ۔

گران سنگ ۔ ف ۔ باتمکین ۔ باوقار صابر ۔ بھاری بھر کم ۔ قناعت والا ۔

گران کردن کاب ف بمعنی سوار ہونا ۔

گرانمایہ ف بیش قیمت ۔ عمدہ ۔ بلند مرتبہ

گرانمایگان - ف - مراد سردار دن سے

گرانی - ف - بھاری پن - بوجھ - مہنگی

گرائے - ف - میل - رغبت - خواہش - قصد - اور صیغہ امر کا بھی ان معنون مین -

گرائیش - ف - خواہش - رغبت - میل -

گرائیدن - ف - خواہش کرنا - رغبت کرنا -

گرزبال - ف - آٹا چھلنے کی چھلنی -

گربز - ف - مکار - دغاباز - حیلہ گر اصل مین یہ لفظ گرگ بز تھا یعنی گرگ بصورت بز - مطلب یہ کہ ظاہر مین بکری کی طرح غریب اور باطن مین بھیڑیے کی طرح خونخوار -

گربہ - ف - بلی -

گربہ بید - ف - نام ایک قسم کا درخت بید کی سترہ قسمون مین سے - مثل خز بید - بید مجنون مشک بید - بید موش - بید طبری - بید سادہ سرخ بید - سیاہ بید - سفید بید - بید مولہ وغیرہ کے

گربہ درانبان - ف - مکر - حیلہ - مکار -

گربہ دنبل داشتن - ف - مکر و حیلہ کرنا -

گربہ گون - ف - مکار - حیلہ گر - دغاباز -

گرج - ف - نام ایک ولایت کا جس کو گرجستان بھی کہتے ہین -

گرج - ف - جزبزہ وغیرہ کی پھانک -

گرج - ف - کرنے اور پیراہن کے گریبان کا شگاف - یعنی کنٹھ -

گرچ - ف - گچ جو عمارت کے کام آتی ہے -

گرچہ - ف - اگرچہ -

گرد - ف - دھول - اور بمعنی شہر - ایک قسم کا نفیس ریشم - آفتاب - غم - نفع

گرد - ف - دلاور - پہلوان -

گرد - ف - گول - حلقہ -

گردآب - ف - بھنور -

گردآگرد - ف - چار و نطرف - سب طرف -

گردانیدن - ف - لپیٹنا - لوٹانا -

گرداوری - ف - حکومت -

گردباد - ف - بگولا -

گردبالش - ف - گول تکیہ - گول تکیہ -

گردبر - ف - بڑھئی کا برمہ

گردبرآوردن - ف - پائمال کرنا ہلاک کرنا - برباد کرنا - خراب کرنا - مٹا دینا -

گردبرآمدن - ف - کسی چیز کی تلاش اور تجسس مین چار و نطرف پھرنا -

گردش - ف - دورہ -

گردک - ف - خیمہ - حجرہ ایک قسم کی روٹی چپتان جسکو پھلکی کہتے ہین - جوز -

گرد کردن - ف - گول کرنا - جمع کرنا -

گردگان - ف - اخروٹ مشہور میوہ ہے

گردن - ف - پہلوان - دلاور -

گردنان - ف - بہت سے پہلوان اور دلاور

گردن باریک - ف - ملائم - مطیع - تابعدار

گردن برافراختہ - ف - قوی - زورمند - عزت دار - طاقت دار -

لہز - ع - درمیان قوم کے شامل ہونا - کسی کے سینہ پر گھونسا یا برچھی مارنا بکری وغیرہ کے بچہ کا دودھ پیتے وقت ماں کے تھن مین اپنا سر مارنا -
لہف - ع - افسوس کرنا - رنجیدہ ہونا -
لہنہ - ع - طعام ناشتا پینے وہ کھانا جو صبح سویرے تھوڑا سا کھا لین - اور وہ کھانے کی تھوڑی سی چیز جو مہمان کے آگے رکھدیتے ہین کہ وہ اُس سے شغل کرے جبتک کہ ضیافت کا کھانا تیار ہو -
لہو - ع - کھیل کود جماع - وہ چیز جو کسی کو نیک کام سے باز رکھے -
لہو الحدیث - ع - عشق کے قصے گانے اور سرود وغیرہ کی حکایتین -
لہیب - ع - آگ شعلہ مارنے والی -
لہیف - ع - افسوس کرنے والا - بیچارہ غمگین - رنجیدہ -

فصل لام مع یاے تحتانی

لیاذ - ع - پناہ لینا - پناہ مانگنا -
لیاقت - ع - استعداد - حوصلہ -
لیالی - ع - جمع لیل کی - راتین -
لیام - ع - بخیل ور کنجوس لوگ - یہ جمع لئیم کی ہے -
لیامت - ع - ملامت کرنا -
لیت - ع - یہ ایک کلمہ ہے جو بروقت آرزو کسی چیز کے بولتے ہین فارسی مین اسکا ترجمہ کاشکے ہے - واضح ہو کہ لیت اُس چیز کی آرزو کے لیے آتا ہے جسکا ملنا ممکن نہو جیسے - لیت الشباب یعود یعنے کاشکے جوانی پھر آتی اور ظاہر ہے کہ جوانی جاکے پھر نہین آتی - برخلاف لعل کے کہ وہ اُس چیز کی آرزو کے لیے مستعمل ہوتا ہے جسکا ملنا ممکن ہو -
لیت ولعل - ع - کنایہ ہے کسی کام مین ڈھیل کرنے اور امروز وفردا کہکے ٹالنے سے -
لیث - ع - شیر درندہ -
لیثیر عنس - ی - سرسام بلغمی جو نام ایک مرض مشہور کا ہے -
لیم - ف - لہادہ - نرم کمان جسپر کمان کھینچنے کی مشق کرتے ہین -
لیسیدن - ف - چاٹنا -
لیم - ف - بد دل آدمی -
لیف - ع - یاے معروف سے درخت خرما کی چھال جو بہت باریک ہو -
لیق - ع - صوف جو دوات مین ڈال کر سیاہی مین اُس کو تر کرتے ہین -
لیک - ف - مخفف لیکن کا - مگر -
لیکن - ف - مگر -
لیل - ع - رات -
لیلا - ف - مُفرّس لیلیٰ کا جو معشوقہ قیس عرف مجنون کی تھی -
لیلۃ الاسریٰ - ع - شب معراج آنحضرت صلعم کی -
لیلۃ البدر - ع - چودھوین رات ہر مہینہ کی جسمین چاند پورا ہوتا ہے -
لیلۃ القدر - ع - ماہ رمضان کے مہینہ مین ایک رات ہوتی ہے جس کی عبادت ہزار مہینہ کے برابر ہے - اسکی تحقیق مین اختلاف ہے مگر بموجب اکثر روایت کے شیعون کے نزدیک تیئیسوین اور سنیون کے نزدیک ستائیسوین شب رمضان ہے
لیل لائل - ع - شب تاریک -
لیلیٰ - ع - نام مجنون کی معشوقہ کا -
لیلی - ف - } یاے معروف اور مجہول
لیلے - ف - } سے دونون طرح درست
مُفرّس لیلیٰ کا جو معشوقہ مجنون کی تھی لیلیٰ اصل مین لیلاء تھا چونکہ اسکا رنگ سیاہ تھا اسلیے یہ نام رکھا گیا -

لیمو ع۔ } لیموں ع۔ } نیبو مشہور پھل ہے۔

لیین ع۔ نرمی۔ عدہ خشونت۔ اور حروف لیین۔ واؤ۔ الف۔ یا۔ ہین جبوقت کہ یہ ساکن ہون اور انکا ماقبل مفتوح ہو

لیّن ع۔ نرم

لینیت ع۔ نرمی۔

لیموس ع۔ بے غیرت۔ بے شرم۔

لئیم ع۔ ناکس۔ کنجوس۔ شریر۔ فرق ہے کہ بخیل اسکو کہتے ہین جو آپ کھائے اور دوسرے کو نہ دے اور لئیم وہ جو نہ آپ کھائے نہ دوسرے کو دے۔

لئیمان ف۔ جمع فارسی لئیم کی ہے وہ لوگ جو بڑے کنجوس ہون۔

باب میم

فصل میم مع الف

ما ع۔ غیر ہمزہ کے حرف نفی ہے بمعنی نیست اور نہین۔ اور کلمہ استفہام کا بھی ہے یعنے کیا چیز ہے۔ اور اسم موصول بھی ہے بمعنے انچہ۔ جوکہ۔

ما ف۔ ہم۔

ماء۔ ہمزہ سے۔ پانی۔ سیاہ اسکی جمع ہے۔

ماء الجبن ع۔ پانی دودھ کا جو اُس کو ترشی سے پھاڑ کر نکالتے ہین۔

ماء الحیوۃ ع۔ آب حیات۔ اور اصطلاح مین کیمیا گرون کی ایک دوا کا نام جو شہد اور سہاگہ اور گھی سے مرکب ہوتی ہے اور خاصیت اسکی یہ ہے کہ جس مری ہوئی دھات مین اسکو ملا کر آنچ دین زندہ ہو جائے۔

ماء الورد ع۔ عرق گلاب کا۔

ماء معین ع۔ وہ جاری پانی جو پاک اور صاف ہو۔ معین صیغہ اسم مفعول کا ہے عین سے جیسے بیع بیع سے۔

مآب ع۔ بروزن ثواب۔ جانے بازگشت۔ وہ جگہ جہان آدمی لوٹ کر جاوے جیسے اپنا گھر۔

مابعد الطبیعۃ ع۔ وہ چیز جو سوائے طبیعت کے ہے یعنی علم الٰہی۔

مابقا ع۔ کسی چیز کا باقی بچا ہوا۔ اور بمعنی پس خوردہ کے بھی مستعمل ہے یعنے آگے کا جھوٹھا کھانا جو بچ رہے۔

مابون ع۔ بوتیسیا۔ یعنی وہ شخص جو علت اُبنہ مین گرفتار ہو۔

مابین ع۔ درمیان۔

مات ع۔ مرگیا۔ اور شطرنج بازون کی اصطلاح مین مات موقوف کے ساتھ گرفتار اور قید ہو جانا شاہ شطرنج کا۔

مأتہ ع۔ } بروزن صفت۔ بمعنی صد یعنے سو جو عدد مشہور ہے۔

مآت ع۔ صدہا۔ سیکڑون۔

مأتین ع۔ تثنیہ مأتہ کا۔ دوسو

مائح ع۔ کنوئین سے پانی کھینچنے والا۔

ماتقدم ع۔ وہ چیز جو پہلے گذر چکی۔

ماتم ع۔ رونا پیٹنا۔

مآثر ع۔ الف کے مدسے۔ نشانیان نیک کارہاے عمدہ اور پسندیدہ۔

ماثم ع۔ مصدر میمی ہے بمعنی اثم یعنے گناہ

مآثم ع۔ الف کے مدسے جمع ماثم بمعنے گناہ کی۔ بہت سے گناہ۔

ماثور ع۔ منقول نقل شدہ۔ اور فارسی مین بمعنی اثر پذیر شدہ کے بھی آتا ہے اور بمعنی بدلہ دیے گئے کے بھی۔

ماثورہ ع۔ منقولہ۔ اور ادعیہ ماثورہ وہ دعائین جو آنحضرت صلعم سے منقول ہین

ماثوم ع۔ گناہگار۔

ماہ ج۔ ث۔ ماہ۔ چاند۔

ماجد ع۔ مرد بزرگوار۔

ماجدہ ع۔ زن بزرگوار۔

ماجرا ع۔ واردات۔ وہ چیز جو گذر گئی سرگذشت۔ زمانہ گذشتہ کا حال۔

ماجن ع۔ بیباک۔ مسخرا۔

ماجوج ع۔ یافث بن نوح کی اولاد۔ ماتاری لوگ۔

ماجور ع۔ اجر دیا گیا۔ نیک بدلہ دیا گیا

ثواب دیا گیا۔
ماچ ع۔ چوما۔ بوسہ۔
ماچین ف۔ ایک ملک ہے چین کے دکھن اور ہندوستان کے پورب طرف
ماخ ع۔ سفیدی جو مرغی کے انڈے مین ہوتی ہے۔ اور مخ زردی اُسکی۔
ماحصل محصول۔ حاصل کی ہوئی شے۔ خلاصہ۔
ماحضر ع۔ جو حاضر ہو۔ جو شے موجود ہو کھانے وغیرہ کی۔ مگر خاص کر استعمال اسکا فارسی مین کھانے پر آتا ہے۔
ماحضرے ف۔ یاے مجہول سے فارسیون کے تصرف سے اسکا استعمال طعام قلیل اور بے تکلف پر آتا ہے جو بروقت حاجت کے موجود اور حاضر ہو۔
ماحی ع۔ محو کرنے والا۔ نیست اور نابود کر دینے والا۔
ماخذ ع۔ مصدر جگہ اخذ کی۔ وہ جگہ جہان سے کوئی چیز لین۔
ماخوذ ع۔ گرفتار۔ پکڑا گیا۔ لیا گیا۔
ماخول ف۔ } تصرف فارسیون کے
ماخولیا ف۔ } یہ مخفف ہے مالیخولیا کا جو ایک مرض سوداوی دماغ مین ہوتا ہے اور مجازاً ان لفظون کا اطلاق صاحب مرض پر بھی ہوتا ہے۔ وحشی سے ماخولیا گیا
نیستم چو یم چرا خوارۂ + کو قصد جان من کند
من جان برلبے اودرہم + اسیری لاعلاجی ہے
کے بود جز شاہ وقت رندرا دیگر خیال + ماخول ہر دم در خیال دیگر ست +
ماذام ع۔ یہ افعال ناقصہ مین سے ہے بمعنے ما دامت۔ اور بمعنی مدام اور ہمیشہ کے بھی آتا ہے۔
ماذونہ ف۔ ضیافت۔
مادح ع۔ تعریف کرنے والا۔
مادخ ع۔ مرد بزرگ و غالب وار جمند۔
مادر ف۔ مان۔ والدہ۔
مادر بخطا ف۔ یہ ایک گالی ہے یعنی تیری مان حرامکار تھی۔
مادر بخطن ف۔ یہ ایک لفظ سہل ہے مگر بمقابلہ مادر بخطا کے کرسی نشین ہے
طغرا ہ طغرۂ مشک خطائی شد مادر بخطن
لیکہ پیدا شدہ مادر بخطا در کشمیر +
مادر زاد ف۔ وہ بچہ جو اپنی مان کا جنا ہوا ہو۔ اور وہ عیب یا خوبی جو پیدائشی ہو اس وقت مین یہ لفظ اُس عیب یا خوبی کی صفت واقع ہوگا جیسے کور مادر زاد وغیرہ
مادر مادر ف۔ نانی۔
مادری ف۔ مان کا۔
مادر انڈر ف۔ } سوتیلی مان۔
مادر نڈر ف۔ }
مادون ع۔ ماسوا۔ علاوہ اور بمعنی فروتر کے بھی آیا ہے۔
مادہ ف۔ استری عورت جو مقابل نر کے ہے اور اس کا استعمال غیر انسان مین ہوتا ہے۔
مادہ ع۔ مہیولا۔ اصل ہر چیز کی۔ ترکیب ہر شے کا سامان۔ استعداد۔ وہ چیز جس سے کوئی دوسری چیز بنائی جائے۔ وہ شے جو محسوس ہو سکے۔ اور کبھی یہ لفظ بمعنی باب اور مقدمہ کے بھی مستعمل ہوتا ہے جیسے مادۂ فلان یعنی در باب فلان۔
مادی ع۔ منسوب طرف مادہ کے۔
مادیان ف۔ ایک اسپ مادہ یعنی گھوڑی یہ لفظ مفرد ہے جمع نہین ہے۔ اور چونکہ لفظ مادیان فقط گھوڑی کے واسطے خاص ہے دوسرے حیوانون کی مادہ کو مادیان نہین کہتے ہین اسلیے اسپ مادیان کہنا غلط ہے۔
ماذون ع۔ اذن دیا گیا حکم کیا گیا۔ اجازت دیا گیا۔
مار ف۔ سانپ۔ اور مراد ظالم اور بے رحم سے۔
مارا ف۔ ہمارے تئین۔ ہم کو۔
مارستان ف۔ انیسوین تاریخ ہر

شمسی مہینہ کی۔
مارِ اَفسا۔ف۔ سانپوں کا افسونگر یعنے منتر پڑھنے والا۔ اور مجازاً بمعنے مطلق افسونگر کے بھی آتا ہے۔
مارِب۔ع۔ مطلب۔ مقصد۔
مآرِب۔ع۔ بروزن مقاصد جمع مارِب بمعنی مطلب اور حاجت کی اور بمعنی حاجت طلب کرنے کے مقامات۔
مارِیزہ۔ف۔ دایہ۔ منہ بولی ماں۔
مارِپیچیدہ۔ف۔ کنایہ زنجیر سے۔
مارپیچ۔ف۔ پُرخم۔ خمدار۔ لشکر کے جھنڈے کا پرچم اور کئی سانپوں کے مانند باہم پیچیدہ تصویر جو بنی ہو۔
مارپیکر دُرفش۔ف۔ کنایہ رات سے اور کنایہ آسمان سے۔
مارِج۔ع۔ بے دھوئیں کی روشن آگ آتش بے دُود۔ نوع جن کے باپ کا نام جسطرح آدم نوع انسان کے باپ کا نام
مارِجمیری۔ف۔ کنایہ ضحاک بادشاہ سے جو قبیلہ جمیر سے تھا۔
مارِضحاک۔ف۔ وہ سانپ جو ضحاک بادشاہ کے شانہ مین پیدا ہوا تھا اور ہمیشہ آدمی کے سر کا بھیجا کھاتا تھا اور کنایہ سرزنجیر سے بھی۔
مارِق۔ع۔ دین سے خارج۔ گمراہ
مارِگزیدہ۔ف۔ کالا سانپ جس کا بڑا پھن ہو۔
مارِمُہرہ۔ف۔ ایک مُہرہ ہوتا ہے جو پُرانے سانپ کے سر سے نکالتے ہین اور یہ زہرون کا باطل کرنے والا ہوتا ہے اور بمعنے فادزہر کے بھی ہے اور فادزہر بھی زہرون کی باطل کرنے والی دوا ہے۔
مارِن۔ع۔ ناک کی پھننگ جسقدر کہ نرم ہوتی ہے۔
مارِنہ۔ع۔ کنایہ آسمان سے اس لیے کہ مجموع آسمان نو طبق ہین۔
مارُوت۔ع۔ نام ایک فرشتہ کا ہے جو بابل کے کنوئین مین بحکم خدا قید ہے۔
مارِی۔ت۔ ہلاکت۔
مازاغ۔ع۔ اشارہ ہے طرف آیۂ کریمہ مازَاغَ البَصَرُ وما طَغیٰ کے یعنی آنحضرت صلعم نے معراج کی شب کو مقام قرب الٰہی مین نہ پھیری اپنی آنکھ طرف دوسری چیزون کے اور نہ بے فرمانی کی حکم خدا سے۔
مازِن۔ع۔ چیونٹی کا انڈا۔ اور نام ایک قبیلہ کا تمیم سے۔
مازِنی۔ع۔ نام ایک علم نحو کے عالم کا منسوب طرف مازِن قبیلۂ مذکور کے۔
مازِندران۔ف۔ ملک طبرستان کا ایران کے توابع سے اور یہ چوتھی اقلیم مین واقع ہے۔ قدیم زمانے مین یہ ملک دیوون کا مسکن یعنے مقام بود و باش تھا۔
مازُو۔ف۔ نام ایک دوائے مشہور کا۔
ماس ع۔ مونث اور چالاک۔ اور بمعنی الماس کے بھی آیا ہے جس کو ہندی مین ہیرا کہتے ہین۔
ماس۔ف۔ مخفف آماس کا جسکو ورم اور سوجن کہتے ہین۔
ماسَبَق۔ع۔ گزشتہ جو پہلے گذر چکا۔
ماسُت۔ف۔ جغرات۔ دہی۔
ماسُت بَند۔ف۔ پنیر بنانے والا۔
ماسِخ۔ع۔ بے مزہ۔ پھیکا۔
ماسِک۔ع۔ مرکز بیضوی شکل کا۔
ماسِکہ۔ع۔ نام ایک قوت کا ہے جو غذا کو معدہ مین ٹھہرا رکھتی ہے پکنے کے لیئے۔
ماسَلَف۔ع۔ گذشتہ۔
ماسوا۔ع۔ علاوہ۔ سوا اصطلاح مین سوا خدائتعالے کے تمام مخلوقات اور موجودات کو کہتے ہین۔
ماش۔ع۔ کھڑے مونگ ایک غلہ مشہور ہے اور بمعنی اسباب خانہ۔ ہندی مین اُرد کو کہتے ہین اور اُس کی دال کو اُردکی دال بولتے ہین۔
ماشِری۔ع۔ نام ایک ورم دموی کا جو سر اور چہرہ اور پیشانی مین ظاہر ہوتا ہے

اور یہ لفظ سریانی ہے۔
ماشطہ ع۔ وہ عورت جو دوسری عورتوں کے سر میں کنگھی کرتی ہے اور جو دلہن کو سنوارتی اور آرائش دیتی ہے اور اسکو مشاطہ بھی بولتے ہیں۔ یہ لفظ ماخوذ ہے مشط سے جو بمعنے کنگھی کے ہے۔
ماشو ت۔ غربال۔ چھلنی۔
ماشورہ ت۔ لوٹے وغیرہ کی ٹونٹی۔
ماشہ ت۔ لہاروں کی سنسی جس سے گرم لوہا پکڑتے ہیں۔ بندوق کا توماسیکے منہ میں فتیلہ یعنے توڑا رکھ کر اسکو سلگا کر بندوق داغتے ہیں۔ اور آٹھ رتی کا وزن۔
ماشی ع۔ اپنے پیروں سے چلنے والا۔
ماص ع۔ چوسنے والا۔
ماصدق ع۔ وہ چیز جو صادق ہو۔ اور محاورہ میں بمعنی مضمون یعنی کے مستعمل ہے
ماضغ ع۔ نہایت کھٹا دودھ۔
ماضغہ ع۔ توت چبانے کی۔
ماضی ع۔ گذرا ہوا زمانہ۔ گذشتہ۔
ماضیہ ع۔ گذشتہ۔
ماطر ع ابر برسنے والا۔
ماعز ع۔ بزنر۔ بکرا۔
ماعزہ ع۔ بزمادہ۔ بکری۔

ماعون ع۔ زکوٰۃ مال کی۔ اور وہ چیز ہیں جنسے امور خانہ داری میں مدد طلب کریں جیسے ہانڈی۔ توا۔ کڑاہی۔ فرش وغیرہ اسباب گھر کا۔
ماغ ت۔ نام ایک پرند سیاہ رنگ کا جو اکثر پانی پر بیٹھتا ہے۔ اور بمعنی ابر۔ اور بمعنی اُس بخار اور بھاپ کے جو جاڑے کی فصل میں اکثر صبح کے وقت ہوتی ہے ہندی میں اُسکو کہرا کہتے ہیں۔ ایک قسم کا کبوتر اور بمعنے لائق یعنے چٹکبرے کے بھی آیا ہے۔
مافات ع۔ جو چیز فوت ہوگئی۔ وہ چیز جسکے کرنے کا وقت گذر گیا۔
مافوق ع۔ اوپر۔
ماق ع۔ آنکھ کا کونا جو ناک کی طرف ہے
ماقبل ع۔ پہلے۔
ماقل ودل ع۔ کنایہ قلیل کلام سے جو دلالت کرے زیادہ مراد اور بہت مطلب پر۔
مافوت ت۔ نام ایک قسم کے حلوے کا۔
ماقی ع۔ ناک کی طرف کا آنکھ کا گوشہ
ماکر ع۔ مکار۔ حیلہ گر۔
ماکل ع۔ خورندہ۔ کھانا۔ مجازاً کھانے کی شے یہ مصدر میمی ہے۔
ماکل ج۔ بروزن مطالب جمع مأکل کی
ماکول ع۔ کھایا گیا۔ کھانے کی چیز۔ وہ چیز جو کھائی جائے۔

ماکو ت۔ ایک آلہ لوہے کا ہوتا ہے جلاہوں کا ہندی میں اُسکو نال کہتے ہیں۔
ماکیان ت۔ یہ لفظ مفرد ہے جمع نہیں ہے ایک مُرغی گھر کی پلی ہوئی۔ اور اسکے نر یعنے مرغ کو خروس کہتے ہیں۔
مال ع۔ دولت۔ دھن۔ روپیہ۔ مال کو مال اسلیے کہتے ہیں کہ طبیعت انسان کی اسکی طرف مائل ہوتی ہے۔
مآل ع۔ بروزن مقال۔ جاے رجوع جاے بازگشت۔ جگہ لوٹنے کی۔ اور بمعنے انجام کار کے مستعمل ہے۔
مالا کلام ع۔ جسمیں کچھ کلام باقی نہ ہو۔
مالا مال ع۔ کثیر بہت۔ مجازاً بمعنے پُر بھرا ہوا۔ لبالب۔
مالایطاق وہ کام جسکے کرنے کی طاقت اور قدرت نہ ہو۔
مالایحل ع۔ وہ چیز جو قابل گھلنے کے نہو وہ چیز جو قابل حل ہونے کے نہو۔ مجازاً بمعنے کٹھن۔ سخت۔ بہت دشوار۔
مالا یعنی ع بیہودہ۔ وہ چیز جس سے کسی کی کچھ مراد نہ ہو۔ بیکار۔ بیفائدہ۔
مالج ب۔ تھوہر کی گرنی معرب مالہ کا
مالح ع۔ شور۔ نمکین۔
مالح ع۔ گرنیدہ۔ بھاگنے والا۔ سودا خلل دماغ۔ سڑی۔ سودائی۔

مالش - ف - مالیدگی - ملنا طبیعت کا قے کرنے پر مستعد ہونا - جی متلانا - ماندگی کوفتگی راہ - راہ کی تھکن -

مال شکری - ف - عورتوں سے بوس و کنار کرنا

مال ضامن - ف - وہ شخص جو سرحد پر اقرار کرے کہ اگر یہ شخص بھاگ جائیگا تو میں اسقدر مال سرکار میں حاضر کرونگا -

مال ضامنی - ف - ضمانت مال کی دینا یعنے اتنا مال بھر دونگا -

مالک - ع - صاحب - خداوند - آقا نام اُس سوداگر کا جس نے حضرت یوسفؑ کو اُنکے بھائیوں سے خرید کیا تھا - نام اُس فرشتے کا جو دوزخ کا موکل ہے - اور یعنے کہتے ہیں کہ درمیان دونوں سب -

مالکانہ - ف - مالک ہونے کا حق -

مالک دینار - ف - لقب ایک ولی کا اور اُس لقب کی یہ وجہ ہوئی کہ ایک روز آپ کشتی پر سوار تھے ناخدا کی ایک اشرفی کھو گئی دستے آپ نے پیچھے کی تہمت لگائی آپ نے دیکھ کر عاقبت مچھلیوں نے اتنی اشرفیاں لالاکر اُس کشتی میں ڈالنا شروع کیں کہ اگر وہ ناخدا تو یہ نہ کرتا تو کشتی اشرفیوں کے بوجھ سے غرق ہو جاتی -

مالکیت - ع - مالک ہونا - مالک پن -

مالگزار - ف - سرکاری محصول دینے والا

مالگزاری - ف - سرکاری زمین وغیرہ کا محصول ادا کرنا -

مال و متاع - ع - اسباب اور روپیہ -

مالوف - ع - اُلفت کیا گیا - جو گرفتہ - دوستی کیا گیا -

مالہ - ف - تھوتوں کی گرنی جس سے کہگل اور گارا وغیرہ دیوار پر ملتے ہیں -

مالی - ع - پُر کرنے والا - پُر ہونے والا -

مالیت - دھن - دولت -

مالیخولیا - ع - خلل دماغ - سودا - خیال خام - یہ ایک قسم کا جنون ہے مگر ہمکا مرض کسی کو ستاتا نہیں ہے برخلاف مانیا کے کہ اُسکا مریض دوسروں کو ایذا پہونچاتا ہے اصل اُسکی مالیخولیا ہے فنون کے ساتھ اور یہ لفظ یونانی ہے - ترجمہ لفظی اسکا خلط سیاہ ہے چونکہ یہ مرض سوداوی ہے اور سودا کا رنگ سیاہ ہے اسلئے یہ نام ہوا -

مالیدن - ف - ملنا -

مالیدہ - ف - ملا ہوا - اور اسی کا مخفف مالیدہ ہے جو بہت مشہور ہے -

مالیدہ گوش - ف - ہوشیار - خبردار -

مام - ف - مادر - ماں -

ماما - ف - بڑھیا - بوڑھی عورت -

ماہچہ - ف - دائی جنائی جو بچہ جناتی ہے -

ماضی - ع - وہ جو گذر گیا و نمانہ گذشتہ

مامک - ف - ماں - والدہ - یہ پیار کا لفظ ہے تصغیر مام کی جو بنی ماں کے ہے مگر یہ تصغیر پیار کے طور پر ہے نہ واسطے حقارت کے اور کبھی پیار سے بیٹی کو بھی کہتے ہیں اور لڑکوں کے ایک کھیل کا نام بھی ہے جسکو سر مامک بھی کہتے ہیں - ہندی دائی بچولا -

مامن - ع - جاے امن - جگہ آرام کی -

مامن رضا - ع - یعنی جاے امن رضا کی یہ اشارہ ہے اُس مشہد مقدس کے کیونکہ وہاں پر مزار مطہر حضرت امام علی موسی رضا کا ہے - اور شیعوں کے نزدیک یہ مزار مقدس حکم کعبہ شریف کا رکھتا ہے کہ جو گنہگار صدق دل سے وہاں جاکر زیارت کرتا ہے پھر اُس سے پرسش گناہ کی دور ہو جاتی ہے گویا اُس نے امن پایا عذاب سے

مامور - ع - حکم کیا گیا - امر کیا گیا -

مامول - ع - اُمید کیا گیا -

مامون - ع - امن کیا گیا - محفوظ - بیخوف اور نام خلیفہ بغداد کا جو ہارون رشید کا بیٹا تھا -

مامیثا - ع - یہ لخت مُریانی ہے - نام ایک نمکاس کا جو نہایت بدمزہ ہوتی ہے اور اسکے رس کو بھی مامیثا کہتے ہیں سین بھلہ اور ثین مجمہ سے یہ لفظ غلط ہے -

مامیران - ع - نام ایک جڑی کا جو ہلدی سے

مشابہ ہوتی ہے۔ یہ آنکھ کی دوا کے لیے کام آتی ہے۔

مان ف۔ بمعنی خانہ۔ گھر۔ اور بمعنی متاع اسباب۔ اور بمعنی ما جو ضمیر متکلم کی ہے یعنی (ہم) اور بمعنی مارا اور مرا کے بھی آتا ہے یعنے (ہم کو) اور صیغہ امر کا بھی ہے ماندن سے یعنی (ٹھہر) اور (چھوڑ) اور بمعنی شبیہ اور نظیر اور مانند کے بھی۔

مانا ف۔ شبیہ۔ مانند۔ نظیر۔ مانند ہونیوالا۔ مشابہ۔ شاید تحقیق۔

مانع ع۔ سخی بخشنے والا۔ کریم۔

ماندگی ف۔ عاجزی۔ تھکن۔

ماندہ ف۔ عاجز رہا ہوا تھکا ہوا۔

ماندن ف۔ رہنا۔

مانستن ف۔ مشابہ ہونا۔

مانستہ ف۔ مانند کیا گیا۔ مشابہ۔

مانع ع۔ منع کرنیوالا۔ روکنے والا۔

مانند ف۔ حرف تشبیہ کا ہے۔ جیسا۔

مانوس ع۔ جس چیز سے محبت ہوگئی ہو خوگر۔ پسند۔ مرغوب۔

مانی ف۔ نام ایک بہت بڑے کامل نقاش ساکن روم کا۔ اسنے جھوٹا دعوی نبوت کا کیا تھا اور نقاشی کو اپنا معجزہ گردانا تھا اور کتاب ارژنگ تصنیف کی تھی اور اُسکے احکام کیطرف لوگونکو دعوت کرتا تھا

مانیا ع۔ نام ایک قسم کے جنون کا اسکے مریض مین درندون کی سی خاصیت آجاتی ہے۔ اور لوگون کو ضرر پہونچانیکا قصد کرتا ہے

مانیدر ف۔ سوتیلی ماں۔ باپ کی جورو جسکے پیٹ کا یہ نہو۔

مأوی ع۔ جاے بازگشت۔ جاے پناہ اپنا گھر۔ جگہ پھر کر آنے کی۔

ماوراے ع۔ وہ چیز جو کسی چیز کے پیچھے ہو۔ سوا۔ علاوہ۔

ماوراءالنہر ع۔ وہ چیز جو دریا اور نہر کے اُسطرف ہو۔ چونکہ ملک توران ایران سے دریاے جیحون کے اُس طرف ہے لہذا ملک توران کو عربی دان ایرانی ماوراءالنہر کہتے ہین۔

ماوراالنہر ع۔ مخفف ماوراءالنہر کا۔

مأوف ع۔ بروزن مقول۔ آفت رسیدہ دکھ پہونچا ہوا۔

ماول ع۔ بروزن مقرر۔ تاویل کیا گیا یعنی وہ کلام جو ظاہری معنون سے طرف غیر ظاہری معنون کے پھیرا گیا ہو۔

ماہانہ ف۔ ماہواری۔

ماہتاب ف۔ چاند۔ چاندنی یعنی چاند کی روشنی اور عکس جو زمین پر پڑتا ہے۔

ماہتاب گزیمودن ف۔ چاندنی کو گز سے ناپنا چونکہ یہ بات غیر ممکن ہے لہذا کنایہ ہے امر محال کے کرنے اور حرکت لغو اور بیفائدہ سے۔

ماہتابی ف۔ وہ چبوترہ جو مکان کے صحن اور باغ وغیرہ مین بناتے اور اُسپر بیٹھکر چاند کی سیر دیکھتے ہین۔

ماہج ع۔ بالکل بلا دودھ۔

ماہ جلالی ف۔ کنایہ ماہ شمسی سے جو منسوب ہے طرف تاریخ جلال الدین ملک شاہ سلجوقی کے۔ اور بعضے ماہ جلالی مراد لیتے ہین ماہ فروردین سے اسلیے کہ آفتاب کے اس مہینے مین شرف ہوتا ہے۔ اور دوسرے دفتر ابوالفضل کی ابتدا مین ماہ جلالی منسوب ہے طرف تاریخ جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے اور اُسکو ماہ الٰہی بھی کہتے ہین اور ابتدا اس مہینہ کی تحویل آفتاب سے ہے ایک برج سے دوسرے برج مین۔

ماہچہ ف۔ مانند چاند کے ایک شکل چاندی یا سونے وغیرہ کی گول بنا کر علم پر یا فوج کے جھنڈے پر لگاتے ہین۔

ماہ در عقرب ف۔ ہونا چاند کا برج عقرب مین اور اُسوقت مین نیک کام کرنا منع ہے۔

ماہر ف۔ کسی کام مین بڑا اُستاد۔

ماہرو ف۔ معشوق۔ چاند کے مانند چہرہ

ماہِ کنعان ف- کنایہ یوسفؑ سے-

ماہ ماہ گفتن -ف- ولایت مین عورتین بچون کے منہ دھلاتے وقت جب وہ روتے ہین تو آسمان کیطرف اشارہ کرکے ماہ ماہ کہتی ہین تاکہ اس بہانہ سے بچے اُدھر متوجہ ہوکر رو دین نہین-

ماہ مقنع -ف- وہ چاند ہے جس کو حکیم ماہ نخشب -فنا بن عطا نے جو بنام ابن مقنع مشہور ہے چند اجزا کو مثل پارے وغیرہ کے ملاکر شعبدہ کے طور پر بنایا تھا- یہ چاند دو مہینے تک ہر رات کو ایک کونہ سے جو کوہ سیام کے نیچے واقع تھا نکلتا تھا اور بارہ میل تک اسکا نور پہنچتا تھا نخشب ایک شہر ہے ملک ماوراء النہر مین- اور وہ کنوان نخشب سے چھ میل کے فاصلہ پر ہے- مقنع اصل مین اس حکیم کے دادا کا نام تھا- اور بعضے کہتے ہین کہ اس حکیم کا نام عطا تھا اور اسکی کنیت ابن مقنع تھی اسلیے کہ مقنع اسکے باپ کا نام تھا-

ماہین -ء- خادم- خدمتگار-

ماہوار ف- ہر مہینے- مہینے- مہینے-

ماہور -ف- موسیقی کے ایک راگ کا نام ہے

ماہِ ورق ف- مراد آسمان سے-

ماہہ -ف- برمہ جس سے لکڑی چیرتے ہین سوراخ کرتے ہین- اور بمعنی اشہ جو آٹھ رتی کا وزن ہوتا ہے-

ماہی -ف- مچھلی- اور کبھی مراد اُس مچھلی سے بھی ہوتی ہے جو زمین کے نیچے ہے-

ماہیانہ -ف- مہینے کا- ماہواری-

ماہیت ء- اصل اسکی (ماہی) ہے لفظی معنی اسکے (کیا ہے یہ) اُسپر (تا) بڑھاکر مصدر بنالیا ہے- یہ مصدر جعلی ہے- اہل منطق وحکمت کا بنایا ہوا- اب بمعنی کسی چیز کی حقیقت کے مستعمل ہے-

ماہیچہ -ف- بابے معروف سے میدہ کی سوئیان جنکو دودھ اور شکر کے ساتھ کھاتے ہین- عربی اسکی اُطریہ ہے-

ماہِ یمانی -ف- سرور کائنات صلعم کے روے اقدس سے مراد ہے-

مائت ء- مرنے والا-

مایحتاج ع- وہ شے جسکی طرف انسانکو حاجت پڑتی ہے-

مائدہ -ء- خوان بھرا ہوا کھانے اور نعمت سے- دسترخوان جسپر کھانا چنا ہو-

مائدہ مسیح ف- ایک خوان پر از طعام حضرت عیسیٰ کی دعا سے آپ پر بوسالت ابر مدتون ہر روز آسمان سے اُترا کیا- اُسمین بے کانٹے کی ایک مچھلی تلی ہوئی ہوتی تھی جس سے کبھی نہ چکتا تھا- اور مچھلی کے سر کے پاس نمک اور دُم کے نزدیک سرکہ رکھا ہوتا تھا- اور پانچ روٹیان ہوتی تھین ایک پر روغن زیتون دوسری پر شہد تیسری پر گھی چوتھی پر پنیر پانچوین پر بُھنا ہوا گوشت اور ان سبکے گرد انواع واقسام کی مکانیان عمدہ چنی ہوتی تھین- حکم خدا تھا کہ محتاج اس مین سے کھائین- جب دولتمند کھانے لگے تب رفتہ رفتہ کرکے اُترنا موقوف ہوگیا-

مائع -ء- رقیق اور پتلی شے جیسے پانی تیل- سرکہ- شہد وغیرہ-

مائوف ء- کنایہ ہے گھر کے اسباب سے اور وہ چیز جو کسی کے قبضہ مین ہو-

مائیقرأ -ء- ایسا لکھا ہوا جس کو آدمی پڑھ سکے-

مائل -ء- متوجہ- میل کرنیوالا- خواہش کرنیوالا- شائق- جھکا ہوا-

مائین -ف- دروغگو- جھوٹا-

مائین -ء- صدہا- سیکڑون- یہ بھی جمع لاکھ کی ہے بحذف تا سے فوقانی-

مایوس -ء- ناامید- بے آس- وہ چیز جسکے ملنے کی اُمید قطع ہوگئی ہو- اگرچہ یہ لغت کلام عرب مین نہین آیا ہے مگر فارسی مین بہت مستعمل ہے- مستعمل عرب آئس ہے-

مایہ -ف- پونجی- اصل سادہ- مقدار

قدرت - سامان - بنیاد - اور بمعنی مادہ جو ضد نر کی ہے - نام اُس گاے کا جو فریدون کو عالم بیکسی مین بحکم خداوند پلا جاتی تھی - اور مراد اعمال سے بھی -

مَائی - ع - منسوب طرف ماء بمعنی پانی کے یعنے آبی اور مخفف ماوَرَاءُالنہر کا بھی یعنی ملک ماوَرَاءُالنہر کا رہنے والا -

فصل میم مع باے موحدہ

مُبا - ن مخفف مباد کا - مت ہو جیو -

مَبات - ع - کسی جگہ رات کاٹنی - وہ جگہ جہان رات گزاری جائے -

مُباح - ع - جائز رکھا گیا - حلال کیا گیا

مُباحثہ - ع - باہم بحث کرنا -

مَباد - ف - مت ہو جیو - یہ کلمہ بد دعا کا ہے - بضم اول غلط ہے -

مَبادَا - ف - خدانہ کرے کہ یون ہو -

مُبادات - ع - ظاہر کرنا -

مُبادِر - ع - جلدی کرنے والا - پیشی اور سبقت لیجانیوالا -

مُبادَرت - ع - شتابی کرنا پیشی لیجانا دلیری کسی کام مین کرنا -

مُبادَلہ - ع - بدلہ کرنا - باہم بدل کرنا -

مُبادی - ع - صیغہ اسم فاعل کا ہے یعنی ظاہر اور آشکارا کرنیوالا -

مَبادِی - ع - جمع مبدء کی جو صیغہ اسم ظرف بمعنی جگہ ظاہر ہونیکے ہے - مجازاً ابتدا کی باتین جو شروع مین سکھائی جائین -

مَبادِی عالیہ - ع - فرشتے اور عقول عشرہ

مُبارا - ع - اصل مین مبارات تھا بمعنی بیزاری زوجہ اور شوہر کی آپسمین -

مُبارِز - ع - کسی کے مقابلہ پر جنگ کے لیے نکلنے والا سپاہی لڑنیوالا -

مُبارَزَت - ع - جنگ - لڑائی -

مُبارَک - ع - برکت کیا گیا - بزرگ کیا گیا - خجستہ - ہمایون - خوب -

مباسَطَت - ع - پھیلانا - کسی کے ساتھ کشادگی اور فراخی کا برتاؤ کرنا اور یہ کنایہ دوستی اور محبت سے ہے -

مُباسَکَت - ع - شجاعت - جوانمردی

مُباشِر - ع - کسی کام کا آپ اپنی خوشی سے کرنے والا - جماع کرنیوالا -

مُباشَرَت - ع - آپ کسی کام مین گھسنا عورت سے جماع کرنا -

مُباعَدَت - ع - دوری - مفارقت -

مَباقِل - ع - ترکاری کے کھیت جہان لہسن پیاز ساگ پات جگین شلغم وغیرہ بوئے ہون - مفرد اسکا مَبقلہ ہے -

مَبال - ع - پیشاب کرنیکا مقام مراد اُس سے فرج عورت کی اور ذکر مرد کا -

مُبالاً - ع - مخفف مُبالات کا -

مُبالات - ع - ڈر رکھنا - خوف رکھنا - اندیشہ کرنا - فکر کرنا -

مُبالَغہ - ع - کسی کام مین سخت کوشش کرنا اور اصطلاح مین کسی کی تعریف یا ہجو اسطرح بیان کرنا جو محال معلوم ہو - اور اسکی تین قسمین ہین اسطرح -

مُبالَغہ اِغراق - ع - وہ مبالغہ جو عقل کے نزدیک ممکن ہو مگر بحسب عادت ناممکن ہو -

مُبالَغہ تبلیغ - ع - وہ مبالغہ جو بحسب عقل اور عادت کے ممکن ہو -

مُبالَغہ غُلو - ع - وہ مبالغہ جو بحسب عقل اور عادت دونون کے ناممکن ہو -

مَبانی - ع - جمع مَبنی بمعنی جاے بنا کی - بنیادین - اور کبھی بمعنی مضامین کے بھی آتا ہے اور کبھی کنایہ اعضا اور اندام سے بھی ہوتا ہے

مُباہات - فخر کرنا - ناز کرنا -

مُباہَجَت - ع - باہم فخر کرنا نکوئی اور حسن مین - باہم خوش ہونا -

مُباہَلہ - ع - ایک دوسرے کو نفرین کرنا ایک دوسرے کے حق مین دعاے بد کرنا -

مُباہی - ع - ناز کرنیوالا - فخر کرنیوالا

مُبایَعَت - ع - بیعت کرنا - تابع کرنا -

مُبایَنَت - ع - جدا ہونا - ایک دوسرے سے علحدہ ہونا - دوری - جُدائی -

مُبتُ ۔ ع ۔ ننگ ۔ عار ۔ شرم ۔
مُبتَدا ۔ ع ۔ شروع ۔ اول جزو جملۂ اسمیہ کا ۔
مُبتَدِع ۔ ع ۔ بدعت کرنیوالا ۔ بدعتی ۔
مُبتَدِی ۔ ع ۔ شروع کرنیوالا ۔ ابتدا اور آغاز کرنیوالا ۔
مُبتَذَل ۔ ع ۔ ذلیل ۔ خوار ۔ بیقدر ۔
مُبتَتر ۔ ع ۔ دم کٹا ہوا ۔ بے اولاد ۔ خراب ۔ اور بمعنی دشمن کے بھی آیا ہے ۔
مُبتَسِم ۔ ع ۔ کھلنے والا ۔ ہنسنے والا ۔
مُبتَغا ۔ ع ۔ } چاہا گیا ۔ خواہش کیا گیا ۔
مُبتَغیٰ ۔ ع ۔ } اُمید ۔ آرزو ۔
مُبتَغیات ۔ ع ۔ امیدیں ۔ آرزوئیں
مُبتَلا ۔ ع ۔ آزمایا گیا ۔ بلا میں پھنسا ہوا ۔ گرفتار ۔ بلا اور رنج میں ۔
مُبتَلی ۔ ع ۔ آزمانیوالا ۔ امتحان لینے والا ۔
مُبتَنی ۔ ع ۔ بنا کرنیوالا ۔ بنا ہونیوالا ۔
مُبتَنیٰ ۔ ع ۔ بنا کیا گیا ۔ بنیاد ڈالا گیا ۔
مُبتَہج ع شاداں ۔ خوش ۔
مُبتُوثہ ۔ ع ۔ پراگندہ ۔ پریشان ۔
مَبحَث ۔ ع ۔ جاے بحث ۔ مقام بحث ۔
مُبخِر ۔ ع ۔ بھاپ اُٹھانیوالی شے ۔
مُبخَلی ۔ ع ۔ بخیلی ۔ بخل سے نسبت کیا جانا
مُبدِرِق ۔ ع ۔ رہبر ۔
مُبدِع ۔ ع ۔ آپ کسی چیز کا اپنے دلسے پیدا کرنیوالا ۔ بے مادہ بنانیوالا ۔

مُبدَّل ۔ ع ۔ بدلا ہوا ۔ بدلا گیا ۔
مَبدَء ۔ ع ۔ صیغہ اسم ظرف کا ہے ثلاثی مجرد سے ۔ مقام آغاز کرنے کا جگہ آشکارا اور ظاہر ہونیکی ۔
مُبدِء ۔ ع ۔ صیغہ اسم فاعل کا باب افعال سے شروع کرنے والا ۔ ظاہر کرنے والا ۔ پیدا کرنیوالا ۔
مُبدَء ۔ ع ۔ صیغہ اسم ظرف کا باب افعال سے مقام شروع کرنیکا ۔ جگہ ظاہر کرنیکی ۔ واضح ہو کہ اس لفظ سے جو تین طرح چیز مذکور ہوا کبھی ذات حقتعالیٰ کی مراد ہوتی ہے ۔ اور بصورت ظرفیت کے بمعنی مطلع غزل و قصیدہ بھی آتا ہے ۔
مُبدِء فَیّاض ۔ ع ۔ شروع کرنے والا بڑا فیضرسان ۔ مراد خدا تعالےٰ سے ۔
مُبذِّر ۔ ع ۔ اسراف کرنیوالا ۔ بیہودہ اور بیموقع خرچ کرنیوالا فضولخرچ ۔
مُبذُول ۔ ع ۔ خرچ کیا گیا ۔ قبول کیا ہوا بخشی ہوئی چیز ۔
مُبَرّا ۔ بیزار شدہ ۔ دور شدہ ۔ بیزار ۔ پاک کیا گیا ۔
مُبَرّات ۔ ع ۔ ہر چیز مونث جو پاک کی گئی ہو
مُبَرِّد ۔ ع ۔ سردی دینے والا ۔ سرد کرنیوالا
مُبَرَّد ۔ ع ۔ نام ایک عالم علم نحو کا سرد اور ٹھنڈا کیا گیا ۔

مُبَرَّد ۔ ع ۔ سوہان یعنی سوہن جس سے لوہا وغیرہ رگڑتے ہین ۔
مُبَرِّدات ۔ ع سرد کرنیوالی چیزین ۔ وہ دوائین سرد جو مزاج سرد یکا بخشین ۔
مُبَرِّدہ ۔ ع ۔ سردی بخشنے والی اور سرد کرنیوالی چیز ۔
مُبَرز ۔ ع ۔ مقعد ۔ پاخانہ ۔ نکلنے کی راہ ۔
مُبَرَّز ۔ ع ۔ ظاہر ۔ روشن ۔ بزرگ ۔ نامور ۔
مُبَرقَع ۔ ع ۔ نام ایک نغمہ کا موسیقی مین ۔
مُبرَم ۔ ع ۔ محکم ۔ استوار ۔
مُبرَور ۔ ع ۔ نیکی کیا گیا ۔ پاک ۔
مُبَرہَن ۔ ع ۔ دلیلون سے ثابت کی ہوئی شے ۔ بہت ظاہر اور روشن ۔
مَبسُوط ع ۔ پھیلا ہوا فراخ کشادہ کیا گیا ۔ نام ایک کتاب کا فقہ مین ۔
مَبسُوطہ ۔ ع ۔ فراخ چیز کشادہ کی گئی ۔ وہ چیز جو غیر مرکب ہو ۔
مُبَشِّر ۔ ع ۔ خوشخبری پہونچانیوالا بشارت دینے والا ۔
مُبصِر ۔ ع ۔ بینائی والا ۔ پہچاننے والا ۔
مِبضَع ۔ ع ۔ فصد کھولنے کا نشتر ۔
مِبطان ۔ ع ۔ وہ شخص جسکا پیٹ ہمیشہ بڑا رہے زیادہ کھانیکے سبب سے ۔
مَبطَخہ ۔ ع ۔ خربزہ کا کھیت ۔
مُبطِل ۔ ع ۔ باطل کرنیوالا ۔

مَبطُون ۔ع۔ وہ شخص جسکو پیٹ کی کوئی بیماری ہو۔
مَبعُوث ۔ع۔ اُٹھایا گیا۔ برانگیختہ کیا گیا یعنے پیدا کیا گیا۔
مَبقَلہ ۔ع۔ ترکاری کا ایک کھیت جسمین ساگ پیاز لہسن بگین شلغم وغیرہ بوئے جاتے ہین مَبَاقِل اسکی جمع ہے۔
مُبقِی ۔ع۔ باقی رکھنے والا کسی چیز کا۔ قائم اور برپا رکھنے والا۔
مُبِلّ ۔ع۔ گرانے والا۔ ترک کرنیوالا۔ اشکبار۔ آنسو ڈکا بہانیوالا۔
مَبلَغ ۔ع۔ جگہ پہونچنے کی۔ مقام حد نہایت مقدار اور معنی اندک یعنی تھوڑے اور بسیار یعنی بہت کے بھی ہے۔ اور مصدر میمی بھی ہے جو زر نقد کی صفت مین بمعنی اسم مفعول واقع ہوتا ہے۔
مُبلَغ ۔ع۔ پہونچایا گیا۔ صیغہ اسم مفعول کا ابلاغ سے بعضون نے لکھا ہو کہ مبلغ بضم اول بھی زر نقد کی صفت مین واقع ہوتا ہے۔
مُبَلَّغ ۔ع۔ بروزن منقش۔ پہونچایا گیا۔
مُبَلِّغ ۔ع۔ پہونچانیوالا۔
مَبنِی ۔ع۔ بنا کیا گیا۔ اور علم صرف کی اصطلاح مین وہ لفظ جسکا حرف آخر ہمیشہ اپنی حالت پر رہے اور باختلاف عوامل تغیر نہو
مَبنیٰ ۔ع۔ جگہ بنا کی۔ مقام بنیاد کسی چیز کا

مُبہِج ۔ع۔ شادمان۔ خوش۔
مُبَہِّج ۔ع۔ خوش اور شاد کرنیوالا۔
مُبہَم ۔ع۔ پوشیدہ۔ کار فروبستہ۔ اور کلام مبہم وہ جو کسی طرح دریافت نہ ہو سکے کہ اسکا کیا مطلب ہے۔
مَبہُوت ۔ع۔ حیران۔ بھوچکا۔
مُبہِی ۔ع۔ یعنی پیدا کنندۂ قوت باہ تحقیق اسکی لفظ مبہی مین مرقوم ہے۔
مَبِیت ۔ع۔ کسی جگہ رات گذارنا۔ شب گذرانے کا مقام۔
مَبِیع ۔ع۔ شے خرید کی ہوئی چیز کی ہوئی یہ دونون معنی پر آتا ہے۔
مُبِین ۔ع۔ ظاہر۔ آشکارا۔ ظاہر اور آشکارا کرنیوالا۔ ظاہر شدہ۔
مُبَیِّن ۔ع۔ بیان کرنیوالا۔
مُبَیَّن ۔ع۔ بیان کیا گیا۔
مُبِیَّہ ۔ع۔ بروزن مصور یہ صیغہ ہی اسم فاعل کا۔ قوت باہ پیدا کرنیوالا۔
مُبَیِّہی ۔ع۔ بروزن مہینی منسوب طرف مُبِیَّہ بروزن مصور کے حالت نسبت مین حسب قاعدہ تشدید (یا) کا جاتا رہا۔
مَبِیش ف۔ امالہ میاش کامت چھڑک۔

فصل میم مع تاے فوقانی

مَتی ۔ع۔ کب۔ کسوقت۔ جسوقت۔
مَتَاب ع۔ لوٹ جانا۔ جاے رجوع۔

مُتَابَعت ۔ع۔ تابعداری۔ اطاعت
مُتَاثِّر ۔ع۔ اثر پذیر۔ اثر قبول کرنیوالا
مُتَاجَرت ۔ع۔ باہم سوداگری کرنا۔
مُتَاخِر ۔ع۔ پیچھے آنے والا۔ وہ شخص جو پیچھے رہ گیا ہو۔
مُتَاخِرِین ۔ع۔ پچھلے لوگ۔ حال کے زمانہ کے لوگ۔
مُتَادِی ۔ع۔ پہونچانیوالا۔
مُتَاذِّی ۔ع۔ تکلیف پانیوالا۔ آزردہ ہونیوالا۔
مُتَاسِّف ۔ع۔ افسوس کرنیوالا۔
مَتَاع ۔ع۔ پونجی۔ اسباب سوداگری گھر کا اسباب۔
مَتَاعِب ۔ع۔ جمع تعب بمعنی رنج اور ماندگی کی۔ مگر یہ جمع خلاف قیاس ہی
مَتَاعِ رُوے دَست ف۔ کم قیمت اور حقیر چیز جو ہاتھ پر لیکر بیچتے پھرین۔
مَتَاعِ عرقی ۔ف۔ کنایہ آلہ تناسل سے
مَتَاعِ غرور ۔ع۔ دنیا۔ یہ جہان۔ اور کنایہ لقہ حیض سے بھی۔
مُتَاعِ کس مُخر ۔ف۔ وہ اسباب جسکو بوجہ ناقص ہونیکے کوئی نہ خریدکرے۔
مَتَاعِ کم ارزش۔ کم قیمت اور حقیر شے۔
مُتَالَّف ۔ع۔ تالیف کیا گیا۔ مرکب کیا گیا۔ ملایا گیا۔

مُتَالِم - ع - رنج کشیدہ - رنجیدہ - دکھیا درد ناک - درد مند -

مُتَالِہین - ع - خدا کی پرستش کرنیوالے خدا کی عبادت کرنیوالے - وہ حکیم لوگ جو صاحب اسلام تھے -

مُتَامِّل - ع - تامل کرنیوالا - بہت غور اور فکر کرنیوالا -

مُتَانَت - ع - استواری - محکمی -

مُتَاہِّل - ع - جورو لڑکوں والا -

مُتَبَادِر - ع - جلد ذہن میں آنیوالا - بیشبہ لیجانے والا -

مُتَبَائِن - ع - آپس سے جدا ہونے والا - ایسے دو مخالف جو ایک دوسرے پر صادق نہ آسکیں -

مُتَبَحِّر - ع - وہ آدمی جسکو بہت بڑا علم ہو بڑا عالم -

مُتَبَخِّر - ع - بخارات بنایا گیا -

مُتَبَدَّل - ع - بدلا کیا گیا - تبدیل کیا گیا -

مُتَبَرَّک - ع - برکت والا - برکت یافتہ -

مُتَبَسِّم - ع - مسکرانیوالا - اور یعنی شگفتہ یعنے کھلے ہوے کے بھی مستعمل ہے -

مُتَبَلِّد - ع - کند ذہن - احمق -

مُتَبَنّٰی - ع - فرزند کیا ہوا - فرزندی میں لیا ہوا - لے پالک لڑکا -

مُتَبَنَّاۃ - ع - لے پالک لڑکی -

مَتْبُوع - ع - پیروی کیا گیا - سردار وہ شخص جسکے لوگ تابع ہوں -

مُتَتَالِیہ - ع - پے در پے آنیوالا - ایک دوسرے کے پیچھے جانیوالا -

مُتَجَاوِز - ع - حد سے گذرنیوالا -

مُتَجَاہِل - ع - جان بوجھکر جاہل ہونیوالا اپنے کو انجان بنانے والا -

مُتَجَبِّرہ - ع - ظالموں کا فرقہ - جماعت ظلم کرنے والونکی -

مُتَجَسِّس - ع - تلاش کرنے والا - ڈھونڈھنے والا -

مُتَجَلِّی - ع - روشن - آشکارا -

مُتَحَتِّم - ع - واجب - لازم - یقینی واجب ہونیوالا -

مُتَحَتِّمات - ع - واجب ہونیوالی چیزیں یقینی اور ضرور ہونیوالی باتیں -

مُتَحِد - ع - ملا ہوا - ایک -

مُتَحَرِّک - ع - حرکت کرنیوالا -

مُتَحَصِّن - ع - قلعہ نشین جس نے قلعہ میں پناہ لی ہو -

مُتَحَظِّی - ع - لذت پانیوالا - بہرہ مند -

مُتَحَفِّ - ع - تحفہ دینے والا -

مُتَحَفْ - ع - تحفہ دیا گیا -

مُتَحَقَّق - ع - تحقیق کیا گیا - درست -

مُتَحَلِّی - ع - زیور پہننے والا - زیور سے آراستہ - آراستہ ہونے والا -

مُتَحَمِّل - ع - برداشت کرنیوالا - سہنے والا -

مُتَحَیِّر - ع - حیران - بھوچک -

مُتَخَاصِم - ع - خصومت کرنیوالا - دشمن جھگڑالو - دشمنی کرنیوالا -

مُتَخَاصِمَین - ع - مدعی اور مدعا علیہ دو آدمی جو آپسمیں جھگڑا کریں -

مُتَخَاصِمِین - ع - بہت سے لوگ جو باہم جھگڑا کریں -

مُتَخَصِّص - ع - خصوصیت رکھنے والا -

مُتَخَلِّل - ع - خلل انداز - خلل ڈالنے والا -

مُتَخَانِل - ع - بولا جھوس نہو -

مُتَخَیَّل - ع - خیال کیا گیا -

مُتَخَیِّلَہ - ع - خیال کیا گیا - اور خیال کا مکان یعنے دماغ -

مُتَخَیِّلَہ - ع - نام ایک قوت کا جو دماغ میں ہوتی ہے - قوت خیال -

مُتَدَارَکہ - ع - کھوئی ہوئی چیز کا پانیوالا -

مُتَدَاوَل - ع - دست بدست جو چیز

مُتَدَاوِلہ - ع - پھیری ہو - نوبت نوبت ہاتھوں ہاتھ لی ہوئی شے - مُروّج -

مُتَدَرِّع - ع - زرہ پوش -

مُتَدَیِّن - ع - دیندار -

مُتَرَادِف - ع - ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونیوالا - اور وہ دو تین لفظ جو معنی

مین باہم شریک ہون جیسے قلب اور جان اور فواد کہ یہ تینون لفظ بمعنی دل کے ہین پس انمین سے ہر ایک دوسرے کا مترادف ہوا۔ اور مُتَرادِف بمعنی پے در پے کے بھی مستعمل ہوتا ہے۔

مُتَراقی ع۔ منتر پڑھنے والا۔

مُتَراکِب ع۔ باہم بیٹھنے والا۔

مُتَراکِم ع۔ باہم ملکر بیٹھنے والا۔ اکٹھا اور جمع ہونیوالا۔ انبوہ اور ہجوم کرنیوالا۔

مُتَرَتَّب ع۔ درست کیا گیا۔

مُتَرجَم ع۔ ترجمہ کیا گیا۔ ایک زبان سے دوسری زبان مین بیان کیا گیا۔

مُتَرجِم ع۔ ترجمہ کرنے والا۔

مُتَرَدِّد ع۔ متفکر۔ فکر کرنے والا۔ اور بمعنی آنے جانیوالا۔

مُتَرَسِّم ع۔ لکھنے والا۔ رسم کرنیوالا۔ صاحب رسم۔

مُتَرَسِّل ع۔ خط بھیجنے والا۔

مُتَرَشْ ف۔ ڈاڑھی منڈانیوالا۔ اور یہ تصرف فارسیون کا ہے کہ تراشیدن کلمہ فارسی سے بطور عربی کے اشتقاق کیا ہے

مُتَرَشِّح ع۔ تراوندہ۔ ٹپکنے والا۔

مُتَرَصِّد ع۔ امیدوار۔ امید رکھنے والا۔

مُتَرَقَّب ع۔ انتظار کیا گیا۔

مُتَرَقِّب ع۔ انتظار کرنیوالا۔ منتظر۔

مُتَرَقِّی ع۔ افزون اور زیادہ ہونیوالا ترقی کرنیوالا۔

مُتَرَنِّم ع۔ گانے والا۔

مُتَرَنَّم ع۔ گایا گیا۔

مَتْرُوک ع۔ چھوڑا گیا۔ ترک کیا گیا۔

مُتَزائِد ع۔ بڑھنے والا۔ افزون اور زائد ہونیوالا۔

مُتَزَلْزِل ع۔ کانپنے والا۔ ہلنے والا۔ ڈگمگانیوالا۔

مُتَساقِط ع۔ باہم نیچے گرانیوالا

مُتَساوِی ع۔ باہم برابر ہونے والا۔ ایک دوسرے کا برابر۔

مُتَّسِع ع۔ فراخ اور کشادہ ہونیوالا۔

مُتَسَلِّط ع۔ غالب ہونے والا۔ غلبہ کرنیوالا۔

مُتَسَلَّط ع۔ مقرر کیا گیا۔ سزا دل کیا گیا۔ وہ شخص جسپر غلبہ پایا ہو۔

مُتَسَلِّم ع۔ داغ دینے والا۔ مخصوص نشانی کرنیوالا۔

مُتَسَلَّم ع۔ داغ کیا گیا۔ خاص نشان کیا گیا۔

مُتَشابِہ ع۔ ہم شکل۔ ہم شبیہ۔ اور جسکے معنی مین کچھ شبہہ ہو۔

مُتَشابِہات ع۔ قرآن مجید کی وہ آیتین جنکے معنی مخفی اور پوشیدہ ہین۔

مُتَشاعِر ع۔ جو شخص شاعر نہو اور اپنے کو شاعر جتاوے۔

مُتَشَکِّل ع۔ شکل اختیار کرنیوالا

مُتَشَکِّی ع۔ شک کرنیوالا۔

مُتَصاعِد ع۔ اوپر چڑھنے والا۔

مُتَصَدِّع ع۔ درد سر پانیوالا۔ تکلیف اور ایذا پانیوالا۔ واضح ہو کہ کسی کو خط مین یہ لکھنا (متصدع خدمت میشوم) یہ غلط ہے بلکہ اس مقام پر صحیح لفظ مصدع ہے جو بمعنی درد سر یعنے تکلیف دینے والے کے ہے۔

مُتَصَدِّی ع۔ پیش آنے والا۔ مراد پیشکار اور آگے کا کام کرنیوالے سے۔

مُتَصَرِّف ع۔ قابض۔ تصرف کرنیوالا۔

مُتَّصَف ع۔ موصوف صفت کیا گیا۔ وہ شخص جسکے ساتھ کوئی وصف لگا ہو۔

مُتَّصِل ع۔ پاس۔ قریب۔ ملا ہوا۔ اتصال رکھنے والا۔

مُتَصَوَّر ع۔ تصور اور خیال کیا گیا

مُتَضارّ ع۔ آپس مین مخالفت

مُتَضارِّہ ع۔ کرنیوالا۔ باہم مخالف

مُتَضائِف ع۔ باہمدیگر نسبت رکھنے والا۔

مُتَضائِق ع۔ آپسمین تنگی کرنیوالا۔

مُتَضَرِّر ع۔ ضرر پہونچانیوالا۔

مُتَضَرَّر ع۔ ضرر پہونچایا گیا۔ وہ شخص جسکو ضرر پہونچا ہو۔

مُتَضَرِّع ۔ع۔ زاری کرنیوالا۔ کنایہ عاجزی کرنے والے سے۔
مُتَضَعِّف ۔ع۔ بڑا ضعیف ہونیوالا۔
مُتَضَمِّن ۔ع۔ شامل۔
مُتَطَرِّق ۔ع۔ راہ پانے والا۔ راہ پیدا کرنے والا۔
مُتَظَلِّم ۔ع۔ فریادی۔ دادخواہ۔
مُتَعارِف ۔ع۔ معروف۔ مشہور۔ باہم تعارف کیا گیا اور پہچانا گیا۔
مُتَعارِک ۔ع۔ کان ملنے والا۔ گوشمال دینے والا۔ پھیلنے والا۔ محو کرنے والا۔ مٹا دینے والا۔ حاجت روائی کرنیوالا۔ کامیاب ہونیوالا۔ جنگ کرنے والا انبوہ ہونے والا۔
مُتَعاقِب ۔ع۔ پیچھے سے آنے والا۔ ایک دوسرے کے پیچھے دوڑنے والا۔ کسی کے پیچھے دوڑنے والا۔
مُتَعالِ ۔ع۔ بلند ہونیوالا۔ بزرگ۔ عالی بلند۔ اصل اسکی متعالی تھی۔
مُتَعالی ۔ع۔ بلند ہونیوالا۔ بزرگ۔
مُتَعَبِّد ۔ع۔ بڑا عبادت کرنیوالا۔ عبادت کرنے والا تکلف کے ساتھ۔
مُتَعَدِّد ۔ع۔ شمار کیا گیا۔ چند۔
مُتَعَدِّی ۔ع۔ اپنی حد سے بڑھ جانیوالا اور علم صرف ونحو کی اصطلاح میں وہ فعل جو مفعول کو بھی چاہے برخلاف لازم کے کہ معنی اسکے فقط فاعل پر تمام ہوجاتے ہیں۔
مُتَعَذِّب ۔ع۔ خوش مزہ۔ خوشگوار۔
مُتَعَذِّبہ ۔ع۔ کھانے اور پینے کی چیز جو خوش مزہ اور خوشگوار ہو۔ عذاب کرنیوالا سزا دینے والا۔
مُتَعَذِّر ۔ع۔ دشوار۔ مشکل۔
مُتَعَرِّض ۔ع۔ پیش آنے والا۔ اور روکنے والا۔
مُتَعَسِّر ۔ع۔ دشوار۔ مشکل۔
مُتَعَصِّب ۔ع۔ دین کی نسبج کرنیوالا۔ تعصب کرنیوالا۔
مُتَعَطِّش ۔ع۔ تشنہ۔ پیاسا۔
مُتَعَفِّف ۔ع۔ متقی۔ پارسا۔
مُتَعَلِّق ۔ع۔ لگاؤ رکھنے والا۔ تعلق رکھنے والا۔
مُتَعَلِّم ۔ع۔ تعلیم لینے والا۔ یعنے شاگرد۔ طالب علم۔
مُتَعَنِّت ۔ع۔ خطا اور سہو کسی شخص کی پکڑنیوالا کسی کا عیب نکالنے والا۔
مُتَعَنِّد ۔ع۔ عناد رکھنے والا۔ دشمن۔ دشمنی رکھنے والا۔ بدخواہ۔
مُتَعَنِّدانہ ف۔ مع ہے متعند کی۔
مُتَعَنِّف ۔ع۔ سرزنش کرنیوالا درشت خوئی کرنیوالا۔
مُتَعُوب ۔ع۔ رنجیدہ۔ رنج کشیدہ۔
مُتَعَوِّد ۔ع۔ خوگر۔ عادت کرنیوالا۔
مُتَعَہِّد ۔ع۔ ذمہ دار۔ کام میں مشغول۔
مُتَعَیَّن ۔ع۔ مقرر کیا ہوا تعین کیا گیا۔
مُتَغَیِّر ۔ع۔ تغیر کیا گیا۔ بدلا ہوا۔
مُتَفاوِت ۔ع۔ فرق کیا گیا۔ اور تفاوت کیا گیا۔
مُتَفاوِل ۔ع۔ فال لینے والا۔ یہ لفظ واو سے لکھنا غلط ہے صحیح متفائل ہے۔
مُتَفائِل ۔ع۔ ہمزہ سے لکھنا اور پڑھنا صحیح ہے۔ فال گیرندہ فال لینے والا۔
مُتَفَتِّش ۔ع۔ ڈھونڈھنے والا۔
مُتَفَحِّص ۔ع۔ تلاش کرنیوالا۔
مُتَفَرَّج ۔ع۔ سیر اور تماشا کی جگہ۔
مُتَفَرِّع ۔ع۔ کسی چیز سے مثل شاخ کے باہر نکلنے والا۔ شاخ ہونیوالا۔
مُتَفَرِّق ۔ع۔ علحدہ۔ جدا۔
مُتَفِق ۔ع۔ ملا ہوا۔ اتفاق کرنیوالا۔
مُتَفَکِّر ۔ع۔ فکرمند جسکو فکر ہو۔
مُتَقاضی ۔ع۔ تقاضا کرنیوالا۔
مُتَقاعِد ۔ع۔ پست ہونیوالا سستی کرنے والا۔
مُتَقَدِّم ۔ع۔ پیش ہونیوالا۔ اور آگے بڑھنے والا۔
مُتَقَن ۔ع۔ استوار۔ محکم۔

مُتَقَنَہ - ء - استوار - حکم - مضبوط -
مُتکا - ء - تکیہ گاہ - تکیہ لگانے کی جگہ -
مُتکائے ریسمانی - ف - سوت یا اون کی بٹی ہوئی رسی ہوتی ہے جس سے درویش لوگ بروقت مراقبہ کے کمر اور زانوؤں کو باندھ لیتے ہیں اور اُسکو کمند وحدت بھی کہتے ہیں - ہندی سیلی -
مُتکاثِف - ء - گاڑھا - موٹا - دلدار -
مُتکبّر - ء - مغرور - تکبر کرنے والا -
مُتکسّر - ء - شکستہ ہونے والا - اور ٹوٹنے والا -
مُتکفّل - ء - ضامن - کفیل - ذمہ دار
مُتکلّف - ء - تکلیف کرنیوالا -
مُتکلّم - ء - بولنے والا -
مُتکلّمین - ء - صاحبان علم کلام - اور علم کلام وہ علم ہے جسمین علم منقول کے مقدمون کو عقلی دلیلون سے ثابت کرتے ہین -
مُتکوّن - ء - ہست اور موجود ہونیوالا
مُتکی - ء - تکیہ کرنیوالا -
مُتلاشی - ء - پریشان - معدوم خراب ماخوذ لاشی سے - اور بمعنی تلاش کرنیوالے کے محض غلط ہے اسلیے کہ تلاش بمعنی جستجو لفظ تُرکی ہے - اور اس معنی مین فقط (تلاشی) صحیح ہے -
مُتلاطِم - ء - آپسمین تھپیڑے مارنیوالا - اور یہ لفظ اکثر دریاے شدید الموج کی صفت مین واقع ہوتا ہے - یعنے مَوّاج - موج زن -
مُتلألی - ء - تابان - روشن -
مُتلبّس - ء - لباس پہننے والا - پنہان ہونیوالا - پوشیدہ -
مُتلذّذ - ء - لذّت اُٹھانے والا -
مُتلطّخ - ء - آلودہ - لتھڑنے والا -
مُتلف - ء - تلف کرنے والا خراب وضایع کرنیوالا -
مُتلقّی - ء - ملاقات کرنے والا -
مُتلقّیٰ - ء - ملاقات کیا گیا -
مُتلوّن - ء - رنگ برنگ ہونیوالا -
مُتلهّف - ء - افسوس کرنے والا - اندوہگین غمگین -
مُتمادی - ء - دراز -
مُتماثِل - ء - مشابہ - مانند - اور ایک دوسرے کا مانند ہونیوالا -
مُتمائل - ء - میل اور خواہش کرنیوالا - خم اور کج ہونیوالا -
مُتمتّع - ء - برخوردار - فائدہ اور نفع اُٹھانے والا -
مُتمثّل - ء - ہم مثل - ہم مانند -
مُتمرّد - ء - سرکش - نافرمان -
مُتمزّق - ء - ٹکڑے ٹکڑے ہونیوالا -
مُتمشّی - ء - جاری ہونے والا - روان ہونے والا - چلنے والا -
مُتمکّن - ء - مکان لینے والا - مقام کرنیوالا - جگہ پکڑنے والا - رہنے والا - اور اصطلاح مین وہ اسم جس کے آخر مین یہ اختلاف عوامل مختلف اعراب پیدا ہوجایا کرین -
مُتمّم - ء - تمام کرنے والا - اور کامل کرنے والا -
مُتمّمات - ء - جمع متمم بمعنی تمام اور کامل کرنیوالے کی -
مُتمنّی - ء - تمنا کرنے والا - اور آرزو رکھنے والا -
مُتمنّیٰ - ء - آرزو کیا گیا -
مُتمنّیات - ء - آرزو اور اُمید کی ہوئی چیزین - جمع متمنّی کی -
مُتموّج - ء - موج مارنیوالا - تموّج کرنے والا - لہرین مارنیوالا -
مَتن - ء - پشت - بیٹھ - استوار محکم مضبوط - سخت جاے بلند مجازاً وہ اصل کتاب جو شرح کرنے کے قابل ہو اور ان معنون مین تاے فوقانی کے فتحہ سے پڑھنا غلط ہے -
مُتناہی - ء - انتہا کو پہونچنے والا -

مُتناہیہ - ع - کسی چیز کی انتہا اور آخر کو پہونچنے والا -
مُتنبہ - ع - واقف - آگاہ - خبردار -
مُتنعّم - ع - نازاور نعمت مین گذران کرنیوالا - چین مین رہنے والا -
مُتنفّر - ع - نفرت کرنے والا - وحشت کرکے بھاگنے والا -
مُتنوّع - ع - } نوع نوع اور طرح طرح
مُتنوّعہ - ع - } اور قسم قسم کا ہونیوالا
مُتواتر - ع - پے درپے آنیوالا -
مُتواری - ع - پوشیدہ ہونے والا چھپنے والا -
مُتواری - ع - باہم برابر ہونے والا -
مُتواضع - ع - فروتن - عاجزی اور خاکساری کرنے والا - ذلت کا اختیار کرنے والا -
مُتوافر - ع - زیادہ ہونے والا - اور زیادتی اختیار کرنے والا -
مُتوالی - ع - پے درپے آنے والا - پیاپے ہونے والا -
مُتوّج - ع - تاج دیا گیا جسکے سر پر تاج رکھا گیا ہو -
مُتوجّہ - ع - توجہ کرنیوالا - دھیان اور خیال کرنیوالا -
مُتوحّش - ع - وحشت اختیار کرنیوالا -
مُتورّع - ع - پارسائی اختیار کرنیوالا پارسا - پرہیزگار -
مُتوزّع - ع - پراگندہ - پریشان -
مُتوسّل - ع - وسیلہ ڈھونڈھنے والا -
مُتوصّل - ع - وصل اختیار کرنیوالا -
مُتوطّن - ع - رہنے والا - باشندہ -
مُتوفّی - ع - وفات پایا ہوا - اور مُوا ہوا - مردہ -
مُتوقّع - ع - امید رکھنے والا - توقع رکھنے والا - امیدوار -
مُتوقّف - ع - دیر کرنے والا -
مُتوکّل - ع - خدا پر بھروسا کرنیوالا -
مُتولّد - ع - پیدا ہونے والا -
مُتولّی - ع - کام پر رہنے والا - دیکھ رکھنے والا - برسرکار رہنے والا -
مُتوہّم - ع - وہم کرنے والا -
مُتوہّم - ع - وہم کیا گیا -
مَتہ - ف - بڑھیون کا برما جس سے سوراخ کرتے ہین - اور تاے فوقانی کے تشدید سے بھی آیا ہے -
مُتہاون - ع - سستی کرنیوالا - خوار حقیر سست -
مُتہم - ع - جسپر تہمت لگائی جاوے -
مُتیّم - ع - خوار - ذلیل - دردمند -
مُتیمّنات - ع - برکت والی چیزین -
مُتین - ع - اُستوار محکم - مضبوط - اور نام ہے حضرت رسول اللہ صلعم کے مبارک ناموںمین سے -

فصل میم مع ثاے مثلثہ

مُثابت - ع - } یہ لفظ واسطے تشبیہ کے
مُثابہ - ع - } آتا ہے بمعنی مانند شابہ
مُثاب - ع - ثواب دیا گیا - بدلہ دیا گیا -
مَثاب - ع - جگہ پھر کر آنے کی - جگہ انبوہ پانی اور آدمیونکی -
مِثال - ع - شبیہ - نظیر - مانند - تصویر حکمنامہ قاضی کا - بادشاہی فرمان - پروانہ مطلق حکم -
مَثالب - ع - زبونیان - بُرائیان -
مَثالث - ع - تین چیزین - اور کبھی کنایہ گوتون کے ساز سے بھی ہوتا
مَثانہ - ع - فرمان
مُثانہ - ع - پھکنا - دوتھیلی جسمین پیشاب رہتا ہے اور یہ پیٹ مین ہوتی ہے -
مَثانی - ع - سورۂ فاتحہ - اور کبھی مراد تمام قرآن شریف سے - اور جمع مثنی بمعنے دو دو کی بھی ہے -
مُثبت - ع - لکھا گیا - ثابت کیا گیا -
مُثبّت - ع - برقرار رکھا گیا -
مِثقال - ع - ساڑھے چار ماشہ کے وزن کو کہتے ہین ۴½

مُقَب ۔ع۔ یہ صیغہ اسم آلہ کا ہے یعنی آلہ جس سے سوراخ کیا جاتا ہے۔

مُثُل ۔ع۔ مانند واضح ہو کہ مثل اُسکو کہتے ہین جو سب صفتون مین مساوی ہو اور مثال کے لیے سب صفتون مین برابری شرط نہین ہے۔

مَثَل ۔ع۔ مانند۔ مثال۔ کہاوت۔ وصف حال۔ داستان۔ قصہ۔

مُثَلَّث ۔ع۔ سہ گوشہ تین کیا گیا۔ نام ایک خوشبو کا جو مشک اور صندل اور کافور سے مرکب ہوتی ہے۔ ایک قسم ہر شراب کی جو صاف کرتے کرتے سوم حصہ باقی رہجاتی ہے۔ اور فقہ کی اصطلاح مین انگور کا شیرہ جسکے دو حصہ آگ پر جوش دینے سے جلجاتین اور ایک حصہ باقی رہجائے پس پینے والے کے لیے نفع اسکا شراب کے قریب رہتا ہے۔ اور اہل لغت کی اصطلاح مین وہ لفظ جسکے حرف اول کو فتحہ اور کسرہ اور ضمہ تینون طرحسے پڑھنا صحیح ہو اور ہر حال مین معنی ایک ہی رہین۔ جیسے صُفُوت بمعنی برگزیدگی کے۔ اور کبھی کنایہ کلمۂ سہ حرفی سے بھی ہوتا ہے جیسے لفظ مہر اور ماہ۔ اور دماغ انسان کی بھی شکل مثلث ہے۔ اور نام ایک شکل کا علم تعویذ کی شکلون سے جسکے خانے ہر طرف سے تین ہوتے ہین اس طرح ایک قسم نصاری کی جو تین خدا کے قائل ہین۔ ایک قسم نشست ادب کی یعنی دوزانو نام ایک سہ گوشہ شکل کا اشکال علم ہندسہ مین سے اسطرح سے۔ 

مُثَلَّثَاتُ الْاَفْلَاک ۔ع۔ مراد ہے آسمان کے کل برجون سے اور وہ بارہ ہین اس تفصیل سے۔

مُثَلَّثِ آبِی ۔ف۔ تین برج آبی ہین۔ یعنے سرطان۔ عقرب۔ حوت۔

مُثَلَّثِ آتشی ۔ف۔ تین برج آتشی ہین۔ یعنے حمل۔ قوس۔ اسد۔

مُثَلَّثِ بادی ۔ف۔ تین برج بادی ہین یعنے جوزا۔ میزان۔ دلو۔

مُثَلَّثِ خاکی ۔ف۔ تین برج خاکی ہین یعنے ثور۔ سُنبلہ۔ جدی۔

مُثَلَّث نشین ۔ف۔ دوزانو ادب سے بیٹھنے والا۔

مُثْلَہ ۔ع۔ کان اور ناک کاٹنا۔ عذاب کرنا۔ مگر یہ مصدر بمعنی اسم مفعول کے مستعمل ہوتا ہے جس طرح خلق بمعنی مخلوق کے یعنے گوش و بینی بریدہ اور بعضون نے بمعنی اعضاے بریدہ کے بھی لکھا ہے۔

مُثمِر ۔ع۔ پھل رکھنے والا۔ میوہ لانیوالا۔ پھل دینے والا۔ نتیجہ دینے والا۔

مُثَمَّن ۔ع۔ ہشت پہلو۔ آٹھ کیا گیا۔ اور کبھی کنایہ بہشت سے اسلیے کہ بہشت بھی آٹھ ہین۔

مُثَمَّن رَوضہ ۔ع۔ کنایہ آٹھ بہشت سے

مُثَنّٰی ۔ع۔ دوبارہ کیا گیا۔ دوم کیا گیا

مَثْنیٰ ۔ع۔ دو دو۔

مَثْنَوِی ۔ع۔ منسوب طرف مثنیٰ کے جو بمعنی دو دو کے ہے۔ چونکہ مثنوی کی ہر بیت مین دو قافیہ علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں اسلیے مثنوی نام ہوا۔

مثوب ۔ع۔ ثواب دیا گیا۔ بدلہ نیکی کا دیا گیا۔ واضح ہو کہ ثواب عبادت کے عوض کو کہتے ہین جو آخرت مین ملیگا۔

مَثُوبَات ۔ع۔ عوض نیکیون کے۔ بدلے بھلائیون کے۔ یہ جمع مَثُوبَت کی ہے۔

مَثُوبَت ۔ع۔ } جزاے نیکی۔ بھلائی کا

مَثُوبہ ۔ع۔ } بدلہ۔ عبادت کا عوض جو آخرت مین ملتا ہے۔

مَثْوٰی ۔ع۔ جاے آرام۔ قرار کی جگہ

مُثیب ۔ع۔ عوض نیکی کا دینے والا۔ مزاج کے اعتدال پر پھر آنیوالا۔

مِثیل ۔ع۔ یاے مجہول سے امالہ مثال کا

فصل میم مع جیم عربی و فارسی

مُج ۔ع۔ کھڑے مونگ جو غلہ مشہور ہے

مُجَاب ۔ع۔ جواب دیا گیا قبول کیا گیا

مُجَابات - ع - وہ باتین جنکا جواب دیا گیا ہو۔
مُجَادِل - ع - لڑنے والا۔
مُجَادَلہ - ع - جنگ کرنا۔ لڑنا۔
مَجَاذِیب - ع - جمع مجذوب کی ہے۔ خدا کی محبت مین کھنچے ہوے لوگ۔ آپے سے گذرے ہوے لوگ۔
مَجَارِی - ع - جمع مَجْرٰی کی ہے۔ جگہین جاری ہونے کسی چیز کی۔ راہین روان ہونے کسی چیز کی۔
مَجَاز - ع - راہ جگہ گذرنے کی۔ اور وہ چیز جو حقیقت نہو۔ اور وہ کلمہ جو اپنے غیر حقیقی معنی مین مستعمل ہو۔
مَجَازًا - ع - مخفف مجازات کا۔
مُجَازَات - ع - بدلہ دینا نیکی خواہ بدی کا عوض دینا۔ جزا دینا۔
مَجَازِی - منسوب طرف مجاز کے یعنے غیر حقیقی۔
مُجَازِی - ع - بدلہ اور عوض دینے والا۔
مُجَاعَت - ع - گرسنگی۔ بھوکھ۔
مَجَال - ع - جولانگاہ۔ میدان۔ مجازاً بمعنی موقع و حوصلہ و طاقت و قدرت کے مستعمل ہے۔
مُجَالِس - ع - مصاحب۔ جلیس۔ باہم بیٹھنے والا۔
مَجَالِس - ع - جمع مجلس کی ہے۔
مُجَالَست - ع - ہمنشینی۔ باہم صحبت مین بیٹھنا۔
مَجَانِی - ع - جمع مَجْنٰی کی ہے۔ جگہین جلوہ کی۔ مراد آئینے۔
مَجَامِع - ع - جگہین جمع ہونیکی۔
مُجَامِع - ع - صحبت کرنیوالا۔ اور جماع عورت سے کرنیوالا۔
مُجَامَعَت - ع - صحبت کرنا۔ جماع کرنا۔
مُجَامَلَت - ع - نیکی کرنا۔
مَجَّانًا - ع - ہرزہ۔ رائگان۔ مفت۔
مُجَانَبَت - ع - کسی چیز سے دور ہونا۔ کسی کام سے یکسو ہونا۔
مُجَانَست - ع - ہمجنسی۔ ہمقومی۔
مَجَانِین - ع - دیوانے اور سڑی لوگ یہ جمع مجنون کی ہے۔
مُجَاوِبَہ - ع - کسی کو جواب دینا۔
مُجَاوِر - ع - ہمسائگی کرنیوالا۔ ہمسایہ پڑوسی۔
مُجَاوَرت - ع - ہمسایہ پن۔ پڑوس قرب۔ نزدیکی۔
مُجَاوِز - ع - تجاوز کرنے والا۔ اور درگذر کرنیوالا۔
مُجَاہِد - ع - کوشش کرنیوالا۔ خدا کی راہ مین کافرونسے لڑنیوالا۔
مُجَاہِدِین - ع - جمع مجاہد کی۔
مُجَاہَدَہ - ع - رنج۔ مشقت۔ کوشش کافرونسے جنگ کرنا۔
مُجَاہِز - ع - سامان کا درست کرنے والا اسباب کا رکھنے والا۔
مَجْبُور - ع - وہ عضو جو بعد ہڈی ٹوٹ جانے کے باندھا گیا ہو۔ وہ شخص جو زبردستی کسی کام پر مقرر کیا گیا ہو۔ ناچار۔
مَجْبُول - ع - پیدا کیا گیا۔ پیدائشی کیا گیا۔
مُجْتَاز - ع - چھوڑا گیا۔ تجاوز کیا گیا۔
مُجْتَبٰی - ع - برگزیدہ۔ پسندیدہ۔
مُجْتَث - ع - جڑ سے اُکھیڑا ہوا۔ اور نام ایک بحر کا شعر مین۔
مُجْتَمَع - ع - جمع کیا گیا۔
مُجْتَنِب - ع - کسی چیز سے دور رہنے اجتناب کرنیوالا۔ پرہیز کرنیوالا۔
مُجْتَہِد - ع - کوشش کرنیوالا۔ راہ نیک پیدا کرنیوالا۔
مَجْد - ع - بزرگی۔ بزرگوار ہونا۔
مُجِد - ع - کوشش کرنیوالا کسی کام مین۔
مُجَدِّد - ع - کسی کام کو نئے سرے کرنیوالا یا کرنیوالا کسی کام کا۔
مُجَدَّد - ع - نیا پیدا کیا گیا نئے سرے سے پیدا کیا گیا۔
مُجَدَّر - ع - وہ شخص جسکے چیچک نکلی ہو۔ وہ شخص جسکے تمام بدن مین آبلے پڑ گئے ہون

ہون۔ مجانا یعنی منقش کے۔

مجدود ۔ع۔ صاحب بخت وروزی نصیب در نام حکیم سنائی غزنوی کا۔

مجذوب ۔ع۔ کھینچا گیا۔ خدا کی محبت مین کھینچا ہوا۔ آپے سے گذرا ہوا۔

مجذور ۔ع۔ حساب کی اصطلاح مین وہ مضروب جو ضرب سے حاصل ہو جیسے دو کو دو مین ضرب دیا چار حاصل ہوئے پس یہ چار مجذور ہوا۔

مجذوم ۔ع۔ وہ شخص جسکو جذام کی بیماری ہو۔ کوڑھی۔

مجرا ۔ع۔ روان کیا گیا۔ روان کرنا۔

مجرب ۔ع۔ تجربہ کیا گیا۔ آزمایا ہوا۔

مجرب ۔ع۔ آزمانیوالا۔

مجرد ۔ع۔ تنہا۔ اکیلا۔ تارکِ دنیا۔ مرد بے زن۔ برہنہ کیا گیا۔ اور حکیمونکی اصطلاح مین وہ شے جو مادہ سے پاک ہو جیسے فرشتہ۔ روح۔

مجردات ۔ع۔ عقول عشرہ۔ اور بعضون کے نزدیک ارواح فرشتے۔

مجرم ۔ع۔ جرم کرنیوالا۔ گنہگار۔

مجروح ۔ع۔ زخمی۔ گھائل۔

مجرہ ۔ع۔ کہکشان۔ اور یہ ایک سفید لکیر ہے باریک باریک ستارونکی جو مثل راہ کے اکثر راتون کو آسمان پر دکھائی دیتی ہے۔

مجری ۔ع۔ جگہ جاری ہونے کی۔ رستہ روان ہونے کا۔ اور نام حرکت روی کا شعر مین۔

مجزا ۔ع۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا۔ اور جز وجز و علحدہ کیا گیا۔

مجزو ۔ع۔ نام ایک بحر کا شعر مین۔

مجزوم ۔ع۔ قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا۔ یقین کیا گیا۔

مجس ۔ع۔ طبیب کے ہاتھ رکھنے کی جگہ بیمار کی نبض پر۔

مجسطی ۔ع۔ نام ایک کتاب کا علم ہیئت مین دلائل اور اصول اشکال علم ہندسہ کے بیان مین۔ مصنف اسکا حکیم بطلیموس ہے۔ اور بعضے کہتے ہین کہ مصنف اسکا حکیم اقلیدس ہے اور یہ جو با فضل مجسطی موجود ہے یہ ترجمہ اُس کا ہے جو نصیر الدین طوسی نے تحریر کیا ہے۔

مجسطی کشا ۔ف۔ وہ شخص جو کتاب مجسطی کے مسائل کو حل کرے۔ بڑا حساب جاننے والا۔ بڑا ہندسہ دان۔

مجسم ۔ع۔ جسم دار شے جسمین لمبائی اور چوڑائی اور گہرائی ہو۔

مجصص ۔ع۔ پختہ چنر جسپر گچ کی گئی ہو۔

مجعد ۔ع۔ گھونگھر والے بال۔

مجفف ۔ع۔ خشک کرنیوالا۔

مجلی ۔ع۔ صاف۔ روشن۔ آتشکا را جلا دیا ہوا۔

مجلی ۔ع۔ جلا دینے والا۔ چمکانے والا روشن کرنیوالا۔

مجلی ۔ع۔ جگہ روشن کرنے اور چمکانے کی۔ مراد آئینہ۔

مجلد ۔ع۔ جلد بندی کیا ہوا۔

مجلس ۔ع۔ جگہ بیٹھنے کی۔ مجازاً وہ مقام جہان لوگ جمع ہون۔

مجلس ۔ع۔ بیٹھنا۔

مجلس نویس ۔ف۔ اخبار نویس۔ دربار بادشاہی کا واقعہ نویس۔

مجلکا ۔ت۔ عہد نامہ جو گنہگارون سے لکھوایا جاتا ہے۔

مجمد ۔ع۔ وہ پتلی شے جو بسبب سردی کے جم گئی ہو۔

مجمر ۔ع۔ انگیٹھی جسمین آگ رکھین اور عود وغیرہ جلادین۔

مجمع ۔ع۔ مجلس اور جگہ جمع ہونیکی۔

مجمع البحرین ۔ع۔ وہ مقام جہان دو دریا جمع ہوے ہون۔ نام اُس مقام کا جہان موسیٰ علیہ السلام نے خضر علیہ السلام سے ملاقات کی تھی اور اس مقام پر بھی دریاے روم اور فارس جمع ہوے ہین۔

مُجمع علیہ - ء - وہ چیز جسپر لوگون کا اجماع اور اتفاق ہو مُتفق علیہ -

مُجمل - ء - اکٹھا کیا گیا - وہ چیز یا وہ آیت جو محتاج تفصیل کی ہو -

مُجملات - ء - وے آیات قرآنی جنکے معنی محتاج تفصیل کے ہین -

مجموع - ء - تمام و کمال - جمع کیا گیا سب - کل -

مِجَن - ء - سپر - ڈھال -

مُجنح - ء - صاحب بازو -

مُجندہ - ء - لشکر جمع کیا گیا - جگہ جمع ہونے لشکر کی - مجازاً بمعنی پاماں اسلیے کہ لشکر جمع ہونیکی جگہ کو پامالی ضرور ہی -

مجنون - ء - پاگل - دیوانہ - سڑی - لقب قیس کا جو عاشق لیلیٰ تھا -

مجنہ - ء - نام بازار کا قریب مکہ معظمہ کے

مجوز - ء - تجویز کرنے والا - روا اور جائز رکھنے والا کسی کام کا

مجوز - ء - تجویز کیا گیا - جائز رکھا گیا -

مجوس - ء - قوم آتش پرست جو تابع زردشت کی ہے - اور بعضے کہتے ہین کہ وہ لوگ جو چاند اور سورج اور آگ کی پرستش کرتے ہین - یہ لفظ جمع ہے -

مجوسی - ء - یہ مجوس کا واحد ہے -

مجوف - ء - وہ چیز جو اندر سے خالی یعنی کھوکھلی ہو -

مجون - ء - بیباکی کرنا - شوخی - بیہودگی -

مجہود - ء - کوشش کیا گیا -

مجہول - ء - نامعلوم - نادانستہ شدہ اور وہ فعل جسکا فاعل معلوم نہو -

مجی - ء - آنا -

مجیب - ء - جواب دینے والا - اور قبول کرنیوالا -

مجیئت - ء - آنا -

مجید - ء - بزرگوار - گرامی - بزرگ -

مجیر - ء - دستگیر - پناہ دینے والا -

فصل میم مع حاے مہملہ

مُح - ء - زردی جو مرغی کے انڈے کے اندر ہوتی ہے -

مُحابا - ء - چھوڑ دینا - مروت - اعانت - دلگداشت - لحاظ - رعایت - یہ اصل مین محابات تھا - فارسی لوگ تاے فوقانی کو حذف کرکے اسکا استعمال کرتے ہین -

مُحادثہ - ء - آپسمین بات کرنا - گفتگو -

مُحادلت - ء - طلب کرنا - چاہنا -

مُحاذی - ء - مقابل - آمنے سامنے والا - روبرو ہونیوالا -

مُحاذات - ء - مقابلہ - روبرو ہونا - برابر ہونا ایک چیز کا دوسری چیز سے -

مُحارِب - ء - لڑنیوالا - جنگ کرنیوالا -

مُحاربہ - ء - کسی کے ساتھ جنگ اور کارزار کرنا - لڑائی - جنگ -

مُحاربات - ء - جمع محاربہ بمعنی جنگ کی -

مَحارِیب - ء - جمع ہے محراب کی -

مُحاسِب - ء - حساب کرنیوالا - حساب جاننے والا -

مُحاسبہ - ء - حساب -

محاسن - ء - خوبیان - بھلائیان جمع ہے حسن کی خلاف قباس اور بمعنے مردونکی ڈاڑھی کے -

مُحاصِر - ء - گھیرنیوالا - محاصرہ کرنیوالا -

مُحاصَرہ - ء - چارون طرف سے کسی کی راہ بند کر دینا - گھیر لینا -

مُحاضَرات - ء - معلومات - یاد رکھی ہوئی باتین - موافق حال کی نقلین مناسب مقام کی حکایتین - گذری ہوئی کہانیان بیان کرنا یعنی علم تواریخ -

مُحاط - ء - احاطہ کیا گیا - گھیرا گیا -

مُحافِظ - ء - نگہبان -

مُحافَظَت - ء - نگہبانی -

مَحافِل - ء - جمع محفل کی مجلسین -

مُحافہ - اصل مین یہ لفظ فا کی تشدید سے صحیح ہے اسلیے کہ یہ صیغہ اسم ظرف کا ہے باب مُفاعَلت سے مگر فارسی لوگ بغیر تشدید کے پڑھتے ہین معنی اسکے ڈولی

پالکی وغیرہ جسمین عورتین سوار ہوتی ہین اور کہار اُسکو اُٹھاتے ہین۔

مُحاق ۔ع۔ چاند کا گھٹنا اور ابتدا اسکی پندرھوین تاریخ سے ہوتی ہے اور یہی تین تاریخ اخیر چاند کی جنمین چاند غائب رہتا ہے یہ لفظ سیم کی تینون حرکتونسے آیا ہے۔

مُحاکا ۔ع۔ مخفف محاکات کا ہے۔

مُحاکات ۔ع۔ باہم حکایت کرنا آپسمین بات چیت کرنا۔ کہانی کہنا۔

مُحاکمات ۔ع۔ جمع محاکمہ کی۔

مُحاکمہ ۔ع۔ حاکم کے پاس جھگڑے کے فیصلہ کے لیے جانا۔ منصف ہوکر لڑائی جھگڑے کا تصفیہ کرنا۔

مُحال ۔ع۔ انہونی بات جسکا ہونا ممکن نہو امر غیر ممکن۔

محال ۔ جمع محل کی۔ مقامات ضلعے اُترنیکی جگہین۔ یہ اصل مین مَحَالل تھا لام کو لام مین ادغام کر دیا۔

مَحال ۔ع۔ بڑی چرخی۔ بڑا ڈول۔

محال ۔ع۔ مکر۔ حیلہ۔ مکر کرنا۔ حیلہ کرنا۔ منھ کا تھم جانا۔ گھاس کا خشک ہوجانا۔ حاکم کے سامنے کسی کی جعلی کھانا۔

مُحالات ۔ع۔ ناممکنات۔ غیر ممکن چیزین

مُحافات ۔ع۔ نگاہ رکھنا۔ کسی سے کسی بُرائی کا دفع کرنا۔ حفاظت کرنا۔

محامد ۔ع۔ جمع ہے محمدت کی۔ خوبیان تعریفین۔ نیک خصلتین۔

مَحامِل ۔ع۔ جمع محمل بمعنی ہودج کی۔

مُحاملت ۔ع۔ باہم بوجھ اُٹھانا۔

مُحاورت ۔ع۔ جواب دینا۔

مُحاوَرات ۔ع۔ ہم کلامیان۔ گفتگوئین۔

مُحاورہ ۔ع۔ آپسمین کلام کرنا۔ ایک دوسرے کو جواب دینا۔ گفتگو۔

مُحاوِل ۔ع۔ گرداگرد پھرنے والا۔ حوالہ کرنے والا۔

مُحِب ۔ع۔ دوست رکھنے والا۔ دوستی کرنیوالا۔ پیار رکھنے والا۔

محبت ۔ع۔ دوستی۔ الفت۔ یہ لفظ میم کے ضمہ سے غلط ہے اسلیے کہ ثلاثی مجرد سے مصدر میمی بضم اول سے نقل نہین ہوا۔

محبرہ ۔ع۔ لکھنے کی دوات مجازاً یعنے قلمدان کے بھی آیا ہے۔

مَحبس ۔ع۔ قیدخانہ۔ زندان۔

مَحبوب ۔ع۔ پیارا۔ دوست۔

مَحبوس ۔ع۔ قید کیا گیا۔ قیدی۔

مُحتاج ۔ع۔ حاجتمند۔ غریب مفلس

مُحتاط ۔ع۔ وہ شخص جو بہت احتیاط رکھے۔ احتیاط کیا گیا۔

مُحتال ۔ع۔ مکر وحیلہ کرنیوالا مرد۔

مُحتالہ ۔ع۔ مکر وحیلہ کرنیوالی عورت۔

مُحتجب ۔ع۔ پردہ مین ہونے والا پوشیدہ۔ پنہان۔ چھپا ہوا۔

مُحتجبات ۔ع۔ پردہ نشین عورتین۔

مُحترز ۔ع۔ پرہیز کرنے والا۔ اپنے کو نگاہ رکھنے والا۔

مُحترف ۔ع۔ ہم پیشہ۔

مُحترفہ ۔ع۔ پیشہ ور لوگ۔ کاریگر لوگ یہ لفظ ہمیشہ صفت لفظ فرقہ یا جماعت کی پڑتا ہے اور اطلاق اسکا جمع کے معنی مین ہوتا ہے۔

مُحترق ۔ع۔ سوختہ۔ جلا ہوا۔

مُحترم ۔ع۔ عزت کیا گیا۔ حرمت کیا گیا۔

مُحتسِب ۔ع۔ شمار کرنے والا۔ حساب کرنیوالا۔ وہ حاکم جو خلاف شرع باتون کے کرنیکی ممانعت کرے۔

مُحتشِم ۔ع۔ صاحب خدم وحشم کا یعنی جسکے پاس نوکر اور دولت بہت ہو۔

مُحتظ ۔ع۔ بہرہ یاب۔ فائدہ مند مجازاً یعنی خوش اور مسرور کے۔

مُحتکِر ۔ع۔ وہ غلہ بیچنے والا جو گرانی کی نیت سے غلہ کو رکھ چھوڑے۔

مُحتمل ۔ع۔ احتمال کیا گیا۔ گمان کیا گیا۔

مُحتوم ۔ع۔ واجب کیا گیا۔ حکم کیا گیا۔

مُحتوی ۔ع۔ شامل۔ گھیرنیوالا۔

مُحجل ۔ع۔ گلگوں۔ سرخ رنگ یا سیاہ رنگ کا

جسکے چاروں ہاتھ پانوں سفید ہوں۔
مُجَمَّہ ۔ع۔ پچھنہ جسکو سینگی لگا کر مارتے ہیں اور خون نکالتے ہیں۔
مُجَن ۔ع۔ چوگان۔
مُجَنُوب ۔ع۔ پنہان۔ پوشیدہ۔
مُجَوبہ ۔ع۔ عورت پردہ نشین۔
مَجُور ۔ع۔ منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا۔
مُجَبَّب ۔ع۔ کب کیا گیا۔ وہ چیز جو شکل قبہ کے ہو۔
مُحَدِّث ۔ع۔ حدیث بیان کرنے والا جاننے والا پیغمبر صلعم کی حدیثوں کا راوی
مُحْدِث ۔ع۔ نیا پیدا کرنے والا۔ نئی بات نکالنے والا۔
مُحْدَث ۔ع۔ نیا پیدا کیا گیا۔ اور وہ شخص جسے وضو ہو جائے
مَحْدُود ۔ع۔ حد کیا گیا۔ انتہا کیا گیا۔
مَحْذُور ۔ع۔ وہ چیز جس سے ڈر لگے ڈرونی شے۔
مَحْذُوف ۔ع۔ حذف کیا گیا۔ گرایا گیا۔ کاٹا گیا۔ وہ گھوڑا جسکی دم کٹی ہوئی ہو۔
مَحْذَی ۔ع۔ ایک آلہ ہے جس سے موچی چمڑا کاٹتے ہیں۔ ہندی رانپی۔
مِحْرَاب ۔ع۔ اصلی معنی اسکے اونچا رہنے کا اصطلاح میں اُس طاق کو کہتے ہیں جو شکل کمان مسجد میں اندر کے درجہ میں بطرف قبلہ بناتے ہیں چونکہ وہ ایک آلہ ہے شیطان کی لڑائی کا اسلیے اسکا نام محراب رکھا۔ اور یعنی مکان اور صدر مجلس کے بھی آیا ہے۔
مِحْرَابگاہ ۔ف۔ / **مِحْرَابہ** ۔ف۔ کنایہ مسجد سے۔
مِحْرَابی ۔ف۔ ایک قسم خمدار تلوار کی۔ اور یعنی مسجد کے بھی آیا ہے۔
مِحْرَاک ۔ع۔ بہت حرکت کرنے والا۔ بڑا افسوس کرنے والا۔ اور ایک نام ہے اسرافیل علیہ السلام کے نامون سے۔
مُحَرِّر ۔ع۔ لکھنے والا۔ آزاد کرنیوالا۔
مُحَرَّر ۔ع۔ لکھا گیا۔ آزاد کیا گیا۔
مُحَرِّض ۔ع۔ لالچ اور حرص دینے والا۔
مُحَرَّض ۔ع۔ لالچ اور حرص میں ڈالا گیا۔
مُحَرِّض ۔ع۔ جنگ پر کسی کو آمادہ اور مستعد کرنیوالا۔ ورغلانے والا۔
مُحَرَّض ۔ع۔ لڑائی اور جنگ پر مستعد اور آمادہ کیا گیا۔ ورغلایا گیا۔
مُحَرَّف ۔ع۔ سدھائی سے پھیرا گیا یعنی ترچھا اور کج۔
مُحَرِّف ۔ع۔ سدھائی سے پھیرنے والا۔ ترچھا اور کج کرنیوالا۔
مُحَرِّق ۔ع۔ جلانے والا۔
مُحَرَّق ۔ع۔ جلایا گیا۔
مُحَرِّقہ ۔ع۔ ہر چیز مونث جلانے والی۔ نام ایک قسم کی تپ شدید کا۔
مُحَرِّک ۔ع۔ تحریک کرنے والا۔ حرکت دینے والا۔
مُحَرَّم ۔ع۔ حرام کیا گیا۔ حرام رکھا گیا۔ نام مسلمانوں کے پہلے مہینے کا۔
مُحْرِم ۔ع۔ وہ شخص جسنے احرام حج کا باندھا ہو۔ وہ شخص جو حرم کعبہ میں آوے
مَحْرَم ۔ع۔ عورت کا وہ رشتہ دار قریب جسکے ساتھ اُسکا نکاح حرام ہو۔ اور مجازاً یعنی واقف کار کے بھی آتا ہے۔
مُحَرَّمَات ۔ع۔ حرام چیزیں۔ وے باتیں جنکا کرنا جائز نہو۔
مُحرمان ۔ف۔ جمع فارسی محرم یعنی واقفکار کی ہے۔
مَحْرَم راز ۔ف۔ بھید جاننے والا۔
مُحْرُور ۔ع۔ حرارت کیا گیا۔ گرم۔ ذبلا۔ لاغر۔ گرم مزاج والا۔
مَحْرُوس ۔ع۔ نگاہ رکھا گیا نگہبانی کیا گیا
مَحْرُوسَہ ۔ع۔ نگہبانی کیا گیا۔ اور ممالک محروسہ کنایہ ہے اپنے ملکوں سے اسلئے کہ انسان اپنی چیزوں کی خوب نگہبانی کر سکتا ہے۔ اور عرف میں ممالک محروسہ کنایہ ہے بادشاہی ملکونسے۔
مَحْرُوم ۔ع۔ روکا گیا۔ باز رکھا گیا۔

مُحزُون ۔ع۔ غمگین ۔ رنجیدہ۔
مُحسِن ۔ع۔ نیکی اور احسان کرنیوالا۔
مُحسِنات ۔ع۔ نیکیان ۔ خوبیان ۔ یہ جمع مُحسِنہ کی ہے۔
مُحسِنہ ۔ع۔ نیک کی گئی شے ۔ اور بمعنی نیکی اور خوبی کے مستعمل ہے۔
مُحسِنین ۔ع۔ جمع ہے مُحسِن کی۔
مَحسُوب ۔ع۔ حساب کیا گیا۔ شمار کیا گیا۔
مَحسُود ۔ع۔ حسد کیا گیا ۔ رشک کیا گیا۔
مَحسُوس ۔ع۔ وہ شئے جو معلوم ہو سکے جس سے۔ جانی ہوئی شئے ۔ دریافت کی ہوئی چیز اور بمعنی آشکارا اور ظاہر کے بھی۔
مَحشَر ۔ع۔) جگہ اکٹھا ہونے لوگوں کی
مَحشَر ۔ع۔) قیامت کے روز
مَحشُو ۔ع۔ آگندہ ۔ بھرا ہوا ۔ مملو۔ فارسی مین بغیر تشدید واو کے بھی آتا ہے۔
مَحشُور ۔ع۔ قیامت کے دن اٹھایا گیا۔
مَحشُوش ۔ع۔ جلا ہوا۔ آلودہ ۔ مکروہ
مُحشّی ۔ع۔ حاشیہ چڑھایا گیا۔
مُحشّی ۔ع۔ حاشیہ چڑھانیوالا۔
مُحَصِّل ۔ع۔ تحصیل کرنیوالا۔ بہت بڑا حاصل کرنیوالا۔
مُحَصَّل ۔ع۔ حاصل کیا گیا۔
مَحصُول ۔ع۔ جگہ حاصل ہونیکی۔
مُحصِن ۔ع۔ جوردوالامرد۔ پرہیزگار

مُحصِنین ۔ع۔ جمع محصن کی۔
مُحصَنہ ۔ع۔ زن شوہردار۔ پرہیزگار عورت
مُحصَنات ۔ع۔ شوہردار عورتین۔ پرہیزگار عورتین۔ آزاد عورتین۔
مَحصُود ۔ع۔ کھیتی کٹی ہوئی
مَحصُور ۔ع۔ حصر کیا گیا۔ گھیرا گیا۔ قیدی
مَحصُول ۔ع۔ حاصل کیا گیا۔
مَحض ۔ع۔ خالص دودھ۔ ہر چیز خالص
مَحضَر ۔ع۔ نامہ قاضی کا۔ عدالت کی تجل حضور۔ حاضر ہونا۔ جگہ حاضر ہونے کی وقت حاضر آنے کا۔ اور نیک مَحضَر وہ شخص جو کسی کو اسکی پیٹھ پیچھے نیکی سے یاد کرے
مُحضَرُون ۔ع۔ حاضر کیے گئے لوگ۔ حاضر شدگان۔
مَحظُور ۔ع۔ منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا۔
مَحظُوظ ۔ع۔ بہرہ مند۔ بخور نصیب ور
مَحفِل ۔ع۔ جگہ جمع ہونے آدمیون کی۔
مَحفِل گَستَن ۔ف۔ کنایہ اٹھ کھڑے ہونے سے۔
مَحفِل نام ننگ ف۔ کنایہ قیامت کے دن سے ہے۔
مَحفُوظ ۔ع۔ حفاظت کیا گیا۔
مَحفُوف ۔ع۔ گرداگرد گھیرا گیا۔
مَحفّہ ۔ع۔ ڈولی جسپر عورتین سوار ہوتی ہین اور کہار اسکو اٹھاتے ہین۔

مُحَق ۔ع۔ باطل کرنا۔ پاک کرنا۔ گھسنا گھٹانا۔ دھوپ کا کسی چیز کو جلانا۔
مُحِق ۔ع۔ حقدار۔ وہ شخص جسکی طرف حق ہے۔ اور بمعنی امر معقول کے بھی۔
مُحَقَّر ۔ع۔ ذلیل ۔ حقیر۔
مُحَقِّق ۔ع۔ تحقیق کرنیوالا۔ وہ شخص جو بات کو دلیل سے ثابت کرے۔ واضح ہو کہ محقق کا درجہ اس سے بڑھا ہوا ہے کیونکہ اسکے معنی ہین۔ دلیل کو دلیل سے ثابت کرنیوالا۔
مُحَقَّق ۔ع۔ تحقیق کیا گیا۔ اور نا مایک حظ کا خوشنویسی مین۔
مُحَقُّق ۔ع۔ راست اور درست کیا گیا۔
مَحَک ۔ع۔ میم کے کسرہ اور فتحہ دونون طرح سے درست ہے۔ نام ایک سیاہ پتھر کا جسپر سونے اور چاندی کی آزمائش کیجاتی ہے۔ ہندیمین اسکو کسوٹی کہتے ہین۔
مُحکَم ۔ع۔ مضبوط۔ مستقد۔
مُحکَمات ۔ع۔ قرآن شریف کی وہ آیتین جنکے معانی صریح اور ظاہر ہین۔
مَحکَمہ ۔ع۔ جگہ حکم کرنے قاضی کی۔ جگہ انصاف کرنیکی۔ کچہری عدالت کی۔
مَحکُوم ۔ع۔ حکم کیا گیا۔ مطیع ۔ تابعدار
مُحکِیَہ ۔ع۔ حکایت کی گئی۔ نقل کی گئی
مَحَل ۔ع۔ جگہ۔ مکان ۔ منزل۔ اور مجازاً

بادشاہ یا امیر کا مکان - فارسی مین اکثر یہ لفظ بغیر تشدید لام کے آتا ہے-

محلات ع- ممیج محلہ کی-

محلب ع وہ برتن جس مین دودھ دوہین- نام ایک درخت خوشبودار کا جسکے بیج کو حب المحلب کہتے ہین-

محل نظر ف- مقام فکر کا- اور کنایہ ہے اعتراض کی جگہ سے-

محلوج ع- روئی بنولہ سے الگ کی ہوئی دھنکی ہوئی روئی-

محلول ع- حل کیا ہوا- باریک پیسا گیا

محلہ ع- جگہ اترنے کی- منزل- وہ مقام جہان بہت سے لوگ ہین- مجازاً قطعہ شہر کا

محلی ع- آراستہ- زیور پہنایا گیا صفت کیا گیا- مجازاً بمعنی چہرہ کے بھی آیا ہے-

محمد ع- بسیار ستودہ شدہ- بہت تعریف کیا گیا- نام پیغمبر خدا صلعم کا-

محمدت ع- ستایش- تعریف-

محمدی ع- وہ شخص جو امت محمد صلعم سے ہو

محمل ع- کجاوہ جو اونٹ پر کستے ہین- ہودج اونٹ کا- محامل اسکی جمع ہے-

محمل ع- تلوار لٹکانیکا تسمہ-

محمود ع- تعریف کیا گیا- نام ایک بادشاہ کا مشہور- نام ایک بہت بڑے ہاتھی کا جن ہاتھیون سے جنکو ابرہہ بادشاہ حبش کے نائب نے واسطے ڈھا دینے کعبہ شریف کے بھیجا تھا- نام ایک بہت بڑے مسخرہ ایرانی کا جو عہد اکبر بادشاہ مین ہند وستان مین آیا تھا

محمودہ ع- تعریف کی گئی- اور نام ایک دوا کے تلخ کا جو مسہل صفرا اور بلغم کی ہے اور اسکو سقمونیا بھی کہتے ہین-

محمول ع- بوجھ لادا ہوا- گمان کیا گیا اور منطق کی اصطلاح مین خبر کو محمول اور مبتدا کو موضوع کہتے ہین-

محموم ع- وہ شخص جسکو شدت کی تپ ہو-

محن ع- جمع ہے محنت کی-

محن ع- آزمانا-

محنت ع- آزمائش- بلا- دکھ- رنج

محنت سرا ع- کنایہ دنیا سے-

محو ع- زائل کرنا- مٹا دینا- حرفون یا نقش وغیرہ کا کاغذ وغیرہ پر سے چھیل ڈالنا- چاند کی سیاہی- اور صوفیون کی اصطلاح مین گم اور نابود ہونا اوصاف عادت بشری کا- اور فارسی مین بمعنی عاشق اور دیوانہ کے بھی آتا ہے-

محور ع- صیغہ اسم آلہ کا ہے کیلی جسپر کمہار کا چاک گھومتا ہے یا دھری جسپر پہیہ گردش کرتا ہے باشل اسی کے اور علم ریاضی کی اصطلاح مین ایک خط وہمی ہے جسکا ایک سرا قطب شمالی سے اور دوسرا سرا قطب جنوبی سے پیوستہ ہے-

محوطہ ع- } جگہ احاطہ کرنے کی- جگہ
محوطہ ع- } جمع کرنے کسی چیز کی-

محول ع- پھرانے والا- حوالہ اور سپرد کرنے والا-

محول ع- سپرد کیا گیا-

محی ع- }
محیی ع- } زندہ کرنے والا-

محیا ع- زیست- زندگی-

محیا ع- }
محیی ع- } انسان وغیرہ کا چہرہ-

محیات ع- جماعت زندہ کی گئی-

محیض ع- پھرنا کسی چیز سے- رہائی پانا- خلاص کرنا- رہائی دینا-

محیض ع- حیض آنا- حالت حیض عورت کی شرمگاہ جس سے حیض آتا ہے-

محیط ع- احاطہ کرنیوالا- گھیرنیوالا گھیرا- اور گول خط دائرہ کا- سمندر جو تمام زمین کو گھیرے ہوئے ہے- نام کتاب مصنفہ امام محمد کا فقہ مین-

محیل ع- حیلہ گر- مکار مرد-

محیلہ ع- مکار عورت-

فصل میم مع خاے معجمہ

مخ ع- سر کا بھیجا- ہڈی کا گودا- مجازاً خلاصہ ہر چیز کو کہتے ہین-

مُخاتیم ۔ع۔ جمع مختوم کی ہے۔ اور مختوم کے معنی مُہر کیا گیا پس بیمانون کو مخاتیم اسلیے کہتے ہین کہ اُنپر بادشاہی مہر ہوتی ہے۔

مُخادِع ۔ع۔ مکر اور فریب کرنیوالا۔

مُخادَعَت ۔ع۔ مکر اور فریب کرنا۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔

مخادَعات ۔ع۔ بہت سے مکر و فریب۔

مُخادِم ۔ع۔ جمع مخدوم کی۔ بزرگ لوگ

مُخاذیل ۔ع۔ جمع مخذول یعنی ذلیل کی۔

مُخارِج ۔ع۔ جمع مخرج کی۔ اور مخرج کے معنی جگہ نکلنے کی۔

مُخازِن ۔ع۔ جمع مخزن کی۔ خزانے۔

مُخاصِمت ۔ع۔ } آپسمین دشمنی اور
مُخاصَمہ ۔ع۔ } خصومت کرنا۔

مُخاض ۔ع۔ بچہ جننے کا درد۔

مُخاط ۔ع۔ آب بینی۔ ناک کی سِنک۔

مُخاطِب ۔ع۔ سامنے سے بولنے والا روبرو بات کرنیوالا۔ اور کبھی اس لفظ سے مراد ہوتی ہے غصہ کرنے والا۔

مُخاطَب ۔ع۔ وہ شخص جس سے بات کیجائے لقب دیا گیا۔ خطاب دیا گیا۔ اور کبھی مراد اس شخص سے جسپر غصہ کیا گیا ہو۔

مُخاطَبات ۔ع۔ آپسمین کلام کرنا۔ گفتگو کرنا۔ اور کبھی مراد مراسلات اور مکاتبات اور نامون اور خطون سے ہوتی ہے۔

مخاطرہ ۔ع۔ خطر۔ اندیشہ۔ اور وہ بات جو ذہن مین آوے۔

مُخاطی ۔ع۔ خطا کرنیوالا۔ اور ایک قسم بلغم کی جو مثل ناک کے پانی کے پتلا ہوتا ہے

مُخافات ۔ع۔ جمع مخافت کی ہے۔

مَخافَت ۔ع۔ خوف۔ ڈر۔ خوف کرنا۔ اور یہ مصدر بھی ہے۔

مَخافَت ۔ع۔ آہستہ پڑھنے والا۔

مُخافَت ۔ع۔ آہستہ پڑھا گیا۔

مُخافَتت ۔ع۔ آہستہ پڑھنا۔

مُخالِب ۔ع۔ مرغان شکاری مثل باز اور چرہ وغیرہ اور شیر وغیرہ کے چنگل۔

مُخالَطت ۔ع۔ آپسمین میل جول کرنا۔ کسی سے دوستی کرنا۔

مُخالِف ۔ع۔ وہ شخص جو خلاف پر ہو۔ دشمن۔ اور نام ایک راگ کا جو پانچ لغمون سے مرکب ہوتا ہے اور بوقت ڈال کے گایا جاتا ہے۔

مُخالَفت ۔ع۔ دشمنی کرنا۔ خلاف کرنا۔

مُخام ۔ع۔ خیمہ اسنادہ کرنیکی جگہ۔

مَخاوِف ۔ع۔ خوف کی جگہین۔

مَخائِل ۔ع۔ جمع مُخیلہ کی۔ خیال کی جگہین خیال کے محل۔ گمان لیجانے کے مقامات علامتین۔ نشانیان۔

مُخبِر ۔ع۔ خبر دینے والا۔ جاسوس۔ اور کبھی مراد چہرہ انسان سے اسلیے کہ چہرہ باطن کے حالات سے خبر دیتا ہے۔

مُخبِر صادِق ۔ع۔ کنایہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے۔

مُخبَط ۔ع۔ درہم آمیختہ۔ ملا جلا۔ اور کبھی بمعنی فاسد اور تباہ کے بھی آتا ہے۔

مُختار ۔ع۔ اختیار کیا گیا۔

مُختال ۔ع۔ منکر۔ انکار کرنے والا۔

مُختَبِط ۔ع۔ کسی شخص سے کسی چیز کا مانگنے والا بغیر وسیلہ اور اگلی جان پہچان کے بسبب شدت کے رات کو سوال کرنے والا۔

مُخترَع ۔ع۔ نیا نکالا گیا۔ اختراع کیا گیا۔

مُخترِع ۔ع۔ نئی بات نکالنے والا۔ اور نیا کام پیدا کرنے والا۔

مُختَص ۔ع۔ خاص کیا گیا۔

مُختَصَر ۔ع۔ جو طویل نہو۔ جو دراز نہو۔

مُختَصِم ۔ع۔ دشمنی کرنے والا۔

مُختَل ۔ع۔ خلل پایا گیا۔ اور فارسی مین بغیر تشدید لام کے مستعمل ہے۔

مُختَلِف ۔ع۔ اختلاف کرنیوالا۔

مُختَلَف ۔ع۔ اختلاف کیا گیا۔ اور وہ لغت جسکے فارسی اور عربی ہونے مین اختلاف ہو۔

مُختَم ۔ع۔ } مہر لگا ہوا۔ قفل دیا ہوا۔
مَختوم ۔ع۔ } بند کیا گیا۔

مَختُون - ع - ختنہ کیا گیا۔
مُخدِّر - ع - کسی عضو کو سن کر دینے والی چیز۔ جس کر دینے والی چیز۔ پردہ مین بٹھانیوالا۔
مُخدَّر - ع - سُست کیا گیا۔ سن کیا گیا۔ حبس کیا گیا۔ پردہ مین بٹھایا گیا۔
مُخدِّرہ - ع - پردہ نشین عورت۔
مُخدِّرات - ع - ع - تین پردہ نشین۔
مُخدِّرات - ع - وہ دوائین جو اعضا کو سُست کر دیتی ہین اور بیخوابی لاتی ہین یعنی نیند اُچاٹ کر دیتی ہین۔
مَخدُوش - ع - وسوسہ کیا گیا۔
مَخدُوم - ع - خدمت کیا گیا۔
مَخذُول - ع - ذلیل - خوار - ذلیل کیا گیا۔
مُخرِّاق - ع - دُرّہ - جو گنہگار کو مارتے ہین سزا دینے کے لیے۔
مُخرِّب - ع - ویران کرنیوالا۔
مَخرَج - ع - جگہ باہر نکلنے کی۔
مُخرِج - ع - باہر نکالنے والا۔
مُخرِّق - ع - ٹکڑے ٹکڑے کرنے والا - بھاڑ نیوالا۔
مَخرَقہ - ع - حیا - شرمندگی - تیرگی۔
مُخرَقہ - ع - لکڑی کی تلوار جس سے لڑکے کھیلتے ہین اور بعضون نے بمعنی فقیرون کی گدڑی کے لکھا ہے۔
مَخرُوش - ع - چھیلا گیا - تراشا گیا۔
مَخرُوط - خراط کیا گیا - تراشا گیا۔ چھیلا گیا - اور وہ چیز جو بشکل گاجر کے ہو سرا پتلا پیندا چوڑا۔
مَخرُوطی - ع - وہ چیز جو بشکل گاجر کے ہو ایک سرا باریک اور دوسرا چوڑا۔
مَخزَن - ع - خزانہ کی جگہ - جمع کرنیکی جگہ۔
مَخزُون - ع - خزانہ مین رکھی ہوئی چیز۔
مَخزُونات - ع - جمع مخزون کی اور کنایہ پوشیدگیون اور مخفی ارادون سے۔
مَخصُوص - ع - خاص کیا گیا۔
مُخضَّب - ع - خضاب کیا گیا - رنگین کیا گیا - وسمہ باندھا ہوا۔
مَخطُود - ع - درخت پاک اور صاف کیا گیا کانٹون سے۔
مُخطَّط - ع - لکیرون والا - وہ شے جس پر لکیرین اور نقوش ہون - اور وہ معشوق جسکے خط نکل آیا ہو۔
مَخطُوبہ - ع - وہ عورت جسکے ساتھ نکاح کی خواستگاری کی گئی ہو۔
مَخطُور - ع - اندیشہ - جو دل مین خیال گذرے ہلاکت کے قریب کیا گیا۔
مَخطُورات - ع - جمع مخطور کی - فکرین - اندیشے - وہ چیزین جنکا خیال دل مین گذرے وہ چیزین جن مین خوف ہو۔
مُخطِی - ع - وہ شخص جو ارادہ نیکی کا کرے۔ اور اچانک اور بے قصد اس سے خطا سرزد ہو جائے - اور خاطی وہ شخص جو قصداً اپنے ارادے سے خطا کرے۔
مُخفَّف - ف - صیغہ نہی کا ہے خفتن سے برخلاف قیاس یعنے مت سُو۔
مُخفَّف - ع - ہلکا کیا گیا۔
مَخفُوض - ع - ٹوٹا ہوا - پست کیا گیا۔
مَخفِی - ع - پوشیدہ۔
مُخِل - ع - خلل ڈالنے والا - خلل انداز۔
مَخلَات - ع - توبڑہ جسمین دانہ بھر کے گھوڑے کے منھ پر چڑھا دیتے ہین۔
مَخلَاف - ع - بڑا ولایت - ضلع۔
مِخلَب - ع - مرغ شکاری کا چنگل - اور شیر وغیرہ کا پنجہ۔
مُخلخَل - ع - وہ چیز جسکے اجزا باہم خوب چسپان اور متصل نہون - پولا۔
مُخلَّد - ع - ہمیشہ - مُدام۔
مُخلِص - ع - اخلاص کرنیوالا - دوست خالص - سچا دوست۔
مُخلِّص - ع - خالص کرنے والا - خلاص کرنیوالا - رہائی دینے والا۔
مُخلَّص - ع - رہائی پایا گیا - خالص کیا گیا۔
مَخلَص - ع - جگہ اخلاص کی - اور مصدر بھی ہے بمعنی رہائی - خلاصی۔

مُخلِصی - ف - رہائی - اسلیے کہ مُخلَص مصدر بھی ہے - اور زیادتی یاے مصدری کی بعد مصدر عربی کے فارسیون کے تصرف سے ہے جیسے سلامت سے سلامتی اور فضول سے فضولی -

مُخلَط - ع - ملانیوالا -

مُخلَّط - ع - ملا یا گیا -

مُخلَع - ع - خلعت دیا گیا -

مُخلَّف - ع - پیچھے چھوڑا گیا -

مُخلِف - ع - نو برس سے زیادہ کا اونٹ

مَخلُوط - ع - ملا ہوا - ملا جلا -

مُخلوع - ع - نکالا گیا - باہر لایا گیا -

مَخلُوق - ع - پیدا کیا ہوا -

مخلوقات - ع - جمع ہے مخلوق کی دنیا اور جو چیز دنیا مین ہے -

مُخلّی - ع - خالی کیا گیا - رہا کیا گیا -

مُخلّی بالطّبع - ع - رہا کیا گیا ساتھ طبیعت کے یعنی بلا تکلف - بے اندیشہ -

مُخمّر - ع - خمیر کیا گیا - گوندھا گیا - تیار ملا یا گیا -

مُخمّس - ع - پانچ گوشہ کیا گیا - ایک قسم نظم کی جسکے پانچ مصرعے ہوتے ہین و چیز جسکے پانچ کونے ہون - یا پانچ چیزین جو کسی شی مین شامل ہون - نام ایک قسم کا اصول موسیقی سے جسکو ہندی مین تال کہتے ہین -

مُخمَصہ - ع - شدت کی بھوکھ - وہ جلن جو سینہ اور پیٹ مین بھوکھ کی شدت سے پیدا ہو - مجازًا وہ غم عظیم جس سے اضطراب پیدا ہو جائے -

مُخمَل - ع - نام ایک مشہور کپڑے کا جو ریشمی اور نرم ہوتا ہے -

مَخمَل دوخابہ - ف - ایک قسم کی مخمل جسکے دونون طرف رونوا ہوتا ہے اور رنگین اور نہایت ملائم ہوتی ہے خاب بھی روٹوا -

مَخمُور - ع - شراب پیے ہوے سنوالا -

مُخنّث - ع - ہیجڑا جس کو دستکار یسے نامرد بنا دیا ہو -

مُخنَّق - ع - } گلا گھونٹا گیا -
مُخنُوق - ع - }

مَخوُف - ع - ڈرا ہوا - خوفناک -

مُخوِّف - ع - خوف دلانے والا - ڈرانے اور دھمکانے والا -

مُخوَّف - ع - ڈرایا گیا -

مُخیّدہ - ع - پھسلا ہوا - مجازًا بمعنی خراب -

مُخیَّر - ع - اختیار دیا گیا -

مُخیِّر - ع - دوسرے کو اختیار دینے والا - بڑا مرد نیک - بڑا سخی - وہ شخص جو بہت نیکی کرے -

مَخیض - ع - وہ دہی جسمین سے گھی نکال لیا گیا ہو -

مُخیّط - ع - سوئی - سوزن -

مَخیُوط - ع - سی ہوئی چیز -

مُخیَّل - ع - خیال کیا گیا -

مُخیِّلہ - ع - محل خیال کا یعنی دماغ -

مُخیِّمہ - ع - نام ایک قوت کا جسکو خیال بھی کہتے ہین -

مُخیِّم - ع - } جگہ خیمہ استادہ کرنے کی
مُخیَّم - ع - } جگہ خیمہ لگانے کی -

فصل میم مع دال مہملہ

مُدّ - ع - نام ایک پیمانہ کا جو نو رطل کا ہوتا ہے - اہل عراق کے دو رطل کا ہوتا ہے -

مَدّ - ع - کشش - افزدنی - درازی - زیادتی - لمبائی - کسی چیز کی طرف نظر کرنا - دریا کے پانی کا بڑھنا - جس کو ہندی مین جوار کہتے ہین - لمبا خط جو حساب مین لکھتے ہین وہ خط جو الف ممدودہ پر لکھتے ہین - دوات مین سیاہی ڈالنا -

مَدّ البَصَر - ع - نظر پہونچنے کی حد -

مَدّ النّہار - ع - بلندی دن کی - وقت چاشت کھانے کا -

مَدّاح - ع - تعریف کرنیوالا -

مَدَاخِل - ع - دخل کی جگہین - اور بمعنی آمدنی زر کے مستعمل ہے - اور مکانون اور گھرونکو بھی کہتے ہین -

مُدَاخلَت - ع - دخل دینا۔
مِدَاد - ع - دوات کی سیاہی - سرگین - گوبر - چراغ کا تیل - نمونہ - طریقہ۔
مَدَار - ع - جگہ دورہ کی - جگہ گردش کی ستارہ کے دورہ کرنیکی جگہ - اور بمعنی دائرہ اور دورہ اور حلقہ کے بھی آتا ہے مجازًا وہ چیز جسپر کوئی بات ٹھہری ہوئی ہو۔
مُدَارَا - ع - رعایت کرنا صلح اور آشتی کرنا خاطر و تواضع کرنا - اصل اسکی مداراۃ ہے - کلام فارسی مین بحذف تا بھی مستعمل ہوتا ہے اور عربی مین تا کے ساتھ۔
مُدَارَات - ع - رعایت کرنا صلح آشتی کرنا - خاطر و تواضع کرنا۔
مَدَارَات - ع - ستارون کی حرکت کے دائرے جو حکمانے کرۂ افلاک پر فرض کیے ہین - جمع مدار کی۔
مَدَارُالمُہَام - ع - وہ شخص جسین سے سب کاروبار سلطنت کے متعلق ہون - وزیر یا فوج کا حاکم یا ذی اختیار کارندہ۔
مَدَارِج - ع - راہین - درجے۔
مَدَارِس - ع - جمع ہے مدرسہ کی۔
مُدَارَست - ع - باہم پڑھنا - اور پڑھانا۔
مُدَاعَبَت - ع - مزاح اور خوش طبعی اور بازی اور کھیل کرنا۔
مُدَافِع - ع - دفع کرنیوالا۔

مُدَافعَت - ع - ایک دوسرا کو دفع کرنا۔
مُدَام - ع - ہمیشہ - ہمیشہ رکھا گیا - اور بمعنی شراب کے بھی ہے۔
مُدَاوَا - ع - یہ لفظ مخفف ہے مداوات کا دارو درمن کرنا - علاج کرنا۔
مُدَاوَات - ع - دوا کرنا - علاج کرنا۔
مُدَاوَمَت - ع - ہمیشگی - ہمیشگی کرنا۔
مُدَاوَی - ع - صیغہ اسم مفعول کا ہے دوا کیا گیا اور علاج کیا گیا۔
مُدَاہِن - ع - سُستی کرنے والا۔
مُدَاہَنَت - ع - ظاہر کرنا اُس چیز کے برخلاف جو کہ دل مین ہو - جھوٹھ بولنا نفاق - چرب زبانی - خوشامد سُستی کرنا۔
مَدَائِح - ع - جمع مَدِیحَہ کی - تعریفین۔
مَدَائِن - ع - جمع مَدِینَہ بمعنی شہر کی - اور نام ایک شہر کا عراق عرب مین جو تختگاہ نوشیروان بادشاہ کا تھا۔
مُدَبَّر - ع - پیٹھ دیا گیا یعنی وہ شخص جسکو اُسکے نصیب اور دولت نے پشت دی ہو۔
نصیب - برگشتہ بخت۔
مُدَبِّر - ع - تدبیر کرنیوالا - صاحب تدبیر
مُدَبَّر - ع - تدبیر کیا گیا - پرورش کیا گیا - وہ غلام جو بعد مرنے آقا کے آزاد ہو جاے
مُدَبْدَبْ - ف - بُلبُل کا نالہ۔
مُدَّت - ع - عرصہ - دیر۔

مُدَّت عِدَّت - ع - وہ زمانہ جسمین عورت دوسرا شوہر نکر سکے - اور یہ مدت طلاق دی ہوئی عورت کے لیے اگر حمل سے ہو تو وضع حمل ہے اور اگر حمل نہو تو تین حیض یا تین مہینے ہین - اور بیوہ کے لیے چار مہینے اور دس روز ہین یا وضع حمل۔
مَدح - ع - ستایش - تعریف۔
مِدحَت - ع - تعریف - ستایش۔
مَدخَل - ع - دخل کرنا - داخل ہونا اس صورت مین مصدر میمی ہے - اور بمعنی جاے دخل - جگہ دخل کی اس صورت مین اسم ظرف ہے۔
مُدخَل - ع - بخیل - کنجوس۔
مُدخَل - ع - جگہ دخل کرنے کی اور بمعنی دخل کیا گیا۔
مُدخُول - ع - داخل کیا گیا۔
مَدخُولَہ - ع - وہ عورت جس سے صحبت کی گئی ہو یعنی زن جماع کردہ شدہ۔
مَدَد - ع - کمک۔
مَدَدگَار - ع - ف - مدد کرنیوالا۔
مَدَر - ع - کلوخ - ڈھیلا مٹی کا - اور کبھی کنایہ زمین سے بھی ہوتا ہے۔
مُدِر - ع - پیشاب جاری کرنیوالی چیز
مِدرَار - ع - بڑا پانی گرانے والا - اور بہت برسنے والا - اور بمعنی مینھ کے بھی آتا ہے۔

مُدَرِّس ۔ء۔ پڑھانے والا۔ اور درس دینے والا۔
مَدَارِس ۔ء۔ جمع مَدرسہ کی۔
مَدْرَسہ ۔ء۔ جگہ پڑھنے اور پڑھانے کی۔
مُدْرِک ۔ء۔ سمجھنے والا۔ بات کو خوب پہنچنے والا۔ دریافت کرنیوالا۔
مُدْرَک ۔ء۔ سمجھا گیا۔ دریافت کیا گیا۔
مُدْرِکات ۔ء۔ عقلین۔ دانشین۔
مُدْرِکہ ۔ء۔ وہ قوت جس سے انسان اشیا کی حقیقت دریافت کرسکے یعنے عقل اور ذھن۔
مُدْرُوس ۔ء۔ وہ چیز جو پرانی ہوگئی ہو۔ وہ شے جو غائب اور ناپدید ہوگئی ہو۔ وہ چیز جو پڑھی گئی ہو۔ اور بمعنی بے رونق۔
مُدَّعا ۔ء۔ کنایہ مطلب اور آرزو سے۔
مُدَّعَم ۔ء۔ نام غلام آنحضرت صلعم کا۔
مُدَّعَی ۔ء۔ دعوی کیا گیا۔ آرزو کیا گیا۔
مُدَّعِی ۔ء۔ دعوی کرنیوالا۔
مُدَّعَیات ۔ء۔ جمع مُدَّعی کی۔ خواہشین۔ آرزوئین۔
مُدَّعَا عَلَیہ ۔ء۔ جسپر دعوی کیا گیا ہو۔
مُدْغَم ۔ء۔ وہ حرف جو اپنے ہمجنس حرف مین ادغام کیا گیا ہو۔ پیوستہ۔ درہم فرتہ ملا ہوا۔ داخل کیا گیا۔ اور بمعنی پوشیدہ کے بھی آیا ہے۔

مَدْفَن ۔ء۔ مقام دفن کا۔
مَدْفُون ۔ء۔ دفن کیا ہوا۔ گاڑا ہوا۔
مُدَقِّق ۔ء۔ باریک کام کرنیوالا۔ باریک نکتے پیدا کرنیوالا۔ اور وہ شخص جو دلیل کو دلیل سے ثابت کرے۔
مُدَقَّق ۔ء۔ کوٹا ہوا۔ باریک کیا گیا۔ لاغر۔ دُبلا۔ وہ شخص جسکو تپ دق ہو۔
مُدَلَّل ۔ء۔ جسپر دلیل قائم کی گئی ہو۔ وہ چیز جو دلیل سے ثابت کی گئی ہو۔
مُدَلِّل ۔ء۔ دلیل سے ثابت کرنیوالا۔
مَدْلُول ۔ء۔ اہل منطق کی اصطلاح مین معنی کو کہتے ہین۔
مُدْلَہِمّ ۔ء۔ نہایت سیاہ اور تاریک۔
مُدْلَہِمّات ۔ء۔ جمع مُدلَہِمّ کی۔
مُدَمَّل ۔ء۔ وہ چیز جو زخم کو پیپ سے پاک کرکے بھر دے اور برابر کردے۔
مُدْمِن ۔ء۔ ہمیشہ کرنے والا کسی کام کا۔
مُدَن ۔ء۔ کھڑا ہونا۔ قائم ہونا۔
مُدُن ۔ء۔ جمع مدینہ بمعنی شہر کی۔
مَدَنی ۔ء۔ شہر کا رہنے والا۔ منسوب طرف مدینہ کے حالت نسبت مین یا اور تا مدینہ کی گرگئی ہے۔
مَدّ و جَزر ۔ء۔ جوار بھاٹا جو سمندر مین ہوتا ہے۔
مُدَوَّر ۔ء۔ گول۔

مُدَوَّن ۔ء۔ جمع کیا گیا۔
مُدَاوَن ۔ء۔ ایک جگہ پر ہمیشہ رہنا۔
مُدْہَامَّتَان ۔ء۔ دو باغ سبز اور سیراب جو انتہاے سبزی سے سیاہی مائل ہون۔ اور بعضون نے بمعنے دو برگ سبز کے بھی لکھا ہے۔
مِدَّہ ۔ء۔ پیپ جو زخم سی نکلتی ہے۔
مَدّہ ۔ء۔ علم صرف کی اصطلاح مین وہ حرف علت ساکن جسکے ماقبل کی حرکت موافق اُسکے ہو جیسے واو ساکن ماقبل مضموم اور یا ساکن ماقبل مکسور۔ اور الف ساکن ماقبل مفتوح۔
مَدّہ ولین ۔ء۔ مدّہ کے معنی تو ابھی بیان ہوے اور لین واو ساکن ماقبل مفتوح اور یا ساکن ماقبل مفتوح ہے۔
مَدْہُوش ۔ء۔ واو معروف سے بروزن مسرور صیغہ اسم مفعول کا ہے بمعنی متحیر۔ سرگشتہ۔ حیران۔ اور یہ جو فارسی مین واو مجہول سے بمعنی مست اور بیہوش کے آتا ہے یہ ایک قسم کی تفریس ہے۔
مَدی ۔ء۔ انتہا۔ نہایت۔ غایت۔
مُدْیان ۔ء۔ بڑا قرض کرنیوالا۔
مَدِیح ۔ء۔ ستایش۔ تعریف۔
مَدِیحَہ ۔ء۔ ایک تعریف۔ جمع اُسکی مدائح آتی ہے۔

مَدِید۔ ع۔ دراز۔ لمبا۔ کھنچا ہوا۔ اور نام ایک بحر کا عروض سے۔

مُدِیر۔ ع۔ گول حرکت دینے والا۔

مَدْیَن۔ ع۔ نام ایک قصبہ کا جسمیں حضرت شعیب رہتے تھے۔

مَدِین۔ ع۔ بندہ۔ غلام۔ قرضدار مزدوری دیا گیا۔ خوار کیا گیا۔

مَدِینہ۔ ع۔ مطلق شہر۔ نام ایک شہر کا جسمیں مرقد منور آنحضرت صلعم کا ہے۔

مَدْیُون۔ ع۔ قرضدار۔

فصل سیم مع ذال معجمہ

مُذ۔ ع۔ ابتداے زمان۔ وہ زمانہ۔

مُذ۔ ف۔ } صاحب۔ خداوند۔ اور اکثر
مَذ۔ ف۔ } مرکب آتا ہے جیسے اسفندار مذ۔

مُذَاب۔ ع۔ گلا ہوا پگھلا ہوا۔

مَذَاق۔ ع۔ چکھنا۔ قوت ذائقہ کا محل یعنی زبان وتالو۔ اصطلاحاً بمعنی خوش طبعی۔ ظرافت۔ اظہار شوق معشوق کے آگے۔

مذاق زدن ف۔ بوس وکنار کے شوق کی بے اختیاری کا ظاہر کرنا۔

مُذَاکَرہ۔ ع۔ باہم ذکر کرنا۔

مُذَاکِیر۔ ع۔ جمع ذکر بمعنی عضو تناسل کی

مَذَاہِب۔ ع۔ جمع مذہب کی۔

مَذْبَح۔ ع۔ جگہ ذبح کرنیکی۔

مُذَبْذَب۔ ع۔ دھکا پکر کیا گیا۔ وہ امر جو صاف نہو۔ متردد۔

مُذَبُوح۔ ع۔ ذبح کیا ہوا۔

مَذْخُورہ۔ ع۔ ذخیرہ یعنے جمع کیا گیا۔

مَذْرُوع۔ ع۔ گز سے پیمایش کیا گیا۔

مُذَکَّر۔ ع۔ مرد۔ نر۔ یاد دلایا گیا۔

مُذَکِّر۔ ع۔ یاد دلانے والا۔

مُذَکَّر سَمَاعِی ف۔ وہ مرد جو عورت یعنی اپنی زوجہ کا تابعدار ہو۔

مَذْکُور۔ ع۔ ذکر کیا گیا۔ اگرچہ یہ صیغہ اسم مفعول کا ہے مگر فارسی میں بمعنی ذکر کے بھی مستعمل ہے۔

مُذَکّیٰ۔ ع۔ بسمل۔ گلا کٹا ہوا۔

مَذَلَّت۔ ع۔ خوار ہونا۔ رسوا ہونا۔ ذلت۔ رسوائی۔

مَذَمَّت۔ ع۔ ہجو۔ برائی۔ بدی۔

مَذْمُوم۔ ع۔ بد۔ برا۔ زشت۔ اور وہ امر جو برا مشہور ہو۔

مَذْمُومَہ۔ ع۔ بد اور بری چیز۔

مُذْنِب۔ ع۔ گنہگار۔

مَذْہَب۔ ع۔ راہ۔ رستہ جگہ جانے اور چلنے کی مجازاً۔ دین۔ آئین۔

مُذَہَّب۔ ع۔ سونا چڑھایا ہوا۔ ملمع کیا گیا۔

مُذَہِّب۔ ع۔ سونا چڑھانے والا۔ ملمع کرنے والا۔

مَذْہُوب۔ ع۔ زنگار ملمع کیا ہوا۔ سونا چڑھی ہوئی چیز۔

مَذِی۔ ع۔ نام ایک رطوبت لسدار کا جو غلبۂ شہوت میں مردوں کے پیشاب کے مقام سے نکلتی ہے۔

مُذِیب۔ ع۔ گلانیوالا۔ پگھلانیوالا۔

مُذِیبَہ۔ ع۔ گلانے اور پگھلانیوالی۔

فصل سیم مع رائے مہملہ

مُر۔ ع۔ تلخ۔ کڑوا۔ نام ایک پدر قبیلہ کا تمیم سے عرب میں۔ نام دوا سے مشہور کا۔

مَرّ۔ ع۔ گذرنا۔ جانا۔ رستی۔ کلھاڑی

مَرّ۔ ف۔ عدد پچاس کا۔ اسی سبب سے ننو عدد کو دو مر کہتے ہیں۔ اور کبھی مجازاً بمعنی شمار کے آتا ہے۔ اور کبھی بمعنی بیحد اور بیحساب اور بہت کے۔ اور یہ لفظ فائدہ معنی حصر کا بھی دیتا ہے یعنی خاص۔ اور کبھی زائد بھی آتا ہے واسطے تحسین کلام کے

مَرَابِح۔ ع۔ منافع۔ فائدے۔

مُرَابَحَت۔ ع۔ نفع اور فائدہ سے بیچنا۔

مُرَابِط۔ ع۔ باہم ربط رکھنے والا۔

مُرَابِطَات ع۔ وہ چیزیں جو باہم رابطہ پیدا کریں۔

مَرَابِع۔ ع۔ منزلیں۔ بہت سے مکان

مَرْاَۃ۔ ع۔ } زن۔ عورت۔
مَرْاَت۔ ع۔ }

مُرآۃ ۔ع۔ } منھ دیکھنے کا شیشہ۔
مِرآت ۔ع۔ } آئینہ۔
مَراتِب ۔ع۔ جمع ہے مرتبہ کی۔ درجے رتبے۔ مرتبے۔
مَراتِب چہارگانہ ۔ف۔ شریعت طریقت۔ معرفت۔ حقیقت۔
مَراتِع ۔ع۔ جمع مَرتَع یعنی چراگاہ کی۔
مَراثی ۔ع۔ جمع ہے مرثیہ کی۔
مُراجَعَت ۔ع۔ لوٹنا۔ رجوع کرنا۔ اُلٹا پھرنا۔
مَراح ۔ع۔ جانا۔ رواں ہونا۔ اور یعنی جاے آسایش وراحت کے بھی۔
مُراح ۔ع۔ اُونٹوں کے رہنے کا مقام۔
مِراح ۔ع۔ شادی۔ خوشی۔
مَراحِل ۔ع۔ جمع مرحلہ یعنی منزل کی۔
مَراحِم ۔ع۔ جمع مرحمت کی۔ مہربانیان۔
مُراد ۔ع۔ ارادہ کیا گیا۔ مطلب مقصد۔
مُرادَفت ۔ع۔ باہم ردیف ہونا۔ ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔
مُرادِف ۔ع۔ کسی کے پیچھے سوار ہونے اور بیٹھنے والا۔ وہ لفظ جو دوسرے لفظ کے ساتھ ہم معنی ہو۔
مَرارَت ۔ع۔ تلخی۔ کڑواپن۔
مَرارَہ ۔ع۔ پتّہ ہر حیوان کا۔
مُراسِل ۔ع۔ اُس عورت کو کہتے ہین جس کی دونون پنڈلیون پر بال بہت ہون اور دراز ہون۔ اور وہ عورت جو بیاہ کی خواہش کرنیوالون مردون سے پیغام یا خط وکتابت جاری رکھے۔ یا وہ عورت جسکو اُسکے خاوند سے جدائی ہوگئی ہو اور وہ دوسرے سے پیغام سلام کرے۔ یا کلان سال اور سن رسیدہ عورت۔
مُراسَلات ۔ع۔ جمع ہے مُراسَلہ کی۔
مُراسَلہ ۔ع۔ باہم نامہ وپیغام کرنا۔
مَراسِم ۔ع۔ جمع رسم یعنی نشان اور آئین کی رسمین۔
مَراصِد ۔ع۔ جمع ہے مرصد کی اور مرصد کے معنی آگے لکھے ہین۔
مُرضِعَت ۔ع۔ دودھ پلانا دایہ کا بچے کو۔
مُراعات ۔ع۔ باہم ملکر چوپایون کا چرنا نگاہ رکھنا۔ حفاظت کرنا۔ گوشۂ چشم یعنی کنکھیون سے دیکھنا۔ مجازاً یعنی سلوک اور رعایت کے۔
مُراعاتُ النظیر ۔ع۔ رعایت کرنا یعنی جمع کرنا اُس قسم کے لفظون کا جو آپسمین مناسبت رکھتے ہون جیسے گل وخار۔ بلبل۔ اور تیر وکمان وزہ وقربان وغیرہ۔
مُراعِی ۔ع۔ رعایت کرنیوالا۔ نگہبانی کرنے والا۔ جانور و نگہ چرانیوالا۔
مَراعِی ۔ع۔ جانورون کے چرنے کے مقامات جہان سبزہ وگھاس بہت ہو۔ اور چرائے گئے جانور۔ اور یعنے رعایتون کے بھی آیا ہے۔
مُراغَبَت ۔ع۔ خواہش۔ رغبت۔
مَراغَہ ۔ع۔ لوٹنا جانور کا زمین پر خواہ پرند ہو خواہ چوپایہ۔ اور نام ایک شہر کا ولایت آذربیجان سے۔
مُرافَعات ۔ع۔ عرضداشتین جو بزرگونکی خدمت مین لکھین
مُرافَعَت ۔ع۔ } حاکم کے سامنے اپنا
مُرافِعَہ ۔ع۔ } دعویٰ پیش کرنا۔
مُرافِق ۔ع۔ رفاقت کرنیوالا۔ ہمراہ۔
مَرافِق ۔ع۔ جمع مرفق یعنی کہنی کی اور وہ چیزین جنسے فائدہ پہونچے۔
مُرافَقَت ۔ع۔ ہمراہی۔ اور رفاقت کرنا۔
مُراقِب ۔ع۔ اُمید رکھنے والا۔ امیدوار۔ ڈرنیوالا۔ مُراقبہ کرنے والا۔ نگہبان۔
مُراقَبَت ۔ع۔ اُمید چشمداشت۔ نگہبانی۔ حفاظت۔ امید رکھنا۔
مُراقَبَہ ۔ع۔ اُمید رکھنا۔ نگاہ رکھنا۔ حفاظت کرنا۔ گردن نیچے ڈالنا۔ اصطلاح مین حضور دل کی طرف خدا کے۔
مَراقی ۔ع۔ سیڑھیان جمع مرقاۃ کی۔

مُراقی - ع - منسوب طرف مراق کے کنایہ اس شخص سے جسکو مالیخولیا ہوا سلیے کہ مراق اصل مین نام ایک پردۂ غشائی کا ہی جلد شکم انسان کے نیچے پس جب مادۂ سودا معدہ یا تلی وغیرہ مین جمع ہوجاتا ہے تو پردۂ مراق پھول جاتا ہے اور ابخرے اُٹھ کر دماغ مین جاتے ہین اور حواس مین خلل پڑجاتا ہے اور اُس شخص کے خیالات فاسد ہوجاتے ہین پس اگرچہ اُس عارضہ کا نام مالیخولیا ہے مراقی ہے لیکن کبھی فقط مراق بھی بولا جاتا ہے۔

مَراکِب - ع - جمع مرکب کی وہ چیزین جنپر سوار ہوتے ہین خواہ جانور خواہ کشتی۔

مَرام - ع - مطلب - مراد - مقصد۔

مَرامات - ع - جمع مرام بمعنے مطلب کی۔

مُراہِق - ع - وہ لڑکا جو قریب بلوغ کے پہونچا ہو۔

مَراہِم - ع - جمع مرہم کی۔

مِرائی - ع - خود نمائی - اور جنگ کرنا۔

مَرایا - ع - یہ جمع مرآۃ کی ہے خلاف قیاس جسکے معنی ہین آئینہ۔

مُرائی - ع - خود نما - اپنی کسی بات کا ظاہر کرنیوالا - مکار مکر کرنیوالا۔

مُرابّی - ع - تربیت کیا گیا - پرورش کیا گیا اور وہ چیز جو قند یا شکر کے قوام مین پرورش کی گئی ہو۔

مُرتَجّ - ع - سودمند - نفع بخش۔

مَرتَع - ع - بکریون کے رہنے کی جگہ۔

مَربَط - ع - جگہ باندھنے کی - خصوصًا وہ مکان جہان حیوان باندھے جائین۔

مِربَط - ع - رسی وغیرہ جس سے کوئی چیز یا حیوان باندھا جائے۔

مُربّع - ع - چوگوشہ - ہر چیز جسکے چار کونے ہون اور لمبان اور چوڑان مین برابر ہو - ایک قسم کی نشست جس کو پالتھی مارکے بیٹھنا کہتے ہین - ایک قسم کا تعویذ جسکے سولہ خانہ ہوتے ہین۔

مربّع طولانی - ع - وہ چیز جسکے چار کونے ہون اور لمبان زیادہ ہو چوڑان سے۔

مُربّع مُستَطیل - ع - ہر چیز چار گوشہ جو لمبی ہو جیسے تقطیع کتاب کی۔

مَربَع نشین - ع - چار زانو لینے یا لتھی مار کے بیٹھنے والا۔

مَربُوب - ع - بمعنی مخلوق۔

مَربُوط - ع - بندھا ہوا - ربط کیا گیا - لگایا گیا۔

مُربّی - ع - پرورش کرنے والا - تربیت کرنے والا۔

مَرّۃ - ع - ایک مرتبہ - ایک دفعہ۔

مُرتاح - ع - عیش وعشرت کرنیوالا۔

مُرتاض - ع - ریاضت کرنیوالا - اور اہل تصوف کی اصطلاح مین تابعدار اور مغلوب کرلینے والا اپنے نفس سرکش کا رنج اُٹھانے والا تحصیل علم وہنر یا عبادت کرنے مین۔

مُرتّب - ع - ترتیب دینے والا - انتظام کرنیوالا - راست و درست کرنیوالا۔

مُرتَب - ع - راست و درست کیا گیا - اپنے اپنے درجہ اور مقام پر لایا گیا۔

مُرتَبِط - ع - ربط دیا گیا - لگایا گیا۔

مَرتَبہ - ع - درجہ - رتبہ۔

مُرتّبہ - ع - درست کیا گیا - درجہ بدرجہ اپنے اپنے مقام پر رکھا گیا۔

مُرتَجا - ع - امید رکھا گیا۔

مُرتَدّ - ع - مذہب اسلام سے پھرا ہوا۔

مُرتَسِم - ع - نقش قبول کرنے والا۔

مُرتَشی - ع - رشوت لینے والا - اور اس معنی مین راشی غلط مشہور ہے اسلیے کہ راشی بمعنی رشوت دینے والے کے ہے۔

مُرتَضیٰ - ع - پسندیدہ - اور لقب ہے حضرت علیؑ کا

مُرتَضَوی - ع - منسوب طرف مرتضیٰ علی علیہ السلام کے واضح ہو کہ جس لفظ کے آخر مین الف مقصورہ بصورت یا ہوگا اُسکے آخر مین جب یاے نسبت آئے گی وہ الف واو سے بدل جائیگا - اور یہ بھی واضح ہو کہ

یاے نسبت عربی مین مشدد پڑھی جاتی ہے اور فارسی مین مخفف یعنے بغیر تشدید کے

مَرتَع - ع - چراگاہ - وہ سبزہ زار جسمین جانور چرتے ہین -

مُرتَعِب - ع - خائف - ڈرنیوالا -

مُرتَعِش - ع - رعشہ دار - کانپنے والا -

مُرتَفِع - ع - اٹھایا گیا - بلند کیا گیا - مجازاً دور کیا گیا -

مُرتَفِع - ع - بلند ہونے والا - کسی جگہ سے باہر ہونیوالا - بلند -

مُرتَقِی - ع - بلند کیا گیا -

مُرتَقِی - ع - بلند ہونیوالا - اوپر جانیوالا -

مُرتَقَد - ع - خوابگاہ سونیکی جگہ -

مُرتَکِب - ع - اختیار کرنیوالا ایک امر کا پسند کرنے والا - کسی کام کا شروع کرنیوالا سوار ہونے والا - عمل مین لانے والا -

مُرتَہِن - ع - دوسرے شخص کا زیور وغیرہ اپنے پاس گرو رکھنے والا -

مُرتَہَن - ع - رہن کیا گیا -

مَرثِیَہ - ع - اوصاف مردے کے اسطرح بیان کرنے کہ سننے والونکو رحم آوے -

مَرج - ع - چراگاہ - چوپایون کے چرنیکی جگہ - چھوڑ دینا دو چیز کا باہم -

مَرَج - ع - فساد تباہی - بگڑ جانا کام کا اور اسی بنا پر ہے ہرج مَرَج اور ہرَج کی مناسبت سے مرج راے مہملہ کے سکون سے پڑھا جاتا ہے -

مَرجان - ع - چھوٹا موتی - جیسے لُولُو یعنی بڑا موتی -

مَرجان - ف - ہندی مونگا -

مَرجان پَرَوَردَہ ف - اشارہ ہے شراب سرخ کی طرف -

مُرَجِّح - ع - غلبہ دینے والا کسی چیز کو کسی چیز پر ترجیح دینے والا -

مَرجِع - ع - جاے رجوع - جگہ بازگشت کرنیکی -

مِرجَل - ع - تانبے کی بڑی دیگ -

مَرجُو - ع - اُمید کیا گیا -

مَرجُوح - ع - عاجز - مغلوب -

مَرجُوع - ع - رجوع کیا گیا -

مَرجُوم - ع - ہنکایا گیا - دور کیا گیا - سنگسار کیا گیا -

مَرَح - ع - نہایت خوش ہونا - عزور کرنا -

مَرحَب - ع - کشادہ ہونا - جگہ کشادہ - نام ایک پہلوان کافر کا عرب مین -

مَرحَبا - ع - شاباش - یہ لفظ عرب مین واسطے تعظیم مہمان کے کہتے ہین -

مَرحَلَہ - ع - منزل کی جگہ - کوچ کا مقام منزل - اسباب رکھنے کی جگہ - کوچ کرنا اونٹ پر بالان رکھنا - اور مقدار مسافت بارہ میل کی - اور ایک طرح کی عمارت کا نام جو جنگی قلعہ کے گرد اگرد بناتے ہین اور اُسپر بیٹھکر دشمنون سے جنگ کرتے ہین -

مَرحَمَت - ع - مہربانی - رحم - رحم کرنا -

مَرحُوم - ع - رحمت کیا گیا - مجازاً وہ شخص جو مرگیا ہو -

مَرخ - ع - جسم پر تیل ملنا -

مُرَخِّص - ع - رخصت کرنیوالا -

مُرخَص - ع - رخصت کیا گیا -

مُرَخَّم - ع - نرم کیا گیا - اور وہ کلمہ منادی جسکا حرف آخر تخفیف کیلیے گرا دیا گیا ہو -

مَرد - ف - منش - آدمی -

مَرد - ع - بغیر ڈاڑھی کا ہونا حد سے گذرنا -

مُرد - ع - جمع امرد کی یعنے وے لڑکے جنکی ابھی داڑھی نہ نکلی ہو -

مَرَد - ع - کسی چیز کا ہاتھ سے ملنا - پانی مین کسی چیز کا تر کرنا اور بھگونا -

مَرَدّ - ع - رد کردینا - قبول نہ کرنا -

مُردَاد - ف - فارسی مہینہ کا نام جس مین آفتاب برج اسد مین رہتا ہے ہندی مین تقریباً بھادون کا مہینہ اور انگریزی ماہ جولائی -

مُردَار - ف - مردہ کی لوتھ - ناپاکی -

مَردان ف - جمع ہے مرد کی -

مُردَان - ع - جمع اَمرد کی لڑکے جنکی ابھی

داڑھی نہ نکلی ہو۔
مَرْدانگی ۔ف۔ مَردپن۔ مَردی۔
مَرْدانِ مَرد ۔ف۔ بہادر سپاہی۔
مُرَدِّد ۔ع۔ پھیر دینے والا۔
مُرَدَّد ۔ع۔ پھیر دیا گیا۔
مَرْدَشْت ۔ف۔ نام ایک مقام کا۔
مَرْدَک ۔ف۔ چھوٹا مرد۔ یہ حقارت کا کلمہ بطور گالی کے بولتے ہین۔
مُرْدَگان ۔ف۔ مردے۔ مرے ہوے لوگ۔ یہ جمع مردہ کی ہے۔
مَرْدُم ۔ف۔ ایک آدمی۔ بہت سے آدمی یہ لفظ بمعنی مفرد اور جمع دونون کے مستعمل ہے۔ پُتلی آنکھ کی۔ اور مَرْدُمک اُسی کی تصغیر ہے۔
مَرْدُمِ آبی ۔ف۔ جل مانس یہ ایک قسم کا دریائی جانور ہوتا ہے بصورت انسان سفید پوست نہایت نازک اندام۔
مَرْدُم آزار ۔ف۔ ظالم شخص۔ آدمیونکا تکلیف دینے والا۔
مَرْدُمان ۔ف۔ جمع ہے مَرْدُم کی۔
مَرْدُم زن ۔ف۔ جلاد۔ آدمیون کا قتل کرنیوالا۔
مَرْدُمک ۔ف۔ آنکھ کی پُتلی۔ وہ تل جو
مَرْدُمکِ چشم ۔ف۔ آنکھ کی سیاہی مین ہوتا ہے اور اُسکو مردمک اسی لیے کہتے ہین کہ اس تل مین تصویر انسان کی چھوٹی سی معلوم ہوتی ہے۔
مَرْدُم گیا ۔ف۔ گیا۔ مخفف گیا ہمبنے ہری گھاس کا۔ مردم گیا ایک گھاس ہے جسکی جڑ انسان کے سر سے مشابہ ہوتی ہے اور بعضون نے لکھا ہے کہ یہ گھاس بشکل تمام جسم آدمی کی ہوتی ہے۔ اور مادہ اور نر دونون ہوتی ہے
مَرْدُمی ۔ع۔ مردانگی۔ مروت۔ حلم۔ بردباری۔ انسانیت۔ رعایت۔
مَرْدِ مَیْدان ۔ف۔ کنایہ ہے مرد حریف اور مقابل اور دلاور سے۔
مُرْدَن ۔ف۔ مرنا۔ مجازاً بیہوش ہونا۔
مَرْدُود ۔ع۔ رد کیا گیا۔ نکالا گیا۔ بمعنی ذلیل۔
مُرْدَہ ۔ف۔ مرا ہوا۔ مجازاً عاشق۔
مَرْدَہ ۔ف۔ بہادر شخص۔
مَرَدَہ ۔ف۔ جمع مارد بمعنی دیو سرکش کی مجازاً سرکش لوگ۔
مُرْدہ ریگ ۔ف۔ یاے مجہول سے بہ پیر کینہ۔ فرومایہ۔ عاجز۔ ذلیل۔
مُرْدی ۔ف۔ مردانگی۔
مِرْدی ۔ع۔ ملاحون کا بالش جس سے کشتی کھیتے ہین۔
مُرْدی ۔ع۔ ہلاک کرنے والا۔
مَرْز ۔ف۔ زمین۔ زمین آباد۔ وہ زمین جو قابل کھیتی کرنے کے ہو۔ سرحد۔
مُرْز ۔ع۔ سوراخ مقعد کا اور بمعنی مجامعت کے بھی آیا ہے۔
مِرْزا ۔ف۔ اصل اسکی میرزا ہے یعنی سردار زادہ۔
مَرْزبان ۔ف۔ زمیندار۔ حاکم۔ مالک زمین بادشاہ۔ سرحد کا نگاہ رکھنے والا نگہبان سردار۔ عالم۔ اور بزرگ آتش پرستون کا۔
مَرْزبُوم ۔ف۔ بغیر داد اور بغیر اصافت کے جاے پیدایش۔
مَرْزَغان ۔ف۔ دوزخ۔ گورستان قبرستان۔
مَرْزَنْجُوش ب } ایک قسم ہے ریحان
مرزنگوش ۔ف } کی جو خوشبودار ہوتی ہے زلف اور خط معشوق کو اس سے مثال دیتے ہین۔ ہندی اسکی دونہ ہے۔
مُرْزہ ۔ع۔ موش۔ چوہا۔
مَرَسَن ۔ع۔ وہ رسی جو گھوڑے اور کتے وغیرہ کے گلے مین باندھین۔ اور بمعنی طبیب اور کحال کے بھی آیا ہے۔
مَرْس ۔ع۔ مرد علاج کرنے والا۔ لڑکے کا انگلی چوسنا۔

مُرس۔ ف۔ نام ایک میوہ کا جو میخوش یعنے کھٹ مٹھا ہوتا ہے۔

مُرسِل۔ ع۔ بھیجنے والا۔ نامہ بھیجنے والا۔

مُرسَل۔ ع۔ بھیجا گیا۔ بنی صاحب کتاب۔

مُرسَلہ۔ ع۔ بھیجی گئی۔ لٹکائی گئی۔ ایک پور ہے جسکو عورتین گلے مین پہنتی ہین۔ ظاہرا اسکو ہندی مین ہار کہتے ہین۔

مُرسَلین۔ بہت سے بنی صاحب کتاب

مَرسُوب۔ ع۔ تہ مین بیٹھا ہوا۔ ہندی مین اسکو تلچھٹ کہتے ہین۔

مَرسول۔ ع۔ } یہ دونون لفظ غلط ہین
مُرسُولہ۔ ع۔ } بجاے انکے مرسل اور مرسلہ بمعنی فرستادہ شدہ صحیح ہین۔

مَرسُوم۔ ع۔ رسم کیا گیا۔ آئین و قاعدہ کیا گیا۔ نشان کیا گیا۔ اور کبھی اس لفظ سے مراد ورماہہ اور روزینہ ہوتا ہے۔

مُرشَح۔ ع۔ ٹپکا ہوا۔ سیراب۔

مُرشِد۔ ع۔ ہدایت کرنے والا۔ راہ نیک اور سیدھی بتلانیوالا۔

مَرشَد۔ ع۔ راہ راست۔ مُراد اسکی جمع آتی ہے۔

مُرشوش۔ ع۔ ٹپکا ہوا۔ پانی وغیرہ چھڑکا ہوا۔

مِرصاد۔ ع۔ راہ کشادہ۔ اور فراخ

مَرصَد۔ ع۔ جگہ نگاہ رکھنے کی۔ جگہ جمع کرنیکی۔ مقام اُسید کا کسی چیز کے انتظار کا موقع۔ مراصد اسکی جمع ہے۔

مُرصَع۔ ع۔ جڑا گیا۔ جڑاؤ کیا گیا۔ وہ چیز جسمین جواہر جڑے ہون۔ وہ نظم اور نثر جسکے الفاظ اپنے مقابل کے ساتھ موزن اور ہم سجع ہون۔

مَرصُود۔ ع۔ اُسید رکھا گیا۔ ستارونکا حال رصد سے معلوم کیا گیا۔

مَرصُوص۔ ع۔ } رانگ ڈھالکر ریخونمین
مَرصُوصہ۔ ع۔ } ڈالکر مستحکم اور مضبوط کی ہوئی شی۔ نہایت استوار اور مضبوط کیا ہوا۔

مَرضُوع۔ ع۔ بمعنی مُرضع۔

مَرض۔ ع۔ بیماری۔ رُوگ۔

مَرضیٰ۔ جمع مریض کی۔ بیمار لوگ۔

مُرضِع۔ ع۔ پستان۔ چھاتی۔ جگہ دودھ پینے کی۔

مُرضِع۔ ع۔ } لڑکون کی دودھ
مُرضِعہ۔ ع۔ } پلانے والی عورت دایہ۔ انا۔

مَرضِی۔ ع۔ } پسندیدہ۔ مرغوب۔
مُرضیٰ۔ ع۔ } پسند کیا ہوا۔

مِرط۔ ع۔ بالون کی کملی۔ اور بعضے کہتے ہین ایک قسم کی چادر۔

مَرطُوب۔ ع۔ تر۔ بھیگا ہوا۔ وہ چیز جسمین رطوبت ہو۔ فربہ۔ موٹا۔

مَرطُوبِی۔ ع۔ موٹا آدمی یعنی مزاج جسکا موٹاپا بغیر اسباب ظاہری کے ہو۔

مَرعیٰ۔ ع۔ چراگاہ جگہ جانورون کے چرنے کی۔ ہری گھاس چرنا۔

مُرغَش۔ ع۔ } ایک قسم ہے کبوترونمین
مَرغَش۔ ع۔ } گرہ باز کی جو ہوا پر جاکے بازی یعنی کلا کرتے جاتے ہین۔ اور اُونچے ہوتے جاتے ہین۔ انوری ؎ شعرم بہہ جہان رسیدہ است۔ مانند کبوتران مَرغَش + اور بعضون نے لکھا ہے کہ اس قسم کا کبوتر اکثر نامہ بر ہوتا ہے۔

مَرغُوب۔ ع۔ ڈرایا گیا۔ خوف کیا گیا۔

مَرعِی۔ ع۔ رعایت کیا گیا۔ لحاظ کیا گیا

مَرغ۔ ف۔ ایک قسم کی ہری گھاس جسکو ہندی مین دُوب کہتے ہین جانور اُسکو بڑی خوشی سے چرتے ہین۔

مُرغ۔ ف۔ آفتاب۔ ہر پرند جانور مقاردار اُڑنے والا۔ ایک قسم کی صراحی۔

مَرغ۔ ع۔ چوپایہ کا لوٹنا زمین پر یا گھاس وغیرہ پر۔

مرغ۔ ع۔ آب دہن۔ تھوک۔

مُرغاب۔ ف۔ نام ایک ندی خراسان کا جو شہر مرو شاہجہان کے نیچے بہتی ہے

مُرغابی - ف - مشہور پرند ہے جو دریا مین تیرتا رہتا ہے -

مُرغ آتشخوار - ف - سمندر - اور سمندر ایک جانور ہوتا ہے بشکل بڑے چوہے کے جو آتشکدون مین پیدا ہوتا ہے اور جب آگ سے باہر نکلتا ہے مرجاتا ہے اور بعضے کہتے ہین کہ سمندر ایک جانور پردار ہے جو آگ مین نہین جلتا ہے اور بعضے کہتے ہین کہ مرغ آتشخوار کبک کو کہتے ہین جسکی ہندی چکور ہے -

مُرغ آمین - ف - مشہور ہے کہ ایک فرشتہ ہوا مین اُڑا کرتا ہے اور آمین کہا کرتا ہے پس جسکی دعا اسکی آمین سے برابر ہوجاتی ہے مستجاب ہوجاتی ہے - اور بعضے کہتے ہین کہ مرغ آمین یعنی ستارۂ کف الخضیب ہے اور نجومیون کے نزدیک مقرر ہے کہ جو شخص اس ستارہ کے طلوع کے وقت دعا کرتا ہے فوراً قبول ہوجاتی ہے -

مُرغانِ اُولی اَجنحَہ - ف - طائران صاحب بازو ہا - اور یہ کنایہ فرشتونسے ہے اصطلاح مین -

مُرغبات - ء - چیزین مرغوب و پسندیدہ -

مرغ بیضۂ فولاد - ف - فولادی خود پر جسکو سپاہی بروز جنگ سر پر پہنتے ہین ایک تصویر مرغ کی فولاد سے بنا کے نصب کرتے ہین -

مُرغ حق گو - ف - ایک پرندہ ہے جو راتونکو اپنے دونون پیرون سے درخت مین اُلٹا لٹک کر آواز بلند سے حق حق کہا کرتا ہے اور اسکو مرغ زیرک بھی کہتے ہین -

مَرغَز - ف - نام ایک موضع کا ایران مین -

مَرغزار - ف - سبزہ زار - وہ جگہ جہان مرغ یعنے دُوب جو ایک قسم کی گھاس نرم اور نازک ہوتی ہے بہت اُگی ہوئی ہو -

مُرغ زیرک - ف - ایک پرند مشہور ہے جو درخت مین اُلٹا لٹک کر راتون کو بلند آواز سے حق حق کہا کرتا ہے - اور بعضون نے طوطی کے بھی لکھا ہے - اور بعضون نے ابلیس سے مراد لی ہے - اور بعضون نے ہاروت اور ماروت سے -

مُرغ زرّین - ف - ایک پرند ہے منقار تیتر کے اور کسی قدر مور سے بھی مشابہت رکھتا ہے بال و پر اُسکے سبزی مائل اور مثل سونے کے چمکتے ہوے - اور سر پر کلغی بھی رکھتا ہے - قد مین برابر مرغی کے -

مُرغ سُلیمان - ف - ہُدہُد مشہور پرندہ ہے -

مرغ سحر - ف - بلبل - مُرغا -

مُرغ شب آہنگ - ف - بلبل

مُرغ شب خوان - ف - اسلیے کہ ایام بہار مین یہ پرند اکثر بوقت شب بولا کرتا ہے -

مُرغ صبح - ف - بلبل - مُرغا -

مُرغ عیسیٰ - ف - چمگادڑ -

مُرغ مسیحا - ف - چمگادڑ -

مُرغ مجنون - ف - وہ پرند جس نے مجنون عاشق لیلیٰ کے سر کے بالون مین جھونسا لگایا تھا -

مُرغ نامہ بر - ف - کبوتر - ہُدہُد -

مَرغوب - ء - رغبت کیا گیا - خواہش کیا گیا - پسندیدہ - معقول -

مَرغول - ف - پیچ و تاب - مڑے ہوے

مَرغولہ - ف - بالونکا گھونگھر - یہ لفظ گھونگھر والے بالون کی صفت مین آتا ہے - خوش آواز پرندون کی آواز گویّون کی ایک آواز خاص جسکو ہندی مین گٹکری کہتے ہین -

مُرقّد - ء - بڑا پیالہ - کاسہ -

مُرفق - ء - کہنی -

مَرفوع - ء - بلند کیا گیا - اُٹھایا گیا حرکت پیش کی دیا گیا -

مُرفّہ - ء - ہاے ملفوظ سے - آسودہ خوش معاش -

مُرفّہ الحال - ء - آسودہ حال -

مَرق - ء - شوربا -

مَرق - ء - دیگ مین شوربا کرنا -

مُرقات۔ع۔ مُرقاۃ۔ع۔ زینہ۔ سیڑھی۔

مُرقد۔ع۔ خوابگاہ۔ مجازاً قبر۔

مُرقع۔ع۔ تصویروں کی کتاب۔ گدڑی فقیر کی۔ اسلیے کہ ان دونوں میں قطعہ رقعہ اور ٹکڑے ٹکڑے اور پیوند پیوند جمع کیے ہوے اور سیے ہوے ہوتے ہیں۔

مُرقوم۔ع۔ لکھا ہوا۔

مُرکب۔ع۔ لکھنے کی سیاہی۔ وہ چیز جو کئی چیز سے ملکر بنی ہو۔ ترکیب دیا گیا۔

مَرکب۔ع۔ وہ چیز جسپر سوار ہوں خواہ چوپایہ ہو خواہ کشتی مگر کثر اس لفظ کا استعمال بمعنی اسپ یعنے گھوڑے کے ہوتا ہے۔

مَرکز۔ع۔ درمیان چیز کا۔ کسی چیز کے قائم کرنے کی جگہ۔ نقطہ بیچ بیچ دائرے کا جس سے جتنے خطوط محیط تک نکالیں سب برابر ہوں۔

مَرکز چرخ۔ف۔ مَرکز خاک۔ف۔ زمین۔ وسط کرہ زمین کا۔

مَرکز مُثلث۔ع۔ زمین باعتبار ابعاد ثلثہ یعنی لمبائی۔ چوڑائی۔ گہرائی۔

مُرکن۔ع۔ لگن۔ طشت۔ تغار

مُرکوب۔ع۔ سواری کیا گیا۔

مَرکوز۔ع۔ گڑا ہوا۔ محکم کیا ہوا۔ یہ لفظ مشتق ہے رکز سے جس کے معنی ہیں زمین میں نیزہ گاڑنا۔ مگر مجازاً بمعنی منظور کے بھی آتا ہے۔

مَرگ۔ف۔ موت۔

مَرگ بر پیچ۔ف۔ معمول بہادر لڑکا ہے کہ پگڑی باندھکر ایک سرا اُسکا بل دیکے کان اور گردن کیطرف لٹکا دیتے ہیں پس سطرح کی پگڑی کو مرگ پیچ اسلیے بولتے ہیں کہ اُسکا باندھنے والا ہر وقت اپنے کو گرفتار موت جانتا ہے بسبب اپنی بہادری کے اور مستعد ہونیکے مقابلہ حریف پر۔

مَرگِ نَو۔ع۔ فتنۂ تازہ۔ اور بعضوں نے بمعنی عشق کے لکھا ہے۔

مَرگِ نو مُبارک باد۔ف۔ اُس مقام پر بولتے ہیں جہاں کوئی بیا فساد برپا ہوا ہو۔ یا کوئی کسی پر حد سے زیادہ عاشق ہوا ہو۔

مَرگی۔ف۔ بمعنی وبا۔

مَرمّت۔ع۔ کسی چیز کا خلل درست کرنا اصلاح کرنا۔ بگڑے کو سنوارنا۔

مُرمَد۔ع۔ وہ شخص جسکی آنکھیں دکھتی ہوں یعنی آشوب چشم ہو۔

مَرمَر۔ع۔ نام ایک قسم کے پتھر کا ہے جو سفید اور نرم ہوتا ہے اور اُس کو رخام بھی کہتے ہیں۔

مَرو۔ف۔ نام ایک شہر کا خراسان سے اور نام ایک گھاس خوشبودار کا۔

مُرواحت۔ بمعنی فال نیک۔

مَروارید۔ف۔ موتی۔

مُروّت۔ف۔ مردانگی۔ مردی۔ یہ لفظ ماخوذ ہے مرء سے جو بمعنی مرد ہے اور بفتح راے مہملہ غلط مشہور ہے۔

مُروّج۔ع۔ رواج دینے والا۔

مَروّج۔ع۔ رائج کیا گیا۔ رواج دیا گیا

مُروّح۔ع۔ راحت اور آسایش اور خوشی دینے والا۔ خوشبودار کرنیوالا۔

مَروّح۔ع۔ راحت آور آرام دیا گیا۔

مَروح۔ع۔ شادمان۔ خوش۔

مِروحہ۔ع۔ بادکش۔ پنکھا

مُروز۔ع۔ گذرنا۔ چلا جانا۔

مَروس۔ع۔ تابعدار۔ خادم اور کنایہ رعیت سے۔

مَرو شاہجہان۔ف۔ نام ایک شہر کا ہے خراسان سے۔

مَروض۔ بریاضت دیا گیا۔ تابعدار کیا گیا۔

مُروض۔ع۔ ریاضت دینے والا۔

مُروّض۔ع۔ ریاضت دیا گیا۔

مَروع۔ع۔ ڈرایا گیا۔

مُروّق۔ع۔ بالکل صاف کیا گیا۔ ایسا صاف جسمین ذرا تلچھٹ اور میل نہو۔

مُروّق۔ع۔ رواق بنانے والا۔ یعنی

تھوئی اور معار۔ اور وہ شخص جو مکانکی چھت مین پردہ یعنے چھت گیری باندھے۔

مَرُوَق ۔ع۔ تعیب مین ڈالنا۔ کسی کو خوش حال کرنا۔

مَرْوَہ ۔ع۔ نام پہاڑ کا مکۂ معظمہ مین۔

مَرْوِیْ ۔ع۔ روایت کیا گیا۔

مِرَّہ ۔ع۔ نام ایک خلط زرد رنگ اور تلخ مزہ کا۔ صفرا۔ اور بمعنی قوت۔ توانائی عقل۔

مَرَّہ ۔ع۔ یکبار۔ ایک مرتبہ۔

مَرْہَم ۔ع۔ وہ دوا لسدار جو زخم کے اچھا ہونیکو لگاتے ہین۔

مَرْہُوْب ۔ع۔ بمعنی ڈرایا گیا غلط ہے اسلیے کہ رُہب بمعنی ڈرنا لازم ہے اور صیغۂ اسم مفعول لازم سے درست نہین ہوسکتا بجاے اسکے **مَرْعُوب** صحیح ہے کہ یہ رعب بمعنی ڈرانے سے ہے۔

مَرْہُوْن ۔ع۔ رہن کیا گیا۔

مَرِی ۔ع۔ بروزن امیر۔ ایک جسم ہے گوشت والا مثل آنت کے حلق کے اندر جسکے رستہ سے پانی اور کھانا معدہ مین پہونچتا ہے۔ اور قصبۂ ریہ یعنے نرخرا جسکے راستہ سے سانس آتی جاتی ہے یہ اُس مَری کے اوپر ہے۔ اور لفظ مَری بمعنی گوارا اور ہضم کے بھی ہے۔

مُرِی ۔ع۔ آبکامہ۔ ہندی کابجی۔

مِرْی ۔ن۔ یا ے مجہول سے لڑائی۔ جنگ۔ کوشش کرنا۔ کسی کے ساتھ اُسکے مرتبہ مین برابری کرنا۔

مَرِیْج ۔ع۔ آمیختہ۔ ملا جلا۔

مَرِیْح ۔ع۔ انتہا سے زیادہ خوش۔

مِرِّیْخ ۔ع۔ نام ایک ستارۂ کا پانچوین آسمان پر ہے منگل

مِرِّیْخ زحل خوار ن۔ کنایہ ہے آتشدان اور انگیٹھی سے۔

مَرِید ۔ع۔ سرکش۔ نافرمان رامذہ خدا کے حکم سے باہر ہوجانیوالا۔

مُرِید ۔ع۔ ارادہ کرنے والا۔ اور کنایہ دینی شاگرد سے۔

مَرِیْر ۔ع۔ مرد توانا اور بہادر۔ وہ رسی جو لمبی اور مضبوط اور کڑی اینٹھن کی ہو۔

مَرِیْش ۔ن۔ یعنے زخمی مت کر۔ اور سہل مریز کا بھی ہے یعنے مت گرا۔ اسلیے کہ (ز) (ش) سے بدلہ ہوتا ہے۔

مَرِیْض ۔ع۔ بیمار۔ روگی۔

مَرِیْع ۔ع۔ زمین آباد۔ چراگاہ کشادہ جہان پانی اور ہری گھاس بہت ہو۔

مَرْئِی ۔ع۔ دیکھا گیا۔ وہ شئے جو دکھائی دے۔

مَرْئِیَّات ۔ع۔ وہ چیزین جو نظر سے دکھائی دیتی ہین۔

فصل میم مع زاے معجمہ

مَزّ ۔ع۔ چوسنا۔

مُزّ ۔ع۔ مزہ ترش اور شیرین ملا ہوا۔ فارسی میخوش۔ ہندی کھٹ مٹھا۔

مِزّ ۔ع۔ افزونی زیادتی۔

مَزَابِلَہ ۔ع۔ جمع مزبلہ کی۔ بخاست اور گوبر وغیرہ کے ڈالنے کی جگہین۔

مِزَاج ۔ع۔ آمیزش ملنا۔ اور طبیبون کی اصطلاح مین وہ کیفیت جو چند چیزون کے ملنے سے پیدا ہو۔ اور انسان کی طبیعت کو اسی وجہ سے مزاج کہتے ہین کہ ایک کیفیت اربعہ عناصر کے ملنے سے پیدا ہوتی ہے۔ خاصیت ۔۔ خو۔ عادت۔

مِزَاح ۔ع۔ } خوش طبعی کرنا۔ آپس
مُزَاحَت ۔ع۔ } مین دل لگی کرنا ہنسی خوش طبعی۔ دل لگی۔

مُزَاح ۔ع۔ خوش طبعی کرنا۔

مَزَّاح ۔ع۔ بڑا خوش طبعی کرنیوالا۔

مُزَاحِف ۔ع۔ اصطلاح عروض مین وہ رُکن جس مین تغیر ہوا ہو۔

مُزَاحِفَات ۔ع۔ وہ بحرین جنمین زحاف واقع ہوا ہو۔ اور زحاف کرنا ایک حرف یا دو حرف کا رکن اصلی بحر سے یا زیادہ

ہونا حرف کا رکن اصلی پر۔
مُزَاحِم ۔ء۔ کسی پر تنگی کرنے والا کسی کو رنج پہونچانے والا۔ روکنے والا۔ ایذا ہی کرنے والا۔
مُزَاحَمَت ۔ء۔ کسی پر تنگی کرنا۔
مِزَادَ ۔ء۔ توشہ دان۔ وہ چیز جس مین زاد راہ رکھین۔
مُزَادْ ۔ء۔ زیادہ کیا گیا۔
مَزَادْ کردن مَتَاع ۔ف۔ اسباب کی فروخت کا نرخ بڑھا دینا۔
مِزَادَہ ۔ء۔ توشہ دان۔
مَزَار ۔ء۔ جگہ زیارت کرنیکی۔ مگر اطلاق اس لفظ کا اکثر قبر پر ہوتا ہے۔
مُزَارِع ۔ء۔ کھیتی کرنے والا۔ کسان۔
مَزَارِع ۔ء۔ جمع مَزْرَع کی جسکے معنی ہین جگہ بونے اور کھیتی کرنیکی۔
مُزَال ۔ء۔ لغزش۔ جاے لغزش۔
مَزَالِف ۔ء۔ جگہین ابنوہ کی جگہین جمع ہونیکی۔
مَزَالِق ۔ء۔ جگہین پھسلنے کی۔
مَزَامِیر ۔ء۔ جمع مِزْمَار بمعنی بانسری کی مجازاً سب ساز گویّون کے۔
مَزَامِیر دَاوُد ۔ء۔ زبور کی آیتین جو خوش آوازی سے پڑھتے ہین۔ دعائین جو الحان مین کی جاتی ہین۔
مُزَاوَلَت ۔ء۔ کسی کام پر ہمیشگی کرنا۔ کوشش کرنا کسی چیز پر۔
مَزَایَا ۔ء۔ جمع مَزِیَّت کی افزونیان۔ زیادتیان فضیلتین۔ مجازاً بمعنی بخششون اور انعامون کے مستعمل ہوتا ہے۔
مِزْبَر ۔ء۔ لکھنے کا قلم۔
مَزْبَلَہ ۔ء۔ گوبر اور گوبر نجاست غیرہ ڈالنے کی جگہ۔
مَزْبُور ۔ء۔ لکھا ہوا۔
مَزَج ۔ء۔ ملنا۔ ملانا۔
مُزَجَّات ۔ء۔ اندک۔ تھوڑا۔ حقیر۔ بے اعتبار۔
مُزَخْرَف ۔ء۔ جھوٹی بات جو مانند سچی بات کے آراستہ کی ہوئی ہو۔ ملمع کی ہوئی کوئی شے۔
مُزَخْرَفَات ۔ء۔ جمع مُزَخْرَف کی۔
مُزْد ۔ف۔ مزدوری۔ اُجرت۔ خواہ دنیا کی ہو خواہ دین کی۔
مُزْدَحَم ۔ء۔ ازدحام کیا گیا۔ ابنوہ کیا گیا۔
مُزْدَحِم ۔ء۔ ازدحام کرنے والا۔ ابنوہ کرنے والا۔
مُزْدَلِفَہ ۔ء۔ نام ایک مقام کا جو مکہ معظمہ مین ہے۔
مُزَدَّج ۔ء۔ ہم قرین۔ ہم صحبت باہم ملا ہوا اور اہل بدیع کی اصطلاح مین بمعنی مثنوی۔
مُزَدَوَجَہ ۔ء۔ ہم قرین۔ ہم صحبت آپس مین ملا ہوا۔
مُزْدُور ۔ف۔ مزدوری کرنے والا۔ یہ مرکب ہے لفظ مزد بمعنی اُجرت اور کلمہ ور بمعنی صاحب سے یعنے صاحب اُجرت اور یہ لفظ بفتح میم غلط مشہور ہے۔
مُزْدُورِی ۔ف۔ اُجرت۔
مُزَرَّد ۔ء۔ زرہ پوش۔
مَزْرَع ۔ء۔ / مَزْرَعَہ ۔ء۔ کھیت۔
مَزْرُوع ۔ء۔ بوئی ہوئی چیز۔
مُزَعْفَر ۔ء۔ زعفرانی زرد رنگ ایک قسم میٹھے پلاؤ کی جسکے چاولون کو زعفران مین رنگتے ہین۔
مُزَکّٰی ۔ء۔ پاک کیا گیا۔ وہ مال جسکی زکوۃ ادا کر دی گئی ہو۔
مُزْکِت ۔ء۔ مسجد۔ نماز پڑھنے کی جگہ۔
مَزْکُوم ۔ء۔ وہ شخص جسکو زکام ہو۔
مُزَکِّی ۔ء۔ پاک کرنے والا۔ اپنے مال کی زکوۃ دینے والا۔
مَزِلَّت ۔ء۔ پھسلنا۔ لغزش کرنا۔
مَزَلَّت ۔ء۔ جگہ پھسلنے کی۔
مَزَلَّات ۔ء۔ جگہین پھسلنے کی۔ مقامات

لغزش کے۔
مُزَلَّف - ف - معشوق صاحب زلف - وہ معشوق جسکے نیا خط نکلا ہو - واضح ہو کہ یہ فارسیونکا تصرف ہے کہ زلف لفظ فارسی کو بطور صیغہ عربی بنا لیا ہے - جیسے نزاکت لفظ نازک سے -
مُزَلَّفہ - ع - نزدیک لایا گیا - فراہم اور اکٹھا کیا گیا - انبوہ کیا گیا -
مُزلِق - ع - } لغزش دینے والا - اور
مُزلِقہ - ع - } پھسلانے والا -
مِزمار - ع - نے بجانے کی یعنی بانسری اصطلاحاً کوتون کا ہر باجا -
مُزمِر - ع - عُود جو ایک قسم کا باجا مشہور ہے - اور بمعنی بربط کے بھی لکھا ہے -
مُزمِن - ع - دیرینہ - کہنہ - پُرانا نکلڑا شل - اپاہج -
مُزن - ع - ابر - ابر سفید - ابر نیسان -
مِزواج - ع - وہ عورت جو بہت شوہر کرے -
مُزوِّر - ع - وہ غذا جو تسلی بیمار کے لیے پکائین - نرم غذا جو مریض کو دین -
مُزوِّر - ع - جھوٹا - مکار - فریبیا -
مَزہ - ف - لذت - چسکا -
مَزید - ع - مخفف مَزِیَّت بمعنی زیادتی کا -
مُزیَّب - ف - زیب و زینت دیا گیا - یہ بھی فارسیونکا تصرف ہے کہ لفظ زیب کو جو فارسی ہے بطور صیغہ عربی بنا لیا ہے جیسے مطیب وغیرہ -
مَزِیَّت - ع - افزونی - زیادتی فضیلت اسکی جمع مزایا آتی ہے -
مَزیج - ع - یاے مجہول سے - امالہ مزاج بمعنی طبیعت کا -
مَزید - ع - مصدر میمی ہے بمعنی زیادتی وافزونی - اور اسم مفعول بھی ہے بمعنی زیادہ کیا گیا -
مُزَیِّن - ف - بمعنی چُوسنا -
مُزیر - ع - تخت - سخت دل -
مُزیل - ع - دور کرنے والا کسی چیز کے نشانوں نکالنیوالا -
مُزَیَّن - ع - زینت دیا گیا آراستہ -
مُزَیِّن - ع - آراستہ کرنیوالا

فصل میم مع زاے فارسی

مُژدک - ف - نام ایک شخص کا جو زرتشتیان پادشاہ کے باپ کے وقت مین تھا - یہ شخص بڑا فصیح و بلیغ اور عقلمند تھا - اس نے اک نیا مذہب اختراع کیا تھا جسمین بہت سی حرام باتونکو حلال کیا تھا جب نوشیروان بادشاہ ہوا تب اُسنے مژدک کو مع اُسکے تمام رفیقون کے قتل کیا -
مژدگانی - ف - وہ نقد یا جنس جو خوشخبری پہونچانے والے کو دین -
مُژدہ - ف - خبر خوش - بشارت -
مژگان - ف - جمع مژہ کی آنکھون کی پلکین کبھی اسکا استعمال مفرد پر بھی ہوتا ہے اگرچہ اصل مین یہ لفظ زاء فارسی کے فتحہ سے ہے مگر بیشتر بہ سکون مستعمل ہے - مسیح کاشی ؎ چشمت بہ دامن مژگان برکباب دل ؎ آتش نہ زد کہ بال سمندر شکستہ است -
مژہ - ف - آنکھ کی پلک -

فصل میم مع سین مہملہ

مَس - ع - چھونا - ہاتھ سے ملنا - اور عورت سے جماع کرنا -
مِس - ف - نانبا -
مَساء - ع - شام - وقت شام -
مُسابَقت - ع - باہم سبقت لیجانا -
مَساجِد - ع - جمع مسجد کی -
مَسّاح - ع - بڑا پیمایش کرنیوالا زمین کا
مِساحَت - ع - پیمایش کرنا زمین کا -
پیمایش - اور بفتح میم غلط ہے -
مُسارَعَت - ع - باہم شتابی اور جلدی کرنا -
مُسارَقَت - ع - باہم چوری کرنا -
مَساس - ع - ہاتھ سے ملنا - جماع کرنا
ہاتھ پھیرنا -
مُساعِد - ع - یاری دینے والا - مددگار

مُسَاعَدَت -ع- یاری کرنا- مدد کرنا-
مَسَاعِی -ع- کوششین- جلدیان-
مَسَاغ -ع- جگہ روانی کسی چیز کی جگہ روان ہونے کی-
مَسَافَات -ع- جمع مسافت کی- دوریان بیابانون کی-
مَسَافَت -ع- دوری بیابان کی- فاصلہ منزلون کا-
مُسَافِر -ع- سفر کرنے والا-
مُسَافَرَت -ع- سفر کرنا-
مَسَاق -ع- جگہ ہنکانیکی-
مَسَاکِن -ع- جمع ہے مسکن کی معنی اسکے مکانات-
مَسَاکِین -ع- جمع ہے مسکین کی- غریب ومحتاج ومفلس لوگ-
مَسَال -ع- لوہے کے بڑے سوے ٹاٹ وغیرہ سینے کے- یہ جمع مسلہ کی ہے
مَسَالِک -ع- جمع مسلک کی- رستے راہین-
مَسَالَت -ع- پوچھنا- درخواست کرنا سوال کرنا-
مُسَالَمَت -ع- باہم صلح اور آشتی کرنا صلح- دوستی-
مَسَام -ع- جمع مسم کی بہت باریک اور چھوٹے سوراخ جو تمام جلد انسان وغیرہ مین ہر رونگٹے اور بال کے نیچے ہوتے ہین جنسے پسینہ نکلتا ہے- فارسی مین بغیر تشدید میم کے مستعمل ہے-
مَسَامَات -ع- بدن کے سوراخ بہت چھوٹے چھوٹے جنسے پسینہ نکلا کرتا ہے یہ جمع فارسی مین مستعمل ہے-
مُسَامِح -ع- صلح کرنے والا- کسی کام مین کسی کے ساتھ آسانی کرنے والا-
مُسَامَحَت -ع- چشم پوشی کرنا- جوانمردی کرنا- طرح دینا- آسان کرنا کام کا کسی پر نرمی کرنا- صلح کرنا- کسی چیز کو آسان اور سہل جانکر اُسکی طرف توجہ نہ کرنا-
مُسَامَرَت -ع- قصہ کہنا- کہانی کہنا-
مَسَامِع -ع- جمع مسمع کی ہے جسکے معنی گوش لینے کان کے ہین-
مُسَاوَات -ع- برابری کرنا- برابری-
مُسَاوَمَت -ع- چیز کے بیچنے مین خریدار کے ساتھ دیر کرنا واسطے گران بیچنے کے-
مُسَاوِی -ع- بمعنی برابر-
مَسَاوِی -ع- جمع سَیِّئَہ کی ہے جو بمعنی بدی اور گناہ کے ہے-
مُسَاوِیُ الْاَضْلَاع -ع- وہ چیز نکونہ یا چوگوشہ وغیرہ جسکے سب گوشے برابر ہون
مُسَاہَرَت -ع- بیداری- کسکے ساتھ جاگنا
مُسَاہَلَت -ع- آسان معلوم کرنا- سہل جاننا- مجازاً بمعنی سستی کرنے کے بھی مستعمل ہے-
مُسَاہِم -ع- شریک حصہ دار-
مُسَاہَمَت -ع- شرکت- ساجھا-
مُسَایَرَت -ع- برابری کرنا-
مَسَائِل -ع- جمع ہے مسئلہ کی- وہ باتین جو پوچھی جائین-
مُسَبِّح -ع- تسبیح کرنیوالا- خدا کو پاکی کے ساتھ یاد کرنیوالا-
مُسَبِّحَہ -ع- انگشت شہادت-
مُعَرِّج گِرانِ فلک۔ ف۔ مراد قضا اور قدر سے جو کارخانہ دار آسمانون کے ہین اور مراد عقول عشرہ سے بھی اور وہ دس فرشتے مقرب ہین کہ حکما کے اعتقاد مین آسمانون کو اُنھین نے بنایا ہے۔
مَعْرِض۔ع۔ جگہ ظاہر ہونے کسی چیز کی۔ جاے عرض۔
مُعْرِض۔ع۔ روگردانی کرنے والا۔ مُنھ پھیرنے والا۔
مُعَرِّف۔ تعریف کرنے والا۔ پہچنوانے والا۔ حد بتلانے والا۔ اور کنایہ چوبدار سے بھی۔
مَعْرُوف۔ع۔ پہچانا گیا۔ تعریف کیا گیا۔
مَعْرِفَت۔ع۔ شناخت۔ پہچان۔ پہچاننا۔
مُعَرِّق۔ع۔ پسینہ لانے والی شے۔
مَعْرَکہ۔ع۔ میدان جنگ۔ لڑائی کی جگہ۔ یہ صیغہ اسم ظرف کا ہے۔
مَعْرَکہ گِیر۔ف۔ کشتی گیر۔ اور دوسرے اہل بازی جو بازار مین تماشا کرکے لوگون کو اپنے پاس جمع کرلین۔
مُعْرُوری۔ع۔ ننگی پیٹھ کے گھوڑے کا سوار۔
مَعْرُوض۔ع۔ عرض کیا گیا۔ پیش کیا گیا۔
مَعْرُوف۔ع۔ پہچانا ہوا۔ مشہور۔ اور بمعنی نیکی کے بھی۔ نام ایک ولی کا۔ اور علم صرف کی اصطلاح مین وہ فعل جو فاعل کی طرف نسبت رکھتا ہو۔ اور مجہول وہ فعل جو نسبت طرف مفعول کے رکھتا ہو۔
مَعْرُوف کَرْخِی۔ع۔ نام ایک ولی کا جو بڑے خدا ترس تھے یہ قصبہ کرخ مین رہتے تھے جو قریب بغداد کے ہے۔
مَعْز۔ع۔ بکری۔ بکرا۔ ایک ہو یا بہت
مُعَزَّز۔ع۔ عزت کیا گیا۔ عزت دیا گیا۔
مُعِزّ۔ع۔ عزت دینے والا۔ نام خدا کا۔
مُعَزِّی۔ع۔ سوگوار۔ ماتم زدہ۔
مُعَزَّز۔ع۔ عزت کیا گیا۔ عزت دار۔
مُعَزِّم۔ع۔ عزیمت خوان۔ افسون گر

منتر پڑھنے والا۔
مُعَزِّم ع۔ افسون زدہ۔ وہ شخص جسپر منتر کیا گیا ہو۔
مُعَزُول ع۔ بیکار کیا گیا۔ بیکار۔
مُعَزِّی ع۔ ماتم پرسی کرنے والا۔
مُعِزِّی ع۔ منسوب طرف مُعِزّ کے جو نام حق تعالےٰ کا ہے اور نام ایک بادشاہ جلیل القدر کا بھی ہے۔ اور مُعِزّی تخلص ایک شاعر کا بھی ہے شعرائے متقدمین ایران سے۔
مُعِزِّی ع۔ بروزن مرضی بمعنی منسوب
مُعِزِّی الیہ ع۔ بمعنی منسوب الیہ۔ اور اس معنی میں مُعَزّالیہ غلط ہے۔
مُعْسِر ع۔ مفلس۔ غریب۔ محتاج
مُعَسکَر ع۔ مشکل۔ دشوار۔
مُعَسکَر ع۔ جگہ اُترنے لشکر کی۔ لشکر گاہ چھاؤنی فوج کی۔
مُعَشار ع۔ دہ یکی لینا۔
مُعَشَّر۔ اقارب۔ رشتہ دار لوگ دوستوں اور عزیز و نگاگردہ۔
مُعَشَّر ع۔ وہ چیز جسکے دس گوشے ہوں
مُعَشُوش ع۔ اکٹھا کیا گیا۔ جمع اور یکجا کیا گیا۔ وہ پیراہن جس میں بہت سے پیوند لگے ہوں۔
مَعْشُوق۔ وہ عشق کیا گیا یعنے وہ شخص جسپر کوئی دوسرا شخص عاشق ہو۔
مَعْشُوقَہ ع۔ وہ عورت جس پر کوئی مرد عاشق ہو مگر فارسی میں اس لفظ کا استعمال مذکر پر بھی ہوتا ہے۔ سلیم ؎ مفلس چو شدیم رو بادآوردیم۔ معشوقہ روزبنوائی ست خدا۔
مِعْصَر ع۔ ازار نچوڑنے کا۔
مِعْصَرَہ ع۔ تیلی کا کولھو۔
مَعْصَرَہ ع۔ جگہ کشید شراب کی۔ اور جگہ نچوڑنیکی۔
مُعْصَر ع۔ نچوڑا ہوا۔ عرق وغیرہ
مُعْصَرَہ ع۔ نچوڑی ہوئی شئے۔
مُعْصَفَر ع۔ وہ چیز جو کسنبھ کے رنگ میں رنگی ہوئی ہو۔
مُعْصَفَر ع۔ خاقانی اپنے سخن میں اس لفظ کو بمعنی گل کاجیرہ یعنی کسنبھ کے لایا ہے
مِعْصَم ع۔ کلائی جہاں عورتیں کنگن پہنتی ہیں۔
مَعْصُوم ع۔ بچایا گیا اور نگاہ رکھا گیا گناہ سے۔ بیگناہ۔
مَعْصِیَت ع۔ گناہ۔ نافرمانی۔
مُعْضِل ع۔ دشوار۔ مشکل کام۔
مُعْضِلات ع۔ دشواریاں۔ اور مشکلیں۔
مُعَطَّر ع۔ خوشبودار خوشبو کیا گیا۔
مُعَطِّش ع۔ پیاس لگانے والی چیز۔
مُعَطَّل ع۔ بیکار۔ خالی کام سے۔
مَعْطُوف ع۔ لپٹا ہوا۔ لپیٹا ہوا۔
مُعْطِی ع عطا اور بخشش کرنے والا۔
مُعَظَّم ع۔ بزرگ۔ بزرگی دیا گیا۔
مُعَظَّمات ع۔ بزرگ چیزیں۔
مَعْفُو ع۔ معاف کیا گیا۔
مُعَقِّب۔ پیچھے آنیوالا۔ کسی کام میں دیر کرنے والا۔
مَعْقِد۔ جگہ باندھنے کی۔ جگہ پیوند لگانیکی۔
مُعَقَّد۔ گرہ لگا ہوا۔ بہت بندھا ہوا
مُعَقَّل۔ وہ اونٹ جسکا ہاتھ اور پنڈلی رسّی سے بندھی ہو۔
مَعْقُود ع۔ گرہ لگا یا گیا۔ باندھا گیا۔
مَعْقُول ع۔ بندھا ہوا۔ پناہ لے گیا ہوا عقل میں لایا گیا۔ مناسب۔ اچھا پسندیدہ
مَعَک ع۔ ساتھ تیرے۔
مَعْکُوس ع۔ اُلٹا۔ اوندھا۔
مُعَلّٰی ع۔ بلند کیا گیا۔ برتر۔
مَعْلَی ع۔ مصدر میمی ہے بمعنی بلندی
مِعْلَاق ع۔ وہ چیز جسکے سہارے سے کوئی چیز لٹکائیں۔ کھونٹی خصوصاً وہ لوہے کی سلاخ جسپر قصاب گوشت لٹکائیں

مِعلَف - ء - وہ چیز جس سے گھوڑے کے لیے گھاس بھیلی جائے - کھریا -
مَعلَف - ء - جگہ گھاس کھانے گھوڑوں کی
مُعلَق - ء - ٹنگا ہوا -
مُعلَقات - ء - لٹکی ہوئی چیزین -
مُعلَق زن - ف - کلا کرنیوالا - بازی کرنیوالا - نٹ - ناچنے والا -
مُعلَق زَدَن - ف - کلا کرنا - بازی
مُعلَق کَشیدن - ف - کلا کرنا - اوندھا ہوکے جلدی سے سیدھا ہوجانا جسطرح کبوتر اڑتے ہین اور نٹ کلا کرتے ہین -
مُعلَم - ء - نقاشی کیا گیا - نقشدار -
مُعلِم - ء - سکھانیوالا - اُستاد - اور کشتی کے ملاح اور جہاز کے ناخدا کو بھی مُعلِم کہتے ہین اسلیے کہ وہ اس فن کا ماہر ہے -
مُعلَّم - ء - سکھایا گیا - تعلیم دیا گیا - ادب سکھایا گیا - اور اکثر استعمال بکاجیوانات مین ہوتا ہے جیسے سگ مُعلَّم - طوطی مُعلَّم وغیرہ -
مِعلَم - ء - علامت - نشانی -
مُعلِّم اوّل - ء - کنایہ ارسطو حکیم سے اسلیے کہ پہلے پہل اسی نے علم حکمت کو کتاب مین لکھکر شاگردون کو پڑھایا ہے اور قبل اسکے حکما شاگردونکو زبانی تعلیم دیتے تھے -
مُعلِّم ثانی - ء - ابُونصر فارابی اسلیے کہ کتب حکمت کو جو حکماے سابق نے یونانی زبان مین لکھا تھا اسنے عربی زبان مین اُنکا ترجمہ کرکے شاگردون کو پڑھایا -
مُعلِّم ثالث - ء - بُوعلی سینا -
مُعلِّم المَلائک - ء - لقب شیطان کا
مَعلُول - ء - علت کیا گیا - وہ چیز جسکو اور دوسرے ضروری سببون اُسکے سے ثابت کیا ہو - وہ شے جسکا کوئی سبب اور باعث ہو - اور بمعنی بیمار غلط ہے اسلیے کہ علت جو بمعنی مرض کے ہے صیغہ صفت کا علیل آتا ہے نہ معلول لیکن باوجود اس امر کے بعض ثقات کے کلام مین واقع ہوا ہے -
مَعلُوم - ء - علم کیا گیا - جانا گیا - اور کنایہ مال وزر اور روپیہ واشرفی سے بھی اسلیے کہ زر اسقدر مشہور ہے جسکے نام لینے کی ضرورت نہین ہے جسطرح لفظ یقین کا بمعنی موت کے مستعمل ہے -
مُعَمّا - ء - پوشیدہ چیز - چھپی ہوئی شے - تابینا یعنی اندھا کیا گیا - اور اصطلاحًا بمعنی چیستان پہیلی -
مِعمار - ء - عمارت بنانیوالا - تعمیر کرنیوالا - راج مستری - تعویذی -
مُعَمَّر - ء - آباد کیا ہوا - کہن سال - بوڑھا سن رسیدہ -
مُعَمّعان - ء - موسم گرمی کی شدت -
مُعَمَّم - ء - وہ شخص جو سر پر عمامہ اور پگڑی باندھے -
مَعمُور - ء - آباد - بھرا ہوا - پُر -
مَعمُورَہ - ء - بستی - شہر -
مَعمُورِی - ء - منسوب طرف معمور کے کنایہ آبادی سے -
مَعمُول - ء - عمل کیا گیا - وہ بات جو روز کیجاے -
مَعن - ء - نام ایک شخص کا عرب مین جو نہایت سخی اور بلند ہمت تھا -
مُعَنبَر - ء - وہ چیز جسمین عنبر ملایا گیا ہو - خوشبودار - اور کنایہ سیاہ رنگ سے -
مُعَنبَر دام - ف - کنایہ معشوق کے سر کے بالون اور زلف سے -
مُعَنبَر سا بان - ف - کنایہ معشوق کی بھوونسے -
مُعَنوَن - ء - عنوان کیا گیا - یعنی دیباچہ کیا گیا -
مَعنَوِی - ء - منسوب مَعنی سے - باطنی -
مَعنًی - ء - قصد کیا گیا - جگہ قصد کی - جگہ مطلب جاہنے کی - مطلب - مراد - مضمون - اسکے آخر مین الف مقصورہ ہے مگر فارسی مین یاے معروف سے بروزن مرضی مستعمل ہے -
مَعنی بیگانہ - ف - نیا مضمون جس کو

پہلے کسی نے نہ باندھا ہو۔
مُعَوَّج ۔ء۔ کج۔ خم۔ ٹیڑھا۔
مُعَوَّضَت ۔ء۔ وہ شے جو کسی شے کے بدلے اور عوض میں دیجاوے۔
مُعَوَّق ۔ء۔ باز رکھا گیا۔ قید میں رکھا گیا۔ مجازاً بمعنے مشکل اور دشوار کے مستعمل ہے۔
مُعَوَّل ۔ء۔ } اعتماد کیا گیا۔
مُعَوِّل ۔ء۔ }
مَعْوَل ۔ء۔ جگہ اعتماد کی۔ جگہ بھروسے کی۔ جگہ مدد چاہنے کی۔
مِعْوَل ۔ء۔ پتھر کاٹنے کا بسولہ۔
مَعُونَت ۔ء۔ مدد کرنا۔ مدد۔ یاری۔
مَعْهُذَا ۔ء۔ ساتھ اس بات کے باوجود اس بات کے۔
مَعْهُود ۔ء۔ پرانا۔ قدیم۔ کہنہ۔ عہد کیا گیا۔ پیمان کیا گیا۔
مِعْیَار ۔ء۔ کسوٹی جس پر سونے کا اچھا برا معلوم ہوتا ہے۔ کانٹا چاندی اور سونا تولنے کا۔
مُعِیب ۔ء۔ عیب کرنیوالا۔ عیب دار۔
مَعِیَّت ۔ء۔ ہمراہی پن۔ ساتھ پن۔ اور کبھی اس لفظ سے اشارہ ہوتا ہے طرف اس آیہ کے۔ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ۔
مُعِید ۔ء۔ اعادہ کرنے والا۔ کسی کام کا بار بار کرنے والا۔
مُعِیر ۔ء۔ کسی کو کوئی چیز عاریت یعنی مانگے دینے والا۔
مَعِیش ۔ء۔ } زندگانی۔ زندگی۔
مَعِیشَت ۔ء۔ } زندگی کرنا۔ وہ چیز جس سے زندگی کریں۔ سبب زندگی۔
مُعِیل ۔ء۔ عیال دار آدمی۔ وہ شخص جسکے لڑکے بالے اور متعلق بہت ہوں۔
مُعِین ۔ء۔ مدد کرنے والا۔
مَعِین ۔ء۔ جاری رواں۔ وہ پانی جو جاری ہو۔
مُعَیَّن ۔ء۔ مقرر کیا گیا۔ خاص کیا گیا۔
مَعْیُوب ۔ء۔ عیب کیا گیا۔ عیب دار۔

فصل میم مع غین معجمہ

مَغ ۔ف۔ گمراہ۔
مُغ ۔ف۔ آتش پرست۔
مَغَابِن ۔ء۔ ران کی جڑیں۔ چڈھے۔
مُغَاث ۔ء۔ نام ایک دوا کا جو ایک جنگلی درخت کی چھال ہے۔
مُغَادَرَت ۔ء۔ آپسمیں ایک دوسرے کے ساتھ بیوفائی کرنا۔ چھوڑ دینا۔ کسی چیز کو ترک کر دینا۔
مَغَار ۔ء۔ وہ غار جو پہاڑ میں ہو۔
مَغَارَہ ۔ء۔ پہاڑ کی کھو۔ وہ غار جو پہاڑ میں ہو۔ اور جگہ غارت کرنے اور لوٹنے کی اسلیے کہ اسم ظرف غارت سے بھی درست ہو سکتا ہے۔
مُغَازَلَت ۔ء۔ محبوب کے ساتھ بازی کرنا۔ آپسمیں غزل کہنا۔
مُغَاضَبَت ۔ء۔ کسی پر غصہ کرنا۔
مُغَاک ۔ف۔ گڑھا۔ یہ لفظ مرکب ہے مغ بمعنی گہرائی اور اک سے جو کلمہ نسبت کا ہے۔
مُغَالَبَت ۔ء۔ کسی پر غلبہ ڈھونڈھنا۔
مُغَالَطَہ ۔ء۔ غلطی میں کسی کو ڈالنا۔
مُغَان ۔ف۔ جمع ہے مُغ کی آتش پرست لوگ۔ اور نام ایک شہر کا ہے آذربائجان میں سے۔
مُغَانَہ ۔ف۔ آتش پرستوں کی طرح۔
مُغَایَرَت ۔ء۔ باہم غیر ہونا۔ مخالفت۔
مُغَبَّر ۔ء۔ غبار آلودہ۔ تیرہ رنگ۔
مَغْبُوطَہ ۔ء۔ } محسود۔ حسد کیا گیا۔
مَغْبُوطَہ ۔ء۔ } رشک کیا گیا۔
مَغْبُون ۔ء۔ وہ شخص جو نقصان پہونچا ہو۔ زیان پہونچا ہوا۔
مُغْتَبَط ۔ء۔ محسود۔ حسد کیا گیا۔
مُغْتَذِی ۔ء۔ غذا پانیوالا۔
مُغْتَنَم ۔ء۔ غنیمت معلوم کیا ہوا۔ غنیمت کیا گیا۔
مُغْرَا ۔ء۔ تعجب کیا گیا۔ تعجب انگیز

سرکیش سے چکا یا گیا۔
مَغرِب ۔ء۔ جگہ چھپنے سورج کی پچھم
مَغرِب ۔ء۔ دور جانے والا۔ غائب ہونے والا۔
مَغرِبی ۔ف۔ کنایہ اشرفی سے۔
مَغرَس ۔ء۔ جگہ بٹھانے درخت کی۔ تھالا۔
مَغرَف ۔ء۔ چلو مین پانی لینے والا۔
مِغرَفہ ۔ء۔ ڈوئی۔ کفگیر۔ کفچہ۔
مَغرَق ۔ء۔ مرادی معنی چلو۔ جگہ گا۔
مَغرُور ۔ء۔ جسکو غرور ہو۔ گھمنڈی۔
مَغرُوق ۔ء۔ ڈوبا ہوا۔ غرق کیا گیا۔
مَغرَہ ۔ء۔ ایک مٹی ہے سرخ رنگ جسکو ہندی مین گیرو کہتے ہین۔
مُغرِی ۔ چپکنے والا۔ لسدار۔ کسی کو جنگ پر اُبھارنے والا۔
مَغز ۔ء۔ گودا۔ دماغ۔ بھیجا۔
مَغز پالُودَہ ۔ف۔ مغز ضعیف۔
مَغز تَرکَردَن ۔ف۔ بات کرنا۔
مَغز وَر سَر کردن ۔ف۔ چپ ہونا۔
مَغز سخن شُستن ۔ف۔ بات کرنے کی بے انتظامی غصہ اور غضب کے وقت۔
مِغزَل ۔ء۔ چرخہ کا تکلا۔
مَغزی ۔ف۔ ایک قسم حلوا کی ہے جسمین مغز بادام وپستہ پڑتا ہے۔
مُغسِل ۔ء۔ غسل دینے والا۔
مُغسَل ۔ء۔ غسل دیا گیا۔
مَغسِل ۔ء۔ جگہ غسل کی۔ جگہ نہلانے مردہ کی۔
مَغسُول ۔ء۔ دھویا ہوا۔ غسل دیا گیا۔ نہلایا گیا۔ اور وہ کلام سہل اور ذلیل و حقیر جو عمدگی سے خالی ہو۔
مَغشُوش ۔ء۔ خیانت کیا گیا۔ کھوٹ ملایا ہوا۔ غیر خالص۔
مَغشِی ۔ء۔ جسپر غشی آگئی ہو۔ بیہوش۔
مَغَص ۔ء۔ مڑوڑا پیچش شکم کی انتڑی اور پیٹ کا درد۔
مُغضِب ۔ء۔ غصہ والا۔ غصہ اور غضب دلانیوالا۔
مَغضُوب ۔ء۔ وہ شخص جسپر غصہ کیا گیا ہو غضب کیا گیا۔
مِغفَر ۔ء۔ لوہے کا خود۔
مَغفِرَت ۔ء۔ بخشش۔ گناہ بخشنا۔
مَغفُور ۔ء۔ بخشا گیا۔ مغفرت کیا گیا۔
مُغل ت ۔ نام ایک فرقہ کا ہے جو اعلیٰ قوم ترکستان کی ہے۔ اور بمعنی شریر اور سادہ دل کے بھی آیا ہے۔
مِغلاق ۔ء۔ قفل۔ زنجیر دروازہ کی۔
مَغاطہ ۔ء۔ وہ مقام جہان لوگ شبہہ اور غلطی مین پڑین۔
مُغلَظہ ۔ء۔ موٹا۔ دلدار۔ سخت مضبوط اور استوار کیا گیا۔
مُغلَق ۔ء۔ } بند دروازہ۔ اور مشکل
مُغلَقہ ۔ء۔ } کلام جسکے معنی کا سمجھنا آسان نہو۔
مَغلُوب ۔ء۔ عاجز۔ غلبہ کیا گیا۔
مَغلُوق ۔ء۔ دروازہ بند کیا ہوا۔
مِغلُول ۔ء۔ لوہے کا طوق گردن مین ڈالا ہوا۔ عذاب کا طوق ڈالا گیا۔
مُغمَد ۔ء۔ پوشیدہ کیا گیا۔ چھپایا ہوا۔ تلوار غلاف مین کی ہوئی۔
مُغمِز ۔ء۔ آنکھ اور بھون سے اشارہ کرنیوالا۔ چلتور۔ لُتّرا۔
مَغمُور ۔ء۔ ڈوبا ہوا۔ غرق شدہ۔
مَغمُوز ۔ء۔ معیوب۔ عیب دار۔
مَغمُوم ۔ء۔ غمگین۔ رنجیدہ۔
مُغَنّی ۔ء۔ گانے والا۔ گویا۔ ڈوم۔
مُغَنّیَہ ۔ء۔ گانے والی۔ ڈومنی۔
مُغنِی ۔ء۔ بے پروا کرنیوالا۔ بے نیاز کرنے والا۔
مُغیب ۔ء۔ غائب ہونا۔ غائب غائب شدہ۔
مُغَیَّب ۔ء۔ غائب کیا گیا۔
مُغیث ۔ء۔ فریادرس۔ وہ شخص جو کسی کی فریاد کو پہونچے۔
مُغیر ۔ء۔ غارت کرنے والا۔ شتاب

اور جلدی کرنیوالا۔ لوٹنے والا۔

مُغیل ۔ع۔ ببول کا درخت۔

مغیلان ۔ع۔ ببول کا درخت۔ کیکر۔ یہ لفظ مفرد ہے اسکی اصل ام غیلان تھی ام بمعنی مادر اور غیلان جمع غول کی چونکہ یہ درخت جنگل مین ہوتا ہے اور وہان کثر دیو رہتے ہین اس مناسبت سے ام غیلان نام ہوا یعنے مادر دیوان کثرت استعمال سے الف کو حذف کرکے مغیلان کہنے لگے۔

فصل میم مع فا

مفاتیح ۔ع۔ جمع مفتح بمعنی کنجی کی۔ اور جمع مفتح بمعنی خزانہ کی۔

مفاتیح ۔ع۔ جمع مفتاح کی۔ کُنجیان۔

مفاجا ۔ع مخفف مفاجات کا بمعنی ناگاہ کے ہے۔

مفاجات ۔ع۔ اچانک ہونا۔ دفعتہ ہوجانا۔ ناگاہ ہونا۔

مفاخرت ۔ع۔ بزرگی اور ہنر مین کسی کے ساتھ فخر اور ناز کرنا۔

مفاخر ۔ع۔ فخر کرنیوالا۔

مفاخرہ ۔ع۔ فخر کرنیوالی۔

مفارق ۔ع۔ فرق کرنے والا۔

مفارق ۔ع۔ جمع مفرق کی جو بمعنی تارک بیچ سر کے بالون کی مانگ کے ہے۔

مفارقت ۔ع۔ جدائی۔

مفارہ ۔ع۔ چوہے کے رہنے کا بل۔

مفاز ۔ع۔ پہونچنے کی جگہ۔

مفازہ ۔ع۔ جگہ رہائی یا نیکی۔ جگہ فتح و فیروزی کی۔ جگہ کامیابی کی۔ مجازاً بمعنی جنگل۔ بیابان۔

مفاسد ۔ع۔ بُرائیان۔ خرابیان۔

مفاصل ۔ع۔ جمع مفصل کی۔ ہاتھ اور پاؤن کے جوڑ اور بند۔ مقامات اور جگہین جدا ہونے کی۔

مفاصلہ ۔ع۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا۔ باہمی فرق۔

مفاوز ۔ع۔ جمع مفاز کی۔ پہونچنے کی جگہین۔ منازل۔ مقامات۔

مفاوضت ۔ع۔ صاد مہملہ سے آپسمین راز اور بھید کہنا۔ مشورہ کرنا نرمی سے بات بیان کرنا۔

مفاوضہ ۔ع۔ ایک دوسرے کو سونپنا اور سپرد کرنا۔ شرکت کرنا۔ کسی بات مین کسی کی برابری کرنا۔ اور اہل انشا کے محاورہ مین بمعنی خط اور مکتوب کے مستعمل ہے۔ مجازاً بمعنی جماع کے بھی۔

مفاوضات ۔ع۔ وہ مکتوب جو بڑے چھوٹون کو لکھین۔ اور مراسلات وہ مکتوب جو برابر والون کو لکھے جائین۔

مفت ۔ف۔ وہ چیز جو بے محنت ملے۔

مفتاح ۔ع۔ کلید۔ کنجی۔ اور نام ایک کتاب کا علم معانی مین سکاکی سے اسکی جمع مفاتیح آتی ہے۔

مفتتن ۔ع۔ فساد اُٹھایا گیا۔ فتنہ اور فساد مین ڈالا گیا۔

مفتح ۔ع۔ خزانہ۔ جگہ کھولنے کی۔ جگہ فتح کی۔

مفتح ۔ع۔ کلید۔ کنجی۔

مفتخر ۔ع۔ فخر کرنے والا۔ بڑائی اور شیخی کرنے والا۔

مفتخر ۔ع۔ فخر کیا گیا۔ بزرگ۔

مفترضات ۔ع۔ وہ چیزین جو فرض اور واجب کی گئی ہین۔

مفترع ۔ع۔ شاخ کیا گیا۔

مفترق ۔ع۔ علیحدہ اور فرق کرنیوالا۔

مفتری ۔ع۔ بہتان لگانے والا۔ کسی پر تہمت اُٹھانے والا۔ جھوٹ بات بنانے والا۔

مفتش ۔ع۔ ڈھونڈھنے والا۔

مفتقد ۔ع۔ گم کیا ہوا۔ کھویا ہوا۔ بازپرس کیا گیا۔

مفتقر ۔ع۔ محتاج۔ فقیر۔

مفتل ۔ع۔ بٹا ہوا۔ بل دیا ہوا۔ خواہ رسّی ہو خواہ ڈورا۔

مُفتنین - ع - فساد اٹھانے والے فتنہ انداز لوگ۔
مُفتوح - ع - کھولا گیا۔ فتح کیا گیا۔
مُفتول - ع - بٹا ہوا کئی تار آپس میں بٹے ہوئے - تار خواہ سوت کے ہوں خواہ ریشم یا کلابتون کے۔
مُفتون - ع - فتنہ و فساد میں ڈالا ہوا۔ شیفتہ مبتلا۔ عاشق۔
مُفتی - ع - فتوے دینے والا۔
مُفتیح - ع - کھاؤ اور خام رکھنے والا اور یہ منضج کا ضد ہے۔
مُفخّم - فخر کیا گیا - بہت بزرگ۔
مُفخّر - ع - مصدر میمی ہے - فخر کرنا اور ناز کرنا کسی چیز پر۔
مُفخّم - ع - بزرگ رکھا گیا - بہت عزت اور حرمت کیا گیا - بڑا بزرگ۔
مَفَر - ع - جگہ بھاگ جانے کی یعنے وہ جگہ جہاں آدمی کسی آفت سے بھاگ کر جائے اور وہاں آرام پاوے - اور وہ راہ جدھر سے بھاگ سکے اور یعنی مطلق بھاگنے کے بھی ہے۔
مَفَر - ع - جائے گریز - جگہ بھاگنے کی
مُفِر - ع - بھاگنے والا۔
مِفَر - ع - آلہ بھاگنے کا - وہ گھوڑا جو بہت تیز دوڑتا ہو۔

مُفرّاج - ع - بہت خوشی کرنے والا۔
مُفرِّج - ع - وہ مرغی جسکے پاس بچے چھوٹے چھوٹے ہوں۔
مُفرِّج - ع - شانہ - کنگھی۔
مُفرِّج - ع - غم کا دور کرنیوالا۔
مُفرِّح - ع - فرحت دینے والا - وہ دوا مرکب جو خوش مزہ اور خوشبو اور طاقت دینے والی دل و جگر کی ہو۔
مُفرَّح - ع - جائے خوشی۔
مُفرَد - ع - وہ جو مرکب نہو - تنہا - اور کبھی فارسی کی اصطلاح میں بمعنی بندہ فرمانبردار کے بھی آتا ہے۔
مُفردات - ع - جمع مفرد بمعنی تنہا کی حرف تہجی جو الگ الگ لکھے جاتے ہیں گنتی ایک سے دس تک۔
مُفرد سوار - ف - شہسوار۔
مُفردہ - ع - تنہا - اکیلا۔
مُفرِّز - ع - جدا کرنے والا۔
مُفرَّز - ع - جدا کیا گیا۔
مُفرَش - ع - وہ چیز جسمیں کپڑے رکھیں صندوق وغیرہ - بستر - فرش جامہ خواب رات کے کپڑے۔
مُفرِط - ع - حد سے زیادہ گذرنے والا زیادہ ہونے والا - مجازاً کثیر - زیادہ۔
مُفرِغ - ع - جگہ گرنے پانی کی۔

مَفرَغہ - ع - جگہ گرانے پانی کی۔
مُفرِق - ع - پراگندہ اور پریشان کر دینے والا۔
مَفرِق - ع - سر کے بالون کے دو حصہ کرنے سے جو لکیر پڑ جاتی ہے ہندی میں اسکو مانگ کہتے ہیں۔
مُفرُوز - ع - جدا کیا گیا۔
مَفرُوس - ع - بچھایا گیا - بچھونا۔
مُفرُوض - ع - فرض اور واجب کیا گیا۔
مَفرُوغ - ع - گرایا گیا۔
مُفرُوق - ع - فرق کیا گیا۔
مُفزَع - ع - پناہ کی جگہ۔
مُفزَّع - ع - بد دل - ڈرپوک۔
مُفسِد - ع - فساد کرنے والا۔
مُفسَدہ - ع - فساد - دنگا - بگاڑ۔
مُفسِّر - ع - معنی بیان کرنے والا تفسیر کرنے والا۔
مُفسُوخ - ع - فسخ کیا گیا - اگلی صورت بگاڑی گئی - قول و قرار توڑا گیا۔
مُفشُوش - ع - سست عقل - بیہودہ جھوٹا۔
مَفصَد - ع - جگہ فصد کرنے کی خون نکالنے کی جگہ۔
مَفصَل - ع - بدنکا جوڑ - پیوندگاہ۔
مُفصَّل - ع - تفصیل کیا گیا - کھول کر

بیان کیا گیا۔ جُدا کیا گیا۔
مِفصَل ۔ء۔ کنایہ زبان سے۔
مِفضَال ۔ء۔ بڑا احسان کرنیوالا۔ بڑا فضل وبخشش کرنے والا۔
مُفضِح ۔ء۔ رسوا کرنے والا۔
مُفضَّل ۔ء۔ افزون اور زیادہ کیا گیا فوقیت اور برتری دیا گیا۔
مُفضِّل ۔ء۔ زیادتی دینے والا۔ فوقیت اور برتری دینے والا۔
مُفضِل ۔ء۔ نیکی کرنے والا۔ اور افزون کرنے والا۔
مَفضُول ۔ء۔ زیادتی دیا گیا۔ اور فضیلت دیا گیا۔
مُفضِی ۔ء۔ پہونچانے والا۔ مباشرت کرنیوالا۔ جماع کرنے والا۔
مُفطِر ۔ء۔ روزہ کھولنے والا۔
مُفہِم ۔ء۔ سمجھانے والا۔ فہمایش کرنیوالا۔
مَفطُور ۔ء۔ پیدا کیا گیا۔ چرا اور پھاڑا گیا۔ شگافتہ شدہ۔
مَفعُول ۔ء۔ فعل کیا گیا۔
مُفتَقِر ۔ء۔ محتاج کرنے والا۔ فقیر اور مفلس کرنے والا۔
مَفقُود ۔ء۔ گم کیا ہوا۔ کھویا ہوا۔
مُفکِّر ۔ء۔ فکر کرنے والا۔
مَفلُوک ۔ء۔ جدا کیا گیا۔ چھڑایا گیا۔
مُفلِس ۔ء۔ جسکے پاس پیسہ نہو۔ محتاج۔ غریب۔
مَفلُوج ۔ء۔ فالج زدہ۔ وہ شخص جسکو فالج کی بیماری ہو۔
مَفلُوک ۔ء۔ فلک زدہ مفلس تباہ۔ تباہ حال۔ یہ صیغہ اسم مفعول کا مصدر جعلی سے ہے۔
مُفَوِّض ۔ء۔ کسیکو کام سپرد کرنے والا۔
مَفوُض ۔ء۔ کام کسی کو سپرد کیا ہوا۔
مَفہُوم ۔ء۔ سمجھا گیا۔
مُفِید ۔ء۔ فائدہ دینے والا۔
مُفِیض ۔ء۔ فیض پہونچانیوالا۔
مُفِیق ۔ء۔ ہوش میں لانیوالا۔ ہشیار ہوش والا۔

فصل میم مع قاف

مَقابِر ۔ء۔ جمع مقبرہ کی۔ مردوں کی قبروں کی جگہیں۔
مَقابِح ۔ء۔ برائیاں۔ خرابیاں۔
مُقابِل ۔ء۔ سامنے والا۔
مُقابَلہ ۔ء۔ آپسمیں برابری کرنا آپس میں روبرو ہونا۔ آمنا۔ سامنا۔
مَقابِح ۔ء۔ برائیاں۔ قباحتیں۔
مُقاتِل ۔ء۔ باہم لڑکر قتل کرنیوالا۔
مُقاتَل ۔ء۔ جنگ کیا گیا۔ قتل کیا گیا۔
مُقاتَلہ ۔ء۔ باہم قتل کرنا۔
مَقادِیر ۔ء۔ جمع مقدار کی۔ اندازے۔
مُقارَبَت ۔ء۔ نزدیکی۔ قرب۔ کسی شے سے نزدیک ہونا۔ کنایہ جماع سے بھی۔
مُقارَعَت ۔ء۔ باہم قرعہ ڈالنا۔ آپسمیں تلوار مارنا۔
مُقارَنَت ۔ء۔ باہم نزدیک ہونا۔ نزدیک کرنا۔ اکٹھا ہونا دو ستارہ یا ایک برج میں ایک درجہ اور ایک دقیقہ میں۔
مَقارِیض ۔ء۔ جمع مقراض یعنی قینچی کی۔
مُقاسَات ۔ء۔ رنج کھینچنا۔ دکھ اُٹھانا۔
مُقاسَمَت ۔ء۔ باہم تقسیم کرنا۔ آپسمیں بانٹ لینا۔ کسی سے قسم کھانا۔ کسی کو کوئی چیز دے ڈالنا۔
مَقاصِد ۔ء۔ جمع ہے مقصد کی۔ مطالب نام کتاب کا علم کلام میں۔
مُقاطِر ۔ء۔ پانی وغیرہ کا ٹپکانیوالا۔
مُقاطِع ۔ء۔ قطع کرنیوالا۔ کسی چیز کو اجارہ اور ٹھیکہ پر لینے والا۔
مَقاطِع ۔ء۔ جگہیں تمامی اور انتہا کی۔
مُقاطَعَت ۔ء۔ کاٹنا اور قطع کرنا۔
مَقاطِیع ۔ء۔ جمع ہے مقطع کی جگہیں قطع کرنے اور کاٹنے کی۔
مَقاعِد ۔ء۔ جمع ہے مقعد کی بیٹھنے کی جگہیں۔

مَقَالْ - ع - گفتگو - بات چیت - یہ مصدر میمی ہے -

مَقالَت - ع - مصدر میمی ہے بمعنی گفتگو -

مَقالَہ - ع - بات کہی ہوئی -

مَقالِید - ع - کلید ہا - کنجیان - یہ جمع ہے مقلید کی -

مَقام - ع - جگہ ٹھہرنے کی - جگہ قیام کی اور اصطلاح موسیقی مین پردہ سرود کا -

مُقام - ع - اقامت - ٹھہرنا - قیام -

مُقامات - ع - جمع مقام کی - اور کنایہ مراتب اور قواعد اور حکایات سے جیسے مقامات حریری وغیرہ -

مُقامِر - ع - حریف - جواری -

مُقامَرَت - ع - قمار بازی - جوا کھیلنا -

مَقامِ مَحمُود - ع - نیکیون کا اعلیٰ درجہ - نام ایک مقام کا جہان پر آنحضرت صلعم معراج کی رات کو پہونچے تھے -

مُقادِم - ع - برابری کرنے والا -

مُقاوَمَت - ع - کسی کیساتھ برابری کرنا

مَقابِیر - ع - جمع مقبور کی - قبر کیے گئے لوگ - غضب کیے گئے لوگ -

مُقایَسَہ - ع - قیاس اور اندازہ کرنا -

مَقبَرَہ - ع - گور مردہ کی - جگہ قبر کی -

مِقبَض - ع - وہ رسی جس سے ہاتھ پاؤن چوپائے کے باندھ دین بروقت دودھ دوہنے کے تاکہ وہ شوخی نہ کرے

مُقبِض - ع - قبضہ دستہ کسی چیز کا -

مُقبِل - خدا کا حکم قبول کرنے والا - کسی چیز کیطرف منھ کرنے والا - سامنے ہونے والا - روبرو ہونے والا صاحب اقبال دولت والا -

مُقبَل - ع - قبول کیا گیا - روبرو کیا گیا - عزت دار - منھ چڑھا جس کی بات حاکم مانے -

مَقبُور - ع - نیکی سے دور رکھا گیا - زشت - بد - برا -

مَقبُوض - ع - قبضہ کیا گیا - قبضہ مین لیا گیا - پکڑا گیا -

مَقبُول - ع - قبول کیا گیا - مانا گیا -

مَقت - ع - دشمنی -

مُقتَبِس - ع - روشنی لینے والا - آگ لینے والا -

مُقتَحِم - ع - غالب - ظالم -

مُقتَدا - ع - } وہ شخص جس کی اور
مُقتَدی - ع - } لوگ پیروی کرین پیشوا - دینی سردار -

مُقتَدِر - ع - قدرت رکھنے والا - طاقتور - زورآور -

مُقتَدی - ع - پیروی کرنے والا پیرو -

مُقتَر - ع - فقیر مفلس - محتاج -

مُقتَصِد - بیچ کی چال چلنے والا حد اوسط نگاہ رکھنے والا -

مُقتَصِر - ع - تھوڑے پر صبر کرنے والا - مختصر کرنیوالا -

مُقتَضا - ع - } چاہا گیا - خواہش کیا گیا
مُقتَضیٰ - ع - } مجازاً - مراد مطلب -

مُقتَضَب - ع - قطع کیا گیا - کاٹا گیا - نام ایک بحر کا شعر مین -

مُقتَضی - ع - خواہش کرنے والا اور چاہنے والا -

مُقتَفی - ع - پیچھے سے آنے والا - پیرو -

مَقتَل - ع - وہ زمین جہان پر کوئی قتل کیا گیا ہو - جگہ قتل کرنے کی - وہ مقام جہانپر زخم لگنے سے آدمی مرجائے -

مُقتَنِص - ع - شکار کرنیوالا - قید اور اسیر کرنیوالا - کسب کرنے والا -

مُقتَنی - ع - سرمایہ دار - پونجی والا - سرمایہ دینے والا -

مُقتَنَیات - ع - دنیا کے اسباب سرمایہ کی سوئی چیزین - اسباب دنیوی -

مَقتُول - ع - قتل کیا گیا -

مِقدار - ع - اندازہ -

مِقدام - ع - بہادر - شجاع - دلاور جو میدان جنگ مین سب سے آگے بڑھکر لڑے -

مُقدِّر ۔ء۔ تقدیر اور اندازہ کرنیوالا۔

مُقدَّر ۔ء۔ تقدیر اور اندازہ کیا گیا۔ وہ چیز جسپر قدرت اور توانائی ہو۔

مَقدِرَت ۔ء۔ قدرت ۔ توانائی ۔ طاقت دولتمندی ۔ تونگر ہونا۔

مُقدَّس ۔ء۔ پاک مرد۔ پاک چیز۔

مُقدَّسہ ۔ء۔ پاک عورت۔

مُقدِّم ۔ء۔ پیش کرنے والا۔

مُقدَّم ۔ء۔ پیش کیا گیا۔ چودھری ۔ اور منطق کی اصطلاح مین قضیہ شرطیہ کے جزو اول کو مقدم کہتے ہین۔ اور جزو ثانی کو تالی۔ نام چھبیسوین منزل کا چاند کی منزلونسے۔

مَقدَم ۔ء۔ سفر سے یا کسی اور جگہ سے پھر کر آنا۔ جگہ قدم رکھنے کی۔ کسی شخص کے آنے کا وقت۔

مُقدِم ۔ء۔ آگے جانیوالا۔ دلیر۔ پیشقدمی کرنیوالا۔ آنکھ کا گوشہ یعنی کویا جو ناک کی طرف ہوتا ہے۔

مُقدَّم العَین ۔ء۔ آنکھ کا کویا جو ناک کی طرف ہوتا ہے۔

مُقدِّمَۃ الجَیش ۔ء۔ وہ تھوڑا سا لشکر جو ساری فوج سے آگے بھیجا جاوے اور اس لشکر کا یہ بھی کام ہے کہ جگہ اُترنے کی فوج کے لیے تلاش اور دیگر ضروری کی فکر کرے۔ اور وہ شخص جو نہایت بہادری سے لشکر کا ہراول ہو۔ اور سردار لشکر کا

مُقدِّمہ ۔ء۔ آگے جانیوالا۔ پیش کرنیوالا۔ کچھ عبارت جو مضمون کتاب کے شروع کرنے سے پہلے لکھی جاوے یا وہ مطلب جو پیشتر کہا جاوے واسطے آسانی سمجھنے مطلب دیگر کے۔

مُقدَّمہ ۔ء۔ پیش کیا گیا۔ مجازاً واردات کسی حال کی۔

مَقدُور ۔ء۔ قدرت کیا گیا۔ قوت طاقت ۔ زور۔

مُقذِع ۔ء۔ بیہودہ بات کہنے والا۔ گالیان بکنے والا۔

مَقذُور ۔ء۔ نجس ۔ پلید۔ وہ شخص جس سے لوگ پرہیز کرین۔

مَقَر ۔ء۔ جگہ اقرار کی۔ جگہ آرام کی۔

مُقِر ۔ء۔ اقرار کرنیوالا۔

مِقراص ۔ء۔ } کاٹنے کا اوزار
مِقراض ۔ء۔ } کترنی ۔ قینچی۔

مِقراض شتر گردن ۔ف۔ ایک قسم کی قینچی جو خمدار ہوتی ہے۔

مِقراضک ۔ء۔ کشتی کا ایک پیچ ہے کہ دونون پاؤن حریف کی گردن مین ڈالکر گرا دیتے ہین۔

مِقراض ہندی ۔ف۔ سروتا جس سے چھالیا کاٹتے ہین۔

مِقراضہ ۔ء۔ } نام ایک حلوے کا
مِقراضی ۔ء۔ }

مُقرَّب ۔ء۔ نزدیک کیا گیا۔ بزرگی کیا گیا مجازاً خاص دوست۔

مَقرَبہ ۔ء۔ خویشی۔ عزیزداری۔

مُقرَّر ۔ء۔ قرار دیا گیا۔ ٹھہرایا گیا۔ تقریر کیا گیا۔

مُقرِّر ۔ء۔ قرار دینے والا۔ تقریر کرنیوالا۔

مَقرَض ۔ء۔ کترنی ۔ قینچی۔

مُقرَّض ۔ء۔ کاٹا ہوا۔ کترا ہوا۔

مُقرَّط ۔ء۔ گوشوارہ سے زینت دیا گیا۔

مِقرَعہ ۔ء۔ مارنیکی لکڑی۔ دھوبیونکی کندی۔ تازیانہ ۔ کوڑا۔ یہ صیغہ ہے اسم آلہ کا قرع سے جسکے معنی کوٹنے کے ہین۔

مُقرِم ۔ء۔ شتر نر۔ اونٹ۔

مُقَرنَس ۔ء۔ وہ عمارت جو مخروطی شکل کی بنی ہو جیسے چوٹی پہاڑ کی اور مراد اسسے عمارت بلند اور بنائے عالی۔

مَقرُوض ۔ء۔ قرضدار وہ شخص جس پر کسی کا قرض ہو۔ قرض دیا ہوا۔

مُقرُون ۔ء۔ نزدیک کیا گیا۔

مُقرِی ۔ء۔ پڑھانیوالا۔ تعلیم دینیوالا قرآن شریف کا لڑکونکو۔ اور کور مقری

مراد ہے اُس اندھے حافظ سے جو قرآن شریف لڑکوں کو پڑھاوے۔ اور اکثر ایسے حافظ اندھے مادرزاد ہوتے ہیں۔ واضح ہو کہ اندھا مادرزاد کبھی اپنے کو خواب میں آنکھوں والا یعنی بینا نہیں دیکھتا اور جو درمیان میں اندھا ہو جاتا ہے وہ خواب میں اپنے کو بینا دیکھتا ہے۔

مُقسِم ۔ع۔ جگہ تقسیم کی۔

مَقسُوم ۔ع۔ بانٹا ہوا۔ تقسیم کیا گیا۔

مُقشَّر ۔ع۔ چھلکا اُتارا ہوا۔ وہ چیز جو چھیلی گئی ہو۔

مِقص ۔ع۔ کترنی۔ قینچی۔

مَقصَد ۔ع۔ جگہ قصد کرنے کی۔ مجازاً مطلب مراد۔ یہ لفظ بفتح صاد غلط مشہور ہے اسلیے کہ قصد بقصد باب ضرب یضرب سے آیا ہے۔

مُقصِّر ۔ع۔ کم کرنیوالا۔ تقصیر کرنیوالا۔

مُقصَّر ۔ع۔ کم کیا گیا۔ تقصیر کیا گیا۔

مَقصُود ۔ع۔ قصد کیا گیا۔ وہ کیا گیا۔

مَقصُود کُن فکان ۔ع۔ کنایہ ذات آنحضرت صلعم سے۔

مَقصُور ۔ع۔ کم کیا گیا۔ گھٹایا گیا اور چھوٹا کیا گیا۔

مَقصُورہ ۔ع۔ چھوٹا حجرہ۔ چھوٹی چوکی امام کے کھڑے ہونیکی جگہ مسجد میں۔

مُقضِی ۔ع۔ ادا کیا گیا۔ تمام کیا گیا۔

مَقضِیہ ۔ع۔ ادا کی گئی۔ تمام کی گئی۔

مِقط ۔ع۔ قطرزن۔ قطگیر۔

مُقَطَّر ۔ع۔ ٹپکایا گیا۔ وہ چیز جو قطرہ قطرہ کرکے ٹپکائی جاوے۔

مُقطِع ۔ع۔ قطع کرنیوالا مقدمات اور معاملات کا کاٹنے والا۔

مُقطَّع ۔ع۔ قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا۔ وہ چیز جسکے اطراف کی زیادتیاں چھانٹ کے اُسکو درست کرلیا ہو۔ چھوٹے قد کا آدمی۔

مَقطَع ۔ع۔ مقراض۔ قینچی۔

مَقطَع ۔ع۔ جگہ کاٹنے کی۔ محل انتہا کا مقام تمامی کا۔ غزل اور قصیدے کی اخیر بیت۔

مَقطُوع ۔ع۔ قطع کیا گیا۔ کاٹا گیا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا۔ وہ شخص جو کسی سبب سے قافلہ کی ہمراہی سے چھٹگیا ہو۔ کپڑا قطع کیا ہوا۔

مَقعَد ۔ع۔ جائے نشست۔ جگہ بیٹھنے کی مجازاً دیہاتیکا مقام۔

مُقعَّر ۔ع۔ جائے عمیق۔ گہری جگہ۔ گڑھا جو گہرا کھدا ہو۔

مُقفّی ۔ع۔ قافیہ کیا گیا۔

مَقل ۔ع۔ سخن چینی کرنا۔ لنزا پانزا کرنا۔ کسی کے آگے دوسرے کو بُرا اور بد کہنا۔ کسی چیز کو گھورنا۔

مُقل ۔ع۔ ایک گوند مشہور ہے جس کو ہندی میں گوگل کہتے ہیں۔

مُقِل ۔ع۔ درویش۔ فقیر۔ قلیل یعنی تھوڑا کرنے والا۔

مُقَل ۔ع۔ جمع مقال یعنی گفتگو اور بات کی۔ اور یعنی گذر کے بھی آیا ہے۔

مِقلاد ۔ع۔ کلید۔ کنجی۔ مقالید جمع ہے

مُقَلِّد ۔ع۔ عمل کرنیوالا کسی کے قول پر بغیر دلیل کے پیرو اور مجازاً بمعنی نقال کے بھی آتا ہے۔

مُقلِّد پیشہ ۔ف۔ نقل کرنیوالا۔ ناچنے والا۔ گانے والا۔

مُقلقَل ۔ع۔ بیقرار۔ مضطرب۔ اور بمعنی خراب کے بھی آیا ہے۔

مُقلقلہ ۔ع۔ آواز صراحی اور شیشہ کی بروقت انڈیلنے پانی وغیرہ کے۔

مَقلُوب ۔ع۔ اُلٹا گیا۔ پلٹا گیا۔ اوندھا۔

مُقلہ ۔ع۔ تمام آنکھ کا کاسہ۔ مع سیاہی اور سفیدی کے اور ابن مقلہ نام ایک خوشنویس کا جسنے چھ خط ایجاد کیے۔

مُقلید ۔ع۔ کلید۔ کنجی۔ مقالید جمع ہے

مُقلیانا ۔ع۔ یہ لغت سُریانی ہے۔ تخم تُرہ تیزک جسکو ہالون کہتے ہیں۔

مُقَنَاطِیس - ع - ایک پتھر ہے جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے ہندی مین اُسکو چمک کہتے ہین اور اس لفظ مین بجاے قاف نین معجمہ بھی آتی ہے -

مُقَنَّب - ع - بھنگ ملا ہوا کھانا وغیرہ -

مِقْنَب - ع - شیر کا چُغل - توبرہ اور توشہ دان شکاری کا جسمین وہ شکار کو ڈالتا جائے - گلہ گھوڑون کا تیس سے چالیس تک اور تین سو گھوڑون کی مقدار کو بھی کہتے ہین -

مُقَنَّد - ع - قندیلی ہوئی شے - میٹھی چیز

مُقَنْطَرَہ - ع - قنطار - زیادہ کیا گیا - اور بھرا ہوا - اور قنطار بیل کی ایک کھال پر نر کو کہتے ہین -

مُقَنَّع - ع - بروزن معظم نام ایک شخص کا جسکے بیٹے کا نام عطا تھا اور کنیت ابن مقنع اور اسی عطا نے سحر اور طلسم سے ایک کنوئین مین سے چاند نکالا تھا جس سے بخشب اور کش وغیرہ شہر رات بھر روشن رہا کرتے تھے اور یہ چاند دو مہینہ تک ہر رات کسی کنوئین سے نکلا کیا اور وہ کنوان کوہ سیام کے نیچے واقع تھا اور اس چاند کو ماہ مقنع بھی کہتے ہین اگرچہ بنایا ہوا ابن مقنع کا تھا اور یہ اس قبیل سے ہے جیسے کہتے ہین منصور کو سولی پر چڑھایا حالانکہ جسنے انا الحق کہا تھا اور جسکو سولی پر چڑھایا تھا وہ اصل مین حسین بن منصور تھا -

مُقْنِعَہ - ع - چادر باریک جو ایک عرض کی ہو - ایک پٹی اوڑھنی -

مُقَنِّن - ع - قانون بنانیوالا - قانون جاننے والا -

مَقْنُود - ع - قندیلی ہوئی شے - اور میٹھی چیز جسمین شکر ملی ہو -

مُقْنِی - ع - نہر کھودنے والا -

مِقْوَال - ع - وہ شخص جو بڑا زبان آور اور بڑا باتونی ہو -

مُقُود - ع - رسی - باگدور -

مُقَوَّر - ع - ٹکڑے ٹکڑے کیا گیا -

مُقَوِّس - ع - وہ شے جو مانند کمان کے خمدار ہو - خمیدہ چیز -

مُقَوِّس - ع - گھوڑونکی رسّی -

مُقَوْقِس - ع - نام ایک پرند کا جسکے گلے مین طوق ہوتا ہے - لقب حاکم مصر اور اسکندریہ کا جو ترسا تھا اور آنحضرت صلعم پر ایمان لایا تھا - اب لقب ہے ہر بادشاہ مصر اور اسکندریہ کا -

مِقْوَل - ع - زبان - جیب -

مُقَوِّم - ع - قیمت کرنیوالا - راست اور سیدھا رکھنے والا -

مُقَوِّی - ع - قوت اور طاقت دینے والا -

مَقْہُور - ع - قہر و غضب کیا گیا - وہ شخص جسپر غصہ بادشاہ یا خدا کا پڑے -

مِقْیَاس - ع - اندازہ - اور وہ شے جس سے اندازہ کرین -

مُقَیِّت - ع - توانا - طاقت دار - روزی دینے والا - نگاہ رکھنے والا - گواہ - حافظہ -

مُقَیَّد - ع - قید کیا گیا - قیدی -

مُقَیَّش - ع - وہ چیز جسپر چاندی یا سونے کے چپڑے اور باریک تار لپٹے ہون -

مَقِیل - ع - دوپہر دنکو سو رہنا - صبحکو چاشت کے وقت شراب پینا -

مُقِیم - ع - رہنے والا -

مُقِیٔ - ع - تے کرنے والی چیز -

فصل میم مع کاف

مَک - ع - چوسنا -

مُکَابِر - ع - وہ شخص جو اپنی بزرگی جتانے کے لیے کسی سے بحث کرے - غلب کرنیوالا - جنگ کرنے والا -

مُکَابَرَہ - ع - بحث کرکے کسی پر اپنی بزرگی ثابت کرنا - غلبہ کرنا - کسی کے ساتھ جنگ کرنا -

مُکَاتَب - ع - وہ غلام جو مالک کی خوشی سے اپنی قیمت آپ محنت مزدوری کرکے مالک کو ادا کرکے آزاد ہوجائے -

مُکَاتَبَہ - ع - آپسمین خط و کتابت کرنا -

مجازاً نامہ اور خط کو بھی کہتے ہیں - غلام کو آزاد کر دینا اُسی غلام کے ذاتی مال کے عوض میں یعنے اُسکو اُسی کے ہاتھ بیچ ڈالنا -

مُکاَر -ء- مکر کرنیوالا- فریبیا-

مُکَارِم -ء- جمع ہے مکرمت کی- بزرگیان- نوازشین-

مُکَارہ -ء- بروزن مساجد- رنج- سختیان- مکروہات -

مُکَارَہ -ء- عورت بڑی مکر اور فریب کرنیوالی-

مُکَارِی -ء- وہ شخص جو مکان اور گھوڑا وغیرہ لوگو نکو کرایہ پر دے -

مُکَاسَس -ء- دیر کرنا اور توقف کرنا اور تنگی کرنا مالک کا اسباب کے بیچنے میں-

مُکَاسِب -ء- پیشے- حرفے- یہ جمع کسب کی ہے خلاف قیاس-

مُکَاشحَت -ء- دشمنی کرنا-

مُکَاشَفہ -ء- ظاہر ظاہر دشمنی کرنا- برملا جنگ کرنا- امور غیبی کے اسرار کا ظاہر ہوجانا ولی اللہ کے دلمیں-

مُکَافَات -ء- باہم برابر ہونا- برابر کھڑا ہونا- برابر بدیکا- سزا-

مُکَافِی -ء- مساوی- برابر-

مُکَامِن -ء- جمع ہے مکمن کی- وہ جگہیں جہانپر پوشیدہ ہوسکیں- جگہیں چھپنے کی گھاتیں-

مُکَان -ء- جگہ رہنے کی- مطلق جگہیں-

مُکَانَت -ء- مرتبہ عزت-

مُکَاوَحَت -ء- کوشش کرنا- دشمنی کرنا- گالی دینا-

مُکَاہَنَت -ء- غیب کی خبر کو بتلانا-

مُکَائِد -ء- جمع ہے مکیدہ بمعنی فریب- بداندیشی- بدسگالی- مکر کی-

مُکَائَلہ -ء- باہم مل کر کسی شے کو ناپنا پیمانے سے -

مُکَائِل -ء- جمع مکیال کی جس کے **مَکَائِیل** -ء- معنی پیمانے کے ہیں-

مُکِبّ -ء- اوندھے منھ گرنے والا- لازم اور تعدی دونوں آیا ہے -

مُکَبّ -ء- اوندھے منھ گرا گیا- اوندھے منھ گرا ہوا-

مُکْبُول -ء- قید کیا گیا- قیدی-

مُکْتَب -ء- جگہ لکھنے کی- جگہ کتاب کی مجازاً- مدرسہ- اسکول-

مُکْتَب خَانَہ -ف- تحقیق کی رو سے یہ ترکیب غلط ہے اسلیے کہ مکتب صیغہ اسم ظرف کا ہے بمعنی جائے کتاب اب اس کے ساتھ خانہ کی ضرورت نہیں ہے لیکن بعض اساتذہ اپنے شعر میں بطریق تجرید لائے ہیں ظہوری سے کم رشتۂ مکتب خانۂ خود کوہ و باموں را- بیا موزم طریق عاشقی فرہاد و مجنوں را- باین ہمہ ایسے الفاظ سے پرہیز اولی ہے -

مُکْتَم -ء- پنہان- پوشیدہ-

مُکْتَسَب -ء- کسی چیز کا اپنی کوشش سے حاصل کرنیوالا- کسب کرنیوالا-

مُکْتَسَب -ء- وہ چیز جو اپنی سعی اور کوشش سے حاصل کی گئی ہو-

مُکْتَسَبہ -ء- کسب کیا گیا محنت اور مشقت سے حاصل کی ہوئی چیز-

مُکْتَسِبی -ء- محنت سے حاصل کی گئی شے- اسلیے کہ مکتَسَب مصدر میمی بھی ہے بمعنی اکتساب اور جب یاے نسبت مصدر سے ملحق ہوتی ہے تو کبھی معنی مفعول کے بھی حاصل ہوتے ہیں-

مُکْتَسِی -ء- چھپنے والا- کملی میں پوشیدہ ہونے والا- کملی اوڑھنے والا-

مُکْتَفِی -ء- کافی- کفایت کرنیوالا-

مُکْتَنِس -ء- کوڑا کرکٹ بہارنیوالا-

مُکْتَنِف -ء- پناہ ڈھونڈھنے والا- لپیٹ ہونے والا-

مَکْتُوب -ء- لکھا ہوا- لکھا گیا-

مُکتوم - ع - پوشیدہ - پنہان - اور کنایہ بھید سے - پوشیدہ کیا گیا -

مُکث - ع - دیر کرنا - انتظار کرنا -

مُکث - ع - } درنگ - دیر -
مِکث - ع - }

مُکثار - ع - پرگو - باتونی - کثیر الکلام

مُکحّل - ع - سرمہ دیا گیا - وہ شخص جو سرمہ لگائے ہوے ہو

مِکحل - ع - سرمہ دان -

مُکحل - ع - سرمہ لگانیکی سلائی -

مُکحلہ - ع - سرمہ دان -

مکحول - ع - جو سرمہ لگائے ہوے ہو

مُکدّر - ع - کدورت امیز - گندلا -

مُکدّر - ع - کدورت مین ڈالنے والا گندلا کرنیوالا -

مکر - ع - فریب - دغا -

مُکران - ف - نام شہر کا جو ولایت سندھ مین ہی -

مُکرّر - ع - دوبارہ - بار بار کیا گیا اصطلاحاً بمعنی غیر مرغوب -

مُکرعہ - ع - پانی کی مشک -

مُکرّم - ع - عزت دیا گیا - بزرگی دیا گیا گرامی کیا گیا -

مُکرِم - ع - بخشش کرنیوالا - بزرگوار رکھنے والا - مہربانی کرنے والا -

مُکرّم - ع - بزرگوار رکھا گیا - مہربانی کیا گیا اکرام کیا گیا -

مُکرِم - ع - گرامی کرنیوالا -

مُکرمت - ع - بزرگی - نوازش -

مُکروب - ع - غمگین - اندوہناک -

مُکروہ - ع - کراہت کیا گیا - ناپسند -

مگر - ف - پر سوائے اسکے -

مگس - ف - مکھی -

مگس ران - ف - مورچھل - چونری

مگس گیر - ف - مکڑی -

مکسور - ع - ٹوٹا ہوا - شکستہ حرکت زیر کی دیا گیا -

مُکشوف - ع - کھولا گیا - ظاہر کیا گیا -

مُکظوم - ع - گرفتا رغم - رنج غصہ کھایا ہوا

مُکعّب - ع - چارگوشہ کیا گیا - وہ نوجوان عورت جو نارپستان ہو -

مُکفِّر - ع - کفارہ دینے والا گناہ کا - کسیکو کافر کہنے والا -

مُکفوف - ع - باز رکھا گیا - نابینا - اندھا - پیراہن لپیٹے ہوے -

مُکفی - ع - کفایت دینے والا -

مُکلِف - ع - تکلیف دینے والا -

مُکلّف - ع - تکلیف دیا گیا تکلف کیا گیا - ٹیپ ٹاپ کیا گیا -

مُکلّل - ع - درخشان - چمکتا ہوا - مُنَمّع کیا گیا - تاج سر پر رکھے ہوے -

مُکمّل - ع - پورا کیا گیا - تمام اور کامل کیا گیا -

مُکمِّل - ع - پورا کرنے والا - تمام اور کامل کرنیوالا -

مُکمَّن - ع - گھات کی جگہ - پوشیدہ ہونے اور چھپ رہنے کی جگہ - پوشیدہ ہوکر داؤ لگانیکی جگہ -

مکمون - ع - پوشیدہ - چھپا ہوا -

مِکناس - ع - جاروب - جھاڑو -

مُکنت - ع - قدرت - توانگری -

مِکنسہ - ع - جاروب - جھاڑو -

مکنوز - ع - خزانہ کیا گیا اور مجازاً بمعنی پوشیدہ رکھا گیا -

مکنون - ع - پوشیدہ رکھا گیا - اور چھپایا ہوا - گوہر مکنون مجازاً قیمتی اور آبدار موتی کو کہتے ہین اسلیئے کہ بوجہ بیش قیمت ہونیکے ایسے موتی کو حفاظت سے چھپا کر رکھتے ہین -

مُکوک - ف - بمعنی ماکو جسے ہندی مین نال کہتے ہین - اور یہ جولاہون کا ایک آلہ ہوتا ہی جسمین تاگا رکھکر چلاتے ہین -

مکوکب - ع - ستارہ دار کیا گیا - روشن وہ چیز جسمین چاندی سونے کے ستارے لگے ہون -

مُکَوَّن ۔ع۔ ہست کیا گیا۔ پیدا کیا گیا۔

مُکَوَّنات ۔ع۔ مخلوقات۔ موجودات۔

مِکْیَال ۔ع۔ پیمانہ۔ لوٹہ اور برتن اناج کے ناپنے کا۔

مُکِیْد ۔ع۔ مکر کرنیوالا۔

مُکِیْدَت ۔ع۔ بداندیشی یعنی کسی کے حق مین بُرا چاہنا۔

مَکِیْدَن ۔ف۔ چوسنا۔

مَکِیْس ۔ع۔ یاے مجہول سے اماله مکاس کا ہی۔ معاملہ مین تنگی اور نہایت طلبی کرنا بیچنے مین دقت اور دیر کرنا۔ اور بمعنی مرد بادقار کے بھی۔ اور بمعنی نہایت تاکید اور مبالغہ کرنا کسی کام مین۔ اور بعضون نے بمعنی نقصان اور کمی کے بھی لکھا ہی۔ اور بمعنی باج اور خراج کے بھی۔

مَکِیْل ۔ع۔ } وہ چیز جس سے کوئی
مَکِیْلَہ ۔ع۔ } شے ناپی جاے۔ پیمانہ

مَکِیْل ۔ع۔ پیمانہ سے ناپا گیا۔

مَکِیْن ۔ع۔ مکان رکھنے والا۔ مکاندار مکانمین رہنے والا۔ صاحب مکان صاحب منزلت صاحب مرتبہ۔

فصل میم مع لام

مُل ۔ف۔ شراب انگوری۔

مُلّاء ۔ع۔ یہ صیغہ مبالغہ کا ہی بمعنی بہت بھرا ہوا۔ بسیار پر۔ مراد اس سے وہ شخص جو علم سے بہت بھرا ہوا اور پر بمعنی بہت پڑھا ہوا۔ بڑا عالم۔ فارسی کے استعمال مین اکثر یہ لفظ بغیر ہمزۂ آخر کے آتا ہی۔

مَلَا ۔ع۔ بڑی صحرا۔ جنگل۔ آشکارا۔ فضا اور کبھی مراد انجمن اور محفل سے۔

مَلَاء ۔ع۔ گروہ اشراف اور بزرگ لوگونکا۔

مَلَاءُ الْاَعْلٰی ۔ع۔ گروہ فرشتونکا۔

مَلَابِس ۔ع۔ جمع ملبس کی جو بمعنی پوشش اور لباس کے ہی۔

مُلَابَسَت ۔ع۔ آپسمین مشابہت رکھنا کسی چیز کی شبیہ ہونا۔

مَلَّاح ۔ع۔ کشتیبان۔ کشتی چلانے والا۔ یہ ماخوذ ہے ملح سے جسکے معنی ہین دونون بازو کھولنے اڑنا پرندجانور کا۔

مَلَاحَت ۔ع۔ نمکینی۔ نمکینی حسن کی خوبصورتی۔ نمکدار۔ سانولا رنگ

مَلَاحِد ۔ع۔ } جمع ہے ملحد کی۔ یعنی
مَلَاحِدَہ ۔ع۔ } بیدین لوگ۔

مَلَاحَظَہ ۔ع۔ گوشۂ چشم سے دیکھنا کنکھیونسے دیکھنا۔ مجازاً دیکھنا۔

مَلَاخ ۔ف۔ نام ایک شہر کا۔ نام ایک جزیرے کا۔

مَلَاذ ۔ع۔ جاے پناہ۔ جگہ پناہ کی۔

مَلَاذ ۔ع۔ بڑا ورنگو۔ بڑا جھوٹا۔

مَلَاذ ۔ع۔ مزے دار چیزین۔ یہ جمع ہی لَذِیذ بمعنی لذیذ شے کی۔

مَلَاذَہ ۔ف۔ نام ایک کتاب کا علم معانی مین اور یہی نام اسکے مصنف کا بھی ہی اور اصطلاح مین کنایہ ہے مرد کے عضو تناسل سے۔

مَلَازَمَت ۔ع۔ ہمیشہ رہنا کسی جگہ پر کسی کے پاس ہمیشہ رہنا۔

مُلَازِم ۔ع۔ کسی کے پاس یا کسی جگہ پر ہمیشہ رہنے والا۔ اور اسی مناسبت سے نوکر کو ملازم کہتے ہین۔

مُلَازَہ ۔ف۔ وہ گوشت کا ٹکڑا جو حلق مین لٹکا ہوتا ہی۔ ہندی کوّا۔

مَلَاسَت ۔ع۔ نرمی۔ صاف پن اور ہمواری۔ صفائی۔

مُلَاصِق ۔ع۔ لگا ہوا۔ چسپیدہ۔

مِلَاط ۔ع۔ گارا یا چونہ جس سے دیوار کی اینٹین وصل کرتے ہین۔

مُلَاطِف ۔ع۔ مہربانی کرنیوالا۔

مُلَاطَفَت ۔ع۔ کسی پر مہربانی کرنا۔

مُلَاطَفَہ ۔ع۔ کسی کیساتھ نیکی کرنا۔ مجازاً خط۔ نامہ۔ مراسلہ۔

مَلَاطِیَہ ۔ع۔ نام ایک شہر کا روم سے۔

مَلَاعِب ۔ع۔ جمع ہی لعب کی جو بمعنی کھیل کود اور بازیکے ہی۔

ملاعبت - ع - کسی کے ساتھ بازی
ملاعبہ - ع - کرنا - کھیلنا -
ملاعق - چمچے یہ جمع ہے ملعقہ بمعنی چمچہ کی -
ملاعنہ - ع - جمع ملعون کی خلاف قیاس یعنی لعنت کئے گئے لوگ -
ملاعین - ع - جمع ملعون کی - لعنت کئے گئے - مردود لوگ -
ملاقات - ع - ایک دوسرے سے ملنا -
ملاقی - ع - ملنے والا -
ملاک - ع - اصل کسی چیز کی - وہ چیز جسکے ساتھ کوئی چیز قائم ہو -
ملال - ع - رنجیدگی - طبیعت کا اداس ہونا - اکتا جانا - غمگین ہونا -
ملال - ع - تپ کی گرمی -
ملالت - ع - اداسی - اداس ہونا رنج - آزردگی -
ملام - ع - ملامت کرنا - سرزنش کرنا - جگہ ملامت کی -
ملامت - ع - برا بھلا کہنا - جھڑکنا -
ملامست - ع - باہم گھسنا - اور جماع کرنا -
ملان - ع - پر کرنے والا - بھرنے والا مجازاً پُر - بھرا ہوا -
ملاہی - ع - جمع ہے لہو کی جسکے معنی کھیل کود اور بازی کے ہیں -
ملائک - ع - جمع ملک کی فرشتے
ملائکہ - ع -
ملائم - ع - نرم - فراہم ہونے والا - مناسب - موافق طبیعت کے -
ملائمت - ع - نرمی سازواری - مناسبت دو چیز کو باہم جمع کرنا -
ملبس - ع - پوشاک - لباس -
ملتبس - ع - کپڑے پہنایا گیا - لباس پہنے ہوئے چھپایا گیا -
ملبن - ع - اینٹ بنانیکا قالب -
ملبن - ع - اینٹ بنانے والا -
ملبوس - ع - پہننے کا کپڑا مقابل قبا اور پیرہن اور پگڑی اور ٹوپی وغیرہ کے
ملبوسات - ع - جمع ملبوسہ کی ہے پہننے کے کپڑے -
ملبوسہ - ع - پہننے کا کپڑا -
ملت - ع - دین - مذہب - گروہ - اپنے اور یعنی شریعت کے بھی -
ملتاع - ع - چلنے والا - مجازاً یعنی مشتاق - حریص - آرزومند -
ملتانی - ف - ولایت مین مطلق ہندو کو ملتانی کہتے ہین -
ملتبس - ع - پوشیدہ - چھپا ہوا اشتباہ کیا گیا -
ملتثم - ع - جگہ بوسہ کی - چوما ہوا -
ملتثم - ع - چومنے والا - بوسہ لینے والا -
ملتجا - ع - جگہ پناہ کی - پناہ لینا -
ملتجی - ع - پناہ ڈھونڈھنے والا - التجا کرنیوالا -
ملتحد - ع - جگہ پناہ کی -
ملتحم - ع - زخم انگور لایا ہوا - زخم جو بھر گیا ہو - وہ زخم جو خشک ہونے کے قریب ہو گیا ہو -
ملتحمہ - ع - پہلا طبقہ باہر والا آنکھ کا پنجلہ سات طبقونکے -
ملتحی - ع - جسکی ڈاڑھی نکل آئی ہو -
ملتزم - ع - نام ایک مقام کا نزدیک رکن یمانی کے سامنے کعبہ شریف کے جہان دعا حاجتمندون کی قبول اور مستجاب ہوتی ہے -
ملتزم - ع - التزام کرنے والا - اور اپنے اوپر لازم پکڑنے والا -
ملتصق - ع - ملا ہوا - لگا ہوا -
ملتفت - ا - التفات کرنے والا - توجہ کرنے والا -
ملتفط - ع - چننے والا - چگنے والا - اٹھانے والا - رفو کرنے والا -
ملتقط - ع - چنا گیا - چگا گیا - اٹھایا گیا رفو کیا گیا

مُلتقِم ۔ع۔ لقمہ کھانیوالا۔

مُلتقی ۔ع۔ جگہ ملاقات کی جگہ ملنے دو خبر کی آپسمین۔

مُلتمِس ۔ع۔ عرض کرنیوالا۔

مُلتوی ۔ع۔ پیچ درپیچ ہونے والا۔ لپٹنے والا۔ دیر کرنیوالا۔ ایک قسم کی حرکت نبض کی جو مانند رسّی کے پیچیدہ معلوم ہوتی ہے۔

مُلتہِب ۔ع۔ آگ بھڑکنے والی۔ شعلہ بھڑکنے والا۔

مُلتئِم ۔ع۔ التیام اور پیوستگی اوصیل دینے والا۔ زخم کے دونون طرف سے کنارونکو ملا دینے والا۔

مُلتئِمَہ ۔ع۔ وہ زخم جسکے دونون کنارے ملکر اچھا ہوگیا ہو۔

مُلثَّم / مُلثوم ۔ع۔ بوسہ لیا گیا۔ اور چوما گیا۔

مَلجَأ ۔ع۔ جاے پناہ پناہ کی جگہ۔

مِلخ ۔ع۔ نمک۔

مُلِحّ ۔ع۔ کسی کام مین مبالغہ کرنیوالا عاجزی کرنے والا۔ گڑگڑانے والا۔

مَلَخ ۔ع۔ دونون بازوؤن سے اُڑنا پرندکا اسی سے لفظ ملاح بنا ہے جو کشتیبان کو کہتے ہین

مِلحاح ۔ع۔ کسی کام مین بڑا مبالغہ کرنے والا۔ بہت عاجزی کرنے والا۔ نہایت گڑگڑانیوالا۔

مُلحِد ۔ع۔ راہ حق سے پھرنیوالا۔ فاسق بے دین۔

مُلحِق ۔ع۔ پہونچنے والا دریافت کرنیوالا۔ پہونچانے والا۔ وہ چیز جو آخر مین آکر ملنے والا

مُلحَق ۔ع۔ لگا ہوا۔ ملا ہوا۔ اور اصطلاحاً حرامزادہ۔

مُلحَم ۔ع۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو نہایت نرم اور ملائم ہوتا ہے۔ وہ شخص جسکی روزی شکار کے گوشت پر ہو

مُلحِمہ ۔ع۔ جنگ عظیم کی جگہ۔ بڑا فتنہ بڑا فساد۔ بڑی جنگ۔

مَلحُوظ ۔ع۔ لحاظ کیا گیا۔ دیکھا گیا کنکھیونسے دیکھا گیا۔

مَلخ ۔ع۔ مُدّی۔

مُلخَص ۔ع۔ پاک کیا گیا۔ خالص کیا گیا خلاصہ کیا گیا۔ اور یعنی مختصر کے بھی۔

مِلدَم ۔ع۔ وہ شخص جو موٹا اور فربہ اور احمق ہو۔ اور ام ملدم کنیت ہے تپ یعنی بخار کی۔

مِلذ ۔ع۔ لذیذ چیز مزے دار شے۔

مُلزِم ۔ع۔ کسی کے ذمہ کوئی کام کردینیوالا لازم اور واجب کردینے والا۔

مُلزُوم ۔ع۔ لازم کیا گیا۔

مُلصِق ۔ع۔ چپکنے والا۔ ملنے والا۔

مُلصَق ۔ع۔ لگایا گیا چمٹا ہوا۔ پیوستہ کیا گیا۔ اصطلاحاً حرامزادہ۔

مُلطِیَہ ۔ع۔ نام ایک شہر کا روم مین جو ابتداے اسلام مین کافرون کا مسکن تھا۔

مُلعَقہ ۔ع۔ قاشق چمچہ۔ اور طبیبون کی اصطلاح مین نام ایک وزن معین کا ہے معجون اور شہد مین اٹھارہ ماشے کا ملعقہ ہوتا ہے اور دوسری دواؤن مین ساڑھے چار ماشہ کا۔

مَلعُون ۔ع۔ لعنت کیا گیا۔ مردود۔

مِلغ ۔ع۔ احمق۔ بدزبان۔

مَلفُوف ۔ع۔ لپیٹا ہوا۔ لفافہ کیا گیا

مُلق ۔ع۔ دوست رکھنا۔ محو کرنا۔

مَلق ۔ع۔ زمین ہموار۔

مِلق ۔ع۔ وہ شخص جو زبانی خوشامد اور چاپلوسی کرے اور دلمین کینہ رکھے

مُلقَب ۔ع۔ لقب دیا گیا۔ نام معنی وصفی دیا گیا۔

مُلقَن ۔ع۔ تلقین کیا گیا۔ اور سکھلایا گیا۔

مُلقِن ۔ع۔ تلقین کرنے والا سکھلانے والا۔

مَلَک - ع - فرشتہ - وہ چیز جس سے کوئی کام قائم ہو -

مُلک - ع - بادشاہ - ملوک جمع -

مِلک - ع - کسی چیز کا مالک ہونا - وہ چیز جو کسی کا حق ہو - سیدھی راہ - جاگیر - اسباب - مال - اور کبھی مجازاً بمعنی جامہ کے بھی آتا ہے -

مُلک - ع - بادشاہ ہونا - بادشاہی - ایک دیس جو ایک بادشاہ کے قبضے مین ہو -

مَلک - ع - آٹے کے خمیر کا سخت کرنا - عورت کی خواستگاری کرنا -

مَلکات - ع - جمع ملکہ کی جسکے معنی ہین قوت حصول شے طبیعت مین -

مَلکات رویۂ شہتگانہ - ف - حسد - بغض - بخل - حرص - جھوٹھ بولنا - غضب - غرور - بیحیائی -

ملکات فاضلہ - ع - اچھی خصلتین -

ملکات فاضلۂ چہارگانہ - ف - حکمت - شجاعت - عفت - عدالت -

مَلکُ الکلام - ع - لقب ایک شخص کا جسکا نام ملک قمی تھا - اور یہ شخص سلطان ابراہیم عادل شاہ تخت نشین بیجاپور کا مصاحب اور ملک الشعرا تھا اس نے اپنی بیٹی ظہوری کے عقد مین دی تھی جو شاعر مشہور ہے اور سلطان عادل شاہ ظہوری کا ممدوح تھا -

مَلکُ المَوت - ع - وہ فرشتہ جو جان نکالتا ہے - عزرائیل علیہ السلام -

مَلک آوازہ - ف - بلند آوازہ -

مَلکیت - ع - بادشاہی -

مَلِک قمّی - ع - نام ایک شاعر کا جسکا لقب ملک الکلام تھا - اسکا بیان تفصیلی ابھی گذرا -

مَلکِ نیمروز - ف - کنایہ رستم پہلوان سے اسلیے کہ یہ بادشاہ سیستان کا تھا اور سیستان کا نام نیمروز ہے - اور کنایہ حضرت آدم علیہ السلام سے بھی اسلیے کہ آپ بہشت مین آدھے دن یعنی دوپہر رہے تھے اور اُس عالم کے دوپہر دنیا کے پانسو برس کے برابر ہوتے ہین -

مَلکُوت - ع - بادشاہی - تصرف پروردگاری - عالم فرشتون کا - اور صوفیون کے نزدیک عالم ارواح کو کہتے ہین - اور بعضون نے بمعنی عالم غیب کے لکھا ہے -

مَلَکہ - ع - مہارت - قوت حصول شے کی ذہن مین یعنی قوت علم یا ہنر کی جو انسان مین حاصل ہو جاتی ہے -

مَلِکہ - ع - بادشاہ کی بیوی -

مَلَکی - ع - منسوب طرف مَلَک بمعنی فرشتہ کے - فرشتہ جیسی -

مِلکِ یمین - ع - فقہ کی اصطلاح مین بمعنی لونڈی اور غلام - اسلیے کہ یمین قوت مین بمعنی غلبہ کے ہے اور لونڈی غلام غلبۂ اسلام سے ہاتھ آتے تھے مگر اب مجازاً ہر لونڈی اور غلام زر خرید کو کہتے ہین -

مِلَل - ع - جمع ہر ملت کی جو بمعنی مذہب اور دین کے ہے - واضح ہو کہ اطلاق ملت کا دین حق اور باطل دونون پر آتا ہے -

مَلَل - ع - اندوہ - غم - تنگی -

مُلہِم - ع - صغیرہ گناہ کرنے والا - وہ لڑکا جو قریب بلوغ کے پہونچا ہو -

مِلمَاس - ع - بمعنی قلم - مگر لغت کی معتبر کتابون مین نہین پایا -

مُلَمَّع - ع - روشن کیا گیا - چمکایا گیا - روشن - چمکول - وہ چیز جسپر چاندی یا سونا ترکیب مقررہ سے چڑھایا گیا ہو اور وہ قسم اشعار کی جن مین ایک مصرع یا ایک بیت عربی اور ایک فارسی کی ہو -

مُلموح - ع - دیدہ شدہ - دیکھا گیا -

مُلَمَّد - ف - صیغہ نہی کا ہے معنی اسکے جھوٹ نہ بول - گپ مت مار -

مِلواح - ع - وہ پرند جسکو جال مین باندھ دیتے ہین تاکہ دوسرے پرندا سکو دیکھکر آوین اور گرفتار ہون -

مُلوث - ع - آلودہ - لتھڑا ہوا -

مُلوک - ع - جمع مَلِک بمعنی بادشاہ کی -

مُلول - ع - رنجیدہ - اداس - غمگین -

مُلوم - ع - ملامت کیا گیا -

مُلوّن - ع - رنگ آمیزی کیا گیا - اور رنگ برنگ کیا گیا -

مَلوین - ع - روز و شب - دن رات -

مُلہِم - ع - الہام کرنے والا - دل مین نیک بات ڈالنے والا یعنے خدا -

مُلہَم - ع - الہام کیا گیا - نیک بات خدا کی طرف سے دلمین ڈالی گئی -

مَلہُوب - ع - شعلہ زن آگ - آگ بھڑکی ہوئی -

مَلہُوف - ع - غمگین مظلوم -

مُلہِی - ع - غافل کرنے والا کھیل کود مین لگانے والا -

مَلی - ع - بھرا ہوا - پر - دولتمند -

مَلی - ع - زمانۂ دراز -

مَلیح - ع - نمکین - نمک آلودہ - مجازاً سانولا رنگ -

مُلیخ - ع - گوشت بیزہ -

مَلیک - ع - مالک - صاحب - اور ایک نام ہر حق تعالیٰ کے نامون سے -

مُلیم - ع - سزاوار ملامت -

مُلیّن - ع - نرمی کرنے والا - قبض دور کرنے والا -

فصل میم مع میم

مِمّا - ع - اُس چیز سے -

مَمات - ع - موت - مرنا -

مُماثِل - ع - ہم مثل - مانند ہونیوالا مشابہ ہونے والا - برابر -

مُماثَلت - ع - ہم مثل ہوتا - مانند ہونا -

مُمارَات - ع - گذشتہ یا گذری ہوئی باتین - ماجرے -

مُمارات - ع - کسی کے ساتھ جانا - دشمنی کرنا - عداوت کرنا - لڑنا -

مُمارست - ع - تجربہ کرنا - کوشش کرنا کسی کام مین مشق مہم پہونچانا - تلاش کرنا - جستجو کرنا -

مُمارَجت - ع - ملنا - ربط بڑھانا -

مَماس - ع - یہ اسم فاعل ہے بمعنی گھسنے اور رگڑنے والا - اور اسم مفعول بھی ہے بمعنی گھسا اور رگڑا گیا - اور اسم ظرف بھی ہے بمعنے جگہ گھسنے اور رگڑنے کی - ماخذ اسکا مس ہے -

مُماسَخ - ع - مسخ کر دینے والا یعنی اصلی اچھی صورت کا بُری صورت سے بدل دینے والا -

مُماشات - ع - کسی کے ساتھ جانا - کسی کی ہمراہی کرنا -

مُماطَلت - ع - وقوع الوقت کرنا - دیر کرنا - کسی کام کا پیچھے ڈال دینا -

مَمالِک - ع - جمع مملکت کی بادشاہی مقامات سلطنت کے مقام -

مَمالیک - ع - جمع مملوک کی - لونڈی غلام - زرخرید چیرہ دست -

مُمان - ف - بمعنی مباش -

مُمانَعت - ع - باز رکھنا - منع کرنا -

مُمایَزت - ع - تمیز کرنا - جدا کرنا -

مُمتاز - ع - امتیاز دیا گیا - عزت اور آبرو دیا گیا - جدا کیا گیا -

مُمتَثِل - ع - ہم مثل کیا گیا -

مُمتَحِن - ع - آزمانے والا -

مُمتَحَن - ع - آزمایا گیا -

مُمتَد - ع - کشیدہ - دراز -

مُمتَزِج - ع - ملنے والا -

مُمتَلی - ع - بھرا ہوا - پُر -

مُمتَنِع - ع - روکا گیا - باز رکھا گیا -

مُمتَہَن - ع - خوار اور ذلیل کیا گیا -

مُمجَّد - ع - بزرگی دیا گیا - بزرگ -

مُمِدّ ۔ع۔ مدد کرنے والا۔
مُمَدِّدْ ۔ع۔ نام ایک درد کا ہے جس سے بدن کے پٹھے کھنچے جاتے ہیں۔
مُمَدُّوح ۔ع۔ تعریف کیا گیا۔
مَمْدُود ۔ع۔ دراز کیا گیا۔ پھیلایا گیا۔
مَمَر ۔ع۔ راہ جگہ گذرنے کی۔ گذرنے کی راہ۔ مجازاً بمعنی سبب۔
مُمْرِض ۔ع۔ وہ شخص جسکو بہت مرض رہتا ہو۔ بسیار مرض۔
مُمْرِضیت ۔ع۔ بہت مریض ہونا۔ مجازاً بمعنی غلطی کے بھی۔
مُمَرَّد ۔ع۔ وہ عمارت جو چکدار اور سادہ اور ہموار ہو۔
مُمَزَّق ۔ع۔ دریدہ شدہ۔ پھٹا ہوا۔ پراگندہ۔ اور مصدر بھی ہے۔ بمعنے پراگندہ کرنا۔ پھاڑنا۔
مُمَزُوج ۔ع۔ آمیختہ شدہ۔ ملایا گیا۔ اور وہ شراب جسمیں پانی یا گلاب وغیرہ ملاکر پیویں۔
مُمَسَّحہ ۔ع۔ تھویلوں کی کرنی جس سے کاراد وغیرہ ملتے ہیں۔ ملنے کا آلہ۔
مُمْسِک ۔ع۔ جنگل مارنے والا۔ باز رکھنے والا اور منع کرنے والا نکلنے سے۔ خرچ نہ کرنے والا۔ بخیل۔ کنجوس۔
مُمَسُوح ۔ع۔ مسح کیا گیا۔ کسی عضو پر یا سر پر ہاتھ ملا گیا۔
مُمْشُوط ۔ع۔ کنگھی کیا گیا۔
مُمْضُوغ ۔ع۔ چبایا گیا۔
مُمْضِی ۔ع۔ گذرا ہوا۔ روان کیا گیا۔
مُمْطِر ۔ع۔ برسنے والا مینھ۔
مُمَقُوت ۔ع۔ دشمن کیا گیا۔ دشمن بنایا گیا۔ مبغوض۔
مُمَکَّن ۔ع۔ حاصل ہونے والا۔ پیدا ہونے والا۔ جو بات ہو سکے۔ جو انہوت نہو۔ اور کبھی بمعنی مخلوق اور انسان کے بھی آتا ہے۔
مُمَکِّن ۔ع۔ قائم کرنے والا۔
مُمَکَّن ۔ع۔ قائم کیا گیا۔
مُمْکِن الْوُجُود ۔ع۔ وہ چیز جسکا نہ وجود ضروری ہو نہ عدم اور وہ مخلوق ہے۔
مُمِل ۔ع۔ رنجیدہ کرنے والا۔
مُمْلِکَت ۔ع۔ مقام سلطنت۔ ملک بادشاہت سلطنت اور اسکے لام کو فتحہ اور کسرہ بھی آیا ہے۔
مُمْلُو ۔ع۔ بھرا ہوا۔ پُر۔ مگر فارسی مین بغیر تشدید واؤ کے بھی آتا ہے۔
مُمْلُوک ۔ع۔ لونڈی۔ غلام۔ زرخرید۔
مُمَنُوع ۔ع۔ منع کیا گیا۔ روکا گیا۔
مُمَنُون ۔ع۔ احسان کیا گیا۔ نعمت دیا گیا۔ نقصان کیا گیا۔
مُمَوَّہ ۔ع۔ بروزن مقدس۔ ملمع اور زراندود کیا گیا۔ وہ جھوٹ جسکو فریب سے مثل سچ کے بنالیا ہو۔
مُمَہ ۔ف۔ عورت کی چھاتیان۔ یعنے پستان۔ چوچی۔
مُمَہَّد ۔ع۔ بچھایا گیا۔ آراستہ کیا گیا۔ تمہید کیا گیا۔ پہلے مطلب سے وہ بات لکھی گئی جسپر مطلب کا سمجھنا موقوف ہو۔
مُمَہِّد ۔ع۔ بچھانے والا۔ آراستہ کرنیوالا۔ تمہید کرنے والا۔
مُمَیِّز ۔ع۔ تمیز اور جدا کرنے والا اچھے کو برے سے۔
مُمَیَّز ۔ع۔ تمیز اور جدا کیا گیا۔

فصل میم مع نون

مِن ۔ع۔ ترجمہ فقط از کا ہے۔ یعنی سے اور بمعنی بر کے بھی آیا ہے۔
مَن ۔ع۔ وہ شخص۔ کون شخص۔ کون ہے۔ جمع اور مفرد دونون کے لیے یہ لفظ آتا ہے۔
مَنّ ۔ع۔ نعمت دینا۔ احسان رکھنا۔ نقصان کرنا۔ ترنجبین۔ شیرخشت۔ وہ رطوبت شیرین جو مثل شبنم کے قوم موسےٰ پر برسی تھی۔ نام وزن معلوم کا اور من ہندی کا وزن چالیس سیر کا اور روزن سیر کا اکثر

ملکون مین مختلف ہوتا ہی اور طبیبون کے نزدیک اکثر وزن من کا دو طل ہوتا ہی

مَن ۔ف ۔ ضمیر متکلم واحد کی یعنی مین اور بمعنی نسبت کے بھی جیسے دشمن منسوب بہ دوش جو مخفف ہو دشت بمعنی زشت اور بُرے کا۔ اور بمعنی تودے کے بھی جیسے خرمن مین خر بمعنے کلان ہے یعنے تودۂ کلان۔

مِنا ۔ع ۔ نام ایک مقام کا مکہ معظمہ مین جہان بازار ہی اور حاجی لوگ وہان قربانی بھی کرتے ہین۔

مُنیٰ ۔ع ۔ جمع منیہ بمعنے اُمید اور مقصد اور آرزو کی۔

مَنی ۔ف ۔ مقدار۔ اندازہ۔ برابری۔ اور من جو تولنے مین وزن مقرر ہی۔

مِنا ۔ف ۔ مخفف منازل کا۔

مَناب ۔ع ۔ جگہ کھڑے ہونے کی کسیکا قائم مقام ہونا۔

مَنابِر ۔ع ۔ جمع ہو منبر کی جس کے معنی آگے لکھے ہین۔

مَنابِع ۔ع ۔ جمع منبع بمعنی چشمہ کی۔

مَنات ۔ع ۔ نام ایک بت کا ہی جسکو قبیلۂ ہزیل اور خزاعہ عرب مین پوجا کرتے تھے۔

مُناجات ۔ع ۔ سرگوشی کرنا۔ کان مین بات کہنا۔ مجازاً دعا کرنی خدا کی جناب مین اسطور پر کہ اُسکو حاضر جان کر جسطرح باتین کرتے ہین۔

مَنْ اَجَلَ ۔ع ۔ واسطے۔ سبب۔

مَناحہ ۔ع ۔ مصدر میمی ہی بمعنی ماتم کرنا۔ اور کبھی بمعنی جاے نوحہ اور ماتم کے۔

مَناخ ۔ع ۔ محل خواب کا۔ جگہ سونے کی جگہ آرام اور آسودگی کی۔ جگہ بٹھلانے اونٹ کی۔

مَناخِر ۔ع ۔ **مَناخیر** ۔ع ۔ جمع منخر کی۔ ناک کے نتھنے سوراخ ناک کے

مَناخیر دَر ۔ف ۔ دروازہ کی میخ یعنی وہ لمبا ٹکڑا لکڑی کا جو ایک تختہ درمین وصل ہوتا اور دوسرا پٹ اُس پر بند کرتے وقت آکر ٹھہرتا ہی۔ واضح ہو کہ مناخیر اگرچہ لفظ جمع ہے مگر اس ترکیب مین بمعنی واحد مستعمل ہی۔

مُنادی ۔ع ۔ آواز دیا گیا۔ پکارا گیا۔ اور مرادف ندا کا بھی آیا ہی۔

مُنادَمت ۔ع ۔ باہم ندیم ہونا۔ صحبت ہونا۔ ہم نشینی۔

مُنادِی ۔ع ۔ ندا کرنے والا۔ اور پکارنے والا۔ ڈھنڈھوریا۔ فارسی مین بمعنی ندا کے بھی استعمال ہوتا ہی۔ اور بمعنی ڈھول کی آواز کے بھی جو واسطے لوگون کی آگاہی کے بجاتے ہین۔

مَناوِیل ۔ع ۔ جمع ہو مندیل کی۔ جو بمعنی رومال اور پگڑی کے ہی۔

مِنار ۔ع ۔ **مِنارہ** ۔ع ۔ چراغدان۔ جاے نور اونچا ستون خواہ نسبتے کا ہو خواہ لکڑی کا۔ وہ جگہ بلند جس پر چراغ روشن کرکے رکھین۔ مجازاً جگہ بلند اذان کہنے کی اور وہ ستون جو مسجد کے پہلوؤن مین بناتے ہین۔ اور مینار محض غلط ہی۔

مُنازِع ۔ع ۔ جھگڑا کرنے والا۔

مُنازَعت ۔ع ۔ باہم جھگڑا کرنا۔

مَنازِل ۔ع ۔ جمع ہو منزل کی جگہین اُترنے کی۔ مکانات۔

مُناسِب ۔ع ۔ نسبت رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا۔

مُناسَبت ۔ع ۔ باہم لگاؤ رکھنا۔ آپس مین نسبت رکھنا۔

مَناسِک ۔ع ۔ حاجیون کی عبادت کرنے کی جگہین مجازاً اعمال اور افعال حج کے مثل طواف کعبہ اور قربانی وغیرہ کے۔ یہ جمع نسک کی ہی۔

مَناشِیر ۔ع ۔ جمع ہو منشور کی جو بمعنے بادشاہی فرمان کے ہی۔

مَناص ۔ع ۔ بھاگنا۔ بھاگنے کی جگہ

مُناصِب - ع - جمع ہے مُنصَب کی - جگہ برپا اور قائم ہونے کی - مجازاً بمعنی رتبہ - عہدۂ جلیل -

مُناصِر - ع - یاری دینے والا - مدد کرنے والا -

مُناصِرِ - ع - جگہمین یاری دینے کی -

مُناصَرَت - ع - یاری دینا - مدد کرنا -

مُناصَفہ - ع - کسی چیز کا آپس مین آدھون آدھ کرلینا -

مُناصَلہ - ع - کسی کے ساتھ برابری کرنا تیراندازی مین - اور مجازاً بمعنی مسافت کے بھی آیا ہے -

مُناط - ع - یہ مصدر میمی ہے کسی چیز کے ساتھ ملنا - اور بمعنی حاصل بالمصدر کے مستعمل ہے یعنی درآویختگی و پیچیدگی - اور صیغہ اسم ظرف کا بھی ہے بمعنے جگہ ملنے اور لٹکنے کسی چیز کی اور مجازاً کبھی بمعنے مطلب اور مقصد کے بھی مستعمل ہوتا ہے -

مُناظِر - ع - جمع ہے منظر بمعنی جاے نظر کی -

ناسخ ۔ ع ۔ لکھنے والا ۔ رد کرنے والا نیست کرنے والا۔

ناسرہ ۔ ف ۔ کھوٹا ۔ غیر خالص ۔ وہ روپیہ اشرفی جس مین کچھ عیب ہو ۔ اور مجازاً بمعنی سخن بد کے بھی آتا ہے۔ اس کلمہ مین (نا) نفی کا ہے۔

ناسزا ۔ ف ۔ ناروا ۔ نالائق۔

ناسُفتہ ۔ ف ۔ بغیر پرویا ہوا جس مین سوراخ نہوا ہو۔

ناسُفتگان ۔ ف ۔ کنواری عورتین۔

ناسق ۔ ع ۔ انتظام و ترتیب کرنے والا۔

ناسک ۔ ع ۔ عبادت کرنیوالا ۔ راہ حق تعالیٰ مین قربانی کرنے والا۔

ناسکان ۔ ف ۔ عبادت کرنیوالے۔

ناسُوت ۔ ع ۔ عالم اجسام کہ مراد اس سے دنیا اور یہ جہان ہے ۔ اور کبھی مجازاً بمعنی

شریعت اور عبادت ظاہری کے بھی آتا ہے۔
ناسور۔ع۔ یہ لفظ سین اور صاد دونون سے لکھا جاتا ہے۔ وہ زخم جو ہمیشہ بہا کرے اور کبھی اچھا نہو۔
ناسی۔ع۔ بھولنے والا۔
ناشاد۔ف۔ جو خوش نہو۔
ناشائستہ۔ف۔ نالائق۔ نامناسب۔
ناشپاتی۔ف۔ نام ایک میوہ کا جو زردی مین مشابہ امرود سے ہوتا ہے اور بہت مشہور ہے۔
ناشتا۔ف۔ بھوکھا رہنا یعنی صبح سے کچھ نہ کھایا ہوا ہونا۔
ناشُدنی۔ف۔ نہونے کے لائق۔
ناشر۔ع۔ پراگندہ۔ فاش کرنے والا۔ اور کھولنے والا۔ اور ظاہر کرنے والا کسی چیز کا۔ خوشبو دینے والا۔
ناشرات۔ع۔ سخت آندھیان۔
ناشُستہ۔ع۔ اونچا بیٹھنے والا۔
ناشُطہ۔ع۔ خوشی کرنے والا۔
ناشِطات۔ع۔ خوشی اور سرور پیدا کرنے والی جماعتین۔
ناشکیبائی۔ف۔ بیصبری۔
ناشناس۔ف۔ جو پہچانتا نہو۔
ناشناخت۔ف۔ نہ پہچانا ہوا۔
ناشی۔ع۔ اُٹھنے والا۔ ظاہر اور پیدا ہونے والا۔ نوجوان۔
ناصب۔ع۔ برپا کرنے والا۔ اور قائم کرنے والا۔ دشمن رکھنے والا۔ کلمۂ معرب مین حرکت زیر کی دینے والا۔
ناصیہ۔ع۔ مؤنث ہر ناصب کی۔
ناصح۔ع۔ نصیحت کرنے والا۔
ناصر۔ع۔ مددگار۔
ناصع۔ع۔ خالص۔
ناصف۔ع۔ آدھون آدھ کرنے والا۔
ناصواب۔ع۔ جو درست نہو۔ غلط۔
ناصور۔ع۔ یہ لفظ سین اور صاد دونون سے درست ہے۔ وہ زخم جو کبھی بند نہو۔
ناصیہ۔ع۔ پیشانی کے بال مگر فارسی مین بمعنی پیشانی لیتے ماتھے کے مستعمل ہے۔
ناضح۔ع۔ وہ اونٹ جس پر پانی کی پکھال لادی جائے۔
ناضر۔ع۔ تر و تازہ۔
ناطح۔ع۔ سینگ مارنے والا چوپایہ۔
ناطر۔ع۔ نگہبان باغ انگور کا۔
ناطس۔ع۔ جاسوس۔
ناطق۔ع۔ بولنے والا۔ صاحب عقل سمجھنے والا کلیات اور جزئیات کا۔
ناطور۔ع۔ باغبان اور نگہبان انگور کے باغ کا۔
ناظر۔ع۔ دیکھنے والا۔ محرروں کا سردار اور بمعنی خواجہ سرا یعنی خوجہ کے بھی آیا ہے اور بمعنی داروغہ کے بھی۔ اور کنایہ جاسوس اور ہرکارہ سے بھی۔
ناظم۔ع۔ پرونے والا۔ شعر کہنے والا۔ انتظام کرنے والا۔
ناظور۔ع۔ نظر کرنے والا۔ نگہبان اور نظر کیا گیا۔
ناظورہ۔ع۔ معشوقہ۔ محبوبہ۔
ناعس۔ع۔ اونگھنے والا۔ وہ شخص جسکی آنکھون مین نیند بھری ہوئی ہو۔
ناعش۔ع۔ زندگانی بخشنے والا۔
ناعم۔ع۔ نرم۔ نازک۔ ناز و نعمت مین پلا ہوا۔ نام ایک قلعہ کا خیبر کے قلعون مین سے
ناعمہ۔ع۔ نرم اور نازک بدن عورت۔
ناف۔ف۔ پیٹ کی نات۔ سونڈی۔
ناف پیچ۔ف۔ پیچش کا درد۔
نافجہ۔ع۔ خوشبودار شے۔
نافخ۔ع۔ پھونکنے والا۔ ہوا بھر کر پھلانے والا۔
نافِ خاک۔ف۔ کنایہ فضلہ۔
نافذ۔ع۔ جاری ہونے والا۔ نافذ کرنے والا۔ یہ اکثر صفت لفظ امر اور

حکم کے واقع ہوتا ہے۔

نافر ع۔ نفرت کرنے والا۔ غائب۔ بھاگ جانے والا۔

نافرجام ف۔ بدانجام۔ بداصل۔

نافرمان ف۔ جو حکم نہ مانے۔

نافرمانی ف۔ حکم نہ ماننا۔

نافزدن ف۔ طفل نو پیدا کی ناف کاٹنا۔

نافِ زمین ف۔ مکہ معظمہ۔

نافِ شب ف۔ آدھی رات۔

نافض ع۔ ہلانے والا اور رعشہ جو لرزہ سے آوے۔

نافع ع۔ نفع دینے والا۔

نافِ عالم ف۔ مکہ معظمہ۔

نافلہ ع۔ زائد۔ وہ عطیہ اور بخشش جو غیر واجب ہو۔ نماز سنت۔ وہ عبادت جو بندہ پر واجب نہو۔

نافہ ف۔ مشک یعنی کستوری کی تھیلی۔ جو ہرن کی ناف سے نکلتی ہے۔

نافِ ہفتہ ف۔ منگل کا روز۔

نافہم ف۔ جو سمجھ نہ رکھتا ہو۔

نافی ع۔ نفی کرنیوالا نیست کرنیوالا۔

ناقابل ف۔ جو قابل نہو۔

ناقد ع۔ پرکھیا۔ روپیہ اور اشرفی کا پرکھنے والا۔

ناقر ع۔ چونچ مارنے والا۔ چونچ سے کھٹکھٹانے والا۔ صور پھونکنے والا۔

ناقص ع۔ کم ہونیوالا جسمیں کچھ کمی ہو مگر ادھورا۔ اور علم صرف کی اصطلاح مین وہ لفظ جسکے اصلی حرفون مین سے آخر کا حرف (و) یا (ا) یا (ی) ہو۔

ناقل ع۔ نقل کرنے والا کسی بات کا بیان کرنے والا۔

ناقور ع۔ بڑی نے۔ صور سنکھ۔

ناقوس ع۔ سنکھ جو ہندو لوگ بروقت پوجا کے بجاتے ہین۔ بڑا گھنٹہ جو گرجا گھر مین بروقت نماز بجتا ہو۔

ناقہ ع۔ اونٹنی۔

ناقہ ع۔ جو ابھی بیماری سے اٹھا ہو۔

ناک ف۔ بھرا ہوا۔ صاحب خداوند مالک۔ آلودہ۔ مگر یہ لفظ کسی موصوف کی صفت کرنے کے لیے کلمات کے آخر مین لاتے ہین۔

ناکارہ ف۔ جو کام کا نہو۔

ناکاستہ ف۔ جو بویا گیا نہو۔

ناکام ف۔ نامراد۔ ناچار۔ بالضرور۔

ناگاہ ف۔ اچانک۔ ناگاہ۔

ناگلج ف۔

ناکبت ع۔ اوندھا گرانے والا۔ رنج و غم دینے والا۔

ناکشتہ ف۔ بن بیاہا ہوا جسکی شادی ابھی نہوئی ہو۔

ناکح ع۔ مرد نکاح کرنے والا۔ عورت نکاح کرنے والی۔ جماع کرنے والا۔

ناگزدنی ف۔ وہ بات جو کرنے کے لائق نہو۔

ناگرفت ف۔ ناگاہ۔ یکایک۔

ناگزاران ف۔ ناچار۔ ضرور۔

ناگزارو ف۔ لابد۔ لاعلاج یعنی بالضرور۔

ناگزیر ف۔

ناکس ف۔ کمینہ۔ نالائق۔

ناکِس ع۔ اوندھا سر نگون۔

ناکسی ع۔ ف۔ نالیاقی۔ کمینہ پن۔

ناگفتہ دان ف۔ عالم الغیب۔

ناگوار ف۔ بدمزہ۔ بدذائقہ۔ ناپسند

ناخوش جو مضمم نہو۔ واضح ہو کہ لفظ ناکام فارسی غلط ہے۔

ناگہان ف۔ یکایک۔

نال ف۔ وہ چیز جو شکل سوت کے قلم کے تراشنے مین نکلتی ہو اور بمعنی گنا۔ نیشکر۔ رودخانہ کوچک۔ وہ نے جو اندر سے خالی ہو۔

نالان ف۔ روتا ہوا۔ نالہ اور فریاد کرتا ہوا۔

نالائق ف۔ جو لائق نہو۔

نالش - ف - نالان ہونا - اور فریاد کرنا -

نالہ - ف - فریاد - آواز بلند جو سوزدل سے ہو - اور بمعنی مطلق بلند آواز کے بھی آیا ہی - اور بمعنی چھوٹی ندی کے بھی آیا ہی -

نالیدن - ف - شور کرنا -

نامبارک - ف - منحوس - وہ چیز جو مبارک نہو -

نامبروہ - ف - ذکر کیا گیا - وہ شخص جسکا نام اوپر ذکر ہوا ہو -

نام بردار - ف - نامی - نامور -

نام بر لوح زدن - ف - بھول جانا فراموش کرنا - محو کرنا - مٹا دینا - بیفائدہ کام کرنا جو ممکن نہو -

نام تر - ف - بڑا نامی -

نامتناہی - ف - جسکی انتہا نہو -

نامجو - ف - ناموری چاہنے والا -

نامحدود - ف - بیحد - بے انتہا -

نامحرم - ف - ناواقف -

نام خدا - ف - قسم خدا کی -

نامدار - ف - عزت والا - نامور -

نامراد - ف - بے مراد -

نامرد - ف - جو مرد نہو - ہیجڑا -

نامردم - ف - نالائق - واضح ہو کہ مردم وہ لفظ ہی جو مفرد اور جمع دونون پر بولا جاتا ہی -

نامردی - ف - نامرد ہونا -

نامزد - ف - مشہور -

نامساعد - ف - ناموافق -

نامشخص - ف - بے تحقیق - نامعین اور اصطلاح مین وہ شخص جو ایک وضع اور ایک حالت پر نہ رہے -

نامعقول - ف - نامناسب - جو عقل مین نہ آوے - بیہودہ بیوقوفی کی بات اور اصطلاحاً بیوقوف بے عقل -

نامکایم - ف - نامناسب - درشت امر خراب اور بد -

نامور - ف - مشہور آدمی -

نامورى - ف - شہرت -

ناموس - ع - عصمت عفت خلق سے عزت کی امید رکھنا - نیکنامی شریعت تدبیر - سیاست - فرشتے - احکام خدا - جبرئیل علیہ السلام - قاعدہ - دستور - صدا - آواز - صاحب راز - مکر - پوشیدہ حیلہ -

ناموس اکبر - ع - بڑا قاعدہ - بڑا دستور - شریعت - اور لقب حضرت جبرئیل علیہ السلام کا -

نامہ - ف - لکھا ہوا خط - چٹھی -

نامہ سفید - ف - نہایت نیک اور صالح اور پرہیزگار آدمی -

نامی - ف - نامور - مغرور - مشہور -

نامی - ع - بڑھنے والا - پھیلنے والا -

نامیدن - ف - نام رکھنا -

نامیہ - ع - ایک قوت ہی جسم حیوانی اور نباتی مین جو جسم کو طول و عرض و عمق مین بڑھاتی ہی -

نان - ف - روٹی -

نانبا - ف - مخفف ہو نانبائی کا - روٹی پکانے والا -

نانبائی - ف - مخفف ہو نان آبائی کا یعنی طباخ جو نان یعنے روٹی اور آبا یعنے شوربا پکتا ہے -

نان پختن - ف - روٹی پکانا -

نانخواہ - ف - نام دواکا - اجوائن -

نانخورش - ف - وہ چیز جسکے ساتھ روٹی کھائی جائے خواہ وہ چیز نمکین ہو خواہ میٹھی خواہ ترش - دال - سالن -

نان در روغن افتادن - ف - خلوخواہ کامیاب ہونا - نفع پانا -

نان رباط - ف - لنگر کی روٹی - وہ روٹی جو خانقاہون مین ملتی ہی -

نان زرین - ف - آفتاب -

نان سیمین - ف - چاند -

نانِ گلانغ - ف - ایک گھاس ہے جسکے تخم کو کواد دست رکھتا ہے اور اسی تخم کو روٹی پر چھڑک کے پکاتے ہین لہذا اس قسم کی روٹی کا نام نانِ گلانغ رکھا -

نانِ گور - ف - کمینہ - لالچی -

نانِ وحلوا - ف - نام ایک مثنوی مختصر کا شیخ بہاء الدین آملی علیہ الرحمۃ سے -

نانِ وقف - ف - خدا کے نام کی روٹی یعنے لنگر کا کھانا -

ناؤ - ف - کشتی - پرنالہ -

ناؤدان - ف - پرنالہ - بدرو -

ناورد - ف - جنگ وجدل -

ناؤس - ف - بروزن طاؤس آتشکدہ - عبادت خانہ کفار کا -

ناوک - ف - ایک قسم تیر کی جو چھوٹا ہوتا ہے -

ناونوش - ف - نغمہ بانسری کا سننا اور شراب پینا - اور حاصل معنی اسکے عیش وعشرت -

ناوہ - ف - واو سے پرنالہ - بدرو -

ناہار - ف - اصل مین ناابار تھا اور ابار خورش کو کہتے ہین یعنی وہ شخص جسنے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو -

ناہنج - ع - راہ کا چلنے والا - کشادہ راہ پیدا کرنے والا -

نائہد - ع - نارپستان یعنی وہ لڑکی جسکی چھاتیان نئی اٹھی ہون -

ناہض - ع - وہ پرندجو پرون کو کھولکر اڑنے کی تیاری کرے -

ناہق - ع - گدھا - خرنر -

نائل - ع - چشمہ سے پانی پینے والا -

نائمتا - ف - بیمثل - بے مانند -

نائموار - ف - جو برابر نہو - نیچا اونچا مجازاً بے ادب - نالائق -

نائنجار - ف - بذات - بداصل -

نائی - ع - منع کرنے والا - روکنے والا -

نائید - ف - ستارۂ زہرہ جو تیسرے آسمان پر ہے اور اسکو مطربہ فلک بھی کہتے ہین -

نائے - ف - نے - بانسری جسکو بجاتے ہین - گلا - حلق - اور بمعنی کوچہ کے بھی آیا ہے -

نایاب - ف - جو چیز نہ پائی جائے - ناموجود - معدوم -

نائب - ع - قائم مقام -

نائبہ - ع - حادثہ - واقعہ - اور وہ تپ جو بہت گرم ہو -

نائے ترکی - ف - قرنا -

نائچہ - ف - نیچ حقہ کا -

نائحہ - ع - گریہ - رونا - نالہ - فریاد - مصیبت -

نائرہ - ع - شعلہ - لپک آگ کی - دشمنی بھاگنے والا - نکل جانے والا - اور اسی معنی اخیر کی مناسبت سے نام حرف آخر کا نون حرفون قافیہ سے چونکہ یہ حرف حروف قافیہ کے کنارے پر ہوتا ہے تو گویا درمیان حروف سے بھاگ گیا ہے -

نائزہ - ف - لوٹے کی ٹونٹی - نلی خولدار مجازاً عضو تناسل -

نائک - ع - جماع کرنے والا -

نائل - ع - پہونچنے والا - پانیوالا -

نائم - ع - خفتہ - سوتا ہوا سونے والا -

نائیدن - ف - فخر کرنا - ڈینگ مارنا -

فصل نون مع باے موحدہ

نبا - ع - بمعنی خبر -

نبات - ع - ہری گھاس - روئیدگی ہر سبزہ اور درخت جو زمین سے اگے ترکاری - گھاس پات ایک قسم صاف قند کی جسکو مصری کہتے ہین -

نباتی - ع - روئیدگی کا - وہ شے جو گھاس پات کی قسم سے ہو -

نباح - ع - بڑی آواز غیر معمولی کتے کی جسکو نالۂ سگ کہتے ہین -

نباش - ع - قبر کھود کر کفن کا لینے والا اور چرانے والا - کفن چور -

نَبّاض - ع - نبض پہچاننے والا - واضح ہو کہ یہ صیغہ مبالغہ کا نہین ہے بلکہ صیغہ نسبت کا ہے جیسے عطّار -

نَبّالت - ع - بزرگواری - آگاہی - مشہور ہونا - اُستاد ہونا - تیر تراشنا -

نَبّاہَت - ع - بزرگوار و مشہور ہونا - چمک - شان - عزت -

نَبائِر - ف - پسر زادگان - پوتے یہ جمع نبیرہ کی ہے - تصرف فارسیان عربی دان لفظ فارسی کو بطور عربی کے جمع بنا لیا ہے جیسے فرامین جمع فرمان کی -

نَبّاہِل - ع - بزرگ لوگ - بزرگ کام نبکیان یہ جمع نبیلہ کی ہے -

نَبَت - ع - اُگنا - روئیدگی -

نَبَذ - ع - تھوڑا - ٹکڑا - تھوڑی چیز بقیہ کسی چیز کا -

نَبَذے - ف - یاے وحدت کے ساتھ بعضے بعضے اندک -

نَبر - ع - بلندی - بلند کرنا - اُٹھانا -

نِبراس - ع - چراغ - لالٹین - شمع -

نَبَرد - ف - لڑائی - جنگ -

نَبَردگاہ - ف - میدان جنگ کا -

نَبَردہ - ف - دلاور - بہادر -

نَبش - ف - کفن چرا لینا مُردہ کا قبر کھود کر -

نَبِشتَن - ف - لکھنا -

نَبض - ع - اُچھلنا رگ کا -

نَبع - ع - پانی کا چشمہ سے باہر نکلنا -

نَبق - ع - لکھنا - بیری کے درخت کے پھل یعنی بیر -

نُبقہ - ع - ایک بیر -

نَبَل - ع - تیر پھینکنا - تیر -

نَبُل - ع - چھوٹا - خُرد - بڑا - بزرگ - اور یہ لغات اضداد سے ہے -

نُبلہ - ع - ڈھیلا استنجا کرنے کا -

نُبُوّت - ع - خبر دینا - پیغمبری -

نُبُوع - ع - پانی کا زمین سے پھوٹ کر اوپر نکلنا -

نَبہ - ع - ہاے ملفوظ سے خبردار ہونا - آگاہ ہونا -

نَبِہ - ع - مشہور - شہرت یافتہ - اور آنحضرت صلعم کے غلام کا نام -

نَبِی - ع - خبر دینے والا - پیغمبر جو خدا کی طرف سے بندون کی ہدایت کے لیے آیا ہو - واضح ہو کہ نبی عام ہے خواہ صاحب کتاب ہو یا نہو اور رسول خاص ہے یعنی وہ پیغمبر جو صاحب کتاب ہو -

نَبِی - ع - یاے معروف سے - مصحف کلام الٰہی - قرآن شریف -

نَبِیذ - ع - وہ شراب جو خُرما اور جَو سے بنائی جاوے - اور بعضون نے بعضے اُس شراب کے لکھا ہے جسکو ہندی مین بوزہ کہتے ہین - اور استعمال فارسی مین نَبِیدہ دال مہملہ سے بھی صحیح ہے -

نَبِیرہ - ع - پسرزادہ - پوتا - پوتی - اور کبھی بمعنی دخترزادہ کے بھی آتا ہے - یعنی نواسا - نواسی -

نَبِیسہ - ف - نواسا - نواسی - اور کبھی بمعنی پوتا اور پوتی کے بھی آتا ہے -

نَبِیل - ع - } خوبصورت - بزرگ -
نَبِیلہ - ع - } دانا - عقلمند - فربہ - موٹا

نَبِیہ - ع - بروزن صغیر - آگاہ - خبردار آگاہی دینے والا -

فصل نون مع تاے فوقانی

نِتاج - ع - زادہ - پیدا - بنا ہوا -

نَتائِجَت - ف - مخفف نتوانست کا -

نَتائِج - ع - جمع ہے نتیجہ کی - مرادین - مطالب - انجام کار - بچے - اولاد -

نَتائِج و آثار - ع - مراد ہے مولّدثلاثہ یعنی نباتات - حیوانات - جمادات سے اور مراد حرارت - برودت - رطوبت - یبوست سے بھی -

نَتش - ع - بال اُکھیڑنا - پر اُکھیڑنا - نکالنا کانٹے کا موجنہ سے -

نَتف - ع - بال اُکھیڑنا -

نتن - ع - بدبو -

نتو - ع - اُبھار - ارتفاع - بلندی - اونچا ہونا کسی چیز کا -

نتیجہ - ع - باہر نکالا ہوا - تراشا ہوا - بچہ حاصل - مطلب - غرض -

نتین - ع - بدبو شئے -

فصل نون مع ثاے مثلثہ

نث - ع - پھیلانا - فاش کرنا - ظاہر کرنا -

نثا - ع - خبر -

نثار - ع - وہ چیز جو کسی کے سر پر سے پھاور کرین زر و گوہر وغیرہ کی قسم سے -

نثار - ع - بکھیرنا - نچھاور کرنا - روپیہ اور جنس وغیرہ کسی پر سے تصدق کرنا -

نثر - ع - پراگندہ کرنا - بکھیرنا - وہ سخن جو برخلاف نظم کے ہو -

نثرہ - ع - چوپایہ کی چھینک - چھینکنا ناک کا چھنکنا - نام دوستارون کا ہی - برج اسد مین - آٹھوین منزل چاند کی منزلون مین سے -

فصل نون مع جیم

نجابت - ع - شرافت - اصالت - بزرگواری - گرامی ہونا -

نجات - ع - مخلصی - رستگاری -

نجاح - ع - حاجت روائی مخلصی - رستگاری - چھٹکارا - فیروزی -

نجاد - ع - پرتلہ تلوار کا جو کندھے پر ڈالتے ہین -

نجار - ع - بڑھئی -

نجار - ع - اصل جڑ - ذات -

نجارت - ع - بڑھئی کا پیشہ کرنا -

نجارہ - ع - لکڑی کی چھیلن -

نجار شہروان - ف - کنایہ امام خاقانی سے جو مشہور شاعر ہین اسلیے کہ اُنکے والد بڑھئی کا پیشہ کرتے تھے -

نجاست - ع - پلیدی -

نجاشی - ع - نام بادشاہ حبش کا -

نجاق - ن - نام ایک سلاح یعنی ہتھیار کا -

نجائب - ع - } جمع نجیب کی جسکے
نجبا - ع - } معنی یہ ہین - عمدہ اونٹ - مرد اصیل - بزرگ - برگزیدہ بزرگوار -

نجح - ع - فیروزی - حاجت روائی -

نجد - ع - زمین بلند - نام ایک ملک کا ہی درمیان عرب کے جسکی زمین بلند ہی اور بمعنی آرائش خانہ - دلیری سے غلبہ کرنا - پناہ - خوشی - خرمی -

نجدت - ع - شجاعت - دلیری -

نجس - ع - ناپاک ہونا - پلید - ناپاک -

نجس - ع - پلید - ناپاک -

نجف - ع - نام شہر کا ہی جہان پر مرقد مطہر حضرت علی علیہ السلام کا ہی -

نجل - ع - نسل - اولاد - فرزند - اور پھینک دینا کسی چیز کا -

نجم - ع - ستارہ - اور وہ درخت جسکا تنہ نہو - اور ہندی مین اُسکو بیل کہتے ہین مثل درخت کدو وغیرہ کے -

نجوا - ع - سرگوشی - کانا پھوسی - کان مین چپکے سے بات کہنا - بھید -

نجوم - ع - جمع ہی نجم کی ستارے -

نجیب - ع - عمدہ اونٹ - شریف بزرگ - مرد اصیل -

نجید - ع - دلیر - بہادر -

نجیف - ع - چوڑے سر کا تیر -

فصل نون مع حاے مہملہ

نحاریر - ع - جمع نحریر کی - دانشمند اور زیرک اور عقلمند لوگ -

نحاس - ع - مس جسکو ہندی مین تانبا کہتے ہین - وہ دھوان جس مین آگ کا شعلہ نہو -

نحاس - ع - سرشت - اصل طبیعت -

نحاس - ع - تانبا بنانے والا -

نحافت - ع - دُبلاپن - لاغری -

نکمزوری - ناتوانی -
نَحْت - ع - چھیلنا - صاف کرنا -
نَحر - ع - اونٹ کا قربانی کرنا - اور سینہ پر زخم مارنا -
نَحریر - ع - زیرک - عقلمند - عالم -
نَحس - ع - نامبارک -
نَحل - ع - شہد کی مکھی -
نِحل - ع - جمع نِحلت بمعنی مذہب کی - اور بمعنی مذہبہاے باطل کے بھی اور بخشیں -
نِحل - ع - عورت کا مہر - عورت کے مہر کا نامزد کرنا - دعوے کرنا -
نَحل - ع - عطیہ بخشش -
نَحلت - ع - عورت کا مہر دینا - پیدا کرنا - دعوی کرنا - بخشش بغیر عوض کی -
نِحلہ - ع - بخشش - عطا - صدقہ -
نَحلہ - ع - عورت کا مہر دینا - ایک مکھی شہد کی -
نَحن - ع - مایان - ہم -
نَحو - ع - طریق - راہ - مانند - طرف - قصد - ارادہ - اسلوب - نام ایک علم کا جس سے کلام عرب کے اعراب معلوم ہوتے ہین -
نَحوست - ع - نامبارکی - بدبختی -

نُحول - ع - لاغری - دبلاپن - گداختہ ہونا گلنا - پگھلنا -
نَحیب - ع - رونے کی آواز - اور آہ وزاری - چلّا کے رونا -
نَحیف - ع - دبلا - لاغر - ناتوان - مردِ عاجز -

فصل نون مع خاے معجمہ

نخ - ف - ریشم اور سوت وغیرہ کا دھاگا صفِ لشکر کملی -
نَخّاس - ع - وہ بازار جسمین گھوڑے اور دوسرے چوپائے اور حیوانات اور لونڈی وغلام فروخت ہوتے ہون -
نُخاع - ع - حرام مغز یعنے مغز
نَخاع - ع - مُہرہاے پشت -
نِخاع - ع -
نُخاعہ - ع - وہ لعاب جو گلے سے
نُخامہ - ع - نکلتا ہے -
نُخالہ - ع - بھوسی جو آٹے کے چھاننے سے نکلتی ہے -
نُخبہ - ع - انتخاب کی ہوئی چیز -
نَخجیر - ع - ف - شکار کرنا - شکار کیا ہوا جانور جنگلی جانور مثل ہرن وغیرہ کے - شکار شکارگاہ -
نَخست - ف - اول پہلا -
نَخستین - ف - واضح ہو کہ نخستین

مین یا اور نون زائد ہے -
نَخشب - ع - نام ایک شہر کا ہے ترکستان مین جہان حکیم عطا ابن مُقنع نے سحر وطلسم سے چاند ایک کنوئین سے نکالا تھا -
نَخع - ع - سنگ - آب بینی -
نَخل - ع - درخت خرما - اور چھاننا کاڈ وغیرہ کا -
نَخل بُن - ف - درخت خرما -
نَخلبند - ف - باغبان - مالی -
نَخل تابوت - ف - ایک قسم کی آرائش ہے جو مُردون کے تابوت پر کرتے تھے اور یہ رسم ایران مین شائع تھی -
نَخل طُور - ف - وادی ایمن مین حوالی کوہ طور مین ایک درخت تھا جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تجلی انوار خدا دکھائی دی تھی -
نَخل ماتم - ع - ف - وہی نخل تابوت ہے کے معنی اوپر مذکور ہوئے -
نَخل مریم - ع - ایک درخت خشک تھا - خرما کا جنگل مین جب حضرت مریم جننے کے درد سے بیقرار ہو کر اس درخت کے نیچے تشریف لیگئین تو وہ درخت خشک آب کی برکت سے ہرا ہو گیا -
نَخلہ - ع - ایک درخت خرما کا -

نخلۂ بنی محمود - ع - نام ایک موضع کا درمیان مکہ اور طائف کے -

نخلۂ بنی ہلال - ع - نام ایک مقام کا مکہ معظمہ کی راہ مین - اور یہان ایک باغ ہر خرما کا اور بنی ہلال ایک قبیلہ ہی عرب سے -

نخوت - ع - بزرگی - تکبر - غرور -

نخود - ف - چنا - ایک قسم غلہ کی ہے -

نخیر - ع - یاے معروف سے - ناک کی آواز - آواز بینی -

نخیرہ - ف - بردن فقیر - وہ زمین جس مین کسی درخت کا تخم بوین اور جب درخت کل آوے تو وہان سے کھود کر دوسری جگہ پر لگا دین - اور بمعنے مرد فرومایہ اور کمینہ -

نخیل - ع - ایک درخت خرما کا - اور بہت سے درخت خرما کے - اس لفظ کا اطلاق مفرد اور جمع دونون پر آتا ہی ظاہر ایہ جمع نہین ہی بلکہ اسم جمع ہی -

فصل نون مع دال مہملہ

ندّ - ع - مانند - ہمتا - نظیر - اور نام ایک بت کا بھی ہی -

ندی - ع - تری - نمی - بخشش -

ندا - ع - آواز کرنا - پکارنا -

ندا - ع - تری نم -

ندّاف - ع - روئی کا دھننے والا جسکو دھنیا کہتے ہین -

ندامت - ع - شرمندگی پشیمانی -

نداوت - ع - تری - نمناکی -

ندب - ع - شرط - جوا - قمار - زخم کا نشان -

ندب - ع - مردہ پر رونا اور نوحہ کرنا اور اسکی خوبیون کا بیان کرنا -

ندبہ - ع - نوحہ - شیون - ماتم -

ندرت - ع - تنہائی کمی - اکیلا - اور فرد ہونا - نادر ہونا - تخفگی -

ندف - ع - روئی کا دھنکنا -

ندم - ع - پشیمانی - شرمندہ ہونا -

ندما - ع - جمع ہر ندیم کی - یار اور ہمنشین اور مصاحب لوگ -

ندمان - ع - شرمندہ - پشیمان -

ندید - ع - ہمتا - نظیر - مانند -

ندیر - ع - اکیلا - فرد - غریب -

ندیف - ع - دھنکی ہوئی روئی -

ندیم - ع - مصاحب ہمنشین - شرمندہ پشیمان -

فصل نون مع ذال معجمہ

نذارت - ع - خوف - ڈر - ڈرنا -

نذر - ع - عہد - پیمان - وہ چیز جو اپنے اوپر واجب کرلین - اور جو خدا کے واسطے مثلاً روزہ یا صدقہ وغیرہ مقرر کرلین کھانا فاتحہ روح بزرگون کا - وہ نقد وجنس جو امیرون اور بادشاہون کے سامنے بروقت ملاقات کے رکھین -

نذر - ع - حیران - خوف زدہ -

نذر - ع - خوف - ڈر -

نذیر - ع - ڈرانے والا - اور ایک نام ہی پیغمبر صلعم کے نامون شریف سے اسلیے کہ آپ اپنی امت کو عذاب دوزخ وغیرہ اور نافرمانی خدا سے ڈراتے تھے -

فصل نون مع راے مہملہ

نر - ع - مرد ضد مادہ -

نرجس - مب - معرب نرگس کا -

نرخ - ن - بھاؤ اناج وغیرہ کا -

نرد - ن - گوٹ چوسر شطرنج وغیرہ کی نام ایک بازی کا -

نردبان - ف - سیڑھی - زینہ -

نرگاؤ - ف - بیل - بدھیا -

نرگس - ع - نام ایک پھول کا ہے مجازاً آنکھ -

نرگس شہلا ف - ایک قسم نرگس کی ہی جسمین بجاے زردی سیاہی ہوتی ہی - اور بعضے کہتے ہین نرگس سفید مائل بسیاہی کو کہتے ہین -

نرگس مست - ف - کنایہ معشوق

اور محبوب کی آنکھ سے ـ

نَرگِسی ف ـ نام ایک قلیہ کا جو مرغی کے انڈون سے ترکیب پاتا ہو ـ اور نام ایک قسم کے پلاؤ کا ـ آنکھ سے اشارہ کرنا طعنہ دینا ـ نام ایک شاعر کا ـ

نَرگِسی زَدَن ف ـ چشمک زدن یعنی سین مارنا ـ کنکھیون سے اشارہ کرنا ـ طعنہ دینا ـ

نَرم ف ـ ملائم ـ گدگدا ـ

نَرم آہنی ف ـ عاجزی ـ دلبری ـ

نَرم گردن ع ف ـ تابعدار ـ فرمانبردار ـ

نَرم نَرم ع ف ـ آہستہ آہستہ ـ

نَرمہ گوش ف ـ کان کی لو ـ

نَرمی ع ـ گدگدا پن ـ ضد سختی ـ

نَرمیش ف ـ میڈھا ـ

نَرہ ف ـ عضو تناسل ـ آلت مردی اور بمعنی زشت ـ برا جیسے نَرہ دیو ـ اور بمعنی درخت کے بھی آیا ہو ـ

نَرہ دیو ف ـ بدصورت دیو ـ دیو نر ـ

نَری ف ـ بکری اور بکرے اور مینڈھے کا پٹھا ـ

نَریمان ف ـ رستم پہلوان کا دادا ـ

فصل نون مع زاے معجمہ

نَزار ف ـ لاغر ـ دبلا ـ اور بمعنی مفلس سے بھی ـ

نِزاع ع ـ آرزومند ہونا ـ جھگڑا آرزومندی ـ آپس مین خصومت اور دشمنی کی راہ سے کشاکش کرنا ـ

نَزاکَت ع ـ نازک پن ـ

نَزاکَت کردن ف ـ اپنی نازک مزاجی کا اظہار کرنا ـ

نَزاہَت ع ـ پاکی ـ ناپاکی اور بدی سے دور ہونا ـ

نَزح ع ـ کنوئین کا پانی کھینچنا ـ

نَزدِ ف ـ مخفف نزدیک کا ـ

نَزدیک ف ـ پاس ـ قریب ـ

نَزر ع ـ قلیل ـ تھوڑا ـ بیزہ ـ

نَزع ع ـ ایک شے کو اسکی جگہ سے کھینچنا ـ جان کندن ـ دم توڑنا ـ

نَزف ع ـ تمام پانی کنوئین کا کھینچ لینا ـ سست کرنا ـ خون چلنا کسی عضو سے جریان خون کا ـ

نُزُل ع ـ ضیافت ـ مہمانی جو مہمان کے آگے رکھین ـ کھانا جو مہمان کے کھانے کے واسطے رکھین ـ

نُزلہ ع ـ آب منی مرد ـ

نُزول ع ـ اترنا ـ

نُزول ف ـ فوج کا پڑاؤ ـ اترنے کا مقام آدمیون کا ـ

نَزہ ع ـ کل عیبون سے پاک ـ مجازاً بمعنی تازہ و خوب ـ

نَزاہَت ع ـ بے عیب ہونا ـ پاکیزگی نکوئی ـ خوشحالی ـ

نَزیدَن ع ف ـ باہر کھینچنا ـ باہر نکالنا ـ

نَزیف ع ـ تپ زدہ ـ مست اور بیہوش ـ وہ شخص جسکا خون بہت نکلا ہو ـ اور اس سبب سے وہ سست ہوگیا ہو ـ وہ شخص جسکی زبان پیاس کے سبب سے خشک ہوگئی ہو ـ

نَزیل ع ـ مہمان ـ مسافر ـ پردیسی جو سراے وغیرہ مین جاکر اترے ـ

فصل نون مع زاے فارسی

نَژاد ف ـ اصل ـ نسب ـ

نَژادہ ف ـ اصیل ـ نجیب ـ

نَژخار ف ـ بانگ ـ فریاد ـ نعرہ ـ

نَژم ف ـ وہ بخار جو جاڑون مین صبح کے وقت زمین پر ہوتا ہی بندی مین اسکو کہرا کہتے ہین ـ

نَژند ف ـ اندوہگین ـ سرنگون ـ خوار سرگشتہ ـ غمگین ـ خفا ـ

نَژیدَن ف ـ کھینچنا ـ

فصل نون مع سین مہملہ

نَسّ ع ـ اونٹ کا ہانکنا ـ

نِسا ع ـ عورتین ـ یہ جمع امرأۃ کی

خلاف قیاس ہے۔
نَسا ع۔ نام رگ کا چوتڑ سے پنڈلی تک
نَسّاج ع۔ کپڑے کا بُننے والا۔
نسابج ع۔ جمع ہو نسیج کی جو بھی کپڑے کے ہو۔
نَسائم ع۔ جمع نسیم کی سرد اور خوشبودار ہوائین۔ نرم ہوائین۔
نَسب ع۔ نسل۔ تزاد۔ خاندان۔
نُسب ع۔ جمع نسبت کی ہو۔
نِسبت ع۔ لگاؤ۔ علاقہ۔
نَستر ف مخفف نسترن کا۔
نَسترن ف۔ نام ایک پھول کا جو خوشبودار ہوتا ہو عربی مین اُسکو نسرین اور ہندی مین سیوتی کہتے ہین۔
نستعلیق ع۔ یہ لفظ اصل مین نسخ قلمیق تھا چونکہ یہ لفظ نسخ اور لفظ تعلیق سے نکلا ہو اس لیے یہ نام اسکا ہوا پس بسبب کثرت استعمال اور تخفیف کے خاے مجمہ کو حذف کردیا۔
نستعلیق حرف زدن ف فصیح اور بلیغ گفتگو کرنا۔ الفاظ کو اُنکے مخرج سے ادا کرنا۔
نستعلیق گو ف۔ فصاحت و بلاغت سے کلام کرنے والا۔ الفاظ کو اُن کے مخرج سے نکالنے والا۔

نسْتُوہ ف۔ نافرمان۔ غیر مطیع۔
نسیج ع۔ کپڑا بُننا۔ بُنا ہوا۔
نسیخ ع۔ دور کرنا۔ زائل کرنا۔ رد کرنا۔ بُری چیز کا اچھی چیز سے۔ لکھنا۔ نام خط عربی کا جسکو خواجہ عبدالدین نے نکالا تھا۔
نُسخ ع۔ جمع نسخہ یعنی کتاب کی۔
نُسخہ ع۔ کتاب۔ لکھا ہوا کاغذ۔ وہ پرچہ جس پر حکیم دوا لکھکر بیمار کو دیتا ہو۔
نَسر ع۔ کرگس۔ گدہ۔ اور نام ایک بُت کا بھی ہو۔
نسر طائر ع۔ نام ایک ستارہ کا ہے آسمان پر بصورت اُس کرگس کے جو اُڑنے کو تیار ہو اور یہ ستارہ منطقۃ البروج کے اُتر طرف واقع ہو اور اسکو عقاب بھی کہتے ہین۔
نسر واقع ع۔ نام ایک ستارہ روشن کا بصورت اُس کرگس کے جو اوپر سے نیچے آتا ہوا ہو اور یہ ستارہ آسمان پر قطب جنوبی کی طرف ہو۔
نسرین ع۔ نام ایک پھول سفید خوشبودار کا جسکو فارسی مین نسترن اور ہندی مین سیوتی کہتے ہین۔
نسرین ع۔ تثنیہ نسر کا ہے اور یہ دو ستارے ہین آسمان پر ایک کو نسر طائر اور دوسرے کو نسر واقع کہتے ہین اور یہ دونون بصورت گرگس یعنی گدہ کے ہین۔
نسطور ف۔ **نسطوری** ف۔ نام ایک دانشمند اور محبتد کا قوم ترسا ہین سے۔
نسف ع۔ بنیاد کا کھودنا۔
نسف ع۔ نام ایک شہر کا۔
نسق ع۔ روش۔ دستور۔ اور ترتیب دینا۔
نسق بند ف۔ انتظام کرنے والا۔ ملک کا عامل۔
نسقچی ف۔ چوبدار انتظام کرنے والا شہر اور لشکر کے لوگون کا۔
نسک ف۔ نام ایک غلہ کا جس کو ہندی مین مسور کہتے ہین۔
نسک ع۔ قربانی عبادت۔
نسک ع۔ قربانیان۔ عبادتین جمع ہو نسک کی۔
نسل ع۔ اولاد۔ کنبہ۔
نسم ع۔ مردم۔ آدمی۔
نسمات ع۔ خوشبوئین۔
نسمہ ع۔ دم۔ آدمی۔ روح۔
نسناس ع۔ بن مانس یہ ایک

جانور ہوتا ہو مشابہ انسان سے۔
نسوُ۔ع۔ واؤ معروف سے بمعنی نرم و ہموار۔
نسوان۔ع۔ جمع امرأۃ کی ہے خلاف قیاس عورتین۔
نسوۃ۔ع۔ عورتین۔ یہ ایسی جمع ہے جسکا مفرد نہین ہو۔
نسی۔ع۔ بھولی ہوئی چیز۔
نسیان۔ع۔ فراموشی۔ بھول۔ فراموش کرنا۔ بھولنا۔
نسیان۔ع۔ وہ شخص جسپر بھول بہت غالب ہو۔ بھلکڑ۔
نسیاً منسیاً۔ع۔ کمال فراموش بہت بھولا ہوا۔
نسیب۔ع۔ شخص عالی نسب۔
نسیج۔ع۔ } بنا ہوا جامہ۔ ایک قسم
نسیجہ۔ع۔ } حریر زربافت کی۔
نسیق۔ع۔ آراستہ کیا ہوا۔
نسیم۔ع۔ نرم ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔ خوشبودار شے۔
نسیہ۔ع۔ قرض۔ اُدھار۔

فصل نون مع شین معجمہ

نش۔ع۔ سایہ درخت کا۔ اور مقام سایہ دار جہان درخت ہون۔
نشا۔ع۔ پیدا کرنا۔ نو پیدا ہونا۔ مجازاً بمعنی جہان اور عالم کے مستعمل ہوتا ہو۔ اس لفظ کے آخر مین ہمزہ بصورت الف ہو۔
نشاب۔ع۔ تیرگر۔ تیر بنانے والا۔
نشاپور۔ف۔ مخفف نیشاپور کا نام ایک شہر کا خراسان مین۔ اور نشاپور نام ایک شہ کا بھی ہو مویشی سے۔
نشاٗت۔ع۔ پیدائش ہر ایک قسم کی عالم موجودات۔ نیا پیدا ہونا۔ نوجوان ہونا۔ شروع کرنا۔
نشاٗتین۔ع۔ دنیا و آخرت۔
نشارہ۔ع۔ برادہ لکڑی اور ہاتھی دانت وغیرہ کا۔
نشاط۔ع۔ خوشی۔ شادمانی۔
نشاط۔ع۔ جمع ہو نشیط کی جسکے معنے خوش اور شادمان کے ہین۔
نشاط از پشت راندن۔ف۔ کنایہ ہو جماع سے۔
نشاف۔ع۔ جذب کرنے والا۔ اپنے مین کھینچ لینے والا۔
نشاف۔ع۔ مجنون۔ دیوانگی خبط سڑی پن۔
نشان۔ف۔ حکم فوج کا جھنڈا لشکر کا فرمان بادشاہ کا۔
نشاندن۔ف۔ بٹھلانا۔
نشانہ۔ف۔ جگہ تیر مارنے کی۔ جگہ گولی مارنے کی۔
نشانیدن۔ف۔ بٹھلانا۔
نشب۔ع۔ ہر ایک قسم کی جائداد خواہ لونڈی غلام ہو خواہ مال اور دولت خواہ املاک وغیرہ۔
نشتر۔ف۔ مخفف ہے نیشتر کا۔ اوزار فصد کھولنے کا۔
نشخوار۔ف۔ بروزن دشوار۔ جگالی جیسے بکری اور گائے وغیرہ جگالی کرتی ہین۔
نشدت۔ع۔ جستجو کرنا۔ گم ہوئی چیز کا ڈھونڈھنا۔
نشر۔ع۔ بوے خوش۔ خوشبو۔ دوبارہ گھاس کا ہرا ہونا۔ آرہ سے لکڑی کا کاٹنا۔ پھیلانا۔ فاش کرنا خبر کا مجازاً زندگی۔
نشر۔ع۔ پراگندہ ہونا۔ پراگندہ پراگندگان۔ واحد اور جمع دونون مقام پر مستعمل ہوتا ہے۔
نشرہ۔ع۔ تعویذ جو حفاظت اطفال کیلیے لکھین۔ افسون۔ منتر۔
نشرہ۔ع۔ شادی ختم قرآن کی۔ وہ کاغذ یا وصلی جسپر زعفران اور شنگرف سے بروز مکتب نشینی لڑکون کے لیے

لکھتے ہین۔

نشتر ۔ع۔ بلندی ڈھوہ ٹیلہ ۔ بلند۔
نشستر ۔ع۔ } بیٹھنا ۔ بلند جگہ۔
نشستن ۔ف۔ بیٹھنا ۔ اور بمعنی بودن اور ماندن کے بھی آیا ہی۔

نشط ۔ع۔ سانپ کا کاٹنا کنوئین سے پانی بھرنا بغیر چرخی کے ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔ گرہ کا آسانی سے کھولنا

نشف ۔ع۔ جذب کرنا ۔ کپڑے کا پسینہ کو جذب کرلینا۔

نشف ۔ع۔ ایک قسم کا سیاہ پتھر جو نہایت سخت ہوتا ہی۔

نشف ۔ع۔ کاسۂ سر ۔ کھوپری ۔ بکڑی کا پیالہ۔

نشق ۔ع۔ سونگھنا ۔ ہرن کا دام مین پھنسنا۔

نشق ۔ع۔ خوشبو۔

نشکردہ ۔ف۔ رانپی اور ایک اوزار ہے چمارون کا چمڑا کاٹنے کا۔

نشکرم ۔ف۔ بمعنی شکار نکم یعنے شکار نہ کرون گا مین۔

نشلیج ۔ف۔ دو انگلیون کے سرون یا ناخنون سے کسی کا گوشت اسطرح سے پکڑنا کہ درد کرنے لگے ۔ ہندی مین اسکو چٹکی لینا کہتے ہین۔

نشو ۔ع۔ پیدا ہونا ۔ اور بمعنی اگنا اور بڑھنا کے بھی۔

نشوار ۔ف۔ بمعنی شخوار جس کی ہندی جگالی ہی۔

نشوان ۔ع۔ مست ۔ متوالا۔

نشوۃ ۔ع۔ ظاہر ہونا ۔ مست ہونا ۔ متوالا ہونا۔

نشوۃ ۔ع۔ خوشبو دریافت کرنا ۔ خبردار ہونا۔

نشور ۔ع۔ زندہ ہونا ۔ یوم النشور مراد روز قیامت سے۔

نشوز ۔ع۔ ناموافقت کرنا عورت کا اپنے شوہر سے اور نافرمانی کرنا۔

نشوق ۔ع۔ وہ پتلی دوا جو ناک مین ٹپکائین۔

نشوونما ۔ع۔ پیدا ہونا ۔ اگنا ۔ بڑھنا اور لفظ نما کو نون کے ضمہ سے پڑھنا غلط ہے اس لیے کہ نما لفظ عربی ہی بمعنے افزایش اور بالیدگی کے۔

نشہ ۔ف۔ بروزن پشہ ۔ بیہوشی۔ کند ہونا اور ناقص ہوجانا ہوش وحواس کا بسبب پینے شراب اور بھنگ وغیرہ کے اور اس معنی مین نشا الف اور ہمزہ کے ساتھ لکھنا غلط ہی۔

نشیب ۔ف۔ یاے مجہول سے پستی پست زمین ۔ نچان ۔ مخفف اسکا شیب بھی آتا ہی۔

نشید ۔ع۔ یاے معروف سے شعر پڑھنا ۔ آواز بلند کرنا۔

نشید ۔ف۔ یاے مجہول سے ۔ سرود آواز گانے کی۔

نشیط ۔ع۔ خوش ۔ شادمان۔

نشیم ۔ف۔ یاے مجہول ومعروف دونون سے درست ہی مخفف نشیمن کا بمعنی آشیانہ وآرامگاہ۔

نشیمن ۔ف۔ یاے مجہول سے بمعنے خلوتخانہ وآرامگاہ ۔ پرند کا گھونسلا۔

نشین ۔ف۔ بیٹھنے والا ۔ (مگر ترکیب کی حالت مین) صیغہ امر کا بمعنی بیٹھ۔

فصل نون مع صاد مہملہ

نص ۔ع۔ خوب دریافت کرنا کسی امر کو یہان تک کہ اصل حال اسکا کھل جاے ۔ بلند کرنا کسی چیز کا۔ ظاہر کرنا۔ اور علم اصول کی اصطلاح مین وہ آیت قرآنی جس مین صاف صاف بیان ہوا اور جو ظاہر اور ممتاز کردے متشابہ کو کہ یہ ملک ہی اور وہ بد۔ اور فارسی لوگ ہر کلام صریح اور آشکارا اور پر ظاہر کو نص کہتے ہین۔

نِصاب - ع - وہ مقدار مال کی جسپر زکوٰۃ واجب ہوجائے اقل درجہ اُس مال کا چاندی مین دوسو درم اور سونے مین بیس مثقال ہو اور زکوٰۃ مال کی چالیسوان حصہ اُس مال کا ہوتا ہو - بعد ہر سال کے اور فارسی مین لفظ نصاب اکثر بمعنے زراور سرمایہ اور پونجی کے مستعمل ہوتا ہے -

نِصاخ - ع - کپڑا وغیرہ سینے کا دھاگا - نام ایک مرد کا قاریون مین سے -

نَصارٰی - ع - عیسوی - عیسائی -

نِصال - ع - جمع ہو نُصل کی - تیرون اور نیزون کی پھالین -

نَصائح - ع - جمع ہو نصیحت کی -

نَصَب - ع - برپا کرنا - دشمن رکھنا - حرکت زبر کی کلمۂ معرب مین جس طرح فتحہ کلمۂ مبنی مین ہوتا ہو -

نُصُب - ع - بت اور جو چیز واسطے **نَصْب** - ع - پوجا کے قائم کرین اور نَصَب بمعنی رنج بھی -

نَصْبُ العَین - ع - مدِّنظر منظور خاطر - مقابل چشم -

نِصْف - ع - کپڑا سینا -

نَصْح - ع - نصیحت کرنا - پند دینا - نیکی چاہنا - نصیحت - پند -

نَصْر - ع - یاری کرنا - مدد دینا -

نَصَر - ع - یاری کرنے والے - مدد دینے والے - یہ جمع ناصر کی ہو - اور نام پدر قبیلہ کا بنی اسد سے -

نَصْرانی - ع - وہ شخص جو مذہب عیسوی رکھتا ہو -

نُصْرَت - ع - یاری کرنا - مدد دینا -

نِصْف - ع - یعنی آدھا - ½ -

نَصْفَت - ع - انصاف - نباؤ - اور نَصْفَت غلط مشہور ہے -

نَصْل - ع - تیر اور نیزے کی پھال -

نَصُوح - ع - صاف - خالص - وہ توبہ استوار جس کے بعد پھر گناہ ہرگز نہ کرے - نام ایک حمامی کا جسکے توبہ کرنے کا قصہ مثنوی معنوی مین مفصل لکھا ہے -

نُصُوص - ع - وہ آیات قرآنی جنکے معنی ظاہر اور صاف صاف ہون -

نُصُول ع جمع ہو نُصل کی - تیرون اور نیزون کی پھالین -

نَصِیب - ع - قسمت - حصہ - تقدیر -

نَصِیبَہ - ع - بہرہ - روزی - حصہ -

نَصِیح - ع - نصیحت کرنے والا -

نَصِیحَت - ع - پند - بھلی بات -

نَصِیر - ع - مددگار - یاری کرنے والا اور نام ایک قبیلہ کا یہود سے -

نَصِیرِی - ع - نام ایک فرقہ کا جو منسوب ہے نُصَیر سے - اور نُصَیر نام ایک شخص کا ہو فدائیان حضرت علی علیہ السلام سے جو آپ کو نعوذ باللہ منہا خدا کہتا تھا اور وہ حضرت اُسکو قتل فرماتے تھے اور پھر وہ زندہ ہوجاتا تھا اور اُس کا قصہ مشہور ہو - پس نصیری بمعنی فدوی جان نثار اور مضبوط اعتقاد والے کے مستعمل ہو -

نَصِیف - ع - ایک عرض کی چادر جو بُنی ہوئی ہو - ہر چیز کا آدھا حصہ اور بمعنی خادم کے بھی -

فصل نون مع ضاد معجمہ

نَضار - ع - زر - سونا - ہر شے جو خالص ہو -

نَضارَت - ع - تازگی - آبداری -

نَضِج - ع - پختہ ہونا میوے کا پکنا ہر شے کا - پکنا زخم اور مادہ اور خلط کا -

نَضح - ع - پانی کھینچنا -

نَضْح - ع - حوض - انضاح اُسکی جمع آتی ہے -

نَضر - ع - زر - تازہ روئی - اور تروتازگی -

نَضرت - ع - تروتازگی -
نَضُو - ع - زائل ہونا رنگ خضاب کا -
نُضوب - ع - پانی کا زمین کے اندر سما جانا -
نَضیج - ع - میوہ - پختہ - دل پکا ہوا - ہر چیز کا مادہ پختہ جسکی پختگی آگ کے ذریعہ سے نہو -
نَضیح - ع - عرق - حوض -
نَضیر - ع - تازہ - آبدار - زر سونا نام ایک قبیلۂ یہود کا بھی -

فصل نون مع طاے مہملہ

نَطاۃ - ع - نام ایک قلعۂ خیبر کا -
نِطاق - ع - کمربند - ہندی پٹکا -
نَطح - ع - سینگ مارنا - بکری وغیرہ کا -
نَطع - ع - چمڑے کا بچھونا - اور فرش وہ کھال جسکو فقیر لوگ کمر پر لپیٹتے ہین - اور یہ لفظ طاے مہملہ کے فتحہ سے بھی آیا ہے یعنی نَطع -
نَطع پوشان - ف - کنایہ پہلوانون سے اسلیے کہ وقت کشتی لڑنے کے چمڑہ کی جانگیا پہنتے ہین -
نَطعی - ف - چمڑے کی جانگیا جسکو پہلوان کشتی لڑتے وقت پہنتے ہین -
نَطف - ع - عیب دار ہونا - سر کا شکستہ ہوجانا اس طرح پر کہ مغز سر پر زخم پہونچے - تباہی زخم کی -
نُطَف - ع - جمع نُطفہ کی -
نُطفہ - ع - صاف پانی - مرد کی منی -
نُطفہ - ع - گوشوارہ -
نُطق - ع - بات کرنا - بولنا -
نُطُق - ع - جمع نِطاق کی جو بمعنی کمربند یعنی پٹکہ کے ہے -
نُطو - ع - دور ہونا - دوری -
نُطول - ع - دواؤن کے جوش دیے ہوئے پانی سے کسی عضو کو دھارنا - پاشویہ کرنا - گرم پانی کا تریرہ دینا -
نُطول - ع - وہ پانی دواؤن کا جوش دیا ہوا جس سے دھارین -

فصل نون مع ظاے معجمہ

نُظّار - ع - نظر کرنیوالے - دیکھنے والے -
نُظّار - ع - زر سونا - خالص چیز -
نُظارت - ع - نظر کرنا کسی چیز کو دیکھنا - نگہبانی -
نَظارت پیشہ - ف - نگہبان - خواجہ سرا -
نَظارگی - ف - دیکھنا - دیدہ بازی کرنا مجازاً دیکھنے والا - تماشائی -
نَظارہ - ع - بغیر تشدید ظا کے دیکھنا کسی چیز کا - فارسی مین تشدید ظا سے بھی مستعمل ہے -
نَظّارہ - ع - دیکھنے والے - اور نظر کرنے والے -
نَظافت - ع - پاکیزگی -
نِظام - ع - دھاگا جسمین جواہر پروئے جائین - آراستگی کسی چیز کی - انتظام سلسلہ کسی انتظام کا -
نَظّام - ع - جمع ناظم کی - انتظام کرنے والے - شعر کہنے والے -
نِظامیہ - ع - نام ایک مقام کا -
نَظائر - ع - جمع نظیر کی - مثالین -
نَظر - ع - نگاہ - تامل اور بمعنی فکر کے بھی آیا ہے -
نَظربازی - ف - وہ شخص جو صرف دیکھنے کا مزا اٹھائے -
نَظربند - ف - وہ قیدی جو نظر سے غائب نہونے پائے -
نَظرتنگ - ف - کنجوس -
نَظرداشتن - ف - عاشق ہونا -
نَظرزدن - ف - دیکھنا -
نَظرغلط انداز - ف - کنایہ معشوق کی ایسی نظر سے جو عاشقون کو غلطی مین ڈالے یعنی ہر عاشق یہی جانے کہ یہ خاص ہم ہی کو دیکھتا تھا -
نَظری - ع - یہ پہلی قسم ہے حکمت کی دونون قسمون مین سے واضح ہو کہ

حکمت نظری کو حکمت علمی بھی کہتے ہین اور یہ تصور حقائق موجودات کا ہوا اور قسم دوسری حکمت عملی ہو اور اقسام نظری کے بہت ہین جیسے علم ہیئت علم تشریح علم معادن علم نباتات وغیرہ۔

نظر یافتن - ف - ترتیب پانا کسی سے فیضیاب ہونا۔

نظم - ع - پرونا موتیون کا دھاگے مین مجاز کلام موزون شعر - آرائش - آراستہ کرنا۔

نظم آرائے شروان - ف - کہنا یہ ہی خاقانی شاعر مشہور سے۔

نظم و نسق - ع - انتظام کرنا - اور آرائش اور آراستگی۔

نظیر - ع - مانند - مثل۔

نظیف - ع - حلال - پاک - طاہر۔

فصل نون مع عین مہملہ

نعاب - ع - کوے کا بچہ۔

نعاج - ع - جمع نعجہ کی - بھیڑیان۔

نعاس - ع - اونگھنا - اونگھ - سوررہنا۔

نعال - ع - نعلبند۔

نعال - ع - جمع ہو نعل کی جس کے معنی آگے لکھے ہین۔

نعامہ - ع - شتر مرغ۔

نعائم - ع - جمع ہو نعامہ کی شتر مرغ - اور نام بیسوین منزل کا چاند کی منزلون سے۔

نعت - ع - توصیف - صفت - تعریف کرنا خاصکر صفت رسول اللہ صلعم کی۔

نعثل - ع - کفتار نر - ہندی مہنڈار - پیرنا دان - نام ایک مرد دراز ریش کا جس سے حضرت عثمانؓ کو تشبیہ دیتے تھے۔

نعج - ع - خالص سفیدی سفید ہونا۔

نعج - ع - موٹا ہونا اونٹ کا۔

نعجہ - ع - بھیڑی - مادہ میش۔

نعرہ - ع - زور کی آواز۔

نعش - ع - جنازہ مردے کا خواہ مردہ مسلمان ہو خواہ غیر مسلمان اور بنات النعش کو بھی کہتے ہین اور یہ سات ستارے ہین آسمان پر بجانب شمال۔

نعل - ع - جوتی - پاپوش کفش - اور وہ لوہا جو کفش کی ایڑی اور گھوڑے وغیرہ کے پاؤن مین لگاتے ہین - اور وہ لکڑی وزن دار جسکو کشتی گیر ہلاتے اور اٹھاتے ہین۔

نعل افگندن - ف - گھوڑے کا دوڑنا گھوڑے کا عاجز ہو جانا چلنے سے۔

نعلبند - ف - وہ شخص جو چوپایون کی نعل باندھتا ہو۔

نعل بہا - ف - جو راجہ اور بادشاہ اپنے ملک کی آمدنی دوسرے قوی بادشاہ کو دے تاکہ وہ اسکے ملک کو تاراج نہ کرے۔

نعل در آتش - ف - بیقرار یہ ایک عمل ہو کہ جسکو اپنی محبت مین بیقرار کرنا منظور ہوتا ہے تو گھوڑے کی نعل پر اسکا نام لکھکر آگ مین ڈال دیتے ہین اور کچھ افسون پڑھتے ہین پس وہ شخص اپنے طالب کی محبت مین بے قرار ہوکر اسکے پاس چلا آتا ہو اور اسکا مطیع ہو جاتا ہو اور بمعنی اضطراب اور بیقراری کے بھی لکھا ہے۔

نعل در آتش نہادن - ف - کسی کو اپنی محبت مین بیقرار کرنا۔

نعل ریختن - ف - گھوڑے کا دوڑنا۔ گھوڑے کا عاجز ہو جانا چلنے سے۔

نعل وارگون بستن - ف - کسی کو بہکا دینا۔

نعلین - ع - دو جوتیان۔

نعلین چوبین - ف - کھڑاؤن۔

نعم - ع - جمع ہے نعمت کی۔

نعم - ع - آرے - بلے - ہان - اور بمعنی چوپایہ مثل اونٹ گاے وغیرہ کے۔

نعم - ع - نازکی - نرمی - نکوئی۔

نعم - ع - نیک - اچھا۔

نعماء - ع - بمعنی نعمت - اور یہ صیغہ اسم جنس کا ہے جمع نہین ہے - اور

بیضے اسکو اسم جمع کہتے ہین -

نعمان - ع - ایک بادشاہ عرب کا نام ہر جسکو نعمان بن منذر کہتے ہین - اور امام ابوحنیفہ کا نام بھی - اور نام ایک شخص کا جسکو نوشیروان بادشاہ نے ہاتھی کے پاؤن کے نیچے کچلوا ڈالا تھا اور جمع نعم کی چوپائے -

نعمان - ع - نام ایک نہر کا -

نعم البدل - ع - بہتر بدلا - نیک عوض -

نعمت - ع - دسترس - مال - روزی ناز - آسائش - نکوئی بخشش - عطا -

نعناع - ع - پودینہ -
نعنع - ع -

نعوت - ع - جمع نعت کی -

نعوذ - ع - پناہ مانگتے ہین ہم -

نعوذ باللہ - ع - پناہ مانگتے ہین ہم خدا سے -

نعوس - ع - دودھ والی اونٹنی -

نعوط - ع - اسادگی آلہ تناسل کی -

نعومت - ع - نازکی - نرم ہونا - نرمی نازک ہونا -

نعی - ع - کسی کے مرنے کی خبر کسی کو پہونچانا - شہرت دینا کسی کی بدی کا مشہور کرنا موت کی خبر کا -

نعی - ع - موت کی خبر دینے والا - اور اسی معنی مین (نا عی) بھی ہر -

نعیب - ع -
نعیق - ع - کوے کی آواز -

نعیم - ع - بہشت نعمت نیکی - دسترس مال - ناز - نازکی -

فصل نون مع غین معجمہ

نغز - ف - نادر - خوب -

نغزک - ف - ہر شے نادر اور خوب اور لطیف - ہر چھوٹا کام جو خوبی کے ساتھ ہو - اصطلاحاً نام میوۂ ہندی کا جسکو آم کہتے ہین -

نغل - ف - وہ جگہ جہان چوپائے رات کو جنگل مین رہین - سیراب ہونا -

نغل - ع - بدنسب - خراب - چغلخور کینہ ور رہونا - کینہ وری -

نغل - ع - تباہ ہونا -

نغم - ع - جمع ہر نغمہ کی - گیت اور راگ بہت سے -

نغمات - ع - آوازین خوش اور نرم اور ملائم اور خوب اور دلکش -

نغمہ - ع - آواز خوب اور مرغوب -

نغمہاے نیم رنگ - ف - وہ نغمے جو رنا تمام رہجائین -

نغنغہ - ف - آواز لطیف - نغمہ سرود - راگ -

فصل نون مع فا

نفاثات - ع - عورتین جادوگرنیان جو رسی یا ڈورے وغیرہ مین منتر پڑھ پڑھکے گرہین لگاتی ہین -

نفاخ - ع - پھلانے والا -

نفاذ - ع - گذرنا - تمام ہونا - کٹے ہونا بے توشہ ہونا - بے چوپایہ جانور کا ہونا -

نفاذ - ع - گذر جانا - یعنی پار ہو جانا تیر کا نشانہ کو توڑکر - جاری ہونا فرمان اور نامہ کا - جاری ہونا حکم کا -

نفاس - ع - رفبت کرنا کسی چیز کی - وہ خون جو عورت کو بعد جننے کے آتا ہے زچہ خانہ کے دنون مین -

نفاست - ع - عورت کا زچہ ہونا - حسد اور بخیلی کرنا - اور معنے خوبی - پسندیدگی - لطافت -

نفول - ف - وہ مقام جہان چوپائے رات کو جنگل مین رہین -

نفول - ف - عمیق - گہرا - بعید دور دراز - تمام - کامل -

نفول - ف - زوبان - سیڑھی -

نفولہ - ف - واو مجہول سے سر کے بال پیچ دیے ہوئے جسکو ہندی مین جوڑہ کہتے ہین - اور بمعنی زلف معشوق کے بھی آیا ہے -

نفاع ع۔ بڑا نفع پہونچانیوالا۔
نفاع ع۔ جمع نافع کی۔ نفع اور فائدہ پہونچانے والے۔
نفاغ ف۔ بڑا پیالہ۔
نفاق ع۔ رواج۔ جاری۔ رواج پانا
نفاق ع۔ دل مین کچھ اور ظاہر کچھ کرنا۔ دوغلا پن۔ دشمنی رکھنا۔
نفائح ع۔ خوشبوئین۔
نفائس ع۔ جمع ہر نفیسہ کی عمدہ اور پسندیدہ چیزین۔
نفت ت۔ ایک قسم کا روغن سیاہ رنگ ہر جو زمین سے نکلتا ہے اور اسی کا موب نفط ہے۔
نفث ع۔ پھونکنا کسی چیز کا فضلہ منہ سے پھینکنا۔
نفح ع۔ چلنا ہوا کا پھیلنا خوشبو کا۔
نفحات ع۔ خوشبوئین جمع نفحہ کی۔
نفحہ ع۔ خوشبو۔
نفخ ع۔ پھونکنا۔ ہوا سے بھرنا۔
نفخات ع۔ جمع نفخہ کی۔
نفخہ ع۔ ایک مرتبہ پھونکنا۔
نفد ع۔ روانی کسی شی کی۔ جاری ہونا کسی چیز کا۔
نفر ع۔ گروہ آدمیون کا تین سے دس تک۔ فارسی مین ایک شخص پر اسکا اطلاق ہوتا ہے۔ اور بمعنی جا کر کے بھی آیا ہے۔
نفرت ع۔ کسی چیز سے بھاگنا گھن کرنا بیزار ہونا۔
نفرۃ ع۔ ایک بار گھن کرنا۔ ایک مرتبہ بھاگنا اور بیزار ہونا۔
نفرین ع۔ دعاے بد۔ ملامت پھٹکار۔
نفس ع۔ دم۔ سانس۔ واضح ہو کہ سانس کے آنے اور جانے دونون وقتون کو ملا کر مجموع ایک نفس ہے جمع اسکی انفاس آتی ہے۔
نفس ع۔ جان۔ روح۔ حقیقت شے کی ہستی۔ عین ہر چیز کا۔ جمع اسکی نفوس اور انفس آتی ہے۔ اور نفس بمعنی خون اور تن اور چشم زخم کے بھی آیا ہے اور فارسی مین بمعنی آلت تناسل کے بھی مستعمل ہے۔ واضح ہو کہ اصطلاح تصوف مین نفس کی تین قسم ہے اس طرح۔
نفس امارہ ع۔ خواہش طبیعت انسان کی طرف لذات دنیا اور مزے کامون کے امارہ صیغہ مبالغہ کا ہے یعنے سخت حکم کرنے والا۔
نفس لوامہ ع۔ اپنے آپ کو ملامت کرنیوالا۔ نور دل کی ہدایت سے گناہون کے کرنے پر اور ایسا نفس نیکون اور اچھے لوگون کو حاصل ہوتا ہے۔
نفس مطمئنہ ع۔ یہ وہ نفس ہے جو بری باتون سے بالکل پاک صاف ہے اور کل اچھی باتون سے موصوف اور خدا کے پاس نہایت اطمینان سے جاتا ہے۔
نفس الامر ع۔ حقیقت کسی کام کی اصل مدعا۔ ثابت تحقیق۔ واقعی۔
نفسانی ع۔ منسوب طرف نفس کے۔
نفسانیت ع۔ خود غرضی۔ ہٹ دھرمی
نفس بہیمی ع۔ جان حیوان چوپایہ کی اور مراد اس سے نفس امارہ ہے۔
نفس ربا ت۔ وہ کلام جسکا پڑھنا زبان پر سہل ہو۔ دشوار نہو۔
نفس راست کردن ت۔ توقف کرنا۔ ٹھہر جانا۔ آرام لینا۔
نفس زدن ت۔ سانس لینا۔
نفس سوختن ت۔ ہانپنا۔ دم کا پھولجانا جیسا کہ بعد دوڑنے اور زیادہ محنت کرنے کے کیفیت ہوجاتی ہے۔ اور نفس سوختن کنایہ ہے محنت کرنے سے بھی۔
نفس کل ع۔ کنایہ عرش سے۔
نفس کشادن ت۔ کلام کرنا۔

نفس ناطقہ ع۔ حکما کی اصطلاح مین یعنے روح وجان ہو۔
نفس نباتی ع۔ وہ روح جو روئیدگی اور درختون مین ہوتی ہو۔
نفس واپسین ف۔ مرتے وقت کی سانس۔
نفسی ع۔ اپنا ذاتی۔ یہ منسوب ہو طرف نفس کے۔
نفسی ع۔ سانس کا۔ یہ منسوب ہو طرف نفس کے۔
نفش ع۔ روئی اور اون دھنکنا۔
نفض ع۔ جھاڑنا۔ کپڑے کا جھٹکنا۔ درخت کا ہلانا۔ عورت کا بہت بچے جننا۔ لرزہ کی تپ کا کسی کو ملا دینا۔ پتہ اور میوہ درخت سے گرنا۔
نفط مب۔ معرب نفت کا۔ اور یہ لفظ بکسر اول فصیح ہو۔ یہ ایک قسم کا روغن سیاہ اور سفید ہوتا ہے جو ملک شروان مین زمین سے اُبلتا ہے اور کبھی مجازاً بارود کو بھی کہتے ہین۔
نفطہ ع۔ آبلہ۔
نفع ع۔ فائدہ۔ سود۔
نفق ع۔ تمام ہونا خرچ کا۔ نیست ہونا۔ روان اور جاری ہونا پانی وغیرہ کا۔ راہ باریک زمین کے اندر کی سرنگ کا سوراخ۔
نفقہ ع۔ کھانا وکپڑا اور خرچ وغیرہ جو اولاد اور بیوی وغیرہ کو دین۔
نفل ع۔ زائد۔ وہ عبادت جو بندے پر واجب نہو۔
نفوخ ع۔ سوکھی دوا جو بطور ناس کے ناک مین چڑھائین۔
نفوذ ع۔ تیر کا نشانہ کو توڑ کر پار نکلجانا۔ گذرنا۔ جاری ہونا فرمان یا نامہ کا اثر کرنا۔
نفور ع۔ بھاگنے والا۔ اور نفرت کرنے والا۔
نفوس ع۔ جمع ہو نفس کی جسکے معنی جان وروح کے ہین۔
نفوس ثلاثہ ع۔ نفس امارہ نفس لوامہ نفس مطمئنہ جنکے معنی ابھی گذرے اور ارواح ثلاثہ سے بھی کنایہ ہو یعنے روح حیوانی۔ روح نباتی روح جمادی۔
نفوس قدسیہ ع۔ پاک ذاتین یعنی کی روحین۔ پاک روحین۔ نیک لوگ فرشتے۔
نفول ف۔ دور۔ بعید عمیق۔ گہرا فہمیدگی۔ غور۔
نفی ع۔ دور کرنا۔ دور ہونا۔ ہنکانا۔ اور بھنے شہر سے بدر کردینا۔
نفیر ع۔ فریاد۔ نالہ۔ آواز۔ اور بھنے بھاگنے والے اور نفرت کرنیوالے کے بھی اور بھنی کرنا اور بڑی بانسری کے بھی۔
نفیس ع۔ قیمتی چیز۔ پسندیدہ۔
نفیسہ ع۔ گرانمایہ۔ لطیف۔
نفی کردن ف۔ معدوم کرنا۔ نیست کرنا۔ شہر سے نکال دینا۔

فصل نون مع قاف

نقاء ع۔ پاکیزگی۔
نقاب ع۔ پردہ جو منھ پر یا کسی نفیس چیز پر ڈالتے ہین۔ بفتح نون مخلط ہو۔
نقاب ع۔ سوراخ کرنے والا۔ سرنگ کھودنے والا۔
نقاب لاجورد کشیدن ف۔ بھنے ترک کرنا۔ چھوڑ دینا۔
نقابت ع۔ صفت۔ تعریف۔
نقابت ع۔ تعریف کرنا۔ سراہنا۔
نقاد ع۔ روپیہ اشرفی کا پرکھنے والا۔ کھوٹے کو کھرے سے الگ کرنے والا۔
نقار ع۔ کینہ۔ عناد۔ عداوت۔
نقارچی ف۔ نقارہ بجانے والا۔
نقاش ع۔ چترا۔ نقش کرنے والا۔
نقاشی ع۔ پیشہ نقش کرنے کا۔

نقاط ع۔ جمع ہے نقطہ کی۔
نقال ع۔ نقل کرنے والا۔
نقاوت ع۔ پاکیزگی۔
نقاوہ ع۔ برگزیدہ پسندیدہ خلاصہ بفتح اول غلط ہے۔
نقاہت ع۔ ضعف ناتوانی بیماری جو بیمار مین ہوتی ہے۔
نقائص ع۔ جمع ہے نقیصہ کی۔
نقب ع۔ سوراخ کرنا۔ دیوار مین سیندھ لگانا۔ سرنگ لگانا۔ اسلیے کہ سوراخ بمعنی سرنگ کے بھی آتا ہے۔
نقبا ع۔ جمع ہے نقیب کی۔
نقبہ ع۔ کھجلی۔ خارش۔ اور یہ ایک مرض ہے جو خشکی اور غلبۂ خون سے پیدا ہوتا ہے۔
نقد ع۔ آمادہ کرنا۔ دینا۔ روپیہ اشرفی کا پرکھنا۔ اور بمعنی زر مسکوک یعنی روپیہ۔ اشرفی۔ پیسا۔ اور کبھی مجازاً بمعنی دل۔ اور ذات اور فی الحال یعنے ابھی اور پسر یعنی فرزند کے بھی آتا ہے۔
نقدا ف۔ فارسی مین بمعنی بالفعل اور فی الفور اور ابھی کے مستعمل ہے۔
نقر ع۔ کوٹنا۔ کھودنا۔ مرغ کا دانہ چننا لکڑی کا ٹھنا۔ سنکھ بجانا۔ عیب کرنا۔
نقرس ع۔ نام ایک درد شدید کا ہے جو پیرون کی انگلیون سے اٹھتا ہے۔
نقرہ ع۔ گلی ہوئی چاندی۔ گڑھا خصوصاً وہ گڑھا جو انسان کی گدی مین ہوتا ہے۔ نام ایک قریہ کا۔
نقرہ پا ف۔ نام ایک پرند کا جسکے پانون سفید رنگ کے ہوتے ہین۔
نقرہ تابناک ف۔ وہ کلام جو نہایت عمدہ ہو۔ سخن آبدار۔
نقرہ خنگ ف۔ بغیر اضافت وہ گھوڑا سفید رنگ جو مثل چاندی کے روشن ہو فارسی مین لفظ خنگ بمعنی مطلق سفید کے ہے جیسے بت خنگ بمعنی بت سفید۔
نقرہ زیبقی ف۔ چاندی خالص اور سفید اور برّاق۔
نقرئی ف۔ چاندی کی چیز۔
نقش ع۔ مشہور ہے اور ایک قسم قوالون کے راگ کی جو خراسانیون نے نکالا ہے۔ اور جوے کا وہ داؤ جو موافق مطلب کے آوے۔ اور بمعنی لیاقت اور سزاواری کے بھی۔
نقش بدشستن ف۔ وہ داؤ جو مراد کے موافق نہ آوے۔
نقش برآب کشیدن ف۔ عبث اور بے فائدہ کام کرنا۔ وہ کام کرنا جسکو پائداری نہو۔
نقشبند ف۔ کنایہ ہے خالق اور صانع سے۔
نقش جہان ف۔ نام ایک باغ کا جو اصفہان مین ہے۔
نقش دل ف۔ کنایہ یقین سے۔
نقش زدن ف۔ موافق مراد کے داؤ لیجانا۔
نقش زیاد ف۔ اسم بلا مسمّی۔ وہ چیز جو قابل دیکھنے کے نہو۔
نقش عروسی ف۔ وہ سرود جو وقت شادی نکاح کے مخصوص ہے۔
نقش قرینہ ف۔ نقش مقابل۔
نقش گزارش ف۔ وہ قصہ جو قابل بیان کے ہو۔
نقش نیرنگ ف۔ دین آتش پرستی کی رسم۔
نقشہ ف۔ تصویر۔ نمونہ کسی چیز کا۔
نقص ع۔ کمی۔ کم ہونا۔ کم کرنا اور بضم اول غلط مشہور ہے۔
نقصان ع۔ کمی۔
نقصانی ف۔ نقصان۔ کمی۔ اسمین یاے تحتانی زائد ہے جیسے سلامتی اور خلاصی وغیرہ مین۔

نقض ع۔ توڑنا عہد وغیرہ کا۔
نُقَط ع۔ جمع ہے نقطہ کی۔
نُقطہ ع۔ مشہور ہے۔ اور حکمت اور ہندسہ کی اصطلاح مین بمعنی منتہاے خط یعنی خط کی انتہا۔
نُقطۂ انتخاب ف۔ وہ نقطہ جو کسی شعر مرغوب یا مضمون عمدہ کے سامنے کتاب کے حاشیہ پر واسطے یادداشت کے دیدیتے ہین اور صوفیون کی اصطلاح مین خدا کی ذات۔
نُقطۂ جاگیر ف۔ کنایہ زمین سے۔
نُقطۂ رنجتن ف۔ کنایہ رمل کی فال دیکھنے سے۔
نُقطۂ سہو ف۔ وہ نقطہ جو حرف بے نقطہ پر بھولے سے دیدین۔
نُقطۂ شک ف۔ وہ نقطہ جو کسی لفظ یا مضمون مشکوک کے مقابل کتاب کے حاشیہ پر واسطے یادداشت کے لگادین اور صوفیون کی اصطلاح مین ہیولاے ظاہری کو کہتے ہین۔
نُقطہ گاہ ف۔ دائرہ کا مرکز اور کبھی مراد زمین مکہ معظمہ سے۔
نُقطۂ مقابل ف۔ کنایہ ہمسر اور ہم مثل سے اور کبھی کنایہ حریف سے بھی ہوتا ہے۔
نُقطۂ موہوم ف۔ وہ باریک نقطہ جسکے وجود کو وہم تصور کرے اور ظاہر مین دکھائی نہ دے اور بعضے اسکو جوہر فرد اور جزو لایتجزی بھی کہتے ہین یعنی وہ مقدار جو تقسیم قبول نہ کرسکے۔
نُقطہ نُوک پرکار ف۔ روشنائی کی بوند جو قلم کی نوک سے کاغذ پر گر پڑے۔
نَقع ع۔ غبار۔ گرد۔
نَقل ع۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا۔ مجازاً کسی چیز کا نمونہ بنانا اور لکھنا۔
نَقل ع۔ وہ چیز جو بعد شراب پینے کے کھاتے ہین از قسم ترش و نمکین و کباب وغیرہ کے نام ایک مٹھائی مشہور کا۔
نقل رُوح ع۔ ایک عمل ہے بعضے اہل ریاضت کا کہ اپنی روح کو دوسرے کے جسم مین لیجاتے ہین بشرطیکہ وہ جسم جان سے خالی ہو۔ اور اس عمل کو خلع بدن بھی کہتے ہین۔ یعنی اسکے چھوڑ دینا بدن کا۔
نقل شیرین ف۔ معشوق کے بوسہ سے کنایہ ہے۔
نَقلہ ع۔ نقل کرنیوالے جمع ناقل کی۔
نَقمت ع۔ عذاب۔ کینہ۔ بغض۔ عقوبت۔ عداوت۔ دشمنی۔
نُقود ع۔ جمع ہے نقد کی۔
نُقوش ع۔ جمع ہے نقش کی۔
نُقوع ع۔ پانی مین ترکیا ہوا میوہ۔ پانی مین بھیگی ہوئی دوا۔ بھگوئی دوا کا پانی جو بیمار کو پلاتے ہین۔
نُقول ع۔ جمع ہے نقل کی۔
نُقوما جس ی۔ نام ارسطو حکیم کے باپ کا اور یہ لفظ لام سے بھی آیا ہے۔
نَقی ع۔ پاک۔ خالص۔
نِقی ع۔ ہڈی کا گودا۔
نقیب ع۔ بزرگ۔ سردار۔ وہ شخص جسکو لوگون کے نسب معلوم ہون۔ قوم کا جاننے والا۔ مرد کار آگاہ۔
نَقیر ع۔ وہ گڑھا جو کھجور کی گٹھلی کی پشت پر ہوتا ہے۔ شگاف خرما۔ اور بمعنی حقیر اور کم حقیقت کے بھی۔ اور نقیر و قطمیر سے اندک و بیش مراد ہے۔ اور کبھی بلحاظ نسبت اندکی و بیشی کے کنایہ صغیر و کبیر سے بھی ہوتا ہے۔
نَقیصت ع۔ عیب۔ بدی۔ برائی۔ کمی۔ نقصان۔ بدی۔
نَقیض ع۔ توڑنے والا ہر شے کا۔ ضد۔ آواز مجمل اور پالان کی۔ واضح ہو کہ نقیض اور ضد مین فرق ہے۔ نقیض وہ ہے کہ جو نہ ایک ساتھ مین جمع ہو سکے اور نہ معدوم ہو سکے۔ جیسے ہست اور نیست اور موت اور زندگی یعنی ان دونون مین سے

ایک حالت رہیگی ۔ اور ضدوہ ہے کہ ایک ساتھ نہین جمع ہوسکے ۔ جیسے سیاہ و سفید لیکن یہ دونون معدوم ہوسکتے ہین یعنی ممکن ہے کہ زرد ہو ۔

نقیع ۔ع ۔ آب استادہ ۔ وہ کنوان جسمین بہت پانی ہو ۔ بانگ ۔ فریاد ۔ آب خوشگوار ۔ آب شیرین اور سرد ۔ پانی مین تر کیے ہوئے میوے ۔ پانی مین بھیگی ہوئی دواؤن ۔ بھگوئی دواؤن کا پانی جو بیمار کو پلاتے ہین ۔

نقیبہ ۔ع ۔ نام مسافر کی ضیافت کا جو اُسکے آنے پر کرین ۔

نقیق ۔ع ۔ مرغی اور سُور کی آواز ۔

نقیہ ۔ع ۔ پاک ۔ خالص ۔

فصل نون مع کاف عربی و فارسی

نگ ۔ ف ۔ مخفف ہے نگینہ کا ۔

نکابت ۔ع ۔ دشمن کو گزند پہونچانا ۔

نکات ۔ع ۔ جمع نکتہ کی ۔

نکاح ۔ع ۔ شادی کرنا ۔ جماع کرنا ۔

نکاحی ۔ف ۔ شادی کی ہوئی عورت ۔

نگار ۔ف ۔ نقش ۔ بت معشوق محبوب وہ نقش مہندی کا جو معشوق اپنے ہاتھ پاؤن پر بناتے ہین ۔

نگار ارمنی ۔ف ۔ مراد شیرین سے جسپر فرہاد عاشق تھا ۔

نگار بستہ ۔ف ۔ بمعنی معشوق ۔

نگار خانہ ۔ف ۔ تصویرون کا مکان ۔

نگار عالم ۔ف ۔ بہت خوبصورت ۔

نگار مینہ ۔ف ۔ معشوق ۔

نگارش ۔ف ۔ لکھنا ۔

نگاشتن ۔ف ۔ لکھنا ۔

نکال ۔ع ۔ عذاب ۔ رنج ۔ دکھ ۔

نگاہ ۔ف ۔ نظر ۔

نگاہبان ۔ف ۔ چوکیدار ۔

نگاہداشت ۔ف ۔ حفاظت اور ہوشیاری ۔ خبرداری ۔

نگاہداشتن ۔ف ۔ نگاہ رکھنا ۔

نگاہ کردن ۔ف ۔ دیکھنا ۔

نکب ۔ع ۔ کجی ۔ رنج سختی ۔

نکبا ۔ع ۔ وہ ہوا جو تین طرف سے چلے اور ایسی ہوا بُری ہوتی ہے خصوصاً جہاز کے حق مین ۔ اور وہ ہوا جو پورب پچھم اُتر دکھن کے کونون سے چلے یعنی سیدھی نہ چلے ۔

نکبت ۔ع ۔ خواری ۔ ذلت ۔ رنج ۔

نکت ۔ع ۔ جمع ہے نکتہ کی ۔

نکت ۔ع ۔ زمین کا کھودنا ۔ اوندھے مُنھ گرا دینا ۔

نکتہ ۔ت ۔ بات پاکیزہ جو پوشیدہ ہو یعنی ہر شخص کی سمجھ مین نہ آسکے ۔ اور بمعنے نقطہ کے بھی آیا ہے ۔

نکتہ دان ۔ت ۔ باریک بات کا جاننے والا ۔ بڑا عقلمند ۔

نکث ۔ع ۔ سی کا بل کھولنا ۔ قول اور عہد کا توڑنا ۔ مجازاً بمعنی مطلق قطع اور توڑنے کے آتا ہے ۔

نکد ۔ع ۔ سختی ۔ ناخوشی ۔ دشواری ۔ کنوئین کے پانی کا کم ہونا ۔

نکر ۔ع ۔ ناسپاسی ۔ ناشکری ۔ ناخوشی تعجب ۔ مجازاً بمعنی عذاب ۔

نکرہ ۔ع ۔ ناشناسی ۔ ناشناختگی ۔ اور معرفہ کی ضد ۔

نگر ۔ف ۔ دیکھ ۔

نگران ۔ف ۔ دیکھنے والا ۔ منتظر ۔

نگریدن ۔ف ۔ دیکھنا ۔

نگریستن ۔ف ۔ دیکھنا ۔ نگاہ کرنا ۔

نکس ۔ع ۔ بیماری کا پھر عود کرنا ۔

نکس ۔ع ۔ سر نگون کرنا ۔ نگونسار یعنے اوندھا کرنا ۔

نکل ۔ع ۔ لوہے کی بیڑی جو گنہگارون کے پیر مین ڈالتے ہین ۔

نکو ۔ف ۔ خوب ۔ اچھا ۔

نکوب ۔ع ۔ پھر نارہ سے ۔

نکوص ۔ع ۔ بدل ہونا ۔ برگشتہ ہونا کسی کام سے جسکو پہلے کر رہا ہو ۔

نکول ۔ف۔ قسم کھانے سے انکار کرنا۔ بددلی ۔ انکار ۔ روگردانی ۔

نکون ۔ف۔ خم شدہ ۔ کبڑا ۔ اوندھا ۔

نکوہش ۔ف۔ سرزنش کرنا ۔ ملامت دھمکی ۔ سرزنش ۔

نکوہیدن ۔ف۔ ملامت کرنا ۔

نکوہیدہ ۔ف۔ ملامت کیا گیا ۔ زشت ۔ خراب آدمی ۔

نکوہیدہ رای ۔ف۔ بدعقل ۔

نکوئی ۔ف۔ بھلائی ۔

نگہبان ۔ف۔ چوکیدار ۔

نگہبانی ۔ف۔ حفاظت ۔

نکہت ۔ع۔ کاف عربی سے منھ کی خوشبو مطلق خوشبو ۔

نگیسا ۔ن۔ نام ایک گویے کا ۔ جو خسرو پرویز کا ملازم تھا ۔

نگین ۔ف۔ نگینہ ۔

نگین پیادہ ۔ف۔ وہ نگینہ جو جڑا ہوا نہو ۔

نگین سوار ۔ف۔ جڑا ہوا نگینہ ۔

فصل نون مع میم

نم ۔ف۔ تری ۔

نما ۔ع۔ بڑھنا ۔ بلند ہونا ۔ اور درخت کا اگنا ۔

نمارق ۔ع۔ جمع نمرقہ کی جس کے معنی تکیہ کے ہین ۔

نماز ۔ف۔ پرستش ۔ خدمتگاری ۔ عاجزی ۔ نیاز ۔

نماز بردن ۔ف۔ پرستش کرنا ۔ عاجزی کرنا ۔

نمازی ۔ف۔ نماز پڑھنے والا ۔

نمازی کردن ۔ف۔ پاک کرنا صاف کرنا ۔

نمام ۔ع۔ غماز ۔ چغلخور ۔ اور نام ایک خوشبودار گھاس کا جسکو ہندی مین پودینہ کہتے ہین ۔

نمامی ۔ع۔ غمازی ۔ چغلخوری ۔

نمایان ۔ف۔ نمودار ہونیوالا ۔ مجازاً بمعنی کمال اور ہیبت ۔

نمائش ۔ف۔ دکھلاوٹ ۔ اور نمودداری ظاہری کام ۔

نمائق ۔ع۔ جمع نمیقہ کی ۔ مکتوب ۔

نمد ۔ف۔ نمدہ ۔

نمد پوش ۔ف۔ نمدہ پہننے والا ۔

نمد زین ۔ف۔ وہ نمدہ جو زین کے نیچے گھوڑے کی پیٹھ پر ڈالتے ہین اور اسکو خوبگیر کہتے ہین معنی خوبگیر کے پسینہ کا جذب کرنے والا ۔

نمر ۔ع۔ پلنگ ۔ چیتا ۔ مشہور درندہ ۔

نمر ۔ع۔ جمع نمرہ کی ہر چیتے ۔

نمرق ۔ع۔ بالش کو چک یعنے

نمرقہ ۔ع۔ چھوٹے تکیے ۔

نمرود ۔ع۔ نام ایک بادشاہ کافر کا جو زمانہ قدیم مین گذرا ہے ۔

نمش ۔ع۔ نام ایک مرض کا جس سے بدن کی کھال پر چھیپ کی طرح دھبے پڑجاتے ہین ۔

نمص ۔ع۔ بال اکھیڑنا ۔

نمط ۔ع۔ بچھونا ۔ فرش رنگین ۔ بساط ۔ شطرنج ۔ روش ۔ دستور ۔

نمک ۔ف۔ مشہور ہے اور کبھی بمعنے لذت کے بھی آتا ہے ۔

نمک حرام ۔ف۔ وہ شخص جو طرفدار اپنے مالک کا نہو ۔

نمک حلال ۔ف۔ طرفدار آقا کا ۔

نمک خوردن و نمکدان شکستن ۔ف۔ نمک حرامی کرنا ۔

نمکدان ۔ف۔ نمک رکھنے کا برتن ۔

نمکین ۔ف۔ منسوب طرف نمک کے یعنی نمک ملا ہوا ۔ سادہ اصطلاح مین بمعنی مسخرہ کے بھی آتا ہے ۔

نمگیرہ ۔ف۔ وہ کپڑا جو پلنگ وغیرہ پر بطور چھت کے لگاتے ہین تاکہ شبنم کی نمی سے محفوظ رہے ۔

نمل ۔ع۔ مور ۔ چونٹی ۔ نام ایک

مرض کا جس مین چھوٹے چھوٹے دانے بدن کی کھال پر پیدا ہوجاتے ہین۔

نمامہ - ع - ایک قسم کی پھنسیان صفراوی ہوتی ہین جو بتدریج پھیل جاتی ہین۔

نمناک - ف - تری سے بھرا ہوا۔

نم نداشتن - ف - مفلس و نادار ہونا۔

نمو - ع - بالیدگی - افزایش - پھیپھکنا فارسی مین بغیر تشدید واو کے آتا ہے۔

نمود - ف - علامت - نشان - ظاہر رونق - خوبی - شان - شوکت۔

نمودار - ف - ظاہر۔

نمودن - ف - دیکھنا - دکھانا - کرنا۔

نموذج - ع - نمونہ۔

نموم - ع - بڑا چغلخور۔

نمونہ - ف - نمودار - دکھانے کی چیز۔

نمی - ف - تری۔

نمیر - ع - آب خوشگوار میٹھا پانی۔

نمیقہ - ع - لکھا ہوا - مکتوب - نامہ خط - جمع اسکی نمائق آتی ہے۔

نمیم - ع - چغلخور۔

نمیمہ - ع - چغلخوری - حرکت - آواز نرم۔

فصل نون مع نون

ننگ - ف - عار - شرم۔

ننگ - ت - ترجمۂ لفظ دراتہین۔

ننگین - ف - معیوب - زشت - برا مطابق - برابر - لائق۔

نواختن - ف - نوازنا - مراد اور مطلب کو پہونچانا - خوش کرنا - گانا - بجانا - اور کشتی گیرون کی اصطلاح مین حریف کو زمین پر دے مارنا۔

نواخل - ع - جمع نخل کی خلاف قیاس اور نخل بمعنی درخت خرما۔

نوادر - ع - عجیب و غریب چیزین۔

نوادہ - ف - پوتا - بیٹے کا بیٹا۔

نوار - ف - جس سے پلنگ بنتے ہین ہندی نواڑ - اور بکسر اول غلط ہے۔

نوازش - ف - مہربانی - عنایت۔

نوازشات - ف - جمع نوازش کی۔

نوازل - ع - جمع نازلہ کی مصیبتین۔

نوازندگی - ف - باجا بجانا۔

نواساز - ف - گویا۔

نواسہ - ف - بیٹی کا بیٹا۔

نواصب - ع - ایک گروہ ہے مسلمانون مین جو حضرت علیؑ سے دشمنی رکھتے ہین انکو ناصبی بھی کہتے ہین۔

نواصی - ع - جمع ناصیہ کی جسکے معنی ہین پیشانی کے بال اور فارسی مین ناصیہ بمعنے پیشانی کے مستعمل ہے۔

نوافل - ع - زوائد - مطلب سے زائد چیزین بخششین - نمازین غیر واجب

فصل نون مع واو

نو - ف - نیا۔

نوا - ف - مطلق آواز - نام ایک مقام کا بارہ مقامون موسیقی سے اور بمعنی سامان - اسباب - لشکر فوج - لشکر - سپاس - بیٹا - پوتا - نذرانہ پیشکش - سازگاری - موافقت خوراک - غذا - گرفتار - قید کسی کے عوض مین دوسرے کو قید مین بٹھانا نام ایک گروہ کا مغلون سے۔

نوا - ع - مخفف نواۃ کا جسکے معنی ہین خرمے کی گٹھلی۔

نوا - ع - دشمنی کرنا۔

نوآب - بہت نیابت کرنے والا۔

نوآب - ع - نیابت کرنیوالے یہ جمع ہی نائب کی۔

نوابت - ع - جمع نابت کی گھاس اور روئیدگیان۔

نوات - ع - گٹھلی خرما کی۔

نواح - ع - اطراف۔

نواحی - ع - جمع ناحیہ کی - اطراف کنارے ملک کے۔

نواخانہ - ف - قید خانہ۔

نواخانی - ف - گانا۔

نواخت - ف - اصطلاحاً بمعنے موافق

نوال - بخشش - عطا -

نوالہ - ف - ایک لقمہ -

نوآموز - ف - نوسکھیا - مبتدی -

نوامیس - ع - جمع ناموس کی -

نوان - ف - فرمان - جنبان - لرزان - کانپتا ہوا - خمیدہ - کبڑا - کہنہ - پرانا - لاغر - دبلا - آگاہ - ہوشیار -

نوآور و - ف - نئی بات نکالی ہوئی -

نواہی ع - جمع نہی کی - وہ باتین جنکا کرنا شرع مین منع ہے -

نوآئین - ف - زیبا - آراستہ - نئی بات نکالنے والا - آراستگی کرنے والا -

نوائب - ع - جمع نائبہ کی - حوادث - مصیبتین - بلائین -

نوائر - ع - جمع نائرہ کی - شعلے -

نواے فاختہ - ف - ایک قسم ہے تال کی منشاء تالون موسیقی سے اور اسکو سور فاختہ بھی کہتے ہین -

نواے مخالف - ف - کنایہ ہے دشنام یعنی گالی اور مکروہ بات سے -

نوب - ع - نزدیکی -

نوب - ع - حبشیون کا ایک گروہ اور اسکو نوبہ بھی کہتے ہین - نوبی اسکا مفرد ہے -

نوبادہ - ف - نئی چیز - نما میوہ - نیا درخت - تحفہ - عمدہ - اور بمعنے مطلق تازہ کے بھی آتا ہے -

نوبت - ع - وقت کسی چیز کا - اور بمعنی کرت یعنی مرتبہ - دفعہ - باری - اور بمعنی مصیبت - نقارہ - خیمہ -

نوبتخانہ - ف - جہان نقارہ بجائین -

نوبتی - ف - نقارہ بجانیوالا - نقارچی پاسبان - چوکیدار - بڑا خیمہ - کوتل گھوڑا -

نوبر - ف - نیا پھل - لڑکی نارپستان -

نوبرگردن - ف - نئے پھل کو اول مرتبہ اُسکی فصل مین کھانا -

نوبردہ - ف - غلام نوخریدا - بردہ ترکی مین غلام کو کہتے ہین -

نوبہار - ف - وہ شے جس پر نئی بہار ہو - موسم بسنت کا - نام آتشکدۂ بلخ کا - نام ایک بتخانہ کا -

نوپیدا - ف - جو چیز ابھی پیدا ہوئی ہو -

نوجوان - ف - گبھرو جسکی ابھی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو -

نوچہ - ف - بمعنی نوجوان -

نوح - ع - نوحہ کرنا - نالہ کرنا -

نوح - ع - نام ایک پیغمبر کا جو بہت نالہ کیا کرتے تھے -

نوحہ - ع - مردے پر رونا - اور اُسکی اچھی صفتون کا بیان کرنا -

نوحہ گر - ف - نوحہ کرنے والا - نوحہ کرنے والی -

نوخط - ف - نئی چیز - وہ معشوق جو سبزہ آغاز ہو -

نوخاستہ - ف - نوجوان - اور بمعنی جوان نوآموز - ناتجربہ کار -

نود - ف - نوے (۹۰) -

نوذر - ف - نام منوچہر بادشاہ کے پسر یعنے بیٹے کا -

نور - ف - روشنی - اور فارسی مین کبھی مراد چاند سے بھی -

نور - ع - کلی - غنچہ پھول کا -

نور الٰہی - ف - خدا کا نور -

نورانی - ع - روشن منور منسوب طرف نور کے اور الف ونون اس مین زائد ہے جیسے حقانی اور ربانی مین -

نورنجش - ف - روشنی دینے والا -

نورچشم - ف - آنکھ کا نور - مجازاً بمعنے فرزند - بیٹا -

نورد - ف - تہ - پیچ وتاب - فرش بساط - گول لکڑی جو لاہون کی جس پر بُنا ہوا کپڑا لپیٹتے جاتے ہین - اور بمعنے برابر - جنگ - خصومت - لائق سزاوار پسندیدہ - کپڑا تہ کرنا - کنج - گوشہ - سوراخ - پیراہن کا دامن - اور کبھی

مراد نومڑی کے سوراخ سے کہ وہ بھی پیچ در پیچ ہوتا ہے - اور بمعنی چادر -

نَوَرْدُملوکانہ - ف - وہ نفیس پوشاک جو لائق بادشاہون کے ہو -

نَوَرْدیدَن - ف - } پیٹنا -
نَوَرْدون - ف - }

نَورَس - ف - میوہ - تازہ نیا پکا ہوا - ہر چیز تازہ نورسیدہ - نام ایک کتاب کا علم موسیقی کے قاعدون مین جسکو سلطان ابراہیم عادل شاہ ممدوح ظہوری نے زبان ہندی مین تصنیف کیا ہے -

نَوروز - ف - اول روز ماہ فوردین کا یعنی جس روز کہ آفتاب نقطۂ حمل پر آتا ہے مطابق ۲۲ مارچ کے - نام ایک پردہ کا موسیقی مین -

نَوروز بزرگ - ف - } نام تین شعبون
نَوروز خارا - ف - } کا موسیقی
نوروز غرب - ف - } مین -

نَورہ - ع - ایک چونہ - نام ایک چیز مرکب کا جسکو چونہ اور ہڑتال سے بناتے ہین اور اسکے لگانیسے بال اڑ جاتے ہین -

نَورَہان - ف - تحفہ - سوغات - عطا - صلہ - انعام -

نَوری - ف - سفید طوطی - ایک قسم ہے زرد آلو کی -

نُوزر - ف - مخفف نہوزکا -

نُوزُدہ - ف - انیس - (۱۹)

نُوش - ف - واو مجہول سے - امرت آب حیات - شیرین میٹھا - گوارا - زندگی تریاق - شہد - اور امر ہو نوشیدن سے پی - اور اصطلاحاً امراد ہے معشوق کے ہونٹھ سے -

نُوشابہ - ف - واو مجہول سے نام ملکہ ملک بربریہ کا جو سکندر کے وقت مین تھی اور اسکا قصہ سکندر نامہ مین مرقوم ہے -

نُوشاد - ف - نام ایک شہر حسن خیز کا -

نُوشادر - ف - مشہور کھار ہے مشابہ نمک سے - نوش بمعنی تریاق اور آذر بمعنی آتش یعنی وہ تریاق جو آگ سے بنتا ہے -

نُوش آذر - ف - نام ایک آتشکدہ کا -

نُوشت - ف - تحریر لکھت - اور ماضی ہے نوشتن سے یعنی لکھا -

نُوشتَن - ف - لکھنا -

نُوشتَن - ف - پیٹنا -

نُوشتہ - ف - لکھا ہوا - سند -

نُوشدارُو - ف - بمعنی تریاق -

نوش گیا - ف - نام ایک گھاس کا جو زہرون کی دفع کرنے والی ہے -

نُوشِندہ - ف - پینے والا -

نَوشَہ - ف - بادشاہ - نوجوان - اور نئے داماد کو بھی کہتے ہین - دولہا -

نُوشہ - ف - خوش - خرم -

نُوشہر - ف - نام ایک قصبہ کا جو نزدیک شیروان کے ہے -

نُوشیدَن - ف - پینا -

نُوشین - ف - شیرین میٹھا منسوب ف نوش کے جسکے معنی شہد کے ہین -

نُوشین لعل - ف - لب معشوق -

نُوشیرَوان - ف - واو مجہول اور یاے معروف سے بمعنی شیرین جان - نام ایک بادشاہ فارس کا چونکہ یہ بادشاہ بڑا عادل اور خوشخو تھا اسلیے یہ نام ہوا -

نُوط - ع - لٹکانا -

نَوع - ع - گونہ - قسم - اور وہ کلی جو عین حقیقت اپنے افراد کی ہو جیسے انسان کو زید و بکر و خالد وغیرہ پر اطلاق کرتے ہین اور فرس کہ ہر فرس کو کہین گے -

نُوق - ع - جمع ناقہ کی - اونٹنیان -

نوک دیدہ - ف - کنایہ پلکون سے

نُوکر - ف - خدمتگار -

نُوکیسہ - ف - نو دولت -

نُول - ف - عطا بخشش -

نُول - ف - واو مجہول سے - چونچ پرندون کی - لوٹے کی ٹونٹی -

نُوم - ع - خواب نیند -

نومید - ف - ناامید -
نومیدی - ف - یاس - ناامیدی -
نون - ع - مچھلی - تلوار - نام شہر کا دوات - دوات کی سیاہی - رات - چاہ زنخدان - نام ایک حرف کا -
نون - ف - تنہ درخت کا - اور مخفف کنون کا جو مخفف اکنون کا ہے -
نوند - تیز رفتار گھوڑا -
نون والقلم - ع - نام ایک سورہ قرآنی کا اور کنایہ دنیا سے اسلیئے کہ دوات اور قلم لوازم دنیا سے ہین -
نونہال - ف - نیا پودھا درخت کا -
نونیاز - ف - نیا عاشق - اور وہ لڑکا جو نو مشق ہو -
نوی - ف - تازگی - نیا پن -
نوی - ف - قرآن مجید -
نوی - ع - خرمے وغیرہ کی گٹھلی - نام ایک گاؤن کا دمشق مین جہان کے امام نووی شارح صحیح مسلم ہین -
نوئین - ف - بروزن پروین مخفف ہی نوآئین کا -
نوئین - ف - واو مجہول سے بروزن رویین اصل مین داماد کو کہتے ہین - اور بمعنی بادشاہزادہ و امیر اعظم کے بھی -
نوید - ف - یاے مجہول سے - خوشخبری اور یہ لفظ بفتح نون بھی آیا ہے -
نوید - ف - رونا - زاری کرنا حرکت کرنا - ہلنا - لرزنا -
نویسانیدن - ف - لکھوانا -

فصل نون مع ہاے ہوز

نہ - ف - بمعنی نہین -
نہ - ف - بمعنی شہر جیسے نیشاپور کہ اصل مین نہ شاپور تھا یعنی شہر شاپور کا -
نہ - ف - نو (۹) -
نہار - ع - عقلہا عقلین -
نہاب - ع - غارتہا غنیمتہا -
نہاد - ف - بنیاد - اصل - خلقت پیدائش - طینت - باطن -
نہاد - ف - طرز - روش - رسم - عادت -
نہادن - ف - رکھنا -
نہار - ف - روز - دن -
نہار - ف - وہ شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو - نہار مخفف ہی نہ آہار کا اور اہار بمعنی خورش ہی -
نہاری - ف - کنایہ ہی طعام صبح سے اور عرف مین ایک قسم کا شوربا سے گوشت جو بوقت صبح کھاتے ہین -
نہاز - ع - وہ بکرا جو بکرون کو گابھ رکھاوے اور یہ اسی کام کے لیے مخصوص ہوتا ہی -
نہاق - ع - آواز گدہے کی -

نہال - ف - درخت - خوبصورت اور بمعنی کامیاب کے مجاز ہی اور بمعنی بستر اور توشک اور شکار کے بھی آیا ہی -
نہال ساختن - ف - درخت بونا -
نہالی - ف - بستر - توشک - اور **نہالین** - ف - بمعنی غلاف کے بھی
نہان - ف - پوشیدہ - چھپا ہوا -
نہانخانہ - ف - تہ خانہ -
نہان شدن - ف - چھپ جانا -
نہانی - ف - پوشیدگی -
نہاوند - ف - نام ایک شہر کا عراق سے نام ایک پردہ کا موسیقی سے جو آدھی رات کے وقت گایا جاتا ہی -
نہایت - ع - انتہا - انجام - حد -
نہب - ع - لوٹ - غارت غنیمت -
نہبت - ع - لوٹ - لوٹنا -
نہج - ع - راہ راست - راہ کشادہ - فارسیون نے نہج بفتحتین بھی استعمال کیا ہی - وآلہ ہروی ؎ ہر کسے بر نہجے رفت رہ آسائش ہ غنچہ از راہ دل تنگ دگل از روے کشاد ؎
نہ گنبد - ف - کنایہ افلاک سے -
نہر - ع - کسی پر چلا کے غصہ کرنا - منع کرنا - گھرکنا - ایک شاخ دریا کی - ندی -
نہر - ع - دن کو لوٹنے والا -

نہُس - ع - آگے کے دانتوں سے
نہُش - ع - کاٹنا کتے وغیرہ کا -
کاٹنا سانپ وغیرہ کا -

نہُضت - ع - اُٹھنا قصد کرنا لیکن
بمعنی کوچ کے مستعمل ہے -

نہُفت - ف - ماضی ہے نہُفتن کا یعنے
چھپایا اور پوشیدہ کیا اور پوشیدگی کے
معنی مین بھی آتا ہے -

نہُفتن - ف - چھپنا - چھپانا -

نہُم - ف - نوان حصہ - (۱/۹) -

نہُمت - ف - ہمت باندھنا - ارادہ
کرنا کسی چیز پر حرص کرنا - مُراد -

نہُنبُن - ف - دیگ کا سرپوش -

نہنگ - ف - گھڑیال - دریا کا جانور
ہے اور مشہور ہے -

نہنگِ سیاہ - ف - کنایہ تلوار سے -

نہُود - ع - اُبھرنا - اُٹھنا - جانا طرف
دشمن وغیرہ کے - لڑکی کی چھاتیون کا
اُبھرنا -

نہُوض - ع - کوچ کرنا - روان ہونا -
حرکت کرنا - اُٹھنا -

نہُوگت - ع - لاغری - دُبلاپن -
فرسودگی - گھس جانا -

نہی - ع - باز رکھنا - منع کرنا -

نہٰی - ع - جمع نُہیہ کی - عقل - خرد -

نہیب - ع - یا ے مجہول سے ہالہ نہاب
کا بمعنی خوف - ڈر - ہیبت - غطت
لُوٹ کی ڈرونی آواز -

نہیُب - ع - بروزن نقیب بمعنی غارتگر
یعنی لُوٹنے والا - لُٹیرا -

نہیق - ع - آواز گدھے کی -

نہیم - ع - حریص - لالچی خصوصًا لالچی
کھانے کا - آواز شیر اور ہاتھی کی -

نہی مُنکر - ع - منع کرنا - اور باز رکھنا
خلاف شرع باتون سے -

نہُیہ - ع - خرد - عقل -

فصل نون مع یاے تحتانی

نے - ف - بانسری -

نے - ف - کلمہ نفی کا نہین -

نی - ع - خام - کچّا -

نیا - ف - دادا نانا - مان کا بھائی
یعنی ماموں اور بمعنی قدر و عظمت -

نیابت - ع - نائب ہونا کسی کی جگہ پر
اُسکا قائم مقام ہونا -

نیاح - ع - } نوحہ کرنا - رونا پیٹنا -
نیاحت - ع - }

نیارست - ف - بمعنی توانست -

نیاز - ف - حاجت - احتیاج - خواہش -
آرزو - اظہار محبت -

نیازمند - ف - حاجتمند - محتاج -

نیاق - ع - جمع ناقہ کی - اونٹنیان -

نیاک - ع - بڑا جماع کرنے والا -

نیاکان - ف - جمع نیا کی جسکے معنی ابھی
مذکور ہوئے - واضح ہو کہ یہ جمع خلاف
قیاس ہے اسلیے کہ کاف فارسی حالت
جمع مین ہاے مختفی کے بدلے مین آتا
ہے حالانکہ نیا مین ہاے مخفی نہ تھی -

نیام - ف - میان تلوار وغیرہ کا -

نیام - ع - جمع ہے نوم کی - نیندین -
اور نائم کی بھی جمع ہے بمعنی سوتے ہوئے
لوگ - مردمان خوابیدہ -

نے انبان - ف - نام ایک باجہ کا جو
نے اور چمڑے سے بنایا جاتا ہے -

نیائش - ف - زاری ستائش -
تعریف - دعا - آفرین -

نے بُت - ف - ہندی چھپّر -

نیت - ع - ارادہ - اور فارسی مین بغیر
تشدید یا کے بھی آیا ہے -

نیچہ - ف - چھوٹی نے - حقّہ کی نے -

نیدُلان - ع - بروزن مردمان - وہ
گرانی یا ڈرونی صورت جو خواب مین
معلوم ہوتی ہے اور جس سے آدمی ڈر کر چیختا
ہے اور اُسکو کابوس بھی کہتے ہین -

نے وریا خن کردن - ف - ایک قسم کا
عذاب ہے گنہگارون کے لیے -

نیّر - ع - صیغہ مبالغہ کا ہے یعنی بہت روشنی دینے والا - بڑا روشن ستارہ -

نیّر اصغر - ع - چاند -

نیّر اعظم - ع
نیّر اکبر - ع } آفتاب -

نیران - ع - جمع نار کی - آگ -

نیرنج - مب - مغرب نیرنگ کا -

نیرنجات - ع - جمع نیرنج کی جو معرب نیرنگ کا ہے -

نیرنگ - ف - یائے معروف سے بکر فریب - حیلہ - طلسم سحر - جادو - افسون منتر - جادوگری - تصویر کا خاکہ - مجازاً بمعنی عجائب -

نیرنگ باز - ف - مکار - فریبیا -

نیرو - ف - زور - قوت - قدرت -

نیریز - ف - دونوں یائے مجہول ہیں نام ایک شعبہ کا پردہ اصفہانیان سے موسیقی مین - نام ایک قصبہ فارس کا -

نیرین - ع - تثنیہ نیر کا ہے - مراد آفتاب اور ماہتاب سے -

نیز - ف - بھی -

نیزہ - ف - بھالا -

نیزۂ خطی - ف - وہ نیزہ جو بہت سیدھا مثل خط جدول کتاب کے ہو -

نیزۂ خطی - ف - وہ نیزہ جو منسوب طرف خطہ کے ہو اور خطہ نام ایک موضع کا ہے یمامہ سے کہ وہان نیزہ بہت عمدہ پیدا ہوتا ہے -

نیسان - ع - نام ساتوین مہینہ رومی کا اور اس مہینہ مین جو بارش ہوتی ہے اسکو بھی مجاز آ نیسان کہتے ہین اس مہینہ بھر آفتاب برج حمل مین رہتا ہے اور اس منھ کے قطرون سے سیپ مین موتی پیدا ہوتا ہے -

نیست - ف - نہین - عدم -

نیستان - ف - وہ جنگل جہان پر نرکل کے درخت بہت ہون -

نیست شدن - ف - نہونا - معدوم ہونا

نیستی - ف - نیست ہونا -

نیش - ف - تیزی نوک کی جیسے چھری وغیرہ مین نوک ہوتی ہے - ڈنک بچھو اور زنبور کا - لمبے دانت نوکدار جو دونون طرف درندون کے منھ مین ہوتے ہین -

نیشابور - ف - نام ایک شہر کا ہے خراسان مین جسکے حدود مین فیروزہ کی کان ہے - نام ایک شعبہ کا موسیقی مین اور کشف مین بکسر اول لکھا ہے اور رشیدی وغیرہ مین کسرہ کی یہ وجہ لکھی ہے کہ یہ اصل مین نشابہ پور تھا یعنی شہر شاپور کا اسلیے کہ فارسی قدیم مین نہ بمعنی شہر ہر پس ہا سے ہندی یائے تحتانی سے بدل گئی ہے -

نیشتر - ف - اوزار نصد کھولنے کا -

نیش زدن - ف - ڈنک مارنا -

نیشکر - ف - گنّا -

نیشہ - ف - بانسری -

نیعسکر - ف - مراد قلم سے - اسلیے کہ عسکر ایک موضع ہے اہواز سے - اور یہان کا قلم بہت عمدہ ہوتا ہے -

نیفق - مب
نیفہ - ف } ازار بند ڈالنے کی جگہ پوستین - بقچہ -

نیک - ف - اچھا - خوب - بہت

نیک - ع - جماع - واضح ہو کہ عربی مین اصلی نام جماع کا یہی ہے اور باقی نام جو مشہور ہین بطور مجاز کے ہین -

نیک محضر - ف - نیک چہرہ اور نیک شکل اور خوبصورت آدمی -

نیکو - ف - اچھا - خوب -

نیکوئی - ف -
نیکی - ف } بھلائی - خوبی -

نیکی کردن در آب انداختن - ف - بے توقع عوض کے نیکی کرنا -

نیل - ع - پانا - پہونچنا -

نیل - ع - نام دریائے مصر کا -

نیلک - ف - ایک قسم کا ریشمی کپڑا -

نیل کشیدن - ف - گدنا - گدانا -

جسم کا داغنا - گل کھانا -

نیل گاؤ - ف - ایک قسم کا چوپایہ جنگلی ہوتا ہے اسکو نیلہ بھی کہتے ہین -

نیلگون - ف - نیلا رنگ -

نیلم - ع - ایک جوہر ہے قیمتی نیلے رنگ کا -

نیلوفر - سب - معرب ہے نیلوپل کا - یہ پھول پانی مین اگتا ہے اور دو قسم کا ہوتا ہے ایک قسم قنابی یہ سُرخ رنگ ہوتا ہے اور صبح سے کھلتا ہے اور تا غروب آفتاب کھلا رہتا ہے اسکو ہندی مین کُول کہتے ہین - دوسرا ماہتابی اور یہ بھی دو قسم کا ہوتا ہے ایک محض سفید دوسرا سفید مائل بہ کبودی یہ دونون بوقت شام کھلتے ہین اور تمام رات کھلے رہتے ہین اسکو ہندی مین کوکا بیلی کہتے ہین اور یونانی دواؤن مین یہی ماہتابی کام آتا ہے اور ایک قسم اور بھی ہوتا ہے جو بالکل کبود ہوتا ہے اور بیل اسکی درختون پر پھیلتی ہے قاسم گونابادی شاہنامہ اسمٰعیل صفوی مین کہتا ہے

چو نیلوفر کہ پیچید بر درختان +
بنیلہ - ف - نیل گاؤ -

نیم - ف - آدھی - نصف -

نیم آدمی - ف - کنایہ عورت سے اسلیے کہ شرع مین دو عورتون کی گواہی ایک مرد کے مقرر ہے - اور دیوان خاقانی مین مراد والدہ خاقانی سے -

نیمبر - ف - ایک فن ہے کشتی کا -

نیم بسمل - ف - آدھا گھائل -

نیم تاج - ف - ایک قسم ہے تاج کی - جو جواہر سے مرصع ہوتا ہے -

نیم جان - ف - کنایہ عاشق سے -

نیم خایہ - ف - مراد آسمان سے اسلیے کہ یہ گروی شکل ہے اور ہمیشہ آدھا دکھائی دیتا ہے اور آدھا حجاب زمین مین پوشیدہ رہتا ہے -

نیمدست - ف - چھوٹی مسند -

نیمراست - ف - ایک پردہ موسیقی کا -

نیمرخ - ف - تصویر ایک چشمی اسلیے کہ اُسکا آدھا چہرہ بنایا جاتا ہے -

نیمرس - ف - ہر شی جو بامراد نخیتہ نہوئی ہو - وہ پرند جانور جسکے پر ابھی اُڑنے کے قابل نہون -

نیمرنگ - ف - رنگ ناقص اور ناتمام اسطرا ہوا رنگ - ہلکا رنگ -

نیمروز - ف - ولایت سیستان و بلوچستان کا وقت - نام ایک پردہ کا موسیقی مین -

نیم سفت - ف - کنایہ ہے ناتمام سے

نیم کار - ف - وہ کاریگر جو دوسرے شخص کے اوزار سے کام کرے اور اپنی مزدوری مین سے اوزار کے مالک کو حصّہ یا کرایہ اوزار کا دے -

نیم کاسہ و زیر کاسہ داشتن - ف - کنایہ مکر و حیلہ سے -

نیمکارہ - ف - ادھورا کام - ناقص کام - ناکام - ناقص -

نیمہ - ف - آدھا - نصف - طرف جانب - معماردن کا آدھا گز - ایک قسم جامۂ کوتاہ کی -

نیم ہلال - ف - معشوق کا ہونٹھ -

نے نے - ف - نہین نہین -

نیو - ف - پہلوان - دلیر - بہادر -

نیوش - ف - واؤ مجہول سے صیغہ امر کا ہے بمعنی سُن - اور اکثر اسم کے ساتھ مرکب ہوکر بمعنی اسم فاعل کے آتا ہے -

نیوشیدن - ف - سُننا -

نیین - ف - نرکل کی پیداوار خانہ نیین کی ہندی بچھیر -

باب واو

فصل واو مع الف

وا - ف - کشادہ - کھلا ہوا - جدا - اور اشارہ دادیلا سے بھی -

وابستگان - ف - رشتہ دار - ایک گھر کے متعلق لوگ -

وَابستن ف۔ باندھنا۔
وَابستہ ف۔ بندھا ہوا۔ متعلق۔ رشتہ دار۔ عزیز۔
وَاپس ف۔ ہٹا ہوا۔ پھرا ہوا۔
وَاپسیں ف۔ پچھلا۔ اخیر۔
وَابل ع۔ مینھ بڑی بڑی بوندون کا۔ نام ایک قبیلۂ عرب کا۔
وَابُوسیدن ف۔ انکار کرنا۔
وَاثِق ع۔ مضبوط۔
وَاجِب ع۔ دائم۔ ہمیشہ۔ لازم۔ سزاوار ہونے والا۔ اور وہ جو اپنے وجود مین محتاج دوسرے کسی کا نہ ہووے مگر خدائے تعالےٰ۔
وَاجِبات ع۔ جمع واجب کی۔
وَاجِبُ الْوُجُود ع۔ جسکی ذات تقاضی اُسکے وجود کی ہو یعنی حق تعالیٰ کہ ذات اُسکی وجود مین محتاج غیر یعنی دوسرے کسی کی محتاج نہین ہے۔
وَاجِبی ف۔ وہ بات جو نہایت درست ہو یا واجب ہو۔ اور بمعنی وظیفہ اور روزینہ کے بھی۔
وَاجِد ع۔ پانے والا۔
وَاجُستن ف۔ بہت ڈھونڈھنا۔
وَاجِف ع۔ جسکا دل دھڑکتا ہو۔
وَاچِیدن ف۔ چُننا۔ چگنا۔
وَاحِد ع۔ ایک نام خدا کا۔
وَاخَریدن ف۔ ظاہر مین خریدنا سب کے سامنے مول لینا۔ خرید کرنا۔
وَاخواست ف۔ مطالبہ حساب لینا۔ بازخواست۔
وَاخوردن ف۔ ملاقات کرنا۔
وَاخیدن ف۔ دُھکنا۔
وَاد ع۔ زندہ قبر مین دفن کر دینا۔ آواز سخت کرنا۔ آواز سخت۔
وَادادن ف۔ ظاہر مین دینا۔
وَاداشتن ف۔ رکھنا۔
وَادِع ع۔ رخصت کرنے والا۔
وَادِی ع۔ جنگل۔ نالی۔ پانی کی زمین نشیب اور ہموار اور کم درخت جہان پر سیلاب کے جانے کی راہ ہو۔ مجازاً مقدمہ۔ معاملہ۔
وَادِی اَیمَن ع۔ وہ جنگل جس مین حضرت موسیٰ نے نورِ الٰہی درخت کے اوپر دیکھا تھا اور اَیمَن اسوجہ سے کہ یہ صحرا کوہ طور کے دہنی طرف تھا۔
وَادِیدن ف۔ دیکھنا۔
وَار ف۔ مانند۔ لائق۔ طرز۔ روش۔ دستور۔ اور کلمہ نسبت کا بھی ہے جیسے سوگوار اور تقصیروار۔
وَارِث ع۔ میراث لینے والا۔
وَارِثِ تاج ونگین ف۔ کنایہ ہے شاہزادہ اور ولیعہد سے۔
وَارِدات ع۔ واقعہ۔ حادثہ۔ وہ حال جو آدمی پر گذرے۔
وَارِد ع۔ آنیوالا۔ قاصد۔
وَارسیدن ف۔ پہونچنا۔ خبر پانا۔
وَارَستگی ف۔ آزادی۔ فارغ دل ہونا۔ فارغ البالی۔ بے قیدی۔
وَارَستہ ف۔ آزاد۔ فارغ البال۔
وَارَفتن ف۔ جانا۔
وَارَفتگی ف۔ مضمحل ہونا۔ اور پشیمان ہونا۔ گدازپن۔ بیخودی۔
وَارُون ف۔ اُلٹا۔ اوندھا معکوس نامبارک۔
وَاز ف۔ کھلا ہوا۔ ظاہر۔
وَازِع ع۔ باز رکھنے والا۔ منع کرنیوالا۔ سردار لشکر کا۔ حاکم۔ بادشاہ۔
وَازگُون ف۔ برگشتہ۔ اُلٹا۔ یا مبارک منحوس۔
وَاژُون ف۔ اُلٹا۔ اوندھا نامبارک مخفف واژگون کا ہے۔
وَاسِط ع۔ نام ایک شہر کا عراق عرب مین واسط اسلیے نام ہوا کہ یہ شہر بغداد اور بصرہ کے بیچ مین واقع ہے اس کے جنگل مین قلم بہت عمدہ ہوتا ہے۔

وَاسطہ ۔ع۔ درمیانی ۔ بیچ والی ۔

وَاسطۃُ العِقد ۔ع۔ بیش قیمت اور بڑا موتی جو موتیون کی لڑی کے بیچ مین ہوتا ہے ۔

وَاسطی ۔ع۔ شہر واسط کا جیسے واسطی قلم مشہور ہے ۔

وَاسِع ۔ع۔ پھیلنے والا ۔ وسیع اور نام حق تعالے کا ۔

وَاسوختن ۔ف ۔ ایرانی شاعرون کی اصطلاح مین بمعنی بیزار ہونا اور منھ پھیر لینا معشوق سے ۔ ظاہرا سوختہ اسی سے بنا ہے ۔

وَاسوختگی ۔ف ۔ سوختگی ۔ جلن ۔

وَاشدن ۔ف ۔ شگفتہ ہونا ۔ کھلنا ۔ جدا ہونا ۔ تکلیف سے نکلنا ۔

وَاشمہ ۔ع۔ وہ عورت جو دوسری عورتون کے ہاتھ اور پاؤن وغیرہ پر سوئی سے گدنا گودتی ہے ۔

وَاشی ۔ع۔ دروغگو ۔ جھوٹا ۔

وَاصِف ۔ع۔ تعریف کرنے والا ۔

وَاصِل ۔ع۔ ملنے والا ۔ اور ملاقات کرنے والا ۔ ملا ہوا ۔

وَاضِح ۔ع۔ روشن ۔ کھلا ہوا ظاہر ۔

وَاضِع ۔ع۔ رکھنے والا کسی چیز کا اسکی جگہ پر پیدا کرنے والا ۔ بنانے والا ۔

وَاضع چار کتاب ۔ف یعنی خدا جسنے توریت موسیٰ اور زبور داؤد اور انجیل عیسیٰ اور قرآن شریف حضرت محمد صلعم پر نازل فرمایا ۔

وَاعَجَباہ ۔ع۔ مقام افسوس پر کہتے ہین یعنی اے تعجب ۔ واضح ہو کہ بحالت ندبہ آخر الفاظ مین الف اور یا واسطے بڑھانے آواز کے زیادہ کرتے ہین جیسے واحسرتاہ واُمصیبتاہ وغیرہ ۔

وَاعِد ۔ع۔ وعدہ کرنے والا ۔

وَاعِظ ۔ع۔ نصیحت کرنے والا ۔

وَاعِی ۔ع۔ نگہبان ۔ یاد رکھنے والا ۔ فریاد کرنے والا ۔ نگاہ رکھنے والا ۔

وَاعِیہ ۔ع۔ عورت فریاد کرنے والی ۔ یاد رکھنے والی ۔ نگاہ رکھنے والی ۔ نگہبان ۔

وَافِد ۔ع۔ قاصد ۔ پیام لے کے کسی کے پاس جانے والا ۔ شتر سوار ۔

وَافِر ۔ع۔ بہت ۔ کثیر ۔

وَافِی ۔ع۔ پورا ۔ تمام ۔ کامل ۔

وَافِی الحَسَب ۔ع۔ وہ شخص جو شرف مال دین وعلم ودیگر کمال مین کامل ہو ۔

وَاق ۔ع۔ نگاہ رکھنے والا ۔ یعنی کسی کو بچانے والا ۔ نام ایک پرند جانور کا ۔

وَاقِد ۔ع۔ آگ روشن کرنے والا ۔

وَاقِع ۔ع۔ ہونے والا ۔

وَاقِعات ۔ع۔ جمع واقعہ کی ۔

وَاقِعہ ۔ع۔ خواب ۔ جنگ ۔ حادثہ ۔ سختی ۔ زمانہ قیامت کا مرنا ۔ حال ۔

وَاقع شدن ۔ف ۔ ہونا کسی امر کا مجازاً دوچار ہونا ۔

واقعہ طلب ۔ف ۔ مفسد ۔ جنگجو ۔

وَاقعی ۔ع۔ منسوب طرف واقع کے ۔ مجازاً بمعنی درست ۔

وَاقِف ۔ع۔ کھڑا ہونے والا ۔ اور معنی جاننے والا ۔

وَاقفیت ۔ع۔ جان پہچان ۔ علم یعنی جاننا کسی چیز کا ۔

وَاقِی ۔ع۔ نگاہ رکھنے والا یعنے کسی کو بچانے والا ۔ حفاظت کرنے والا ۔

وَاکردن ۔ف ۔ کھولدینا ۔ فارغ کرنا ۔

وَاگرنہ ۔ف ۔ اور نہین تو ۔

وَاکشیدن ۔ف ۔ زبردستی یا حیا سے کوئی چیز کسی سے چھین لینا ۔ کمان وغیرہ کا خوب کھینچنا ۔

وَاگویہ ۔ف ۔ گفتگو ۔ سنی ہوئی بات کا دہرانا ۔ چرچا ۔

وَال ۔ع۔ پناہ ڈھونڈھنا ۔ پناہ ۔

وال ۔ع۔ف ۔ ایک قسم کی مچھلی جسکے چھلکا بھی ہوتا ہے ۔

والا ۔ف ۔ بزرگ ۔ بلند مرتبہ ۔ ایک

قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔
وا اَلا ۔ع۔ اور نہین تو۔
وَالاجاہ ۔ت۔ بلند مرتبہ۔
وَالان ۔ت۔ ہاودیان جسکو ہندی مین سونف کہتے ہین۔
والد ۔ع۔ باپ۔
والدہ ۔ع۔ مان جننے والی۔
والدین ۔ع۔ باپ اور مان۔
واللہ ۔ع۔ قسم خدا کی۔
واللہ اعلم ۔ع۔ اور خدا خوب جانتا ہی۔
والہ ۔ع۔ ہائے ملفوظ سے شیفتہ سرگشتہ عاشق مفتون۔
والہ ۔ت۔ ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔
والی ۔ع۔ دوست۔ حاکم۔ مالک۔ اور بمعنی خویش اور قریب کے بھی آیا ہی۔
وام ۔ت۔ قرض۔ اور بمعنی لعل یعنے رنگ کے بھی آیا ہی۔
وامانندہ ۔ت۔ سکون نون سے عنہ کے ساتھ بمعنی بقا۔ قیام۔ باقی رہنا۔
وامانندگان ۔ت۔ پیچھے رہے ہوئے جمع وامانندہ کی۔
وامانذن ۔ت۔ پیچھے رہنا۔ اور باقی رہنا۔ عاجز رہنا۔
وامانندہ ۔ت۔ پس ماندہ۔ باقی اور قائم رہا ہوا۔ پس خوردہ۔ جوٹھا یعنے آگے کا بچا ہوا کھانا۔ عاجز۔
وام خواہ ۔ت۔ قرضخواہ۔ اپنا قرض دیا ہوا مانگنے والا۔
وامق ۔ع۔ دوست رکھنے والا۔ عاشق نام ایک مرد کا جو عذرا پر فریفتہ اور عاشق تھا۔
وان ۔ت۔ نام شہر کا ولایت ترکستان سے اور حرف تشبیہ کا بمعنی مانند۔ اور بمعنی دارندہ یعنی رکھنے والے کے بھی آتا ہے۔
وانگریستن ۔ت۔ دیکھنا۔
وانمودن ۔ت۔ ظاہر کرنا۔
وانہندہ ۔ت۔ رکھنے والا کسی چیز کا کسی مقام پر پیدا کرنے والا۔
واویلا ۔ع۔ افسوس۔ مجازاً بمعنی فریاد۔ اور واویلا بہ زیادتی ہا کے بھی آتا ہے۔
واہ ۔ت۔ خوب۔
واہب ۔ع۔ بخشنے والا۔
واہلہ ۔ع۔ نام زوجہ نوح کا۔
واہمہ ۔ع۔ قوت وہمی کی جو جزئیات کو معلوم کرے۔ واضح ہو کہ قوت واہمہ کا یہ کام ہی کہ دیکھی اور بغیر دیکھی ہوئی چیز کو خواہ سچ ہون خواہ جھوٹ خیال کرلے اور یہ قوت تابع عقل کی نہین ہی برخلاف دوسری قوتون کے مثلاً کوئی شخص اندھیرے مکان مین مردہ کے پاس ہو ہر چند عقل کہے گی کہ مردہ جماد ہی اس سے خوف کرنا نہ چاہیے مگر قوت واہمہ ضرور خوف دلائے گی۔
واہی ۔ع۔ سست۔
واہیہ ۔ع۔ سست۔ پھٹا ہوا۔ اور بمعنی گمراہ کے بھی ہی۔
وائل ۔ع۔ نام قریہ کا عرب مین نام قبیلہ کا عرب سے۔
وایہ ۔ت۔ حاجت۔ مراد مجازاً بمعنی مقدر اور بمعنی معتاد ہر روزہ کے مثل خوراک افیون وغیرہ کے۔

فصل واو مع ہاے موحدہ

وبا ۔ع۔ موت عام۔ موت جو بسبب ہوا خراب ہونے کے عام ہوتی ہی۔
وبال ۔ع۔ سختی۔ گرانی۔ غذا۔ واضح ہو کہ آفتاب کو دشتہ۔ اُلٹا۔ ہوتا ہی۔ اور چاند کو جدّ۔ عُطارد کو قوس اور حوت اوندھا نامبارک کوعقرب اور حمل مین۔ ا میزان اور ثور مین۔ اور مسرطان عراق عرب مین اور سنبلہ مین۔ اور رُحل مرجعداد اور اسد مین۔
وبر ۔ع۔ ایک جانور ہی بلی نما ہے۔

وَبر ع - اونٹ وغیرہ کے بال -
وبص - ع - چمکنا -

فصل واو مع تاے فوقانی

وَتِد - ع - } لکڑی کی میخ کھونٹی -
وَتِد - ع - }
وِتر - ع - طاق - تنہا -
وَتر - ع - زہ کمان کی - چلّہ کمان کا - باجہ کے تار -
وَتیرہ - ع - راہ - روش - نہاد - اصل دستور -
وَتین - ع - ایک رگ ہے جس سے دل معلق ہے اسکے کٹ جانے سے آدمی فوراً مر جاتا ہے -

فصل واو مع ثاے مثلثہ

وِثاق - ع - } بند - قید -
وَثاق - ع - }
وُثاق - ع - گھر - حرم سرا - عورتو
سوئی سے گڑ
واثی - ع - ا جمع ہے -
واصف - بت پرست -
واصِل - ع - استواری - اعتماد - کرنے والا -
واضح - ع - استواری - عہد - پیمان -
واضِع - ع - دستاویز - پیدا کرنے و

فصل واو مع جیم

وَرَج - ع - نام ایک دوا کا ہے جسکو فارسی میں اگر تر کی اور ہندی میں بیخ کہتے ہیں -
وِجا - ع - جانور کو خصی کرنا اور مار ڈالنا -
وَجا - ع - خوف - ڈر - گردن پر لگا مارنا -
وِجار - ع - بھیڑیے کا بھٹ -
وَجاہَت - ع - خوبصورتی - عزت روشناسی - چہرہ کا روشن ہونا -
وَجب - ع - بالشت -
وِجد - ع - توانا ہونا - دولتمند ہونا -
وَجِد - ع - غمگین ہونا - عاشق ہونا - مجازاً حالت ذوق و شوق کی جو اکثر صوفیوں کو راگ سننے سے ہوتی ہے -
وِجدان - ع - کھوئی ہوئی چیز کو پانا - جاننا - دریافت کرنا -
وَجَر - ع - خوف کرنا - ڈرنا -
وَجِر - ع - ڈرنے والا -
وَجَع - ع - درد - دکھ -
وَجَل - ع - ڈرنا - یہ مصدر ہے -
وَجِل - ع - ڈرپوک - ڈرنیوالا - وہ شخص جو سبب وہم کے خائف ہو -
وَجنَہ - ع - واو کی تینوں حرکتوں سے بمعنی رخسار - گال -
وِجنات - ع - جمع ہر وَجنَہ کی -

وُجوب - ع - واجب ہونا - لازم ہونا - سزاوار ہونا - مقرر ہونا -
وُجود - ع - مطلوب کا پانا - ہستی - مجازاً جسم - بدن -
وَجور - ع - پتلی دو احلق میں پٹھے میں -
وُجوہ - ع - جمع وَجہ کی -
وَجہ - ع - رو - چہرہ - منہ - طریقہ - طور ذات - اور حقیقت کسی چیز کی - وہ چیز جسکے سبب سے معاش کریں - جیسے زمین مشاہرہ وغیرہ - اور بمعنی طرف اور جانب کے بھی ہے -
وِجہَت - ع - طرف - جانب - قبلہ وہ مقام جسکی طرف منہ کیا جائے -
وَجیز - ع - کوتاہ - مختصر -
وَجیع - ع - درد ناک -
وَجیہ - ع - مرد روشناس - خوبصورت صاحب جاہ - دولتمند - خوشنما چیز -

فصل واو مع حاے مہملہ

وُحدان - ع - جمع ہے واحد کی -
وُحدانِیَّت - ع - واحد ہونا - ایک ہونا -
وَحدَت - ع - تنہائی - ایک ہونا -
وَحدَۃُ الوُجود - ع - صوفیوں کی اصطلاح میں کل موجودات کو ایک وجود حق تعالیٰ کا جاننا - اور وجود ماسوا کو محض اعتباری سمجھنا جیسے موج اور حباب

اور کھنور اور قطرہ وغیرہ سب کو پانی معلوم کرنا۔

وحدت ارادی - ع - خدا کو ایک جاننا فقط اپنے اعتقاد اور ارادہ سے بغیر جبر کے

ایک مل ہونا آدمیوں کا اپنی خواہش سے بغیر جبر کے خدا کی وحدت پر جیسے ایک نبی کی امت کے لوگ ہوتے ہیں۔

وحدت قہری - ع - ایک جانا یعنی مسلمان ہونا آدمیوں کا بادشاہان اسلام کے قہر اور غلبہ سے۔

وحدت نوعی - ع - بسبب ایک نوع ہونے کے جو وحدت حاصل ہو۔ جیسے زید و عمرو بکر وغیرہ میں وحدت نوعی ہے اسلیے کہ یہ سب انسان ہیں۔

وحش - ع - جمع ہر وحشی کی لیعنے جنگلی جانور۔

وحش - ع - بد - زشت - برا۔

وحشت - ع - نفرت آدمیوں سے جیسے جانوروں میں ہوتی ہے۔

وحشی - ع - جنگلی جانور جو آدمی سے بھاگتا ہے۔ بائیں طرف کسی عنصر کا بیرونی رخ اور اندرونی رخ کو انسی کہتے ہیں جیسے پشت دست کو جانب وحشی کہتے ہیں اور ہتھیلی کو جانب انسی۔

وحل - ع - کیچڑ - اور وہ زمین جو پانی کے سبب سے نرم ہوگئی ہو۔

وحوش - ع - جمع ہر وحش کی اور وحش جمع ہر وحشی کی جنگلی جانور۔

وحی - ع - خدا کا پیغام سخن نرم۔

وحید - ع - یگانہ - تنہا - اکیلا۔

وحی متلو - ع - قرآن شریف۔

فصل واو مع خاے معجمہ

وخ حرف - ہم معنی واہ واہ کا۔

وخامت - ع - ناموافقت - گرانی دشواری - ناسازگاری۔

وخش - نام شہر کا ولایت ختلان سے - نام شہر کا نواحی بلخ میں - نام شہر کا ملک بدخشان میں۔

وخش - ع - نام ایک مرض کا جو بہائم کو ہوتا ہے - نام ایک بیماری کا جو گھوڑے کے پاؤں میں ہوتی ہے۔

وخم - ع - ناگوار - ناسازگار۔

وخ وخ - ع - واہ واہ - کیا خوب۔

وخیم - ع - دشوار گران - ناگوار - بد - زشت - برا - بدگو۔

فصل واو مع دال مہملہ

ود - ع - دوستی۔

ودّ - ع - قوم نوح علیہ السلام کے بت کا نام جو بصورت مرد تھا۔

وداد - ع - دوستی - محبت۔

وداد - ع - آرزو کرنا - چاہنا۔

وداج - ع - رگ گردن۔

ودّاجین - ع - دونوں رگیں جو گردن کے دونوں طرف ہوتی ہیں۔

وداع - ع - رخصت کرنا۔

ودائع - ع - امانتیں - جمع ودیعت کی

ودع - ع - مہرہ سفید جو دریا سے نکلتا ہے ہندی سنکھ۔

ودود - ع - دوست نام خدا کا۔

ودیعت - ع - امانت - دھروہر۔

فصل واو مع رائے مہملہ

وراثت - ع - مردے کے مال کا وارث ہونا - میراث پانا۔

وراق - ع - کاغذ کا بنانے والا - دولتمند آدمی - لکھنے والا - محرر۔

وراق - ع - سبزی زمین کی بسبب گھاس اور نباتات کے زمین سبز پر گیاہ - سبزہ زار۔

ورا - ع - پس عقب - پیچھے - فرزند سوا بدون۔

ورا - ع - } دنیا - مخلوقات جن اور
ورای - ع - } انسان وغیرہ سے۔

ورا - ع - منحف ادراکا - اسکو۔

ورثہ - ع - میراث پانے والے لوگ یہ جمع وارث کی ہے۔

وُرخ - ف - زیون - پلید -
وُرخس - ف - نام ایک ورم کا جو ناخن کی جڑ مین پیدا ہوتا ہی -
وُرخرچ - ف - فضول خرچ - زیادہ خرچ کرنے والا -
وُرخوردن - ف - ملاقات کرنا -
وَرد - ع - گلاب کا پھول -
وِرد - ع - ہر روز کا کام - دائمی - جگہ پانی پینے کی - پنگھٹ -
وَردمزنی - ع - گلقند -
وُردوک - ف - بروزن مفلوک - ہندی اسکی چھپر -
وَردی - ع - گلاب کی سی رنگت -
وُرزش - ف - ڈنڈ پیلنا - کثرت کرنا - گدر ہلانا وغیرہ وغیرہ -
وُرزیدن - ف - مشق کرنا - اختیار کرنا - ورزش اسی کا حاصل مصدر ہی -
وَرطہ - ع - ہلاکی کا محل - وہ زمین جسمین راہ نہو - مجازاً بھنور پانی کا -
وَرع - ع - پرہیزگاری -
وَرِع - ع - پرہیزگار - پارسا -
وُرغلانیدن - ف - بہکانا -
وَرق - ع - پتہ درخت کا - ٹکڑا کاغذ کا - کاغذ کٹا ہوا -
وَرق - ع - چاندی کا سکہ - روپیہ وغیرہ
وَرق - ع - جمع ورقا کی جو یمنی کبوتر اور فاختہ کے ہی -
وَرقا - ع - فاختہ - کبوتر -
وَرق الخیال - ع - بنگ جسکو ہندی مین بھنگ کہتے ہین یہ ایک نشہ کی چیز ہی -
وَرق خام - ف - کاغذ اہل دفتر کا جسکو کچا چٹھہ کہتے ہین -
وَرق ریختن - ف - بازی کو مات کرنا - خراب کرنا -
وَرق گردانیدن - ف - فعل عبث کرنا اپنی بے علمی کا عیب چھپانا - اپنی قدیمی وضع کا یکبارگی ترک کردینا -
وَرک - ع - } سُرین - کولا - چوتڑ -
وِرک - ع - }
وَرَل - ع - ایک جانور ہے جو مشابہ سقنقور اور سوسمار کے ہوتا ہی -
وَرم - ع - جسم کا سوج پھول جانا بسبب بیماری کے -
وِرناک - ف - نام حشیشہ کا کشمیر مین -
وُرنہ - ف - اور نہین تو -
وُرود - ع - کسی جگہ کے اندر جانا - داخل ہونا - نازل ہونا -
وَرہ - ع - احمق اور بیوقوف ہونا -
وَرید - ع - بروزن جدید - گردن کی رگ اور طبیبون کے نزدیک وہ رگ جو دھڑکتی نہو برخلاف شریان کے کہ وہ دھڑکتی ہے -

فصل واؤ مع زائے معجمہ

وِزارت - ع - وزیر ہونا -
وَزان - ف - روان - جاری -
وَزّان - ع - بڑا تولنے والا -
وُزّان - ع - بہت سے تولنے والے -
وِزر - ع - گرانی - بوجھ - بھاری بوجھ جو پیٹھ پر اٹھائین - پشتارہ - گناہ - ہتھیار - اوزار جمع ہے -
وُزَراء - ع - جمع ہر وزیر کی -
وَزش - ف - ہوا کا چلنا - یہ لفظ حاصل مصدر ہے -
وَزغ - ع - } مینڈک - گرگٹ - اور
وُزغہ - ع - } ایک قسم چھپکلی کی -
وَزن - ع - تولنا - بوجھ - اندازہ اور فارسی مین بمعنی عزت اور وقار - اور بزرگی کے بھی مستعمل ہی -
وَزیدن - ف - ہوا کا چلنا -
وَزیر - ع - وہ شخص جو بوجھ اٹھانے مین کسی کا شریک ہو - چونکہ سلطنت کے کام کا بوجھ اٹھانے مین وزیر شریک بادشاہ کا ہوتا ہی اسلیے یہ نام ہوا -

فصل واؤ مع سین مہملہ

وِسادہ - ع - تکیہ - وسائد جمع ہے -

وَسَاطت - ع - درمیان ہونا - وسیلہ ہونا - واسطہ ہونا -

وَسَامَت - ع - خوبی - زیبائی اور خوبصورت ہونا -

وَسَاوِس - ع - جمع وسواس کی -

وَسَائِد - ع - تکیے - جمع وسادہ کی -

وَسَائِط - ع - واسطے - وسیلے - یہ جمع واسطہ کی ہے -

وَسَائِل - ع - وسیلے - ذریعے یہ جمع وسیلہ کی ہے -

وَستا - ف - خدا کی تعریف -

وَسَخ - ع - } چرک - میل -
وَسَخ - ع - }

وَسَخ - ع - چرکین - میلا -

وَسَط - ع - وہ چیز جو میانہ ہو یعنی لمبائی چوڑائی وٹاپے وڈبلے پن وغیرہ کیفیتون مین متوسط ہو - وہ چیز جو بیچ مین واقع ہو -

وُسط - ع - یہ ظرف مبہم ہے بمعنی درمیان ہر چیز کا بیچ -

وُسطیٰ - ع - بیچ کی اُنگلی یہ مؤنث اوسط کا ہے -

وُسع - ع - فراخی - دسترس - توانائی -

وُسعت - ع - فراخی - چوڑاپن -

وَسق - ع - اٹھانا - بوجھ لادنا - بوجھ اُٹھانا - ہانکنا - چلانا -

وَسق - ع - باختر اور وہ ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور ایک صاع دو سو چونتیس تولہ کا ہوتا ہے -

وَسم - ع - نشان کرنا - داغ کرنا - عیب - نشان - داغ -

وَسمت - ع - داغ کرنا - نشان کرنا - مجازاً تہمت کرنا -

وَسمہ - ع - نیل کی پتی جس سے بالون کو سیاہ کرتے ہین -

وَسمی - ع - اول بہار کا مینھ - بڑی بڑی بوندون والا مینھ -

وَسن - ع - نیند - غنودگی - اونگھ -

وَسنا - ع - خفتہ - سویا ہوا آدمی -

وَسنی - ع - سوت - واضح ہو کہ جس مرد کی دو جوروان ہون وہ آپس مین ایک دوسرے کی وَسنی ہوئی -

وَسواس - ع - وہم - وسوسہ -

وَسوسہ - ع - اندیشۂ بد - بُری بات جو دل مین آوے - عورت کے زیور کی آواز - بدی - برائی -

وَسیط - ع - میانہ - بزرگوار - وہ شخص جو نسب مین میانہ اور درجہ مین رفیع یعنے بلند ہو -

وَسیع - ع - فراخ - چوڑا -

وَسیلہ - ع - ذریعہ - واسطہ -

وَسیم - ع - خوبصورت جمیل نشان کیا گیا

فصل واو مع شین معجمہ

وَش - ف - خوب - خوش - خالص - شبیہ - نظیر - مانند - نام شہر کا جو ترکستان سے - ایک قسم ریشمی کپڑے کی شملہ - دستار - پگڑی -

وُشات - ع - جھوٹ بولنے والے سخن چین - کترے - جمع واشی کی -

وُشاح - ع - ہار - بدھی - گلوبند -

وُشاق - ت - خدمتگار - امرد غلام اور برہان مین یہی لفظ واؤ کے کسرہ سے بمعنی کنیز یعنی لونڈی کے آیا ہے -

وُشت - ف - خوب - خوش -

وُشتا - ف - نام شرح زند کا اور زند ایک کتاب ہے دین آتش پرستی مین -

وُشتن - ف - رقص کرنا ناچنا -

وَشق - ع - گوشت کا دھوپ مین خشک کرکے رکھ چھوڑنا تاکہ آیندہ بوقت حاجت کام آوے -

وَشق - ت - نام ایک جانور کا جو بلی کے برابر ترکستان مین ہوتا ہے سفید رنگ اور کالے کالے دھبے اُس پر ہوتے ہین اس کے پوست کا پوستین بنتا ہے

اور اس پوشش کو بھی وشق کہتے ہیں۔
وشل ع۔ تھوڑا پانی۔
وشی ع۔ کپڑے کا رنگنا۔ جامۂ رنگین۔ ایک قسم ریشمی کپڑے کی منسوب طرف شہر وش کے۔
وشیک ع۔ شتابی کرنے والا۔ اور بمعنی قاصد تیز رفتار۔

فصل واو مع صاد مہملہ

وصاف ع۔ بہت تعریف کرنے والا۔
وصال ع۔ بڑا ملنے والا۔ بڑا پیوند کرنے والا۔ بڑا ملانے والا۔
وصال ع۔ جمع واصل کی ملنے والے
وصال ع۔ ملنا۔ ملاقات ہونا۔
وصایا ع۔ جمع وصیت کی۔
وصب ع۔ بیماری۔ رنج۔
وصف ع۔ تعریف۔ خوبی۔ اچھی باتوں کا بیان کرنا
وصلہ ع۔ کاغذ کا ٹکڑا۔ کپڑے وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔
وصل ع۔ ملاقات معشوق سے ملنا۔
وصلت ع۔ پیوند۔ خویشی۔ پیوستگی۔ ملنا۔ ملاقات۔ وصل۔
وصمت ع۔ عیب۔ نقصان۔
وصول ع۔ پہونچنا کسی چیز کا کسی دوسری چیز کے پاس۔
وصی ع۔ وہ شخص جسکو وصیت کیگئی ہو۔ کنایہ حضرت علی علیہ السلام سے۔
وصیت ع۔ مرتے وقت یا سفر کرتے وقت جو کوئی شخص کہے کہ میرے بعد ایسا ایسا کرنا وہ وصیت ہے۔
وصید ع۔ آستانہ۔ چوکھٹ۔
وصیف ع۔ خدمتگار۔ لونڈی غلام
وصیفہ ع۔ باندی کنیز۔ لونڈی۔
وصیلہ ع۔ عمارت فراخی۔ زمین فراخ ارزانی۔ گردہ۔ ہم سفر۔ تیغ۔

فصل واو مع ضاد معجمہ

وضاءت ع۔ پاکیزگی۔ خوبی۔ خوبصورت ہونا۔ روشن چہرہ ہونا۔ پاک خالص ہونا بے عیب ہونا۔
وضاح ع۔ مرد سفید رنگ یعنی خوبصورت گوری رنگت والا۔ مرد مبروص یعنی جسکو برص کا عارضہ ہو۔
وضاحت ع۔ کشادگی۔
وضاعت ع۔ کمینہ ہونا۔
وضع ف۔ رکھنا۔ ترتیب کرنا۔ جننا۔ اور بمعنی کرنے کے بھی ہے۔
وضع کردن ف۔ بچہ جننا۔ رکھنا حساب سے خارج کرنا۔
وضوء ع۔ مصدر ہے بمعنی منھ دھونا۔ مجازاً منھ ہاتھ پاؤں دھونا بطور مقررہ واسطے پڑھنے نماز کے۔
وضور ع۔ وہ پانی جس سے وضو کریں۔
وضوح ع۔ ظہور۔ واضح ہونا۔ پیدا اور روشن ہونا۔
وضیع ع۔ نالائق۔ نیچ۔ کمینہ۔
وضیمہ ع۔ ماتم کی ضیافت۔

فصل واو مع طاء مہملہ

وطاء ع۔ جانا۔ پائمال کرنا۔
وطاء ع۔ کسی کے ساتھ موافقت کرنا۔ لباس۔ بستر۔ فرش۔
وطر ع۔ حاجت۔
وطن ع۔ جگہ رہنے آدمی کی۔
وطواط ع۔ ابابیل مشہور پرندہ۔
وطی ع۔ جماع کرنا۔ عورت سے صحبت کرنا۔ اصلی معنی پائمال کرنا۔
وطیس ع۔ لوہے کا تنور روٹی پکانے کا اور حمی الوطیس یعنی سخت گرم ہونا تنور کا یعنی سخت ہونا جنگ کا۔

فصل واو مع ظاء معجمہ

وظائف ع۔ جمع ہے وظیفہ کی۔
وظیفہ ع۔ وہ چیز جو کسی کے واسطے ہر روز کے لیے مقرر ہو۔

فصل واو مع عین مہملہ

وعاء ع۔ برتن ظرف۔
وعاظ ع۔ جمع ہے واعظ کی یعنے

نصیحت کرنے والے لوگ۔

وَعدہ ع۔ اقرار کرنا نیکی کرنیکا۔ اقرار کرنا۔ مجازاً اقرار خواہ نیک ہو یا بد۔ مگر اکثر استعمال اسکا نیکی اور خیر مین ہی۔

وعر ع۔ دشوار سختی۔ تھوڑا احسان گرمی کی سختی۔ کینہ۔ غصہ۔

وَعظ ع۔ نصیحت۔ پند نصیحت کرنا۔

وُعُود ع۔ جمع ہی وعدہ کی۔

وُعُوع ع۔ آواز کتے کی۔ اور بعضے کہتے ہین آواز گیدڑ اور بھیڑیے کی بھی۔

وَعِید ع۔ برا وعدہ۔ عذاب کا وعدہ اور یہ شر اور بدی مین مستعمل ہے۔

فصل واو مع غین معجمہ

وَغا ع۔ جنگ۔ لڑائی۔ شور۔ غوغا۔ یہ لفظ بکسر اول غلط ہی۔

وَغد ع۔ ناکس کمینہ۔ نالائق وغیرہ ماور اسوائے اسکے۔

فصل واو مع فا

وَفا ع۔ وعدہ پورا کرنا۔ دوستی کا پورا کرنا۔ قول و قرار کا بجا لانا۔

وَفات ع۔ مرگ۔ موت۔

وَفادار ع۔ نمک حلال۔ دوست وعدہ کا پورا کرنے والا۔

وَفادت ع۔ نزدیک بادشاہ کے جانا۔ ایلچی ہونا۔ قاصدی۔

وِفاق ع۔ سازگاری کرنا موافقت کرنا۔ اور بمعنی محبت اور اتفاق کے مستعمل ہی۔

وِفاقت ع۔ سازگاری کرنا موافقت کرنا۔ دوستی اور محبت کرنا۔

وَفد ع۔ ایلچی گری اور قاصدی کے طور پر کسی کے پاس جانا۔

وَفر ع۔ زیادتی مال کی۔ بہتایت زیادتی ہر چیز کی۔

وَفضہ ع۔ تیر و کمان کش جھولی گڈریا کی جسمین کھانا وغیرہ رکھتے ہین۔

وَفق ع۔ موافق۔ سازگار۔ مطابق

وُفود ع۔ جمع وافد کی۔ قاصد لوگ۔

وُفور ع۔ تمام ہونا۔ بہت ہونا۔ زیادتی بہتایت

وَفی ع۔ تمام۔ کامل۔

فصل واو مع قاف

وَقاح ع۔ بیشرم۔ بیحیا۔ بے ادب۔

وَقاحت ع۔ بیحیائی بیشرمی۔ بے ادبی

وَقاد ع۔ بہت بھڑکنے والا۔ بہت شعلہ مارنیوالا۔ روشن۔ افروختہ۔

وَقار ع۔ آرام۔ آہستگی۔ بردباری۔ حلم۔ گرانباری بھاری بھرکم پن۔

وَقّاص ع۔ گردن توڑنے والا جنگجو۔ نام ایک صحابی کا جنکو فن تیر اندازی مین بڑا کمال تھا۔

وَقاع ع۔ جماع۔ جنگ۔ لڑنا۔

وِقایہ ع۔ نگاہ رکھنا حفاظت نگہبانی۔ وہ چیز جس سے دوسری چیز کو محفوظ رکھ سکین کتاب کا مقولی۔ نام ایک کتاب کا فقہ مین۔

وَقائع ع۔ حوادث۔ مصیبتین۔ لڑائیان۔ لڑائی کی خبرین جنگ کے حالات۔ یہ جمع وقعہ کی ہی جو بمعنی فتنہ اور قتل کے ہی۔ اور جو لوگ اسکو جمع واقعہ کی کہتے ہین غلط ہی۔

وَقت ع۔ زمانہ۔ عرصہ۔ ہنگامہ۔

وَقح ع۔ بے شرم آدمی۔

وَقر ع۔ کان سے اونچا سننا۔ گرانی گوش مجازاً بمعنی عزت۔ حلم تمکین بھاری بھرکم پن۔

وِقر ع۔ اتنا بوجھ جسکو گدھا یا خچر اٹھا سکے اور مقدار چھ الیس صاع کی ہی۔ اور یار ستہ کو وسق کہتے ہین۔

وَقع ع۔ بلند جگہ۔ مجازاً بمعنے عزت اور اعتبار کے۔

وُقعت ع۔ سختی۔ آسیب۔ لڑائی۔

وُقُف ع۔ کسی جگہ کھڑا ہونا۔ ٹھہرنا۔ کھڑا ہونا۔ توقف کرنا کلام مین۔ جاننا خبردار ہونا۔ وہ چیز جو کسی کی ملک

مین نہو یعنی راہ خدا مین اُسکو دے ڈالا ہو
اور کبھی بمعنی مطلق عطا یعنی بخشش کے
مستعمل ہوتا ہی۔
وَقفہ۔ع۔ تھوڑی دیر ٹھہر جانا۔
وَقواق۔ع۔ نام ایک جزیرہ کا جہان
ایسے درخت ہیں جنکے پھل بشکل چہرۂ
انسان کے ہوتے ہین۔ اور مجازاً اُس
درخت کو بھی وقواق کہتے ہین۔
وُقود۔ع۔ لکڑی وغیرہ جس سے آگ
سلگائی جائے۔ ایندھن۔
وَقود۔ع۔ مصدر ہی۔ آگ روشن کرنا
بھڑکنا آگ کا۔
وَقُور۔ع۔ ذی عزت آدمی۔
وُقُوف۔ع۔ جاننا۔ آگاہی۔ خبردار ہونا
کھڑا ہونا۔
وُقُوع۔ع۔ واقع ہونا۔ گرنا۔ پرند کا نیچے
اُترنا۔ مجازاً ظاہر ہونا ہر چیز کا۔
وَقی۔ع۔ نگاہ رکھنا۔ حفاظت کرنا۔
وَقیح۔ع۔ بیحیا۔ بیشرم۔
وَقید۔ع۔ وہ چیز جس سے آگ روشن کرین
مثل لکڑی اور گھاس وغیرہ کے۔
وَقید۔ع۔ وُبلا۔ ناتوان۔
وَقیع۔ع۔ بلند۔ اونچا۔
وَقیعت۔ع۔ ملامت۔ ملامت کرنا۔
عیب گوئی کسی کے پیچھے کسی کو بُرا کہنا
غمازی۔ لترانپن۔
وُقیہ۔ع۔ نام ایک وزن کا جو چالیس
درم کا ہوتا ہی اور ایک درم ساڑھے
تین ماشہ کا ہوتا ہی۔

فصل واؤ مع کاف عربی و فارسی

وِکاف۔ع۔ گدھے کا پالان اور
گھوڑے کا زین۔
وِکالت۔ع۔ وکیل ہونا۔ دوست ہونا
اپنا کام دوسرے کے سپرد کرنا۔
وِکر۔ع۔ آشیانہ۔ گھونسلا پرند کا۔
وَگر۔ف۔ اور اگر۔
وَگر نہ۔ف۔ اور اگر نہیں۔
وَگز۔ع۔ گھونسا مارنا۔
وَگس۔ع۔ زیان۔ نقصان کمی۔
وَکس۔ع۔ کم ہونا۔ کم کرنا۔
وکف۔ع۔ مینھ کی بوندون کا گھر کی
چھت سے ٹپکنا۔ ٹپکنا پانی کا کسی اور
چیز سے۔
وَکف۔ع۔ گنہگار ہونا۔ عیب ناک
ہونا۔ گناہ عیب۔
وَکل۔ع۔ کسی پر اپنا کام چھوڑ دینا۔
وَکل۔ع۔ مرد عاجز جو اپنا کام دوسرے
شخص کے بھروسہ پر چھوڑ دے۔
وُکلا۔ع۔ جمع ہو وکیل کی۔
وُکن۔ع۔ مُرغی کا انڈون کو سینا۔
وُکور۔ جمع وکر کی۔ پرندون کے
گھونسلے۔
وَکوف۔ع۔ اونٹنی بہت دودھ والی
وَکول۔ع۔ مرد عاجز جو اپنا کام دوسرے
پر چھوڑ دے۔
وَکیرہ۔ع۔ نئے مکان کے بنانے کی ضیافت
یعنے لوگون کو کھانا کھلانا۔
وَکیع۔ع۔ سخت۔ محکم۔ نام ایک مرد
دانشمند مشہور کا۔
وَکیف۔ع۔ پے در پے ٹپکنا مینھ کی
بندون کا مکان کی چھت سے ٹپکنا
پانیکا اور کسی چیز سے۔
وَکیل۔ع۔ وہ شخص جسپر کوئی دوسرا
شخص اپنا کام چھوڑ دے۔

فصل واؤ مع لام

ولا۔ع۔ دوستی۔ محبت۔ پے در پے
کسی کام کا کرنا۔
وِلا۔ع۔ آزاد غلام کی میراث۔ اور
دوستان و یاران۔
وُلات۔ع۔ جمع ہو والی کی۔ دوست
لوگ۔ حاکم لوگ۔
وِلادت۔ع۔ بچہ جننا۔
وَلأس۔ع۔ گرگ۔ بھیڑیا۔
وِلاف۔ع۔ اُلفت کرنا۔ محبت کرنا۔
وِلایت۔ع۔ حاکم ہونا کسی کا ولی

ہونا۔ یار ہونا۔ دوست ہونا۔ یاری
بادشاہی۔ ایک بادشاہ کا ملک۔ وہ
زمین جو آباد ہو۔ کسی کے کام کا ذمہ دار ہونا
تصرف۔ دوستی۔ حکومت۔ امیری۔
نزدیکی بندہ کی خدا سے۔

وِلایت۔ع۔ یاری کرنا۔ مدد دینا۔

وَلَد۔ع۔ فرزند۔ واضح ہو کہ یہ دونون
وُلد۔ع۔ لفظ مفرد اور جمع دونون طرح پر
استعمال ہوے ہین۔

وِلد۔ع۔ بچہ۔

وَلَدُالزِّنا۔ع۔ حرام کا بچہ۔ اور اصطلاح
مین وہ کیڑے اور پروانے وغیرہ جو برسات
مین پیدا ہوتے ہین اور بعد طلوع کرنے
ستارۂ سُہیل کے مرجاتے ہین۔

وِلدان۔ع۔ بچے۔ لڑکے غلام کم سن یہ
جمع ولید کی ہے۔

وَلَع۔ع۔ حرص۔ لالچ۔ فریفتگی۔

وَلغ۔ع۔ دروغ۔ جھوٹ

وَلیع۔ع۔ جھوٹھ بولنا۔ باز رکھنا۔

وَلَغ۔ع۔ کتے کا پانی پینا۔

وَلکِن۔ع۔ اور لیکن۔ اور مگر۔

وُلُوج۔ع۔ داخل ہونا کسی چیز کا کسی
چیز مین۔ اندر گھسنا۔

وَلُود۔ع۔ وہ عورت۔ جو بچہ بہت جنتی
ہو۔ بکری بہت بچے جننے والی۔

وَنوع۔ع۔ حریص ہونا۔ لالچی ہونا۔

وَنُوع۔ع۔ حریص۔ لالچی۔

وُلوغ۔ع۔ کتے کا پانی پینا۔

وَلُولَہ۔ع۔ واویلا کرنا۔ غل۔ شور۔ جوش
دخروش۔ فریاد۔

وَلَہ۔ع۔ سرگشتگی۔ عشق۔ غصّہ۔ غضب
شیفتگی۔ بیعقل ہونا۔

وَلَہان۔ع۔ حیران ہونا۔ بیہوش ہونا۔
غمگین۔ بیخود۔ وہ شخص جو بسبب غم
یا عشق کے سرگشتہ و پریشان ہو۔

وَلے۔ن مخفف ولیک کا۔ اور
ولیک مخفف ولیکن کا اور ولیکن امالہ
ہے ولکن کا۔

وَلی۔ع۔ دوست۔ یار۔ متصرف۔
مددگار مصاحب۔ خداوند۔ نزدیک
کسی کے کام کا ذمہ دار اور کفیل۔ وہ
نیک بندہ جو خدا کی درگاہ مین مقرب ہو۔

وَلید۔ع۔ کودک۔ لڑکا۔ غلام کم سن
نام ایک بادشاہ کا۔

وَلیدہ۔ع۔ لڑکی کم سن لونڈی۔

وَلیع۔ع۔ غنچۂ ناشگفتہ۔ مُنھ بند کلی۔

وَلیعَہد۔ع۔ حاکم وقت اصطلاحاً وہ
شخص جسکو بادشاہ اپنی زندگی مین اپنی
جگہ پر بیٹھنے کا حکم اس طور پر دے کہ بعد
میرے یہ بادشاہ ہوگا۔

وَلیک۔ن مخفف ولیکن کا۔

وَلیکن۔ن امالہ ولکن کا۔

وَلیمہ۔ع۔ شادی کا کھانا۔ کتخدائی اور
بیاہ کی ضیافت۔

وَلی نِعمت۔ع۔ بغیر اضافت کے وہ
شخص جو کسیکو کھانے کو دے پرورش
کرنے والا۔ واضح ہو کہ لفظ ولی اکثر
مقطوع الاضافت آتا ہی جیسے ولی عہد
ولی نعمت وغیرہ۔

فصل واؤ مع نون

وَن۔ع۔ کلمہ تشبیہ کا ہی بمعنی مانند۔
نام ایک میوہ کا جسکو ہندی مین
چرونجی کہتے ہین۔

وَنْد۔ن ترہ تیزک۔

وَنی۔ع۔ کامون مین سستی کرنا ماندگی
سستی سُستہ ہونا۔

وَنیم۔ع۔ مکھی کا گوہ۔

فصل واو مع ہاے ہوز

وَہ۔ن کلمہ تعجب اور تحسین اور
تعریف اور افسوس کا ہے۔

وَہّاب۔ع۔ بہت بخشنے والا۔

وَہّاج۔ع۔ درخشان۔ روشن۔ اور
چمکتا ہوا۔ بڑا روشن۔

وِہاد۔ع۔ زمینین پست اور نیچی۔ یہ
جمع وہدہ کی ہے۔

وَہَب۔ع بخشش کرنا۔
وَہبی۔ع بخشا ہوا۔ عطا کیا گیا۔
وَہَج۔ع آگ کا شعلہ مارنا۔
وَہَج۔ع آگ کی روشنی اور سوزش۔
وَہدہ۔ع۔ زمین پست اور نشیب۔
وَہَق۔ع۔ کمند۔
وَہَل۔ع۔ ڈرنا۔ غلط اور سہو کرنا۔
وَہلہ۔ع۔ ڈرنا۔ خوف۔ ڈر۔ نوبت۔ مرتبہ۔ دفعہ۔ ایکبار۔
وَہم۔ع کسی چیز کی طرف دل کا جانا۔ بغیر قصد اور ارادہ کے۔ وسواس۔
وَہمہ۔ع۔ درد ولادت یعنی جننے کا درد جو عورتون کو ہوتا ہی۔
وَہمی۔ع۔ کوئی بات منسوب طرف وہم کے۔ اور وہ شخص جسکو وہم ہو۔
وَہن۔ع سستی۔ سست ہونا۔ ست کرنا۔ سست ہونا۔ اعضا کا۔ اور اسی معنی اخیر مین یہ مستعمل ہی۔
وَہی۔ع سست ہونا نرم ہونا۔

فصل واؤ مع یاے تحتانی

وَے۔ف۔ وہ۔ اُس۔ جیساکہ ورا کے معنی اُسکو۔
وَیح۔ع۔ کلمہ رحم اور ترحم۔ اور مدح یعنے تعریف۔ اور بمعنی زہے یعنی کیا خوب اور تحسین۔ اور افسوس اور تنبیہ اور جھڑکی کا۔
وَیس۔ع۔ کلمہ حقارت کا۔
وِیس۔ف۔ یاے مجہول سے نام ایک عورت حسینہ کا جسپر امین ایک شخص عاشق تھا۔
وِیرا۔ف۔ اُسکے تئین۔
وِیران۔ف۔ یاے معروف سے بمعنی غیر آباد۔ اُجڑا ہوا۔
وِیرانی۔ف۔ غیر آبادی۔
وَیل۔ع۔ بمعنی واے جو کلمہ افسوس کا ہی۔ اور بمعنی عداوت بختی۔ شور۔ فغان ہلاکت۔ مصیبت اور غم مین فریاد اور بیقراری۔ اور نام ایک وادی کا ہو دوزخ مین۔
وَیہ۔ع۔ کلمہ برانگیختہ کرنے کا اور جھڑکانے کا ہی۔ اور کلمہ لذت کا بھی ہی جسکے معنے فارسی مین چہ خوش۔

باب ہاے ہوز

فصل ہا مع الف

ہا۔ع۔ اسم فعل بمعنی امر ہے یعنی لے۔ اور حرف تنبیہ کا بھی ہی۔
ہا۔ف۔ فارسی مین حرف جمع کا ہے اور کبھی زائد آتا ہے جیسے آداب ہا اسلیے کہ آداب خود جمع ادب کی ہے اب اس صورت مین ہا زائد ہی۔
ہابط۔ع۔ نیچے اُترنے والا۔ اور نیچے آنے والا۔
ہابیل۔ع۔ نام حضرت آدم علیہ السلام کے فرزند کا جنکو قابیل اُنھین کے بھائی نے قتل کیا تھا۔
ہات۔ع۔ اسم فعل بمعنی امر ہی یعنی دے بخشش کر۔
ہاتف۔ع آواز دینے والا وہ فرشتہ جو عالم غیب سے آواز دے۔
ہاجر۔ع۔ ہجرت کرنے والا۔ اور نام ایک قبیلہ کا عرب سے۔
ہاجرہ۔ع۔ نام والدہ حضرت اسمٰعیل کا۔
ہاجرہ۔ع۔ دوپہرون کا وقت جو نہایت گرمی اور حرارت کا ہو۔
ہاجس۔ع۔ دل مین خیال آنیوالا۔
ہاجن۔ع۔ کنواری لڑکی۔
ہاجی۔ع۔ ہجو کرنیوالا۔
ہادم۔ع۔ ڈھانے والا عمارت کا۔ مٹانیوالا۔ اُجاڑنیوالا۔
ہادم اللذات۔ع۔ صیلی معنی مٹادینے والا۔ لذتون کا۔ اصطلاحاً لقب حضرت عزرائیل کا جو فرشتہ ہین روحون کے قبض کرنیوالے اور ہادم ذال معجمہ سے بھی آیا ہی۔
ہادی۔ع۔ ہدایت کرنیوالا۔ نیک راہ

دکھلانیوالا۔ رہنما۔

هٰذا ع۔ یہ۔

هار۔ ف۔ افتادہ اور منہدم ہونیوالا۔

هار۔ ف۔ پھولون وغیرہ کی بدھی۔

اگرچہ یہ لفظ ہندی ہے مگر فارسی مین بھی استعمال ہوتا ہے۔

هاربے۔ ع۔ بھاگنے والا۔

هاروت وماروت۔ ع۔ نام دو فرشتون کا جو بابل کے کنوئین مین خدا کے حکم سے لٹکائے گئے ہین اور قیامت کے دن تک لٹکے رہین گے اور جو کوئی اس کنوئین کی جگہ پر جادو سیکھنے جاتا ہے اسکو سکھا دیتے ہین۔

هاروتی۔ ن۔ ساحری۔

هارون۔ ع۔ نام ایک پیغمبر کا جو حضرت موسیٰ کے بڑے بھائی تھے۔ نام خلیفہ بغداد کا مشہور بہ ہارون رشید۔ اور بمعنی قاصد اور پیک و نقیب اور پاسبان کے بھی آیا ہے۔

هارونی۔ ف۔ قاصدی نقیبی۔ پاسبانی چوکیداری۔

هاشم۔ ع۔ نام آنحضرت صلعم کے پردادا صاحب کا۔

هاشمی۔ ع۔ منسوب طرف حضرت ہاشم کے اولاد ہاشم۔ اور ہاشم رفوداد عبد اللہ کے اور باپ عبد المطلب کے اور بیٹے عبد مناف کے تھے۔

هاضم۔ ع۔ ہضم کرنے والا۔ اور ہضم ہونیوالا۔

هاضوم۔ ع۔ دوا جو کھانا ہضم کرے۔

هاطل۔ ع۔ ابر بہت برسنے والا۔

هاع۔ ع۔ مرد بزدل۔

هال۔ ف۔ الائچی سفید۔ اور بمعنی قرار و آرام

هایج۔ ع۔ شتر مرغ تیز رفتار۔ اور وہ شخص جو بڑا لالچی ہو۔

هالک۔ ع۔ نیست کرنیوالا۔ اور نیست ہونیوالا۔ ہوالک جمع ہے۔

هالکہ۔ ع۔ نفس حریص

هالگاہ۔ ف۔ چوگان کھیلنے کا میدان اور مقام۔

هالہ۔ ع۔ چاند کے گرد کا کنڈل۔ اور اسکو فارسی مین خرمن ماہ کہتے ہین۔ اور یہ کنڈل آفتاب کے گرد بھی پڑتا ہے۔ اور بعضون نے لکھا ہے کہ ہالہ ماہ دلیل ہے۔ مینھ برسنے کی۔ اور ہالہ آفتاب دلیل ہے جنگ و مقاتلہ کی اور فارسی مین ہالہ بمعنی لون یعنی رنگ اور قرار اور آرام کے بھی آتا ہے۔

هامّ۔ ع۔ جمع هامہ کی۔ کھوپری۔ اُلّو

هامان۔ ع۔ نام وزیر فرعون کا۔

هامر۔ ع۔ ابر بہت برسنے والا۔

هامز۔ ع۔ عیب کرنیوالا۔ آنکھ سے اشارہ کرنے والا۔

هامش۔ ع۔ کنارہ۔ حاشیہ۔ اور یہ لغت اصل نہین ہے بلکہ مولد ہے۔

هاموم۔ ع۔ چربی کچلی ہوئی اونٹ کی پیٹھ کا کوہڑ۔ کوہان شتر۔

هامون۔ ف۔ صحرا۔ میدان۔

هامہ۔ ع۔ کاسۂ سر۔ کھوپری۔ پیشانی تن مردہ۔ بوم۔ اُلّو۔

هامہ۔ ع۔ سانپ بچھو نیولا۔ وغیرہ زمین کے اندر گھسنے والا جانور۔

هان۔ ف۔ کلمہ تنبیہ کا۔ خبردار رہ۔

هاون۔ ف۔ اوکھلی۔ وہ ظرف جس مین دوا وغیرہ ڈالکر کوٹین۔

هاون دستہ۔ ف۔ لوہے اور پیتل وغیرہ کا ہوتا ہے۔ اوکھلی اور دستہ۔

هاویہ۔ ع۔ ساتوین طبقہ دوزخ کا نام جو سب سے نیچے ہے۔

هہنا۔ ع۔ بمعنی اُس جگہ۔

هاے هاے۔ ف۔ آواز رونے کی ماتم کی آواز۔

هائب۔ ع۔ ڈرنیوالا۔

هائع۔ ع۔ مرد بزدل۔

ہائل ع۔ شدید۔ ہولناک ڈرانیوالا۔
وہ چیز جس سے خوف معلوم ہو۔ مادہ اسکا
ہول ہی۔
ہائلہ ع۔ وہ چیز جس سے خوف معلوم ہو
ڈرانیوالی چیز۔
ہائے مشقق ت۔ کنایہ ہاے دوچشمی سے
ہائم ع۔ شیفتہ۔ سرگشتہ ہونیوالا عشق مین
سرگردان بہت پیاسا۔
ہاے وہوے ف۔ شور و غوغا۔

فصل ہا مع باے موحدہ

ہبا ع۔ غبار اور گرد جو کسی سوراخ
سے آفتاب کی روشنی مین اڑتی ہوئی دکھائی
دیتی ہو۔ مجازاً بمعنی حقیر۔ ذلیل۔ وخوار
ناچیز۔
ہبت ع۔ بخشنا۔ بخشش۔
ہبض ع۔ خوش ہونا۔
ہبض ع۔ خوش۔ شادان۔
ہبط ع۔ نیچے اُتارنا۔ نقصان کرنا۔
ہبل ع۔ بے فرزند ہونا۔ مان کا اپنے
فرزند کو گم کرنا۔
ہبل ع۔ نام ایک بت کا ہی جو کعبہ مین
رکھا ہوا تھا ایام جاہلیت مین۔
ہبل ع۔ کاہل سست۔ بوڑھا۔
ہبنقہ ع۔ ایک مرد کا لقب تھا عرب مین
اور یہ شخص حماقت مین ضرب المثل تھا۔
ہبوب ع۔ ہوا کا چلنا۔
ہبوب ع۔ ہوا خاک اڑانیوالی۔
ہبوط ع۔ نیچے اترنا۔ نیچی زمین۔ بیماری سے
دُبلا ہونا۔ نقصان ہونا۔ نقصان کرنا
کسی شئی کی قیمت کا کم ہوجانا پستی۔
ہبوط ع۔ دُبلا اونٹ۔
ہبول ع۔ وہ عورت جسکا فرزند زندہ
نہ رہتا ہو۔
ہبہ بخشنا۔ بخشش۔
ہبہ نامہ ف۔ وہ کاغذ جس مین اقرار
بخشش کا لکھا جاوے۔

فصل ہا مع تاے فوقانی

ہتاف ع۔ آواز۔
ہتاک ع۔ پردہ دریدن وہ شخص جو لوگون
کے بھید کو ظاہر کردے۔
ہتره ع۔ حین ہیفائدہ۔ زمانہ کی سختی مجازاً
بمعنی غیبت۔
ہتف ع۔ آواز۔ آواز کرنا۔
ہتک ع۔ پردہ دری۔ رسوائی کسی کا
بھید ظاہر کردینا۔

فصل ہا مع جیم

ہجا ع۔ ہجو کرنا۔ کسی کی برائی بیان کرنا
برا کہنا۔ عورت کا اپنے شوہر کو برا
جاننا۔ حروف کا اعراب سے
ظاہر کرنا۔ اور حروف ہجا کہنا یہ ہی۔ ا ب ت
ث۔ وغیرہ سے۔
ہجر ع۔ مصدر ہی بمعنی جدائی کرنا بیمار کا۔
ہذیان بکنا۔ اور بمعنی نمیر دن زعینی دوپہر کا وقت
اور بمعنی ہذیان۔
ہجر ع۔ اسم مصدر ہی بمعنی جدائی۔
ہجر ع۔ سخن بیہودہ۔ فحش۔
ہجران ع۔ کسی سے قطع تعلق کرنا جدائی
اختیار کرنا۔
ہجرت ع۔ کنبہ سے جدا ہونا۔ چھوڑنا
وطن کا جدائی۔
ہجرس ع۔ روباہ۔ لومڑی۔
ہجری ع۔ منسوب طرف ہجرت
آنحضرت صلعم کے۔
ہجع ع۔ مدہوش۔ بیخود۔ احمق۔
ہجعت ع۔ خواب نیند۔ اول شب
مین سو رہنا۔
ہجف ع۔ آدمی اور شتر مرغ جو بڑے
ڈیل ڈول کا ہو۔
ہجل ع۔ زمین نشیب جو پہاڑون کے
درمیان مین ہو۔
ہجمہ ع۔ اونٹ کا گلہ بشرطیکہ چالیس
اونٹ سے زیادہ ہون۔
ہجو ع۔ مذمت کسی کی کرنا۔ کسی کی
برائی بیان کرنا۔

ہُجُود۔ع۔ رات کو سونا۔ رات کو جاگنا۔ رات کو نماز پڑھنا۔ اور اسی معنی مین تہجد بھی ہے۔ واضح ہو کہ یہ لغت اضداد سے ہے۔

ہُجُوع۔ع۔ نیند۔ آرام۔

ہُجُول۔ع۔ زن فاحشہ۔

ہُجُوم۔ع۔ غلبہ۔ از دحام۔ انبوہ۔ انبوہ کرنا۔ غلبہ کرنا۔

ہُجُوم۔ع۔ وہ ہوا جو مکانون کو ویران کردے۔

ہَجِیر۔ع۔ ٹھیک دوپہر کی گرمی اور شدت دھوپ کی۔ بڑا حوض۔

ہَجِیر۔ع۔ عادت۔ خصلت۔

ہَجِین۔ ناکس۔ فرومایہ۔ کمینہ۔ وہ شخص جسکا باپ آزاد ہو اور مان لونڈی وہ گھوڑا جسکا باپ عربی ہو اور مان اور کسی ملک کی۔ ہرجی ٹٹو۔

فصل ہا مع دال مہملہ

ہُدا۔ع۔ راستی۔ راہ راست۔

ہُدات۔ع۔ ہدایت کرنیوالے۔ راہ راست دکھلانیوالے۔ یہ جمع ہادی کی ہے۔

ہُدان۔ بد دل۔ احمق۔

ہَدایا۔ع۔ تحفے جمع ہدیہ کی۔

ہِدایت۔ع۔ رہنمائی۔ راہ دکھانا۔

ہَدَر۔ع۔ کسی کے خون کر ڈالنے اور قتل کر ڈالنے کا مباح اور جائز ہونا۔ باطل اور ضائع اور ناچیز ہونا کسی کے حق وغیرہ کا۔ اور یہ لفظ دال مہملہ کے فتحہ سے بھی ہے یعنی ہَدَر۔

ہَدَف۔ع۔ بلند چیز بلند عمارت۔ بالو کا ٹیلہ۔ پشتہ۔ مرد بزرگ۔ تیر کا نشانہ اور اسی معنی اخیر مین فارسی مین زیادہ تر مستعمل ہے۔

ہَدم۔ع۔ ویران کرنا اور ڈھا دینا عمارت کا۔ خرابی۔ بربادی۔

ہِدم۔ع۔ جامۂ کہنہ۔ پرانا کپڑا۔

ہُدن۔ع۔ صلح۔

ہُدہ۔ف۔ حق۔ فائدہ اور بیہودہ بمعنے ناحق اور بیفائدہ۔

ہُدہُد۔ف۔ نام ایک پرند مشہور کا اسکو فارسی مین پوپک کہتے ہین۔

ہَدی۔ع۔ نیک خصلت رکھنا۔ وہ جانور جو واسطے قربانی کے مکہ معظمہ مین بھیجین۔

ہُدی۔ع۔ راستی۔ راہ راست دکھانا۔

ہَدِی۔ع۔ ہدیہ تحفہ۔ وہ دلہن جو شوہر کے گھر بھیجی جائے۔

ہُدیہ۔ع۔ آنکھ کی ایک بیماری کا نام جس سے پلکین جھڑ جاتی ہین۔

ہَدِیر۔ع۔ آواز کبوتر کی۔ اور اونٹ کی آواز کو بھی کہتے ہین۔

ہَدِیل۔ع۔ کبوتر نر۔ آواز کبوتر کی۔ آواز فری وغیرہ کی۔

ہَدِیہ۔ع۔ تحفہ۔ سوغات۔ اور ہدیہ دال کے سکون سے بھی اُستادون کے کلام مین مستعمل ہو۔ اور اصطلاحاً قرآن مجید کی قسمت کو بھی کہتے ہین۔

فصل ہا مع ذال معجمہ

ہَذار۔ع۔ بڑا بیہودہ گو۔

ہَذَر۔ع۔ بیہودہ بکنا۔ سخن بیہودہ۔

ہَذَرَہ۔ بیہودہ شخص۔

ہَذَرہ۔ بیہودہ بکنا۔

ہَذَیان۔ع۔ مرض کی بیہوشی مین بیہودہ باتین بکنا۔ بڑبڑانا۔ اور فارسی مین ذال کے جزم سے بھی مستعمل ہے۔

ہُذَیل۔ع۔ نام ایک قبیلہ کا عرب سے

فصل ہا مع رائے مہملہ

ہِرّ۔ع۔ گربہ۔ بلی۔

ہَرْ۔ف۔ ایک کلمہ ہے جو افادہ معنے عموم کا کرتا ہے۔

ہَرّا۔ف۔ چاندی اور سونیکی ہرین جو گھوڑے کے زین مین لگائی جاتی ہین مجازاً مطلق زیور گھوڑے کا۔ اور گھوڑے کی حمائل۔ بڑے گھونگرو جو اونٹ وغیرہ کے گلے مین پہناتے ہین

اور بمعنی زین مرصع کے بھی ہو۔
ہَرّاف ۔شور۔ فریاد۔ غل۔ ڈر۔ خوف ڈرونی آواز۔
ہَرّاں ۔ن مخفف ہَرات کا۔
ہَرَات ۔ن ۔نام شہر مشہور کا۔ اگرچہ یہ لفظ مشہور بکسر اول ہو مگر اکثر ارباب لغت نے بفتح اول تحقیق کیا ہو۔
ہَراس ۔ن خوف۔ ڈر۔ اور ہراسیدن سے امر بھی ہو یعنی خوفکر۔
ہَراسان ۔ن ۔ڈرپوک۔
ہَراسہ ۔ن ۔وہ ڈرونی صورت جو باغبان اور کسان بناکر باغ اور کھیت مین کھڑی کردیتے ہین تاکہ پرندے اُسکو دیکھکر ڈرین اور بھاگ جائین
ہَراسیدن ۔ن ۔ڈرنا۔ وہم کرنا۔
ہَراش ۔ع۔ اونٹ کی مہار۔
ہَراش ۔ع۔ کُتون کو لڑنے کے واسطے برانگیختہ کرنا۔
ہَرانچہ ۔ن ۔جو کچھ۔
ہرآنکہ ۔ن ۔جو شخص۔
ہَراوَل ۔ت ۔وہ تھوڑی فوج جو کُل لشکر سے آگے ہو۔
ہِراہ ۔ن ۔ہرات۔
ہَرآئینہ ۔ن ۔ناچار۔ بالضرور۔ بفتح راو مہملہ غلط ہو۔
ہَرَب ۔ع۔ بھاگنا۔ غم کی شدت۔
ہَرَج ۔ع۔ آشوب۔ فتنہ۔ شور۔ فساد۔ خرابی۔
ہَرجا ۔ن ۔ہر جگہ۔
ہرچند ۔ن ۔جتنا کچھ۔ جسقدر۔
ہَرَج مَرَج ۔ع۔ آشوب۔ فتنہ۔ تباہی۔
ہرچہ ۔ن ۔جو کچھ۔
ہَرد ۔ع۔ گوشت کا نہایت گلاکر پکانا۔ کپڑے کا پھاڑنا کسی کی بُرائی اور عیب کہنا۔ طعنہ دینا کسی چیز کو زرد رنگ رنگنا زرد چوبہ یعنی ہلدی۔
ہَردی ۔ع۔ زرد چوبہ ہلدی۔
ہَرزہ ۔ن بیہودہ۔
ہَرزہ درا ۔ن بیہودہ گو اسلیے کہ درآئیدن بمعنی آواز کردن کے ہو۔ اسی سبب سے جرس کو درا کہتے ہین۔
ہَرزہ دَرائی ۔ن بیہودہ بکنا۔
ہَرزہ گردی ۔ن بیہودہ پھرنا۔
ہَرزہ گو ۔ن بیہودہ بکنے والا۔
ہَرزہ لا ۔ن بیہودہ گو اسلیے کہ لائیدن بمعنی گفتن۔
ہَرسُو ۔ن ۔ہر طرف۔
ہِرقِل ۔ع۔ لقب بادشاہ روم کا۔
ہَرکارہ ۔ن ۔ہر کام کا آدمی۔ قاصد وہ شخص جو خبرین لاوے۔
ہرگاہ ۔ن۔ **ہرگہ** ۔ن۔ } جسوقت جب کبھی
ہَرَم ۔ع۔ بڑھاپا۔ بوڑھا ہونا۔
ہَرِم ۔ع۔ بہت بوڑھا شخص۔
ہَرماس ۔ع۔ شیر درندہ
ہَرمان ۔ع۔ مصر مین دو گنبد ہین پتھر کے نہایت قدیم کہ حکما نے قبل طوفان نوح علیہ السلام کے اُنکو تعمیر کیا تھا اور بعض کہتے ہین کہ حضرت ادریس پیغمبر کے بنائے ہوے ہین اور اسقدر مضبوط ہین کہ طوفان نوح سے بھی یہ خراب نہین ہوے۔
ہُرمان ۔ع۔ عقل۔ ہوش۔
ہُرمُز ۔ن نام نوشیروان کے بیٹے کا جو باپ خسرو پرویز کا تھا۔ ہرمینہ شمسی کی پہلی تاریخ۔ اور مخفف ہورمز کا جو بمعنے ستارہ مشتری کے ہو۔
ہرمُس ۔ی۔ نام دو حکیمون کا۔ نام حضرت ادریس کا جو حکیم تھے اور نبی اور بادشاہ بھی۔ علم حساب اور ہندسہ اور ہیئات اور نجوم کو انھین حضرت نے ایجاد فرمایا تھا۔
ہَروَلہ ۔ن ۔ایک قسم کی چال کا نام جسکو پویہ کہتے ہین۔
ہَروی ۔ت ۔منسوب طرف شہر ہرات کے

ہَرہ ۔ع۔ گھر یہ مادہ ۔ بلی
ہَرہفت ۔ن۔ مرہوی عورتون کی سات طرح کی آرایش سے اور وہ یہ ہیں ۔ پوشاک زیور ۔ مہندی ۔ سرمہ ۔ پان ۔ مسی ۔ آراستگی سر کے بالون کی ۔
ہیری ۔ن۔ نام شہر ہرات کا ۔
ہیرہیر ۔ع۔ بروزن فقیر کتے کی آواز ۔ سردیکی شدت سے کتے کی فریاد ۔
ہَریسہ ۔ع۔ گیہ ۔ بلی ۔
ہَریسہ ۔ع۔ کوفتہ شدہ اور ایک قسم کی آش جسکو کٹے ہوے گیہون اور گوشت اور گھی اور نمک اور مصالح وغیرہ سے تیار کرتے ہین ۔

فصل ہا مع زاے معجمہ

ہزار ۔ن۔ بلبل ۔ اور نام چوتھی بازی نرد کا اور دس سو کا عدد ۔ الف ۔
ہزار آواز ۔ن۔ کنایہ بلبل سے
ہزار پا ۔ن۔ اکمنسلائی مشہور کیڑا ہے
ہزار پایہ ۔ن۔ اور بعضے بعضے کھجورا کہتے ہین ۔
ہزار جریب ۔ن۔ ایران مین ایک مقام کا نام ہے جہان شیعہ رہتے ہین ۔
ہزار چشمہ ۔ن۔ سرطان کی بیماری ۔ یہ ایک بھوڑا انسان کی پشت پر ہوتا ہے اور اکثر اس سے آدمی مرجاتا ہے اسکے منھ بہت ہوجاتے ہین اس سبب سے اسکو ہزار چشمہ کہتے ہین ۔
ہزار خانہ ۔ن۔ کبوتر یون کا معدہ اور اسکو چارخانہ بھی کہتے ہین ۔
ہزار داستان ۔ن۔ بلبل ۔
ہزار میخ ۔ن۔ ایک قسم کا لباس فقیرون کا جسکو گدڑی کہتے ہین ۔
ہزاع ۔ع۔ مرد ضعیف ۔ بددل ۔
ہزال ۔ع۔ لاغری ۔ دبلاپن ۔
ہزال ۔ع۔ سخرہ ۔
ہزاہز ۔ع۔ لشکر غالب کے خوف سے جو لشکر مغلوب مین بھگدر پڑ جائے ۔ فساد فتنے جنبشین ۔
ہزبر ۔ع۔ شیر درندہ
ہزت ۔ع۔ عیش ۔ طرب ۔ خوشی ۔
ہزج ۔ع۔ گانے کی آواز خوش آیند ۔ نام ایک بحر کا شعر کی بحرون سے ۔ چونکہ عرب کے اشعار جو گائے جاتے ہین اکثر اسی وزن پر ہوتے ہین ۔ اسلیے اس بحر کا ہزج نام ہوا ۔ وزن اصلی اسکا آٹھ مرتبہ مفاعیلن ہو ۔ دو مصرعون کے لیے ۔
ہزل ۔ع۔ لاغر کرنا ۔ دبلا کرنا ۔ بیہودہ بات مسخرگی ۔
ہزمان ۔ن۔ مخفف ہزمان کا ۔
ہزو ۔ع۔ افسوس ۔
ہزہ ۔ع۔ ہلانا ۔
ہزہ ۔ع۔ جنبش سوارون کی ۔ غل اور شور خوشی کا ۔
ہزہزانہ ۔ع۔] ہلانا ۔
ہزہزہ ۔ع۔]
ہزہم ۔ع۔ رعد کی آواز ۔
ہزیمت ۔ع۔ شکست ۔
ہزینہ ۔ن۔ بروزن ومعنی خزینہ ۔ اور بمعنی خرچ ۔ اہل وعیال کا روٹی کپڑا وغیرہ اور بمعنی ہمیشہ ۔

فصل ہا مع شین معجمہ

ہش ۔ع۔ شاداں ۔ فرحان ۔ وخوش
ہش ۔ع۔ درخت سے پتے جھاڑنا اپنی مویشی کے کھانیکے واسطے ۔ وہ گھوڑا جو چلنے مین پسینہ نہ لاوے ۔
ہُش ۔ن۔ مخفف ہوش کا ۔
ہشاش ۔ع۔ خندان رو ۔ خوش ۔
ہشاش بشاش ۔ع۔ شاداں ۔ فرحان خوش وخرم ۔ ہنستا ہوا ۔
ہشاشت ۔ع۔ کشادہ رو ہونا ۔ شاد اور خوش ہونا ۔ خوش طبع ہونا ۔ سبک ہونا ۔ نرم ہونا ۔ بکری اور اونٹنی وغیرہ کا پُر شیر یعنی بہت دودھ والا ہونا ۔
ہشت ۔ع۔ آٹھ کا عدد ۔
ہشتن ۔ن۔ چھوڑنا ۔

ہشت بہشت ۔ ف ۔ آٹھ بہشت اور نام اُنکے یہ ہین (۱) خلد (۲) دارالسّلام (۳) دارالقرار (۴) جنت عدن (۵) جنت الماوی (۶) جنت النعیم (۷) علیین (۸) فردوس ۔

ہشت صفات ۔ ف ۔ (۱) خدا کی معرفت (۲) علم (۳) ہر حال مین شکر کرنا ۔ (۴) قسمت ازلی پر راضی رہنا (۵) بلا پر اور رزق کی کمی پر صبر کرنا ۔ (۶) خدا کے حکم کی تعظیم کرنا ۔ (۷) خلق اللہ کی محبت کرنا اور اُنکے ساتھ شفقت کرنا (۸) عفت یعنی گناہون سے بچنا ۔

ہشت و چہار چشم فلک ۔ ف ۔ کنایہ آسمان کے بارہ برجون سے ۔

ہشوش ۔ ع ۔ بکری بہت دودھ والی ۔

ہشیش ۔ ع ۔ نرم ۔ شاداں ۔ خوش خندان رو ۔ اونٹنی اور بکری وغیرہ جسکے بہت دودھ ہو ۔

فصل ہا مع ضاد معجمہ

ہضاض ۔ ع ۔ توڑنیوالا ۔

ہضم ۔ ع ۔ کسی چیز کا توڑنا بچانا کھانے کا معدہ مین کسی کے حق مین سے کم کردینا ظلم کرنا ۔

ہضم ۔ ع ۔ زمین پست ۔

ہضیم ۔ ع ۔ ظلم کیا گیا مظلوم وہ عورت جو لطیف اندام ہو اور جسکے چوتڑ نازک ہون اور کمر پتلی ہو ۔ غنچۂ ناشگفتہ یعنی منہ بند کلی ۔

ہضیمت ۔ ع ۔ ظلم ستم غصّہ ۔

فصل ہا مع طاء مہملہ

ہطل ۔ ع ۔ مینہ کا برابر برسنا ۔ آنسوؤن کا آنکھون سے بہنا ۔

ہطل ۔ ع ۔ ابر بہت برسنے والا ۔

ہطّل ۔ ع ۔ بہت برسنے والے ابر یہ جمع ہاطل کی ہے ۔

ہطلان ۔ ع ۔ باران ضعیف جو برابر کئی دن تک برسے ۔

فصل ہا مع فا

ہفت ۔ ن ۔ سات ۔ (معہ) (۷) ۔

ہفت ۔ ف ۔ ایک گھونٹ پانی ۔

ہفت اختر ۔ ن ۔ سات ستارے اور نام اُنکے یہ ہین (۱) خمر فارسی مین اسکو چاند اور ہندی مین سوم کہتے ہین مقام اسکا پہلا آسمان (۲) عطارد فارسی مین اسکو تیر اور ہندی مین بُدھ کہتے ہین مقام اسکا دوسرا آسمان (۳) زہرہ فارسی مین اسکو ناہید اور ہندی مین شکر کہتے ہین مقام اس کا تیسرا آسمان (۴) شمس فارسی مین اسکو خورشید اور ہندی مین آیت کہتے ہین مقام اسکا چوتھا آسمان (۵) مریخ فارسی مین اسکو بہرام اور ہندی مین منگل کہتے ہین مقام اسکا پانچوان آسمان (۶) مشتری فارسی مین اسکو برجیس اور ہندی مین برہسپت کہتے ہین مقام اسکا چھٹا آسمان (۷) زحل فارسی مین اسکو کیوان اور ہندی مین سنیچر کہتے ہین مقام اسکا ساتوان آسمان ۔

ہفتاد ۔ ن ۔ ستر (معہ) (۷۰) ۔

ہفتادم ۔ ن ۔ ستروان حصّہ ۔ (۱/۷۰) ۔

ہفتاد و دو شاخ ۔ ف ۔ مراد بہتّر مذہب سے ۔

ہفت اندام ۔ ف ۔ بحسب ظاہر یہ ہین (۱) سر (۲) سینہ (۳) پیٹھ (۴) (۵) دونون ہاتھ (۶) (۷) دونون پانون ۔ اور بحسب باطن یہ ہیں (۱) دماغ (۲) دل (۳) کلیجہ (۴) تلی (۵) پھیپھڑا (۶) پتہ (۷) معدہ اور بعضون نے بجاے معدہ کے گردہ لکھا ہے ۔ اور نام ایک رگ کا بھی ہے اس لیے کہ اس کی فصد مین سر و سینہ و پشت و دست و پا کا خون خارج ہوتا ہے اور اس رگ کو نہر البدن بھی کہتے ہین ۔

ہفت اورنگ ۔ ن ۔ سات ستارے بنات النعش کے ۔

ہفت پردۂ چشم ۔ ف ۔ یعنی آنکھ کے

سات پردے اور نام انکے یہ ہین (۱) ملتمہ (۲) قرنبیہ (۳) عنبیہ (۴) عنکبوتیہ (۵) شبکیہ (۶) مشیمیہ (۷) صلبیہ۔ واضح ہو کہ درمیان عنبیہ اور عنکبوتیہ کے ایک رطوبت ہے جسکا بیضی نام ہے اور درمیان عنکبوتیہ اور شبکیہ کے دو رطوبتین ہین جلیدی و زجاجی۔

ہفت پیر ف۔ مراد سات قاریون سے جنکے نام آگے مرقوم ہین۔

ہفت جوش ف۔ سات دھاتین ملی ہوئی جسکو اثر دھات کہتے ہین اور یہ نہایت مضبوط ہوتا ہی۔ نام ان سات دھاتون کے یہ ہین (۱) سونا (۲) چاندی (۳) تانبا (۴) جست (۵) لوہا (۶) سیسہ جس سے بندوق کی گولی ڈھالتے ہین (۷) رانگہ۔

ہفت دریا ف۔ (۱) دریاے خضر (۲) دریاے عمان (۳) دریاے قلزم (۴) دریاے بربر (۵) دریاے اوقیانوس (۶) دریاے قسطنطنیہ اور اُسکو بحر روم بھی کہتے ہین۔ (۷) دریاے اسود۔

ہفتدہ ف۔ سترہ (۱۷)۔

ہفتدہم ف۔ سترھوان حصہ $\frac{1}{17}$

ہفت دوزخ ف۔ سات دوزخ اور نام انکے یہ ہین (۱) سقر (۲) سعیر (۳) نظی (۴) حطمہ (۵) حجیم (۶) جہنم (۷) ہاویہ۔ واضح ہو کہ دوزخ ایک ہی ہے اور یہ سات طبقہ ہین جنکے نام ذکر ہوے اور ہاویہ سب سے نیچے کا طبقہ ہے اور اسمین عذاب بھی زیادہ ہی۔

ہفت سُبع ف۔ مراد تمام قرآن سے اسلیے کہ قرآن مجید کے سات حصہ ہین اور اُسکو ہفت منزل بھی کہتے ہین۔ واضح ہو کہ قاریون نے قرآن شریف کے سات حصہ کرکے ایک ہفتہ مین پورا قرآن پڑھنا مقرر کیا ہی۔ اور تعین سورتون کا فہی بشوق کے حروف کی ترتیب سے رکھا ہی اسطرح پہلے دن سورۂ فاتحہ سے شروع کرتے ہین دوسرے دن سورۂ مائدہ سے تیسرے دن سورۂ یونس سے چوتھے دن سورۂ بنی اسرائیل سے پانچوین دن سورۂ شعرا سے چھٹے دن سورۂ والصافات سے ساتوین دن سورۂ قاف سے آخر قرآن مجید تک۔

ہفت قراء ف۔ نام اُنکے یہ ہین۔ (۱) نافع مدنی (۲) عبداللہ ابن کثیر مکی (۳) ابوعمرو بصری (۴) ابن عامر شامی (۵) عاصم کوفی (۶) حمزہ کوفی (۷) علی کوفی ملقب بہ کسائی۔

ہفت قرأت ف۔ اُنھین سات قاریون کی سات قرأت علحدہ علحدہ ہی جنکے نام ذکر ہوے۔

ہفت قلم ف۔ کنایہ سات خط سے جو مشہور ہین (۱) ثلث (۲) محقق (۳) توقیع (۴) ریحان (۵) رقاع (۶) نسخ (۷) تعلیق۔

ہفت کشور ف۔ سات اقلیم جو حکما نے کل آبادی کے سات حصہ مقرر کیے ہین۔

ہفت لاے چشم ف۔ سات پردے آنکھ کے جنکے نام ہفت پردۂ چشم مین مذکور ہوے۔ واضح ہو کہ (لا) فارسی مین بمعنی تہ کے ہی۔

ہفتم ف۔ ساتوان حصہ۔ ($\frac{1}{7}$)

ہفتہ ف۔ سات دن جو مشہور ہین۔ اور وہ شخص جو بہت راہ چلنے سے تھک گیا ہو۔

ہفت ہشت ف۔ کنایہ ہے گفتا۔ خصومت انگیز اور کلمات ناملائم سے۔

ہفت ہیکل ف۔ وہ سات دعائین جو ہفتہ کے سات دنون مین ہر روز ایک دعا پڑھی جاتی ہی تاکہ پڑھنے والا امن وسلامتی مین رہے۔

ہفوت ع لغزش اور خطا کرنا بجاز اً بیہودہ گوئی۔

ہَفوان ع۔ خطا کرنا۔

فصل ہا مع کاف

ہُکاع ع۔ کھانسنا۔

ہکذا ع۔ یعنی ہمچنین اسی طرح

ہکہ ف۔ } عربی فواق ہندی ہچکی۔
ہکہک ف۔ }

فصل ہا مع لام

ہَل ع۔ آیا بدرستی۔ آیا ایسا ہو۔

ہِل ف۔ الائچی سفید۔ اور صیغہ امر کا ہے ہلیدن سے یعنی چھوڑ دے۔ تل اور سرسون وغیرہ کی کھلی۔

ہُل ف۔ آغوش۔

ہَلا ع۔ کلمہ تنبیہ کا ہے۔ آگاہ ہو۔

ہَلا ع۔ حرف تخصیص کا ہے بمعنی چرا یعنی کیوں نہیں۔

ہَلاش ع۔ نرم اور سست ہو جانا آدمی کے کسی عضو کا۔

ہُلاس ع۔ سل کی بیماری

ہَلاک ع۔ نیست ہونا۔

ہُلاک ع۔ جمع ہالک کی نیست ہونیوالے نیست کرنیوالے۔

ہَلاکت ع۔ نیست ہونا۔

ہُلاکو ت۔ اصل مین یہ نام ہولاکو خان ہے اور یہ ایک بادشاہ بہت بڑا ظالم گذرا ہے جس نے ہزارون بندگان خدا کو ناحق قتل کیا ہے اسکے باپ کا نام تولیخان ہے اور دادا کا چنگیز خان۔

ہِلال ع۔ نیا چاند۔ واضح ہو کہ چاند رات سے تیسری تاریخ تک ہلال بولتے ہین اور بعد اسکے قمر۔ نام ایک قبیلہ کا عرب مین ہوازن سے۔ اور فارسی کی اصطلاح مین بمعنی تراش ناخن کے بھی آیا ہے اسلیے کہ وہ بھی ہلال کی صورت سے مشابہ ہوتا ہے۔

ہَلال ہِلال ف۔ لخت۔ لخت۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ پارہ پارہ۔

ہَلاہِل ف۔ نام ایک زہر قاتل کا جسکا کھانیوالا کسی دوا اور تریاق سے اچھا نہین ہوتا اور تحفۃ المومنین مین لکھا ہے کہ ہلاہل ایک پہاڑ کا نام ہے حدود چین مین اُسپر ایک درخت ہوتا ہے جسکی جڑ زہر قاتل ہے پس اس جڑ کا نام اس پہاڑ کے نام سے مشہور ہو گیا ہے اس صورت مین اگر زہر ہلاہل بولین تو مناسب ہے۔

ہُلب ع۔ سور کے بال۔

ہَلَک ع۔ ہلاکی۔ نیستی۔

ہَلَک ف۔ عربی فواق۔ ہندی ہچکی۔

ہَلَکہ ع۔ نیست ہونیوالے

ہَلَم ف۔ نام ایک کھیل کا ہے جو شہر کرمان کے لڑکے کھیلتے ہین۔

ہَلُم ع۔ بیا۔ آ۔

ہَلوع ع۔ بڑا لالچی۔ بڑا۔ دوڑنیوالا۔ نہایت بیصبرا۔ بڑا جلد باز۔

ہُلوک ع۔ نیست ہونا۔

ہِلی ف۔ چھوڑ دے تو۔

ہِلیدن ف۔ چھوڑنا۔

ہِلیُون ع۔ ایک گھاس ہی جسکا بیج دوا مین پڑتا ہے۔ فارسی مین اسکو مارچوبہ کہتے ہین۔

ہِلیَہ ف۔ ایک چوڑی لکڑی ہوتی ہے جس سے چھوٹی کشتیون کو کھیتے ہین۔

فصل ہا مع میم

ہَم ع۔ اندوہ۔ غم۔ اندیشہ۔ قصد کرنا۔ چاہنا۔ بیماری کا بدن کو گھلا دینا۔ بچہ کو سُلانا توری دیکر۔ واضح ہو کہ ہم اُس رنج کو کہتے ہین جو آنے والی مصیبت کے خیال سے ہو۔ اور غم اُس رنج کو کہتے ہین جو مصیبت موجودہ پر ہو۔

ہِم ف ع۔ نہایت بوڑھا اور ضعیف۔

ہَم ف۔ بمعنی نیز بھی۔

ہُما ف۔ نام ایک پرند کا جو فقط ہڈی کھاتا ہے اور جو شخص اس کے سایہ کے نیچے آجاوے دولت و سلطنت پاوے نام سہن بادشاہ کی بیٹی کا جو موافق دین زردشتی اپنے باپ کے نکاح مین

تھی اور داراب اس سے پیدا ہوا۔

ہمار۔ ف۔ اندازہ۔ حساب ہمیشہ

ہمارہ۔ ف۔ م

ہمار۔ ع۔ بسیار گو۔ بڑا بکی۔

ہماز۔ ع۔ عیب کرنیوالا۔ اور آنکھ سے اشارہ کرنیوالا۔

ہمال۔ ف۔ بروزن کمال بمعنی مانند۔ ہتا۔ مثل۔ نظیر شریک۔

ہُمال۔ ع۔ ہر شے جو سست ہو زمین غیر آباد جو مقام جنگ ہو۔

ہُمام۔ ع۔ بزرگ سردار۔ قوم کا۔ مرد بزرگ ہمت خوش تدبیر

ہمان۔ ف۔ جسکی ہم آن ہو۔ یعنی وہ چیز بضم اول غلط ہے۔

ہمانا۔ ف۔ گویا۔ شاید۔ بیشک۔ بضم اول غلط ہے۔

ہم آورد۔ ف۔ حریف جنگ اور بمعنی بادل جو ہاتھی وغیرہ کو دیتے ہین۔

ہُمایُون۔ ف۔ مبارک۔ بابرکت اور یہ مرکب ہے لفظ ہما سے جو نام ایک پرند مبارک سایہ کا ہے اور کلمہ یون سے جو واسطے نسبت کے آتا ہے۔

ہمباز۔ ف۔ شریک۔

ہمیاز۔ ف۔ ہمراہ۔ ساتھی۔

ہم پشت۔ ف۔ مددگار۔

ہم پنجگی۔ ف۔ برابری۔

ہمت۔ ع۔ رنج۔ فکر۔ غم۔ ارادہ۔ قصد۔

بوڑھی عورت۔ مجازاً بڑا قصد۔ دل کا ارادہ بلند۔ اور کبھی بمعنی دعا کے بھی مستعمل ہوتا ہے۔

ہمتا۔ ف۔ برابر مثل مانند

ہمت خواستن۔ ف۔ کسی سے یہ چاہنا کہ ہمارے لیے دعا کیجیے۔

ہمتراز و۔ ف۔ مقابل۔ برابر۔ ہم قوت زور مین برابر۔

ہمتنگ۔ ف۔ قدم بہ قدم۔

ہمتنگ۔ ف۔ برابر موافق۔

ہم جوار۔ ف۔ ہمسایہ پڑوسی۔

ہمچنین۔ ف۔ اسی طرح

ہمچو۔ ف۔ جزو تشبیہ کا ہے بمعنی مانند اور بمعنی ہمچنین کے بھی آیا ہے۔

ہم خانہ۔ ف۔ وہ شخص جو کسی کے ساتھ ایک گھر مین رہتا ہو۔ مراد زوجہ سے بھی

ہمخوابہ۔ ف۔ ساتھ سونے والا۔ ساتھ سونیوالی۔ کیونکہ آخر کی ہا اس مین زائد ہو۔ مراد زوجہ سے۔

ہمخو۔ ف۔ وہ شخص جس کی خصلت اور عادت اپنے برابر ہو۔

ہمداستان۔ ف۔ ہم کلام۔ ہم صحبت

ہمدامان۔ ف۔ دو بہنون کے دونون شوہر آپسمین ایک دوسرے کے ہمدامان ہوے یعنی حریف۔ ساڑھو۔

ہمدان۔ ع۔ نام قبیلہ کا یمن سے۔

ہمدان۔ ف۔ نام شہر کا ایران سے اور معرب اسکا ہمذان ذال معجمہ سے ہے

ہمدرس۔ ف۔ ہم سبق۔

ہمدست۔ ف۔ شریک۔ متفق۔ برابر ہم قدرت۔ ہم طاقت۔

ہمدگر۔ ف۔ ایک دوسرے کے باہم۔

ہمدل۔ ف۔ کنایہ رفیق خالص سے۔

ہمدم۔ ف۔ جو ہر وقت ساتھ رہے رفیق موافق۔

ہمدہ۔ ع۔ بیماری سکتہ کی جس مین آدمی بالکل مُردہ معلوم ہوتا ہے۔

ہم دیوار۔ ف۔ پڑوسی۔

ہمذات۔ ف۔ جو اپنی ذات ہو۔

ہمذان۔ ب۔ معرب ہو ہمدان کا جو شہر ہے ایران سے۔

ہمراز۔ ف۔ جو اپنا بھید جانتا ہو۔

ہمراہ۔ ف۔ ساتھی شریک۔ سفر وغیرہ مین ساتھ چلنے والا۔

ہمراہی۔ ف۔ ساتھی ہمسفر۔ اور بمعنے برابری و مدد کے بھی آیا ہے۔

ہمرشتہ۔ ف۔ جو رشتہ مین برابر ہو ایک ڈوری مین پروئی ہوئی۔

ہا بندھی ہوئی چیزین۔
ہمرنگ۔ ف۔ رنگ مین برابر مرادوست خالص سے۔
ہمرہ۔ ف۔ ساتھ چلنے والا۔
ہمرہ۔ ف۔ سفر مین ساتھ چلنے والا۔
ہمز۔ ع۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ عیب کرنا۔ ہاتھ سے نچوڑنا۔
ہمزاد۔ ف۔ جن۔ جو ساتھ پیدا ہوا ہو۔
ہمزبان۔ ف۔ کنایہ دوست خالص سے
ہمزلف۔ ف۔ سالی کا شوہر اسکو ہندی مین ساڑھو کہتے ہین۔
ہمزہ۔ ع۔ الف متحرک۔
ہمزہ۔ ع۔ شیطانی وسوسہ۔
ہمس۔ ع۔ نرم آواز۔ آواز کی نرمی۔ نرم کرنا آواز کا۔
ہمساز۔ ف۔ موافق۔ دوست۔
ہمسائگی۔ ف۔ پڑوس۔
ہمسایہ۔ ف۔ پڑوسی۔
ہم سبق۔ ف۔ کتاب کے ایک مقام خاص کا ساتھ پڑھنے والا۔
ہمسر۔ ف۔ برابر۔ جورو۔ زوجہ۔
ہمسفر۔ ف۔ جو ساتھ سفر کرے۔
ہمسفرہ۔ ف۔ جو ایک دسترخوان پر ساتھ کھانا کھاوے۔

ہمسلک۔ ف۔ مراد سمدھی سے۔
ہمسنگ۔ ف۔ برابر۔ ہموزن۔
ہمشوے۔ ف۔ ایک مرد کی دو جوروان آپس مین ہمشوے ہوئین
ہمشیر۔ ف۔ ہمشیرہ۔ ف۔ } سگی بہن
ہمعنان۔ ف۔ ہمراہ۔ برابر۔
ہم عیار۔ ف۔ ہموزن۔
ہمقران۔ ف۔ ہنشین۔ مصاحب واضح ہو کہ قران مصدر ہی اسلیے یہ ترکیب درست ہی۔
ہمقرین۔ ف۔ اسمین ہم زائد پڑتا ہی اسلیے کہ قرین صیغہ ہے صفت مشبہ کا بمعنی یار و مصاحب مصدری معنے اسمین نہین ہی۔
ہم کاسہ۔ ف۔ دوست۔
ہمگنان۔ ف۔ تمام آدمی۔ یہ جمع ہی ہمگین کی یا ہمگی۔
ہمگی۔ ف۔ فرید علیہ ہے ہمہ کا بمعنے تمامی اور تمام۔ یا یہ کہ مخفف ہے ہمگین کا۔
ہمگین۔ ف۔ تمام و کمال۔ یہ مرکب ہی ہمہ اور گین سے جو حروف نسبت کا ہے زیادتی کے طور پر جیسے لفظامند فیروزمند مین۔

ہمم۔ ع۔ جمع ہمت کی۔ ارادے۔
ہم مقبل۔ ف۔ ہمخوابہ۔ ایک جگہ ساتھ سونیوالی۔
ہم نفس۔ ف۔ رفیق۔ ہمکلام۔
ہموارہ۔ ف۔ ہمیشہ۔
ہموم۔ ع۔ جمع ہم کی۔ رنج۔ غم اندیشے۔
ہمہ۔ ف۔ تمام
ہمہ دان۔ ف۔ سب کچھ جاننے والا۔
ہمہمہ۔ ع۔ شیر کا ڈکارنا۔
ہمیان۔ ف۔ } اشرفیون اور
ہمیان۔ عب۔ } روپیون کی تھیلی۔
ہمیدون۔ ف۔ یاے مجہول سے اسی طرح۔ اب۔
ہمیع۔ ع۔ } مرگ مفاجات۔ یعنے
ہمیغ۔ ع۔ } ناگہانی موت۔
ہمیم۔ ع۔ آہستہ چلنا۔

فصل ہا مع نون

ہنن۔ ع۔ رونا۔ نالہ کرنا۔ چلانا۔ عضو تناسل مرد کا۔ شرمگاہ عورت کی اور بغیر تشدید نون کے بھی آیا ہی۔
ہن۔ ع۔ صیغہ ضمیر مؤنث کا ہے یعنی گروہ عورتون کا۔
ہنجار۔ ف۔ راہ۔ رستہ۔ مجازاً بمعنے طرز۔ روش۔ قاعدہ۔

ہند۔ع۔نام ایک عورت کا جس نے امیر حمزہؓ کو قتل کیا تھا۔ نام ملک کا۔

ہِنْدَب۔ع۔ ہِنْدَبا۔ع۔ } کاسنی

ہِنْدَسہ۔ب۔معرب اندازہ کا۔ اندازہ لینا۔ او۔نام ایک علم کا ہے جس سے پیچان شکلوں کی حاصل ہوتی ہے اور رقم اعداد کو بھی کہتے ہین اور کبھی بمعنی مکروفریب کے بھی آتا ہے۔

ہِنْدَسی۔ن۔علم ہندسہ کا عالم۔

ہِنْدُو۔ن۔منسوب طرف ہند کے جو نام ملک مشہور کا ہے۔ اس لفظ مین واو واسطے نسبت کے ہے اور یہ نسبت خاص انسانون کے ساتھ ہے۔ اور محاورہ فارسی مین لفظ ہندو بمعنی چور اور ڈاکو اور راہزن اور غلام کے آتا ہے۔

ہِنْدُوانہ۔ن۔ترہوز۔

ہِنْدُوانہ اَفْگَنْدَن۔ن۔کنایہ ہے کمال خوف اور ڈر سے۔ واضح ہو کہ ہندوانہ ترہوز کو کہتے ہین اور ریسان کنایہ ہے۔ ہاتھی وغیرہ کے لینڈ سے یعنی خوف کے مارے گ دینا۔

ہِنْدُوانہ دَرگُون کسی غلط اَندیشہ۔ن۔کنایہ ہے کسی کو انتہا سے زیادہ ڈرا دینے اور خوف زدہ کردینے سے

ہِنْدُوزن۔ن۔جادوگرنی۔

ہندوے چرخ۔ن۔کنایہ ہے ستارۂ زحل سے۔

ہِندی۔ن۔ہندوستان کی چیز۔ ہندوستان کا رہنے والا۔

ہُنَر۔ن۔کاریگری۔ کام۔

ہُنگ۔ن۔قصد۔ دقار۔ زور۔ قوت ہوشیاری۔ چوٹ۔ صدمہ۔

ہنگار۔ن۔شتابی۔ جلدی۔

ہنگام۔ن۔وقت۔ ہنگامہ۔ مجمع

ہنگامہ۔ن۔ازدحام۔ انبوہ۔ اور مجمع لوگون کا۔ وقت۔ ہنگام۔

ہنگامہ بندی۔ن۔نمودارہی۔

ہنگامہ گیر۔ن۔ہجوم کرنیوالا۔ بازیگر تماشہ کرنے والا۔ وہ شخص جو رستون پر ٹیھکر تعویذون اور دواؤن کے بہانہ سے لوگون کو جمع کرے اور انکو فریب دیکر بیچے۔

ہُنگُفت۔ن۔غضب۔ قطر۔ گندہ موٹا۔ ملدار۔

ہُنُوز۔ع۔مرد کا قضیب یعنی حشو تناسل اور عورت کی شرمگاہ۔

ہُنُود۔ع۔وہ عورتین جنکے نام ہندہ ہون اور ہندو لوگ۔

ہُنُوز۔ن۔واو معروف سے بمعنے تاحال۔ ابھی تک۔ اور تا ہنوز کہنا محض غلط۔

ہَنِی۔ع۔بروزن قریب۔ ہاضم۔ گوارندہ خوشگوار۔ بافزہ۔ اور وہ چیز جو بے مشقت حاصل ہو۔

ہَنین۔ع۔روز۔ چلاّنا۔ فریاد کرنا نالہ فریاد۔

فصل ہا مع واو

ہُو۔ن۔آواز قلندرون کی۔ آواز کشتی گیرون کی جو بروقت کشتی لڑنے کے بلند کرتے ہین۔

ہُوَ۔ع۔خود۔ نام ذات خدا کا۔

ہَوا۔ع۔آرزو۔ اشتیاق۔ خواہش دل کی بے فرزند ہونا اُس کی مان کا۔ اور باجہ والون کی اصطلاح مین باجہ کا تاگ سی سنبکنا تاکہ خوب بولے۔

ہَوا۔ع۔وہ فرق جو آسمان وزمین کے درمیان ہی۔ وہ عنصر ہوا کا جو آگ کے کرہ کے نیچے ہے۔ وہ ہواے ساکن جو ہر مکان مین بھری ہوئی ہے۔ اور بمعنی خالی کے بھی۔

ہَوا پرَست۔ن۔عیاش آدمی۔ بیہودہ شخص۔ نالائق۔

ہَوا جِن۔ع۔شیطانی خطرے اور وسوسے جو انسان کے دل مین

گذرا کرتے ہین۔ یہ جمع ہا جثہ کی ہو۔
ہَوا خواہ۔ ن۔ خیر خواہ دوست۔
ہَوا خُوردن بادہ۔ ن۔ کنایہ ہی شراب کی کیفیت زائل ہوجانے سے اسلیئے کہ ہوا لگنے سے شراب کا نشہ اُتر جاتا ہے۔
ہَوادار۔ ف۔ دوست عاشق۔ وہ مکان جس مین تازہ ہوا آتی ہو۔
ہَوادج۔ ن۔ جمع ہَودَج کی اونٹ کی عماریان اور کجاوے۔
ہَوازِن۔ نام قبیلہ کا بنی قیس سے
ہَوا گِرِفتَن۔ ن۔ اُڑنا۔
ہَوالِک۔ ع۔ جمع ہی ہا لِک کی نیست ہونیوالے۔
ہَوالہ۔ ع۔ ہولناک۔ ڈرونی چیز۔
ہَوام۔ ع۔ حشرات الارض مثل سانپ بچھو۔ نیولے چیونٹی کیڑے مکوڑے وغیرہ کے جو زمین کے اندر گھسنے والے اور کاٹنے والے جانور ہون۔ یہ جمع ہامّہ کی ہے۔
ہَوان۔ ع۔ خواری۔ بیعزتی۔ ذلت۔
ہَوائی۔ ن۔ محب عاشق۔ دوست آرزومند۔ بوالہوس۔ پریشان ایک قسم آتشبازی کی۔
ہَوائی شُدن۔ ن۔ اُڑنا گم ہونا۔

ہَوج۔ ع۔ } نادانی شتابی۔
ہَوَج۔ ع۔
ہُوخَتن۔ ن۔ کھینچنا۔ باہر نکالنا۔ ظاہر ہونا۔ آنا۔
ہُود۔ ع۔ نام ایک پیغمبر کا ہی جن کی دعاے بد سے قوم عاد پر ہَوا کا طوفان آیا تھا۔ نام ایک سورہ کا قرآن شریف مین۔ اور جمع ہائد کی بھی یعنے توبہ کرنے والے۔
ہَوَد۔ ع۔ توبہ کرنا۔ خدا کی طرف رجوع کرنا نیک کام کرنا۔ یہودی ہونا۔
ہَوَدج۔ ع۔ جمع ہَودَہ کی کوہانہاے شتر یعنی اونٹ کی پیٹھ کے کوبڑ۔
ہَوْدَج۔ ع۔ کجاوہ اونٹ کا یا عماری جسمین عورتین سوار ہوتی ہین۔
ہَوْدَہ۔ ع۔ اونٹ کی پیٹھ کا کوبڑ۔
ہُوَدہ۔ ف۔ حق۔ درست۔ چنانچہ ہیودہ یعنی ناحق نادرست۔
ہُور۔ ن۔ واؤ مجہول سے آفتاب اور یعنی بخت و نصیب کے بھی۔ اور بعضے کہتے ہین کہ ہُور نام ایک ستارہ کا ہی جسکا دورہ ہزار برس کا ہوتا ہی۔
ہُورمُزد۔ ن۔ ستارۂ مشتری۔
ہُورخش۔ ن۔ سورج۔
ہَوَس۔ ع۔ ایک قسم ہے جنون کی دیوانہ ہونا۔ اصطلاح فارسی مین بمعنی آرزو۔ شوق کسی چیز کا۔ عشق خام ناقص محبت۔
ہُوش۔ ن۔ واؤ مجہول سے بہ معنی دانائی عقل۔ جان۔ ہلاکت۔ موت
ہُوشمند۔ ن۔ عقلمند۔ ہوش والا۔
ہُوشمندی۔ ن۔ عقلمندی۔
ہُوشَنگ۔ ن۔ نام ملک فارس کے دوسرے بادشاہ کا۔
ہُوشہ۔ ن۔ سُست۔ کم ہمت۔
ہُوشیار۔ ن۔ جو غافل نہو یعنے صاحب ہوش۔ چوکنا۔
ہُوشیاری۔ ن۔ خبرداری۔
ہُوشیدن۔ ن۔ سمجھنا۔
ہُوف۔ ع۔ گرم ہوا
ہَوْل۔ ع۔ ڈرانا۔ خوف۔ ڈر۔
ہُولاہو۔ ہ۔ یہ یوگ۔
ہَوْلگی۔ ن۔ خوف زدہ۔ ہراسان ڈرایا گیا۔ مجازاً بمعنی مضطرب۔
ہَولناک۔ ن۔ خوف کا بھرا ہوا۔
ہَوْلہ۔ ع۔ ایکبار ڈرانا۔
ہَون۔ ع۔ آرام۔ آہستگی۔ وقار نرمی سبکی۔ نرمی کرنا۔
ہُون۔ ع۔ خواری۔ بیعزتی۔ ذلت۔
ہُون۔ ن۔ کلمہ تاکید اور کراہت کا

ہُو ۔ ف ۔ ایک مرد کی دو چوراں آپس مین
ہُو ۔ و ہو مین یعنی سوت ۔
ہُو بہو ۔ ع ۔ اسی طرح جیسا تھا ویسا ہی
جون کا تون ۔
ہُوے اوّل ۔ ف ۔ کشتی گیرون کی
اصطلاح مین بمعنی بار اول ۔
ہُویّت ۔ ع ۔ مرتبۂ وحدت ۔ اور ذات
باری تعالی ۔ اور لاہوت ۔

فصل ہا مع یاے تحتانی

ہی ۔ ف ۔ کلمۂ تنبیہ کا ہے جو واسطے
آگاہ کرنے کے کہتے ہین ۔ اور کبھی بمعنی
افسوس اور جھڑکی کے بھی آتا ہی ۔ اور
کبھی مقام تحسین اور تعریف مین ۔ اور
زبان دری اور ہندی مین بمعنے
ہست لیتے ہین ۔
ہَیات ۔ ع ۔ بروزن غیرت ۔ بمعنی صورت
شکل ۔ اور نام ایک علم کا جس سے
آسمانون کی شکلین اور زمین کے کرہ کا
حال معلوم ہوتا ہے ۔
ہَیّات ۔ ع ۔ بروزن خیرات یہ جمع ہے
ہَیات بروزن غیرت کی ۔
ہَیاکل ۔ ع ۔ جمع ہیکل کی جسکے معنے
آگے قوم مین ۔
ہَیبت ۔ ع ۔ خوف ۔ ڈر ۔ خوف کرنا ۔
بزرگ رکھنا ۔
ہَیبت ۔ ع ۔ بمعنی بیا ۔ آ ۔
ہَیج ۔ ع ۔ غبار ۔ برانگیختہ شدن ۔ جوش
مین آنا ۔
ہَیچ ۔ ع ۔ اٹھانیوالا ۔
ہیچ ۔ ف ۔ کچھ تھوڑا معدوم ۔
ہَیجا ۔ ع ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ کارزار ۔
ہَیجان ۔ ع ۔ برانگیختگی ۔ جوش
ہیجان ۔ ع ۔ مین آنا ۔
ہیچکارہ ۔ ف ۔ نالائق ۔ بے فائدہ کسی
کام کا نہین ۔
ہیچمیرز ۔ ف ۔ نالائق ۔ کوئی شخص ۔
ہیچگونہ ۔ ف ۔ کسی طرح ۔
ہیچ مرد ۔ ف ۔ مرد ضعیف ۔
ہیچدان ۔ ف ۔ نادان بے علم ۔
ہیربد ۔ ف ۔ یاے معروف سے بمعنی خادم
آتشکدہ اسلیے کہ ہیر بمعنی آگ کے ہے
اور بد بمعنی صاحب کے ۔
ہیزر ۔ ف ۔ مخفف ہیچزار ۔
ہیزم ۔ ف ۔ سوکھی لکڑی جلانیکی ۔
ہیزم کش ۔ ف ۔ لکڑہارا ۔ لکڑی لاکر
بیچنے والا ۔
ہَیض ۔ ع ۔ سختی کرنا کسی چیز مین سختی
درشتی ۔ گردن پر مارنا ۔ پرند جانور کی
ہیت یعنی گوہ
ہیضم ۔ ع ۔ شیر درندہ ۔
ہَیضہ ۔ ع ۔ بدہضمی کھانے کی ایک قسم کا
مرض مشہور جس مین دست آتے ہین ۔
ہَیف ۔ ع ۔ سختی پیاس کی ستم ۔ ظلم
گرم ہوا ۔
ہَیف ۔ ع ۔ باریکی کرکی ۔ گرم ہوا ۔
ہَیفان ۔ ع ۔ بہت پیاسا ۔
ہَیفاء ۔ ع ۔ عورت پتلی کمر کی ۔
ہَیکل ۔ ع ۔ بڑا ڈیل ڈول ۔ گھوڑا
بڑے ڈیل کا ۔ شکوہ ۔ عظمت ۔ بلند
مکان ۔ اونچی عمارت ۔ تنخانہ ۔ صورت
شکل ۔ حمائل ۔ تعویذ ۔
ہَیکل العرفوم ۔ ع ۔ نام تنجانہ کا روم مین ۔
ہیل ۔ ف ۔ الائچی سفید ۔
ہیلاج ۔ ع ۔ یاے معروف سے حساب
نجومیون کا جس سے مولود کی عمر وغیرہ
دریافت کرتے ہین ۔ مجازاً بچہ مولود یعنے
بچہ کا جنم پتری ۔
ہَیم ۔ ع ۔ سرگشتگی ۔ عشق مین سرگشتہ
ہونا کسی چیز کی طرف منھ کرنا ۔ بہت
پیاسا ہونا ۔
ہَیم ۔ ع ۔ آدمی اور اونٹ بہت پیاسے
ہیم ۔ ف ۔ یاے مجہول سے ۔ سوکھی
لکڑی جلانے کی ۔
ہَیمان ۔ ع ۔ سرگشتگی ۔ حیرانی ۔
ہیمہ ۔ ف ۔ یاے مجہول سے سوکھی

لکڑی جلانے کی۔

ہیمیا۔ ع۔ یاے معروف سے علم طلسم۔

ہین۔ ن۔ اینک۔ ابھی۔ بگڈار۔ چھوڑ دے

ہشیار۔ دوڑ۔ آگاہ ہو۔ خبردار ہو۔ اور کلمہ جھڑکی کا۔

ہین۔ ع۔ آسان۔ سہل۔

ہیولا۔ ع۔ مادہ ہر شے کا۔ ہر چیز۔

ہیولی۔ ع۔ ہر شے کی ماہیت۔ اور اصل ہر شے کی۔

ہیولائی۔ ع۔ منسوب طرف ہیولا کے جو بمعنی مادۂ اصلی کے ہو۔

ہیولاے اوّل۔ ع۔ جوہر اوّل۔

ہیون۔ ن۔ گھوڑا۔ اونٹ۔

ہیہات۔ ع۔ افسوس اور فارسی مین بمعنی تعجب اور تحیر کے بھی مستعمل ہوتا ہے۔

باب یاے تحتانی

فصل یا مع الف

یا۔ ع۔ اے یہ حرف ندا کا ہے۔ اور فارسی میں حرف عطف کا ہے اور افادہ تردید کا کرتا ہے۔

یا آسفی۔ ع۔ وای۔ افسوس۔ فریاد۔ آہ۔ اور کبھی بجاے تحیر اور تعجب کے بھی مستعمل ہوتا ہے۔

یا اللہ۔ ع۔ اے خدا۔

یاب۔ ن۔ امر ہے یافتن سے یعنے معلوم کر۔

یابس۔ ع۔ سوکھا ہوا خشک خشکی کرنیوالا

یا بشریٰ۔ ع۔ یا۔ حرف ندا کا ہے اور بشریٰ بمعنی بشارت یعنی خوشخبری یہ منادے واقع ہوا ہے یعنے پکارا گیا معنے یہ کہ اے خوشخبری آ کہ یہ وقت تیرے آنے کا ہے اور یہ مقام خوشی مین بولا جاتا ہے یا ندا واسطے تعجب کے ہے یعنے اے عجب بشارت ہو۔ یا یہ کہ۔ جب حضرت یوسف علیہ السلام کو آپ کے بھائیون نے کنوئین مین گرایا تو تیسرے روز اُس طرف سے ایک قافلہ گذرا اُس قافلہ کا سردار مالک بن زعر تھا اور اُس کے دو غلام تھے ایک کا نام بشریٰ دوسرے کا بشیر مالک نے اِن دونون کو پانی لانے کیواسطے بھیجا وہ دونون آئے بشیر نے کنوئین مین ڈول ڈالا اور بشریٰ قضاے حاجت کے لیے چلا گیا جب ڈول مین حضرت یوسف علیہ السلام بحکم خدا تشریف لائے اور ڈول بھاری ہو گیا تو بشیر سے کھینچ نہ سکا اسوقت بشیر نے پکارکر یا بشریٰ ہذا غلام۔ یعنے اے بشریٰ دوڑ اس ڈول کو ایک لڑکے نے بیٹھکر بھاری کر دیا ہے جب وہ آیا دونون نے ملکر نکالا۔

یابو۔ ن۔ گھوڑا بوجھ لے چلنے والا چھوٹا گھوڑا۔ ٹٹو۔

یاجوج وماجوج۔ ع۔ نام قوم کا جسکے لوگ نہایت زبردست مثل دیوون کے اولاد یافث بن نوح علیہ السلام سے تھے اور یہ لوگ بلاد شمال مین کوہستان مین رہتے تھے اور وہان سے نکل کر لوگون کو نہایت ایذا پہونچاتے تھے۔ سکندر بادشاہ نے انکے آنے کی راہ مین ایک پہاڑ سے دوسرے پہاڑ تک لوہے کی سلون کی دیوار پگھلے ہوے سیسہ سے جماکر نہایت مستحکم اور اونچی کھچوادی جس سے انکے آنیکا رستہ بند ہو گیا۔

یاختن۔ ن۔ ہاتھ دراز کرنا کسی کام کے قصد سے۔ ظاہر کرنا۔ باہر نکالنا۔

یاور۔ ن۔ دل۔ خاطر۔ حفظ۔

یاوبود۔ ن۔ بمعنی یادگار۔

یادداشت۔ ن۔ یاد۔ یاد رکھنے کی نشانی۔

یادگرفتن۔ ن۔ یاد کر لینا۔

یادگار۔ ن۔ نشان۔ اور مجازاً بمعنی فرزند کے بھی آتا ہے۔

یادگاری ن۔ بمعنی یادگار۔
یار ۔ن۔ دوست۔ مددگار۔ اور مخفف یارا کا جو بمعنی طاقت ہے۔
یارا ۔ن۔ قوت۔ توانائی۔ حوصلہ۔ طاقت۔ زور۔
یاران ۔ن۔ جمع ہے یار کی۔
یارانہ ۔ن۔ دوستی کے طور پر۔ دوستی کے طور پر۔ دوستانہ۔
یارائی ۔ن۔ چارہ۔ علاج۔ مدد۔
یارب ۔ء۔ اے پروردگار۔ اور فارسی میں بمعنی نالہ وآہ کے بھی مستعمل ہے۔ اور بمعنی تعجب اور تاسف کے بھی آتا ہے۔
یارد ۔بمعنی تواند۔
یارستن ۔ف۔ سکنا۔ طاقت رکھنا دست دراز کرنا۔
یارفروشی ۔ف۔ دوست کی تعریف اور تحسین کرنا۔ سراہنا۔
یارق ۔ت۔ روشن۔ سفید۔
یارگی ۔ف۔ قدرت۔ توانائی۔
یارنامہ ۔ن۔ کارنیک۔
یارہ ۔ن۔ زیور کی ایک قسم ہے جسکو ہندی مین کنگن کہتے ہیں۔
یاری ۔ف۔ مدد کرنا۔ مجازاً دوستی۔
یاریگر ۔ف۔ مددگار۔
یازان ۔ف۔ حملہ کرنے والا۔ اور دست دراز کرنیوالا۔
یازدن ۔ف۔ کسی کام کے قصد سے ہاتھ کا دراز کرنا۔ دست درازی کرنا۔ بڑھنا۔ پھیلنا۔
یازدہ در ۔ف۔ کنایہ ہے گیارہ سوراخون سے جو انسان کے جسم میں ہوتے ہیں (۱و۲) دونون کان کے سوراخ (۳و۴) ناک کے دونون سوراخ (۵و۶) دونون آنکھین (۷و۸) دہن جو مشتمل ہے دو منفذ پر ایک رستہ ہے آب وطعام کا اور دوسرا سانس کی آمد ورفت کا۔ (۹و۱۰) راہ بول جو مشتمل ہے دو منفذ پر ایک رستہ پیشاب کے آنے کا اور دوسرا منی کے نکلنے کا اور عورتون مین ایک راہ بول دوسری راہ حیض (۱۱) رستہ پاخانہ کا اور بعضون نے چار راہین اور زیادہ کرکے پندرہ رستے مقرر کیے ہین (۱) رستہ تالو کا جہان کو آلتکناب ہے اور یہ راہ دماغ سے ملحق مین گئی ہے (۲) ناف جسکی راہ سے بچہ ماں کے پیٹ مین غذا پاتا ہے۔ (۳و۴) دونون چھاتیون کے رستے۔
یازدہ ۔ف۔ (لہ عدد) (۱۱)
یازدہم ۔ف۔ گیارھوان حصہ (۱/۱۱)
اور گیارھوین تاریخ۔
یازش ۔ف۔ قصد۔ ارادہ۔ اور بلمبالغہ اور دست درازی۔
یازندہ ۔ف۔ کسی کام کے کرنے پر ہاتھ کا دراز کرنیوالا۔
یازہ ۔ف۔ لرزہ۔ کپکپی۔
یازیدن ۔ف۔ دست درازی کرنا۔ کسی کام کے ارادہ سے ہاتھ بڑھانا بڑھنا۔ پھیلنا۔
یاس ۔ء۔ ن۔ ناامیدی۔
یاس ۔ن۔ مخفف ہے یاسمن کا چنبیلی کا پھول۔
یاسا ۔ت۔ ماتم۔ مجازاً بمعنی قتل۔ غارت لوٹ۔ قصاص۔
یاسج ۔ف۔ تیر پیکان دار۔ اور بعضون نے بمعنی نیزہ لکھا ہے۔ اور کبھی مرد مظلومون کی آہ سے ہوتی ہے۔
یاسر ۔ء۔ طرف چپ۔ بائین طرف قمار باز جوا ری۔
یاسم ۔ء۔ چنبیلی کا پھول۔
یاسمن ۔ء۔ نام ایک پھول کا جو
یاسمون ۔ء۔ خوشبودار اور وہ طرح
یاسمین ۔ء۔ کا ہوتا ہے زرد اور سفید اور ہندی مین دونون کو چنبیلی کہتے ہیں۔

یاسہ ۔ ن ۔ آرزو ۔ حکم ۔ قانون ۔ سیاست قصاص ۔

یاسین ۔ ع ۔ نام ایک سورۂ قرآنی کا جسکے شروع مین آنحضرت کی تعریف مذکور ہو اور بعضون کے نزدیک یاسین آنحضرت صلعم کا اسم شریف ہے اور تفسیر حسینی مین لکھا ہے کہ یاسین مین یا حرف ندا کا ہو اور سین کنایہ ہو لفظ سیّد سے واضح ہو کہ سیّد یعنی سردار ہو اور اشارہ طرف آنحضرت صلعم کے ۔

یاغ ۔ ت ۔ روغن ۔

یاغی ۔ ت ۔ دشمن ۔ نافرمان ۔

یافتن ۔ ف ۔ پانا ۔

یافتن بازی ۔ ف ۔ مذہب کھانا ۔

یافع ۔ ع ۔ جوان بلند بالا ۔

یافوخ ۔ ع ۔ آدمی کا تالو جو دودھ پیتے کے زمانہ مین سر پر ہلا کرتا ہو فارسی مین اسکو فرقِ سر کہتے ہین ۔

یافہ ۔ ف ۔ گم شدہ ۔ معدوم ۔ بیہودہ باتین ۔ پوچ ۔ واہیات ۔

یافہ ورا ۔ ف ۔ بیہودہ گو ۔

یاقوت ۔ ایک جوہر ہے بیش قیمت بہت مشہور جو چار رنگ کا ہوتا ہے سرخ و زرد ۔ کبود ۔ سفید ۔ اور نام ایک بڑے کامل خوشنویس کا ہے جو متعصم باللہ کا غلام تھا اور متعصم باللہ خلفاے عباسیہ سے ایک خلیفہ کا نام ہے ۔

یاقوت احمر ۔ ع ۔ سرخ یاقوت ۔

یاقوت جگری ۔ ف ۔ یاقوت سرخ جو سیاہی مائل ہو مثل رنگ کلیجی کے ۔

یاقوت خام ۔ ف ۔ کنایہ ہے معشوق کے ہونٹھ سے ۔

یاقوت رمانی ۔ ع ۔ وہ یاقوت جسکا رنگ انار کے دانہ سے مشابہ ہو ۔

یاقوت رمان ۔ ف ۔ کنایہ ہے شراب سے جو سرخ ہو اور مراد اشک خونی سے ۔

یاقوت سربستہ ۔ ف ۔ کنایہ ہے لب خاموش سے ۔

یاقوت ناشفتہ ۔ ت ۔ مراد شفق سے ۔

یاقوت نوش ۔ ف ۔ شراب کا پیالہ ۔

یاقہ ۔ گریبان جامہ کا ۔

یال ۔ ت ۔ گردن بمجازاً گھوڑے کی گردن کے بال ۔

یال بستن ۔ ف ۔ غرور کرنا ۔ ناز کرنا ۔ اترانا ۔ تکبر کرنا ۔

یال کوپال ۔ ف ۔ کاف عربی کے ضمہ سے شان ۔ شوکت ۔ تن و توش ۔

یالہ ۔ ف ۔ بیل کا سینگ ۔

یالیت ۔ ع ۔ اے کاشکے ۔ واضح ہو کہ لیت ایسی چیز کی آرزو کے لیے ہے جسکا حاصل ہونا ناممکن ہو برخلاف لعل کے کہ وہ ایسی چیز کی آرزو کے لیے ہو جسکا حصول ممکن ہو ۔

یام ۔ ف ۔ وہ گھوڑا جو منزل پر دا سلے

یامہ ۔ ف ۔ ڈاک کے رکھتے ہین ۔

یامین ۔ ع ۔ جانب راست ۔ دہنی طرف

یانع ۔ ع ۔ میوہ رسیدہ یعنی وہ میوہ جو درخت کی ڈالی پر پک گیا ہو ۔

یاور ۔ ف ۔ مددگار ۔

یاوری ۔ ف ۔ مددگاری ۔ مدد ۔

یاوگی ۔ ف ۔ بیہودہ گوئی ۔ گم ہونا ۔

یاوگیان ۔ ف ۔ بیہودہ لوگ ۔ اور گمراہ لوگ ۔

یاوہ ۔ ت ۔ گم ۔ ناپدید ۔ بیہودہ ۔

یاوہ گو ۔ ف ۔ بیہودہ گو ۔

یاہو ۔ ف ۔ ایک قسم کے کبوتر کا نام ہے جو آواز یاہو کی کرتا ہو ۔

یاے معکوس ۔ ف ۔ لمبی ۔ اور بڑی یا (اس شکل کی ے)

فصل یا ۔ مع باے موحدہ

یباب ۔ ع ۔ بمعنی خراب ۔

یبروج ۔ ع ۔ ایک قسم کی گھاس

یبروج الصنم ۔ ع ۔ ایک جڑ ہے جو مشابہ صورت انسان سے ہوتی ہے اور یہ گھاس نر و ماداہ بھی ہوتی ہے

فارسی مین اسکو مردم گیا اور ہندی مین آنکھنی کہتے ہین -

تیس] ع - شک ہونا -
تیس]

تیرہ بوست ع - غفلی -

فصل یا مع تاے فوقانی

تیاق - ت - پاسبانی بینی چوکی پہرا -

تیاقی - ن - پاسبان - چوکیدار -

تیامی - ع - جمع ہے تیم کی جسکے معنی آگے مذکور ہین -

تین - ع - وہ بچہ جو برخلاف معمول پیدا ہو یعنے جسکے پانون پہلے نکلین ہندی مین ایسے بچہ کو پائل کہتے ہیں -

تیوع - ع - واد معروف سے - ہر درخت جسمین سے زہریلا دودھ نکلے مثل ارنڈ اور مدار وغیرہ کے اور مدار کو ہندی مین آک کہتے ہین اور عربی مین عُشر -

تیم - ع - وہ بچہ جسکا باپ مرگیا ہو اور کبھی بدون ماں کے بچہ کو بھی یتیم کہتے ہین - اور جس لڑکے کے ماں باپ دونون نہون اسکو یتیم الطرفین کہتے ہین - اور بمعنی غلام اور روز و لینے چور اور عیار کے بھی ہے اور بمعنے بیمار چوپایہ کے بھی - اور بمعنے بے مانند اور بے نظیر کے بھی جیسے درّ یتیم وغیرہ -

فصل یا مع ثاے مثلثہ

یثرب - ع - نام مدینۂ منورہ -

فصل یا مع حاے مہملہ

یحییٰ - ع - نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا اور نام ایک بہت بڑے سخی کا ہے -

یحمور - ع - واو معروف سے جنگلی گدھا یعنے گورخر جو مشہور ہے -

یحموم - ع - کالا دھوان - اندھیری رات نعمان بن منذر کے گھوڑے کا نام -

فصل یا مع خاے معجمہ

یخ - فہ - واضح ہو کہ یخ اور برف مین یہ فرق ہے کہ برف آسمان سے مثل غبار کے برستی ہے اور یخ مانند پگھلے ہوے موم کے قطرہ قطرہ ٹپکتی ہے اور پہاڑون پر اور جنگلون مین جمع ہو کر مثل سفید پتھر کے ہو جاتی ہے -

یخچہ - ن - ژالہ - تگرگ - اولا -

یخ خوردن - ن - سرد مہری کرنا افسردہ دلی کرنا -

یخ در بہشت - ن - حلوا کی ایک قسم

یخدان - ت - وہ صندوق یا الماری جسمین اقسام طعام اور حلوے اور مربے شٹھائیان رکھین -

یخشی - ت - یاے معروف سے بمعنی خوب نیک مبارک بہتر -

یخچی - ن - کھانا یا مال وغیرہ جو احتیاط سے رکھ چھوڑین اس خیال سے کہ دوسرے وقت کام آوے - بچا ہوا گوشت -

فصل یا مع دال مہملہ

ید - ع - ہاتھ شانہ تک - یا ہتھیلی سے کلائی تک - نعمت - دولت نیکی - ملک احسان - قدرت - قوت - توانائی - خواری - خوابی -

ید بیضا - ع - ہاتھ روشن اور سفید مراد حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ہتھیلی سے جو بچپنے مین فرعون کی آزمایش کے وقت بحکم خدا آگ سے جل گئی تھی حق تعالیٰ نے اسکے عوض مین آپ کو یہ معجزہ عنایت کیا کہ جب آپ ہتھیلی کو بغل کے اندر چھپا کے نکالتے تھے مثل آفتاب کے روشن دکھائی دیتی تھی - مجازاً معنی کرامت -

ید بیضا نمودن - ن - کرامت دکھانا -

ید طولیٰ - ع - یہ دونون لفظ موصوف اور صفت ہین معنی اسکے بہت لمبا ہاتھ اور کنایہ ہے مہارت اور اون کمال اور ہنرون سے جو ہاتھ سے کیے جاتے ہین

یدین - ع - دونون ہاتھ -

فصل یا مع راے مہملہ

یراش - ت - رخصت - توجہ -

یراق - ت - فوج کے ہتھیار مثل تلوار

اور ڈھال وغیرہ کے۔ اور کبھی بمعنی مطلق سامان اور اسباب کسی چیز کے آتا ہے۔

یَرَاعَہ۔ ع۔ وہ نے جس کا قلم بنتا ہو اور وہ نے جسکو بجاتے ہین یعنی بانسری آمد وہ کیڑا جو رات کو چمکتا ہے یعنی جگنو اور بمعنی موید دل۔

یَرْبَت۔ ت۔ بمعنی منزل۔

یَرغَا۔ ت۔ گھوڑا تیز رفتار۔ اور بمعنی یلغار کے بھی لکھا ہے۔

یَرْغُو۔ ت۔ سیاست۔

یَرْقَان۔ ع۔ زردی آنکھ اور بدن کی۔ اور اس کی راے مہملہ کو جزم سے پڑھنا بھی درست ہے۔

یَرْلِیغ۔ ت۔ بادشاہی فرمان۔

یَرْمُلُّون۔ ع۔ ایک لفظ ہے جو واسطے یاد داشت قاعدہ قراءت کے چھ حرفون سے مرکب کرلیا ہے پس جس وقت کہ بعد نون ساکن اور نون تنوین کے کوئی حرف یرملون کے حرفون سے واقع ہوتا ہو اُس نون کو اُس حرف کی جنس سے بنا کے باہم ادغام کردیتے ہین یا غنہ مگر لام اور راے مہملہ مین غنہ نہین کرتے ہین جیسے مِنْ یَوْم۔ من رَبِّھم۔ مِنْ تَاوْ مِنْ ثَبَن۔ مِنْ وَّال۔ مِنْ نُّور۔ خَیْرًا یَّرَہٗ خَیْرٌ مِّنْ شَیْءٍ کَثِیْرٍ۔

یَرَہ۔ ت۔ زمین۔

فصل یا۔ مع زاے معجمہ

یَزْدَان۔ ن۔ ایک نام خدا کے نامون سے واضح ہو کہ فارس کے لوگ قبل اسلام کے دو خدا کے قائل تھے ایک یزدان اور اُسکو فاعل خیر کا اور دوسرا ہرمن اور اُسکو فاعل شر کا جانتے تھے۔

یَزْدَجُرْد۔ ن۔ نام ایک بادشاہ کا جو پوتا نوشیروان عادل کا تھا۔

یَزْدِی۔ ن۔ شہر یزد کا رہنے والا۔ منسوب طرف یزد کے۔ اور یزد ایک شہر ہو توابع شیراز سے۔

یَزَک۔ ن۔ محافظان لشکر وہ تھوڑے سوار جو اپنی فوج کے آگے آگے چلین تاکہ دشمن کی فوج سے اپنی فوج کو خبردار کرین۔ اور بمعنی مطلق فوج کے بھی آیا ہے۔

یَزَگْدار۔ ن۔ طلایہ کی فوج کا سوار۔

یَزْنَہ۔ ت۔ بہن کا شوہر۔ بہنوئی۔

فصل یا۔ مع سین مہملہ

یَسَار۔ ع۔ توانگری۔ دولتمندی۔ ثروت بایان ہاتھ۔ بایان طرف۔

یَسَارت۔ ع۔ توانگری۔ دولتمندی۔

یَسَاق۔ مہم۔ جنگ کی تیاری اور بمعنی دیوان اور دربار کے بھی۔

یَسَال۔ ت۔ فوج کا پرہ۔

یَسَاوَل۔ ت۔ بیسر تزک۔ نقیب چوبدار۔

یَسَّر۔ ع۔ / یُسْر۔ ع۔ آسان ہونا۔ آسانی۔

یَسِیر۔ ع۔ آسان۔ سہل۔

یَسَیل۔ ت۔ فوج کا پرہ۔

یَسِیر۔ ع۔ تھوڑا۔ آسان۔

فصل یا۔ مع سین معجمہ

یَشَب۔ مب۔ معرب یشم کا۔ نام ایک پتھر قیمتی کا جو مائل بہ سبزی ہوتا ہے۔

یَشَک۔ ن۔ اونٹ اور بھیڑیے اور گھوڑے اور کتے وغیرہ کا نکیلا اور تیز دانت جسکو ہندی مین کچلی کہتے ہین۔

یَشْم۔ ن۔ نام ایک پتھر قیمتی کا جو مائل بہ سبزی ہوتا ہے۔

فصل یا۔ مع عین مہملہ

یَعْسُوب۔ ع۔ شہد کی مکھیون کا سردار۔ سردار قوم۔ یعاسیب جمع۔

یَعْسُوبُ الْمُؤْمِنِین۔ ع۔ لقب حضرت علی علیہ السلام کا۔

یَعْقُوب۔ ع۔ نام ایک پیغمبر علیہ السلام کا

یَعْقُوبی کردن۔ ن۔ عاشقی کرنا۔

یَعْمُور۔ ع۔ بکری اور بھیڑی کا بچہ۔

یَعْنِی۔ع۔ چاہتا ہو۔ قصد کرتا ہو۔
یَعُوق۔ع۔ قوم نوحؑ کے بت کا نام جو گھوڑے کی صورت کا تھا۔

فصل یا مع غین معجمہ

یَغْمَا۔ن۔ تاراج۔ غارت۔ لوٹ۔ نام شہر حسن خیز کا ترکستان سے۔
یَغْمَائی۔ن۔ لوٹ لیا گیا۔ ملک یغما کا رہنے والا۔
یَغُوث۔ع۔ نام بت کا جو شیر درندہ کی صورت کا تھا۔

فصل یا۔ مع فا

یَفَاع۔ع۔ زمین بلند۔
یَفِن۔ع۔ بہت بوڑھا مرد۔

فصل یا۔ مع قاف

یَقْطِین۔ع۔ کدو کا درخت۔ ہر درخت جسکی بیل چلتی ہو۔
یَقِظ۔ع۔ / یَقْظَان۔ع۔ جاگتا ہوا۔ بیدار۔
یَقْظَہ۔ع۔ بیداری۔
یَقِین۔ع۔ بے شبہہ۔ بیشک۔ اور بمعنے موت کے بھی۔

فصل یا۔ مع کاف

یگان۔ن۔ نامعین لوگ۔
یگانہ۔ن۔ ایک۔ بے مانند۔
یکایک۔ن۔ ہر ایک۔ اچانک۔
یک بغل۔ن۔ ہر ایک تمام۔ اچانک
یک پشت ناخن۔ن۔ مقدار قلیل۔
یکتار۔ن۔ تھوڑا۔ اندک
یک تن۔ن۔ ایک شخص۔
یک شبی۔ن۔ اکہرا کپڑا گرمی کی فصل کے پہننے کا۔
یک جلو۔ن۔ تیز رفتار۔
یکجہت۔ن۔ موافق متفق۔
یک حبشی۔ن۔ کل نیک اور بد کو ایک نظر سے دیکھنا۔
یک دست۔ن۔ یکسان۔
یکدلہ۔ن۔ متفق۔ بہادر۔
یک دندانہ۔ یکسان۔
یکران۔ن۔ اشقر گھوڑا یعنی جسکا رنگ سُرخ ہو اور یال اور دُم کے بال سفید ہوں۔ گھوڑا عمدہ اور خوب
یکران توسن۔ن۔ گھوڑا جو بہت عمدہ اور اصیل ہو۔
یک رقیب۔ن۔ کنایہ حق تعالیٰ سے۔
یک رکابی۔ن۔ کسی کام میں بجد ہونا اور جلدی کرنا۔ مستعد۔ اور یعنی کوتل گھوڑے کے بھی آیا ہے۔
یکرنگی۔ن۔ بے نفاقی۔ اخلاص۔
یکرو۔ن۔ یکجا دوست۔
یکرو کردن۔ن۔ ملاقات وغیرہ۔
کسی بات کو بالکل قطع کر دینا۔
یکرہ۔ن۔ تمام و کمال۔
یک زبانی۔ن۔ یگانگی۔
یکسر۔ن۔ سراپا۔ سر سے قدم تک۔
یکسرہ۔ن۔ تمام و کمال۔ سب۔
یک سوارہ۔ن۔ تنہا۔ اکیلا۔
یک طرف اُفتادن۔ن۔ سامنے اور مقابل ہونا۔ ایک طرف ہونا۔
یک فنی۔ن۔ بے مانند۔ کامل کسی فن مین اُستاد۔
یکقلم۔ن۔ بالکل۔ تمام۔
یکمشت خاک۔ن۔ کنایہ زمین سے بطور حقارت کے۔
یک نفس زدن۔ن۔ کچھ کہنا۔
یک نعل۔ن۔ کنایہ بہت مقدار سے۔
یکے۔ن۔ فرد علیحدہ یک کا ایک۔
یکے خوردن۔ن۔ کسی کے خوف سے پیچھے ہٹنا۔ حیران و سراسیمہ ہونا۔

فصل یا۔ مع لام

یَل۔ن۔ پہلوان۔ شجاع۔ بہادر۔ آزاد اور ترکی مین بمعنی راہ۔
یلاق۔ت۔ نام بادشاہ ترک کا۔
یلبہ۔ع۔ ایک قسم کی زرہ جو بعضے حیوان کی کھال سے بناتے ہین۔
یلدا۔ن۔ شب تاریک۔ اندھیری رات

نام ایک رات کا جو سب راتون سے زیادہ بڑی اور بہت اندھیری ہوتی ہے اور یہ رات تمام سال مین ایک ہوتی ہے پوس کے مہینہ مین۔

یلغار ۔ت۔ دشمن کی فوج پر دھاوا کرنا۔ دوڑ کر جانا۔

یلغے ۔ف۔ آخر مین یاے مجہول ایک کلمہ ہے کہ جوان لوگ خوشی کی حالت مین عالم وجد مین کہتے ہین۔

یلمق ۔سب۔ } بمعنی قبا۔
یلمہ ۔ف۔ }

یلمہ ۔ت۔ کھلی بھوسی وغیرہ جو کچھ کہ تغار یا ناند مین بھر کے حیوانات کو کھلاتے ہین۔

یلملم ۔ع۔ نام ایک مقام کا جہان سے اہل یمن حج کا احرام باندھتے ہین۔

یلوج ۔ت۔ بمعنی پیغمبر۔

یلہ ۔ف۔ رہا شدہ۔ چھوڑ دیا گیا ہو۔ آزاد۔ بے قید۔ جو نکال دیا گیا ہو۔ دوڑنا۔ ہوا۔ زن فاحشہ۔

یلہ کردن ۔ف۔ آزاد کر دینا۔ رہا کرنا نکال دینا۔

فصل یا مع میم

یم ۔ع۔ دریا اور استعمال فارسی مین بغیر تشدید میم کے بھی آتا ہے۔

یمام ۔ع۔ جنگلی کبوتر۔

یمامہ ۔ع۔ جنگلی کبوتر۔ نام ایک ولایت کا نام ایک عورت کا عرب مین جسکی آنکھین نیلی تھین اور جو ایسی تیز نظر تھی کہ تین دن کی راہ سے آدمی وغیرہ کو پہچان لیتی تھی۔

یمانی ۔ع۔ منسوب طرف یمن کے جو نام ایک ملک مشہور کا ہے اور جو کعبہ کی دہنی طرف واقع ہے۔

یمکن ۔ع۔ صیغہ مضارع معروف کا بمعنے امکان رکھتا ہے۔ ہو سکتا ہے۔ مگر فارسی مین نون ساکن سے آتا ہے۔

یمن ۔ع۔ مبارک ہونا۔ مبارکی۔

یمن ۔ع۔ نام ملک مشہور کا جو کعبہ کی دہنی طرف واقع ہے۔

یمہ ۔ع۔ت۔ خوراک۔

یمہ داران ۔ف۔ روز بند داران لوگ ایمہ واران غلط ہے۔

یمین ۔ع۔ دہنا ہاتھ۔ داہنی طرف۔ سوگند۔ قسم۔ توانائی۔ قوت۔ منزلت مرتبہ۔ قدرت۔

فصل یا مع نون

ینابیع ۔ع۔ بڑے چشمے پانی کے۔ اور یہ جمع ینبوع کی ہے۔

ینبوع ۔ع۔ بڑا چشمہ پانیکا۔

ینگ ۔ف۔ آئین۔ روش۔ اور نام ہے ایک جزیرہ کا۔

ینگا ۔ف۔ بھائی کی جورو یعنی بھاوج چچا کی جورو یعنی چچی۔ اور بمعنی کدبانو یعنے وہ عورت جو صاحب خانہ ہو۔ اور بمعنی مشاطہ کے بھی آیا ہے۔

فصل یا مع واو

یواش ۔ت۔ کوتل گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو نرم رفتار اور شائستہ ہو۔

یواقیت ۔ع۔ جمع یاقوت کی جو ایک جوہر سرخ رنگ بیش قیمت ہوتا ہے۔

یوبب ۔ع۔ حضرت شعیب پیغمبر کے والد کا نام۔

یوح ۔ع۔ آفتاب۔

یورش ۔ت۔ واؤ غیر ملفوظ سے۔ دشمن پر حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا۔ دوڑ لیجانا کسی مہم پر جلد جانا۔

یوز ۔ف۔ واؤ معروف سے ایک درندہ مشہور ہے جسکو ہندی مین چیتا کہتے ہین اور یہ پیر بڑی رغبت سے کھاتا ہے اور بمعنی ڈھونڈھنا اور تلاش کرنا۔ دریوزہ اسی سے ماخوذ ہے۔

یوز ۔ت۔ سو عدد۔

یوز باشی ۔ت۔ سو آدمی کا سردار۔

یوزہ ۔ف۔ تنہ درخت کا۔

یُوزیدن - ف - ڈھونڈھنا - طلب کرنا - تلاش کرنا -

یُوس - ع - نا اُمید -

یُوسُف - ع - نام ایک پیغمبر مشہور کا -

یوغ - ف - واؤ مجہول سے وہ لکڑی جو بیل کی گردن پر رکھتے ہیں ہندی مین اسکو جُوا کہتے ہین -

یُوفی - ف - واؤ معروف سے بیہودہ گو -

یُول - ت - راہ - رستہ -

یُولچی - ت - واؤ غیر ملفوظ سے محافظ راہ راہدار - وہ فقیر جو رستہ پر بیٹھکر لوگون سے سوال کرے -

یوم - ع - روز - دن -

یوم الحساب - ع - قیامت کا دن جو پچاس ہزار برس کی مقدار ہوگا -

یُومُ التَّنادِ - ع - جس مراد کا یعنی روز قیامت کیونکہ اُس دن ایک دوسرے کو پکاریگا کہ میری فریاد کو پہونچ لیکن کوئی کسی کو نہ پوچھے گا -

یُومُ النُّشُور - ع - قیامت کا دن اسلیے کہ نشور بمعنی زندہ ہونیکے ہے -

یُومُ البَاحُور - ع - بحران کا دن -

یُومیہ - ع - روزینہ ہر روز کا معمول -

یُونان - ی - نام ایک ملک کا جو بنام یونان بن یافث بن نوح کے آباد ہوا تھا - مگر مشہور بضم اول ہے -

یُونس - ع - نام ایک پیغمبر علیہ السّلام کا جنکو بحکم خدا مچھلی نگل گئی تھی - واضح ہو کہ یہ لفظ نون کے کسرہ اور فتحہ سے بھی آیا ہے -

یُوَیہ - ف - واؤ مجہول سے - قصد عزم - ارادہ -

فصل یا - مع ہاے ہوز

یعقوف - ع - مرد بد دل - زیرک - عقلمند تیز طبع -

یَہُود - ع - جمع ہے یہودی کی -

یَہُودا - ع - نام حضرت یوسف کے بڑے بھائی کا جو دوسری ماں سے تھے -

یَہُودی - ایک شخص قوم یہود سے -

فصل یا - مع یاے تحتانی

ییلاق - ت - جاے سرد - ہوادار جس مین گرمی کی فصل مین رہین -

ییلان - ت - بروزن فیلان - یہ لفظ مفرد ہے بمعنی سانپ -

ییل - ت - بروزن فیل بمعنی سال -

قطعۂ تاریخ طبع سابق از فکر سید تصدق حسین رضوی متخلص بہ عاشق مرحوم و مغفور مولف کتاب ہذا

این کتاب لغت از فضل آلہ	بار ہشتم شدہ مطبوع عباد
از سر زیب نوشتہ عاشق	فیض بخش طلبہ دائم باد

التماس والا مرتبت خداوند نعمت رئیس نشان عمیم الاحسان مشہور زمن لیجناب معالی القاب منشی **بشن نرائن** صاحب بھاگروا دام اللہ اقبالہم و اطلالہم مالک مطبع ہذا نے جبکہ جمیع کتب کی صحت کیطرف آپنی توجہ مبذول فرمائی ہو تو پھر یہ کتاب تو خاص طور سے اسکی مستحق تھی لہذا ابکی مرتبہ حسب الحکم آقاے نامدار اس خاکسار نے من و عن اصل لغت کو کتب لغات مستندہ سے ملاکر کتاب ہذا کو جن پر از صحت ہو نہایت متانت سے درست کیا ہے اور جابجا لغات مروجہ مین اختلاف پاکر حاشیہ بھی درج کردیا گیا ہے خدا سے اُمید ہے کہ ناظرین عادل الابصار جب اسکو مطبوعہ سابقہ سے ملاکر ملاحظہ فرمائین گے تو میری گذارش پر یقین لائین گے اللہ تعالی اس یادگار مصنف مرحوم کو شرف قبولیت سے یوہین سرفراز رکھے اور میری مشقت کو مشکور فرمائے آمین ثم آمین

حقیر فقیر محمد منیر عفی عنہ متصحح مطبع ہذا

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ والمنہ کہ بحلال لغات فارسی و کشاف اصطلاحات تازی عنی **لغات کشوری** نہایت حسن و خوبی کے ساتھ حسب ایماے آقاے نامدار بابو بشن نرائن صاحب مالک مطبع ہذا در دوازدہم ماہ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء چھپکر زیور نظر شائقین ہوئی خداوند کریم مقبول عالم فرمائے

اعلان - حق تالیف بحق نولکشور پریس محفوظ و محدود ہے -